Namaz Mein Seene Par Haath Baandhe'n

Anwaar al-Badr
Fee Waza' al-Yadain Alaa as-Sadr

Taaleef

Fazilatush Shaikh Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili

Hafizahullah



Roman Translitration

Rehan Syed Barey

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Detailed Index

Translitrators Note (Second Roman Edition - 2025):

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَ وَمِنْ سَيِّاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لِهُ، وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ. وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلىٰ آلِهِ وَازْوَاجِهِ وَصَحْبِهِ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ. اَمَّا بَعْدُ:

Beshak tamaam taareefe'n Allah hi ke liye hain, ham usi ki hamd bayan karte hain, usi se madad chaahte hain, usi se bakhshish talab karte hain, aur apne nafso'n ki buraaiyo'n aur apne aamaal ki kharabiyo'n se Allah ki panaah maangte hain.

Jise Allah hidaayat de use koi gumraah karne waala nahi aur jise wo gumraah karde use koi hidaayat dene waala nahi aur main gawaahi deta hoo'n ke Allah ke siwa koi maabood nahi, Wo akela hai, Uska koi shareek nahi aur main gawaahi deta hoo'n ke Muhammad ﷺ Uske bande aur rasool hain. Allah ki rahmate'n, barkate'n aur salaamati naazil ho Aap ﷺ par, Aap ﷺ ki aal par, aur Aap ﷺ ki azwaaj-e-mutahharaat رضي الله عنهن par aur Aap ﷺ ke ashaab par رضي الله عنهم:

Allah Rabbul Izzat ne jinn-o-ins ko sirf apni ibaadat ke liye paida kiya. Aur ibaadat ke tariqe ko bataane aur sikhane ke liye Ambiya-o-Rusul عليهم السلام ka silsila jaari farmaya. Har nabi apni qaum ke paas aate aur Allah ka paeghaam pohonchate aur har Nabi ki qaum par farz tha ke apne Nabi ki ittiba kare.

Hamari khush-qismati hai aur hame'n Allah Subhanahu wa Ta'ala ka shukr-guzaar hona chaahiye ke usne hame'n Imam al-Ambiya Hazrat Muhammad-e-Mustafa Ahmad-e-Mujtaba ﷺ ka ummati hone ka sharf ataa farmaaya hai. Quran-e-Majeed mein Allah Ta'ala ne hukm farmaya:

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ.

Tum Us (hidaayat) Ki Paerawi Karo Jo Tumhare Rabb Ki Taraf Se Tumhari Taraf Naazil Ki Gai Hai. (Surah al-Aaraaf: 3)

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ.

Aur Yaqinan Ye Mera Raasta Seedha Hai, Lihaaza Tum Usi Ki Paerawi Karo, Aur Tum Doosre Raasto'n Ki Paerawi Mat Karo, Wo Tumhe'n Allah

Ke Raaste Se Alag Kar Denge. Allah Ne Tumhe'n Iski Taakeed Ki Hai, Taake Tum Parhezgaari Ikhtiyaar Karo. (Surah al-Anaam: 153)

Quran mein Allah Ta'ala ne Rasool Allah ﷺ ke baare mein farmaya:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ.

Yaqinan Tumhare Liye Rasool Allah ﷺ (ki zaat) Mein Behtareen Namoona Hai, Jo Allah (se mulaqaat) Aur Yaum-e-Aakhirat Ki Ummeed Rakhta Hai. (Surah al-Ahzaab: 21)

Rasool Allah ﷺ ki hidaayat hi sabse behtareen hidaayat, is liye ham har khutbe mein padhte hain: 'خَيْرُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ'. *"Sabse behtareen hidayat Muhammad ﷺ ki hidaayat hai"*. (Riyaaz-us-Saaliheen: 170)

In waazeh ahkamaat-e-Khudawandi ke bawujood musalmano ki aksariyat Allah aur uske Rasool ﷺ ke farameen ki ittiba nahi karti, jaane-anjaane mein na-sirf uske khilaaf amal karti hai, balke Quran aur Ahadees ki aur unki taraf daawat dene waalo'n ki jee-jaan se mukhaalifat bhi karti hai.

Namaz deen ka ahem-tareen rukn hai, musalmaano par din aur raat mein 5 farz namazo'n ke alaawa kai aur sunan aur nawaafil bhi hain, jin par musalman Rasool Allah ﷺ ke zamaane se amal-paera hain.

Maqbool, *Mauqoof*, *Marfoo*, *Mutawaatir*, *Sahih* aur *Hasan* ahadees mein namaz ka mukammal tariqa maujood hai. Aisi ahadees maujood hone ke bawujood bahut se musalman *Munkar, Mauzoo, Mursal, Munqata* riwayaat waghaera ko bhi be-baaki aur be-sharmi ke saath apne amal ki daleel ke taur par pesh karte hain.

Namaz mein qiyaam ke dauraan haath kahan rakhe jaaen ye ek aisa masla hai jis par kai kitaabe'n likhi gai hai. Musalmaano mein muqallideen ne apne mauqif ko sahih saabit karne ke liye un kutub mein dalaail ke naam par aise ahadees aur aasaar bhi pesh kiye gae hain jin par mohaddiseen-e-kiraam ne kalaam kiya aur hukm lagaya hai, jiski tafseel is kitab mein maujood hai.

Namaz musalmano ki meraaj hai, lihaaza namaz ko masnoon tariqe hi se adaa karna chaahiye taake Allah Ta'ala ke yahan maqbool ho sake. Isi liye Rasool Allah ﷺ ne apni ummat ko hukm diya:

صَلُّوْا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِى اُصَلِّىْ.

Tum us tarah namaz padho, jis tarah mujhe namaz adaa karte hue dekhte ho. (Bukhari: H631)

Ahadees mein namaz ka mukammal tariqa maujood hai, unki maujoodgi ke bawujood apne oopar ittiba-e-Rasool ﷺ ke alaawa ummatiyo'n ki paerawi aur unke ahkaam ko laazim karne ki wajah se ummat-e-muslima mein doosri ibaadaat ki tarah namaz adaa karne mein bhi ikhtilaaf paida hua. Sunnat-e-Rasool ﷺ se mohabbat aur ittiba-e-Rasool ﷺ ki dawedaari ke bawujood musalman sunnat-e-saabita par amal nahi karte.

Namaz mein qiyaam ke dauraan haath kahan rakhe jaaen? Ye ek aisa masla hai jis par bahut kitaabe'n likhi gai hai. Is kitab ke muqaddama mein Shaikh Kifayatullah Sanabili حفظہ اللہ ne ek bohot hi behtareen nukte ki taraf ishaara kiya, us baat ka mafhoom hai ke "*Namaz mein haath seene par baandhe'n unwaan par sabse pehli kitab ahnaaf hi ne likhi, uska jawaab ahnaaf ne diya, us jawaab ka jawab bhi ahnaaf ne diya*".

Hind-o-paak mein ahnaaf aksariyat mein hone ki wajah se bahut se ye gumaan karte hain ke haq wohi hai jis par wo amal karte hain. Isi liye apne maslak ko taqwiyat pohonchane ke liye aur un makhsoos aamaal ko sahi saabit karne ke liye apne bayaan, duroos, aur kitaabon mein dalaail ke naam par aisi ahadees aur aasaar bhi pesh karte hain jin par mohaddiseen-e-kiraam ne zaeef, mauzoo aur manghadat ahadees hone ka hukm lagaya hai. Ya phir aisi ahadees-o-aasaar pesh karte hain jinke baare mein khud mohaddiseen ne likh diya ke "*inse hujjat nahi pakdi jaaegi / inhen daleel ke taur par pesh nahi kiya jaaega*", waghaera.

Beshumaar baar aise daawon ka jawaab diya gaya hai jo quran aur sunnat ke khilaaf hain. Unhi islaahi koshishon mein se ye kitab bhi hai.

Is kitab ke safhe (pages) is liye ziyaada hain ke ye kitab mein har us jumla, asar, hadees par baat ki gai hai jise ahnaaf ki jaanib se "*Mard namaz mein zer-e-naaf haath baandhe*" ya phir "*Khawateen namaz mein seene par haath baandhe*" ke dalaail ke taur par pesh kiya gaya jaata hai. Is kitab mein asal arbi kutub, computerized aur makhtoot dono ke scanbhi maujood hain. Isi wajah se is kitab ko ek reference book ki haisiyat haasil

ho gai hai.

Is kitab ko pehli baar 2019 mein roman script mein mukammal karke online upload kiya gaya tha, Allah ke fazal se 3700 se bhi ziyaada baar us edition ko download kiya gaya, social media ke zariye kitne logon tak ye kitab pohonchi uska andaaza lagaana mushkil hai.

2019 ke edition mein koshish ke bawujood mujh se ghalatiyan huee'n aur farsi ibaraat ko hazaf kiya gaya tha, aur bahut kam mushkil alfaaz ka mafhoom shaamil tha.

Allah ka shukr-guzaar hoon ke 2025 mein ek aur baar usi edition ko revise karne aur us mein behtari laane ki niyyat se kaam shuru kiya, aur iski ittila Shaikh Kifayatullah Sanabili حفظه الله ko di. Apni tamaam masrufiyaat ke bawujood mohtaram ne mashwaro'n se nawaaza, mujhe ye bhi bataya ke sabse latest (chautha (4th) edition) jo unki website par maujood hai aur use istemaal kiya jaae. Jazakallah khair ahsan al-jaza!

Is 2025 roman edition mein Qurani aayaat ko https://quranwbw.com/ se liya gaya hai, urdu pdf mein jahan aayaat ka tarjuma nahi tha wahan footnotes mein tarjuma Ahsan-ul-Kalam, Darussalam Edition se dekh kar shamil kiya gaya hai. Ahadees aur aqwaal ke arbi matan ko urdu pdf ke mutaabiq word by word check karke shaamil kiya gaya hai. Mushkil alfaaz ka mafhoom siyaaq-o-sabaaq ke mutaabiq rakha gaya hai. Kuch aise arbi aqwaal, duaiya kalimaat aur faarsi ibaaraat/alfaaz jinka urdu tarjuma maujood nahi tha unka roman tarjuma bhi 'T:' ke saath footnote section mein shaamil kiya gaya hai.

Arbi ibaraat ko samjhaane mein aasaani ke liye musannif ne behtareen aur aasaan urdu alfaaz ko istemaal kiya hai, is baat ka andaaza aise lagaya ja sakta hai ke taqriban 614 mushkil alfaaz ka mafhoom pesh kiya gaya hai, jis mein 355 mushkil alfaaz taqreez (Praise, appreciation) waale hisse mein maujood hai, baaqi asal kitaab mein sirf 259 alfaaz hain. Footnote section mein mafhoom ke aakhir mein [FL] Feroz-ul-lughaat, [RKT] Rekhta website aur [RSB] meri fikr-o-samajh waghaira ka reference diya gaya hai. Tamaam mushkil alfaaz ki list ko is kitaab ke aakhir mein 'Is Kitaab Mein Maujood Mushkil Alfaaz Ka Mafhoom' heading ke tahat shaamil kiya gaya hai.

Urdu pdf mein Shaikh Kifayat ne Anwaar al-Badr hi ke kisi safhe ka ishaara de kar us safhe ka number likha hai. Qaaraeen ki aasaani ke liye is roman edition mein main un numbers ko is roman edition ke mutaabiq likha hai. Un numbers ki lis ko bhi kitab ke aakhir mein 'Urdu - Roman Page Numbers' heading ke tahat shaamil kiya gaya hai.

Double-check karne ke bawujood bashari taqaze ki wajah se agar kaheen ghalati nazar aajaae ya is roman transliteration ke mutaalliq koi mashwara ho to neeche maujood email par contact keejiye. rehan.hse@live.com

Isi tarah mazeed roman script mein islami kutub free mein download karne ke liye neeche maujood link par click keejiye.

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

Aapse adaban guzaarish hai ke is kitaab ko padhne ke baad doosro'n ke saath sawaab-e-jaariya ki niyyat se zaroor share keejiye.

Allah Ta'ala se dua-go hoon ke qaabil-e-ehteraam Shaikh Kifayatullah Sanabili حفظہ اللہ ke imaan, ilm, aamaal, waqt aur maal-o-aulaad mein barkat ataa farmaae. Unse apne deen ki sarbulandi ke mazeed khidmat karwaae aur un tamaam koshishon ko qubool farmaae. Aameen

Allah Subhanahu wa Ta'ala se ye bhi dua hai ke is kitab ke zariye musalmaano ki islah ho aur sunnat se door musalman ise padh kar sunnat-e-nabawi ﷺ par amal shuru kar de'n. Allah Ta'ala mere Waalidain, Zaujah ko aur un tamaam Ahbaab ko khair, bhalaai aur ajr-e-azeem se nawaaze jinhon ne mujhe roman script mein deeni kutub ko translitrate karne ka mashwara diya, deen ki tagleegh ke liye ki gai meri har koshish ko qubool kare, un koshishon ko mere aur meri ahl ke liye najaat ka sabab banaae. Aameen

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّد وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّم.

Duaao'n ka taalib,

Rehan Syed Barey

Masjid na Nabawi, Madina Munawwara.
April 25, 2025 - 27 Moharram 1445
First Roman Edition published online on Dec 17th, 2019 – 20th Rabi us Saani 1441

بسم الله الرحمان الرحيم

Arz-e-Naashir

Namaz deen-e-islam ke buniyaadi arkaan mein se ek ahem-tareen rukn hai. Jiske ehtemaam-o-iltizaam par ek (1) musalman ke imaan ki imaarat ustuwaar[1] hoti hai. Allah Ta'ala ne Quran-e-Majeed mein mutaaddid muqamaat par aqaamat-e-salah ka hukm diya hai. Jisse namaz par muhaafazat-o-mudaawamat[2] ke saath saath uske arkaan-o-wajibaat aur jumla afaal ko sunnat-e-nabawiyya ke mutaabiq adaa karna maqsood hai. Jaisa ke Nabi-e-Mukarram ﷺ ne bhi apni ummat ko yehi hukm diya, ke namaz us tariqe ke mutaabiq adaa karo, jaise main adaa karta hoon.

Is irshad-e-nabawi se maaloom hota hai ke har musalman tariqa-e-namaz mein ek hi uswa[3] ka paaband hai aur usse sar-e-moo inhiraaf karne aur apne kisi moorisi maslak ya man-pasand tariqe se namaz padhne ka majaaz[4] nahi hai.

Tariqa-e-namaz aur uske tamaam aamaal mein sunnat-e-nabawiyya ke iltizaam ki ehmiyyat ke pesh-e-nazar namaz ke mutaalliq Nabi-e-Kareem ﷺ ki ahadees-o-sunan aur farameen-o-ahkaam ko kutub-e-ahadees mein nihaayat sharah-o-bast[5] se jama kiya gaya hai. Taake har musalman ba-asaani ynki raushni mein apni namaz ko sahih tariqe se adaa kar sake.

Bi-hamdillah ek muttaba-e-sunnat aaj bhi agar apni namaz ki islaah karna chaahta hai to uski rehnumaai ke liye kutub-e-ahadees ka ye zakhira poori tarah se rehnumaai karta hai. Lekin is qadar wazaahat aur asaani ke bawujood baaz log apni fiqhi-jumood-o-maslaki-taassub ke pesh-e-nazar namaz mein apne moorisi tareeq-e-kaar par na sirf shad-o-mad[6] se qaayam rehte hain, balke muttabieen-e-sunant ko tarah-tarah ke heelo'n aur ishkalaat se ittiba-e-sunant par amal-paera hone se

---

[1] T: (اُسْتُوار) Mazboot, mohkam paaedaar [FL]
[2] T: (مُداوَمَت) Hameshgi, dawaam, kisi amal par hamesha qaaem rehna, paabandi se karna [RKT]
[3] T: (اُسْوَه) (Akhlaaq-o-kirdaar-o-seerat ki) Misaal, namoona jo laayaq-e-ittiba/taqleed ho [RKT]
[4] T: (مَجَاز) Ikhtiyaar diya gaya, ijaazat diya gaya, mukhtaar hona [RKT]
[5] T: (شَرْح و بَسْط) Tauzeeh-o-tafseel [RKT]
[6] T: (شَدّ و مَد) Josh-o-kharosh, zor-shor [RKT]

rokne mein masroof hain. Aur us par mustazaad[1] ye ke apne taee'n ye baawar karaane ki koshish karte hain ke hamara amal hi "s*unnat*" ke mutaabiq hai!

Halaanke un logon mein sunnat se '*hamdardi*, sirf usi waqt angdaai leti hai, jab tak wo unki fiqhi aara se muwaafiq aur maslaki-jumood se ham-aahang[2] hoti hai aur joo'n hi wo unke makhsoos nazariyaat aur fiqhi-masaail-o-taqlidi-aamaal se takraane lagti hai, ye log na sirf unke tazeef-o-talyeen[3] par kamar-basta ho jaate hain, balke ahadees mein tehreef karne se bhi zarra bhar nahi ghabraate, jiski haqiqat is kitab ke andar aapko nazar aaegi.

Namaz ke jin masaail mein muttabieen-e-sunnat aur baaz muqallideen ke darmiyan daur-e-qadeem se ikhtilaaf chala aaraha hai, un mein haalat-e-qiyaam mein seene par haath baandhne ka masla bhi hai. Ahadees-e-Nabawiyya aur mutaaddid aasaar-e-sahaba mein seene par haath baandhne ka suboot maujood hai. Jabke doosri taraf muqallideen ke paas is silsile mein koi sahih, marfoo hadees aur motabar daleel maujood nahi. Ye log apne fiqhi-mazhab ki paasdaari[4] mein jin '*dalaail,* ka sahaara lete hain, unki haqiqat aap zer-e-nazar kitab mein mulaahaza farma sakte hain.

Zer-e-nazar kitab mein ahadees-o-aasaar ki raushni mein saabit kiya gaya hai ke namaz ke andar haalat-e-qiyaam mein seene par haath baandhna hi masnoon amal hai aur iske saath hi fareeq-e-mukhaalif ke dalaail-o-mustanadaat ki haqiqat bhi tasht-az-baam[5] ki gai hai. Jin ko wo apne fiqhi-maslak ki taaeed-o-himaayat mein pesh karte hain. Ye kitab 4 abwaab par mushtamil hai:

֍ Baab-e-Awwal mein seene par haath baandhne ke silsila mein marfoo ahadees mazkoor hain, jinki taadaad 6 hai aur saath hi usi silsila mein aasaar-e-sahaba ka tazkira kiya gaya hai.

---

[1] T: (مُستَزاد) Badhaaya hua, ziyaada kiya hua, additiona, extra [RKT]
[2] T: (ہَم آہَنْگ) Ek-saath, yakjaa, muttahid [RKT]
[3] T: (تَلْيِين) Lachak paida karna, naram karna [RSB]
[4] T: (پاسْداری) Nigehbaani, muhaafazat, tarafdaari [Urduinc]
[5] T: Zaahir, khula hua, mashhoor [RKT]

۞ Baab-e-Duwam mein zer-e-naaf haath baandhne ke silsila mein ahnaaf ke dalaail aur unki tehrifaat ka tazkira hai aur saath hi unki taraf se pesh-karda aasaar-e-sahaba ka jaaiza liya hai aur bataya gaya hai ke unke mauqif par koi ek (1) daleel bhi paaya suboot ko nahi pohonchti.

۞ Baab-e-Suwwam mein taabaeen aur aimma arba ke fiqhi-maslak ka zikr hai aur bataaya gaya hai ke seene par haath baandhne ka amal aimma-e-salaf mein bhi maujood tha aur mutaaddid ahle ilm iske qaayal hain.

۞ Baab-e-Chaharrum mein is baare mein chand aqli dalaail ka tazkira hai aur uske saath hi khawateen ke liye seene par haath baandhne ke mutaalliq ahnaaf ke aqli-o-naqli dalael ka tajziya kiya gaya hai.

Zer-e-nazar kitab agarche namaz ke ek (1) ahem masle par likhi gai hai, lekin is mein deegar ilmi-o-hadeesi fawaaid ka mabsoot[1] tazkirah bhi maujood hai. Jinke mutaala-a se maaloom hoga ke bila-shubha ye kitab apne mauzu par ek encyclopedia hone ke saath saath bahut se deegar qeemti ilmi-o-tehqiqi fawaaid par mushtamil hai, jinhen har taalib-e-ilm ko hirz-e-jaa'n[2] banaana chaahiye.

Kitab ke safhaat mein usool-e-hadees, rijaal aur muqallideen ki tardeed mein aapko jaa-ba-jaa aise fawaaid-o-nukaat milenge, jo shayad kam hi kisi aur jagah nazar aae'n. Bil-khusoos mauzu-e-kitab se mutaalliq muallif ne bahut si nai tehqiqaat aur ijtihaadaat pesh kiye hain. Jo mutalaashiyaan-e-haq aur muttabieen-e-sunnat ke liye ek garaa'n-qadr[3] tohfa se kam nahi. Kitab ki ehmiyyat-o-ifaadiyat ke pesh-e-nazar hi Hind-o-Paak ke akaabir ulama ne isko pasandeedgi ki nazar se dekha hai aur kitab par taqrizaat raqm ki hain. Jin mein muallif ki mehnat ko saraaha gaya hai aur kitab ki ehmiyyat ko ujaagar kiya hai.

Kitab ke muallif Hindustan ke maaroof aalim aur mohaqqiq hain, jo Subai Jamiat Ahle Hadees, Mumbai mein Research Scholar aur Hindustan ke sabse bade salafi idaare Jamia Salafiyya, Banaras mein ifta

---

[1] T: (مَبْسُوط) Faraakh, kushaada, wasee, mufassal, phaela hua [RKT]
[2] T: Bahut aziz, jaan se ziyaada badh-kar pyaara [Urduban]
[3] T: (گراں قَدْر) Behtareen, umda, nafees, aali martaba, moazaaz, qadr-o-qeemat waala [RKT]

committee ke rukn bhi hain.

Isse qabl ye kitab 2 martaba Hindustan mein shaaya ho chuki hai aur ye is kitab ka teesra edition hai. Jis mein pehli dono tabaa-ato'n[1] ki nisbat kai mabaahis aur dalaail ka izaafa kiya gaya hai.

Kitab ki is teesri tabaa-at mein ahnaaf ki taraf se shaaya-kardaek nai kitab "*Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa*" ka bhi jaaiza liya gaya hi. Ye kitab Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab (Faazil Jamia Ashrafiya, Lahore) ki taaleef hai. Jis mein mausoof ne apna maslak-o-mudda-aa[2] saabit karne ke liye ajeeb gul khilaae hain aur dalaail-o-baraheen pesh karne mein haath ki safaai se kaam liya hai. Is nae edition mein fareeq-e-mukhaalif ki is jadeed-o-zakheem kitab ke jasta-jasta[3] ahem *'dalaail', aur 'fankaariyo'n',* ka bhi ba-khoobi tajziya[4] kiya gaya hai. Jisse qaraeen ke ilm mein izaafa bhi hoga aur saath hi ye bhi maaloom hoga ke fareeq-e-mukhaalif ke paas apna maslak saabit karne ke liye kamzor saharo'n aur dalaail mein qata-o-bureed[5] ke siwa koi chaara nahi hai.

Aakhir mein dua hai ke Allah Ta'ala is kitab ke muallif ko jazaa-e-khair ataa farmae aur hamare is amal ko apni raza ke liye khaalis banaae aur is silsila mein koshish karne waale tamaam bhaiyyo'n ke liye zakhira-e-ukhrawi banaae. Ameen Ya Rabbul Aalameen.

Wassalam

Abu Maimoon Haafiz Abid Ali

Mudeer Maktaba Bait us Salam

Lahore – Riyadh

---

[1] T: First 2 editions [RSB]

[2] T: (مُدَّعا) Wo cheez jis par daawa ho, maqsad, gharz [RKT]

[3] T: (جَسْتَه جَسْتَه) Kam-kam, kaheen-kaheen se, thoda-thoda [RKT]

[4] T: (تَجْزِيَه) Asal haqiqat ko jaanna, analysis [RSB]

[5] T: (قَطْعُ و بُرِيْد) Kaant-chaant, taraash-kharaash [RKT]

Muallif Ka Mukhtasar Taarif

Naam:	Kifayatullah bin Muhibullah bin Adaalat Hussain Sanabili
Taareekh-e-Paedaaish:	Jan 15th, 1983
Muqaam-e-Paedaaish:	Saadullah Pur, Siddhart Nagar, Uttar Pradesh, Hind
Taaleem:	Aalmiyat-o-Fazilat: Jaamia Islamiya Sanabil, Delhi, Hind

Asaatiza (Teachers):

- Fazilat ad-Daktoor Abul Makaarim Azhari hafizahullah.
- Fazilat ad-Daktoor Muhammad Mufaddhal Madani hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Noor-ul-Hasan Madani hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Waseem Ahmad Riyaazi hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Abdul Bar Madani hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Abdul Hakeem Salafi hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Ahmad Hussain Sanabili hafizahullah.
- Fazilatush Shaikh Ahmadullah Sanabili hafizahullah

Masrufiyaat:

Baahis:	Subaai Jamiat Ahle Hadees, Mumbai
Ustaaz-e-Hadees:	Kulliya Umme Salama al-Athariyya, Kurla, Mumbai
Mudeer-e-Aala:	Majalla ‘As-Sunnah, Mumbai.
Rukn:	Majlis-e-Aala Baraae-e-Ifta-o-Tehqiqaat-e-Islami, Hind. Markazi Darul Uloom Jamia Salafiyya, Banaras, Hind

Taalifaat:

Matboo (Printed):

① Sharah Arkaan-e-Imaan (Urdu Tarjuma Sharah Usool al Eman)

② Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza (Mufassal) [*Awn al-Majeed fi al-Zhabb an Yazeed*] ‘عون المجيد في الذب عن يزيد’

③ Qustuntuniya Par Hamla Aur Ameer Yazeed Ke Bare Mein Basharat-e-Nabawi

④ Haadsa-e-Karbala Aur Sabaai Saazish

⑤ Namaz Mein Seene Par Hath Bandhe’n [*Anwar al-Badr fi Wad' al-Yadayn alaa al-Sadr*] ‘أنوار البدر في وضع اليدين على الصدر’

⑥ Momil Bin Ismail Ki Tauseeqh [*Isbaat ad-Daleel alaa Tauseeq Muammal bin Ismail*] ‘إثبات الدليل على توثيق مؤمل بن إسماعيل’ (printed with Anwar al-Badr)

⑦ Simaak Bin Harb Ki Tasueeqh [*Izaalat al-Tarab an Tauseeq Simaak bin Harb*] ‘إزالة الطرب عن توثيق سماك بن حرب’ (printed with Anwar al-Badr)

⑧ Rabbana wa Lakal Hamd Aahista Padhe’n Ya Ba-awaaz-e-Buland?

⑨ Masnoon Rakat-e-Taraweeh Dalaail Ki Raushni Mein

⑩ Ramzan Ka Aqhri Ashra Fazaael-o-Masaail

⑪ Maahe Safar Aur Nahoosat-o-Bad-shgooni

⑫ Maahe Rabi-ul-Awwal Aur Mahfil Milaad

⑬ Chaar (4) Din Qurbani Ki Mashrooiyat

⑭ Qurbani Ke Masaail

Zer-e-Taba’:

⑮ Yazeed bin Muawiya Adl-o-Insaaf Ke Tarazu Mein [Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza (Mukhtasar)]

⑯ Hadees-e-Yazeed Mohaddiseen Ki Nazar Mein

⑰ Maahe Shawwal Aur Sunan-o-Bidaat

Musawwadaat:

⑱ Aqida Hayaat un Nabi ﷺ Kitab-o-Sunnat Ki Raushni Mein

⑲ Saaya-e-Rasool ﷺ

⑳ Kalma Taiyyaba Ka Suboot

㉑ Ilm-e-Ghaib Sirf Allah Ki Sifat Hai

㉒ Bidat-e-Hasanah Ki Haqiqat

㉓ Waaqia-e-Karbala - Sahih Riwayaat Ki Raushni

㉔ Islam Mein Raaste Ke Huqooq

㉕ Masjid Mein Doosri Jamaat [*Tohfa az-Zahid fi Takraar al-Jamaat fi al-Masjid al-Waahid*] 'تحفة الزاهد في تكرار الجماعة في المسجد الواحد'

㉖ Har Namaz Mein Tawarruk[1] Ka Isbaat [*Daf' al-Shubahat an Mashruiyyat al-Tawrruk fi Jamee as-Salawaat*] 'دفع الشبهات عن مشروعيتة التورك في جميع الصلوات'

㉗ 'Rabbana Lakal Hamd' Aahista [*Irshad al-Abd ila Ikhfa 'Rabbana Lakal-Hamd'*] 'إرشاد العبد إلى إخفاء ربنا لك الحمد'

㉘ Masla Imrana Aur Taqlidi Shaakhisaana [*Al-Shams al-Baahirah fi ma Yata-allaq bi al-Hurmat al-Musahara*] 'الشمس الباهرة فيما يتعلق بالحرمة المصاهرة'

㉙ Aath (8) Rakat Taraweeh Aur Ghalat Fehmiyo'n Ka Izaala

㉚ Farz Namazo'n Ke Baad Masnoon Azkaar

㉛ Mimbar Par A'asaa Lekar Khutba Dena

㉜ Sutrah Ke Masaail-o-Ahkaam

㉝ Ahkaam Sadqa al Fitr

㉞ Maahe Moharram Aur Sunan-o-Bidaat

㉟ Maahe Rajab Aur Bidaat-o-Khurafaat

---

[1] T: (تورُّک) Tashhahud mein baethne ka ek khaas tariqa, jis mein baaya'n paao'n (daaee'n pindli ke neeche se baahar) nikaal kar apni baaee'n jaanib ke koolhe par baetha jaata hai [RSB]

㊱ Maahe Shaban Aur Sunan-o-Bidaat

㊲ Maahe Zil Hijja Aur Sunan-o-Bidaat

㊳ Duroos-e-Ramzan

Zer-e-Tarteeb:

㊴ Ameer-e-Muawiya ﷺ Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza ‘الأنوار السلام فى مسئلة القرءة خلف الإمام’ [*Al-Anwaar as-Samawiyyah fi al-Dhabb an Khaal al-Momineen Muawiya*]

㊵ Fatiha Khalf al-Imam *[Al-Anwaar as-Salaam Fee Masla al-Qirat Khalf al-Imam]* ‘الأنوار السلام فى مسئلة القرءة خلف الإمام’

㊶ Ek Majlis Ki Teen (3) Talaq ‘أنوار الآفاق في مسئلة الطلاق’ [*Anwaar al-Aafaaq fi Masala at-Talaaq*]

㊷ Namaz Mein Raful Yadain [*Anwaar al-Aenain fi Masala Raful Yadain*] ‘أنوار العينين في مسئلة رفع اليدين’

㊸ Buland Awaaz Se Ameen Kehna [*Anwaar al-Yaqeen fi al-Jahr bit-Taameen*] ‘أنوار اليقين في الجهر بالتأمين’

㊹ Ek Haath Se Musaafaha

㊺ Taqleed Ka Mafhoom Aur Iska Hukm

㊻ Sahih Namaz-e-Payambar Ba-Jawab Namaz-e-Paiyaambar

㊼ Qurani Aayaat Ka Jawaab, Namaz Aur Ghair-e-namaz Mein

㊽ Hisn al-Muslim, Tehqeeq-o-Takhreej

㊾ Maahe Ramzan Aur Sunan-o-Bidaat

㊿ Tafheem al-Faraaiz

51 Mukhtasar Duroos-e-Hadees

52 Mausami Khutbaat

53 Mausami Duroos

Arz-e-Muallif (Third (3rd) Edition)

Allah Rabbul Izzat ke fazl-o-karam se Anwaar al-Badr ka teesra (3rd) edition pesh-e-khidmat hai. Is edition mein na sirf ye ke proof waghaera ki ghalatiyo'n ki islaah ki gai hai, balke bahut se muqamaat par ahem izaafe bhi kiye gae hain aur jadeed shubhaat ke jawabaat bhi shaamil kar diye gae hain.

Mauzu Ki Ehmiyyat:

Ek Musalman din raat mein kam-o-besh faraaiz-o-sunan samet 40 rakat padhta hai. Agar chaasht aur tahajjud ki rakat bhi shumaar kar le'n to kam-o-besh 50 rakat din raat mein padhi jaati hain. Yaane namaz mein waza-yadain[1] ka amal din raat mein kam-o-besh 40-50 baar karna hota hai. Is hisaab se poori zindagi mein ek musalman ye amal kitni baar ajaam deta hai? Iska andaaz ba-khoobi lagaaya ja sakta hai. Zaahir hai ke jo amal zindagi mein itni kasrat se matloob ho, uske baare mein ek musalman ke liye janna be-had zaroori hai, ke uska sahih tariqa kya hai?

You'n to har amal ke saaleh aur qaabil-e-qubool hone ke liye ye shart hai ke wo sunnat ke mutaabiq ho aur namaz ke baare mein to khusoosi hukm hai: Allah ke Nabi ﷺ ne farmaya: 'صلو كما رأيتموني أصلي' "*Namaz usi tarah padho, jis tarah mujhe padhte hue dekhte ho*". (Sahih Bukhari: H631)

Ye amal sirf baaz hazraat ke liye nahi hai, balke har musalman mard-o-aurat ke liye hai. Is liye ye amal khud masnoon tariqe par anjaam dene ke saath-saath doosro'n ko bhi is ummeed ke saath iski daawat deni chaahiye ke hamari daawat se jis qadar log is sunnat par amal-paera honge, usi baraabar hamare liye bhi uska sawab likha jaaega aur qiyaamat tak sadqa-e-jaariya ka ye silsila baaqi rahega.

Iske bar-khilaaf jo hazraat mahez maslaki-taassub mein padhkar logon ko sahih sunnat se door kar rahe hain. Unhe'n ye baat nahi bhoolni chaahiye ke unki ghalat rehnumaai se jitne log bhi ghalat amal anjaam denge. Sab ka wabaal unke sar jaaega.

---

[1] T: Namaz mein haath rakhne ka amal [RSB]

Nabi-e-Akram ﷺ ki hadees hai:

من سن في الإسلام سنة حسنة فله أجرها وأجر من عمل بها بعده من غير أن ينقص من أجورهم شيئ، ومن سن في الإسلام سنة سيئة كام عليه وزرها و وزر من عمل بها من بعده من غير أن ينقص من أوزارهم شيئ.

"*Jisne islam mein koi accha tariqa raaej kiya, phir iske baad is par amal kiya gaya to uske liye is amal karne waale ke baraabar sawab likha jaaega aur unke sawab mein se kuch kamee na ki jaaegi. Jis admi ne islam mein koi buraa tariqa raaej kiya, phir is par amal kiya gaya to is ejad karne waale ke liye is amal karne waale ke gunah ke baraabar gunah likha jaaega aur amal karne waalo'n ke gunah mein koi kamee na ki jaaegi*". (Sahih Muslim: V2 P704 H1017)

Barre-sagheer mein is mauzu ki ehmiyat is lihaaz se mazeed badh jaati hai ke yahan iska taalluq un masaail mein se hai jo ahle shirk-o-bidat ya ahle taqleed-e-jaamid[1] ke shiaar[2] mein shumaar hote hain. Aise masaail mein se kisi ek masla mein agar ye hazraat sahih aur masnoon tariqe par amal-paera ho jaate hain to wo shirk-o-bidat aur taqleed se bhi taaeb[3] ho jaate hain aur har aqida-o-amal mein kitab-o-sunnat ki taraf palat aate hain.

Baaz hazraat masaail mein furoo[4] aur usool ki taqseem karte hain, ye taqseem mahez taaleem-o-taallum[5] ki khaatir faqat ilmi istilaah ki had tak rahe to koi khaas farq nahi padta. Lekin agar us taqseem ke zariye se baaz masaail ko faroo ka naam dekar unki takhfeef[6] shuru kardi jaae aur ye kaha jaane lage ke furooi masaail mein musalmano ko azaadi hai. Wo jis tarah chaahe'n amal kar le'n to ye bahut hi khatarnaak soch hai. Kyounke usool ki tarah furoo mein bhi Nabi-e-Akram ﷺ ki ittiba laazim hai. Is liye furooi masaail mein bhi ye zaroori hai ke Nabi ﷺ se saabit-shuda masaail ki wazaahat ki jaae aur un par amal ki daawat di jaae aur

---

[1] T: Kisi imam ki baat ko baghaer daleel maanna aur us par amal karna, nusoos ko nazar-andaaz karna [RSB]

[2] T: (شِعارِ) Nishaan, pehchaan, dastoor, mark, identity [RKT]

[3] T: (تَائِب) Tauba karne waala, gunaah se baaz aane waala [RKT]

[4] T: Mazhabi istilaah mein wo masaael jo amal se mutalliq ho'n [FL]

[5] T: (تَعْلِيم و تَعَلُّم) Padhna padhaana, seekhna sikhaana, dars-o-tadrees [RKT]

[6] T: Kam karna, kami, ikhtisaar, halka karna, aaraam [RKT]

jo masaail Nabi-e-Akram ﷺ se saabit nahi hain. Unki tardeed ki jaae aur logon ko un par amal se roka jaae.

Baaz hazraat kehte hain ke furooi aur ikhtilaafi masaail par bahes nahi karni chaahiye. Ham kehte hain ke furooi aur ikhtilaafi masaail hi par to bahes ki jaani chaahiye. Warna batlaaya jaae ke agar furooi aur ikhtilaafi masaail par bahes na ki jaae to kya usooli aur ijmaai masaail par bahes-o-mubaahasa shuru kar diya jaae?! Haerat ki baat hai ke jo danishwaraan furooi aur ikhtilaafi masaail par bahes se rokte hain.

Wo khud usooli aur ijmaai masaail main bahes ke nae-nae darwaze kholte hain. Koi murtad ki saza ka inkaar kar raha hai, koi Jannat mein aurato'n ko bhi hoor dilwa raha hai, koi imaan bil risaalat ke baghaer bhi Jannat mein jaane ka imkaan batla raha hai. MaazAllah! Ek taraf usooli aur ijmaai masaail ke saath ye khilwaad aur doosri taraf ye masumaana nasihat ke furooi aur ikhtilaafi masaail par bahes nahi karni chaahiye. SubhanAllah!

Deegar Kitabe'n:

Is mauzu se mutaalliq ab tak jitna kuch likha gaya hai, taqriban uska aksar hissa hamari nazro'n se guzar chuka hai. Baaz kitabo'n ke naam ye hain:

❁ 'درهم الصرة في وضع اليدين تحت السرة للشيخ محمد هاشم السندي التتوي' [*Dirham as-Sirrah fi Wad' al-Yadayn Taht al-Surrah lish Shaikh Muhammad Hashim as-Sindi at-Tattawi* رحمه الله]

❁ 'ترصيع الدرة على درهم الصرة للشيخ محمد هاشم السندي التتوي' [*Tarsee' ad-Durrah ala Dirham as-Sirrah lish Shaikh Muhammad Hashim as-Sindi at-Tattawi* رحمه الله]

❁ 'معيار النقاد في تميز المغشوش عن الجياد للشيخ محمد هاشم السندي التتوي' [*Miyaar an-Nuqqad fi Tamyyiz al-Maghshoosh an al-Jiyaad lish Shaikh Muhammad Hashim as-Sindi at-Tattawi* رحمه الله]

❁ 'درة في إظهار غش نقد الصرة للعلامة محمد حيات السندي' [*Durrah fi Izhhar Ghush Nuqd al-Sirrah li Allama Muhammad Hayat Sindi* رحمه الله]

❁ 'فتح الغفور في وضع الأيدي على الصدور للعلامة محمد حيات السندي' [*Fath al-Ghafur fi Wad'*

al-Aydi 'ala al-Sudur li Allama Muhammad Hayat Sindi ﷫]

۞ ‘فوز الكرام... (مخطوط) للعلامة محمد قائم السندي’ [*Fawz al-Kiram (Makhtoota) li Allama Muhammad Qaayam Sindi* ﷫]

۞ ‘درج الدرر في وضع الأيدي على الصدر (مخطوط) للعلامة رشد الله الراشدي’ [*Darj al-Durar fi Wad' al-Aydi alaa al-Sadr (Makhtoota) li Allama Rushdullah ar-Rashaadi* ﷫]

۞ ‘التعليق المنصور على فتح الغفور (مخطوط) للعلامة بديع الدين شاه الراشدي’ [*At-Taaleeq al-Mansur alaa Fath al-Ghafur (Makhtoota) li Allama Badiuddin Shah ar-Rashaadi* ﷫]

۞ Namaz Mein Haath Baandhne Ka Hukm Aur Maqaam (Maqhtoot)-az-Allama Muhammd Raees Nadwi ﷫.

۞ Namaz Mein Haath Baandhne Ka Hukm Aur Maqaam-az-Haafiz Zubair Ali Zai ﷫.

۞ Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n? az Shaikh Haafiz Sanaullah Zia حفظہ اللہ.

۞ Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa-az-Abu Hafs Ejaz Ahmad Ashrafi Hanafi.

In kutub ke alaawa is mauzu se mutaalliq aur bhi kai kutub aur maqalaat[1] ko pesh-e-nazar rakha gaya hai.

Mauzu Se Mutaalliq Fareeq-e-Mukhaalif Ka Literature:

Jo hazraat namaz mein seene par haath baandhne ke qaayal nahi hain aur zer-e-naaf haath baandhne hi ko sahih samajhte hain, unke tamaam literature ka khulaasa ye hai:

Akazeeb:

Ye talkh-haqiqat[2] hai ke namaz mein naaf se neeche haath baandhne se mutaalliq poore zakhira-e-ahadees mein ek bhi sahih aur sareeh, marfoo riwayat nahi hai. Is liye us mauqif ke hamileen ne hadees ghadkar us kami ko poora karne ki kohish ki hai. Chunache Ibne Abbas ﷺ ke hawaale

---

[1] T: (مَقالات) Khaas mazameen, research articles [RKT]

[2] T: (تَلْخ حَقِيقَت) Kadwa sach [RKT]

se unho’n ne ek sareeh marfoo riwayat ghadee hai, jiske alfaaz hi bata rahe hain ke ye manghadat riwayat hai. (Dekhiye P370)

Tehreef:

Apne mauqif ko saabit karne ke liye fareeq-e-mukhaalif ne sahih ahadees mein tehreef bhi ki hai. Musannaf Ibne Abi Shaiba ki riwayat mein unho’n ne zabardasti ‘تحت السرة’ *[tahat as-surrah]* ka izaafa kar diya hai. (Dekhiye P370) Isi tarah haal hi mein un logon ne ‘التمهد لا بن عبدالب’ *[At Tamheed li-Ibne Abdul Bar]* mein manqool ek riwayat mein bhi tehreef kardi hai. (Dekhiye P370)

Zaeef-o-Mardood Riwayat Se Istidlaal:

Syedna Ali ﷺ ki taraf mansoob ‘تحت السرة’ waali riwayat ko ye log bade zor-o-shor se pesh karte hain. Halaanke ye riwayat ba-ittifaaq-e-ummat zaeef-o-mardood hai. (Dekhiye P370)

Taabaeen Ke Aqwaal Ko Hadees Ke Naam Se Pesh Karna:

Fareeq-e-mukhaalif ka ek ajeeb mughaalata[1] ye bhi hai ke ye log taabaeen ki taraf mansoob aqwaal ko hadees ke naam se pesh karke marfoo ahadees ke zimn mein shumaar karte hain. Taake bhole bhaale qaraeen ko lage ke ye bhi marfoo ahadees hi hain. (Dekhiye P370) 719

Usool-e-Hadees Ke Saath Khilwaad:

Ye log apni manghadat, muharraf[2], mardood-o-zaeef riwayaat ko sahih saabit karne ke liye usool-e-hadees ke saath khilwaad karte hain. Masalan: Ek (1) taraf ye usool batlaate hain ke mursal[3] hadees hujjat hoti hai aur doosri taraf seene par haath baandhne se mutaalliq Sunan Abu Dawood ki mursal hadees ko rad kar dete hain. Halaanke ye mursal hadees bhi shawaahid ki raushni mein sahih hai.

Doosri taraf Syedna Ali ﷺ ki ‘تحت السرة’ *[Tahat as-Surrah]* waali sakht zaeef

---

[1] T: (مُغالَطَه) Dhoka, fareb, jhaansa, ghalat-fehmi [RKT]
[2] T: (مُحَرَّف) Jis mein tehreef ki gai ho, altered [RKT]
[3] T: (مُرسَل) Wo hadees jis ka raawi taabai ho aur jis ka silsila kisi sahaabi se na chalaa ho [RKT]

aur bil-ittifaaq mardood riwayat ko shawaahid ki raushni mein sahih saabit karne ki koshish karte hain. Jabke usool-e-hadees mein ye musallam hai ke sakht zaeef riwayat qaabil-e-istish-haad[1] nahi hoti.

Aqwaal-e-Jarh-o-Taadeel Ke Saath Khilwaad:

Jarh-o-Taadeel ke aqwaal se istidlaal ke silsila mein fareeq-e-mukhaalif ne jo tarz-e-amal ikhtiyaar kar rakha hai, wo intihaai mazmoom[2] aur laghv[3] hai. Masalan: Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti ek aisa raawi hai, jiske zaeef hone par mohaddiseen ka ittifaaq-o-ijma hai. Lekin iske bawujood bhi kheencha-taani karke use siqa baawar karaane ki koshish ki jaati hai. Balke had ho gai ke apne man-pasand zaeef raawi ko siqa[4] saabit karne ke liye asr-e-haazir ke ulama ke aqwaal ko aimma naqideen mohaddiseen ke aqwaal ki fehrist mein shumaar kar daalte hain. Balke baaz muqamaat par muaasireen[5] ki aaraa[6] ko bila-jhijhak aimma naqideen mohaddiseen ki taraf mansoob kar dete hain hain. Masalan: Maulana Ejaz Ashrafi Saahab Hanafi "*Momil bin Ismail*" par Imam Nasai ki jarh naql karte hue likhte hain: "*7. Imam Nasai:* 'فيه لين' *(Majlisaan Nasai: P48 raqm: 17)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139)

Halaanke Momil par Imam Nasai ki ye jarh duniya ki kisi kitab mein nahi hai. Ashraf Saahab ne jis kitab ka hawaala diya hai, us kitab mein us safhe par Imam Nasai ki koi jarh maujood nahi hai. Albatta us kitab ke mohaqqiq Abu Ishaq Al Huwaini حفظه الله ne haashiya mein apni taraf se likha hai: 'مؤمل بن إماعيل فيه لين'. (Fawaaed Abi Umar al-Samarqandi: P56 Haashiya number 17 [Dar Ibne Jauzi edition])

Asharafi Saahab ne yahan asr-e-haazir ke ek aalim aur Allama Albani رحمة الله عليه ke shaagird ke qaul ko Imam Nasai ka qaul bana diya. *SubhanAllah!*

Ashraf Saahab ne ye jaan boojh kar kiya hai, ya ye unki jahaalat hai? Ye Allah hi behtar jaanta hai.

---

[1] T: (اِسْتِشْہاد) Shaahadat, suboot, sanad, daleel pesh karna [RKT]
[2] T: (مَذمُوم) Wo shae jiski buraai ki jaae, bura, badd, kharaab, qabeeh [RKT]
[3] T: (لَغْو) Behooda, waahiyaat, be-maane, be-faaeda, laa-yaani qaul-o-fe'l [RKT]
[4] T: (ثِقا) Motabar, qaabil-e-etebaar [FL]
[5] T: (مُعاصِرِین) Ham-asr, ham-zamaana log [RKT]
[6] T: (آرا) Raae ki jamaa [RKT]

Isse bhi bada ajooba ye hai ke Allama Albani ko Ashrafi Saahab ne Abdur Rahman bin Ishaq ki tauseeq karne waalo'n mein shumaar kiya hai. Jabke haqiqat ye hai ke Allama Albani ne us raawi ko bil-ittifaaq zaeef qaraar diya hai. (Dekhiye P469)

Anwaar al-Badr Ki Khususiyaat:

Hamari is kitab ki khususiyaat darj-e-zel hain:

۞ Is kitab se qabl kam-az-kam koi aisi kitab hamari nazar se nahi guzri, jis mein fareeq-e-mukhaalif ki taraf se pesh-karda tamaam dalaail ka jawab diya gaya ho. Is kitab mein fareeq-e-mukhaalif ke tamaam dalaail ka mufassal jawab diya gaya hai.

۞ Fareeq-e-mukhaalif ne Musannaf Ibne Abi Shaiba mein jo tehreef ki hai, uska taaqqub to kiya gaya hai, lekin fareeq-e-mukhaalif ne haal hi mein 'التمهيد لا بن عبدالبر' [At-Tamheed li Ibne Abdul Bar] waali riwayat mein jo tehreef ki hai, uska taaqqub pehli baar is kitab mein qaraeen-e-kiraam mulaahaza karenge.

۞ Musnad Ahmad aur Sahih Ibne Khuzaima waali ahadees par shuzooz[1] ka jo eteraaz bade zor-o-shor se uthaaya jaata hai, uska mudallal aur mufassal rad is kitab mein aapko milega.

۞ Kisi hadees ke tamaam turq pesh-e-nazar na ho'n to sehat-o-zof ke etebaar se hadees ka darja tae karne mein ghalati ho jaati hai. Is kitab ki ye numaaya'n khususiyat hai ke is mein har hadees ke tamaam turq ko saamne rakhne ke baad hi hadees ka darja waazeh kiya gaya hai.

Abdullah bin Abbas ﷺ ki jo tafseeri riwayat hai, ab tak uski sirf us sanad par bahes hoti rahi hai, jo Sunan Bayhaqi mein hai. Lekin is kitab mein uski ek doosri sanad bhi pesh ki gai hai, jis mein wo raawi maujood hi nahi, jis par mukhalifeen shadeed jarh naql karte aae hain.

Isi tarah Ali ﷺ ki tafseeri riwayat ke tamaam turq-o-alfaaz ko ek saath pehli baar is kitab mein pesh kiya gaya hai.

[1] T: (شُذُوذ) Shaaz hona, nayaab hona, ittifaaqi [RKT]

۞ Rijaal par bahes karte hue sirf muwassiqeen[1] ya jaariheen[2] ke aqwaal pesh karne par iktifa[3] nahi kiya gaya, balke koshish ye ki gai hai ke har raawi se mutaalliq jarh-o-tauseeq ke tamaam aqwaal pesh karke raajeh qaul ki wazaahat ki jaae.

۞ Jarh-o-tauseeq ke aqwaal se istidlaal se qabl qaaileen se unke aqwaal ek suboot par tasalli karli gai hai.

۞ Zer-e-nazar kitab mein usool-e-hadees ke baaz mabaahis par mufassal aur mudallal bahes ki gai hai.

Sipaas-naama:

Allah Rabbul Alameen ka be-paaya'n shukr-o-ihsaan hai ke usne naa-cheez ko ye kitab tarteeb dene ki taufeeq bakhshi. *Falhmadulillahi Kaseera*.[4]

Naa-ceez un tamaam ahle ilm ka shukr-guzaar hai, jinho'n ne kisi tarah bhi is kitab ki taaleef-o-tarteeb mein hamare saath ta-aawoon[5] kiya. *Jaza humullahu khaira*. Bil-khusoos main un ahle ilm ka shukr-guzaar hoo'n, jinho'n ne ye kitab padh kar naa-cheez ki hausla-afzaai ki aur apni taqareez[6] se nawaaza. Allah Rabbul Alameen unhe'n jazaae khair de. Ameen.

Qaraeen Se Darkhwaast:

Allah Rabbul Alameen gawaah hai ke ye kitab maine is niyyat se likhi hai ke, ek aise amal ke baare mein Nabi ﷺ ka sahih tariqa waazeh ho jaae, jisse ek namazi aur tahajjud-guzaar musalman ka 24 ghante mein kam-o-besh 50 baar waasta padta hai. Allah Ta'ala ke qanoon-e-sawab ke mutaabiq us amal par har 24 ghante mein kam-o-besh 500 nekiyo'n ka

---

[1] T: (مُوَثَّق) Motabar, bharose ke qaabil [RKT]
[2] T: (جارِح) Jarh (add karna, criticize) karne waala [RSB]
[3] T: (اِكْتِفا) Kifaayat, qanaa-at, kaafi [RKT]
[4] T: (سِپاس نامَہ) Taareefi khitaab, tauseefi ya istiqbaaliya taqreer jo moazzaz mehmaan ke ezaaz mein munaqqid hone waali rasmi taqreer mein padh kar sunaai jaae [RKT]
[5] T: (تَعَاوُن) Ek-doosre ki madad karna [RKT]
[6] T: (تَقْرِيظ) Musannif ke alaawa kisi aur ka kisi kitaab ya mazmoon waghaera par apni par taaeedi aur taareefi raae zaahir karna jo kitaab ke aaghaaz ya ikhtitaam mein shaamil ho [RKT]

daar-o-madaar hai.

Agar koi musalman farz-o-nafil aur tahajjud ki namazo'n mein is sunnat-e-Rasool ﷺ par amal karta hai, to wo na sirf ye ke Allah ke Nabi ﷺ ke hukm: 'صلو كما رأيتموني أصلي' *"Namaz usi tarah padho, jis tarah mujhe padhte hue dekhte ho"* par amal-paera hai. Balke sirf isi sunnat par amal ke natije mein wo har 24 ghante mein kam-o-besh 500 nekiyo'n ka mustahiq ban jaata hai.

Qaraeen ko chaahiye ke is saabit-shuda sunnat par aagaah hone ke baad fauran is par amal shuru kar de'n. Taake is azeem sawab ke haqdaar ho jaae'n aur saath hi apne rishtedaar, dost-o-ahbaab aur deegar musalmano ko bhi is sunnat par amal ki daawat de'n. Agar aapki daawat se koi musalman is sunnat par aamil ho jaata hai, to zindagi bhar. Jab tak wo uska aamil rahega, aapko bhi uska sawab baraabar milta rahega. *In Sha Allah*

Qaraeen se aajizaana darkhwaast hai ke is kitab se istifaade ke saath naa-cheez ke liye dua bhi kare'n ke Rabbul Aalameen is aajiz ke gunaho'n ko maaf kare aur jab tak zinda rakhe, imaan-o-amal-e-saaleh par zinda rakhe aur baad wafaat jannatul firdaus mein jagah de. Ameen.

Ahle ilm se guzaarish hai ke wo apni taaliqaat-o-istidrakaat[1] se aagaah farmaae'n aur kahee'n hamare tasamuhaat[2] par muttale[3] ho'n to hamen ittela de'n. Taake aainda taba-aat[4] mein unse istifaada kiya ja sake. Dua hai ke Rabbul Aalameen naa-cheez ki is khidmat ko qubool farmakar sadqa-e-jaariya banaae. Ameen.

Kifayatullah Sanabili

Baahis Subai Jamaiat Ahle Hadees, Mumbai

24/3/2016

Arz-e-Muallif (First (1st) Edition)

---

[1] T: (اِسْتِدْراک) Tadaaruk, ghalati ki islaah [RKT]

[2] T: (تَسامُح) Bhool-chook, sahoo [RKT]

[3] T: (مُطَّلَع) Ittela, khabardaar, waaqif, aagaah [RKT]

[4] T: Next/future editions [RSB]

Namaz mein haalat-e-qiyaam mein haath kahaa’n baandhe jaae’n, is baare mein zamaana-e-qadeem se ikhtilaaf chala aaraha hai. Lekin sahih ahadees aur sahih aasaar-e-sahaba ﷺ ki raushni mein jo baat saabit hoti hai, wo yehi hai ke namaz mein haalat-e-qiyaam mein seene par hi haath baandhe jaae’n aur yehi Ahle Hadees ka mazhab hai.

Iske bar-khilaaf ahnaaf ka maslak ye hai ke namaz mein naaf ke neeche haath baandhe jaae’n, halaanke unke is mauqif par koi ek (1) bhi sahih, sareeh, marfoo, musnad riwayat zakhira-e-ahadees mein sire se maujood hi nahi hai aur baaz sahaba ﷺ ki taraf jo riwayaat mansoob hain, wo bhi sakht zaeef hain.

Ahnaaf jab Ahle Hadees ke dalaail ka jawab nahi de paate, to Ahle Hadees ko ye kehkar mat-oon[1] karte hain ke ye log chote-chote masle par bahes-o-mubaahasa karte hain aur us par kitabe’n likhte hain. Halaanke ye talkh-haqiqat hai ke is mauzu par kitabi silsila poori duniya mein sabse pehle ahnaaf hi ne shuru kiya hai aur wo bhi aapas hi mein ek doosre ke khilaaf!!

Chunache ahnaaf ke ek bahut bade aalim Allama Abul Hasan Sindhi Hanafi رحمه الله ne jab ye dekha ke sahih ahadees ki raushni mein namaz mein seene par haath baandhna hi saabit hai, to wo us par fauran aamil ho gae. Balke uski tableegh bhi karne lage aur usi par bas nahi, balke ahnaaf ke mauqif, yaane zer-e-naaf haath baandhne ko ghair-saabit bhi kehne lage. Jiske baad unke bahut saare hanafi talaamiza bhi seene par haath baandhne lage.

Ahnaaf ne jab apne hi bhaiyyo’n ko apne maslak ke khilaaf seene par haath baandhte dekha to us par hangama khada kar diya, balke had ho gai ke seene par haath baandhne ki wajah se apne hi aalim ko jail bhijwa diya aur uske saath-saath qalmi-jung bhi ched-di. Khaas is masle par poori duniya mein sabse pehle jo mustaqil kitab likhi gai, wo ‘Dirham al-Sirrah fi Wad' al-Yadayn Taht al-Surrah’ ‘درهم الصرة في وضع اليدين تحت السرة’ hai.

Ise ahnaaf ke ek Aalim Shaikh Muhammad Hashim Sindhi Hanafi

[1] T: (مطعون) Badnaam, ruswa, aeb lagaaya gaya [RKT]

ﷺ ne likha aur uske jawab mein ahnaaf hi ki taraf se seene par haath baandhne se mutaalliq 2 kitabe’n likhi gaee’n. Jinhe’n ahnaaf ke ek aalim Allama Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi رحمه الله ne likha hai.

Phir Shaikh Hashim Sindhi Hanafi رحمه الله ne bhi jawaban 2 kitabe’n likhee’n. Phir uske jawab mein Shaikh Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi رحمه الله ne ek (1) mufassal kitab ‘Fath al-Ghafoor fi Wad' al-Aydi alaa al-Sudoor’ ‘فتح الغفور في وضع الأيدي على الصدور’ likhi aur phir uske baad Ahle Hadees hazraat ne bhi is mauzu par likhna shuru kiya. Ye poori tafseel Fazilatush Shaikh Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله ki kitab ke muqaddama mein pesh ki hai.

Qaraeen dekh sakte hain ke poori duniya mein sabse pehle ahnaaf ne is masla par kitabi silsila shuru kiya aur Ahle Hadees ke mauqif, yaane seene par haath baandhne ke isbaat mein bhi sabse pehle hanafi aalim hi ne kitabe’n likhee’n. Is waazeh haqiqat ke bawujood bhi bila-wajha Ahle Hadees ko mat-oon kiya jaata hai, ke ye log furooi-masaail ko hawa dete aur us par bahes-o-munazra karte hain!!

Waazeh rahe ke ye tarz-e-fikr bhi durust nahi hai ke furooi masle ka bahaana banaakar Allah ke Nabi ﷺ ki saabit-shuda sunnato’n ko rad kar diya jaae. Bil-khusoos namaz ki nabawi kaifiyaat ko to furooi masla kehkar uski takhfeef ki koi gunjaaish nahi hai. Kyounke Allah ke Nabi ﷺ ne ye waajbi hukm de diya hai:

صَلُّو كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ.

“*Namaz waise hi padho, jaise mujhe padhte hue dekhte ho*”. (Sahih Bukhari: H6008)

Namaz mein seene par haath baandhna na sirf ye ke Allah ke Nabi ﷺ ka amal hai, balke Aap ﷺ ne iska khusoosi hukm bhi de rakha hai. Jaisa ke Sahih Bukhari ki hadees se saabit hai. (Dekhiye P150-153) Balke Allah Ta’ala ne quran mein bhi namaz mein seene par haath baandhne ka hukm diya hai. Jaisa ke ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki yehi tafseer Allah ke Nabi ﷺ aur Sahaba Ikram رضي الله عنهم ne ki hai. (Dekhiye P369-377)

Quran mein namazi ke liye seene par haath baandhne ka hukm kyoun na ho, jabke namaz ka ye mahel qirat-e-quran hi ka mahel hai aur namaz

ka yehi hissa poori namaz ki rooh hai. Balke Sahih Muslim mein manqool ek (1) hadees-e-qudsi ke mutaabiq Allah Rabbul Alameen ne namaz ke isi hisse mein qirat-e-fatiha ko namaz kehte hue farmaya:

قَسَمْتُ الصَّلَاةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِي نِصْفَيْنِ.

"*Maine namaz ko apne aur apne bande ke darmiyan aadha-aadha baant diya hai*". (Sahih Muslim: H395)

Maaloom hua ka namaz mein qiyaam ka mahel hi namaz ka sabse ahem hissa hai aur usi qiyaam mein quran ki qirat hoti hai. Lihaaza us haalat mein seene par haath baandhkar qirat karna khushoo-o-khuzu ka zariya hai. Isi liye quran mein uska khusoosi zikr hai. Kyoun ke quran mein kai muqamaat par qira-at-e-quran ke adaab bhi sikhlaae gae hain aur haalat-e-namaz mein qirat-e-quran ka khaas adab ye batlaaya gaya hai ke is mauqa par haath seene par rakhe jaae'n.

Alhamdulillah Ahle Hadees hazraat kitab-o-sunnat ki ittiba mein aur Allah ke Nabi ﷺ ke tariqa par amal karte hue namaz mein seene par haath baandhte hain. Wo doosro'n ko bhi uski talqeen karte hain aur is mauzu par apni tehreere'n bhi pesh karte hain.

Naa-cheez ki ye kitab bhi usi silsila ki ek kadee hai. Ye mufassal kitab pesh karne ki zaroorat is liye mehsoos ki gai, kyounke is mauzu par likhi gai tamaam dastiyab kutub dekhne ke baad andaaza hua ke shayad ab tak is mauzu par koi aisi kitab nahi likhi gai, jis mein fareeq-e-mukhaalif ki taraf se pesh-karda tamam riwayaat aur shubhaat par bahes ki gai ho.

Balke baaz shubhaat par to koi thos bahes milti hi nahi hai. Masalan Musnad Ahmad aur Sahih Ibne Khuzaima waghaera ki sahih ahadees ke baaz ruwaat[1] par tafarrud-o-shuzooz ka jo eteraaz khusoosan baaz arab ulama ki taraf se bade zor-o-shor se kiya ja raha hai, uska mufassal jawab hamari nazro'n se taa-haal[2] nahi guzra. Yehi wajah hai ke hamne is kitab mein un shubhaat ka rad poori tafseel se kiya hai.

Iske saath hi ye bhi dekha gaya hai ke fareeq-e-mukhaalif ne baaz

---

[1] T: (رُوات) Raawi, riwaayat karne waale [RKT]
[2] T: (تا حال) Ab tak is waqt tak, aaj tak, till now [RKT]

muqaam par kisi kitab ke mohaqqiq ki sareeh ghalati ko daleel bana liya aur hairat ki baat hai ke uska notice bhi nahi liya gaya. (Dekhiye P369-422)

Iske alaawa baaz ahadees, aasaar aur rijaal se mutaalliq bhi kai ahem goshe makhfi the, jin par mufassal bahes ki zaroorat thi. In wujuhaat ki bina par naa-cheez ne zaroorat mehsoos ki, ke is mauzu par ek mufassal kitab likhi jaae. Phir kaafi arsa se musalsal mehnat se ye kitab taiyyaar hui, jo 'أنوار البدر في وضع اليدين على الصدر' 'Anwar al-Badr fi Wad' al-Yadayn alaa al-Sadr' ke naam se aapke haatho'n mein hai.

Is kitab mein ahadees ki tehqiq aur rijaal ke taaruf mein poori koshish ki gai hai ke mohaddiseen aur aimma-e-fann ka daaman haath se na chootne paae. Munasib maaloom hota hai, zel mein chand buniyaadi umoor ki wazaahat kardi jaae.

Jama-e-Turq:

Hadees ki tehqiq mein sabse pehla marhala *jama-e-turq* ka hota hai. Kisi bhi hadees par hukm lagaane se qabl sabse pehle uske tamaam turq ko saamne rakhna zaroori hai. Zer-e-bahes mauzoo mein baaz muqamaat par ahle ilm ke tasamuhaat ki ek wajah ye bhi hai ke riwayat ke tamaam turq ko wo saamne na rakh sake. Masalan: Sahih Ibne Khuzaima ki hadees mein Momil bin Ismail ke iztiraab[1] ka daawa. ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein Abdullah bin Abbas (z) se marwi riwayat ki sirf Bayhaqi waali sanad hi par hukm lagaana aur usi silsila mein Ali ﷺ ki tafseeri riwayat mein sanad-o-matan mein iztiraab ka daawa.

Ziyaadat-e-Siqa:

Ziyaadat-e-Siqa ke baare mein mohaddiseen ka mauqif yehi hai ke uske qubool-o-rad ka faisla qaraain[2] dekh kar kiya jaaega. Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) farmate hain:

والذي يجري علىٰ قواعد المحدثين أنهم لا يحكمون عليه بحكم مستقل من القبول والرد، بل يرجحزن

[1] T: (اِضْطِراب) Sanad ya matan mein raawiyo'n ka ikhtilaaf ya kisi darje mein ishtibaah (shak-o-shubha), hadees ka muztarib hona [RKT]

[2] T: (قَرائِن) Qaaede, andaaze [RKT]

بالقرائن، كما قدمناه في مسألة تعارض الوصل والإرسال.

"*Ziyaadat-e-siqa se mutaalliq mohaddiseen ke qawaaid par jo baat jaari hai, wo ye hai ke mohaddiseen ziyaadat-e-siqa par qubool-o-rad ke etebaar se koi mustaqil hukm nahi lagaate. Balke qaraain ki raushni mein tarjeeh dete hain. Jaisa ke mausool[1] aur mursal ke taaruz[2] ke masla mein ham bayan kar chuke hain*". (An Nukaat A'ala Kitab Ibne Salah laa Ibne Hajar: V2 P687)

Neez Haafiz Ibne Hajar Asqalani ﷫ (d 852h) doosri jagah likhte hain:

والمنقول عن أئمة الحديث المتقدمين كعبد الرحمن بن مهدي، ويحيى القطان، وأحكد بن حنبل، و يحيى بن معين، و علي بن المديني، والبخاري، وأبي زرعة، وأبي حاتم، والنسائي، والدارقطني، وغيرهم، اعتبار الترجيح فيما يتعلق بالزيادة وغيرها، ولا يعرف عن أحد منهم إطلاق قبول الزيادة.

"*Jo baat mutaqaddimeen aimma jaise Imam Abdur Rahman bin Mahdi (d 198h), Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan (d 198h), Imam Ahmad bin Hambal (d 241h), Imam Yahya bin Maeen (d 233h), Imam Ali bin al-Madeeni (d 234h), Imam Bukhari (d 256h), Imam Abu Zurah (d 264h), Imam Abu Haatim (d 277h), Imam Nasai (d 303h), aur Imam Daraqutni (d 385h) waghaerahum se manqool hai. Wo ye hai ke ziyaadat waghaera se mutaalliq tarjeeh (ba-zariye qaraain) ka etebaar kiya jaega. Un aimma mein se kisi ek (1) se bhi ziyaadat ko alal-itlaaq[3] qubool karne ka mauqif maaroof nahi hai*". (Nuzhatun Nazar Fee tauzeeh Nuqhbatul Firk: P82-83 [Ar Ruhail])

Ziyaadat-e-siqa se mutaalliq mazeed tafseel ke liye dekhe'n hamari kitab: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Jaaiza (P208-249), neez dekhe'n Hadees-e-Yazeed, Mohaddiseen Ki Nazar Mein. (P75-102)

Baaz hazraat ne Sahih Ibne Khuzaima aur Musnad Ahmad ki hadees mein ziyaadat-e-siqa ko baghaer kisi mazboot buniyad ke rad karne ki koshish ki hai. Ham ne is kitab mein saabit kiya hai ke yahan qaraain ziyaadat-e-siqa ko qubool karne hi ke haq mein hain.

---

[1] T: (مَوصُول) Wo hadees jis ka silsila beech se munqata na ho [RKT]

[2] T: (تَعارُض) Mukhaalifat, ikhtilaaf, ek-doosre ke khilaaf kaam ya baat karna [RKT]

[3] T: (عَلى الاِطلاق) Mutlaq, bilkul, qatai, without restrictions or restraint [RKT]

Hasan li-ghaerihi:

Agar koi zaeef riwayat mutaaddid turq (kai sanado'n) se manqool ho aur tamaam turq aur sanade'n sakht zaeef ho'n to aisi soorat mein zaeef riwayat ko mila-jula kar hasan li-ghaerihi banaana ba-ittifaaq-e-mohaddiseen durust nahi.

Afsos ke baaz log naaf ke neeche haath baandhne se mutaalliq 1-2 riwayaat ko mila-jula kar ye kehne ki koshish karte hain ke ye riwayaat aapas mein mil kar *hasan li-ghaerihi* ho jaati hain. Halaanke un riwayaat ko hasan li-ghaerihi banaane ki koi gunjaaish nahi hai. Kyounke ye riwayaat sakht zaeef aur baaz mauzoo-o-manghadat hain. Jaisa ke isi kitab mein ye tafseel maujood hai.

Yaad rahe ke mutaaddid zaeef riwayaat ke andar agar zof halka ho to, us baare mein bhi koi qaaeda-kulliya[1] pesh karna durust nahi hai. Yaane, na to ye kehna durust hai ke is tarah ki riwayaat har soorat mein rad kardi jaaengi aur na ye kehna hi durust hai ke is tarah ki riwayaat har jagah qaabil-e-qubool hongi. Balke aisi soorat mein qaraain dekh kar faisla karna hi mohaddiseen ka manhaj hai. Zahbi-e-asr aur azeem mohaddis Allama Abdur Rahman bin Yahya Muallimi رحمه الله ka bhi yehi mauqif hai. (Al Obaadah lil Muallimi: P280)

Dr. Khalid ad-Drees حفظه الله ne apni kitab *Al Hasan Li-zaatihi wa Li-ghaerihi* ki 5th jild mein badi tafseeli bahes karte hue isi mauqif ko raajeh qaraar diya hai. Ye kitab Fazilatush Shaikh Dr. Wasiullah Abbas رحمه الله ki nigrani mein likhi gai hai. Raaqim-ul-Huroof[2] ne usool-e-hadees ke mauzu par Fazilatush Shaikh Dr. Wasiullah Abbas حفظه الله se interview lete waqt ye sawaal kiya tha ke kya aap is kitab mein *hasan li-ghaerihi* se mutaalliq pesh kiye gae mauqif se muttafiq hain? To aapne haa'n mein jawab diya tha. (Us interview ki recording Islamic Information Center (IIC) Mumbai waalo'n ke paas mehfooz hai)

Allama Albani ke mutaalliq baaz log ye mashoor karte hain ke wo maamooli zof waali mutaaddid riwayaat ko har jagah *hasan li-ghaerihi*

---

[1] T: (قاعِدَة كُلِّيَه) Qanoon, aam qaaeda, musallama usool [RKT]

[2] T: In alfaaz ko likhne waala, yaane Shaikh Kifayatullah Sanabili [RSB]

bana lete hain, ye baat qatan durust nahi. Ek (1) sawal ke jawab mein Allama Albani ne bhi waazeh taur par kaha hai ke is silsila mein koi qaaeda kulliya nahi pesh kiya ja sakta. (Ad Durar Fee Masaail al-Mustalah wal Athar; Masaail Abi al-Hasan Ma-aarabi lil Albani: P27)

Yehi wajah hai ke qissa 'تلك الغرانيق' aur us jaisi zof waali baaz riwayaat ko Allama Albani ﷫ hasan li-ghaerihi nahi banate. Ziyaada se ziyaada ye baat kahi ja sakti hai ke Allama Albani ke yahan hasan li-ghaerihi ke baare mein wusat kuch ziyaada hai. Wallahu Aalam

Jarh-o-Taadeel Ke Aqwaal Ki Tehqiq:

Kisi raawi se mutaalliq mohaddiseen ke aqwaal-e-jarh-o-tauseeq se istidlaal ke liye zaroori hai ke jarh ya tasueeq ka wo qaul qaayal se ba-sanad-e-sahih saabit ho, ya qaayal ki kitab se naql kiya gaya ho.

Zahbi-e-Asar Allama Abdur Rahman Muallimi ﷫ farmate hain:

إذا زجد في الترجمة كلمة جرح أو تعديل منسوبة إلىٰ بعض الأئمة فلينظر أثابتة هي عن ذلك الإمام أم لا؟.

"Jab kisi raawi ke tarjuma mein jarh ya taadeel ka koi kalma baaz aimma ki taraf se mansoob mile to ye tehqiq zaroori hai ke wo us imam se saabit bhi hai ya nahi?". (At Tankeel: P250 [Al Maktaba al-Islami edition])

Zawaabi al Jirah wa Taadeel 'ضوابط الجرح و التعديل' ke muallif farmate hain: 'لا عبرة بجحر لم يصح إسناده إلى الإمام المحكى عنه' *"Is ajr ka koi etebaar nahi hai, jiski sanad us imam tak sahih na ho, jisse wo jarh manqool hai"*. (Zawaabit Al Jarh wa Taadeel: P38)

Yehi muallif aage likhte hain: 'لا يُقبل توثيق، لم يصح إسناده إلى الإمام المحكى عنه' *"Aisi tauseeq bhi qaabil-e-qubool nahi hogi, jiski sanad tauseeq karne waale imam tak sahih na ho"*. (Zawaabit Al Jarh wa Taadeel: P39)

Bana-baree'n hamne is kitab mein rijaal ke taaruf mein kisi Imam ke qaul se istidlaal karne se qabl is baat ki poori tasalli karli hai ke wo qaul qaayal se saabit hai, ya nahi. Aur saabit hone ki soorat hi mein hamne usse istidlaal kiya hai.

Is silsila mein hamari koshish ye rahi hai ke aimma ke aqwaal ko Tehzibeen[1] ya Meezaan waghaera se naql karne ke bajaae asal maraaje-o-masaadir[2] se naql kiya jaae. Chunache jin mohaddiseen ki kitabe'n dastiyaab thee'n, hamne unke aqwaal ko baraah-e-raast unki kutub se naql kiya hai aur jin mohaddiseen ki kitabe'n dastiyaab nahi, lekin unke aqwaal ko baaz mohaddiseen ne apni kitab mein sanad ke saath naql kiya hai. Jaise Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim, Al Kaamil li Ibne Adee, Taareekh-e-Baghdad lil Khateeb waghaera. To ye aqwaal pesh karne se pehle un kutub ke muallifeen se lekar qaaileen[3] tak ki sanad ki tehqiq karli gai hai. Aur sanad sahih hone ki soorat mein us qaul ko pesh kiya gaya hai. Phir kitab ke hawaale ke saath sanad ka darja bhi likh diya gaya hai.

Iske saath-saath *Tehzeeb ya Meezaan* waghaera mei manqool wo aqwaal, jinhen un kutub-e-muallifeen ne saraahat ke saath kisi imam ki kitab se naql kiya hai ya kitab ki saraahat nahi ki hai, lekin is baat ke qaraain mile ke un aqwaal ko ba-raah-e-raast aimma ki kutub se naql kiya gaya hai. Ham ne un aqwaal se bhi hujjat pakdi hai. Agarche un qaaileen ki kitabe'n hamko nahi milee'n, ya kitabe'n to milee'n, magar un mein ye aqwaal nahi mile.

Kyounke us baare mein raajeh yehi hai ke un aimma ne jab mutaqaddimeen[4] ki kutub se naql kar diya hai to kitab se naql-karda baat par etemaad karna chaahiye. Fazilatush Shaikh Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله ne bhi apne muqaddama ke akheer mein bar-sabeel-e-tazkirah[5] ghaaliban isi baat ki wazaahat ki hai.

Chunache is kitab ke P437 par ham ne Momil bin Ismail se mutaalliq Imam Saaji ki jarh ko saabit maana hai, jabke us jarh ke liye na to saraahatan Imam Saaji ki kitab ka hawaala hai aur na uski sanad hi mazkoor hai. Lekin choonke deegar qaraain batlaate hain ke naaqileen

[1] T: Imam Mizzi ki Tehzeeb-ul-Kamaal, Imam Ibne Hajar Asqalani ki Tehzeeb-ut-Tehzeeb aur Taqreeb-ut-Tehzeeb waghaera [RSB]
[2] T: (مَراجِع) Kisi baat ya cheez ke hawaale ke taur par pesh karda, maraaje-o-masaadir [RKT]
[3] T: (مَصادِر) Islaah tehqeeq, kutub-e-hawaala, aur maakhaz (Book references and sources) [RKT]
[4] T: (مُتَقَدِّمِین) Daur-e-awwal/pehle ke ulama, aimma aur salaf [RSB]
[5] T: (بَر سَبِیلِ تَذْکِرَہ) Yaad-dahaani ke taur par [RSB]

ne Imam Saaji ki kitab hi se inke aqwaal naql kiye hain. Is liye Imam Saaji se manqool aqwaal motabar hain. Yehi maamla Imam I'jli aur baaz deegar aimma ke aqwaal ke saath bhi apnaaya gaya hai.

Albatta jahan bhi kisi khaas qaul ke baare mein aise ishaare mile'n ke wo kitab se manqool nahi hai, ya kitab hi se manqool hai, magar naql mein ghalati hui hai. To khaas aise qaul ko ham ne rad kar diya hai. Masalan: Tehzeeb waghaera mein Momil bin Ismail se mutaalliq Imam Bukhari se *Munkar-ul-Hadees* hone ki jo jarh manqool hai, wo durust nahi. Kyounke deegar dalaail se yehi maaloom hota hai ke us qaul ko naql karne mein ghalati hui hai.

Iske bar-aks Tehzeeb-ul-Kamaal waghaera ke jin aqwaal ke baare mein is baat ka suboot ya ishaara nahi mila ke ye aqwaal, qaaileen ki kutub se manqool hain. Balke is baat ka ehtemaal qawi maaloom hua ke ye aqwaal sanwi maraaje' se manqool hain aur asal sanad na-maaloom hai.

Neez ye aqwaal khud qaaileen ya deegar aimma-e-fann ke saabit-shuda aqwaal ke muaariz[1] hain, to aise aqwaal na-qaabil-e-qubool samjhe gae hain. Mohaddiseen se bhi is tarz-e-amal ka suboot milta hai. Masalan:

۞ Kutub-e-Rijaal mein Imam Abu Dawood ke bete se mutaalliq Imam Abu Dawood se kazzab hone ki jarh manqool hai, lekin choonke ye qaul bada ajeeb-o-ghareeb hai aur deegar mohaddiseen ke saabit-shuda aqwaal ke khilaaf hai, is liye Imam Zahbi ne kaha:

ولعل قول أبي داود لا يصح سنده، أو كذاب في غير الحديث.

"*Shayad Abu Dawood ke qaul ki sanad sahih nahi hai, ya wo hadees ke awaala deegar maamle mein kazzab hai*". (Taareekh al Islam: V7 P510 (Basshar edition); At Tankeel Bimaa Fee Ta-neeb al Kausari Minal Abateel: V2 P158)

۞ Imam Zahbi رحمه الله ek (1) muqaam par Ibne Maeen se manqool ek qaul ko rad karte hue kehte hain:

وقال الأزدي: قال ابن معين: ضعيف. كذا نقله أبو العباس النباتي، ولم يسنده الأزدي عن يحيى، فلا عبرة بالقول المنقطع.

---

[1] T: (مُعارِض) Mukhaalif, muqaabil [RKT]

“*Azdee ne kaha ke Imam Ibne Maeen ne kaha: Ye raawi zaeef hai. Isi tarah Abul Abbas an Nabaati ne naql kiya hai. Lekin Azdee ne Ibne Maeen se is qaul ki sanad bayan nahi ki, is liye munqate qaul ka koi etebaar nahi*”. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V3 P416 [Al Bajaawi])

۞ Ek raawi se mutaalliq Ibne Maeen ki jarh saabit thi, lihaaza uske muaariz Ibne Maeen se tauseeq ke qaul ko zaeef us-sanad hone ki wajah se Imam Zahbi ﷫ ne rad karte hue kaha:

وكذالك لا يفرح عاقل بما جاء بإسناد مظلم عن يحيىٰ الن بدر قال: قال يحيىٰ بن معين: أبو هدبة لا بأس بن ثقة. فهذا القول باطل، فقد قال إبراهيم بن عبدالله بن الجنيد: سمعت يحيىٰ بن معين، وسئل عن أبي هدبة فقال: قدم علينا هاهنا، وكتبنا عنه عن أنس، ثم تبين لنا أنه كذاب خبيث.

“*Isi tarah koi bhi aaqil shakhs is qaul se khush nahi ho sakta. Jo ek tareek us sanad se Yahya bin Badar ke waasta se Ibne Maeen se manqool hai, ke unho’n ne kaha* ‘أبو هدبة لا بأس به ثقة’ *ye qaul baatil hai, kyounke Ibnul Junaid ne kaha hai ke maine Abu Hadba ke baare mein pooche jaane par Ibne Maeen ko kehte hue suna hai ke ye hamare paas yahan aaya tha aur hamne isse Anas ki riwayaat likhee’n. Phir hamen pataa chalaa ke ye bahut bada jhoota aur khabees hai*”. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V1 P72 [Al Bajaawi])

۞ Imam Ahmad bin Saaleh Misri ke baare mein *Tehzeeb-ul-Kamaal* waghaera mein Ibne Maeen ﷫ se kazzaab hone ki jarh manqool hai. Usko rad karte hue Haafiz Ibne Hajar ﷫ farmate hain:

لم يصح طعن يحيىٰ بن معين فيه.

“*Unke baare mein Ibne Maeen ﷫ ka taan*[1] *saabit nahi hai*”. (Muqaddama Fath-ul-Baari: P460)

۞ Ibrahim bin Suwaid Nakhai ke baare mein Ibn al-Jauzi ﷫ ne kaha hai ke Imam Nasai ne use zaeef kaha hai. (Al Mauzuaat laa Ibn al-Jauzi: V1 P35 [Al Qaazi]) Ibn al-Jauzi ki paerawi mein Imam Zahbi ﷫ ne bhi ye tazeef[2] *Meezaan* mein naql kardi hai. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V1 P37 [Al Bajaawi])

---

[1] T: (طَعْن) Kisi raawi par jarh (tanqeed) karna, raawi ki adaalat (aadil hone) mein khaami nikaalna, raawi ko kamzor ya ghair-motabar qaraar dena [RSB]

[2] T: (تَضْعِيف) Zof, kamzori [RKT]

Lekin, choonke Imam Nasai se unki tauseeq saabit-shuda hai, is liye Haafiz Ibne Hajar ؒ ne Imam Ibn al-Jauzi ؒ aur Imam Zahbi ؒ ke naql-karda us qaul ko rad karte hue kaha:

إبراهيم بن سويد النخعي ثقة، لم يثبت أن النسائي ضعيفه.

"*Ibrahim bin Saeed Nakhai siqa hai aur Imam Nasai se saabit nahi ke unho'n ne use zaeef kaha hai*". (Taqreeb: P184)

Saeed bin Khaalid bin Abdullah bin Qaariz al-Qaarzi ke baare mein Imam Mizzi ne *Tehzeeb-ul-Kamaal* (V10 P405) mein aur Imam Zahbi ne *Al Kasshaf* (V1 P434) mein naql kiya hai ke Imam Nasai ne unhe'n zaeef kaha hai. Choonke Imam Nasai se unki tauseeq saabit-shuda hai, is liye Haafiz Ibne Hajar ؒ ne kaha:

وقال النسائي في الجرح والتعديل: ثقة. فينظر في أين قال: إنه ضعيف؟.

"*Imam Nasai ne jarh-o-taadeel mein use siqa kaha hai. Is liye dekha jaae ke Imam Nasai ne use zaeef kahan kaha hai?*". (Tehzeeb-ut-Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P18 [Beirut])

Al Gharz, *Tehzibeen* aur *Meezaan* waghaera mein naaqideen se jarh-o-taadeel ke jo aqwaal manqool hain, wo sab ke sab aimma-e-mutaqaddimeen ki kitabo'n hi se maakhuz nahi. Balke baaz to qaaileen ki kitabon se naql kiye gae hain. Jabke baaz ka maakhaz qaaileen ki kitabo'n ke alaawa deegar wo kutub hain, jin mein sanad ke saath ye aqwaal marwi hain aur ye sanade'n zaeef bhi ho sakti hain. Is liye jahan is qabeel[1] ke aqwaal deegar qawi-tar aqwaal ke muaariz ho'n aur tatbeeq[2] ki soorat na ho to ye aqwaal na-qaabil-e-hujjat honge. Albatta jahan taaruz ki soorat nahi hai. Waha'n in aqwaal se ehtijaaj mein koi harj nahi hai. Kyounke deegar saabit-shuda aqwaal unke muaiyyad[3] honge. *Wallahu Aalam*

---

[1] T: (قَبِيل) Qism, giroh, silsila, sort, kind, category [RKT]
[2] T: (تَطبِيق) Muwaafaqat, mutaabaqat, baraabar karna [RKT]
[3] T: (مُؤَيَّد) Jis ki taaeed ki jaae, jis ki himaayat ki jaae [RKT]

Jarh-o-Taadeel Aur Jamhoor:

Jarh-o-Taadeel mein agar taaruz ho, to baaz haalaat mein jamhoor ka qaul muqaddam[1] hoga. Magar hamesha ya umooman jamhoor ke qaul ko muqaddam karne waali baat hamari nazar mein durust nahi. Ham ne Fazilatush Shaikh Dr. Wasiullah Abbas حفظه الله se liye gae interview mein ye sawal bhi poocha tha. Jiske jawab mein aapne bhi yehi kaha tha: "*Voting waala ye usool durust nahi hai!!*".

Hamari nazar mein us taaruz ke hal ki mukhtalif soorate'n hain, jinki tafseel ka ye mauqa nahi. Us baare mein baaz ahle ilm ne mustaqil kitabe'n bhi likhi hain. Hamari is kitab mein jahan aisi naubat aai hai, waha'n kisi bhi qaul ki tarjeeh ke wujooh zikr kar diye gae hain.

Momil bin Ismail aur Simaak bin Harb ke silsila mein ham ne saabit kiya hai ke jamhoor ne unhe'n siqa kaha hai. Ye ek izaafi jawab hai. Isse kisi ko ye ghalat-fehmi nahi honi chaahiye ke hamare nazdeek kisi ke siqa hone ki liye zaroori hai ke jamhoor se uski tauseeq saabit ho.

Zimni-tauseeq:

Zimni-tauseeq se hamari muraad ye hai ke mohaddiseen kisi hadees ki sanad ki tasheeh ya tehseen kare'n to ye un mohaddiseen ki taraf se us sanad ke tamaam ruwaat ki tauseeq hoti hai. (Dekhiye P425-426)

Lekin yaad rahe ke ye qaaeda-kulliya nahi hai, balke ye bhi mumkin hai ke zaeef raawi par mushtamil sanad ko mohaddiseen shawaahid ya mutaaba-aat ki wajah se sahih ya hasan kahe'n. Ya sahih-o-hasan kehne mein kisi se tasaahul[2] bhi ho sakta hai. Is liye jahan is tarah ke ishaare mil jaae'n, waha'n ham is tarah ki tauseeq ko hujjat nahi samajhte.

---

[1] T: (مُقَدَّم) Pehle waali, tarjeeh dena, doosro'n se afzal hona [RSB]

[2] T: (تَساہُل) Ghaflat, be-parwaai, susti [RKT]

Mudalliseen Ke Tabaqaat:

Mudalliseen ke baare mein mohaddiseen ne jo tabaqaat bayan kiye hain, uski riaayat[1] zaroori hai. Chunaache jin mudalliseen ke baare mein ye maaloom ho, ke unho'n ne shaaz-o-naadir hi tadlees ki hai. Khwaah siqaat se ya zuafa se, to aise mudalliseen ka ananah[2] maqbool hoga. Illa ye ke kisi khaas ananah mein tadlees ka suboot mil jaae. Ya deegar dalaail uski taraf ishaara kare'n. Is tarah ke mudalliseen tabqa-e-oola ya tabqa-e-saniya mein shumaar honge, jinka ananah aam haalaat mein maqbool hoga.

Seene par haath baandhne se mutaalliq Sahih Ibne Khuzaima ki jo hadees hai, us par Sufyan Sauri رحمه الله ke ananah ki wajah se eteraaz durust nahi hai. Kyounke Sufyan Sauri رحمه الله bahut kam tadlees karne waale hain, kitab ke andar is silsila mein qadre tafseel bayan ki gai hai. (Dekhiye P258-303)

Lekin jin mudalliseen ke baare mein ye tae ho jaae ke wo ba-kasrat tadlees karte hain, to aise mudalliseen ka ananah maqbool nahi hoga. Jab tak ke samaa'[3] ki saraahat[4] ya mutaba-aat[5] na mil jaae. Is tarah ke mudalliseen tabqa-e-saalisa ya uske baad ke tabaqaat mein shumaar honge.

❁ Imam Ali bin al-Madeeni رحمه الله (d 234h) mudallis ke baare mein farmate hain: 'إذا كان الغالب عليه التدليس فلا، حتى يقول: حدثنا' *"Jab tadlees us par ghaalib aajaae, tab to wo hujjat nahi. Yahan tak ke wo tahdees (simaa) ki saraahat kare"*. (Al Kifaayah lil Baghdadi: V2 P387 [Sanad sahih])

Imam Ali bin al-Madeeni ka ye qaul is silsila mein bahut hi waazeh aur sareeh hai, ke har mudallis ka ananah rad nahi hoga, balke sirf kaseer-ut-tadlees mudallis ka ananah hi rad hoga aur qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah maqbool hoga.

---

[1] T: (رِعايَت) Meherbaani, paas-o-lihaaz, murawwat, tarafdaari [RKT]
[2] T: (عَنْعَنَه) Kisi riwayat ko an (عن) falaa'n an (عن) falaa'n keh kar bayan karna [RKT]
[3] T: (سماع) Kisi raawi ka apne Shaikh se hadees ka ba-raah-e-raast sunna [RSB]
[4] T: Samaa' ki saraahat se muraad hogi: Raawi ke liye zaroori hai ke wo saabit kare ke usne mazkoora hadees apne shaikh se ba-raah-e-raast suni hai [RSB]
[5] T: (مُتابَعَت) Paerawi, ittiba, taabedaari, farmabardaari [RKT]

ﷺ Imam Bukhari (d 256h) farmate hain:

ولا أعرف لسفيان الثوري عن حبيب بن أبي ثابت، ولا عن سلمة بن كهيل، ولا عن منصور. وذكر مشايخ كثيرة، لا أعرف لسفيان عن هؤلاء تدليسا، ما أقل تدليسه!.

"*Sufyan Sauri ki Habeeb bin Abi Saabit, Salama bin Kuhael aur Mansoor se aur kai mashaaikh ka zikr kiya aur kaha ke Sufyan Sauri ki unse tadlees main nahi jaanta, unki tadlees bahut kam hai*". (Tehzeeb-ut-Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P18 [Beirut])

Sufyan Sauri ke baare mein Imam Bukhari ka ye bayan bhi isi baat ki daleel hai ke *qaleel-ut-tadlees* ka ananah maqbool hoga. (Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P318 [ezan: P325-327])

ﷺ Imam Muslim (d 261h) farmate hain:

إذا كان الراوي ممن عرف لالتدليس في الحديث، وضهر به، فحينئذ يبحثون عن سماعه في روايته، ويتفقدون ذلك منه كي تنزاح عنهم علة التدليس.

"*Jab raawi un logon mein se ho jo tadlees mein maaroof hain aur ye kaam karne mein wo mashoor hain, to aisi soorat mein mohaddiseen unki riwayaat mein samaa' ki talaash aur justajoo karte hain. Taake unse tadlees ki illat door ki ja sake*". (Muqaddama Sahih Muslim: V1 P32)

Imam Muslim ka ye qaul bhi is baare mein sareeh hai ke *qaleel-ut-tadlees* mudallis raawi ka ananah maqbool hoga aur *kaseer-ut-tadlees* ke ananah mein samaa' ki saraahat talaash ki jaaegi.

Fann-e-Hadees ki in azeem hastiyo'n ki tasrihaat se roz-e-raushan ki tarah ye ayaan ho jaata hai ke har mudallis ke saath yaksaa'n sulook nahi kiya jaaega. Balke *qaleel-ut-tadlees* aur *kaseer-ut-tadlees* mein farq kiya jaaega. Isi wajah se kai mohaddiseen ne mudalliseen ke tabaqaat banaae hain aur roo-e-zameen ke kisi bhi mohaddis ki taraf se mudalliseen ki tabaqaati taqseem par eteraaz nahi kiya gaya hai. Jo is baat ki daleel hai ke yehi manhaj mohaddiseen ke yahan raajeh-o-maqbool hai.

Jo hazraat *qaleel-ut-tadlees* mudallis ke ananah ko bhi muzir[1] qaraar

[1] T: (مُضِر) Ghair-mufeed, nuqsaan pohonchane waala [RKT]

dete hain, wo sahihain ki un ahadees par bhi khat-e-tazeef kheench rahe hain, jis mein *qaleel-ut-tadlees* raawi ka ananah maujood hai. Is shubha ke izaale mein ye hazraat ye qaaeda batlaate hain ke sahihain mein mudallis ki muan-an[1] riwayaat samaa' par mahmool hoti hain. Lekin unhe'n kaun batlaae ke ye qaaeda *kaseer-ut-tadlees* mudalliseen ki muan-an riwayaat se mutaalliq hai. Rahi *qaleel-ut-tadlees* mudallis ki muan-an riwayaat to sahihain mein unse ehtijaaj is bina par hai ke wo mohaddiseen ke yahan maqbool hoti hain.

Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) farmate hain:

الثانية: من احتمل الأئمة تدليسه، وأخرجوا له في الصحيح لإمامته و قلة تدليسه في جنب ما روى كالثوري.

"*Doosra tabqa in mudalliseen ka hai, jinki tadlees ko mohaddiseen ne bardasht kiya hai aur unki ahadees ko apni 'Sahih, mein riwayat kiya hai. Unki imamat aur inki marwiyaat mein qilaat-e-tadlees ki wajah se jaise (Imam) Sauri hain*". (Tabaqaat al Mudalliseen li Ibne Hajar: P13 [Al Qaryooti])

Haafiz Ibne Hajar ﷫ ki is wazaahat se maaloom hua ke *ashaab-us-sahih* yaane Sahih Bukhari aur Sahih Muslim aur deegar Sahih ke muallifeen ne Sufyan Sauri aur un jaise mudalliseen ki jo muan-an riwayaat apni sahih mein darj ki hain, to is wajah se unki *qillat-e-tadlees* ke sabab unka ananah maqbool hai. Neez dekhe'n Fathul Mughees bi Sarha Alfiyah al Hadees. (V1 P233)

Dr. Awad al-Khalf ne sahihain ke mudalliseen par 2 kitabe'n likhi hain. Dono mein unho'n ne sirf *kaseer-ut-tadlees* mudalliseen ke ananah hi ka jawab diya hai. (Riwayaat al Mudalliseen Fee Sahih Bukhari; Riwayaat al Mudalliseen Fee Sahih Muslim)

Is tafseel se maaloom hua ke jo shakhs har mudallis ke ananah ki asalan qaadih[2] samajhta hai, wo sahihain mein maujood *qaleel-ut-tadlees* mudalliseen ki ahadees par bhi sawaaliya nishan laga raha hai!!

---

[1] T: (مُعَنْعَن) Wo hadees jo aese logon se suni gai ho jin ka silsila riwayat mein mazkoor na ho aur silsila-e-riwayat ko an (عن) laga kar naql kiya gaya ho. Wo hadees jiki riwayat falaa'n bin falaa'n ke alfaaz se ki gai ho aur saraahat se samaa' ka zikr na ho [RKT]

[2] T: (قادِح) Buraai aur aeb nikaalne waali [RKT]

Usool-e-hadees se mutaalliq ye chand baate'n thee'n, jinki wazaahat munaasib samjhi gai.

Usool-e-hadees ke mabaahis ko samajhna aam logon ke liye mushkil hota hai. Is liye kitab mein un mabaahis ko asaan se asaan usloob mein pesh karne ki koshish ki gai hai.

Allah Rabbul Alameen ka lakh-lakh shukr hai, jiske fazl-o-karam se ye kaam paaya-e-takmeel [1] ko pohoncha. Allah Rabbul Alameen un tamaam hazraat ko jazaa-e-khair de, jinho'n ne is silsila mein raaqim se kisi tarah bhi ta-aawoon kiya aur hausla-afzaai farmai.

Fazilatush Shaikh Allama Irshad-ul-Haq Athari حفظہ اللہ ka main khusoosi shukriya adaa karta hoo'n ke aan-mohtaram[2] ne apni goona-goo'n[3] masrufiyaat ke bawujood bhi na-cheez ki hausla-afzaai ki aur intihaai ahem maalumaat par mushtamil qeemati muqaddama tehreer farmaya. Allah Rabbul Alameen aapki umr mein barkat de aur ummat-e-muslima ko aapke uloom-o-maarif se mazeed faaeda pohonchaae. Ameen.

Yahan ye wazahat bhi munasib maaloom hoti hai ke is kitab mein na-cheez ne aapki bahut saari tehreero'n se bhar-poor istifaada kiya hai. Bil-khusoos Musannaf Ibne Abi Shaiba ki riwayat par bahes ka aksar hissa aaphi ki tehreero'n se mustafaad hai. *Jazallahu Khaira A'an Jamee al-Muslimeen*

۞ Neez, Fazilatush Shaikh Mehfooz ur Rahman Faizi حفظہ اللہ ka bhi tahe-dil se shukr-guzaar hoo'n. Aap ilmi duniya mein bil-khusoos ilm-e-hadees mein jaani pehchaani shakhsiyat hain. Aapne apni umr-e-aziz ka bahut bada hissa ilm-e-hadees ke mutaala-a-o-tadrees mein guzaara hai. Hamne muraaja-at ke liye aapki khidmat mein bhi kitab ka ek nuskha irsaal kiya tha.

Aapne apni tamam-tar masrufiyaat ke bawujood kitab ka poora musawwada padha aur jis mohabbat aur shafqat se kai muqamaat par hamari islaah ki hai, use mehsoos karke un talaba par rashk aata hai,

---

[1] T: Anjaam [RSB]
[2] T: (آں محترم) Wo izzat waale aur qaabil-e-ehteraam [RSB]
[3] T: (گونا گوں) Tarah-tarah ka, mukhtalif qism ka, diverse [RKT]

jinko aapse talammuz ka sharf mila hai. *Jazallahu Khaira wa Baarik Fee Ilmihi wa Maarifah*.

۞ Mufakkir-e-Jamaat, Sultan-ul-Qalam Fazilatush Shaikh Abdul Muyeed Madani حفظه الله ka bahut-bahut shukr-guzaar hoo'n. Aap ilm-o-fann ki duniya mein kisi taaruf ke mohtaaj nahi hain. Na-cheez ki khush-qismati hai ke pichle 7 saal se aapse mulaqaat aur talammuz ka silsila jaari hai. Aapki majaalis mein shirkat ki poori koshish hoti hai aur aapse istifaada karne ke liye har mauqa ki talaash rehti hai.

۞ Munazir-e-Jamat Fazilatush Shaikh Razaullah Abdul Kareem Madani حفظه الله ki hausla-afzaai par az-had shukr-guzaar hoo'n. Aapse phone aur mulaqaat ke zariye se musalsal istifaada hota rehta hai. Allah Rabbul Alameen aapki hifaazat farmaae, daawat-e-deen ki raah mein aapki masaai ko qubool farmae aur ummat ko aapke qalam-o-lisaan se mazeed nafa pohonchaae. Ameen.

۞ Fazilatush Shaikh Abdus Salam Salafi حفظه الله Ameer Subai Jamiat-e-Ahle Hadees Mumbai, ka bhi shukr-guzaar hoo'n. Allah Rabbul Alameen jamiat-o-jamat ki raah mein aapki khidmaat qubool farmae. Ameen.

۞ Biraadar-e-aziz Shaikh Sarfaraz Faizi, Mohtaram Abul Meezaan aur Biraadar Abu Zaid Zameer *hafizahullahi alaihim* ka bhi shukr-guzaar hoo'n. *Jazahumullah Khaira wa Afzalul Jaza*.

۞ Isi mauqa par zaroori samajhta hoo'n ke wo azeem shakhsiyaat Maulana Abdul Haq Salafi رحمه الله aur Maulana Muhammad Ameen Riyazi حفظه الله ka bhi shukriya adaa karoo'n. Jinho'n ne Mumbai mein kitab-o-sunnat ki daawat aur manhaj-e-salaf ki nashr-o-ishaa-at mein be-misaal khidmaat anjaam di hain. Ye dono buzurg ek taweel arsa tak Ahle Hadees Mumbai, ke ameer rahe hain. Ahle Hadeesaan-e-Mumbai ki taareekh likhne waala kabhi in dono shakhsiyaat ki masaai-e-jameela ko faramosh nahi kar sakta.

Mumbai mein qadam rakhne ke baad in dono shakhsiyaat ne meri taaleem-o-tarbiyyat par jo khusoosi tawajjo di hai, us par main taa-umr unke liye dua-go rahoonga.

Maulana Abdul Haq Salafi رحمه الله hamesha meri rehnumaai karte rahe, mere har kaam aur sargarmi par nazar rakhte the. Unke daant-dapat mein jo pyaar hota tha, wo auro'n ki mohabbat mein bhi mehsoos nahi hota. Maulana ne mujhe apni zaati library se istifaade ke liye mukammal azaadi di, jo mujh par maulana ka bahut bada ehsaan tha. Maulana ne kai mauzuaat par mujhe likhne ka hukm diya. "*Chaar (4) Din Qurbani Ki Mashrooiyat*" naami kitab maulana hi ke hukm se likhi gai thi aur uske liye maraaje-o-masaadir ki kai kitabe'n maulana ne khud faraaham ki thee'n. Uski pehli tabaa-at maulana ki zindagi mein hui thi. Guzishta saal baaz izafaat ke saath uska doosra edition bhi chap chuka hai aur ab uska teesra edition bhi jald hi pesh karne ka iraada hai.

Maulana ne har maah ki sunan-o-bidaat par kitab likhne ki zimmedaari bhi mujhe sonpi thi, lekin maulana ki zindagi mein us silsila ki sirf do (2) hi kitabe'n likh saka. Ek "*Maahe Safar Ki Nahoosat*" jo Madrasa Rahmania Salafiyya, Mumbai se matbu hai. Aur doosri "*Maahe Shawwal Aur Sunan-o-Bidaat*" Jo ab tak ghair-matbu hai. Us silsila mein teesri kitab "*Maahe Rabi-ul-Awwal aur Bidaat-o-Khurafaat*" zer-e-tarteeb hi thi, ke usi dauraan mein achaanak maulana ka intiqaal ho gaya. Allah Rabbul Alameen aapki maghfirat farmae aur Jannat-ul-Firdaus mein jagah de. Ameen.

Maulana Abdul Haq Salafi رحمه الله hi ne mujhe Maulana Muhammad Ameen Riyazi حفظه الله ke idaare Kulliya Umme Salama al-Athariyya mein ba-haisiyyat-e-ustaaz bheja tha. Yahaa'n aane ke baad ek doosri shakhsiyat mili, jisne meri ilmi sarparasti ki. Ilmi ta-aawoon aur kitabo'n ki faraahmai mein Maulana Riyaazi bhi kaafi fiyyaaz the. Maine chand arbi kutub ki farmaaish ki to Maulana ne fauran mangwaadi. Balke ye bhi keh diya ke jis kitab ki bhi zaroorat mehsoos karo, use khareed lo. Idaara uska kharch de-dega. Kuch dino'n ke baad maine Allama Albani رحمه الله ki kitab ki farmaaish ki, to maulana ne thode hi arsa baad Allama Albani رحمه الله ki tarqriban tamaam kutub mangwaa dee'n. Balke unhe'n rakhne ke liye kai nai almariyaa'n bhi faraaham kar dee'n. Phir usi par bas nahi, balke maulana ke paas agar kahee'n se hadiyatan koi kitab aati to aap use bhi mere hawaale kar dete. Is tarah kuch hi arsa baad waha'n acchi-khaasi kitabe'n jama ho kar poori library taiyyaar ho gai. Phir ham ne use Tooba

Library ka naam diya. Jo ab bhi us idaare mein maujood hai aur aaj tak usse istifaada jaari hai.

Maulana Riyazi ke aur bhi mujh par kai ihsaanaat hain, Allah Rabbul Alameen aapko apne hifz-o-amaan mein rakhe, sehat-o-tadrusti ataa farmae aur aapki khidmaat ko qubool farmae. Ameen.

Yehi do (2) buzurg hain, jinke zer-e-saaya ek lambi muddat tak na-cheez ne tarbiyyat paai hai. Ab zabaan-o-qalam mein jo bhi jumbish[1] hai, wo inhee'n ki sarparasti aur inaayat ka natija hai.

Qaraeen se guzarish hai ke dauraan-e-mutaala-a kitab mein kisi bhi laghzish par aagaah ho'n to mujhe usse muttale kare'n, ham apni islaah ki poori koshish karenge. In sha Allah.

Abul Fauzaan Kifayatullah Sanabili

---

[1] T: (جُنْبِش) Harkat, halchal, hilna-julna [RKT]

بسم الله الرحمان الرحيم

Muqaddama:

Fazeelatush Shaikh Irshd-ul-Haq Athari حفظه الله

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، وعلى آله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين. أما لعد:

Aimma kiraam-o-fuqaha-e-azzaam رحمہم اللہ ke ma-baen jin fiqhi masaail mein ikhtilaaf hai, un mein se ek masla namaz mein haath baandhne ke baare mein hai. Ke haath seene par, uske neeche naaf ke oopar ya naaf ke neeche baandhe jaae'n.

Imam Tirmizi ne mujmal taur par farmaya hai ke: "*Baaz hazraat naaf ke oopar aur baaz naaf ke neeche baandhne ke qaayal hain. Unke nazdeek us mein tawasso*[1] *hai*". Yaane jahan bhi haath bandh leejiye durust hai. Magar baaz hazraat ne naaf ke neeche haath baandne ko tarjeeh di hai. Baaz ne naaf se oopar aur baaz ne seene par haath baandhne ko tarjeeh di hai. Fuqaha-e-kiraam mein Imam Ishaq bin Rahwiya رحمہ اللہ ka yehi mauqif hai, chunaache Imam Ishaq bin Mansoor al-Kosaj ne "*Masaail al Imam Ahmad-o-Ishaq bin Rahwiya*" mein sawal Number 3468 ke tahat zikr kiya hai "*Imam Ishaq* رحمہ اللہ *apne haath pistann par ya pistano'n se neeche rakhte the*". (V2 P591)

Baaz Ahle ilm ne seene par haath baandhne ka zikr Imam Shafai رحمہ اللہ se bhi naql kiya hai. Saahib-e-Hidaya Allama Marghinani رحمہ اللہ ne Imam Shafai ka yehi mauqif zikr kiya hai. Hidaya ki mashoor sharah Fathul Qadeer li Ibn al-Hamam hai. Jis par Allama Abul Hasan Muhammad bin Abdul Haadi as-Sindi al0Madani ka, jo Abul Hasan Kabeer se jaane pehchaane jaate hain, haashiya hai. Unho'n ne Sahih Bukhari, Musnad Ahmad, Sahih Muslim, Sunan Nasai, Sunan Ibne Majah waghaera par bhi hawaashi raqm kiye hain.

Usi Fathul Qadeer ke hahisya mein unho'n ne likha hai ke naaf ke neeche haath baandhne ki koi daleel saabit nahi, jabke seene par haath baandhna hi sahih hai. Yehi kuch unho'n ne Sunan Ibne Majah ke

---

[1] T: (تَوَسُّع) Kushaadgi, faraakhat, wusat, gujaaish [RKT]

haashiya mein bhi likha hai.

Allama Abul Hasan Sindhi marhoom ka amal bhi usi par tha aur wo namaz mein mawaze salaasa[1] mein raful yadain bhi karte the. Unke ye likhne aur amal karne par bahut se unke hanafi talaamiza ne bhi usi par amal shuru kiya. To us par ek hangama khada ho gaya. Hatta ke usi "*jurm*" ki paadaash mein *Qazi* ne unhe'n jail bhijwa diya. Jail hi mein usi tariqe par namaz padh rahe the aur oopar chadar odhe hue the ke *Qazi* ke intiqaal ki khabar kaano'n mein padi to namaz hi mein chadar utaar di.

Ye saari dil-kharash dastan unke talmeez Allama Muhammad Abid Sindhi ﷺ ne "*Taraajim ush Shuyookh*" mein zikr ki hai aur usi ke hawaale se Hazrat Syed Rushdullah Shah ar-Raashidi Peer of Jhanda ne *"Maslak al-Insaaf"* mein aur Shaikhi-o-Sayyadi Allama Abu Muhammad Badiuddin Shah ar-Raashidi ne *"At Taaleeq al Mansoor Aala Fathul Ghafoor"* mein likhi hai.

Allama Abul Hasan Sindhi ke is iqdaam-e-"*jurm*" par jo nakeer hui, wo un rasaail mein dekhi ja sakti hai. Jo unke mauqif ki tardeed mein likhe gae. Chunache sabse pehle us par Allama Muhammad Hashim Sindhi ne "*Dirham as-Sirrah fi Wad' al-Yadayn Taht al-Surrah*" ke naam se risaala likha. *Dirham as-Sirrah* ke jawab mein Allama Abul Hasan Sindhi ke talmeez-e-rasheed Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne 2 risaale likhe. Ek ka naam to maaloom na ho saka, albatta doosra risaala "*Durrah fi Izhhar Ghush Nuqd al-Sirrah*" ke naam se likha. Jo unho'n ne Apne Shaikh Allama Abul Hasan ﷺ ki muraaja-at-o-mashwara se likha tha. Un dono'n ka jawab phir Allama Muhammad Hashim ne likha. Pehle risaale ka jawab "*Tarsee ad-Durrah Alaa Dirham as-Sirrah*" ke naam se aur doosra "*Miyaar an-Nuqqad Fee Tamaiyyiz al-Maghshoosh an al-Jiyaad*" ke naam se diya.

Ye qalmi rasaail Islamiya College, Peshawar ke maktaba mein paae jaate hain. Arsa hua is naakaara ne unka aks haasil kiya tha. Ab yehi rasaail

---

[1] T: (مَواضِع) Mauzoo ki jamaa, muqamaat, jaghe'n [RKT] Yahan ishaara Takbeer-e-terima, ruku se pehle aur ruku se baad waale raful yadain ki taraf ishaara hai [RSB]

Maulana Sher Ahmad Muneeb ki masaai[1] se zewar-e-taba' se aaraasta ho gae hain. Allama Hashim Sindhi ke baaz rasaail Dar al-Musannifeen, Azamgarh ke matkaba mein bhi mehfooz hain.

Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne "*Fath al-Ghafoor fi Wad' al-Aydi alaa al-Sudoor*" ke naam se ek mustaqil risaala likha, jiske kai edition taba' hue.

Fazeelat ad-Daktoor Muhammad Zia ur Rahman al-Aazmi ﷾ ki tehqiq-o-taaleeq se bhi ye risaala taba' hua hai aur syedi-o-murshadi Syed Badiuddin ar-Raashidi *noorullah marqadahu* ne *"At-Taaleeq al-Mansoor*" ke naam se is par bada mabsoot-o-mufassal haashiya likha hai. Jo taa-haal zerwar-e-taba' se aaraasta nahi hua. Taa-ham mustaqbil qareeb mein uske shaaya hone ki ummed hai. In sha Allah.

"*Fathul Ghafoor*" ka jawab Maulana Allama Muhammad Qaaim Sindhi ne diya, jiska naam padhiye.

فوز الكرام بما ثبت في وضع اليدين تحت السرة أو فوقها تحت الصدر عن الشفيع المظلل بالغمام عليه وعلى آله وصحبه وتابعيهم و علينا معهم أزكىٰ الصلاة وأنمى السلام.

"*Fauz al-Kiram bi-ma Sabata fi Wad' al-Yadain Taht as-Surra au Fauqaha Taht as-Sadr 'an ash-Shafi' al-Muzallal bil-Ghamaam 'Alaihi wa aala Aalihi wa Sahbihi wa Tabi'ihim wa Alaina Ma-aahum Azka as-Salati wa Anma as-Salam*". (Tabaqaat)

Ye risaala bada mufassal hai aur taa-haal taba' nahi hua. Iske baaz muqamaat mein bayaaz[2] hai aur uska ek natija is nakaara ke haath se likha maujood hai. Allama Muhammad Hashim Sindhi ho'n ya Allama Muhammad Qaaim sindhi. Unho'n ne Syedna Ali ﷛ ki riwayat mein Abdur Rahman bin Ishaq ke difa' ki jis usloob mein koshish ki hai, wo kisi ajoobe se kam nahi, jiski tafseel ka ye mahel nahi.

Abdur Rahman ke difa' ki tamaam-tar koshisho'n ke bawujood bil-aakhir ye tasleem kar liya gaya:

---

[1] T: (مَساعی) Koshishe'n, daud-dhoop, mehnate'n [RKT]
[2] T: (بَیاض) Kora, saaf, baghair likha [RKT]

ثم لا يخفى عليكم أنا لا نكتفي في الحتجاج على الوضع تحت السرة بحديث فيه علدالرحٰمن بن إسحاق، بل احتجاجنا بحديث وائل بن حجر المذكور في مصنف ابن أبي شيبة (معيار النقاد).

"*Tum par makhfi na rahe ke ham tahat as surah haath baandhne ke liye Abdur Rahman bin Ishaq ke waaste se marwi riwayat se istidlaal par iktifa nahi karte. Balke hamara istidlaal Syedna Waael bin Hujr ﷛ ki hadees se hai, jo Musannaf Ibne Abi Shaiba mein hai*". (Miyaar an-Niqaad)

Al Musannaf ki is riwayat par tamam-tar taraaniyo'n[1] ke bawujood ye dekhiye ke isi masla ke baare mein Allama Nemwi ﵀ ne bhi "*Ad-Durrah al-Garra Fee Wada' al-Yadain Tahat as-Surrah*" aur "*Aasaar as-Sunan wa Taaleeq al-Hasan*" mein bhi tafseelan bahes ki hai aur washigaaf[2] alfaaz mein tasleem kiya hai ke *Tahat as-Surrah* ke alfaaz ghair-mehfooz aur ba-etebaar-e-matan ke zaeef hain. (At Taaleeq al-Hasan: P71 [Multan edition]) Jisse Musannaf Ibne Abi Shaiba ki is iddiaai[3] riwayat ke ghubare se hawa nikal jaati hai.

Allama Abul Hasan Sindhi aur unke talmeez-e-rasheed Allama Muhammad Hayaat Sindhi ki tehqiqaat ka natija hai ke Allama Muhammad Hayaat ke maaroof shaagird aur barre-sagheer ke naamwar murshid-e-haq Hazrat Mazhar Jaan-e-Janaa'n Shaheed ﵀ ke "Mamulaat-e-Mazhariya" mein likha hai:

دست رابر سینہ می بستند و می فرمودند کہ ایں روایت ارجح است از روایاتِ زیرِ ناف، اگر کسے گوید کہ دریں صورت خلاف حنفیہ بلکہ انتقال از مذہب بمذہب لازم می آید۔ گویم بموجب قول ابی حنیفہ رحمہ اللہ "إذا صح الحديث فهو مذهبي" از انتقال در مسئلہ جزئی خلاف مذہب لازم نمی آید بلکہ موافقت در موافقت است.

"*Wo namaz mein seene par haath bandha karte the aur farmaya karte the ke seene par haath baandhne ki riwayat zer-e-naaf waali riwayat se arjah[4] hai aur kisi juzwi masla-e-mazhabi mein agar kisi sahih hadees ka khilaaf laazim aae to mazhab ke us juzwi masle ko tark kar dene ki Imam aali muqaam Abu Hanifa ﵀ ne wasiyyat farmai hai: "Jab hadees sahih*

---

[1] T: (تَرانی) Hifaazat karne waala, muhaafiz waghaera [RSB] Par yahan (تمام تر ترانیوں) ka matlab hoga: Itni koshish ke bawujood bhi [RSB]
[2] T: (واشِگاف) Saaf, khula hua, zaahir [RKT]
[3] T: (اِدِّعائی) Khyaali, mafrooza, farz kiya hua, tasleem kiya hua [RKT]
[4] T: (اَرْجَح) Qaabil-e-tarjeeh, pasandida [RKT]

ho to wohi mera mazhab hai". Is liye mukhalifat-e-mazhab laazim nahi aati, balkye ye khoob khoob muwaafaqat hai". (Maamulaat-e-Mazhariya ba-hawaala Khatimat al-Ikhtilaaf: P75)

Jisse is masle ke baare mein Hazrat Shaheed رحمه الله ke mauqif ko samjha ja sakta hai. Barre-sagheer Paak-o-Hind mein tark-e-taqleed aur sunnat ki tarweej mein ulama-e-Ahle Hadees 'كثرهم الله تعالى' ka bhi yehi mauqif hai aur wo isi par amal-paera hain. Isi mauzu par hamare ek hindi faazil Maulana Mohtaram Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili حفظه الله ne *Anwaar al-Badr Fee Waza' al Yadain Alaa al Sadar* ke naam se ek mufassal kitab shaaya ki hai. Jo ma sha Allah 580 safhaat mein phaeli hui aur is mauzu se mutalliqa tamaam mabaahis par saer-haasil[1] bahes par mushtamil hai.

Kitab ke 4 abwaab hain:

Baab-e-Awwal mein unho'n ne seene par haath baandhne ke suboot mein 6 marfoo ahadees aur 4 Sahaba Ikram رضي الله عنهم ke aasaar pesh kiye hain.

Baab-e-Duwwam mein naaf ke neeche haath baandhne ki ahadees-o-aasaar par bahes ki hai aur usi zimn mein Musannaf Ibne Abi Shaiba ke hawaale se bayan ki jaane waali hadees par badi tafseel se bahes hai, ke uska koi gosha tishna[2] nahi choda.

Albatta ye naakaara yahan ek baat kahe baghaer nahi reh sakta ke Allama al-Mizzi رحمه الله ho'n, Allama Ibn al-Jauzi رحمه الله ho'n, ya Allama Zahbi رحمه الله. Agar wo aimma mutaqaddimeen se koi naqd-o-jarh naql kare'n ya kisi ki tauseeq naql kare'n aur unke ye aqwaal agar unki mutadaawal[3] kitabo'n mein nahi milte to bila-wajha unse inkaar durust nahi. Us inkaar ka mantiqi natija hai ke ham Allama al-Mizzi رحمه الله waghaera se ziyaada mohtaat hain aur unho'n ne bila-suboot un aqwaal ka intisaab aimma kiraam ki taraf karke "*jurm*" ka irtikaab kiya hai. Ye be-etemaadi, balke bad-zani ﴿إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ﴾ ka misdaaq hai. Albatta agar unse manqoola aqwaal ke bar-aks unhee'n se koi qaul mil jaata hai to waha'n nazar-e-

---

[1] T: (سَیرِ حاصِل) Tasalli-bakhsh, itminaan-bakhsh, mufeed, faaedamand [RKT]
[2] T: (تِشْنَہ) Pyaasa, naaqis, na-mukammal [RKT]
[3] T: (مُتَدَاوَل) Raaej, murawwaj, aam, dast-ba-dast pohoncha hua, prevailing [RKT]

saani ki zaroorat hai aur use do (2) mukhtalif aqwaal par bhi mahmool kiya ja sakta hai. Ye baat bar-sabeel-e-tazkirah nok-e-qalam par aagai hai ke baaz hazraat is qism ki jasaarat kar guzarte hain, magar ye nakaara us usloob-e-fikr se ittifaaq nahi karta.

Allah Subhanahu wa Ta'ala hamen kitab-o-sunnat ka sahih faham naseeb farmaae. Sabeel-ul-Momineen[1] ka raah-roo[2] banaae aur aimma-e-salaf ke baare mein soo-e-zann[3] se bhi mehfooz rakhe.

Irshad-ul-Haq Athari
6/9/2014

[1] T: Momino ka raasta [RSB]
[2] T: (راہ رو) Raasta chalne waala, musaafir, raahi [RKT]
[3] T: (سُوءِ ظَن) Baddgumaani, badd-zani [RKT]

Taqrizaat Ulama-e-Paak-o-Hind

① Fazilatush Shaikh Haafiz Salahuddin Yusuf حفظه الله

Deen-e-Islam ki imaarat Quran-e-Majeed aur hadees-e-nabawi par ustuwaar hai. Jis tarah Quran-e-Majeed par imaan laae baghaer koi shakhs muslim nahi kehla sakta, usi tarah koi shakhs hadees-e-nabawi ﷺ par imaan laae baghaer bhi daaera-e-islam mein daakhil nahi samjha ja sakta. Bana-baree'n[1] hadees agar waaqai maakhaz-e-shariyat hai, yaane is mustaqil tashreei[2] aur taqneeni[3] hasiyat haasil hai aur (bila-shubha use ye muqaam aur haisiyat haasil hai) to phir har firqe ka apne zehni tahffuzaat aur makhsoos fiqhi istimbaat-o-ijtihaadaat ko ehmiyat dena aur hadees ko ba-lataaif-ul-heel[4] nazar-andaaz kar dena ya kisi na kisi khush-numa khana-saaz usool ke zariye se use mustarad kar dena, kis tarah mustahsan[5] qaraar diya ja sakta hai? Ya kis tarah use hadees-e-rasool ko maanna tasleem kiya ja sakta hai?

<u>Hadees Ke Baare Mein Mohaddiseen Ka Sahih Rawaiyya</u>:

Hadees-e-Rasool ko maakhaz-e-shariyat maanne ka matlab aur taqaaza to ye hai ke jo hadees, mohaddisaana usool-e-jarh-o-taadeel ki raushni mein sahih qaraar paae, use maan liya jaae. Aur jo zaeef qaraar paae, use na-qaabil-e-istidlaal tasleem kiya jaae. Mohaddiseen ka yehi usool aur manhaj hai aur yehi manhaj ya tarz-e-amal ummat-e-muslima ke baahami ikhtilaafaat ke khatam ya kam se kam karne ka waahid tariqa ya uska zaamin hai. Iske bar-aks ye rawaiyya ke sehat-e-sanad ke bawujood apni hi ya kisi makhsoos fiqhi raae hi ko maanna aur zaeef sanad ke bawujood use hi tarjeeh dena, ise na hadees-e-rasool ko maanna hi tasleem kiya ja sakta hai aur na us tariqe se fiqhi ikhtilaafaat aur hizbi taassubaat ka khatima hi mumkin hai.

Jabke zaroorat is baat ki hai ke musalman muttahid ho'n, fikr-o-amal ki yak-jahti unke andar paida ho aur dushman ke muqaable mein wo

---

[1] T: (بِنا بَرِیں) Is liye, is wajah se [RSB]
[2] T: (تَشْرِیعی) Sharai, wo umoor jo shariat se taalluq rakhte ho'n [RKT]
[3] T: (تقنینی) Qaanooni [RSB]
[4] T: (بَہ لَطائِفُ الحِیل) Acche acche bahaano'n ke saath [RKT]
[5] T: (مُستَحسَن) Pasandida, behtar, accha [RKT]

bunyaan-e-marsoos[1] ban jaae'n. Lekin aisa hona fiqhi ikhtilaafaat aur hizbi taassubaat ki shiddat khatam kiye baghaer mumkin nahi.

Ghair-Mohaddisaana Rawish Aur Uske Nuqsanaat:

Ye ghair-mohaddisaana rawaiyya, jisne ummat-e-waahida ko tukdo'n mein taqseem kar diya hai. Kin logon ne apnaaya hua hai aur kyoun apnaaya hua hai? Use chodne ke liye wo taiyyaar kyoun nahi hain? In teeno sawaalo'n ka jawab mundarja zel hai.

① Pehele Sawal Ka Jawab: Ye wo log hain, jinho'n ne mohaddiseen ki rawish se inhiraaf kiya hai. Jo khaalis aur theth islam ki aaina-daar aur "مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِيْ"[2] ki misdaaq thi aur hai.

② Unho'n Ne Aisa Kyoun Kiya? Is liye kiya ke unho'n ne apne aap ko kisi ek fiqhi mazhab se waabasta kar liya. Jiska Allah ne aur Allah ke Rasool ne qatan hukm nahi diya. Ittiba ke bajaae, unho'n ne ibtida (apni taraf se shariyat-saazi) ka aur itaa-at ke bajaae taqleed ka raasta ikhtiyaar kiya.

Ittiba Kya Hai Aur Ibtida Kya Hai?

Ittiba ka matlab hai, Allah ke Rasool ke peeche lagna, kyoun ke sirf wohi Allah ka numaainda hai. Allah ne usi ki ittiba ka hukm diya hai. Jabke ibtida ye hai hai ke us ittiba-e-rasool se tajaawuz karke apni taraf se kisi cheez ko waajib qaraar dena. Jaise kisi na kisi imam ki taqleed ya khud-saakhta fiqa ki paabandi ko laazim samajhna aur laazim qaraar dena. Ummatiyo'n ko to ittiba ka hukm hai, naake ibtida ka. Aur itaa-at ka matlab bhi sirf "مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ" "Allah Ki Naazil-karda Baato'n" ka maanna hai.

Ham Allah ke Rasool ki itaa-at-o-ittiba bhi isi liye karte hain ke Allah ne apni itaa-at ke saath apne Rasool ki bhi ghair-mashroot itaa-at ka hukm diya hai. Ghair-mashroot itaa-at ka ye haq sirf Allah ke Rasool ﷺ ka hai, makhlooq mein se kisi aur ko ye haq haasil nahi. Isi liye Allah ne apne rasool ki itaa-at ko apni itaa-at qaraar diya hai:

---

[1] T: (بُنْيانِ مَرْصُوص) Seese se bani hui buniyaad; foundation that is strong and solid [RKT]

[2] T: Jis tariqe par main hoon aur mere Sahaba hain [RSB]

﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ﴾

Jisne Rasool Allah Ki Itaa-at Ki, Bila-shubha Usne Allah Ki Itaa-at Ki. (Surah an-Nisa 4: 80)

Ye buland muqaam Allah ke Rasool ke alaawa kisi aur ko haasil hai? Nahi, yaqeenan nahi. Aur Allah ne apne Rasool ko ye buland muqaam is liye diya hai ke wo Allah ka numaainda hai. Alaawa-azee'n Allah Ta'ala uski baraah-e-raast hifaazat-o-nigraani bhi farmaata hai aur use raah-e-raast (siraat-e-mustaqeem) se idhar udhar nahi hone deta. (Dekhiye Surah al-Isra: 73-74)

Ye muqaam-e-ismat[1] bhi Allah ke Rasool ke alaawa kisi ko haasil nahi. Aimma ki taqleed ko laazim qaraar dene waale kya ye daawa kar sakte hain ke unke imam ko ye muqaam-e-ismat haasil hai? Uski raae mein ghalati ka imkaan nahi hai? Uska har qaul aur har ijtihaad sahih hai? Yaqeenan koi shakhs ye daawa nahi kar sakta. Agar aisa hai aur yaqeenan aisa hi hai, to phir har masla mein kisi ek hi shakhs ki baat ko bila-daleel maanne ko laazim qaraar dena (jise istilaahan aur urfan taqleed kaha jaata hai) kya ye uske liye ghair-mashroot itaa-at ka haq tasleem karwaana aur use muqaam-e-ismat par faaiz karna nahi hai?

③ Yahan se ys teesre sawal ka jawab, ke ye hazraat ye rawish chodne ke liye kyoun taiyyaar nahi? Saamne aajaata hai aur wo ye hai ke goya apni zabano'n se ismat-e-aimma ka izhaar ya daawa nahi karte. Lekin amalan soorat-e-haal yehi hai ke unho'n ne aimma kiraam ko aimma masumeen ka darja de rakha hai. Apne imam ki har baat ko ''مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ'' ki tarah. Balke usse bhi badh kar tasleem karte hain aur apni khud-sakhta fiqho'n ke muqaable mein hadees-e-rasool se eraaz[2] unka wateera[3] aur shewa-e-guftaar hai.

Unka ye tarz-e-amal mohaddiseen ke manhaj-o-maslak se yaksar mukhtalif, shewa-e-musalmani ke bar-aks aur ummat ki fikri wahdat-o-yak-jahti ko sabse ziyaada nuqsaan pohonchaane waala hai.

---

[1] T: Paak-daamani, parhezgaari [FL]

[2] T: (اِعْراض) Kinaara-kashi, parhez, ijtinaab [RKT]

[3] T: (وَتِیرَہ) Aadat, rawish, taur-tariqa [RKT]

In hazraat ke baare mein hamari baat ko mafrooza ya waahema[1] nahi, ek haqiqat-e-waaqia hai. Jo shak-o-shubha se baala hai aur roz-e-raushan ki tarah waazeh hai, jiska mushaahada sadiyo’n se ho raha hai aur har daur ke ahle ilm ne iska izhaar kiya hai.

۞ Shah Waliullah Mohaddis Dehelwi ﷫, jinki baabat ye nahi kaha ja sakta ke wo ahle taqleed se koi mukhasimat[2] rakhte the, balke paak-o-hind ke wabistagaan-e-taqleed to apne aapko masnad-e-Waliullahi hi ke janasheen aur firk-e-Waliullahi hi ke waaris samajhte hain. Wo farmate hain:

وَتَرَى الْعَامَّةَ، سِيَّمَا الْيَوْمَ، فِي كُلِّ قَطْرٍ يَتَقَيَّدُونَ بِمَذْهَبٍ مِّنْ مَّذَاهِبِ الْمُتَقَدِّمِينَ يَرَوْنَ خُرُوجَ الْإِنْسَانِ مِنْ مَّذْهَبِ مَنْ قَلَّدَهُ وَلَوْ فِي مَسْئَلَةٍ كَالْخُرُوجِ مِنَ الْمِلَّةِ، كَأَنَّهُ نَبِيٌّ بُعِثَ إِلَيْهِ، وَافْتُرِضَتْ طَاعَتُهُ عَلَيْهِ، وَكَانَ أَوَائِلُ الْأُمَّةِ قَبْلَ الْمِائَةِ الرَّابِعَةِ غَيْرَ مُتَقَيِّدِينَ بِمَذْهَبٍ وَّاحِدٍ.

“*Tum aam logon ko dekhoge, khaas taur par aaj kal, har ilaaqe hi mein, jinho’n ne apne aapko kisi na kisi (taqlidi) mazhab se waabasta kar rakha hai ke wo apne imam ke mazhab se nikalne ko, chaahe kisi ek hi masla mein ho, aise samajhte hain jaise wo millat-e-islam hi se nikal gaya. Goya wo (imam) aisa nabi hai, jo uski taraf min-jaanib Allah bheja gaya hai aur uski itaa-at us par farz qaraar di gai hai, halaanke chauthi sadee hijri se pehle ke log kisi ek mazhab se waabasta nahi the*”. (At Tafhimaat-e-Ilaahiya: V1 P206; Tafheem number 66 [Shah Waliullah Academy، Hyderabad Sindh 1970])

۞ Yehi Shah Waliullah ﷫ “*Hujjatullah al-Baaligha*” mein Imam Izzuddin Abdul Salam ka qaul naql farmate hain:

وَمِنَ الْعَجَبِ الْعَجِيبِ أَنَّ الْفُقَهَاءَ الْمُقَلِّدِينَ يَقِفُ أَحَدُهُمْ عَلٰى ضُعْفِ مَأْخَذِ إِمَامِهِ بِحَيْثُ لَا يَجِدُ لِضُعْفِهِ مَدْفَعًا، وَهُوَ مَعَ ذٰلِكَ يُقَلِّدُهُ فِيهِ وَيَتْرُكُ مَنْ شَهِدَ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ وَالْأَقْيِسَةُ الصَّحِيحَةُ لِمَذْهَبِهِمْ جُمُودًا عَلٰى تَقْلَيْدِ إِمَامِهِ، بَلْ يَتَحَيَّلُ لِدَفْعِ ظَاهِرِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَيَتَأَوَّلُهَا بِالتَّأْوِيلَاتِ الْبَعِيدَةِ الْبَاطِلَةِ نَضَالًا عَنْ مُقَلَّدِهِ، وَقَالَ: لَمْ يَزَلِ النَّاسُ يَسْأَلُونَ مَنِ اتَّفَقَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مِنْ غَيْرِ تَقْيِيْدٍ لِّمَذْهَبٍ وَّلَا إِنْكَارٍ عَلٰى أَحَدٍ مِّنَ السَّائِلِينَ، إِلٰى أَنْ ظَهَرَتْ هٰذِهِ الْمَذَاهِبُ وَمُتَعَصِّبُوهَا مِنَ الْمُقَلِّدِينَ ، فَإِنَّ أَحَدَهُمْ يَتَّبِعُ إِمَامَهُ مَعَ بُعْدِ

[1] T: (واہمَہ) Wahem, khayaal, gumaan, khusoosan (khayaal-e-baatil) [RKT]
[2] T: Dushmani, mukhalifat [FL]

مَذْهَبِهِ عَنِ الْأَدِلَّةِ مُقَلِّدًا لَّهُ فِيمَا قَالَ، كَأَنَّهُ نَبِيٌّ أُرْسِلَ ، وَهٰذَا نَأْيٌ عَنِ الْحَقِّ وَبُعْدٌ عَنِ الصَّوَابِ، لَا يَرْضىٰ بِهِ أَحَدٌ مِّنْ أُولِي الْأَلْبَابِ.

"*Muqallideen-e-fuqaha ki ye baat nihaayat hi ajeeb hai, ke unhe'n saaf taur par nazar aajaata hai ke unke imam ke qaul ka maakhaz aur uski sanad nihaayat bodee aur kamzor hai aur aisi koi daleel bhi maujood nahi, jo uske zof aur kamzori ko rafa[1] kar de. Phir bhi wo us (imam) ke qaul par az-raahe taqleed jame rehte hain aur jis qaul ki quran-o-hadees ki naatiq daleele'n shahid hain aur qiyaas-e-sahih uski taaeed mein hai, usko wo qubool nahi karte. Balke ulta un dalaail-e-sahiha aur quran-o-hadees ke shawaahid ko lataaif-ul-heel se dafa'[2] karna chahte hain aur baeed-az-aql-o-diraayat[3] baatil taaweele'n ghadte hain aur is tamaam tag-o-dau ka maqsad ye hota hai ke jisko unho'n ne imam tasleem kiya hai, uske qaul ko ghalat na kehna pade*".

Imam Izzuddin ne mazeed kaha: "*Musalmano ka hamesha is par amal raha hai ke jab bhi kisi ko koi masla ya hukm-e-sharai poochna hota to wo kisi aalim se pooch leta, qata-nazar isse ke wo kis mazhab ka aalim hai, us par koi inkaar bhi nahi karta tha. Yahan tak ke in mazaahib-e-arba ko farogh haasil hua aur inke paerukaaro'n ne andhi taqleed ko apna shewa bana liya. Chunache wo us soorat mein bhi apne muqarrar-karda imam ki taqleed karte hain, jabke uska qaul aur mazhab daleel aur burhaan se koso'n door ho. Wo yski is had tak taqleed karte hain, goya wo nabi-e-mursal hai. Ye tarz-e-amal haq-o-sawaab se bahut door hai, jo kisi aqalmand aadmi ke liye pasandeeda nahi ho sakta*". (Hujjatullah al-Baaligha: V1 P155 [Maktaba as Salafiyya, Lahore: 1975])

۞ Shah Saahab رحمه الله taqleed-e-haraam ki misaale'n bayan karte hue ek misaal ye bhi bayan karte hain: "*Aise aami ke liye bhi taqleed haram hai, jo fuqaha mein se kisi ek faqeeh (imam) ki taqleed karta aur etiqaad rakha hai ke usse ghalati ka sudoor naa-mumkin hai aur usne jo kuch kaha hai, wo yaqeenan durust hai aur apne dil mein ye aqida bhi rakhta*

---

[1] T: (رَفْع) Door, khatam, kisi kaefiyat ke hat jaane, door ho jaane, ya zaayal ho jaane ka amal [RKT]
[2] T: (دَفْع) Door karna, zaael karna [RKT]
[3] T: (بعید از عقل و درایت) Aql aur samajh se bilkul door, mantiq aur daanish se koi taalluq na rakhne waala/waali [RSB]

hai ke wo uski taqleed nahi chodega. Agarche uske imam ke qaul ke khilaaf daleel bhi mil jaae. Ye taqleed ki wohi qism hai, jiski baabat Sunan Tirmizi mein Hazrat Adee bin Haatim ﵁ ki hadees hai. Jis mein unho'n ne faramaya hai ke maine Rasool Allah ﷺ ko ye aayat padhte hue suna 'اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ' "Yahood-o-Nasaara Ne Apne Ulama Aur Darwesho'n Ko Allah Ke Siwa Apna Rab Banaaliya".[1]

"*Wo apne ulama ki Pooja paat nahi karte the, unko apna Rab banaane ka matlab ye hai ke unho'n ne unko ye haisiyat dedi ke jab wo unke liye kisi cheez ko halaal qaraar dete the, wo usko halaal samajhte aur jis cheez ko unke liya haraam kar dete, usko wo haraam samajhte*". (Hujjatullah al-Baaligha: V1 P155)

Kya aaj kal ke ahle taqleed ka rawaiyya bilkul aisa hi nahi hai aur unke ulama, awaam ko yehi baawar nahi karate ke tumhe'n hadees se koi gharz nahi. Balke usko dekhna bhi tumhare liye gumraahi hai, tumhare liye bas tumhare imam ka qaul hi kaafi hai?

(ahadees ke majmuo'n) mein jo (nauzubillah) har tarah ki jadee-bootiyaa'n (ahadees) jama Karli hain, un mein se kaun si ahadees ko lena hai aur kisko tark karna hai?

Yaane tatbeeq-o-tarjeeh ya akhaz-o-tark ka faisla naqd-o-tehqiq-e-hadees ke musallama usoolo'n ki raushni mein nahi, balke faqeeh ne apni faqaahat[1] ki raushni mein karna hai aur ye faqaahat ek makhsoos aenak ka naam hai. Haree ainak waale ko har cheez haree, kaali aenak waale ko kaali aur laal aenak waale ko laal nazar aati hai. Chunaache hanafi faqeeh ka istidlaal kuch hota hai, shaafai faqeeh ka kuch. 'وعلیٰ هذا القیاس'[2]

Is liye ke un sabki aenak alag-alag rang ki hain. Iska natija ye hota hai ke islam ki taabeer: 'شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا' (*Shad Parishaa'n Khuwab Man Az Kasrat taabeer Ha*)[3] ki aaina daar ban jaati hai. Mohaddiseen ki saaf, shaffaaf, be-ghubaar aur be-amez aenak koi istemaal nahi karta. Jis mein har cheez apni sahih aur asli shakl mein nazar aati hai.

Tabeeb-e-Haaziqh ki ye hazaaqat ya faqeeh ki faqaahat hi ya alag-alag rang ki ye aenake'n hi iftiraaq-e-ummat ke almiya ka sabse bada sabab hai. Is liye jab tak mohaddiseen ke manhaj-o-maslak ko ikhtiyaar nahi kiya jaaega, is iftiraaq ka sadde-baab[4] mumkin nahi hai.

Mohaddiseen-e-kiraam ﷩ ko faqaahat se aari mahez ek attaar kehna, usi tarah khilaaf-e-waaqia aur unki tauheen hai. Jaise *Noor al-Anwaar* aur *Usool ash Shaashi* waghaera mein Syedna Abu Huraira ﷛ aur Syedna Anas ﷛ jaise sahaba ﷡ ko ghair-faqeeh qaraar dena khilaaf-e-waaqia aur unki tauheen hai. Ye dono hi baate'n inkaar-e-hadees ke chor darwaze hain. Mazkura sahaba ko ghair-faqeeh qaraar dene se maqsood bhi unki bayan-karda riwayaat se jaan chudaana aur apne qiyaas-o-raae ko tarjeeh dena hai. Isi tarah mohaddiseen ko attaar kene se maqsood bhi unki jama-karda hadeeso'n ke muqaable mein fuqaha ki

---

[1] T: (فقاہت) Fiqhi ilm par dast-taras, faqeeh hona, ilm-e-fiqa mein mahaarat [RSB]
[2] T: Aur is tarah aage, deegar muamalaat bhi shaamil hain [RSB]
[3] T: Mere khwaab pareshan ho gae hain, kyounke bahut ziyaada taabeere'n mil rahi hain [RSB]
[4] T: (سَدِّ باب) Kisi baat ki rok-thaam, darwaza band karna [RKT]

moshgafiyaa'n[1] ikhtiyaar karna hai.

Halaanke waaqia ye hai ke mazkoora sahaba ghair-faqeeh the, na mohaddiseen-e-kiraam hi faqaahat se aari the. Unki faqaahat to *Abwaab Bandi* (taraajim) hi se waazeh ho jaati hai. Bil-khusoos Imam Bukhari ki faqaahat to unke ek-ek *tarjumatul baab* se numaaya'n hai. Isi liye kaha jaata hai 'فِقْهُ الْبُخَارِيِّ فِيْ تَرَاجِمِه' *"Imam Bukhari ki faqaahat unke taraajim mein hai"*.

Taareekh-e-islam ke aise be-misaal faqeeh ko mahez attaar kehna, ek aisi sookh-chashmaana jasaarat[2] hai, jiska hausla aise hi log kar sakte hain, jinke dilo'n mein hadees ki azmat ke bajaae faqihaana qeel-o-qaal[3] ka ehteraam ziyaada hai. 'سبحانك هذا بهتان عظيم'

Behrehaal baat ho rahi thi mohaddiseen-e-kiraam ke jama-o-tatbeeq ke usoolo'n ki. Agar un usoolo'n ko un masaail mein bhi ikhtiyaar kar liya jaae, jo fariqain ke darmiyan *maa behi nizaa*[4] hain, to bahut se naza-aat ka khaatima ho sakta hai aur agar mohaddiseen ki mazkura teno imtiyaazi khususiyaat hi ko apna liya jaae, jinki wazaahat ki gai hai to beshtar ikhtilaafaat ka khaatima mumkin hai.

Ikhtilaafaat ki buniyad, hadees ke baare mein nukhta-e-nazar ka farq hi hai. Jab tak nukhta-e-nazar ka ye farq khatam nahi hoga aur hadees ki azmat ko us tarah tasleem nahi kiya jaaega, jis tarah ka uska haq hai aur ahadees-e-sahiha ko kisi bhi unwaan, heele ya wazee'[5] usoolo'n se rad karna ka tariqa nahi choda jaaega, jinki baabat poore yaqeen-o-iz-aan[6] se hamaara daawa hai ke Imam Abu Hanifa ka in usoolo'n se koi waasta nahi hai. Us waqt tak ikhtilaafaat ka khaatima to kujaa[7], unki shiddat ko kam bhi nahi kiya ja sakta.

Ab ye ulama-e-ahnaaf ki zimmedaari hai ke agar unko ummat-e-muslima

---

[1] T: (مُوشِگافی) Chaan-been, nukta-cheeni, baareek-beeni [RKT]
[2] T: Gustakhaana besharmi/behayaai [RSB]
[3] T: (قِیل و قال) Baat-cheet, bhaes-o-takraar [RKT]
[4] T: (مَا بِهِ النِّزَاع) Jis baat mein jhagda ho, wo masla jis par do (2) giroho'n ka ikhtilaaf ho [RSB]
[5] T: (حِيلَه یا وَضِیع) Bahana, fareb, chaal, adna, ghatiya, kamtar [RSB]
[6] T: (اِذْعان) Yaqeen, wusooq, etebaar, etemaad [RKT]
[7] T: Urdu mein mauqa-o-nisbat par hairat zaahir karne ke liye istemaal hota hai [RKT]

ki wahdat matloob hai aur yaqeenan unko matloob hai to wo uske liye raasta bhi wo ikhtiyaar kare’n, jo us matloob tak pohonchne ke liye zaroori hai aur wo wohi hai, jise hamne azmat-e-hadees se taabeer kiya hai aur jiski wazaahat guzishta sutoor mein ki gai hai. Hamen fuqaha-e-kiraam se koi kad[1] hai na unki fiqhi kaawisho’n se be-etenaai[2].

Ham fuqaha ke ehteraam ke bhi qaayal hai aur unki fiqhi sarmaae ki qadr-o-qeemat ke bhi. Hamari to sirf ek hi guzaarish hai aur wohi hamara maslak-o-mauqif bhi hai ke fuqaha-e-kiraam ke saath mohaddiseen-e-azzaam ki azmat ko bhi dil se tasleem kiya jaae aur fiqhi aqwaal-o-aara ke muqaable mein hadees ki azmat-o-ehmiyat aur uski qadar-o-manzilat ko majrooh[3] na kiya jaae.

Kuch Zer-e-Nazar Kitab Aur Iske Faazil Muallif Ke Baare Mein:

Zer-e-nazar kitab bhi ek aise hi masle ke isbaat mein likhi gai hai, jo ahadees-e-sahiha-o-asaar-e-sahaaba se saabit hai aur wo hai namaz mein haatho’n ka seene par baandhna. Agar ahadees ki sehat-o-zof mein mazkura baala manhaj-e-mohaddiseen ki paerawi ki jaae, jis mein do (2) buniyaadi baate’n shaamil hain:

Ek: Amal bil Hadees ka jazba, naake fiqhi jumood par israar.

Doosri Tehqiq-o-naqd-e-hadees mein amaanat-o-dayaanat ka etemaam, naake ilmi dayaanat ke taqaazo’n ko nazar-andaaz karke kaj-behsi[4] ya kat-hujjati[5] ka muzaahara

To seene par haath baandhne ka masla bhi nihaayat asaani se hal ho jaata hai aur wo yehi hai ke sahih ahadees jiski muaiyyid hain.

Faazil Muallif ﷽ jo abhi tak ma-sha Allah naujawaan hain aur jazba-e-tehqiq jawaan-tar, jo in sha Allah

‘بالائے سرش زہوش مندی   می تافت ستارہ بلندی‘

[1] T: (کَد) Dushmani, keena, adaawat, mukhaalifat, bughz [RKT]
[2] T: (بے اعتنائی) Tawajjo na dena, dehaan na dena, Nazar-andaaz karna [RKT]
[3] T: (مَرجُوح) kamzor [RKT]
[4] T: Ulti-seedhi/fuzool baate’n [RKT]
[5] T: (کَٹ حُجَّتی) Zid se kaam lena, apni baat par adna, khwah-ma-khwah bahes karna [RKT]

Ka misdaaq hain. Unho'n ne masla zer-e-bahes ki ahadees ka mohaddisaana naqd-o-nazar ki raushni mein jaaiza lekar waazeh kar diya hai ke 'وضع اليدين على الصدر'[1] (waza al-yadain alaa as-Sadr) hi sahih hai aur 'تحت السره' (tahat as surah) (naaf ke neeche haath baandhne waali) koi riwayat bhi sahih nahi aur ahnaaf ka 'تحت السره' tahat as surah par israar *"ladte hain aur haath mein talwar nahi"* ka aaina-daar hai.

Yehi wajah hai ke wo hadees mein tehreef (radd-o-badal) karne par majboor ho gae, iski dil-kharash tafseel bhi faazil moallif ﷾ ne pesh ki hai.

Alaawa-azee'n hadees-e-sahih ko ghair-sahih qaraar dene ki saari kad-o-kaawish[2] ko bhi unho'n ne naqd-o-tehqiq ke taraazu mein tol kar be-wazan saabit kar diya hai. 'جزاه الله عنا و عن جميع المسلمين خير الجزاء'

Is mauzu par ye sabse mufassal kitab hai aur faazil muallif ne tehqiq ka haq adaa kiya hai. Allah Ta'ala unko jazaa-e-khair ataa farmae aur ise bahtke hue raahiyo'n ki raah-yaabi[3] ka zariye banaae.

Haafiz Salahuddin Yusuf

Lahore, Pakistan
0321-4133675

---

[1] T: Namaz mein haatho'n ko seene par rakhna [RSB]
[2] T: (كَدّ وكاوِش) Chaan-been, talaash, koshish, justaju, mehnat [RKT]
[3] T: (راه يابى) Manzil tak pohonchna, kaamyaabi haasil karna [RSB]

② Fazilatush Shaikh Maulana Mubasshir Ahmad Rabbani حفظه الله

الحمد لله الذي خلق الإنسان و علمه البيان، و أخرجه من ظلمات التقليد والطغيان، والصلاة والسلام على نبينا ورسولنا سيد الإنس والجان. أما بعد!

Bare-sagheer paak-o-hind mein bil-khusoos aur deegar bilaad-e-aalam mein bil-umoom ummat-e-muslima mein masaail-e-fiqhiya mein ikhtilaaf ke dil-soz manaazir dekhne aur sunne mein aate rehte hain aur baaz auqaat jung-o-jidaal aur kasht-o-khoon ke maarake[1] jaari ho jaate hain, yahan ek daur aisa bhi guzra hai, jab masaajid mein Ahle Hadees afraad ke daakhile par paabandi lagaai jaati thi aur mutaassib-o-mujtamid hanafi deoband-o-barelwi hazraat ke naam-nihaad muftiyaan ki jaanib se fatwajaat jaari kiye gae.

Jaisa ke 'جامع الشواهد في إخراج الوهابين عن المساجد' (Jaame ash-Shawaahid fi Ikhraaj al-Wahhabiyyeen an al-Masajid)[2] waghaera. Aur phir usi par bas nahi, balke Imam Abu Hanifa ko martaba-e-risaalat par bithaane ki saee-e-mazmoom ki jaati rahi aur ilm-e-hadees ki dars-o-tardrees ke dauraan mein Rasool-e-Mukarram ﷺ ke irshadaat-e-aaliya aur afaal-e-hasana ki door-az-kaar taujihaat aur taawilaat karke un par qaul-e-imam ki dhaak bithaai[3] jaane lagi.

۞ Qazi Ibn Abi al-Izz al-Hanafi (d 792h) raqm taraz hain:

فطائفة قد غلت في تقليده فلم تترك له قولا، وأنزلوه منزلة الرسول، وإن أورد عليهم نص مخالف قوله، تأولوه علىٰ غير تأويله ليدفعوه عنهم.

"Ek giroh ne Imam Abu Hanifa ki taqleed mein is qadar ghuluv[4] se kaam liya hai ke usne unki koi baat tark nahi ki aur unhe'n muqaam-e-risaalat par faaiz kar diya hai aur agar un par koi aisi nas[5] waarid ki jaae, jo imam

---

[1] T: Ladaai, jung [RKT]

[2] T: Masaajid se wahaabiyo'n ke ikhraaj ke dalaail ka majmua, ye kitaab Shaikh Ahmad bin Zaini Dahlaan Makki ne likhi thi [RSB]

[3] T: (دھاک بِٹھانا) Haebat bithana, rob qaayam karna, sikaa bithaana [RKT]

[4] T: (غُلُو) Kisi ke mutaalliq badha-chadha hua ya hadd se guzra hua bayan jo aqalan aur aadatan muhaal ho, haqiqat se door, mubaalagha, hadd se tajaawuz [RKT]

[5] T: (نَص) Aisi aayat-e-qurani ya hadees jo sareeh ho, yaane jis mein koi taaweel ki gunjaaesh na ho, quran ki waazeh aayat nez waazeh hadees [RKT]

ke qaul ke khilaaf ho to uski be-mahel taaweel karte hain, taake us nas ko hata aur dhakel sake'n". (Al Ittiba: P30 [Al Maktaba as-Salafiyya. Lahore] First edition of 1401H; Second edition of 1405H [from Oman & Jordan])

Taqriban isi mafhoom ki baat Shah Waliullah ﷫ ne Tafhimaat (V1 P151; V1 P706 [another edition]) mein, Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne Tohfatul Anaam (P26; [another edition] P52; [another edition] P72) mein zikr ki hai.

֍ Neez Maulwi Mahmood Hasan Deobandi ne kaha hai: "*Qaul-e-mujtahid bhi qaul-e-Rasool Allah ﷺ se hi shumaar hota hai*". (Taqareer Hazrat Shaikh-ul-Hind: P26 murattab Abdul Hafeez Balyaawi (Talifaat-e-Ashrafiya, Multan 2nd edition 1404h); Al Ward ash Shazi Alaa Jaame Tirmizi: P30 az Syed Asghar Hussain Ma'had al-Khaleel al-Islami, Bahadurabad, Karachi 1416h edition]. Maulwi Abdul Hafeez Balyawi aur Maulwi Asghar Hussain dono Shaikh-ul-Hind ke shaagird aur Darool Uloom, Deoband ke asaatiza mein se hain)

֍ Ahmad bin Muhammad bin Siddiq al-Ghamaari (d 1380h) Zahid Kausari ke baare mein likhta hai:

فأنتم قوم لا دين لكم في الحقيقة إلا رأي أبي حنيفة وقوله ، فهو ربكم المعبود، ونبيكم المرسل، وأقسم بالله. باراً غير حانث. أن لو بعث الله نبيه صلى الله عليه وسلم مرة أخرىٰ فخاطبكم شفاهاً أن أبا حنيفة مخطئ لكفرتم به، ولرددتم رسالته عليه، كما تردون الآن شريعته و سنته بهذا التلاعب المخزي! نسأل الله العافية.

"*Tum ek aisi qaum ho ke Abu Hanifa ke raae aur qaul ke siwaa tumhara haqiqat mein koi deen nahi. Wohi tumhara Rab, Maabood aur Nabi-e-Mursal hai. Main Allah ki qasam khaakar kehta hoo'n, jo poori hone waali hai, tootne waali nahi. Ke agar Allah Tabaarak wa Ta'ala dobaara apne Nabi ﷺ ko bhej de aur wo tumhare saamne aakar tumhe'n mukhaatib ho kar kahe'n ke Abu Hanifa ghalati pe hain, to tum Nabi-e-Kareem ﷺ ke saath kufr kardo ge aur unki risaalat ko rad kar doge. Jaisa ke tum ab unki shariyat aur sunnat ko is ruswaa-kun khel ke saath adaa karte ho. Ham Allah se aafiyat ka sawaal karte hain*". (Bayan Talbees al Muftari Alaa Muhammad Zahid al-Kausari: P59 (Dar as Sameei lil Nashr wat Tauzeeh ar-Riyadh [1413h – 1993 edition])

Mazkura baala hawaala-jaat se maaloom hua ke ghaali aur mutaassib ahnaaf ne Imam Abu Hanifa ke jamee aqwaal ko qubool karke aur Rasool Allah ﷺ ki shariyat-o-sunnat ko rad karke unhe'n

paighambari ke rutbe par bitha rakha hai. Jab qaul-e-imam ke khilaaf ahadees-e-sahiha-o-saabita waarid hoti hain, to wo unki taawilaat-e-baardah[1], aaraa-e-faasidah aur aqwaal-e-kaasidah[2] ke saath tardeed kar dete hain. Wal-ayaaz billah!

֍ Is baat par deobandi *hakeem-ul-ummat* ki gawaahi mulaahaza keejiye: "*Aksar muqallideen awaam, balke khawaas is qadar jaamid hote hain ke agar qaul-e-mujtahid ke khilaaf koi aayat ya hadees kaan mein padti hai (to) unke qalb mein inshiraah-o-imbisaat nahi rehta. Balke awwal istinkaar qalb paida hota hai. Phir taaweel ki fikr hoti hai, khwaah kitni hi baeed aur khwaah doosri daleel-e-qawi uske muaariz ho, balke mujtahid ki daleel us masla mein ba-juz qiyaas ke kuch bhi na ho, balke khud apne dil mein us taaweel ki waqat na ho. Magar nusrat-e-mazhab ke liye taaweel zaroori samajhte hain. Dil ye nahi manta ke qaul-e-mujtahid ko chodkar hadees-e-sahih, sareeh par amal kar le'n*".

"*Baaz sunan mukhtalif-feeha, masalan Ameen bil Jahr, waghaera par harb-o-zarb ki naubat aajaati hai aur quroon-e-salaasa mein uska shuyoo bhi na hua tha. Balke* 'كَيْفَمَا اتَّفَق' *jisse chaha masla dariyaft kar liya. Agarche us amar par ijma naql kiya gaya hai, ke mazaahib-e-arba ko chodkar mazhab-e-khaamis mustahdas karna jaaiz nahi. Yaane jo masla chaaro'n mazhabo'n ke khilaaf ho, us par amal jaaiz nahi ke haq daair-o-munhasir in chaar (4) mein hai*".

"*Magar us par bhi koi daleel nahi, kyounke ahle zaahir har zamaana mein rahe aur ye bhi nahi ke sab ahle hawa ho'n, wo is ittifaaq se alaahada rahe. Doosre agar ijma saabit bhi ho jaae, magar taqleed-e-shakhsi par to kabhi ijma bhi nahi hua*". (Tazkiratur Rasheed: V1 P131 az Muhammad Aashiq Ilaahi Meerathi [Maktaba Khaliliya, Saharanpur aur Maktaba Madina, Lahore [Rajab 1406H Edition])

֍ Yahan be-jaa taaweel ki ek misaal pesh-e-khidmat hai. Asr-e-haazir mein khandaani jhagdo'n aur na-chaaqiyo'n[3] ke baais talaaq ki sharah badhti chali ja rahi hai. Hamare daarul ifta mein aksar auqaat is qism ke

---

[1] T: (تاویلات بارده) Be-buniyaad ya kamzor taaweele'n [RSB]
[2] T: (اقوالِ کاسده) Bejaan ya be-asar baate'n/alfaaz [RSB]
[3] T: (ناچاقی) Naa-ittefaaqi, ranjish, an-ban [RKT]

masaail lekar log haazir hote rehte hain aur deegar ashaab-e-ilm-o-fatwa ka bhi yehi haal hai.

Jab ek shakhs apni mankooha[1] ko yak-lakht ekatthi teen (3) talaaq de daalta hai aur phir ghussa sard hone par apne ashaab-e-jubba-o-dastaar ke dar par dastak deta hai to use badi deeda-daleri aur dhitaai ke saath halaala jaise laanati amal ka sabaq diya jaata hai aur baaz deen-o-duniya ke lutero'n ne to halaala karne ka intizaam bhi kar rakha hota hai. Halaanke Rasool Allah ﷺ ne us fe'l-e-bad[2] ke murtakib afraad par laanat zikr ki hai. Lekin fiqa hanafiyya mein uski khuli choot di gai hai, balke halaala karne waale ko maajoor, yaane ajar-o-sawaab ka haqdaar bataaya gaya hai. (Fathul Qadeer Sharah Hidaaya: Baaab ar-Rajah Feema Tahal Bihil Mutallaqah: V4 P34; Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V4 P58; Fataawa Shaami: V2 P540; Noor al-Hidaaya: V2 P49; Dars-e-Tirmizi az Mufti Taqi Usmani: V3 P398-399 wa-ghairaha)

Balke agar aurat ko dar ho ke halaala karne waala usko talaaq nahi dega, to usko baa-qaaeda jaan chudaane ka tariqa bataaya gaya hai. Jaisa ke 'الكفاية شرح الهداية از جلال الدين خوارزمى' *Al Kifaayah Sharah al Hidaaya az Jalaluddin Khwarzami* (V4 P35) mein hai:

لو خافت المرأة أن لا يطلقها المحلل فتقول: تزوجت نفسي منك على أن أمري بيدي، أطلق نفسي كلما أريد .فيقول الرجل: قبلت. جاز النكاح، وصار الأمر بيدها.

"*Agar aurat ko dar ho ke halaala karne waala use talaaq nahi dega, to wo kahe: Main tujhse is shart par shadi karti hoo'n ke mera maamla mere haath mein hoga, jab chaahoongi, apne aapko talaaq de loongi. To admi kahe: Maine qubool kar liya to nikaah jaaiz hai aur maamla us aurat ke haath mein ho jaaega*".

Ab dekhe'n, in muftiyaan ne halaala par laanat waali hadees ki you'n taaweel ki:

فإن قيل: هل يستحق للمحلل والمحلل له اللعن بهذا الحديث أم لا؟ قلنا: إن لم يكن النكاح بشرط التحليل فلا شك أنه لا يستحق على ما مرّ، وإن كان بشرط التحليل فيحمل أنه أراد باللعن الرحمة...

"*Pas agar kaha jaae ke is hadees ki roo se halaala karne aur karwaane*

---

[1] T: (مَنكُوحَه) Jisse nikah hua ho, biwi, zauja [RKT]

[2] T: Bura kaam, badkaari, haraamkaari [RKT]

waala laanat ka haqdaar hoga ya nahi? Ham kahenge: Agar nikah tahleel ki shart ke saath na hua to koi shak nahi ke wo laanat ka haqdaar nahi aur agar nikaah tehleel ki shart ke saath hua to hadees ko is baat par mahmool kiya jaaega ke Aap ﷺ ne laanat se muraad rahmat li hai". (Mustakhlas al-Haqaaiq: P199 [Ansari Kutub Khana. Kabul 1414h]; P126 [Ahmadi Publishers, Delhi])

Ye baatil taaweel ek fiqhi masle ke difaa ke liye ikhtiyaar ki gai hai. Is tarah ki moshgaafiyaa'n ye log chodte rehte hain aur qaul-e-imam ke difa mein ahadees-e-sahiha par haath saaf karte rehte hain. Jiski is jaisi be-shumaar misaale'n kutub fiqa-e-hanafiyya mein bikhri padi hain aur unke isi rawaiyye ki bina par namaz ke kai masaail jung-o-jidaal ka baais ban gae.

Barre-sagheer paak-o-hind mein jin masaail ki wajah se bahes, mubaahase jaari rehte hain, un mein se ek (1) masla namaz mein haath baandhne ka hai. Raaqim-ul-huroof ne bhi is masle par ek risaala likha tha. Jo ab raaqim ki kitab "*Maqalaat-e-Rabbaniya*" (vol 2) mein taba' hoga aur mere shaagird-e-Rasheed Saleem Akhtar (mudarris Jamia Daraasaat, Karachi) ki kosihsh-o-kaawish aur izaafa-jaat ke saath tabaa-at ke liye taiyyaari ke maraahil mein hai.

Hindustan, Mumbai ke ek azeem mohaqqiq salafi aalim-e-deen Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili حفظه الله ne bhi is masle par 500 se zaaid safhaat par muheet ek jandaar taaleef murattab ki hai, jis mein Ahle Hadees ke dalaail aur un par waarid eteraazaat ke ilmi-o-tehqiqi jawabaat aur mukhalifeen ke adilla aur unka muhaakma[1] bade ahsan andaaz mein kiya hai aur mukhalifeen ke ghar se bhi kai hawaala-jaat apni taaeed mein pesh kiye hain. Chand ek hawala-jaat main bhi arz karta hoo'n, taake hamari sadaaqat par mukhaalif ke ghar ki gawaahi ho jaae.

[1] T: (مُحاکَمَه) Munsif ya haakim ban kar jhagda niptaana ya faisla saadir karna [RKT]

۞ Allama Abul Hasan Sindhi Hanafi ﷀ likhte hain:

وقد جاء حديث قبيصة بن هلب في مسند أحمد، قال: رأيت رسول الله ﷺ يضع يده على صدره، ويأخذ شماله بيمينه. وقد جاء في صحيح ابن خزيمة عن وائل بن حجر قال: صليت مع رسول الله ﷺ فوضع يده اليمنى على يده اليسرىٰ على صدره. وقد روى أبو داود عن طاؤس قال: كان رسول الله ﷺ يضع يده اليمنىٰ علىٰ يده اليسرىٰ، ثم يشد بهما علىٰ صدره، وهو في الصلاة. وهذا الحديث وإن كان مرسلًا ، لكن المرسل حجة عند الكل، وبالجملة فكما صح أن الوضع هو السنة دون الإرسال، ثبت أن محله الصدر لا غير ، وأما حديث: أن من السنة وضع الأكف على الأكف في الصلاة تحت السرة. فقد اتفقوا علىٰ ضعفه ، كذا ذكره ابن الهمام نقلًا عن النووي، وسكت عليه.

"*Musnad Ahmad mein Qubaisa bin Halab ﵁ ki hadees mein aaya hai, unho'n ne kaha: Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha, Aap ﷺ apne haath apne seene par rakh kar apne daae'n-haath ke saath baae'n ko pakadte the. Neez Sahih Ibne Khuzaima mein Waael bin Hujr ﷺ se hadees waarid hui hai ke unho'n ne kaha: Maine Rasool Allah ﷺ ke saath namaz padhi, to Aap ﷺ ne apna daaya'n haath baae'n-haath par rakh kar apne seene par bandha. Abu Dawood ne Taawoos se riwayat bayan ki hai ke Rasool Allah ﷺ apna daaya'n haath baae'n-haath par rakh kar unhe'n seene par baadhnte the. Ye hadees agarche mursal hai, lekin mursal sabke yahan hujjat hai. Khulaasa-e-kalam ye ke jaise namaz mein haath baandhna sunnat hai, irsaal karna sunnat nahi hai, aise hi ye bhi hujjat hua ke iska mahel seene hai aur iske siwaa koi mahel[1] nahi. Aur ye jo riwayat mein aaya hai ke namaz mein zer-e-naaf hatheli ko hatheli par baandhna sunnat hai, iske zof par ittifaaq hai. Jaisa ke Ibn al-Hamaam ne Imam Nawavi se zikr kiya aur us par sukoot kiya hai*". (Haashiya Sunan Ibne Majah: V1 P270 [Dar al Jeel, Beirut]; Fatah al-Wadood Fee Sarha Sunan Abu Dawood: V1 P462 [tahat H759] Dar Leenah, Misr [tehqeeq Muhammad Zaki al-Khauli])

Imam Nawavi ﷀ ne Sharah Sahih Muslim ke alaawa apni doosri kutub (Khulaasa al-Ahkaam: V1 P346 [Darul Kutub al Ilmiyya, Beirut]; V1 P359 [Muassasa ar-Risaalah [first edition] 1418h 1997]; Al Majmua Sharah al-Mohzab: V3 P313 [Muneeriya, Misr]) mein iske zof par ijma naql kiya hai. Isi tarah Shaikh-ul-Islam ne Haashiya Bukhari (V2 P113) mein bhi iske zof par ittifaaq naql kiya hai.

---

[1] T: (مَحَل) Mauqa, waqt, jaga [RKT]

۞ Ahnaaf ke wakeel aur unke raees-ul-munaazireen Maulana Muhammad Karamuddin (d 1360h) ne likha hai:

"Quran mein ﴿ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴾ khuda ki namaz haath bandh kar padh. Nahar ke maane kutub-e-lughat mein haath baandhne ke bhi hain. Chunache ilm-e-lughat ki sabse mustanad aur mutadaawal[1] kitab Qaamoos (V1 P332) *mein* 'باب الراء فصل نون' *Baab ar-Raa Fasl Noon mein hai:* 'نحر الرجل في الصلاة: انتصب ونهد صدره و وضع يمينه علىٰ شماله' *'Namaz mein nahr ka maane ye hai ke seena qibla-roo seedha karke ya daaya'n haath ko baae'n-haath par bandh kar khada ho'. Ilm-e-lughat sabke liye yaksaa'n hujjat hai, isse kisi ko inkaar ki gunjaaish nahi hai. Aayat* 'فَصَلِّ' *mein choonke namaz padhna saaf qareena maujood hai. Is liye yahan nahr ka maane yehi hai ke daahina haath baae'n-haath par rakh kar haath baandhe hue namaz padho".*

"Imam Fakhar-Raazi رحمہ اللہ *ne Tafseer-ul-Kabeer* (V8 P712) *mein aayat-e-mazkura ki tafseer mein Madeenatul Ilm Hazrat Ali Murtaza* رضی اللہ عنہ *ka qaul you'n naql kiya hai:* 'وانحر' 'و الأشهر وضعها على النحر علىٰ عادة الخاشع' *'ka ashar aur azhar maane yehi hai ke seene par haath bandh kar namaz padhe, jaise khuzu-o-khushoo ka tareeq hai'. Aise hi tafaseer Durre Mansoor, Ma-aalim-ut-Tanzeel, Tanweer-ul-Maqaabis waghaera aur kutub-e-hadees Bukhari, Tirmizi, Daraqutni waghaera mein Hazrat Ali* رضی اللہ عنہ *aur Ibne Abbas* رضی اللہ عنہ *aur deegar jaleel-ul-qadr Sahaba Kiraam* رضی اللہ عنہم *ki riwayaat se yehi maane likha gaya hai. Phir aisi sareeh aur saaf aayat ke hote hue doosri kisi daleel ki zaroorat baaqi nahi rehti".* (Aftaab-e-Hidaaya Rad-e-Rafz-o-Bidat: P339 [Maktaba Rashidiya, Chappar Bazar, Chakwaal, Zila Jehlam]; P463-464 [Islami Center, Bhindi Bazaar, Mumbai])

۞ Isi tarah Ahmad Raza Khan Barelwi ke Fataawa Riziwiya se maakhuz ahadees ka majmua, jo Muhammad Isa Rizwi Qadri ne murattab kiya hai, us mein likha hai: *"Aurat tehreema ke baad seene par haath baandhe.*

---

[1] T: (مُتَدَاوَل) Raaej, murawwaj, aam, dast-ba-dast pohoncha hua, prevailing [RKT]

ابن خزيمة عن وائل بن حجر رضی الله عنه قال: صليت مع رسول الله ﷺ فوضع يده اليمنىٰ على اليسرىٰ يده اليسرىٰ على صدره.

“*Waael bin Hujr* ﷛ *ne kaha: ke maine Rasool Allah* ﷺ *ke saath namaz padhi to dekha ke apna daahina haath baae’n-haath par seene ke oopar rakhe hain. Aurat ke liye sunnat hai ke wo seene ke oopar haath baandhe’n* ([Muallif] Fataawa Rizwiya: V3 P46)”**.** [Imam Ahmad Raza Aur Ilm-e-Hadees: V1 P340 [Shabbir Brothers, Lahore 2001 first edition]])

۞ Ahnaaf ke *shaikh-ul-islam* ne Sahih Bukhari ke haashiya mein likha hai:

دو دست بر دست متفق علیہ است سیان ائمہ الا امام مالک کہ نزد وی ارسال است با جواز وضع ولیکن نزد امام ابی حنیفہ وبروایتی از امام احمد در زیر ناف نہند ونزد امام شافعی برابر سینہ وبروایتی از احمد مخیر است خواہ زیر ناف نہد یا برابر سینہ وحجت شافعی حدیث وائل بن حجر است کہ گفت نماز گزاردم بارسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس نہاد دست را بر دست چپ بر سینہ خود وہمچنیں روایت کردہ ترندی از قبیصہ بن ہلب از پدرش کہ گفت دیدم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ می نہاد دست خود را بر سینہ خود.

“*Namaz mein haath par haath baandhna aimma ke yahan ittifaaqi hai. Siwaae Imam Maalik ke, unke nazdeek irsaal hai, baandhne bhi jaaiz hain. Lekin Imam Abu Hanifa aur ek riwayat ke mutaabiq Imam Ahmad ke nazdeek zer-e-naaf baandhe jaae’n aur Imam Shafai ke nazdeek seene par baandhe. Imam Ahmad se ek riwayat hai ke namazi ko ikhtiyaar hai, khwaah zer-e-naaf baandhe ya seene par. Imam Shafai ki daleel Waael bin Hujr* ﷛ *ki hadees hai ke unho’n ne kaha: Maine Rasool-e-Khuda* ﷺ *ke saath namaz padhi, pas aapne apna daaya’n haath baae’n-haath par rakh kar seene par bandha aur isi tarah Tirmizi ne Qubaisa bin Halab* ﷛ *se riwayat ki hai ke unho’n ne kaha: Maine Rasool Allah* ﷺ *ko dekha, unho’n ne apna haath apne seene par baandha*”. (Hashia Bukhari Faarsi Ma’ at-Taiseer-ul-Qaari Sharah Faarsi Sahih Bukhari: V2 P113 [Maktaba Haqqaniya, Mohalla Jangi, Peshawar])

Isi tarah Abdul Haq Dehelwi ne apni kitab *Sharah Safar as Saadah* (P48 [Maktaba Nooriya Rizwiya Victoria Market, Sakhar 1398h - 1978]) mein likha hai.

Ulama-e-ahnaaf ke mazkura bala hawaala-jaat se maaloom hua ke unhe’n ba-khoobi ilm hai ke Rasool Allah ﷺ se namaz mein seene par haath baandhna saabit hai. Lekin phir bhi ye Abu Hanfia ke maslak ko saccha saabit karne ke liye edi-choti ka zor sarf karte hain. Khwaah

unhe’n nusoos-e-sharaiyya mein tehreef ka irtikaab karna pade. Is baat ki mufassal bahes padhne ke liye hamare faazil dost Dr. Abu Jaabir Abdullah Damaanwi ﺣﻔﻈﻪ الله ki kitab “*Quran-o-Hadees Mein Tehreef* (Matbooa Madrasa Ummul Momineen Hafsa bint Umar Farooq ﷺ Kimadi, Karachi) ki taraf ruju bahut mufeed hai. Jiska pehla edition raaqim ki taqreez ke saath 296 safhaat ko muheet hai aur in sha allah taba-e-saani mein mazeed izaafa-jaat honge. Jiske liye raaqim-ul-huroof ne mazeed kai hawaala-jaat apne maktaba se foto karwakar Mohatarm Dr. Saahab ko irsaal kar diye hain.

Anaaf ki kutub ka mutaala-a karne se maaloom hota hai ke unke yahan amalan asal authority Abu Hanifa ki hai. Is silsila mein ek hawaale par ghaur farmaae’n.

Maulwi Muhammad Isa Rizwi Qadri (Al Jamia ar-Razwiya Mazahir-ul-Uloom, Gar Sahaae Gunj Qannauj) ne apni kitab *Imam Ahmad Raza aur Ilm-e-Hadees* mein likha hai: “*Ghode ke gosht ke mutaalliq hadees mein hai: 118* ‘أنه ﷺ أذن في أكل لحم الخيل’ ‘*Syed-e-Aalam* ﷺ *ne ghode ka gosht khane ki ijaazat di*’, *Imam-e-Azam Abu Hanifa ke nazdeek ghode ka gosht khana makrooh-e-tehreemi hai*”. (Fataawa Rizwiya: V1 P190 Baariq an Noor)

Ghaur keejiye! Ek (1) amr[1] ki jab Nabi-e-Kareem ﷺ ijaazat de rahe hain, to phir Imam Abu Hanifa ka ise *makrooh-e-tehreemi* qaraar dene ka kya maane aur saabib-e-kitab ka Rasool Allah ﷺ ki hadees zikr karne ke baad Abu Hanifa ka qaul iske rad mein likhne ka koi tuk hai?!

Unki isi rawish ka natija hai ke zer-e-naaf haath baandhne ke mutaalliq bhi hadees-e-Waael bin Hujr ﷺ mein tehreef ka yahoodaana irtikaab karne se baaz nahi aae. Jiska tafseeli tazkirah zer-e-nazar kitab mein kar diya gaya hai aur raaqim-ul-huroof ne apni kitab mein bhi uske matbooa aur ghair-matbooa kai nuskho’n ke hawaale ma’ scan laga diye hain.

Ek (1) roz main bazaar Lahore mein apne har-dil azeez dost Maktaba Quddusiya ke maalik Umar Farooq Quddusi ﺣﻔﻈﻪ الله ke saath unke matkaba mein baitha tha ke daakiya aaya aur ghalti se Maktaba Qasmiya ki kuch daak Maktaba Quddusiya par de gaya. Jis mein Multan se ek khat mein

---

[1] T: (اَمْر) Maamla, masla, baat, hukum [RKT]

Maktaba Qasmiya waale ko ek ishtihaar bheja gaya tha, jis mein likha tha ke talaba-e-ilm ke liye khush-khabri hai ke Imam Abu Bakr bin Abi Shaiba ki Al Musannaf kai ek qalmi nuskho'n ke saath tasheeh karke taba' ki ja rahi hai. Umar Bhai ne mujhe khat padh kar sunaaya aur bashaarat di, maine kaha: Jab ye kitab taba' hokar aae to ek nuskha mere liye bhi khareed lena.

Al-garhz jab kitab Maktaba Imdadiya se taba' hokar aai aur maine mulaahaza ki, to wo tehreef se paak thi. Maine kaha: Accha, kuch dino'n tak khareed lete hain, lekin dobaara jab khareendne ka program bana to kitab mein tehreef kardi gai aur poora ek (1) safha naya compose karke is mein lagaa diya gaya. Jiska khat baaqi poori kitab se mel nahi khaata. Mansoora, Lahore ki library mein raaqim ne khud dekha hai ke *Imdadiya* waalo'n hi ka taba'-karda tehreef se paak nuskha waha'n maujood hai.

Isi tarah ye baat bhi baais-e-taajjub hai ke Maktaba Imdadiya, Saudi Arab se jo nuskha Aazmi ki tehqiq se taba kiya gaya hai, wo bhi tehreef se paak hai. Raaqim ke kutub khaana mein ye tamaam nuskhe maujood hain. Saeed-ul-Lahhaam ke jis nuskhe ki naql Maktaba Imdadiya aur Taiyyab Academy ne shaaya ki hai, wo bhi hamare paas maujood hai. Taiyyab Academy waale ne pehle tehreef se paak jo nuskha shaaya kiya, baad mein Art Paper par ek warq alag shaaya karke us mein paste kar diya.

Al-gharz Abu Hanifa ki fiqa ko nusoos par muqaddam rakhne ke liye mutassibeen ne kutub-e-ahadees waghaera mein tehreef se kaam lene se bhi gurez nahi kiya.

Maunala Sanabili حفظہ اللہ ne apni is kitab mein mohaddisaana-o-mohaqqiqaana usloob ko madde-nazar rakha aur intihaai sharah-o-bast[1] ke saath mazkura-tuz-sadr masle par khaama-farsaai[2] ki aur tashaddud-o-taassub ko baalaa-e-taaq rakha hai aur ek mohaqqiq ki yehi shaan hoti hai. Wo muwaafiq-o-mukhaalif tamaam adilla[3] ko adl-o-

---

[1] T: (شَرْحْ و بَسْط) Tauzeeh-o-tafseel [RKT]
[2] T: (خامَہ فَرْسائی) Apne khayalaat ko, likhna, tehreer karna [RKT]
[3] T: (اَدِلَّہ) Daleel ki jama [RKT]

insaaf ki meezaan par parakhta hai aur har tehqiq karne waale shakhs ke saath kulli ittifaaq ho sakta hai aur na ikhtilaaf hi.

Faazil mohaqqiq ne apni tehqiq-e-aneeq[1] ka haq adaa kar diya hai aur is kitab mein kai ek (1) usool-e-hadees-o-rijaal par bhi uqdah-kushaai[2] ki hai. Jo ek taalib-e-haq ke liye mashaal-e-raah hai.

Allah Tabaarak wa Ta'ala unki is kitab ko juyaan-e-raah-e-sawaab[3] ke liye azeem safeena, ilm-o-aagahi ka dafeena aur najaat ka zar-e-zareena[4] banaae. Ameen. Aur kitab ke moallif, muaawin, naashir aur jumla qaraeen ke liye tosha-e-aakhirat banaae. Aur gumriyaan-e-siraat-e-mustaqeem[5] ke liye haq-o-sadaaqat ka aaina banaae. Ameen

Khaadim al-Ilm-o-Ahluhu

Abul Hasan Mubasshir Ahmad Rabbani (A'afa Allahu A'anh)

Raees Markaz-ul-Hasan P/822 Sabza Zaar, Lahore
21/7/1438h – 4-12-2015 6:57 am

[1] T: (تحقیقِ عنیق) Gehri aur baareek-been tehqeeq, gehri chaan-been [RSB]
[2] T: (عُقْدَہ کُشائی) Mushkil hal karna, pecheeda baat suljhana [RKT]
[3] T: (راہِ صَواب) Sahih/durust raasta [RSB]
[4] T: (زرِ زرینہ) Kaamyaabi ka sunehra zariya [RSB]
[5] T: Seedhe raaste/siraat-e-mustaqeem se bhatke hue log [RSB]

③ Fazilatush Shaikh Haafiz Ibtisaam Ilaahi Zaheer حفظہ اللہ

Har insaan kamyaabi ka mutamanni hai, lekin kamyaabi ke hawaale se mukhtalif tasawwuraat paae jaate hain. Baaz logon ke nazdeek maal kamaana, jabke baaz doosre logon ke nazdeek ohda haasil karna kamyaabi hai. Iske bar-aks baaz log shohrat ke husool ko kamyaabi samajhte hain. Kamyaabi ke ye saare tasawwuraat naaqis[1] hain. Haqiqi kamyaabi Quran-e-Majeed ke mutaabiq us shakhs ko haasil hoti, jo aag se bach kar Jannat mein daakhil ho jaaega. Isi haqiqat ka elaan Quran-e-Majeed ki Surah nisa mein you'n kiya gaya:

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ

Jo Aag Se Bachkar Jannat Mein Daakhil ho Gaya, Wo Kamyaab Hai. (Surah an-Nisa: 185[2])

Surah al-Asr mein Allah Tabaarak wa Ta'ala ne zamaane ki qasam khaakar jamee' insaniyat ko nakaam qaraar diya hai, siwaae in logon ke jo imaan laae, amal-e-saaleh kiya aur logon ko haq baat ki talqeen aur sabr ka dars dete rahe.

Allah Tabaarak wa Ta'ala ka kalam is haqiqat ko bhi waazeh karta hai ke faqat mehnat karte rehna aur apni marzi ke amaal anjaam dekar Jannat mein daakhile ki justaju karna, ye kamyaabi ki zamaanat nahi hai. Chunaache Allah Tabaarak wa Ta'ala irshad farmate hain:

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝

Bahut Ziyaada Mehnat Karne Ke Bawujood Bhi Bahut Se Log Aag Mein Phenk Diye Jaaenge. (Surah al-Ghaashiya 88: 3-4)

Jannat mein daakhila ke liye jahan imaan aur aqide ka durust hona zaroori hai, wahee'n un amaal ki baja-aawari[3] ki bhi bahut ehmiyat hai. Jo Allah Ta'ala ki qurbat ka sabab aur uski naraazi se bachne ka baais ho'n.

Amaal-e-saaliha mein se sar-e-fehrist arkaan-e-islam aur un mein se bhi

---

[1] T: (ناقِص) Adhoora, naa-mukammal, aebdaar, khoti [RKT]

[2] T: correct reference is Surah Aale Imran 3: 185 [RSB]

[3] T: (بجا آوَری) Taameel, anjaam-dahi, amali-jaama pehnaana [RKT]

ahem-tareen namaz ka fariza hai. Namaz deen ka sutoon aur use sahih tariqe se adaa karna har momin-o-musalman ki zimmedaari hai. Namaz samet tamaam amaal-e-saaliha ki baja-aawari ki do (2) ahem sharaait hain. Ek (1) shart ye hai ke amal Allah Ta'ala ki razaa ke liye ho. Doosri shart ye hai ke amal Allah ke Rasool ﷺ ki sunnat ke mutaabiq ho. In dono mein se koi shart bhi mafqood ho, to amal maqbool nahi hoga.

Namaz ke baare mein alaahada se bhi hadees-e-paak mein mazkoor hai:

صَلُّو كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ.

"*Namaz waise adaa karo, jaise Rasool Allah ﷺ ne adaa ki hai*". (Sahih Bukhari: H605)

Namaz adaa karne ke liye zaroori hai ke musalman ulama-o-awaam-un-naas in hadeeso'n se aagaah ho'n. Jo Nabi-e-Kareem ﷺ ki namaz ki kaefiyat ko waazeh karti hain. Yaqeenan musalman ulama un ahadees se aagaah hain, lekin unksi durust tariqe se awaam tak tarseel[1] bhi ulama-e-ummat ki zimmedari hai. Namaz ke maamle mein baaz musalmano ka rawaiyya bahut hi lachak-daar hai aur wo ye kehte hain ke namaz jaise marzi padhlo.

Aise padho ya waise padho, isse kya farq padta hai? Namaz adaa karna zaroori hai. Aise log is haqiqat ko nazar-andaaz kar dete hain ke Nabi-e-Kareem ﷺ ki sunnat ki ittiba amaal ki qubooliyat ki buniyad hone ke saath-saath insaan ko Allah Ta'ala ki mohabbato'n ka markaz bana deti hai.

Namaz ke arakeen aur afaal mutaaddid hain aur har rukn aur har fe'l apni jagah par ahem hai. Kisi bhi amal ko ghair-ahem samajhna durust nahi hai. Jahan sajda aur ruku ki ehmiyat hai, wahee'n qiyaam bhi namaz ka ek intihaai ahem rukn hai. Nabi-e-Kareem ﷺ qiyaam karte hue kahan haath baandhte the? Is amr ki tehqiq ke liye hamare faazil dost Maulana Kifayatullah Sanabili حفظه الله ne zer-e-nazar kitab mein bhar-poor andaaz mein tehqiq ki hai.

Ahem baat ye hai ke ye tehqiq kisi maslak ya firqe se waabastagi ke

---

[1] T: (تَرْسِيل) Rawaana karna, bhejna, dispatch, sending [RKT]

tanaazur mein nahi ki gai. Balke khalisatan sahih ahadees ki raushni mein haqaaiq ko waazeh kiya gaya hai. Biraadaram Maulana Kifayatullah Sanabili حفظہ اللہ ka maqsad is masle par maujod shukook-o-shubhaat ko door karke Nabi-e-Kareem ﷺ ke haath baandhne ki kaefiyat ko durust tariqe se waazeh karna hai.

Ummeed hai qaraeen is kitab se bharpooor tariqe se istifaada karenge, aur qiyaam mein apne haatho'n ko waha'n baandhenge, jahan pyaare Nabi Hazrat Muhammad ur Rasool Allah ﷺ bandha karte the.

Allah Ta'ala is kitaab ki tabaa-at par Maktaba Bait us Salaam aur uske tamaam mutaalliqeen ko ajr-o-sawaab ataa farmaae aur iski ashaa-at ko sabki hasanaat mein izaafe ka sabab banaae aur padhne waale tamaam musalmano ko zindagi ke har maamle mein Nabi-e-Kareem ﷺ ki ittiba ki taufeeq ataa farmae. Ameen.

(Haafiz) Ibtisaam Ilaahi Zaheer

④ Fazilatush Shaikh Maulana Dawood Arshad حفظہ اللہ

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

Ibadaat ko masnoon tariqe par adaa karna, ibaadat ki qubooliyat ke liye zaroori hai. Irshad-e-Baari Ta'ala hai:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

Yaqeenan Tumhare Liye Rasool Allah ﷺ Mein Umda Namoona Hai. (Surah al-Ahzaab 33: 21)

Is tariqe ko khoobsurati se apnaane ka khud hamare paighambar ﷺ ne hukm farmaya hai:

صَلُّو كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ.

"*Namaz isi arha adaa karo, jaise tum mujhe namaz adaa karte hue dekh rahe ho*". (Sahih Bukhari)

Jis namazi ki namaz Aap ﷺ ke tariqe ke mutaabiq nahi thi, use Aap ﷺ ne khud farmaya tha:

ارجع فصل فإنك لم تصل.

"*Waapas ja aur dobaara namaz padh, toone namaz nahi padhi*". (Sahih Bukhari: H757)

Namaz ke qiyaam mein haatho'n ko kis jagah par baandhe'n? Ye Ahle Hadees aur Ahlur Raae ka maaroof ikhtilaafi masla hai. Baaz logon ne apne daaman mein daleel ka fuqdaan paakar kutub-e-ahadees mein tehreef-e-lafzi bhi ki hai. Zaroorat is baat kit hi ke is masle par Urdu mein koi jaame kitab hoti, jo fariqain ke dalaail ka muhasba karte hue haq-o-sawaab ki nishan-dahi karti. Aise mabaahis ko khaalis ilmi andaz mein tehreer karna koi jurm nahi, balke qaabil-e-sataaish hai. Kyoun ke isse haq nikhar jaata hai aur kisi cheez mein nikhaar laane ke liye mael-kuchael ko saaf karna padta hai.

Baaz logon ka khayal hai ke ummat-e-marhooma jis daur se guzar rahi hai, in halaat mein nazariya-e-zaroorat ke tahat aise furooi masaail ke bajaae ittihaad-e-ummat ke liye kaam karna chaahiye. Baat to maaqool hai, magar quran-o-sunnat ki taraf daawat dena intishaar nahi, balke

ummat ko muttahid karne hi ki ek koshish hai. Raha aise masaail ko furooi qaraar dena, to isse mujhe qatai ittifaaq nahi hai. Kyou? Is liye ke Aap ﷺ ki sunan ka shumaar asaas-e-deen mein hota hai.

Maulana Anwar Shah Kashmiri farmate hain:

والسواك سنة، واعتقاد سنيته فرض (لأنه ثبت متواترا بأنحاء التواتر) وتحصيل علمها سنة وجحودها كفر.

Yaane "*miswak sunnat hai aur uske sunnat hone ka aqida rakhna farz hai (kyoun ke ye kai tarah ke tawaatur ke saath mutawaatir saabit hai) aur iska ilm haasil karna sunnat hai aur iska inkaar kufr hai*". (Faiz-ul-Baari: V1 P70-71)

Haalat-e-qiyaam mein haatho'n ko bandh kar namaz adaa karna bhi aisi sunnat-e-mutawaatirah hai, jis par nasal-dar-nasal ummat-e-marhooma mein taammul[1] chalaa aaraha hai. Seene par haatho'n ke baandhne ka amal bhi ummat mein mutawaatir raha hai. Shafaiyyo'n ka seene par haath baandhne ka eteraaf to saahib-e-hidaaya ne bhi kiya hai. (Hidaaya Awwaleen: P101 Baab Sifat Salaat)

Haa'n albatta koi zid ka maara isse inkaar kare to alag baat hai, aur ye intishaar is liye nahi ke ahnaaf zer-e-naaf haath rakhte hain aur Ahle Hadees seene par haath baandhte hain. Ise koi bhi intishaar nahi kehta. Intishaar to tab hota, jab fariqain mein se kisi ke nukhta-e-nazar ko ghalat bayan kiya jaata aur us par jhoota ilzaam laga kar use badnaam karne ki koshish ki jaati, agar koi siyaah rang ka libaas zeb-tan karta hai aur kehne waala ye keh deta hai ke zaid ne shalwaar qamees siyaah rang ki pehni hui hai to ye intishaar kaise hua?

Behrehaal kisi ke qaul-o-fe'l ki dayaanat-daari se nishan-dahi karna aur uske qaul-o-fe'l ko quran-o-sunnat se rad karna, firqa-parasti mein nahi aata. Warna quran-e-hakeem par intishaar ka ilzaam aaega. Kyounke Quran-e-Majeed ne haq ko bayan kiya hai aur ibtaal-e-baatil ke liye baatil-parasto'n ka naam bhi liya hai. Haa'n albatta baat daleel se ki hai, lihaaza agar aaj bhi koi haq ko daleel se sharifaana tariqe se bayan karta hai to wo quran ki ittiba kar raha hai.

---

[1] T: (تَعَامُل) Amal, amal karna, kaam karna, koshish, jaddo-jahad [RKT]

Baat lambi ho gai, qissa mukhtasar ye ke aisi kitabe'n jo khaalis ilmi andaaz mein tehreer ho'n, unse ilmi taur par ikhtilaaf to kiya ja sakta hai, magar ye kehna ke ummat ke liye mufeed nahi, mahel-e-nazar hai.

Khaksaar yahan se ye kehne mein haq-ba-jaanib hai ke muallif mausoof ne 500 se zaaid safhaat ki kitab likh kar, jis mein unho'n ne an-thak mehnat ki hai, ilmi taur par sunnat-e-nabawi se mohabbat ka suboot diya hai. Masla ki kama-haqqahu tanqeeh [1] karne mein, wo bila-shubha kamyaab rahe hain. Kitab mein khaalis ilmi andaaz hai. Muallif ki ye mehnat qaabil-e-qadr aur laayaq-e-tehseen hai. Haq ki talaash karne waalo'n ke liye minaara-e-noor aur muwahhideen ke liye shifa us sudoor hai aur muhibbeen-e-sunnat ke liye aankho'n ki thandak hai.

Dua hai ke Allah Ta'ala musannif ke ilm-o-amal aur umr mein barkat daale aur unke liye tosha-e-aakhirat aur kaffara-e-saiyyiaat banaae. Ameen ya Ilaah al-Aalameen.

Abu Suhaib Muhammad Dawood Arshad

Safar 25th, 1637H[2] – Dec 8th, 2015

---

[1] T: (تَنْقِیح) Jaanch-padtaal, tafteesh, tehqiqaat, chaan-been [RKT]

[2] T: Urdu pdf mein 1637 hijri hi likha hai, jabke sahi 1437 hoga [RSB]

⑤ Fazilatush Shaikh Maulana Rafeeq Taahir حفظہ اللہ

Namaz ki ehmiyat ka andaaza is baat se lagaaya ja sakta hai ke hadees-e-jibraeel ke naam se maaroof riwayat mein Nabi-e-Mukarram ﷺ ne islam ki tareef mein namaz qaayam karne ko shaamil farmaya hai aur hadees wafad-e-Abdul Qais mein imaan billahi wahdahu ke maane mein iqaamat-e-salah ko zikr kiya hai. Lughat-e-arab mein iqaamat ke maane hote hain: 'أن يؤتى بها بحقوقها' *'kisi bhi kaam ko kama-haqqahu sar-anjaam dena, use qaayam karna kehlaata hai*".

Namaz ke kul 6 huqooq hain, jinhen poora kiya jaae to namaz qaayam karna banta hai:

① Bar-waqt adaa karna. (Surah Nisa: 103)

② Ba-jamat adaa karna. (Surah Baqara: 43)

③ Safo'n ko durust karna. (Bukhari: H723)

④ Itminaan se adaa karna. (Bukhari: 757)

⑤ Hameshgi karna. (Tirmizi: 2621)

⑥ Sunnat ke mutaabiq adaa karna. (Bukhari: 631)

Namaz ke is aakhri haq, yaane sunnat ke mutaabiq namaz adaa karne ka taqaaza hai ke namaz ke kalimaat, harakaat aur sakanaat. Sabhi kuch Nabi-e-Mukarram ﷺ ki sunnat ke mutaabiq ho'n.

Agar un mein se kisi ek (1) maamla mein bhi sunnat-e-rasool ﷺ ko amadan choda jaae to wo namaz, Rasool Allah ﷺ waali namaz nahi rehti aur na aisi namaz 'اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ' ke hukm ki bajaa-aawari ke liye kifayat karti hai. Jabke imaan aur islam ka taqaaza "*iqaamat-e-salah*" hai aur kitab-o-sunnat mein isi ka hukm diya gaya hai.

Namaz ke inhi masaail mein se ek masla "*haath baandhne*" ka bhi hai, ulama-e-ahnaaf ne is baare mein ahle sunnat se ikhtilaaf kiya aur kamzor aur be-asal riwayaat ko buniyad bana kar namaz ke qiyaam mein "*zer-e-naaf*" haath baandhne ko riwaaj diya. Un mein se kuch ulama ne naaf se oopar haath baandhne ko raajeh kaha. Lekin "*oopar*" ka taayyun nahi kiya. Ke naaf se oopar haath kahan baandhne hain. Sar par ya pet pe?!

Jabke Ahle Hadees ka is baare mein waazeh mauqif hai ke haatho'n ko seene par bandha jaae, kyounke Rasool Allah ﷺ se yehi saabit hai aur iska khilaaf saabit nahi. Yehi wajah hai ke kuch ahnaaf bhi isi mauqif ki jaanib maail[1] hue. Ahle Hind mein Allama Abul Hasan Sindhi Hanafi aur unke bahut se talaamiza seene par haath baandhne ke qaayal-o-faail the aur us maidan mein ye akele nahi, balke ahnaaf ki taraf se seene par haath baandhne waale mauqif ki tehreer taaeed bhi ki gai hai. Hind mein jis ke awwaleen qalamkaar Allama Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi Hain.

Yahee'n par bas nahi, taaifa barelwiya ke moojid Ahmad Raza Khan Barelwi Saahab bhi seene par haath baandhne waali riwayat ko sahih kahe baghaer na reh sake. Go, unho'n ne tarjeeh zer-e-naaf haath baandhne hi ko di hai. Jiski wajah bhi bahut ajeeb bayan farami ke "*Qiyaam mein taazeeman naaf ke neeche haath baandhna hi maaroof hai*" aur is qaziyye[2] ko urf ke hawaale karne ki buniyad Musannaf Ibne Abi Shaiba waali riwayat ko banaaya hai, jiske baare mein Nemwi Hanafi Saahab bhi ye tasleem kiye baghaer na reh sake ke 'تحت السرة' ke alfaaz *ghair-mehfooz* aur *zaeef* hain. (At Taaleeq-ul-Hasan: P71)

Phir mausoof ne us urf ko bhi sirf mardo'n tak hi mehdood karte hue is riwayat ko sirf mardo'n ke haq mein raajeh qaraar diya. (Fataawa Rizwiya: V6 P169)

Waise mausoof Barelwi Saahab ne Ibne Khuzaima ki hadees ko *Sahih-ul-Isnaad* maan kar seene par haath baandhne ke sunnat hone par mohr-e-tasdeeq sabat farmadi hai. Lihaaza ab kisi bhi Barelwi ke shyaan-e-shaan nahi ke wo apne hi '*Aalaa hazrat*', ki tehqiq ko rad kare.

Neez Ahle Hadees munazireen ko bhi seene par haath baandhne ke liye dalaail talaash karne ki zaroorat nahi hai, balke unhe'n chaahiye ke munazare mein seene par haath baandhne ki daleel wo fareeq-e-mukhaalif se talab kare'n aur phir us pesh-karda daleel ki sehat bhi unhee'n se maange'n. Kyounke yaar logon ki khawateen seene par haath baandhti hain. Jab wo apni khawateen ke us amal ko sanad-e-

---

[1] T: (مَائل) Mutawajje, raaghib [RKT]
[2] T: (قَضِيّه) Muaamala, hukm, khabar [RKT]

jawaaz pesh karne ke liye daleel pesh karenge, usi daleel se mardo'n ke liye seene par haath bandhna bhi saabit ho jaaega. Kyounke daleel mein aurato'n ki takhsees[1] nahi hai aur agar kabhi Ibne Khuzaima waali riwayat pesh kar hi baithe'n, to ulama-e-Barelwiya ki jarh ka mufassal jawab dene ki chandaa'n zaroorat nahi. Kyounke unke imam mausoof use sahih qaraar de chuke hain. Lehaaza unke liye apne baani ka hawaala hi kaafi hai.

Umooman jin riwayaat se is baab mein zer-e-naaf haath baandhne par istidlaal kiya jaata hai. Un tamaam-tar riwayaat par hamare faazil dost Maulana Kifayatullah Sanabili حفظہ اللہ ne aisi mufassal bahes farmaai hai ke us mauzu par aaj tak itna mufassal kabhi nahi likha gaya aur us par mustazaad ke use itne aasaan alfaaz mein pesh kiya hai ke sirf ulama hi nahi, balke awam un naas mein se koi bhi saahib-e-zoq us bahes ko ba-asaani samajh sakta hai. Sabse pehle unho'n ne seene par haath baandhne ke dalaail zikr karke unki sehat ko saabit kiya aur apni wajah-e-istidlaal ko waazeh karte hue 'وضع اليدين على الصدر' ko saabit kiya hai. Phir un dalaail par waarid hone waale shukook-o-subhaat ka nihaayat jaame andaaz mein ilmi muhakma pesh farmaya hai.

Iske baad 'وضع اليدين تحت السرة' ke qaaileen ke dalaail zikr karke unka suqm[2] waazeh kiya hai. Bihamdillah is kitab mein itni jaamaiyyat hai ke iske baad is mauzu par kisi qism ki tishnagi[3] baaqi nahi rehti.

Allah Ta'ala se dua hai ke wo inki is mehat ko inki duniya-o-aakhirat sawaarne ka zariya banaade. Ise sharf-e-qubooliyat se nawaaze aur mutalaashiyaan-e-haq ke liye mashaal-e-raah banaade. Ameen Ya Rabb al-Aalameen.

Wa Katabahu

Abu Abdur Rahman Muhammad Rafeeq Taahir

Mudeer Markaz Ahle Hadees, Multan

13/9/1426h

---

[1] T: Khaas karne ya farq karne [RSB]

[2] T: (سُقْم) Naqs, aeb, kharaabi, ghalati [RKT]

[3] T: (تِشْنَگی) Pyaas, chaahat, talab, khwaahish, tamanna, aarzu [RKT]

⑥ Sultaan-ul-Qalam Fazilatush Shaikh Abdul Muyeed Madani حفظہ اللہ

الحمد للّٰهِ رب العالمين والعاقبة للمتقين، والصلاة والسلام علىٰ خير خلقه محمد و آله وصحبه أجمعين، وبعد!

Kisi teheer-o-tasneef ki qadar-o-qeemat kai etebaar se mutaiyyan hoti hai aur har ek ki sharai deeni aur ilmi ehmiyat tae hai. Jis mauzu par tehreer aai hai, wo mauzu kya hai? Mauzu par aai tehreer ka manhaj kya hai aur khud saahib-e-tehreer apne mauzu se mutaalliq mukhlis hai? Saccha hai ya nahi? Jab mauzu deeni ho, kaar-e-sawaab, kaar-e-khair aur manhaj-e-bahes-o-tehreer, tasabbut-o-tehqiq[1], adaalat-o-saqaahat ka haamil ho aur natija-khez ho. To thereer kamyaab maani jaaegi. Nateeja-khez hogi aur qalam-kaar kamyaab maana jaaega. [*Anwar al-Badr fi Wad' al-Yadayn alaa al-Sadr*] 'أنوار البدر في وضع اليدين على الصدر' usi qism ki kitab hai, jiske musannif Maulana Kifayatullah Sanabili Saahab hain.

Is kitab ka mauzu unwaan se zaahir hai. Umooman log yehi jatlaane ki koshish karte hain aur naak-bhoo'n chadhaate[2] hain ke furooi masaail par is daur mein itni tafseel se likhne ki zaroorat kya hai? Lekin ilm-o-tehqiq, bahes-o-nazar ki duniya mein aisi guftagu durust nahi hai.

'وضع اليدين على الصدر' (Namaz mein haatho'n ko seene par rakhna) Ek (1) deeni juzv ban chuka hai aur qiyamat tak ke liye uski deeni haisiyat musallam hai. Us deeni haisiyat ki tasdeeq aur suboot ke liye ilmi manhaj aur tehqiqi jaddo-jahad laazmi hoti hai.

Agar is deeni amal ki deeni haisiyat ka inkaar kiya jaae aur iske ilmi pehlu aur tasabbut-o-tehqiq ke silsila ko taraaj kiya jaae aur ilm-o-tehqiq ke manhaji tareeqo'n ko bigaada jaae, to aisi soorat mein poora riwayati tasabbut shukook-o-shubhaat ki zad mein aajaaega. Taqleed-o-aara-parasti ka sabse bada khatra yehi rehta hai ke khud-parasti aur tahzzub[3] ke hatiyaar se deen ke tasabbut-o-saqaahat aur adaalat ke zareen usoolo'n ko tabaah kar diya jaae.

---

[1] T: (تَثَبُّت) Poori tarah tasdeeq karna, tehqeeq aur yaqeen [RSB]
[2] T: (ناک بَھوں چَڑھانا) Naaraaz hona, bezaari zaahir karna, ranjeeda hona, naapasand karna [RKT]
[3] T: (تَحَزُّب) Giroh-bandi, firqo'n mein taqseem hona [RKT]

Deen ki hiraasat ka wo silsila jo giroh-e-mohaddiseen se jaari hai, qiyamat tak jaari rahega aur Rasool-e-Giraami ﷺ ki peshan-goi zamaanat-e-Ilaahi rahi hai. 'يَحْمِلُ هَذَا الْعِلْمَ مِنْ كُلِّ خَلَفٍ عُدُولُهُ' ke hiraasat-e-deen ka silsila qiyaamat tak jaari rahega aur iske ahl wohi log ho sakte hain, jo udool[1] ho'n. Hiraasat-e-deen ka wo silsila jo mohaddiseen se chala aaraha hai, har daur mein 'خلف عن سلف' (khalf an salaf) jaari rahega aur wohi is silsile ki ek (1) kadee ban sakte hain, jo udool ho'n aur deeni-o-sharai adaalat[2] unke andar paai jaati ho.

Azeez musannif ki khoobi aur kamaal yehi hai ke wo iske khwaahish mand bhi hain aur koshaa'n bhi hain ke mohaddiseen ke deeni hiraasat[3] ke silsila mein daakhil hone ke ahl ban jaae'n. Unki jis tarah ilmi uthaan hai, usse andaaza lagaana mushkil nahi hai ke in sha allah wo mohaddiseen ke deeni hiraasat ke silsile mein daakhil honge aur unki wiraasat ka haqdaar banenge.

Ye ahem baat hai ke zaati etebaar se wo koshaa'n rehte hain ke mohaddiseen ke nuqoosh par chalte rahe'n aur haq-o-sadaaqat, sacchai aur imaandaari ki raah unse choote nahi. Aaj ke daur mein har maidan mein qalam-kaaro'n ka rehnuma unka shikam hota hai. Bahut kam aise qalamkaar milenge, jinka zameer-o-imaan unka saath deta ho.

Zameen-o-imaan, sacchai aur sadaaqat ki agar qalam ko rafaaqat haasil na ho, to saare kaam wabaal aur ilm-o-tehqiq ke liye bojh hote hain aur sahih baat to ye hai ke be-zameer insaan kitna bhi likhe, padhe aur bole. Iski baat-o-tehreer ki sahih aur acchi taseer nahi hoti hai. Uske asaraat ghalat hi hote hain aur usko haq-o-himaayat-e-deen ki baat bahut kam samjhaai de sakti hai.

Azeez-e-mohtaram ki raah tehqiq aur tasabbut ki raah hai aur tehqiq-o-tasabbut ki raah se wo haq-o-sadaaqat tak pohonchne ki koshish karte hain. Is raah mein badi tool-nafsi aur sabr-o-bardasht ki zaroorat hoti hai. Riwayaat ki chaan-been, turq ko jama karna, natija nikaalna aur

---

[1] T: (عُدُول) Naafarmaani, sartaabi, inkaar, roo-gardaani, inheraaf [RKT]
[2] T: Raawi ki tauseeq, tasdeeq, taaeed [RSB]
[3] T: (حراست) Nigraani, paasbaani, nigehbaani, guardianship, custody [RKT]

hukm lagaana, jarh-o-taadeel mein aqwaal-e-ulama ko jama karna aur natija nikaalna, fiqhi-aara mein fuqaha-o-mohaddiseen ke aqwaal-o-aara ka dalaail ki raushni mein muhaakma-o-munaaqisha[1] karna aur sahih raae ko tarjeeh dena, aasaan kaam nahi. Aaj ki naqqali aur kaahili ke daur mein is raah se ba-khabar logon ko itne jokham bhare kaamo’n ko dekh kar hi paseena aajaata hai.

Jamat-e-Ahle Hadees ke khasaais mein ye daakhil hai ke riwayaat ki tehqiq mein manhaj-e-mohaddiseen ka silsila jaari hai aur tehqiq ki raah kabhi band nahi hui hai. Is uthal-puthal, intishaar aur maaddiyyat ke daur mein tehqiq aur tasabbut ka wo tariqa-e-mohaddiseen, jisko Sanabili Saahab ne ikhtiyaar kiya hai, jamat ki bahut badi zaroorat hai. Jisko janab poora kar rahe hain aur ye baat khud unke liye baais-e-saaadat hai ke unho’n ne mohaddiseen ki raah apnaai hai. Hamari dua hai ke wo us raah par chalte rahe’n aur mohaddiseen ke us akhlaaq-o-seerat ke haamil bane rahe’n, jo unka turra-e-imtiyaaz[2] tha aur unki shanaakht thi.

Hadeesi tehqiqaat jamat-e-Ahle Hadees ki har daur mein bahut badi zaroorat aur bada sarmaaya rahi hain. Sahih, manhaji aur asal tehqiqaat aur nataaij se sunnat par amal karne ki raah hamwaar hoti hai aur jab hadeesi, manhaji tehqiqaat asaalat[3] aur tasabbut ke saath jaari rehti hain aur unka amal bar-qarar rehta hai, to fard-o-samaaj ke fikr-o-khayaal aur aqida-o-amal par islaah-pazeer aur taghaiyyur-pazeer asaraat chodte hain aur jab jumood paida hota hai to mahez jumood ke sabab khud ahle hadeeso’n par murdani chaa jaati hai aur unke andar be-raunaqi aajaati hai. Aur har *keh-o-mih*[4] ki har mohaqqaq-o-ghair-mohaqqaq aur sahih-o-ghalat baat maan lene ka imkaan rehta hai aur chut-bhayyo’n[5] ke phalne-phoolne aur udne-udaane ka maahol ban jaata hai.

---

[1] T: (مُناقَشَه) Baaham ladaai jhagda, bahes-o-takraar [RKT]
[2] T: (طُرَّۂ اِمْتِیاز) Wo sifat jo doosro’n se mumtaaz kare, baais-e-fauqiyat/izzat/ehteraam [RKT]
[3] T: (اصالت) yahan iska mafhoom hai: Hadees ki tehqeeq asal masaadir aur motabar tariqo’n se ki jaae [RSB]
[4] T: Chote-bade, adna-o-aala, aam-o-khaas [RKT]
[5] T: (چُھٹ بَھیّے) Anaadi, na-waaqif, kam darje ke log [RKT]

Tehqiqaat ka amal jaari rahe to tehqiq-pasandi aur tehqiqaat-pasandi ka mizaaj bhi bar-qarar rehta hai. Tehqiq-pasandi se zehni ghulaami ka mizaaj marta hai aur zehni ghulaami ka mizaaj banne ki raah mein rukaawat paida hoti hai aur ilmi iddiaa pasando'n[1] aur ilmi bono'n ko phalne-phoolne ka mauqa nahi milta. Tehqiq ka kaam bahut kathin hai, lekin hai sab hi muassir[2]-o-mufeed.

Ek musibat ye aan padi hai ke makhtutaat ko edit karne ka naam tehqiq padh gaya hai. Uski bhi apni matloob ehmiyat tae hai, lekin tehqiq se muraad tehqiq-e-haq hai. Maane ki tehqiq, riwayaat ki chaan bheen aur maqbool-o-mardood ki tehqiq, istidlaal-o-istimbaat ke sahih usoolo'n ke mutaabiq ahkaam ke daryaaft karne ki koshish, deen se mutaalliq phaile shukook-o-shubhaat ko door karke haq aur sacchai ki tehqiq, dar-asal yehi buniyaadi tehqiq hai.

Deeni, hadeesi tehqiqaat ki jo raah Sanabili Saahab ne apnaai hai, uska taalluq haqiqi aur asli tehqiq se hai. Riwayaat ki tehqiq mein unho ne usooli manhaj ko apnaaya hai. Mutoon-o-isnaad[3] ke diraasata[4] ke jo usool-o-zawaabit hain, unki raushni mein ye riwayaat ka mutaala-a aur diraasata karte hain aur apni zaati mehnat aur maahsal[5] ko poori ilmi-o-deeni amaanat-daari ke saath logon ke saamne pesh karte hain.

Umooman ye hota hai ke kasrat-e-tehreer ke shauq mein mohaddiseen ke darasaat[6] aur riwayaat par unke ahkaam ko log apna banaakar apna haasil diraasata pesh karte hain. Un aam rawish ke bar-khilaaf aziz Sanabli ne fann ke dar-o-bast[7] se poori aagaahi haasil karne ki koshish ki hai aur us waadi ki bhar-poor saer ki hai aur karte rehte hain aur poore adab-o-ehteraam ke saath ulama-e-hadees ke tajreehi-o-taadeeli ahkamaat aur khayalaat se istifaada karte hain aur saare darasaati marhalo'n se guzar kar ba-zaat-e-khud usoolo'n ke mutaabiq ek natija

[1] T: Be-daleel ilmi daawe karne waale [RSB]
[2] T: (مُؤثِّر) Asar karne waala, kaar-gar, taaseer karne waala [RKT]
[3] T: (مُتُون) Matan ki jamaa, kisi kitaab, mazmoon ki asal ibaarat [RKT]
[4] T: (دِراسته) Kisi mauzoo ko tafseel se padhna aur samajhna, baghaur mutaala-a karna [RSB]
[5] T: (ماحَصَل) Jo haasil ho, natija, khulaasa, labbe-lubaab [RKT]
[6] T: (دِراسَت) Sabaq, lecture, mutaala-a, studying, learning [RKT]
[7] T: (دَر و بَسْت) Tamaam, kul, poora, entire, whole [RKT]

nikaalne ki koshish karte hain.

Fann-e-riwayaat mein muallal[1] riwayato'n ki parakh aur unse mutaalliq turq mutaddadah[2] ki jaankari aur unke isnaad-o-matan ka diraasata aur natije tak pohonchna sabse kathin kaam hai. Muallal riwayato'n ko chaan kar nikaalna, unhen maqbool-o-mardood ke natije tak pohonchaana, riwayaat ka sabse maarika-aara[3] ilmi mabhas hai. Allah Ta'ala un logon ko unki pehchaan de deta hai, jo deen ke jazbe se us mein lag jaate hain. Musannif ne us kathin marhale se bhi khud ko guzaara hai aur us ghaati ko bhi sar[4] karne ki koshish ki hai.

Hamari dua hai ke jis hassaas tehqiqi maidan mein Maulana Kifayatullah Sanabili ne qadam rakha hai, Allah Ta'ala us raah mein unki madad farmae aur unhen us ilm-e-mubaarak mein mohaddiseen ka khalaf-e-saaleh banaae aur deen-o-millat ke liye unke ilm ko mufeed banaae. Ameen

Abdul Muyeed Madani (Aligarh)

Sep 29th, 2014

---

[1] T: (مُعَلَّل) Hadees ki ek (1) qism, jis mein ba-zaahir sehat ki tamaam sharte'n paai jaati hain, magar wo qaabil-e-istidlaal nahi hoti [RKT]

[2] T: (مُتَعَدِّدَہ) Mutaaddid, kai, bahut, mutafarriq [RKT]

[3] T: (مَعْرَکَۃُ اْلآرا) Azeem, bada/badi, ghaer-maamooli [RKT]

[4] T: (سَر کَرْنا) Fatah karna, maghloob karna, jeetna [RKT]

⑦ Fazilatush Shaikh Maulana Salahuddin Maqbool Ahmad حفظه الله

Masla ‘وضع اليدين على الصدر’ (Namaz Mein Seene Par Haath Baandhna) zamana-e-nubuwwat se lekar aaj tak har jagah (ahadees-e-mutawaatira, aasaar-e-sahaba, aur aqwaal-e-ahle ilm ki raushni mein) *ahlul hadees wa Sunnah wal asar* ka shiaar raha hai. Jab ummat mein taqleed-o-taassub ka riwaaj aam hone laga to ye muttafiq-alae masla bhi mukhtalif-feeh, balke kahee’n-kahee’n is par amal na-qaabil-e-maaafi jurm ki fehrist mein aagaya. Ba-qaul-e-Haali:

سدا اہل تحقیق سے دل میں بل ہے، فتاووں میں پورا مدار عمل ہے

حدیثوں پہ چلنے سے دیں میں خلل ہے، ہر اک رائے قرآں کا نعم البدل ہے

کتاب اور سنت کا ہے نام باقی، خدا اور نبی سے نہیں کام باقی

Sada ahl-e-tehqeeq se dil mein bal hai
Fatawaon mein poora madar-e-amal hai

Hadeeson pe chalne se deen mein khalal hai
Har ek raaee Quran ka nemul-badal hai

Kitaab aur Sunnat ka hai naam baqi
Khuda aur Nabi se nahi kaam baqi

Is shiaar[1] par amal ke sabab aamileen-e-hadees ko masjido’n se nikaala gaya, zad-o-kob kiya gaya, hatta ke maamla basa-auqaat qatl tak ja pohoncha.

In jaise naa-gufta-ba[2] halaat mein bhi na aamileen-e-kitab-o-sunnat ne kabhi us par amal tark kiya aur na ulama-e-hadees hi ne masle ki sehat par dalaail ki jama-o-tarteeb aur un par etiraazaat-o-shubhaat ke izaale mein koi kasar baaqi rakhi.

---

[1] T: (شِعار) Nishaan, pehchaan, dastoor, mark, identity [RKT]
[2] T: (نَاگُفْتَہ بِہ) (Wo baat ya haal) jiska iaada bayan karne waale ke liye bhi takleef-dah ho, baat jo nihaayat kharaab ho jiska naa kehna hi accha ho [RKT]

Usi moazzaz karwan-e-ulama-e-hadees ke ek naujawan rukn Maulana Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili *wa faqqahullah*[1] hain. Jinho'n ne apni kitab *Anwaar al-Badr Fee Waza' al-Yadain Alaa as-Sadr*. Tasneef karke is masle ki haqqaniyat ki wazaahat mein qaabil-e-qadar izaafa kiya aur barre-sagheer ke maaroof ulama-e-mohaqqiqeen se daad-o-tehseen haasil ki.

Is tehqiq-o-kaawish par faazil muallif ko mubarakbaad aur aainda deegar masaail mein bahes-o-tehqiq ke liye duao'n ke saath ummede'n. *Wallahu al-Muwaffiq*[2]*!*

Salahuddin Maqbool Ahmad

Sadar, Nigran Board Jamiat Ahle Hadees, Hind. New Delhi
Jan 28th, 2016

---

[1] T: 'Aur Allah unhe'n deen ki samajh ataa farmaae' [RSB]
[2] T: Aur Allah hi kaamyaab karne waala hai [RSB]

⑧ Fazilatush Shaikh Razaullah Abdul Kareem Madani حفظه الله

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، وعلى آله و صحبه و أهل بيته أجمعين ومن تبعهم بإحسان إلىٰ يوم الدين، أما بعد!

Masaail-e-salah mein ikhtilaaf ulama-e-ummat ke darmiyan zamana-e-qadeem se chala aata hai, unhi masaail mein ek (1) masla haalat-e-namaz mein haath baandhne ka bhi hai. Aam taur par us mein do (2) fareeq mashoor hain. Ulama-e-Ahle Hadees aur Ulama-e-Ahlur Raae. Riwayaat is baare mein kai maane ki marwi hain, baaz mein *alaa as-sadr* 'على الصدر' baaz mein *ind as-sadr* 'عند الصدر' aur baaz mein *tahat as-sadar* 'تحت الصدر' jaise alfaaz marwi hain aur baaz riwayat mein *fauq as-surrah* 'فوق السرة', baaz zaeef riwayaat mein *tahat as-surrah* 'تحت السرة' aur baaz mein *alaa as-surrah* 'على السرة'[1] ya isi maane ke alfaaz hain.

Baaz riwayaat sirf haath baandhne ka tazkira hai, un mein *alaa as-sadr* ya *alaa as-surrah* ya *tahat as-surrah* ke alfaaz to nahi, lekin jo tariqa un mein bayan kiya gaya hai, agar us par amal kare'n to haath *alaa as-sadr* yaane seene par aate hain.

In ahadees par amal bhi 2 tareeq par aaj-kal ho raha hai, ek tariqa Ahle Hadees ka hai, jis par amal kasrat se ho raha hai. Mazaahib-e-fiqhiya mein Shawaafe, Hanaabala aur Mawaalik mein ahle tehqiq seene hi par haath baandhne par aamil hain. Agar us mein in mazaahib-e-fiqhiya ki khwateen ko bhi shaamil kar liya jaae, to ummat ka aadhe se ziyaada hissa hain, to ye baat kehne mein koi baak[2] ya shak nahi rehta ke ummat ki askariyyat seene par haath baandhne par amal-paera hai.

Sirf *chand ziddi muqallido'n* ke alaawa naaf ke neeche haath baandhne ka amal kisi ka nahi. Ahnaaf jo Hindustan ki ghaalib aksariyyat hai, un mein aurate'n to saari hi seene par haath baandhti hain. Baaqi ulama-e-muqallideen mein aaj aksariyyat aise logon ki hai, jo *fauq as-surrah* par aamil hain aur agar baaz un ulama ki baat maan li jaae, jo naaf se oopar

---

[1] T: 'على الصدر' (Seene par), 'عند الصدر' (Seene ke qareeb), 'تحت الصدر' (Seene se neeche), 'فوق السرة', (naaf ke oopar), 'تحت السرة' (naaf ke neeche), 'على السرة' (naaf par) [RSB]

[2] T: (باک) Khauf, dar, fikr, khatra [RKT]

ke hisse ko *sadar* hi mein shumaar karte hain to natija yehi niklega ke ahnaaf ke padhe likhe log seene hi par haath baandhne par aamil hain.

Jin masaail mein ahnaaf, khusoosan deobandi hazraat Ahle Hadees se allergic hain, un mein ye masla bhi hai. Is masle par dono'n taraf se beesiyo'n kitabe'n, kitabche shaaya ho chuke hain aur baraabar ho rahe hain.

Ahle Hadees ki taraf se Syedna Sahal bin Saad ﷺ ki riwayat jo Bukhari ki riwayat hai, Syedna Waael bin Hujr ﷺ ki riwayat, Syedna Taawoos bin Kaesaan aur Syedna Qubaisa bin Halab Taai ﷺ ki riwayaat pesh ki jaati hain. In riwayaat-e-sahiha, sareeha, marfooa aur hasaan ko ahnaaf mahez apne taqlidi mazhab ki paasdaari mein waahi, tabaahi[1] mataain[2] se rad karne ki koshish karte hain. Jabke khud unke mauqif par dalaalat karne waali ek (1) riwayat bhi sahih, sareeh, marfoo sire se maujood hi nahi. Is kami ko unho'n ne un aamaal na-marziya[3], ghair-sharifa se poora karna chaha hai. Jo kisi musalman ki shaan ke hargiz laayaq nahi, che-jaaeke ulama-e-zee-waqaar ye ghinauni harkat kare'n.

Alhamdulillah is masle par aaj ki taareekh tak sabse taweel, waqee'[4], zakheem aur be-misaal kitab azizam Maulana Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili حفظہ اللہ 'وتولاه و كثر أمثاله و جزاه الله خيرا'[5] ne taaleef farmai hai.

Kitab mein is masle ke maalahu wa maa-alehi[6] par alaa-wajhil-baseerah[7] saer-haasil kalam kiya gaya hai. Mohaddiseen-e-kiraam ke uloom-o-maarif se istifaada karne ka saliqa har ek ko nahi aata, lekin kehna padta hai ke Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili ko ye saliqa aata hai.

Ahle Hadees ke dalaail par aaj tak tamaam wo eteraazaat jo muqallideen ke akaabir-o-asaaghir waqtan fo-waqtan karte rehte hain, inko poori

---

[1] T: (واہی) Kamzor, boda, masnooi, ghaer-sahih, zaeef, ghaer-mustanad [RKT]
[2] T: (مَطاعِن) Taane, takleef-dah etirazaat, uyoob, malamate'n [RKT]
[3] T: (نا مَرضِیَّہ) Jo marzi ke mutaabiq na ho, na-maqbool, na-pasandida [RKT]
[4] T: (وَقِیع) Ba-waqaar, buland-martaba, moazzaz, giraa'n-qadr, motabar esteemed, noble [RKT]
[5] T: Aur Allah Ta'ala unki kafaalat kare, un jaise aur bhi paeda farmaae aur Allah unhe'n behtareen jaza de [RSB]
[6] T: (ما لَهُ وَ ما عَلَيه) Maamle ke tamaam pehlu, nafa-nuqsaan, buraai-bhalaai [RKT]
[7] T: (عَلىٰ وَجْهِ الْبَصِيرَت) Bataur-e-baseerat, bataur-e-baseerat [RKT]

baseerat ke saath ilmi shaan-o-sanjeedgi ke saath na sirf rad kar diya hai. Balke ye bhi saabit kar diya hai ke ye eteraazaat mahez mazhabi paasdaari mein kiye gae the aur mohaddiseen ke nazdeek unki haisiyyat mahez taar-e-ankaboot[1] ki hai.

Muqallideen-e-Ahnaaf ne naaf ke neeche haath baandhne ko jin shubhaat ke sahaare mudallal karne ki koshish ki hai, uske beekhiye khoob udheede[2] hain. Agar zid aur hat-dharmi chodkar insaaf ki raah se ghaur karenge to wo bhi tasleem kiye baghaer nahi reh sakenge ke Ahle Hadees ke dalaail is baabat nihaayat pukhta aur ahnaaf ke dalaail bode hain.

Kitab ke aakhir mein Musannaf Ibne Abi Shaiba ke matbooa 8 nuskho'n ka aks[3] dekar deegar qalmi nuskho'n ke muqaable se muallif ye baat saabit karne mein sad-feesad kamyaab hain ke ahnaaf ne is masle mein apni kamzori ko tehreef ke ghinaaune jurm se door karne ki koshish ki hai aur us par israar hi is baat ko saabit karne ke liye kaafi hai ke ye tehreef jaan boojh kar ki gai hai. Warna is tarah ki ghalatiyo'n ko ghalati hi maana jaata hai, magar unki zid, hat-dharmi aur israar ne unko ye tehreef karne par majboor kiya hai.

Is silsila mein hind-o-baeroon-e-hind aur mumaalik-e-arabiyya ke chand un ulama ki qalai bhi kholi gai[4] hai, jo apne halqe mein mohaqqiq be-badal kehlaate hain.

Masle ki tafheem mein koi khalaa nahi choda gaya hai. Har qism ki ilmi tishnagi ko motabar ilmi hawaalo'n se muzaiyyan farma kar door kar diya gaya hai. Lehje ki pasandeedgi, dalaail ki farawaani aur istidlaal ki pukhtagi qaari ko zaroor mutaassir karegi.

Jamat-e-Ahle Hadees ka ye naujawaan, in sha Allah, us kamee ko zaroor poora karega, jiske liye ham jaise bahut saare log fikr mand the. Kisi ne

---

[1] T: (تارِ عَنْکَبُوت) Bahut hi naazuk aur kamzor cheez, makdi ke jaale ka taar [RKT]
[2] T: (بَخیَہ اُدھیڑْنا) Qalai kholna, kisi ki haqiqat ko be-naqaab karna, expose [RKT]
[3] T: (عَکْس) Tasweer, shabeeh, naql, copy, xerox copy [RKT]
[4] T: (قَلْعی کھول دینا) Aeb zaahir karna, parda faash karna, bhaanda phodna [RKT]

sach kaha hai: ‘ہر کسے را بہر کارے ساختند’ (Har Kase Raa Bahr Kaare Saakhatand)[1].

Allah Ta’ala ne inko jo salahiyyate’n dee hain, wo mere liye baais-e-masarrat hain. Allah inki zindagi ko daraaz kare aur inki zaat se islam ko besh-az-besh faaeda pohonchaae. Zaroorat hai ke jamat in jaise naujawano’n ki bharpoor sar-parasti kare. Taake jo khula saalhaae guzishta mein jamat ke buzurg ulama ki rehlat se paida hua hai, wo poora ho sake.

وليس ذلك على الله بعزيز. وصلى الله وسلم على مبينا محمد.

Razaullah Abdul Kareem Madani

Naazim Talimaat Jamia Syed Nazeer Hussain Mohaddis Dehelwi
Phatak Jash Khan, Delhi-6. Sep 20th, 2014

[1] T: Har shakhs ko kisi na kisi kaam ke liye banaya gaya hai [RSB]

⑨ Fazilatush Shaikh Maulana Abdus Salam Salafi حفظه الله (Ameer Subaai Jamiat Ahle Hadees, Mumbai)

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على رسوله الكريم، و صلى الله على آله وصحبه أجمعين، ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين، أما بعد!

Allah Ta'ala ki ibaadat-o-bandagi ka sahih tariqa uske Rasool ﷺ hi ka tariqa hai. Kyounke jis tarah ibaadat ka hukm Allah ki taraf se hai, usi tarah uska tariqa bhi Allah Rabbul Alameen ki taraf se Rasool-e-Rahmat par utra hai aur aam hukm ho chuka hai:

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳

Tum Log Uski Ittiba Karo, Jo Tumhare Rab Ki Taraf Se Aai Hai Aur Allah Ta'ala Ko Chodkar Manghadat Sar-parasto'n Ki Ittiba Mat Karo. Tum Log Bahut Hi Kam Nasihat Pakadte Ho. (Surah al-Ahzaab 33: 21)

Sahaba Kiraam رضي الله عنهم isi buniyaad par Nabi-e-Kareem ﷺ se ilm-o-amal dono'n seekhte the. Aapne mimbar par khade hokar tariqa-e-salaah ki bhi amali taleem di aur har deeni masle mein hukm aam tha ke sunnat seekho aur usi par chalo. Is liye har ummati ki ye deeni zimmedaari hai ke sunnat par amal-paera ho.

Lekin hasb-e-peshan-goi ummat mein ye fitna zuhoor-pazeer[1] hua ka hadees-e-rasool ﷺ ko chodkar ghairo'n ke tariqe par amal raaij hua. Us par asibiyyat is had tak badhi ke apne maslak-o-tariqe ko mudallal karne ke liye hadees-saazi ka amal bhi shuru hokar raaej hua. 'نعوذ لاالله من ذلك'

Magar saath hi ye Allah ka waada tha jo poora hua aur har daur mein poora hoga ke fitne agar honge to khatam bhi honge aur tajdeed-e-deen-o-sunnat ka kaam hota rahega.

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹

Ham Hi Ne Is Quran Ko Naazil Farmaya Hai Aur Ham Hi Iske Muhaafiz Hain. (Surah al-Hijr 15: 9)

Hadees Nabawi ﷺ hai:

[1] T: (ظُهُور پَذِير ہونا) Zaahir hona, saamne aana, to appear, to arise [RKT]

إِنَّ اللهَ يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا.

"*Be-shak Allah zul-jalal har 100 saal ke shuru mein ya aakhir mein is ummat ke andar ek admi paida karta rahega, jo uske deen ko az-sar-e-noo qaayam aur mazboot karta rahega*". (Sunan Abu Dawood: H 4291)

Is maidan mein mardaan-e-haq ki laa-mutanaahi[1] koshishe'n taareekh ka hissa hain aur aaj bhi ye amal jaari-o-saari hai. Usi silsile ki ek kadi Shaikh Kifayatullah Sanabli ﷿ ki ye ilmi aur tehqiqi kitab bhi hai. Jo Ahle ilm aur talaba ke liye ziyaada mufeed hai. Lekin thodi se tawajjo de'n to aam qaraeen ko bhi ise samajhne mein dushwaari nahi hogi. Allah se lau-lagaane[2] waalo'n par Allah ki taraf se aasaani-o-hidaayat utarti hai. 'يهدي إليه من ينيب'[3]

Mumbai ke mustanad faazil naujawan aur ilmi duniya mein apni ek khaas pehchaan se shohrat ki taraf gaamzan Shaikh Kifayatullah Sanabili (sallamahu) ne "*Seene Par Haath Baandhna hi Sunnat-e-Sahiha Se Saabit Hai*" is ahem mauzu ko muntakhab kiya hai aur mauzu ka haq adaa kar diya hai.

Ye kitab apne mauzu par nihaayat mufeed aur kifayat karne waali saabit hogi. 'فجزاه الله خيرا عن جميع المسلمين'

Allah Ta'ala se dua hai ke Allah Rabbul Alameen muallif-e-aziz ki is kaawish aur idaare ki is khusoosi peshkash ko qubool farmae aur taufeeq-e-mazeed de. Ameen

وصلى الله على نبينا محمد صلى الله عليه وسلم.

Aapka Deeni Bhai

Abdus Salam Salafi

Ameer, Subai Jamiat Ahle Hadees, Mumbai
11 Dhul Qaida 1435h – Sep 7th, 2014

[1] T: Limitless, infinite [RKT]
[2] T: (لَو لگانا) Mohabbat karna, ummeed rakhna, dil lagaana, bharpoor tawajjo dena [RKT]
[3] T: Allah Ta'ala apni taraf rujoo karne waalo'n ko hidaayat deta hai. [RSB]

⑩ Fazilatush Shaikh Mahfooz ur Rahman Faizi حفظه الله

Faazil-e-Giraami Maulana Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili حفظه الله

Assalamualaikum wa Rahmatullahi wa Barakatahu,

Aapki garaa'n-qadr tehqiqi kitab 'أنوار البدر في وضع اليدين على الصدر' *Anwaar al-Badr Fee Waza' al-Yadain Alaa as-Sadr* ka musawwada[1] ba-sad-e-shauq-o-tawajjo dekha. Lekin muraaja-at[2] se ziyaada istifaade[3] ki gharz se. Main qabl-azeen aapke mutaaddid maqalaat-e-ilmiyya se mustafeed hota raha hoo'n aur ab is kitab se istifaada ka mauqa mila. Jiske baad baja-taur par mera jo taassur hai, wo ye ke main aapki shakhsiyyat mein Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله ka badal hi nahi, nemul badal paa raha hoo'n. 'زادكم الله بسطة في العلم والفقه: فقه الكتاب والسنة'[4]

Is silsile mein ek nasihat kar sakta hoo'n, ke Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله ki si sakhti aur Imam Ibne Hazam رحمه الله ki ghalzat-o-yaboosat[5] se har-mumkin parhez aur qurani adab 'فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا'[6] par amal karte rehne ki koshish keejiyega.

وفقنا الله و إياكم لما يحبه ويرضىٰ وهو الموفق والمستعان، وجزاكم الله خيراً وزادكم علما و فضلا و معرفة.[7]

Wassalamu Alaikum Wa Rahmatullah,

Mahfooz ur Rahman Faizi
(Ustaz-e-Hadees Jaamia Muhammadiya Khedupura, Maunath Bhanjan)
Aug 29th 2014

---

[1] T: (مُسَوَّدَہ) Asal tehreer kisi mazmoon ya kitaab ki jo musannif ke qalam ki ho [RKT]
[2] T: (مُراجَعَت) Kisi cheez ki taraf rujoo karna [RKT]
[3] T: (اِسْتِفادَہ) Nafa paana, faaeda uthaana [RKT]
[4] T: Allah Ta'ala aapke ilm aur faham-e-kitab-o-sunnat mein wusat ataa farmaae [RSB]
[5] T: (غلظت و یبوست) Sakhti, khushk-mizaaji, aur intihaai sakht [RSB]
[6] T: 'Us (firaun) se narmi ke saath baat karo' Surah Taha 20: 44 [RSB]
[7] T: Allah hamen aur aap ko wo kaam karne ki taufeeq de jo wo pasand karta hai aur jisse wo raazi hota hai aur wohi taufeeq dene waala aur madad karne waala hai. Allah aapko behtareen jaza de aur aap ke ilm, fazl aur maarifat mein izaafa farmaae. [RSB]

⑪ Fazilatush Shaikh Shaban Bedaar Safwaai حفظه الله

Zer-e-nazar kitab pehle bhi kisi taqreez aur taaruf ki mohtaaj nahi thi aur ab mazeed iski haajat nahi reh gai hai. Mulk-o-baeroon-e-mulk ke ahle qalam ne iski jo tauseeq-o-taaeed ki hai, uski haqiqi manwiyat[1] ko samajhna bhi ilm ke baghaer asaan nahi hai. Androon-e-mulk musannif ko padhne waalo'n ka ek qaabil-e-lihaaz halqa wujood paa chuka hai. In tamaam baato'n ke bawujood hamari nazar mein in tabsare ki bawujooh[2] zaroorat thi. In wujuhaat mein ek saanwi[3] wajah khud musannif-e-kitab ka hukm bhi hai. Jabke pehli wajah kitab ki ehmiyyat aur "*nai raushni*" ka silsila hai.

Ye kitab jaisa ke naam se zaahir hai, seene par haath baandhne ke masle par likhi gai hai. Is masle par likhne ke asbaab aur manhaj-e-tehreer, sab kuch kitab ki ibtida mein maujood hain. Masle ke dalaail to taqriban wohi hain, jo ab tak pesh kiye jaate rahe hain. Lekin un par resham-o-kam-khwaab ke jo parde daal diye gae the. Itminaan se musannif ne wo parde hataa kar asal khad-o-khaal[4] waazeh kar diye hain.

Isi tarah dalaail par talbisaat-o-tehrifaat, ghalat tafheem aur ghair-mazuoo'n intibaqaat[5] ki jo gard baith gai thi. Musannif-e-kitab ne wo gard acchi tarah saaf ki hai. Kitab ke mashmulaat[6] mahez kad-o-kaawish ka natija hargiz nahi hain. Jaisa ke zaahir-beeno'n ka ghalat andaaza hota hai. Balke ek khaas mizaaj-o-munasabat ka natija hain. Kitab ka mutaala-a bataata hai ke iske liye shab-o-roz musalsal mutaala-a hua hai aur ye mutaala-a fann se gehri waabastagi ke natije mein raha hai.

Mohtaram Kifayatullah Bhai ne ashaab-e-shauq muallifeen-e-azzam ki raah mushkil kardi hai. Agar ba-zauq awaam ne ise ba-ghaur padh liya hai aur mundarjaat[7] se munaasib waakhfiyat paida Karli, to kitabi

---

[1] T: (مَعْنَوِيَّت) Haqiqat, asliyat, significance, meaning, reality [RKT]
[2] T: Chand asbaab se, mutaaddid pehluo'n se [RKT]
[3] T: (ثانَوی) Zimni, doosra, secondary [RKT]
[4] T: Huliya, shakl-o-soorat ki saakht [RKT]
[5] T: (اِنْطِباق) (Do (2) umoor ki baaham) Mutaabaqat, muwaafaqat [RKT]
[6] T: (مَشْمُولات) Shaamil ya shareek ki hui cheeze'n [RKT]
[7] T: (مُندَرِجات) Darj-shuda baate'n, tehreere'n [RKT]

chanda-baazi[1] mein kasaad-bazaari[2] ka poora-poora imkaan hai.

Andaaza hai ise muraaja-at haasil hogai, log iska hawaala na bhi de’n, istifaada kiye baghaer na reh sakenge. Munazireen ke liye to ye ek mehfooz hathiyar hai aur jarh-o-taadeel ke aabdaar motiyo’n se bhari hui hai. Simaak bin Harb ﷫ ke taalluq se jo daad-e-tehqiq di gai hai, qalam-bosi ka taqaaza karti hai. Raawi par kisi imam ki jarh ko kisi khaas sanad se marboot rehne ka pata karna bhala qalamkaari se kam mumkin ho sakta hai.

Jis jagah musannif ne Muhammad Hashim Thathwi par rad likha hai, bada hi baaligh mohaddisaana kalaam kiya hai. Hona to chaahiye ke ise naql kar diya jaae. Lekin tawaalat aur tehseel-e-haasil ke sabab use tark kiya ja raha hai.

Ek jagah musannif ne Imam Bukhari ki ek ibaarat zikr ki hai. Likhte hain:

قال لنا مسدد عن جعفر بن سليمان عن عمرو بن مالك النكري عن أبي الجوزاء قال: أقمت مع ابن عباس و عائشة اثنتي عشرة سنة، ليس من القرآن آية إلا سألتهم عنها قال محمد: في إسناده نظر.[3]

Yahan ‘في إسناده’ se kya murad hai? Musannif ne us par badi chashm-kusha guftagu ki hai. Aap padhenge to andaaza hoga, ke ‘في إسناده نظر’ ka mafhoom ek uqda-laa-yanhal[4] tha, lekin us uqde ki kushaad[5] mein diraayat ki mawaaji[6] kamaal ki hai.

Zer-e-bahes masle mein mukhaalif ke aqli dalaail ka bhi zikr kiya gaya hai aur riwayato’n ki bal-ujbiyaa’n[7] bhi bayan ki gai hain. Taassub ke sabab apni taaeed mein ek hadees bhi ghadee gai hai. Qabl iske ke wo saakhta-

---

[1] T: Yaane kitaab mein to bade daawe karna, lekin amalan/haqiqat mein kuch na karna [RSB]
[2] T: Kam ho jaana ya maang khatam hona [RSB]
[3] T: Musaddad ne hamen bayan kiya ke Jaafar bin Sulaiman ne Amr bin Maalik Nukri se, aur unho’n ne Abu Al Jauza se riwayat ki, ke maine Ibne Abbas aur Ayesha ﵄ ke saath baarah (12) saal guzaare, Quran ki koi aayat aisi na thi jiske baare mein maine un dono se sawaal na kiya ho. Muhammad (yaane Imam Bukhari) ne farmaya: Iski sanad mein kuch zof hai. [RSB]
[4] T: Aisa masla jo hal hone se mehroom lage, ba-zaahir na-qaabil-e-hal pecheedgi [RSB]
[5] T: Guthi ko suljhaana ya pecheedgi ka hal nikaalna [RSB]
[6] T: Lehro’n jaisi rawaani, yaane baat karne ka khoobsoorat aur rawaa’n andaaz [RSB]
[7] T: (بَلْ عُجْبَىٰ) Balke hairat-angez baat ye hai ke [RSB]

par-daakhta[1] hadees qaraeen ki khush-tabee ke liye pesh karu'n, ye bataana zaroori hai ke hadeese'n ghadne ka kaam wohi karte hain, jinhen dil mein ye pukhta yaqeen hota hai ke hamara fikr-o-amal ahadees-e-sahiha ke khilaaf hai. Albatta zabaan se nusoos ki saraahat[2] ko taawilaat ki kharaand[3] par chadhaate rehte hain. Hadees aap bhi mulaahaza kare'n. Pyare Rasool ﷺ ki taraf mansoob hai ke Aap ﷺ ne farmaya:

من السنة وضع اليدين على الشمال تحت السرة.

"*Sunnat ye hai ke dono haath baae'n-haath par naaf ke neeche rakhe jaae'n*". Ajeeb lateefa wujood mein aagaya hai. Agar faruan samajh meina agaya ho to ruk kar thodi der mehzooz[4] ho le'n.

Zer-e-naaf haath baandhne par qaaileen ki ek aqli daleel jo musannif ne likhi hai, wo bhi *shaikh-chilli* ki karaamat se kuch kam nahi hai. Daleel ye hai ke naaf ke neeche haath baandhne se sharam-gaah chupaane aur izaar waghaera ki hifaazat mein madad milti hai. Be-sar-o-paa baate'n to har tabqe ke ulama apne mauqif ki taaeed mein likh diya karte hain, lekin aisi afsosnaak tauzeeh kam-az-kam meri nazar se nahi guzri. Ye tauzeeh nazar-andaaz kiye jaane ke laayaq thi, magar qaabil-e-zikr is liye hui ke ye wazaahat bade-bade ulama-e-deen ne pesh ki hai. Is tauzeeh par musannif ne sahih likha hai aur bada dhaar-daar likha hai.

Is kaar-aamad zariye se khawateen ko kyoun mehroom rakha gaya? Difaa'[5] aur tafree'[6] ka jo pechida tariqa hamare biradaraan ke yahan tafaqqoh[7] ka darja haasil kar chuka hai, uske mutaabiq main musannif ka madde-muqaabil bankar ye kahoo'n to rawaa hoga ke khawateen ko mehroom rakhne ki illat ye hai ke mardo'n ke yahan sambhaalne ka masla bhi malhooz-e-khaatir hora hai. Rawaa hi nahi, balke mudallal-o-

---

[1] T: Banaaya hua, taiyyaar kiya hua [RKT]
[2] T: Quran-o-hadees ke saaf-o-waazeh alfaaz [RSB]
[3] T: Jhooti ya man-maani tafseere'n [RSB]
[4] T: (مَحْظُوظ) Khush, lutf-andoz [RKT]
[5] T: (دِفاع) Bachaao, defence [RKT]
[6] T: (تَفْرِيع) Asal se nataaij nikaalna
[7] T: (تَفَقُّه) Ilm-e-fiqa seekhna ya samajhna, ilm-o-fazal mein maahir hona [RKT]

maaqool hai. Ghar ke kitab riwayat-o-diraayat ka mutwaazin[1] majmua hai. Basaat bhar dayanat-daari nibhaane ka khaas ehtemaam nazar aata hai. Raawiyo'n par jo mufassal jarh Shaikh Sanabili Saahab ne raqm ki hai, wo un hadeeso'n ki sanado'n ke hawaale se bhi hai, jo Ahle Hadees ki muaiyyad hain.

Khaas baat ye hai ke ruwaat aise siqa hain ke un par hone waali zimni ya juzwi jarh ka aam afraad ko ilm nahi hota hai. Meri kotaah-nazar[2] mein mukhaalif ko aisi himmat nahi ho sakti ke sikke ke dono rukh ko maaroozi[3] andaz se pesh kar sake.

Kitab ki taqrizaat bhi maalumaat-afza[4] hain, Shaikh Razaullah Abdul Kareem, Abu Zaid Zameer aur Maulana Irshad-ul-Haq Athari (hafizahullahu alaehim) ki tehreero'n mein ham kam-himmato'n ke liye bahut kuch maujood hai.

Taaruf-e-kitab ke silsile mein Shaikh Safaraz Faizi ne jo kuch likha hai, ghazab ki safaai bayan aur ajab andaaz ka kasaao[5] hai. Shuru se aakhir tak! Yaane ek haseen jaamaiyat dekhne ko milti hai. Masle ke kand-rukh[6] ko naashir ne aisa dhaar-daar pesh kiya hai ke jee chaahta hai apni gardan pesh kar doo'n.

Bas kitab kya hai? Ilm-o-tehqiq ka ek muraqqa[7]. Ibtida se intiha tak, lafz-lafz baseerat ka aaina aur harf-harf aagaahi ka mazhar! insaan ki tag-o taaz maidan-e-tehqiq mein nasheb-o-faraaz ke jin-jin maraahil tak rasaai haasil kar sakti hai. Musannif ne waha'n-waha'n pohoncha hai. Har khaai mein utar kar diya jalaane aur tilismi haweliyo'n ke afshaa-e-raaz[8] ka maahir nazar aata hai. Har us bulandi par uske qadmo'n ki chaap saaf sunaai deti hai, jahan log devtaao'n ka aagman batlaate hain aur door

---

[1] T: (مُتَوازِن) Motadil, munaasib, balanced [RKT]

[2] T: Shaikh Shabaan yahan aajizi-o-inkisaari ke taur par keh rahe hain: "Meri samajh ke mutaabiq" ya "meri raae ke mutaabiq" [RSB]

[3] T: (مَعْرُوضی) Jis mein apne nafs ya anaa ko dakhal na ho, be-taassub [RKT]

[4] T: (مَعْلُومات اَفْزا) maalumaat badhaane waala, ilm mein izaafa karne waala [RKT]

[5] T: Baat likhne ya karne ke andaaz mein sakhti/kadak [RSB]

[6] T: (كند رخ) Dhaar rakhne waale chaaqu ka peeche ka gol hissa (handle) jo kaat-ta nahi. Par yahan muraad hai, masle ka wo pehlu jo aam taur par dekha nahi jaata [RSB]

[7] T: (مرقع) Lajawaab [RKT] mafhom: "Ilm aur tehqiq ka ek (1) khoobsoorat pechida kaam" [RSB]

[8] T: (اِفْشائے راز) Raaz faash hona (karna, hona ke saath), bhed kholna [RSB]

se sar jhuka kar waapas aajaate hain. Ashkaar hone ki himmat na ashkaar karne ki himmat!

Bila-shubha saahib-e-kitab ba-zaahir saada aur aam sa naujawaan hai, lekin ye tasneef badi hi khaas hai aur iska har warq rangeen bhi hai. Usne mulk-o-bairoon mulk ke maahireen-e-fann ko chaunkne par majboor kar diya hai. Ye to sach hai ke kisi aise mauzu par qalam uthaana intihaai asaan hai, jis par taqriban 1200-1300 saal se bahes-o-mubaahasa tehreer-o-taqreer aur rad-o-tardeed ka silsila maujood hai aur shiddat se jaari hai. Lekin isse badi sacchai ye hai ke is tarah ke mauzu par qalam uthaakar ahle ilm se daad wasool karne ke alaawa unhe'n hairat mein daal diya hai aur waaqia ye hai ke *Anwaar al-Badr* ne ahle ilm se sirf daad haasil nahi ki, bakle unhe'n lutf-andoz hone ka poora samaan jama kar diya hai.

Tehqiq ki farawaani aur tarteeb ki dil-nashini ka aalam ye hai ke wo ashaab-e-zauq, jo ikhtilaafi masaail par guftagu ko ameen aur raful yadain ka puchaadaa[1] taabeer kiya karte the, unho'n ne shadeed taqaaza kiya hai ke ye silsilaa daraaz hona chaahiye.[2]

Algharz, ye kitab apne mauzu par ek jaame encyclopedia hai. Mudarriseen-e-kiraam, aimma masaajid aur tehqiq ke jooya[3] naujawano'n ke liye ek qeemti tohfa hai.

Shabaan Bedar Safwaai
Editor, Mahnaama Etidaal, Mumbai

[1] T: (پُچاڑا) Be-tuki, fuzool bhaes ya bakwaas [RSB]
[2] T: If mukammal jumle ka aasaan mafhoom: Tehqiq aur tarteeb itni acchi hai ke jo log pehle ikhtilaafi masaail (jaise zor se aameen kehna ya namaz mein raful yadain karna) par baat karne ko 'bekaar ki bahes' samajhte the, ab wohi log shiddat se chaahte hain ke ye bahes (kaam) jaari rehni chaahiye [RSB]
[3] T: Tehqiq ke shauqeen [RSB]

⑫ Fazilatush Shaikh Maulana Sarfaraz Faizi حفظه الله

Furooi masaail mein awaam ka rawaiyya bil-umoom do (2) tarah ki intihaao'n ka shikaar hai. Ek (1) intiha ifraat[1] ki hai aur doosri tafreet[2] ki. Etidaal ka mauqif in dono ke darmiyan ka hai.

Furooi masaail ke hawaale se ek intiha to shiddat-pasandi ki hai. Shiddat-pasandi ye hai ke in furooi masaail ko shariyat mein unke muqaam se aage badhakar unhe'n mohabbat-o-nafrat aur *walaa-o-baraa*[3] ka meyaar bana liya jaata hai. Un masaail mein ikhtilaaf karne ka lehja ilmi nahi, munazaraati ban jaata hai. Is qism ke masaail mein jab lehja ilmi aur tehqheei hone ke bajaae munazaraati rukh ikhtiyaar karta hai to akhlaaq-o-adaab aur adl-o-insaaf ke saare usool bhula diye jaate hain. Phir baat kufr-o-bidat ke ilzamaat tak pohonch jaati hai. Awaam ki ek bahut badi taadaad hi nahi, ulama kehlaane waala ek accha khaasa tabqa bhi us shiddat-pasandi ka shikaar hai.

Ahnaaf mein jahan ye dekha jaata hai ke chand masaail ki buniyad par jamat Ahle Hadees aur ulama-e-Ahle Hadees par *ghair-muqallidyat, shieeyyat,* hatta ke *qadiyaaniyat* tak ke ilzaam lagaae jaate hain, balke usse aage badhkar baat *yahoodiyo'n ke agent* jaise behooda taano'n tak pohonchai jaati hai. Wahee'n ulama-e-salaf ke tawasso se na-waaqif Ahle Hadees awaam ka bhi ek tabqa un masaail ki buniyad par adl ki hudood ko phalaang jaata hai. Ahnaaf ke peeche namaz ke adm-e-jawaaz ya unki takfeer waghaera ke fatwe usi shiddat-pasandaana zehniyyat ka mazhar hain.

Furooi masaail mein doosra (2) munharif rawaiyya tafreet ka hai. Ye rawaiyya pehle rawaiyye se ziyada khatarnaak hai. Secularism ke phailaao ne hamare yahan deen-pasand tabqe mein ek soch ko bahut shiddat ke saath badhaawa diya hai. Ibadaat ko muamalaat se kam-tar jaanne ki soch. Us soch se mutaassir ek bada tabqa deen mein siyaasi, samaaji, muaashi muamalaat ke muqaable mein namaz, roza, hajj jaisi

---

[1] T: (إِفْراط) Hadd se guzarna, bahut ziyaada karna [RKT]
[2] T: (تَفْرِيط) Kami karna, kotaahi karna [FL]
[3] T: Dosti aur dushmani [RSB]

azeem ibadaat ko kam-tar aur haqeer samajhta hai. Balke un ibadaat ke mutaalliq mukhtalif masaalik mein paae jaane waale ikhtilaafaat par bahes-o-mubaahasa aur tehqiq ko ummat ke ittihaad ke liye nuqsan-dah tasawwur karta hai. Ye giroh un azeem sunnato'n ko furooi masla bol kar unki ehmiyyat ko kam jataane ki koshish karta hai.

Is zehniyat ke farogh ki ek wajah deen ke muamalaat mein furoo aur usool ki taqseem bhi hai. Deen mein usool aur furoo ki taqseem Sahaba aur Salaf ke zamane mein nahi paai jaati thi. Is taqseem ka istemaal sabse pehle *mutakallimeen*[1] ne kiya. Yehi wajah hai ke ulama ki ek badi jamat, jis mein Imam Ibne Taimiyya ﷀ ka naam khaas taur par qaabil-e-zikr hai. Deen mein usool aur furu ki taqseem ko pasand nahi karti. Albatta istilaah mein in alfaaz ke mutaiyyan maane maujood hone ki wajah se unka istemaal hamare liye ek fanni-majboori hai, jiski ifaadiyat[2] se bhi hamen inkaar nahi.

Masla ye hai ke furoo ke lafz mein ek tarah ka halka-pan paaya jaata hai, halaanke istilaah mein iska istemaal deen ke nihaayat ahem umoor par hota hai. Is lafz ke istemaal ki wajah se un umoor ke ghair-ahem ya kam-ahem hone ki zehniyyat ko farogh milta hai.

Mohtaram Shaikh Kifayatullah Sanabili حفظه الله ne jis mauzu par qalam uthaaya hai, uska sabse ahem pehlu to ye hai ke zer-e-bahes masla namaz ka hai. Namaz deen ke arkaan mein shahadatain ke baad doosra rukn hai. Insaan duniya mein Allah ki bandagi ke liye paida kiya gaya hai aur namaz us bandagi ki meraaj hai. Ye Allah ke saamne apni bandagi ke izhaar ka sabse bada zariya hai. Allah ke yahan kisi bhi ibaadat ki qubooliya'n ke liye sunnat ki ittiba ek laazmi shart hai aur zer-e-nazar kitab namaz ki ek sunnat ke hawaale se bahes karti hai.

Is masle ki ehmiyyat ka ek doosra pehlu ye hai ke namaz mein haath baandhne ka masla Ahle Hadees aur ahnaaf ke darmiyan imtiyaazi ikhtilaafi masaail mein se ek hai. Un imtiyaazi masaail ki ehmiyyat ka ek

---

[1] T: (مُتَكَلِّمين) Mazhabi umoor ko aqali dalaael se saabit karne aur ghair-islami aqaaed ka radd karne waala [RKT]; aqli dalaail aur falsafe ke zariye deen ke aqaaid ko saabit karne waale, jaise motazala, ashaaira, maturidiya [RSB]
[2] T: (اِفَادِيت) Faaedamand, nafa-bakhsh [RKT]

pehlu ye bhi hai ke ye sirf kuch masaail nahi hai, balke unki haisiyat deen ke do (2) alag-alag manaahij ke numainde ki hai. Ek manhaj tehqiq-o-ittiba ka hai aur doosra manhaj taqleed-o-jumood ka. In masaail se ye tae hota hai ke banda apni poori zindagi mein ilm-o-tehqiq ka raasta apnaana chaahta hai ya jumood-o-taqleed ka.

Lihaaza in masaail mein bahes-o-tehqeeq ki ehmiyyat deegar masaail se ziyaada hai. Lekin iski ehmiyyat ka asal pehlu ye hai ke is masle ke peeche fikr-o-aqida aur usool-o-manhaj ke do (2) alag-alag nizaam maujood hain. Jinki numaindagi ye ek masla karta hai.

Ham dekhte hain ke ahle sunnat ki aqide ki kai kitabo'n mein *masah alal khaffain* (mozo'n par masah) ka zikr ahle sunnat ke imtiyaazi masaail mein kiya gaya hai. Masalan: Usool as-Sunnah lil-Lalkaai, Aqida Tahawiyya, Sharah as-Sunnah Barbahari, Noniyah al-Qahtani waghaera. Kyou? Is liye ke ye fiqhi masla ahle sunnat aur rawaafiz ke darmiyan ek imtiyaazi masla hai. is liye iski ehmiyyat ek fiqhi masle ki nahi rahi, balke ye ahle sunnat ka imtiyaaz aur khusoosiyat ban gai hai, hatta ke Imam Sufyan Sauri ﷬ farmate hain: 'من لم يمسح على الهفين فاتهموه على دينكم'

"*Jo mauzo'n par masah na kare, usko deen mein muttaham*[1] *qaraar do*". (Hilyatul Auliya li Abi Naeem al-Asbahani: V3 P161)

Allama Badaruddin Aeni, Bukhari ki Sharah karte hue *masah alal khaffain* ke baab mein likhte hain:

بيان استنباط الأحكام, الأول: فيه جواز المسح على الخفين، ولا ينكره إلا المبتدع الضال.

"*Masah alal khaffain ka inkaar siwaa-e-bidati aur gumraah shakhs ke koi nahi karta*". (Umda-tul-Qaari Sharah Sahih Bukhari: V5 P305)

Qiyaam mein seene par haath baandhne ka masla Ahle Hadees aur ahnaaf ke yahan imtiyaazi ikhtilaafi masaail mein se ek hai. Is maamle mein jahan Ahle Hadees ki koshish ye hoti hai ke dalaail ki raushni mein Nabi-e-Kareem ﷺ ki sunnat saabit ki jaae, waha'n ahnaaf ki saari koshisho'n ka markaz apne imam ka "*maslak*" sahih saabit karna hota hai.

[1] T: Yahan muttaham deen mein kamzori ya kami ke maane mein istemaal hua hai [RSB]

Ahle Hadees ke paas Nabi-e-Mukarram ﷺ ke alaawa koi imam aisa nahi, jiske liye unhe'n taassub baratne ki zaroorat ho. Nabi-e-Kareem ﷺ ki sunnat aur unki mohabbat aur lagaao har tarah ke taassub se paak, sacchi aur khaalis hai aur ye un par Allah ka bahut bada fazl hai. Is qism ke masaail mein bahes-o-tehqiq se dono'n taraf ke masaalik ki zehniyyat, sunnat se unke taalluq aur lagaao, neez Nabi-e-Kareem ﷺ se unki mohabbat aur waabastagi jaanchi jaani chaahiye.

Janab Shaikh Kifayatullah Sanabili, Islamic Information Center, Mumbai ke senior ulama mein se hain. Aapki rehnumaai ko ham apne liye saadat aur Allah ka bahut bada inaam samajhte hain. Allah Ta'ala shaikh-e-mohtaram ke ilm-o-amal ko barkat aur koshisho'n ko khuloos aur qubooliyat ke sharf se nawaaze. Ameen ya Rabbul Aalameen.

Sarfaraz Faizi

Islamic Information Center, Mumbai

⑬ Fazilatush Shaikh Naseer Ahmad Rahmani حفظه الله

Jab bhi namaz mein seene par haath baandhne ki baat hoti hai, to fauri taur par mujhe do (2) cheeze'n yaad aati hain. Pehli cheez, mere ustaad Shaikh Abdul Sattar Siraaji حفظه الله ki aqli daleel. Ke jab koi insaan ehteraaman kisi ke liye haath jodta hai to uske dono'n haath mu'n aur seene ke darmiyan aur dono haatho'n ki ungliyo'n ka ruqh qaabil-e-ehteraam shakhs ki taraf hota hai. Ye harkat natural hai aur har insaan baghaer kisi training ke jab ye karta hai, aisa hi karta hai. Kyounke uske bajaae agar koi apne dono haath zer-e-naaf rakh kar kisi ko ehteraam dena chaahe to wo ehteraam na hokar kuch aur ho jaaega, jiska andaaza har normal insaan kar sakta hai.

Doosri cheez, sawaalo'n, jawaabo'n, behso'n, daleelo'n ka wo silsila jiska saamna madrasa planet chodne ke baad se ab tak hua hai. Is tarah ke saare silsila aur unki gutthiyaa'n suljhaane mein uljhe hue log kabhi us meyaar ke Ahle Hadees nahi lage. Mujhe jinse, duniya qiyamat tak khaali nahi hogi. Halaanke '*furooi masaail*', kehkar Nabi-e-Kareem ﷺ ki sunnato'n ki takhfeef karne waalo'n ke liye hamesha ye mehsoos hua hai ke unhe'n apne islam aur imaan dono par nazr-e-saani karni chaahiye. Doosri taraf apne mafrooza[1] imam ke maslak ki taraf-daari aur usko durust samajhne mein heelo'n bahaano'n qisse, kahaniyo'n, yahan tak ke tehreef ke shikaar logon se saamna ho jaae, to lagta hai unki khopdi se ulama-e-soo ne soojh-boojh ki chip hi nikaal li hai.

Mukhtalif-feeh[2] masaail ka tanaaza door karna bila-shubha tableegh-e-deen ka ek hissa hai. Magar saari fauj deegar mahaz chod kar yahee'n dat jaae to baaqi mahaazo'n ki kya durgat banegi. Iska andaaza karne ki zaroorat nahi hai, aaj ki duniya dekh leejiye. Commandar na ho ya ho, magar kamzor ho to fauj aisi hi man-maani karti hai, jaisi aaj kal ho rahi hai. Saari ahle hadeesiyyat ek '*mukhtalif-feeh*' *masaail,* ke naam ho gai hai.

---

[1] T: (مَفرُوضَه) Farz kiya hua, tasleem kiya hua, wo baat jo istidlaal ki buniyaad par maan li jaae neez farz kiya hua waaqia ya baat [RKT]

[2] mukhtalif-feeh T: Ikhtilaaf kiya gaya, wo cheez, jis mein ikhtilaaf ho [RKT]

Aise mushaahade aur aise nukhta-e-nazar me ek (1) aur dimention ka izaafa bhi haal hi mein Shaikh Kifayatullah Sanabili Saahab ki kitab *Anwaar al-Badr Fee Waza'a al Yadain Alaa as-Sadr* se hua. Mukhtalif-feeh masaail par documentation ki sath ka aisa hi kaam hona chaahiye aur aise mahaaz par Shaikh Kifayat jaise mutakhassiseen hi haq adaa kar sakte hain.

Mukhtalif-feeh masaail par na jaane kitne adhoore munazre, be-tukki tehreere'n, naaqis bahese'n aur na-muraad majlise'n taareekh ka hissa ban chuki hain. Energy ke aise tamaam ziyaa ka tiryaaq[1] saabit ho sakti hai ke Shaikh Sanabili ki ye kitab. Kyounke isme sikke ka sirf ek rukh nahi hai, mauzu se mutaalliq dastiyaab tamaam sawaal-o-jawaab, ishkaal-o-izaala, taaruz-o-tatbeeq, tehreef-o-nishan-dahi, sab kuch hai is meom. Jo kaam ek tehqiqi idaara karta hai, uski taufeeq Allah Rabbul Izzat ne ek akele shakhs ko dedi. 'ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء'[2]

Shaikh Sanabili ne tamaam mukhtalif-feeh masaail ka jo ye encyclopedia taiyyaar karna shuru kiya hai, *Anwaar al-Badr* jiski jild awwal hai, koi idaara isi ek project ki sarparasti karde to in sha Allah ye uska taareekhi karnaama hoga. Jisse mustaqbil mein istifaade aur hawaale ka kaam liya jaaega. Ye ek kaam un tamaam naam-nehaad daawati-o-tableeghi kawisho'n se ziyaada maaqool aur mufeed hoga. Jiske dhoke mein padhkar logon ne secularist ka roop dhaar liya hai aur aisi-aisi harkate'n karne lage hain, jinka Allah ke deen ya Nabi-e-Kareem ﷺ ki sunant se door-door ka bhi waasta nahi hai. Aise tamaam log hamare deeni bhai hain, Allah unhe'n deen ki samajh de.

Allah se dua hai ke encyclopedia mukhtalif-feeh masaail, jild duwwam bhi jald hi padhne ko mile.

Abul Meezaan Naseer Ahmad Rahmani

Editor, Do-lisaani Mahnaama "The Free Lancer", Mumbai

[1] T: (تِرْیاق) Zeher ka asar door karne waali dawaa [RKT]
[2] T: Ye Allah ka fazl-o-ehsaan hai, jise chaahta hai ataa karta hai [RSB]

⑭ Fazilatush Shaikh Abu Zaid Zameer حفظه الله

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، وعلى آله و أصحبه، أما بعد!

Shahadatain ke iqraar mein Allah wahdahu laa shareek ki ibaadat aur us ibaadat ke silsila mein, balke zindagi ke tamaam muamalaat mein Nabi-e-Kareem ﷺ ki ittiba-o-itaa-at ka azm khud maujood hai. Lekin afsos ke mazhabi-taassub jab insani fikr ke liye rehnuma usool ban jaata hai to uske natije mein kai munkaraat wujood mein aate hain. Hat-dharmi saabit-qadmi ho jaati hai, kitmaan-e-haq[1] maslahat ban jaata hai, talbisaat-o-tehrifaat ko zahaanat aur hikmat ka taqaaza samjha jaane lagta hai.

Maamla itna ulta ho jaata hai ke dalaail shakhsiyaat ke amal ke mohtaaj ho jaate hain, balke mahez awaam ka riwaaj aur tarz-e-amal bhi mohkam dalaail ke bil-muqaabil durust kahe jaane ke laayaq '*qatai daleel*, ka muqaam haasil kar leta hai. Mazkura '*tareeq-e-tehqiq-o-istidlaal*, ke natije hi mein hamara muaashara is had ko pohonch chuka tha ke awaam to door, bahut se dastaar-band bhi hadees aur sanad-o-fiqh-ul-hadees se koso'n door ho chuke the.

Ahle Hadees ki daawat-e-haq har zamane mein jaari-o-saari rahi, lekin maujooda daur mein wasaail-e-alaam[2] ne use aur bhi aam kar diya. Daur-e-jadeed mein Ahle Hadees ki daawat ke natije mein awaam mein khusoosan naujawaano mein tehqiq-o-talab-e-ilm ka jo jazba paida hua, wo kisi par makhfi nahi. Gaao'n shaher ke naujawan kitab-o-sunnat ke paaband hone lage aur ibadaat-o-ahkaam mein kitab-o-sunnat ke dalaal ka ilm haasil karne lage.

Bahut se taqleed aur mazhabmi jumood ke shaedaiyo'n ne is deeni bedari ko inhiraaf[3] aur be-deeni qaraar dete hue uski be-jaa mukhalifat-o-sarkobi[4] ka beeda uthaaya aur hamesha ki tarah dalaail ko apne mauqif ke mutaabiq pesh karne ki koshish mein baatil taawilaat se lekar

---

[1] T: (كِتْمان) Chupaana, poshidgi, makhfi rakhna, parda daalna [RKT]
[2] T: (وَسائِل) Zaraae, waaste, wasile, ways, means [RKT]
[3] T: (اِنْحِراف) Mukhalifat, naa-farmaani [FL]
[4] T: (سَر كوبى) Sar kuchalna, saza dena [RKT]

tehrifaat tak ko apne liye halaal kar liya. Ahle Hadees maazi mein bhi is tarah ki tamaam koshisho’n ko nakaam karte rahe hain aur qiyamat tak karte rahenge. Isi cheez ki taraf khud Nabi-e-Kareem ﷺ ne hadees-e-taaefa-mansoora[1] mein aur doosri ahadees mein ishaara farma diya hai.

Zer-e-nazar kitab *Anwaar al-Badr Fee Waza’ al-Yadain Alaa as-Sadr* bhi usi silsile ki ek kadee hai. Jis mein hamare bhai Shaikh Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili ne Ahle Hadees ki numaindagi karte hue is ahem masle par badi mataanat[2] aur ilmi usoolo’n ki mukammal riaayat karte hue Ahle Hadees ke mauqif ko nihaayat hi umda aur tafseeli andaaz mein saabit kiya hai. Kitab ka hajm aur uske mabaahis aur hawaalo’n aur maraaje ki tafseel, nuskho’n aur tabaa-at ka jaaiza tamaam cheeze’n muallif ke jazba-e-isbaat-e-haq, ibataal-e-baatil aur mehnat-e-shaaqqa ki daleel-o-shahid hain. Allah Rabbul Izzat muallif ki umr aur salahiyato’n mein mazeed barkat ataa farmae.

Ye chand kalimaat hain jo taaeed-e-haq ke taur par ‘وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى’[3] ke hukm ki taameel mein muallif-e-kitab ke mutaalabe par maine likh diye. Warna main khud apne aapko kisi ilmi kitab par taqrizaat ya kuch bhi likhne ke silsila mein qatan ahle nahi paata.

Akhiran ek baat yahan zikr karna munasib samajhta hoo’n ke hind-o-paak mein hanafi maktab-fikr ke ahbaab seene par haath baandhne ki khaas mukhalifat karte hain. Balke is silsila mein Ahle Hadees ki mukhalifat mein aksar auqaat akhlaaqi hudood bhi paar kar jaate hain. Lekin unhee’n ke buzurgo’n mein se do (2) mashoor shakhsiyato’n se khud seene par haath baandhne ki taaeed aur isbaat saraahat ke saath unhi ki kitabo’n mein maujood hai. Lihaaza jo hazraat dalaail se ziyaada shakhsiyat ko ehmiyyat dete hain, unke liye yahan kuch baate’n arz karna zaroori samajhta hoo’n.

Barelwi Maktab-fikr ke baani Ahmad Raza Khan Saahab ne apne ek fatwe mein likha hai: “*Aqool (main kehta hoo’n) Allah ki taufeeq se is*

---

[1] T: (طائفه منصوره) Wo jamaat jo imaan par saabit-qadam ho jo duniya aur aakhirat mein kaamyaab hogi [RSB]

[2] T: (مَتَانت) Istehkaam, mazbooti, pukhtagi [RKT]

[3] T: Neki aur parhezgaari ke kaamo’n mein ek-doosre ki madad karo (Surah al-Maaida: 2) [RSB]

masle par ek hadees jaiyyad-ul-isnaad pesh karu'n. Uski taqreer you'n hai ke Huzoor عليه السلام se haath baandhne ki 2 soorate'n marwi hain: Ek (1) soorat zer-e-naaf ki hai aur us baare mein mutaaddid ahadees waarid hain. Sabse ahem riwayat wo hai, jise Abu Bakr bin Abi Shaiba ne apne musannaf mein zikr kiya, ke hamen Wake' ne Musa bin Umair se, Alqama bin Waael bin Hujr ne apne waalid-e-giraami رضي الله عنه se hadees bayan ki hai ke maine dauran-e-namaz mein Nabi-e-Kareem ﷺ ko daae'n-haath ko baae'n par naaf ke neeceh baandhe dekha hai. Imam Allama Qasim bin Qatlubugha Hanafi رحمة الله عليه 'Ikhtiyaar Sharah Mukhtar', ki ahadees ki takhreej karte hue farmate hain ke iski sanad jaiyyad aur tamaam raawi siqa hain".

"*Doosri soorat seene par haath baandhne ki hai, us baare mein Ibne Khuzaima ne apni sahih mein Syedna Waael bin Hujr رضي الله عنه hi se laae hain ke maine Nabi-e-Akram ﷺ ki ma-eeyyat*[1] *mein namaz padhne ka sharf paaya. To aapne apna daaya'n haath baae'n par rakh kar seene par haath baandhe. Choonke unki taareek ka ilm nahi ke kaunsi riwayat pehle ki hai aur kaunsi baad ki aur dono riwayaat saabit-o-maqbool hain to laa-jaram*[2] *dono'n mein se kisi ek ko tarjeeh hogi. Jab ham namaz ke is fe'l, balke namaz ke tamaam afaal par nazar-e-khair daalte hain to wo tamaam ke tamaam taazeem par mabni nazar aate hain aur musallam-o-maaroof taazeem ka tariqa naaf ke neeche haath baandhna hai. Lihaaza imam mohaqqiq alal itlaaq ne Fath mein farmaya hai: "Qiyaam mein ba-qasd-e-taazeem haath baandhne ka maamla maaroof tariqe par choda jaae aur qiyaam mein taazeeman naaf ke neeche haath baandhna hi maaroof hai. Lihaaza mardo'n ke baare mein Ibne Abi Shaiba ki riwayat raajeh hai*".

Aage chalkar likhte hain: "*Aur is mein koi shak nahi ke aurat tamaam ki tamaam qaabil-e-satar-o-hijab hai aur is mein koi shak nahi ke aurato'n ke haq mein seene par haath baandhna zer-e-naaf baandhne se ziyaada hijab aur haya ke qareeb hai aur khawateen ka taazeem karna satar-o-hijab ki soorat mein hai. Kyounke taazeem-e-adab ke baghaer aur adab haya ke baghaer aur haya hijab ke bagahir*

---

[1] T: (مَعِیَّت) Saath hone ki haalat ya kaifiyat, hamraahi mein hona, saath hona, maujoodgi [RKT]
[2] T: (لا جَرَم) Koi chaara na paakar, majbooran, laa-muhaala, be-bas ho kar [RKT]

haasil nahi hota. Lihaaza khawateen ke haq mein hadees-e-Ibne Khuzaima ziyaada raajeh saabit hui aur saabit ho gaya ke dono masaail mein aisi hadees maujood hai. Jiski sanad jaiyyid hai aur ulama-e-hadees ne dono muqamaat par hadees-o-tarjeeh par hi amal farmaya hai ﷭".
(Fataawa Razwiya: V6 P129-145)

Tarjeeh ke is ajeeb-o-ghareeb falsafe par tafseeli tabsare ke bajaae ikhtisaaran arz hai:

❶ Ahmad Raza Khan Saahab ne saraahatan is baat ka eteraaf kiya hai ke Ibne Khuzaima ki hadees ki "*sanad jaiyyid hai*", aur ye hadees "*saabit-o-maqbool*", hai, lihaaza Barelwi maktab-fikr ke deegar afraad ka us hadees par zaeef ka hukm lagaane ka mujahada karna faazil-e-Barelwi ki tehqiq par paani pherne ke mutaraadif aur mausoof ki hadees-daani par eteraaz ke ham-maane hai.

❷ Doosri baat ye hai ke mausoof ka khawateen ke liye seene par haath baandhn ke silsila mein hadees-e-ibne khuzaima ko daleel banaana is baat ka waazeh suboot hai ke Sahih Ibne Khuzaima ki us saabit aur jaiyyid hadees ko daleel banaakar amal karne waale mahez "*shaaz*"[1], Ahle Hadees nahi, balke unke saath hanafi khawateen, balke deegar mazaahib ki khawateen bhi hain. Is etebaar se aaj is hadees par amal karne waale afraad-e-ummat ki aksariyyat hue. Jiski taraf Shaikh Razaullah Abdul Kareem حفظه الله ne ishaara kiya hai.

Yahan agar koi ye eteraaz kare ke Ahle Hadees hazraat to hanafi khawateen ki mushabahat mein seene par haath baandhte hain, jabke khawateen ki mushabahat khud ek mamnoo cheez hai, to arz hai ke Ahle Hadees hazraat hanafi khawateen ki mushabahat mein nahi. Balke Nabi ﷺ ki ittiba mein aisa karte hain aur khush-qismati se hanafi-o-deegar khawateen bhi us masle mein unke saath hain. Mushabahat ke waswase ko dafaa karne ke liye isi baat par ghaur kar le'n ke khawateen aurat hokar Nabi ﷺ ke amal ki paerawi kar sakti hai to phir mard kyoun nahi kar sakte?!

Is etebaar se asal eteraaz to khawateen par hona chaahiye tha, naake

---

[1] T: (شَاذْ) Mukhtasar, bahut kam, kam [RKT]

khud Ahle Hadees par.

❸ Faazil-e-Barelwi ne yahan dono hadeeso'n mein tarjeeh ko apnaaya hai, halaanke jama-o-tatbeeq tarjeeh se behtar hai. 'وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ'[1] ka taqaaza to ye hai ke ek hi masle mein Nabi ﷺ se do (2) amal saabit ho'n to dono ko sunnat qaraar diya jaae aur un par amal kiya jaae, na ye ke Aap ﷺ ka ek amal mardo'n ko aur ek amal aurato'n ko dekhar unhe'n hamesha ke liye uska paaband karte hue doosre amal se mehroom kar diya jaae. Agar mausoof dono amal saabit maante hain, to unhe'n saari ummat ke liye dono'n ko baraabar sunnat qaraar dene mein kya maane hai?

Aur haqiqat to ye hai ke Ibne Abi Shaiba ki mazkura riwayat sire se saabit hi nahi. Iski tafseel kitab-e-haaza mein Shaikh Kifayatullah ne badi diqqat[2] se bayan ki hai. Ibne Abi Shaiba ki riwayat 'تحت السرة', *Tahat as-Surrah*[3] ki ziyaadati mein baad ki tehreef-o-ilhaaq ka natija hone ke kai qaraain hain. Jin mein se ek cheez to khud mausoof Barelwi ka uski tasheeh-o-suboot ke liye 9th sadee hijri ke hanafi aalim Qasim bin Qatloo Bagha ka qaul pesh karna hai.

Aisa is liye ke Qasim bin Qatlubugha se pehle 'تحت السرة', *Tahat as-Surrah* ki ziyadati aam mohaddiseen to door, khud hanafi ulama mein se bhi kisi ne bayan nahi ki. Hanafi maktab-fikr se ek doosre d aalim Anwar Shah Kashmiri ne bhi is ziyaadati ke silsila mein Qasim bin Qatlubugha hi ka naam liya hai. Farmate hain:

أول من نبه على كونه في مصنف ابن أبي شيبة هو العلامة قاسم بن قطلوبغا.

Yaane "'تحت السرة', *Tahat as-Surrah ki is ziyaadati ke wujood ka Musannaf Ibne Abi Shaiba mein hona sabse pehle Allama Qasim bin Qatlubugha hi ne zikr kiya hai*". (Al Urf ash Shazee Sharah Sunan Tirmizi: V1 P261)

Qasim bin Qatlubugha se pehle kisi bhi hanafi, balke ghair-hanafi

---

[1] T: Aur Rasool ﷺ jo tumhe'n de'n, use le lo (aur maan lo) (Surah al-Hashr: 59) [RSB]
[2] T: (دِقَّت) Dushwaari, mushkil, uljhan, pareshani [RKT]
[3] T: (Dauraan-e-namaaz) Naaf ke neeche (haath baandhna) [RSB]

ka is ziyadati ka zikr na karna jab ke Musannaf Ibne Abi Shaiba ilmi halqo’n mein hamesha se mutadaawal[1] rahi hai. Is ziyaadati ke ghalati-o-tehreef hone hi ko saabit karta hai. Iski mazeed tafseel Allama Abdur Rahman Mubarakpuri ki *Tohfa al-Ahwazi* mein dekhi ja sakti hai. Hanafi ulama mein se Allama Ze’li kasrat se Musannaf Ibne Abi Shaiba ka hawaala dete hain, lekin unho’n ne bhi is hadees ko Hidaaya ki ahadees ki takhreej karte hue *Nasb ar-Raaya* mein kahee’n bayan nahi kiya.

Balke aadat ke mutaabiq *Ahadees al Khusoom* mein Syedna Waael bin Hujr ﵁ ki hadees bayan ki, to seene par haath baandhne ki hadees zikr ki aur khud apne dalaail mein Hadees-e-Ali ﵁ zikr ki aur uske zof par mohaddiseen ke ittifaaq ko bhi naql kiya. Agar Musannaf Ibne Abi Shaiba ki ye hadees Allama Ze’li ke paas hoti to use Hadees-e-Waael ﵁ ke bil-muqaabil zaroor zikr karte.

Deobandi Maktab-fikr ke ulama mein se Justice Taqi Usmani ne bhi is ziyaadati ko mashkook bataate hue is hadees se istidlaal ko kamzor bataaya hai. Farmate hain: “*Lekin ahqar[2] ki nazar mein is riwayat se istidlaal kamzor hai*”. Mazeed farmate hain: “*Is ziyaadati ka baaz nuskho’n mein hona aur baaz mein na hona, isko mashkook zaroor bana deta hai*”. (Taqreer-e-Tirmizi: V2 P23)

Aadmi ko chaahiye ke wo shak waali cheez ko chodkar aisi cheez ikhtiyaar kare, jis mein shak na ho. Lihaaza Sahih Ibne Khuzaima ki saaf, sareeh, marfoo hadees ke muqaable mein is mashkook hadees ko rakh kar phir usko tarjeeh dena ilmi usoolo’n ke hargiz mutaabiq nahi.

❹ Baaz hazraat ne Imam Tirmizi ke qaul ko hujjat banate hue ye saabit karne ki koshish ki, ke ummat mein haath baandhne ke etebaar se dono muqaam hi qaabil-e-amal rahe. Ek naaf ke oopar aur doosre naaf ke neeche. Seene par haath baandhne ka amal ummat mein maamool-bih[3] nahi raha. Ye mahez Ahle Hadees ki ejaad hai.

Is tarah ki baate’n baaz ‘*maahireen-e-khitaabat*, se sunne ko milti hain.

---

[1] T: (مُتَدَاوَل) Raaej, murawwaj, aam, dast-ba-dast pohoncha hua, prevailing [RKT]

[2] T: Khaaksaar, naacheez, raaqim-ul-huroof (used by writers for themseleves to show humbleness) I, me, this writer, this man etc [RKT]

[3] T: (مَعْمُول بِه) Maamool ke mutaabiq, hasb-e-maamool, jiska dastoor ho [RKT]

Ye "*tehqiq*", kam-ilm awaam ke liye taskeen-e-sadr[1] ka sabab to ban sakti hai, lekin ahle ilm ki nigah mein '*bait al-ankaboot*'[2] se badhkar nahi hai.

Khud deobandi maktab-fikr ke akabireen mein se Ashraf Ali Thanwi Saahab ki baat pesh karna kaafi hai. Imam Tirmizi ke qaul ki tashreerh mein farmate hain: "*Ye ikhtilaaf ba-etebaar-e-oola aur ghair-oola hone ke hai. Baaz sahaba naaf ke oopar haath baandhte the, yaane seene par, jaisa ke aur ahadees mein lafz-e-sadr musarrah[3] waaqe hua hai aur baaz sahaba zer-e-naaf haath bandha karte the, so jo tareeq jinke mashaaikh ka ho, wo usko ikhtiyaar kare".* (Taqreer-e-Tirmizi: P70)

Leejiye, '*naaf se oopar*', ka matlab '*seene par*', hai. Ab Ahle Hadees ko lughat aur arabi zaban se na-waaqif saabit karne ki koshish khud apne akabireen ki fazeehat[4] ka sabab banegi.

Yahan baaz sahaba se naaf ke neeche baandhne ka jo zikr hai, uska jaaiza kitab-e-haaza mein maujood hai. Ye tamaam riwayaat zaeef hain. Rahi wo riwayaat jin mein naaf ke oopar, yaane seene par baandhne ka zikr hai to saabit-shuda riwayaat hain. Jinki tafseel *Al Akh al-Faazil Abul Fauzan Kifayatullah Sanabili* ne kitab-e-haaza mein sharah-o-bast se bayan kardi hai. Yahan uski takraar tehseel-e-haasil[5] ke misdaaq hogi.

Aakhir mein Allah Ta'ala se dua hai ke aalam-e-islam mein maujood tamaam ahle haq ki hifaazat farmae aur ahle baatil ko hidaayat ataa farmae. Allah Ta'ala muallif kitab-e-haaza ki deeni khidmaat ko qubool farmae aur unhe'n sehat-o-aafiyat ke saath mazeed taufeeq ataa farmae.

Abu Zaid Zameer

2 Dhul Hijja 1435h - Sep 28th 2014

---

[1] T: (تَسْكِيْنِ صدر) Dil ko sukoon dena [RSB]
[2] T: Makdi ka ghar [RSB]
[3] T: (مُصَرَّح) Waazeh, saaf-saaf kaha hua, mufassal [RKT]
[4] T: (فَضِيحَت) Ruswaai, zillat, badnaami [RKT]
[5] T: (تَحْصِيْلِ حاصِل) Be-faaeda, aur be-sood baat, useless attempt, trying to gain what one already has [RKT]

Baab 1: Seene Par Haath Baandhne Ke Dalaail

Fasl 1: Marfu Riwayaat

① Hadees-e-Sahal bin Saad ﵁

Imam Bukhari ﵀ (d 256h) ne kaha:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَن مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهلِ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُوْنَ أَنْ يَّضَعَ الرَّجُلُ اليَدَ اليُمْنَى عَلَى ذِرَاعِهِ اليُسْرَى فِيْ الصَّلاةِ. قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا يَنْمِيْ ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: قَال إِسْمَاعِيْلُ: يُنْمَى ذَلِكَ. وَلَمْ يَقُلْ: يَنْمِي.

Ham se Abdullah bin Maslmah ne bayan kiya, unho'n ne Maalik se riwayat kiya, unho'n ne Abu Haazim se riwayat kiya, unho'n ne Sahal bin Saad ﵁ se riwayat kiya ke: "*Logon Ko Hukm Diya Jaata Tha Ke Namaz Mein Har Shakhs Daae'n Haath Ko Baae'n Haath Ki Ziraa' (kohni se beech ki ungli tak ke hisse) Par Rakhe*". Abu Haazim Dinaar ne bayan kiya ke mujhe acchi tarah yaad hai ke aap use Rasool Allah ﷺ tak pohonchate the. Ismail bin Abu Owais ne kaha ke ye baat Nabi-e-Kareem ﷺ tak pohonchaai jaati thi, you'n nahi kaha ke pohonchaate the.

(Sahih Bukhari: V1 P102 (darsi nuskha); Sahih Bukhari Ma' al Fath: Kitab-ul-Azaan, Baab Waza' al-Yumna alaa Ziraaihi al-Yusra Fis Salah: H740; Imam Maalik ne Muwatta: H376 mein Abu Haazim se; Tabarani ne Mojam al-Kabeer: V6 P140 H5782; Bayhaqi ne Al Maarifa: V2 P340 H2974; Ibn al-Munzir ne Al Ausat: H1238 (mein Abdullah bin Maslama ki sanad se); Tahawi ne Ahkaam al Quran: V1 P189 H339; Abu Awaana ne Mustakhraj: V1 P429 H1597 (mein Ibne Wahb ki sanad se); Bayhaqi ne Al Maarifa: V2 P28 H2158 (mein Yahya bin Bukair ki sanad se); Baghwi ne Sharah as-Sunnah: V3 P30 (mein Abu Musab ki sanad se); Ibne Abdul Bar ne At Tamheed: V21 P92 (mein Ammaar bin Mutarrif ki sanad se); Khateeb Baghdadi ne Al Kifaaya: V1 P416 (mein Abdullah bin Yusuf ki sanad se ye hadees naql ki)

Is hadees ke sahih hone ke liye iska Sahih Bukhari mein hona hi kaafi hai, kyounke Sahih Bukhari ki ahadees tamaam ahadees mein aala qism ki sehat rakhti hain. Yehi ulama-e-ummat ka faisla hai. (Sharah Nukhba-tul-Fikr: P224; Tadreeb ur Raawi lis Suyuti: P25)

Neez, is hadees ko Imam Ibne Hazam ﵀ ne Al Muhalla (V4 P114), Haafiz Ibn al-Qaiyyim ﵀ ne 'إِعْلَامُ الْمُوَقِّعِينَ عَنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ' Ilaam al-Muwaqqieen an Rab al-Aalameen (V2 P6 [indian edition]) mein sahih kaha hai.

Ye hadees marfoo hai, jaisa ke raawi Abu Haazim ne tasreeh ki hai. Neez

Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ko Rasool Allah ﷺ ke alaawa ye hukm karne waala kaun ho sakta hai? Isi liye Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne Fath-ul-Baari (V2 P124) mein aur Allama Aeni رحمه الله ne Umda-tul-Qaari (V5 P278) mein is hadees ko marfoo saabit kiya hai. (Namaz Mein Khushu Aur Aajizi: P7-8 (az Allama Badiuddin Shah Raashedi)

Ziraa' Ka Mafhoom

Wazaahat:

Is hadees mein Aap ﷺ ne namaz mein daae'n-haath ko baae'n-haath ke 'ذِرَاعِهِ' *ziraa'* par rakhne ka hukm diya hai. *Ziraa'* kohni se beech ki ungli tak ke hisse ko kehte hain.

۞ Chunahe Ghareeb-ul-Hadees lil Harbi mein hai:

الذراع من طرف المرفق إلى طرف الأسبع الوسطى

Yaane "*Ziraa' kohni ke sire se le kar darmiyan ungli ke sire tak ke hisse ko kehte hain*". (V1 P277)

۞ Neez, kutub-e-lughat mein bhi ziraa' ke yehi maane darj hai. Masalan dekhe'n Lisaan al-Arab (V1 P93), Taaj al-Uroos (V1 P5217), Kitab al-Aen (V2 P96), Al Mojam al-Waseet (V1 P311), Tehzeeb al-Lughat (V2 P189), Kitab al-Kulliyaat (V1 P730) waghaera.

۞ Darool Uloom Deoband ke saabiq ustaaz-e-adab Maulana Waheeduzzama Qasmi Kiranwi رحمه الله 'ذراع' ziraa' ke ye maane likhte hain: "*Kohni se beech ki unglee tak*". (Al Qamoos-ul-Jadeed (Arabi Urdu)-az-Waheeduzzam Kiranwi: P 308 Maadah Ziraa' [Kutub Khana Hussainiya, Deoband])

Lughat ki mazkura kitabo'n se maaloom hua ke arabi zabaan mein ziraa' kohni se beech ki ungli tak ke hisse ko kehte hain aur Bukhari ki mazkura-baala hadees mein baae'n-haath ke ziraa' yaane kohni se beech ki ungli tak ke poore hisse par daae'n-haath ko rakhne ka hukm hai. Ab agar is hadees par amal karte hue daae'n-haath ko baae'n-haath ke ziraa' (kohni se beech ki ungli tak ke poore hisse) par rakhe'n to dono haath khud-ba-khud seene par aajaaenge, tajarba karke dekh leejiye. Lihaaza Bukhari ki ye hadees seene par haath baandhne ki daleel hai.

Allama Albani ﷫ likhte hain:

ومما يصح أن يورد في هذا الباب حديث سهل بن سعد، وحديث وائل المتقدمان، ولفظه: وضع يده اليمنى على ظهر كفه اليسرى والرسغ والساعد. ولفظ حديث سهل: كان الناس يؤمرون أن يضع الرجل اليد اليمنى على ذراعه اليسرى في الصلاة.

فإن قلت: ليس في الحديثين بيان موضع الوضع قلت: ذلك موجود في المعنى؛ فإنك إذا أخذت تطبق ما جاء فيهما من المعنى؛ فإنك ستجد نفسك مدفوعاً إلى أن تضعهما على صدرك، أو قريباً منه، وذلك ينشأ من وضع اليد اليمنى على الكف والرسغ والذراع اليسرى، فجرب ما قلته لك تجده صوابا. فثبت بهذه الأحاديث أن السنة وضع اليدين على الصدر.

"*Seene par haath baandhne ke silsile mein Syedna Sahal bin Saad* ﵁ *aur Waael bin Hujr* ﵁ *ki mazkura dono hadeeso'n ko pesh karna bhi sahih hai. Syedna Waael bin Hujr* ﵁ *ki hadees ke alfaaz ye hain: Aap* ﷺ *ne daae'n-haath ko baae'n-haath ki hatheli, kalaai aur baazi ke oopar rakha". Sahal bin Saad ki hadees ke alfaaz ye hain: "Logon ko hukm diya jaata tha ke namaz mein daaya'n haath baae'n-haath ke ziraa' (kohni se beech ki ungli tak ke poore hisse) par rakhe'n*". (Asal Sifat Salat un Nabi ﷺ lil Albani: V1 P218)

Agar koi kahe ke in dono hadeeso'n mein haath rakhne ki jagah ka bayan nahi hai, to arz hai ke maanawi taur par is ka zikr maujood hai, kyoun ke jab aap apne daae'n-haath ko baae'n-haath ki hatheli, kalaai aur baazi par rakhenge to aapke dono haath lazmi taur par seene par ya uske qareeb aaenge. Zara aap hamari baat ka tajarba karke dekhiye, aapko sacchai maaloom ho jaaegi. Pas in ahadees se saabit hua ke namaz mein dono haath ka seene par rakhna hi sunnat hai.

Tambeeh: Baaz hazraat eteraaz karte hain ke ziraa' par rakhne se ye kahan laazim aata hai ke poore ziraa' par rakha jaae. Agar ziraa' ke ek hisse yaane '*kaff*' (hatheli) par rakh liya jaae, tab bhi to ziraa' par rakhne ka amal ho jaata hai.

Arz hai ke Bukhari ki ye hadees mulaahaza ho:

عن ميمونة فالت: وضع رسول الله صلى الله عليه وسلم وضوء الجنابة، فأكفأ بينمينه على شماله، مرتين أو ثلاثا، ثم غسل فرجه، ثم ضرب يده بالأرض أو الحائط، مرتين أو ثلاثا، ثم مضمض و استنشق، وغسل وجهه وذراعيه، ثم أفاض على رأسه الماء، ثم غسل جسده، ثم تنحى فغسل رجليه. قالت: فأتيته بخرقة فلم يردها، فجعل ينفض بيده.

"*Maimoona ﷺ se riwayat hai ke unho'n ne farmaya: Rasool Allah ﷺ ke ghusl-e-janaabat ke liye paani rakha gaya, aapne apne daahine haath se baae'n-haath par do (2) martaba ya teen (3) martaba paani daal aur apni sharm-gaah ko dhoya. Phir apna haath zameen mein ya diwaar mein do (2) ya teen (3) martaba maara. Phir kulli ki aur naak mein paani daala aur apne dono haath aur baazuo'n ko dhoya. Phir apne (baaqi) badan ko dhoya, phir (waha'n se) hat gae aur apne dono pair dhoe. Maimuna ﷺ kehti hain: Phir main aapke paas ek kapda le gai aur aapne use nahi liya aur pane haath se paani nichodte rahe*". (Sahih Bukhari: H274)

Is hadees mein Aap ﷺ ke wazu ka tariqa bayan bhi hua hai aur baazu dhone ke liye ye alfaaz marwi: 'وَ غَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ' Yaane Aap ﷺ ne apne chehre aur apne dono baazuo'n ko dhoya.

Ab kya yahan bhi ziraa' se baaz hissa muraad hai? Yaane Aap ﷺ ne mukammal ziraa' ko nahi dhoya. Balke sirf baaz hisse ko dhoya? 'فما كان جوابكم فهو جوابنا' [1]

[1] T: Tumahra jo jawaab hoga, wohi hamara jawaab hai [RSB]

② Hadees-e-Waael bin Hujr ﵁

Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha:

أخبرنا سويد بن نصر قال: أنا عبد الله بن المبارك عن زائدة قال: نا عاصم بن كليب قال: حدثني أبي أن وائل بن حجر أخبره قال: قلت لأنظرن إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف يصلي، فنظرت إليه فقام فكبر، ورفع يديه حتى حاذتا بأذنيه، ثم وضع يده اليمنى على كفه اليرى والرسغ والساعد.

"*Hamen Suwaid bin Nasr ne khabar di, unho'n ne kaha: Hamse Abdullah bin Mubarak ne bayan kiya, unho'n ne Zaaida se riwayat kiya, unho'n ne kaha: Hamse Aasim bin Kulaeb ne bayan kiya. Unho'n ne kaha: Mujhse mere waalid ne bayan kiya ke unhe'n Waael bin Hujr ne bataaya.... Phir Aap ﷺ ne apna daahina haath baae'n hatheli ki pusht, kalaai aur baazi ke oopar rakha*".

(Sunan Nasai: Kitab al-Iftitaah: Baab Mauzi al-Yameen Min ash-Shimaal fis-Salah: H889; Abu Dawood: H727 mein; Ibne Hibbaan ne Sahih Ibne Hibban: V5 P170 H1860; Ibn al-Munzir ne Al Ausat: V4 P185 mein Abu al-Waleed ki sanad se; Imam Ahmad ne Musnad Ahmad: V5 P226 mein; aur unki sanad se Khateeb Baghdadi ne Al Fasl lil Wasl: V1 P425 mein Abdul Samad ki sanad se, Ibne Khuzaima ne Sahih Ibne Khuzaima: V1 P234 H480 mein Muawiya bin Amr ki sanad se; Ibn al-Jarood ne Al Muntaqa: V1 P62 mein Ibne Mahdi ki sanad se. Ye tamaam raawi Abu al-Waleed, Abdul Samad, Muawiya bin Amr aur Ibne Mahdi ne Zaaida bin Qudaama ki sanad se ye hadees bayan ki hai)

Wazaahat:

Is hadees mein hai ke Aap ﷺ apne daae'n-haath ko baae'n-haath ki hatheli, kalaai aur baazu ke oopar rakhte the. Is hadees ke mutaabiq agar daae'n-haath ko baae'n-haath ke us poore hisse par rakhenge to dono haath khud-ba-khud seene hi par aaenge. Lihaaza ye hadees bhi namaz mein seene par haath baandhne ki daleel hai.

Allama Albani ﷫ likhte hain:

وهذه الكيفية تستلزم أن يكون الوضع على الصدر، إذا أنت تأملت ذلك، وعملت بها، فجرب إن شئت.

"*Is hadees mein mazkoora kaefiyat ka laazmi natija ye hai ke haath seene par rakhe jaae'n. Agar aap is kaefiyat par ghaur kare'n aur is par amal kare'n. Pas agar chaahe'n to tajarba karke dekh le'n*". (Hidaayatur Ruwaat: V1 P367)

Neez ek Muqallid par rad karte hue likhte hain:

فلو أنه حاول يوما أن يحقق هذا النص الصحيح في نفسه عمليا - وذلك بوضع اليمنى على الكف اليسرى والرسغ والساعد، دون أي تكلف وجد نفسه قد وضعهما على الصدر ولعرف أنه يخالفه هو ومن على شاكلته من الحنفية حين يضعون أيديهم تحت السرة، وقريباً من العورة.

"Agar ye shakhs kisi din khud is sahih hadees par amal karke dekhe, baae'n taur ke daae'n-haath ko baae'n-haath ki hatheli, kalaai aur baazi par baghaer kisi takalluf ke rakhe, to wo khud hi haatho'n ko apne seene par rakhe hue paaega aur ise maaloom ho jaaega ke wo aur is jaise ahnaaf jab apne haatho'n ko naaf ke neeche aur sharam-gaah ke qareeb rakhte hain to is hadees ki mukhalifat karte hain". (Muqaddama Sifat Salaat-un-Nabi ﷺ: P16)

Ye hadees sahih hai, Allama Nemwi Hanafi رحمه الله ne iske baare mein isnaadahu sahih 'إسناده صحيح' (Asaar as Sunan: P104 [Karachi edition]) kaha hai. Iske saare rijaal *siqa*[1] hain. Tafseel mulaahaza ho.

◊ Kulaeb bin Shihaab al-Jarmi ka taaruf:

❂ Imam Abu Zurah ar-Raazi رحمه الله (d 264h) ne kaha: 'ثقه' *"Ye siqa hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V7 P167 [sanad Sahih])

❂ Imam I'jli رحمه الله (d 261h) ne kaha: 'تابعي، ثقه' *"Ye taabai aur siqa hain"*. (Taareekh as-Siqaat lil A'ajali: P398)

❂ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha:

كان ثقة كثير الحديث... رأيتهم يستحسنون حديثه ويحتجون به.

"Ye siqa aur ziyaada ahadees waale the, maine mohaddiseen ko dekha, wo unki hadees ko acchi kehte the aur isse hujjat pakadte the". (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P123 [Daar Saadir edition])

❂ Haafiz Ibne Hajar (d 852h) ne kaha: 'صدوق' *"Ye sacche raawi hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H3075)

Faaeda:

[1] T: Qaabil-e-etemaad raawi (hadees bayan karne waala) [RSB]

Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe'n: Hadees Aur Ahle Hadees (P454 H1), iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Sunan Tirmizi: H292)

◊ Aasim Bin Kulaeb Ka Taaruf:

Aap Bukhari taaleeqan, Muslim aur Sunan-e-Arba ke raawi hain. Aap bil-ittifaaq siqa hain.

۞ Imam ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'كان ثقة يحتج به' *"Ye siqa the, inse hujjat li jaaegi"*. (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P341 [Daar Saadir edition])

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'عاصم بن كليب ثقة مأمون' *"Aasim bin Kulaeb siqa aur mamoon hain"*. (Min Kalam Yahya bin Maeen Fee Ar Rijaal: P46)

۞ Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Al Ilal wa Maarifa ar-Rijaal lil Imam Ahmad Riwaayah al Mirwazi wa Saaleh wal Maimooni: P164 [Al Farooq])

۞ Imam I'jli (امام عجلی) رحمه الله (d 261h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P242)

۞ Imam Yaqoob bin Sufyan al Faswee رحمه الله (d 277h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Al Maarifa wat Taareekh: V3 P95)

Ali bin al-Madeeni رحمه الله se Ibn al-Jauzi Ke Naql-karda Qaul Ki Wazaahat:

Ibn al-Jauzi رحمه الله (d 597h) ne kaha: 'قال ابن المديني : لا يجتج به إذا انفرد'

"Ibn al-Madeeni ne kaha: Jab ye munfarid ho'n to unse hujjat nahi li jaaegi". (Az Zoafa wal Matrukeen lil Ibne Jauzi: V2 P70)

Ibn al-Jauzi ki isi baat ko Imam Zahbi رحمه الله aur Ibne Hajar رحمه الله ne bhi naql kiya hai. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V2 P356; Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V1 P457)

Arz hai ke Ibn al-Jauzi رحمه الله ne koi hawaala nahi diya aur na kahee'n par is qaul ki koi sanad maujood hai. Balke Ibn al-Jauzi se qabl kisi ne bhi Ibn al-Madeeni se ye baat naql nahi ki hai. Albatta Yaqoob bin Shaiba as-Sadoosi (d 262h) ne kaha:

قال ابن المديني: و عاصم بن كليب صالح، ليس ممن يسقط، ولا ممن يحتج به، وهو وسط.

"Ali bin Madeeni ne kaha: Aasim bin Kulaeb saaleh hai, ye na to saaqit logon mein se hai, aur na qaabil-e-hujjat logon mein se. Balke darmiyan darje ka hai". (Musnad Umar bin Khattab li Yaqoob bin Shaiba: P94)

Imam Ali bin al-Madeeni ke is saabit-shuda qaul se waazeh ho gaya ke aap Aasim ko alal-itlaaq na-qaabil-e-hujjat nahi maante, kyoun ke aap use saaqit logon mein se bhi nahi maante. Balke darmiyane darje ka raawi maante hain. Yaane ye raawi Imam Ibn al-Madeeni ke nazdeek *hasan-ul-hadees* darje ka hai.

Maaloom hota hai ke Imam Ibn al-Jauzi ne Imam Ali bin Madeeni ka mazkura-baala qaul hi naql kiya hai. Lekin naql mein tasarruf-o-ikhtisaar se asal baat kuch se kuch ho gai. *Wallhu Aalam*.

Neez, deegar aimma ki sareeh tauseeq[1] ke muqaable mein is tarah ki jarh ki koi haisiyat bhi nahi hai. Neez Imam Ibn al-Madeeni se pehle faut hone waale Imam Ibne Saad ﷫ ne kaha: 'يحتج به' *"Inse hujjat li jaaegi"*. (Isi kitab ka safha P177) كَمَا مَضَىٰ[2]

<u>Faaeda</u>: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe'n: Hadees Aur Ahle Hadees (P454 H1). Is hadees ki sanad mein yehi raawi maujood hai. (Tirmizi: H292)

◊ Zaaida bin Qudaama Thaqafi ka taaruf:

Aap Bukhari-o-Muslim samet Kutub-e-Sitta ke raawi aur bahut bade Imam-o-Haafiz aur bil-ittifaaq siqa hain. Bahut saare mohaddiseen ne inki tauseeq ki hai. Masalan.

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h) ne kaha:

زائدة بن قدامة ثقة صاحب سنة.

"Zaaida bin Qudaama siqa aur sunnat waale the". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P613)

---

[1] T: (تَوثِيق) Tasdeeq, taaeed [RKT]
[2] T: (كَمَا مَضَىٰ) Jaisa ke guzar chuka hai, pehle bayan hua [RSB]

۞ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'كان زائدة ثقة مأمونا صاحب سنة و جماعة' *"Zaaida siqa, mamoon aur sunnat-o-jamat waale the"*. (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P279 [Daar Saadir])

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثبت'[1] *"Aap sabt the"*. (Taareekh Ibne Maeen: P51 [riwaaya Ad-Daarmi])

In mohaddiseen ke alaawa aur bhi bahut saare mohaddiseen ne inki tauseeq ki hai.

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله inke baare mein mohaddiseen ke aqwaal ka khulaasa zikr karte hue farmate hain: 'ثقة ثبت صاحب سنة' *"Aap siqa, sabt aur sunnat waale hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: 1982)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe'n: Hadees aur Ahle Hadees (P509 H3). Iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Sunan Tirmizi: H719)

◊ Abdullah bin Mubaarak Hanzali Ka Taaruf:

Aap Bukhari-o-Muslim samet kutub-e-sitta ke rijaal mein se hain aur bahut bade siqa imam, balke ameer-ul-momineen fil hadees hain. Aapke taaruf ki zaroorat hi nahi hai. Ummat-e-Muslima ki Jaleel-ul-qadr hastiyo'n ne aapki zabardast tareef-o-tauseeq ki hai.

۞ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'كان ثقة مأمون إماما حجة كثير الحديث' *"Aap siqa, mamoon, imam, hujjat aur kaseer-ul-hadees the"*. (Tabaqaat al Kubra: V7 P372 [Daar Saadir])

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne kaha:

وكان ابن المبارك فيه خصال مجتمعة لم يجتمع في أحد من أهل العلم في زمانه في الدنيا كلها.

"Ibne Mubarak رحمه الله mein aisi khaslate'n jama thee'n ke unke zamaane mein roo-e-zameen ke ulama mein se kisi mein wo kaslate'n jama nahi huee'n". (As Siqaat li Ibne Hibban: V7 P8 [Al Usmaniya])

---

[1] T: (ثَبَت) Ye raawi mazboot, qaabil-e-etemaad, aur hadees bayan karne mein sahih hai. Sabat raawi ki khususiyaat: Uska haafiza accha hota hai, wo dayanatdaar hota hai (jhoot nahi bolta) aur uski ghalatiyaa'n kam hoti hai. Salaf-o-saaliheen ke nazdeek sabat raawi ki bayan-karda ahadees qaabil-e-qubool hain [RSB]

۞ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'حديثه حجه لاالإجماع' *"Aapki hadees bil-ijma hujjat hai"*. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V8 P380)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

ثقة ثبت فقيه عالم جواد مجاهد جمعت فيه خصال الخير.

"Aap siqa, sabt, aalim, zaahid, mujahid the. Aapke andar khair ki khaslate'n jama thee'n". (Taqreeb ut Tehzeeb: 3570)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par inki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe'n: Hadees aur Ahle hadees (P702 H4). Is hadees ki sanad mein Imam Ibn al-Mubaarak muajood hain. (Sunan Nasai: H1330)

◊ Suwaid bin Nasar al Mirwazi Ka Taaruf:

Aap Tirmizi aur Nasai ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa hain.

۞ Imam Nasai رحمه الله (d 303h) ne kaha: 'ثقة' *"Siqa"*. (Tasmiya as Shuyookh lin Nasai: P72)

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap mutqin the"*. (As Siqaat li Ibne Hibaan: V8 P295 [Al Usmaniya])

۞ Imam Haakim رحمه الله (d 405h) ne kaha: 'ثقة مأمون' *"Aap siqa aur mamoon hain"*. (Al Mustadrak alaa as-Sahihain lil Haakim: V1 P158)

۞ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'ثقةٌ' *"Aap siqa hain"*. (Al Kaashif liz Zahbi: V1 P473)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: 2699)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par inki hadees se daleel lete hain. Masalan: dekhiye Hadees aur Ahle Hadees (P702 H4). Iski sanad mein Imam Ibn al-Mubarak maujood hain. (Sunan Nasai: H1330)

③ Hadees-e-Taawoos رحمه الله

Imam Abu Dawood رحمه الله (d 275h) ne kaha:

حدثنا أبو توبة حدثنا الهيثم يعني ابن حميد عن ثور عن سليمان بن موسى عن طاؤس قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع يده اليمنى على يده اليسرى ثم يشد بهما على صدره وهو في الصلاة.

"Taawoos bin Kaesaan se marwi hai ke Rasool Allah ﷺ namaz ke dauran mein apna daaya'n haath baae'n ke oopar rakhte aur unhe'n apne seene par bandha karte the". (Sunan Abu Dawood: V2 P71 H759 [Tehqheeq Shoaib Al Arnaut])

Mazeed Hawaale:

۞ Sunan Abu Dawood, Kitab as-Salah Baab Waza' al Yumna Alaa al-Yusra fis Salah: H759.

۞ Sunan Abu Dawood: V3 P363 H759 (Tarjuma Majlis-e-Ilmi Dar ad-Daawah).

۞ Sunan Abu Dawood: V1 P570 H759 (Darussalam).

۞ Abu Dawood Ma' Aun al Maabood: (1/2/327) H775.

۞ Al Maraseel li Abu Dawood: P89 H33 (Tehqiq Shoaib al-Arnaut)

Imam Suyuti Ka Hadees Se Istidlaal:

Is hadees mein namaz mein seene par haath baandhne ki mukammal saraahat hai. Ghaaliban isi hadees aur is jaisi deegar ahadees ki buniyad par Imam Suyuti رحمه الله (d 911h) ne kaha hai:

وكان يضع يده اليمنى على اليسرى، ثم يشد بهما على صدره.

"Aap ﷺ apne daae'n-haath ko baae'n-haath par rakhte, phir dono'n ko apne seene par baadhnte the". (Amal al-Yaum wal Laila lis Suyuti: P11 (Baab Wazaaef as Salah); Fath al-Ghafoor Fee Waza' al Aedo Alaa as-Sudoor: P59 (Tehqiq al-Aazmi); At Taaleeq al-Mansoor Alaa Fath al-Ghafoor: P7 & P63)

Ye riwayat mursalan bilkul sahih hai, jaisa ke iske rijaal par poori tafseel aage aarahi hai. Raha is riwayat ka mursal[1] hona to arz hai ke ahnaaf ke yahan mursal riwayat hujjat hoti hai. Jaisa ke unki bahut si kutub mein

---

[1] T: (مُرسَل) Wo hadees jis ka raawi taabai ho aur jis ka silsila kisi sahaabi se na chalaa ho [RKT]

iski saraahat maujood hai.

Mursal Ahnaaf Ke Yahan Hujjat Hai:

۞ Allama Badiuddin Raashidi ﷫ farmate hain ke hanafi mazhab ke Imam Sarkhasi "Kitab al-Usool" mein likhte hain:

فَأَمَّا مَرَاسِيْلُ الْقَرْنِ الثَّانِيْ وَالثَّالِثِ حُجَّةٌ فِيْ قَوْلِ عُلَمَائِنَا.

"*Doosre aur teesre qarn (taabaeen) ki mursal riwayaat hamare (ahnaaf) ulama ke qaul ke mutaabiq hujjat aur daleel hain*". (V1 P360)

Isi tarah "Noor al-Anwaar" (V1 P360) mein likha hai.

Makhdoom Muhammad Hashim Thatwi risaala "Kashf ur-Reen" mein likhte hain: 'والمرسل مقبول عند الحنفية' "*Mursal riwayaat ham ahnaaf ke yahan daleel aur qaabil-e-qubool riwayat hai*". (P17)

۞ Isi tarah Allama Ibn al-Hamaam bhi "Fathul Qadeer Sharah al-Hidaaya" (V1 P239) mein likhte hain: "*Mohaddiseen ke nazdeek bhi mursal riwayaat doosri ahadees ki maujoodgi mein maqbool hai. Choonke yahan doosri muttasil ahadees waarid hain, is liye ye riwayat bhi daleel ban sakti hai aur iski sanad ke sab raawi motabar aur siqa hain, jaise Imam Bayhaqi ne 'Maarifa as-Sunan wal Aasaar, mein aur Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne 'Fath al-Ghafoor, mein aur Saahib-e-Khilafat ne 'Darj ad-Durar, mein aur Allama Mubarakpuri ne 'Tohfatul Ahwazi (V1 P216) mein likha hai*". (Namaz Mein Khushu Aur Aajizi: P11-12)

Choonke is mursal riwayat ke bahut saare shawaahid maujood hain, jaisa ke is kitab ke baab awwal hi mein mazkoor hai. Is liye ye hadees bilkul sahih hai. Kyounke mursalan is ki sanad sahih hai. Iske raawiyo'n ki tafseel mulaahaza ho:

◊ Taawoos bin Kaesaan al-Yamaani Ka Taaruf:

Aap Bukhari-o-Muslim samet, Kutub-e-Sitta ke rijaal mein se hain. Bahut saare mohaddiseen ne aapki tauseeq ki hai. Balke aap bil-ittifaaq siqa hain.

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثقةٌ' *"Aap siqa hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P500 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Zurah Raazi رحمه الله (d 264h) ne kaha: 'ثقةٌ' *"Aap siqa hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P500 [Sanad Sahih])

۞ Imam Nawavi رحمه الله (d 676h) ne kaha:

اتفقوا على جلالته وفضيلته و وفور علمه وصلاحه وحفظه وتثبته.

"Aapki jalaalat-o-fazilat, waafir ilm, deendaari aur hifz-o-zab par sabka ittifaaq hai". (Tehzeeb-ul-Asma wal Loghaat lin Nawavi: V1 P251)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852) ne kaha: 'ثقة فقيه فاضل' *"Aap siqa, faqiya aur faazil hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: 3009)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par inki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe'n: Hadees Aur Ahle hadees (P254 H6) Iski sanad mein bhi yehi raawi maujood hai. (Sharah Maani al-Aasaar: H988)

◊ Sulaiman bin Musa al-Qurashi Ka Taaruf:

Aap Muslim, aur Sunan-e-Arba ke rijaal mein se hain aur siqa hain.

۞ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'ثقةٌ' *"Aap siqa hain"*. (At Tabaqaat al-Kubra: V7 P457 [Daar Saadir])

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثقةٌ' *"Aap siqa hain"*. (Taareekh Ibne Maeen: P46 [Riwaayah ad-Daarmi])

Maulana Ejaz Ashrafi Saahab likhte hain: *"Imam Yahya رحمه الله ne Sulaiman bin Musa ko Az-Zohri se riwayat karne mein siqa likha hai. Lihaaza is hawaale se ye samajhna ke isse mutlaqan Sulaiman bin Musa رحمه الله tauseeq saabit hoti hai, bilkul ghalat hai"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P173)

Arz hai ke ye eteraaz us waqt durust hota, jab Imam Ibne Maeen se Sulaiman bin Musa ki tazeef[1] saabit hoti. Ya kam-az-kam Sulaiman bin Musa ka zaeef hona raajeh hota. Lekin jab Imam Ibne Maeen ne kisi

[1] T: (تَضْعِيف) Zof, kamzori [RKT]

doosre muqaam par Sulaiman bin Musa ko zaeef kaha hi nahi, to phir unki tauseeq aam tauseeq hi maani jaaegi. Isi tarah deegar mohaddiseen ke aqwaal ki raushni mein bhi raajeh baat yehi hai ke Sulaiman bin Musa siqa hai. Lihaaza Ibne Maeen ki tauseeq ko khaas karne ki koi maaqool wajah nahi hai.

۞ Imam Yahya bin Aksam al-Qaazi 'امام يحيى بن أكثم القاضي' ﷫ (d 242h) ne kaha: 'ثقةٌ و حديثه صحيح عندنا' *"Ye siqa hain aur inki hadees hamare nazdeek sahih hai"*. (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal lil Maghlataai: V6 P99)

Note: Haafiz Mughlatae ne Imam Yahya bin Aksar ki kitab "Zahra al Muta'allimeen Fee Asma Mashaheer al Mohaddiseen" ka tazkirah kiya hai. (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal lil Maghlataai: V12 P281)

۞ Imam Abdur Rahman bin Ibrahim Daheem ﷫ (d 245h) ne kaha:

أوثق أصحاب مكحول: سليمان بن موسى.

"Makhool ke shaagirdo'n mein sabse bade siqa Sulaiman bin Musa hain". (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal lil Maghlataai: V12 P281)

Maulana Ejaz Ashrafi Saahab likhte hain: "*Sulaiman ﷫ bin Musa, Hazrat Makhool ﷫ ke ashaab mein mazboot honge, naake deegar mohaddiseen se riwayat karne mein. Lihaaza is hawaale ko pesh karna mardood hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P172)

Arz hai ke deegar mohaddiseen se riwayat karne mein Sulaiman bin Musa mazboot na honge, ye baat Imam Daheem ne kisi bhi muqaam par nahi kahi hai. Lihaaza jab Imam Daheem ﷫ se Sulaiman bin Musa ki tazeef saabit nahi, to unki is tauseeq ko kyounkar khaas kiya ja sakta hai. Neez deegar mohaddiseen ke aqwaal ki raushni mein bhi Sulaiman bin Musa ki saqaahat saabit hai. Lihaaza Imam Daheem ﷫ ki is tauseeq ko khaas karne ki koi buniyad nahi hai.

Balke, Imam Mizzi ne kaha: 'وقال عثمان بن سعيد الدارمي عن دحيم و سليمان بن موسىٰ ثقة'

"*Usman bin Saeed ad-Daarmi ne Daheem se naql kiya: Sulaiman bin Musa siqa hain*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V12 P95)

Isse maaloom hua ke Imam Daheem ne Sulaiman bin Musa ko

alal-itlaaq bhi siqa kaha hai.

Sualaat al-Aajiri Saabit-shuda Kitaab Hai:

۞ Imam Abu Dawood رحمه الله (d 275h) ne kaha: 'لا بأس به ثقة' *"Aap mein koi harj nahi, aap siqa hain"*.

(Suaalaat al-Aajri: V1 P18 ba-hawaala (Haashiya Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V12 P98); Imam Zahbi ne Abu Obaid al Aajri par jirah ki nafee ki hai (Siyaar Aalaam an-Nubala: V11 P377); Aur Iske saath-saath unhe'n Haafiz kaha hai [Eezan V9 P46]) ❶

❶ • (Ye qareena bataata hai ke Imam Zahbi ke nazdeek ye siqa hain. Bil-khusoos jabke Imam Zahbi ne "Haafiz" ka darja siqa se bhi badh kar batlaaya hai (Al Muqizah liz Zahbi: P55). Neez tamaam Ahle Fann ne bil-ittifaaq unse hujjat pakdi hai. Ye bhi unki saqaahat ki daleel hai. Bil-farz ye siqa nahi hain to kam-az-kam unke aadil hone mein kalaam nahi. Kyounke baghaer kisi jirah ke Imam Mizzi, Imam Zahbi aur Haafiz Ibne Kaseer jaise ahle fann ne unhe'n *Haafiz* kaha hai (Tehzeeb-ul-Kamal: V11 P361; Siyaar Aalaam an-Nubala: V11 P377; Tehzeeb ut Tehzeeb: V4 P170). Neez tamaam mohaddiseen-o-ahle ilm ne unse hujjat pakdi hai. Phir jab ye aadil hain to unho'n ne Imam Abu Dawood se ba-raah-e-raast aqwaal naqal kiye hain, is liye yahan zabt ki zaroorat hi nahi hai. Rahi is nuskhe ki sanad to unki ye kitab *ahle fann* ke ma-bain mutadaawal aur mashoor rahi hai aur aisa nuskha sanad ka mohtaaj nahi hota. Dekhe'n hamari kitab Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P362-363) •

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne kaha:

محله الصدق و في حديثه بعض الضطراب.

"Aap sacche hain aur aapki ahadees mein kuch iztiraab hai". (Al Jarh-o-Taadeel: V4 P141)

Arz hai ke Imam Abu Haatim ne sirf unki baaz ahadees mein iztiraab batlaaya hai, yaane unki aksar ahadees sahih-o-saalim hain aur usool-e-hadees ka buniyaadi qanoon hai ke ghaalib haalat hi ka etebaar hota hai. Is liye ghaalib haalat ke etebaar se unki ahadees sahih-o-saalim hain.

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne aapko siqa mein zikr karte hue kaha: 'كان فقيها ورعا' *"Aap faqeeh aur parhezgaar the"*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V6 P38 [Al Usmaniya])

۞ Imam Ibne Adee رحمه الله (d 365h) ne kaha: 'ثبت صدوق' *"Aap sabat aur sadooq hain"*. (Al Kaamil Fee Zoafa ar Rijaal li Ibne Adee: V4 P262)

۞ Imam Daraqutni عليه السلام (d 385h) ne kaha: 'من الثقات الحفاظ' "*Aap huffaz-o-siqaat mein se hain*". (Ilal ad Daraqutni: V15 P14)

۞ Imam Ibne Abdul Bar عليه السلام (d 463h) ne kaha:

قد نقله عنه ثقات منهم سليمان بن موسى وهو فقيه ثقة إمام.

"*Is hadees ko siqa raawiyo'n ne naql kiya hai, inme Sulaiman bin Musa hain aur ye faqeeh, siqa aur imam hain*". (At Tamheed Limaa Fee al-Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V19 P86)

۞ Ibn al-Jauzi عليه السلام (d 589h) ne kaha: 'و يمكن أن يقال سليمان ثقة' "*Aur ye kehna mumkin hai ke Sulaiman siqa hain*". (At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P144)

۞ Ibnul Ibne Khalfoon عليه السلام (d 636h) ne inhe'n siqa kaha hai. Haafiz Mughlatae ne kaha: 'ذكره ابن خلفون في الثقات' "*Ibne Khalfoon ne ise siqaat mein zikr kiya hai*". (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamal lil Muhgltaai: V6 P101)

۞ Imam Zahbi عليه السلام (d 748h) ne kaha: 'الإمام الكبير، مفتي دمشق' "*Aap bahut bade imam aur Dimishq ke mufti the*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V5 P433)

Imam Zahbi عليه السلام ne doosre muqaam par kaha: 'صدوق' "*Ye sadooq hain*". (Man Tukullima Feehi wa Huwa Muwassaq (مَنْ تُكُلِّمَ فِيهِ وَهُوَ مُوَثَّق): P4)

Aur unki ek hadees ke baare mein kaha: 'قلنا: الحديث صحيح' "*Ham kehte hain: Ye hadees sahih hai*". (Tanqeeh ut Tehqiq liz Zahbi: V2 P168)

۞ Haafiz Ibne Hajar عليه السلام (d 636) ne kaha: 'صدوق فقيه في حديثه بعض لين' "*Aap sadooq, faqeeh hain, aapki hadees mein baaz maamooli kamzori hai*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: #2616)

Waazeh rahe 'بعض لين' waali jarh tazeef par dalaalat nahi karti hai. Balke usse sirf aala darje ki saqaahat ki nafee hai. Yehi wajha hai ke Haafiz Ibne Hajar عليه السلام ne unhe'n shuru mein 'صدوق' keh diya hai.

Balke, ek doosre muqaam par unhe'n 'ثقه' qaraar diya hai. Chunache unki ek hadees ke baare mein kaha: 'رجاله ثقات' "*Iske rijaal siqa hain*". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V10 P8)

Aur unki ek hadees ke baare mein kaha: ‘هذا حديث حسن صحيح’ “*Ye hadees hasan sahih hai*”. (Nataaij al-Afkaar li Ibne Hajar: V3 P249)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe’n Hadees aur Ahle Hadees (P229 H6) iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Dekhe’n: Al Mojam us Sagheer lit Tabrani: H1162) Balke Sarfaraz Khan Deobandi Saahab ne kaha hai: ‘وثقه الجمهور’ yaane “*Jamhoor ne unhe’n siqa kaha hai*”. (Khazaain as-Sunan: V2 P89)

Baaz Aqwaal-e-Jarh Ka Jaaiza:

Imam Bukhari Ki Jarh Ka Mafhoom:

۞ Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha:

وسليمان بن موسى منكر الحديث، أنا لا أروي عنه شيئاً روى سليمان بن موسى أحاديث، عامتها مناكير.

“*Sulaiman bin Musa munkar-ul-hadees hai, main usse kuch riwayat nahi karta. Sulaiman bin Musa ne jo ahadees riwayat ki hain, un mein se aksar munkar hain*”. (Al Ilal al-Kabeer lit Tirmizi: P257)

Arz hai, is jarh ke aakhri mein Imam Bukhari ne khud saraahat kardi hai ke “*Sulaiman bin Musa ne jo riwayaat ki hain, un mein se aksar munkar hain*”.

Isse pataa chalta hai ke Imam Bukhari ﷫ ko is raawi ki ziyaada riwayaat mili hi nahi aur unki riwayaat ka jo qaleel hissa unhe’n milaa, un mein se beshtar riwayaat munkar thee’n. Is liye Imam Bukhari ne un par jarh kardi. Lekin haqiqat ye hai ke Sulaiman bin Musa ki aksar riwayaat mein nakaarat[1] nahi hai. Chunache pehle Imam Abu Haatim ﷫ ki saraahat pesh ki ja chuki hai. Ke unho’n ne is raawi ko saccha bataate hue uski taraf chand riwayaat hi mein iztiraab batlaaya hai. Isi tarah Imam Nasai ﷫ ki jarh bhi isi par dalaalat karti hai. ‘كما سيأتي’[2]

Balke ye bhi mumkin hai ke unki jin ahadees mein nakaarat hai, uske zimmedar ye na ho’n. Balke unse oopar ke ruwaat ho’n. Isi taraf ishara

[1] T: (نَكارَت) Na-pasandeedgi, bezaari, nafrat, ajnabi-pan [RKT]
[2] T: (كما سيأتي) Jaisa ke aage aaega [RSB]

karte hue Imam Zahbi ﷬ (d 748h) ne kaha:

وهذه الغرائب التي تستنكر له، يجوزأن يكون حفظها.

"Sulaiman bin Musa ki jin ghareeb ahadees mein nakaarat ki baat ki jaati hai, mumkin hai un ahadees ko aapne yaad kar rakha ho". (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V2 P226)

Alaawa-baree'n kai jaleel-ul-qadr mohaddiseen ne unhe'n bila-taraddud [1] poori sarahat ke saath siqa kaha hai. Hatta ke mutashaddideen ne bhi unhe'n siqa kaha hai. 'كما سيأتي' Lihaaza deegar aimma-e-fann ka faisla hi raajeh hai.

Ibn al-Madeeni Ki Jarh Saabit Nahi:

۞ Imam Uqaili ne apni sanad ke saath Imam Ibn al-Madeeni se naql kiya: 'مطعون فيه' yaane *"Is par ta'an kiya gaya hai"*. (Az Zoafa al-Kabeer lil Uqaili: V2 P140)

Arz hai ke Imam Ibn al-Madeeni se ye jarh saabit hi nahi hai. Imam Uqaili ne jis sanad se ye jarh naql ki hai, iske tamaam rijaal ke haalaat hamko nahi mil sake. Agar kisi ko mil jaae'n to hamen muttala kare. Neez ye jarh ghair-mufassar[2] hai aur deegar kibaar[3] mohaddiseen ki tauseeq ke khilaaf hai.

Imam Uqaili ne is qaul aur Imam Bukhari ki jarh ki buniyad par unko *zoafa* mein naql kiya hai. Is liye uska bhi etebaar nahi, bil-khusoos jabke Imam Uqaili mutashaddid[4] hain.

Baaz log kehte hain ke Ibn al-Jaarood aur Ibn al-Jauzi ne ise *zoafa* mein zikr kiya hai. Iska jawab ye hai ke mahez *Zoafa* waali kutub mein zikr hone se ye laazim nahi aata ke *zoafa* ke muallifeen ki nazar mein wo raawi zaeef hai. (Dekhe'n hamari kitab: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P236-238)

---

[1] T: (بِلا تَرَدُّد) Baghaer kisi shak ya hichkichaahat ke [RSB]
[2] T: (جَرْحٌ غَيْرُ مُفَسَّرٍ) Baghair daleel ke raawi par eteraaz karna/tanqeed karna [RSB]
[3] T: (كِبار) Bargazida, moazzaz, mukarram, kabeer ki jama, buzurg aadmi [RKT]
[4] T: (مُتَشَدِّد) Ye wo ulama-o-mohaddiseen hain jo (hadees ke raawiyo'n aur ahadees ki jaanch mein) bahut ziyaada sakhti karne waale, jo aam mohaddiseen se ziyaada sakht hote hain [RSB]

Neez, Ibn al-Jauzi ne Sulaiman bin Musa ka takzirah karne ke baad kaha:

ثم آخران سليمان بن موسىٰ أبو داؤد الزهري يروي عن مسعر سليمان بم موسىٰ عن جعفر بن سعد وما عرفنا فيهما طعنا.

"*Sulaiman naam ke do (2) raawi hain aur ek (1) Sulaiman bin Musa Abu Dawood-az-Zohri hai, jo Misa'r se riwayat karta hai aur doosra Sulaiman bin Musa hai, jo Jaafar se riwayat karta hai. Un dono ke baare mein hamen koi jarh maaloom na ho saki*". (Az Zoafa wal Matrukeen li Ibn Jauzi: V2 P25)

Ibn al-Jauzi ke in alfaaz se bhi pata chalta hai ke wo apni kitab mein sirf zaeef ruwaat ka tazkirah nahi karte, balke har us raawi ka tazkirah karte, jis par koi jarh ho. Neez maa-qabl mein hawaala diya ja chuka hai ke khud Ibn al-Jauzi ne is raawi ko siqa kaha hai.

Imam Nasai Ki Jarh Ka Mafhoom:

۞ Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha:

سليمان بن موسى الدمشقي أحد الفقهاء، ليس بالقوي في الحديث.

"*Sulaiman bin Musa Dimishqi, fuqaha mein se ek hain aur ye hadees mein qawee nahi hain*". (Az Zoafa wal Matrukeen lin Nasai: P49)

Arz hai ke jarh ka ye *seegha* raawi ki mutlaq taz-eef par dalaalat nahi karta, jaisa ke ham ne uski poori tafseel apni kitab "*Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza*" (P634-635) mein pesh ki hai. Qaraeen us kitab ki taraf ruju kare'n.

۞ Imam Mizzi ne kaha: 'وقال في موضع آخر: في حديثه شيئ' "*Aur Imam Nasai ne doosre muqaam par kaha: Iski hadees mein kuch hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V12 P97)

Arz hai ke awwal to Imam Mizzi ne is doosre muqaam ka hawaala nahi diya hai aur doosre ye ke jarh bhi maamooli hai aur Imam Nasai hi ke mazkura qaul ki raushni mein usse tazeef muraad nahi. Balke alaa darje ki saqaahat ki nafee hai, naake mutlaqan saqaahat ki nafee.

۞ Imam Zahbi ﷫ ne ek raawi se mutaalliq kaha: 'ثقة فيه شيئ' "*Ye siqa hain, inme kuch hai*". (Al Kaashif liz Zahbi: V1 P272 [Awaamah])

Yahan mulaahaza farmaae'n, ke Imam Zahbi ne ek raawi ke baare mein 'فيه شيئ' kehne ke bawujood bhi use 'ثقة' qaraar diya hai. Ye is baat ki daleel hai ke 'فيه شيئ' ki jarh se koi raawi zaeef nahi ho jaata.

Imam Saaji Waghaera Ki Jarh Ka Mafhoom:

۞ Imam Zakariyya bin Yahya as-Saaji ﷫ (d 307h) ne kaha: 'عنده مناكير' "*Iske paas manakeer hain*". (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mughlatae: V6 P100)

Isse bhi raawi ki tazeef nahi hoti hai, kyounke kisi raawi ke paas manakeer hone se ye laazim nahi aata hai ke uska zimmedaar wo raawi hi hai. Balke ye bhi mumkin hai ke ye manakaeer usse oopar ke ruwaat ki taraf se ho'n aur ye unse baree ho.

Imam Haakim ﷫, Imam Daraqutni ﷫ ne apna sawal-o-jawab naql karte hue likhte hain:

قلت: فسليمان بن بنت شرحبيل؟ قال: ثقة. قلت: أليس عنده مناكير، قال: يحدث بها عن قوم ضعفاء فأما هو فهو ثقة.

"*Maine kaha: To, Sulaiman bin Sharjeel kaisa hai? Imam Daraqutni ne kaha: Wo siqa hai. Maine kaha: Kya aisa nahi hai ke uske paas manakeer hain? Imam Daraqutni ne kaha: Ye manakeer wo aise logon se riwayat karta hai, jo zaeef hain, lekin wo khud siqa hai*". (Suaalaat al Haakim lid Daraqutni: P217)

۞ Imam Abu Ahmad al Haakim ﷫ (d 378h) ne kaha: 'في حديثه بعض المناكير' "*Iski hadees mein baaz manakeer hain*". (Al Asaami Wal Kunaa li Abi Ahmad Ahmad al Haakim: V1 P289)

Ye baaz manakeer ki jarh hai, isse tazeef saabit nahi hoti aur baaz manakeer ki wajah bhi Sulaiman bin Musa nahi, balke unse oopar ka raawi ho sakta hai. Jaisa ke Imam Zahbi ﷫ ki saraahat maa-qabl mein pesh ki ja chuki hai.

Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h) ne kaha:

سليمان بن موسى و إن كان أحد أئمة أهل الشام في العلم فهو عندهم سيئ الحفظ.

"*Sulaiman bin Musa agarche ahle sham ke ahle ilm aimma mein se ek*

the, lekin ye mohaddiseen ki nazar mein sai-ul-hifz hain". (Al Istizkaar: V2 P246)

Yahan "*Saee-ul-Hifz*" se muraad haafize ki maamooli kharabi hai. Jisse zaeef hona laazim nahi aata. Iski daleel ye hai ke khud Imam Ibne Abdul Bar ﷫ ne kai muqamaat par unhe'n poori saraahat ke saath siqaa qaraar diya hai.

Chunache ek muqaam par kaha: 'قد نقله عنه ثقات منهم سليمان بن موسى وهو فقيه ثقة إمام' "*Is hadees ko siqa raawiyo'n ne naql kiya hai, un mein Sulaiman bin Musa hain. Ye faqeeh, siqa aur imam hain*". (At Tamheed limaa Fee al Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V19 P86)

Ek doosre muqaam par unki ek riwayat ke baare mein kaha:

وهو حديث صحيح لأنه نقله عن الزهري ثقات.

"*Ye hadees sahih hai, kyoun ke zohri se ise naql karne waale siqa hain*". (Al Istizkaar: V5 P392)

Aur ek muqaam par kaha: 'وأكثر أهل العلم يصححون حديثه' "*Aksar ahle ilm inki hadees ko sahih kehte hain*". (Al Istizkaar: V6 P67)

۞ Imam Ibn al-Madeeni se jo ye naql kiya jaata hai: 'وكان خولط موته بيسير' "*Maut se qabl aap ikhtilaat[1] ke shikaar hogae the*". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P227)

Ye qaul Imam Ibn al-Madeeni se ba-sanad-e-sahih ya ba-naqal-e-motabar saabit nahi hai.

Allama Rushdallah Shah Raashidi ﷫ likhte hain:

إن العقيلي لم يلق ابن المديني، والواسطة بينهما غير معلومة، فروايته هذه عنه منقطعة فلا يحتج بها.

"*Uqaili ki Ibn al-Madeeni se mulaqaat nahi hai. Un dono ke beech ka waasta na-maaloom hai. Is liye unki ye riwayat munqata hai. Lihaaza isse ehtijaaj durust nahi hai*". (Daraj ad Durar Fee Waza' al-Aedi Alaa as-Sadr: P16

---

[1] T: (اِخْتِلاط) (Mohaddiseeen ki istilaah mein ikhtilaat) ye raawi ki aql ke bigad jaane ya sathiya jaane ya andha ho jaane ya kutub jal jaane waghaera ke kisi sabab se (ahadees o) aqwaal ko zabt* na kar sakna hai. [Uloom-ul-Hadees li-Ibne Salaah: P391; Taqreeb ma' Tadreeb: V2 P372 (Tahhaan)] *Zabt = Tarteeb, tadween ya qalamband karna [RKT]

[Qalmi])

Kya Sulaiman Bin Musa Mudallis Hain?:

Tambeeh: Baaz log Sulaiman bin Musa ko mudallis[1] bataate hue kehte hain ke unke baare mein Imam Ibne Hibbaan ne kaha: 'تلك كلها أخبار مدلسة' "*Ye tamaam riwayaat tadlees-shuda hain*". (Mashaheer Ulama al Amsaar li Ibne Hibban: P179)

Arz hai ke Imam Ibne Hibbaan ke mukammal alfaaz ye hain:

وقد قيل أنه سمع جابراً وليس ذاك بشيئ تلك كلها أخبار مدلسة.

"*Aur ye bhi kaha gaya hai ke Sulaiman bin Musa ne Jaabir ﷺ se suna hai, lekin aisa kuch nahi hai. Balke is tarah ki riwayaat tadlees-shuda hain*". (Mashaheer Ulama al Amsaar li Ibne Hibban: P179)

Imam Ibne Hibbaan ke mukammal alfaaz dekhne ke baad poori tarah waazeh ho jaata hai ke Ibne Hibbaan ne yahan irsaal[2] ke maane mein tadlees ka lafz istemaal kiya hai. Kyounke tadlees mein mudallis raawi apne shaikh ko hazaf karke jisse ba-segha-e-an riwayat karta hai. Wo bhi uske asaatizah mein hota hai aur mudallis ne usse bhi kuch deegar riwayaat suni hoti hain. Lekin yahan Ibne Hibbaan pehle Jaabir ﷺ se Sulaiman bin Musa ke samaa' ki nafee kar rahe hain. Uske baad farma rahe hain ke unki is tarah ki riwayat tadlees-shuda hain, yaane *mursal* hain.

Ek doosre raawi se mutaalliq Imam Ibne Hibbaan ﷺ farmate hain:

وقد روى عن أنس ولم يره دلس عنه.

"*Usne Anas ﷺ se riwayat kiya hai, jabke usne Anas ﷺ ko dekha nahi, unse tadlees ki ha*". (As Siqaat li Ibne Hibban: V6 P98 [Al Usmaniya])

Zaahir hai ke ek raawi ne jise dekha bhi nahi, usse tadlees kaise kar sakta hai? Is liye yahan tadlees *irsaal* ke maane mein hai. Maaloom hua ke Imam Ibne Hibbaan *irsaal* ke maane mein bhi tadlees ka lafz istemaal

---

[1] T: (مُدَلِّس) Wo raawi jis ne silsila-e-riwayat mein apne shaikh ka naam chod diya ho [RKT]

[2] T: (إِرْسال) Taabai ki us hadees mein jo usne Aap ﷺ se riwayat ki ho kisi Sahabi ka zikr na kiya ho, hadees ka mursal hona [RKT]

karte the aur yahan yehi maamla hai. Is liye Imam Hibbaan ke is qaul ki buniyad par Sulaiman bin Musa ko istilaahi *mudallis* batlaana ghalat hai. Balke usool-e-hadees se adm-e-waakhfiyat ki daleel hai.

Maulana Ejaz Ashrafi Saahab ne Sulaiman bin Musa par 23 mohaddiseen ki jarh dikhane ki koshish ki hai. (Dekhe'n: Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P172) ❶ Jabke aisa hargiz nahi hai. Tafseel mulaahaza ho:

❶ • Waazeh rahe ke is tarha numberwaar jurooh pesh karke Ashrafi Sahab ka maqsood yehi hota hai ke itne mohaddiseen ne jirh ki hai. Aa'n Janaab ne Momil bin Ismail se mutalliq bhi is tarha 50 number laga kar jurooh pesh kiye aur likha: "*Agar adadi taur par dekha jaae to 18 mohaddiseen-e-ikram ﷺ ki taadeel ke muqable mein hamne 50 mohaddiseen-e-ikraam ﷺ Momil bin Ismail ﷺ par Jarh saabit ki hai.* (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P144)") Is daawe ki haqiqat aage hamne bayan kardi hai) •

Khud-saakhta Jarh:

۞ Maulana Ejaz Asharafi Saahab likhte hain:

"*12. Imam Abu al-Arab:* 'وفيه نظر' (Al Kamaal: 2228). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P17)

Arz hai ke Imam Abu al-Arab ne is raawi par 'وفيه نظر' ki jarh hargiz nahi ki. Balke unho'n ne to ye kaha hai ke maine Sulaiman (bin Musa) ke baare mein kisi ko ghair-siqa kehte hue nahi suna. "Al Kamaal" mein Mughlatae ke alfaaz ye hain:

وقال أبو اعرب: ما سمعت عن أحد في سليمان أنه غير ثقة، وفيه نظر؛ لما ذكرناه.

Aur Abu al-Arab ne kaha: "*Maine Sulaiman (bin Musa) ke baare mein kisi ko ghair-siqa kehte hue nahi suna*". (Mughlatae kehte hain): "*Ye baat mahel-e-nazar hai, is wajah se jo hamne zikr kiya hai*". (Ikmaal Tehzeeb al Kamaal lil Mughlatae: V6 P100)

Haafiz Mughlatae ke asal alfaaz dekhne ke baad pata chala ke Abu al-Arab ne koi jarh ki hi nahi, balke unho'n ne to jarh ke bar-aks ye kaha ke maine kisi se nahi suna ke Sulaiman ghair-siqa hai. Abu al-Arab ka ye qaul naql karke Mughlatae keh rahe hain ke 'وفيه لما ذكرناه' yaane "*Abu al-Arab ka ye kehna ke kisi ne ise ghair-siqa nahi kaha, ye mahel-e-nazar*

hai”, is wajah se jo hamne zikr kiya hai. Yaane maa-qabl mein Mughlatae ke zikr-karda wo aqwaal jin mein Sulaiman par jarh hai.

Ab Asharafi Saahab ne Mughlatae ke us qaul ko jo Sulaiman se mutaalliq nahi tha, balke Abu al-Arab ke tabsare se mutaalliq tha. Use Sulaiman se mutaalliq bana diya aur tabsare par kalaam ko raawi par naqd bana diya. Ye hai Janab Ashrafi Saahab ki arbi-daani.

Al-gharz, ye ke Imam Abu al-Arab ne aisi koi jarh nahi ki hai. Lihaaza unki taraf is jarh ki nisbat khud-saakhta hai.

۞ Maulana Ejaz Ashraf Saahab Likhte hain:

“*8. Abu Zurah ar-Raazi* ﷫ ‘وفيه لما ذكرناه’ (Asaami Zoafa: V2 P622)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P174)

“*18. Imam Barzai* ‘ذكره في ضعفاء’ (Suaalaat Al Barzai)”. (Eezan[1]: P175)

Maulana Ashrafi Saahab ne yahan par do (2) ghalat bayaani ki hai: Ek ye ke unho’n ne zer-e-bahes raawi “*Imam Sulaiman bin Musa al-Qurashi*” ke baare mein ye keh diya ke use Imam Abu Zurah ne Zoafa mein zikr kiya hai, jabke ye ghalat hai. Kyounke Imam Abu Zurah ne zer-e-bahes raawi ko nahi, balke “*Sulaiman bin Musa Abu Dawood-az-Zohri al-Kufi*” ka tazkirah apni Zoafa mein kiya hai aur ye doosra raawi hai. (Az Zoafa li Abu Zurah ar-Raazi: V2 P622 (Ye Abu Zurah ar-Raazi Ki Wajahooda Fis Sunnah an Nabuwwah ke saath print ki gai hai)

Doosri ghalat-bayaani Maulana Ashraf Saahab ne ye ki hai ke Abu Zurah ke ek ghalat hawaale ko bhi do (2) hawaale bana diya. Hamari samajh mein nahi aata ke ye sab unki jahaalat hai ya unho’n ne apna mardood maslak saabit karne ke liye dhoka, fraud sab kuch apne liye jaaiz samajh liya hai. Kitni be-baaki se Imam Barzai ka naam likha kar kehte hain ke ‘ذكره في ضعفاء’ yaane “*unho’n ne ise zoafa mein zikr kiya hai*”. Aur aage ba-taur-e-hawaala likh rahe hain “*Suaalaat al-Barzai*”!!!

Koi unse pooche ke kya Zoafa par Imam Barzai ki bhi kitab hai? Ya Suaalaat al-Barzai mein Imam Barzai ke apne aqwaal hain? Aur ek pal ke liye ye farz bhi kar liya jaae ke us mein Imam Barzai ke apne aqwaal hain

---

[1] T: (أيضاً) Hasb-e-baala ya saabiq, bilkul wohi hai jo oopar likha gaya [RKT]

to Allah ke bande “*Suaalaat al-Barzai*” mein Sulaiman bin Musa naam ke kisi raawi ka zikr hi kahan hai? Ashrafi Saahab ne baatil taur par “*Suaalaat al-Barzai*” ka naam to likh diya. Lekin jild ya safha number nahi likha aur likhte be kaise, jab ke “*Suaalaat al-Barzai*” mein us naam ka koi raawi hai hi nahi.

Dar-asal Imam Abu Zurah ki *Az Zoafa Suaalaat al-Barzai* ke aakhir mein bhi shaamil karke taba’ kardi gai hai. Is liye ho sakta hai ke Maulana Ashraf Saahab ne jahaalat ka suboot dete hue *Suaalaat al-Barzai* ke saath matbu *Az Zoafa* ko *Suaalaat al-Barzai* hi ka hissa samajh liya ho aur jahaalat mein ek hawaale ko do (2) hawaale bana diya ho.

Beh-re-haal ye ek hi hawaala hai aur iska bhi zer-e-bahes raawi se koi taalluq nahi, balke Imam Abu Zurah ki *Az Zoafa* mein mazkoor Sulaiman bin Musa ye doosra raawi hai. Jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai.

۞ Maulana Ejaz Ashrafi Saahab likhte hain:

“*17. Imam Hussaini* رحمه الله ‘مائل بتضعيف’ (Man Laa Riwaayah: 2133)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P175)

Maulana Ejaz Ashrafi ka ye manghadat hawaala hai. Hamare ilm ki had tak ‘من له رواية’ ke naam se Imam Hussaini naam ke kisi imam ki koi aisi kitab nahi hai. Jis mein is tarah ki koi baat ho, ya raqm 2133 tak kisi raawi ka tarjuma ho.

۞ Maulana Ejaz Ahmad saahab likhte hain:

“*Allama Zahbi* رحمه الله*:* ‘ضعيف’ (Al Mughni waz Zoafa: number 2630)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P175)

Arz hai ke ye saraasar jhoot hai. Imam Zahbi رحمه الله ne apni is kitab mein is raawi ko zaeef hargiz nahi likha hai.

Ye paancho’n hawaale khud-saakhta-o-manghadat hone ke sabab saaqit hue. Baaqi bache 18.

Mukarrar Hawaale:

۞ Imam Bukhari ki jarh par tabsara guzar chuka hai. Mausoof ne Imam

Bukhari ke hawaale ko 6 baar (Number: 1, 2, 10/ba-waasta Tirmizi, 11/ba-naam Tirmizi, 14/ba-naam Zohri, 23/ba-naam Ibne Juraij pesh kiya hai). Is tharah

"1. Imam Bukhari رحمه الله 'عنده مناكير' (Zoafa Bukhari: number 146)". (Eezan: P174)

"2. Imam Bukhari رحمه الله 'منكر الحديث' (Taareekh al-Kabeer: V4 P1888)". (Eezan: P174)

"10. Imam Tirmizi رحمه الله 'قول البخاري: عنده مناكير' (Al Ilal al-Kabeer: P47)". (Eezan: P174)

"11. Imam Tirmizi رحمه الله 'منكر الحديث' (Tarteeb Ilal lit Tirmizi: ق/20)". (Eezan: P174)

"14. Imam Zohri رحمه الله 'وعنده أحاديث عجائب' (Taareekh Dimishq: V22 P367)". (Eezan: P174)

"23. Imam Ibne Juraij رحمه الله 'عنده أحاديث عجائب' (Taareekh Dimishq: V22 P367)". (Eezan: P175)

Ye saare hawaale ek hi imam, yaane Imam Bukhari ke hain aur Maulana Ashrafi Saahab ne ek hi hawaale ko 6 hawaale bana diye. Bit-tarteeb un par tabsara pesh-e-khidmat hai.

Shuru ke do (2) hawaalo'n mein to Ashrafi Saahab ne khud dono jagah Imam Bukhari ka naam likha hai aur teesre hawaale mein bhi Tirmizi ke waaste se Imam Bukhari ka naam zikr kiya hai. Lekin 4th hawaale mein Imam Bukhari ke naam ki saraahat nahi ki hai. Halaanke tarteeb "*Ilal at Tirmizi*" mein saaf likha hai: 'قال محمد: و سليمان بن موسى منكر الحديث'

"*Muhammad (bin Ismail yaane Imam Bukhari) ne kaha: Sulaiman bin Musa Munkar-ul-Hadees hai*". (Tarteeb Ilal at-Tirmizi al-Kabeer lit Tirmizi: P257 [As Saamraai wa Rifaaqah])

Aakheer ke dono hawaale jinke liye Taareekh-e-Dimishq ke ek hi muqaam ka hawaala diya gay hai, wo bhi Imam Bukhari hi ka qaul hai. Taareekh-e-Dimishq mein saraahatan aur saaf-saaf likha hua hai:

قال البخاري وعنده أحاديث عجائب.

"*Aur Imam Bukhari ne kaha: Aur uske paas ajeeb ahadees hain*". (Taareekh Dimishq li Ibne Asaakir: V22 P372; At Taareekh al Ausat: V3 P227 ت Taiseer bin Saad [Haashiya number 1])

Algharz, ye 6 hawaale ek hi imam ke hawaale hain. Is liye unhe’n ek hi hawaala shumaar kiya jaaega aur baaqi 5 hawaale saaqit ho gae. Ab bache 13 hawaale.

Imam Nasai ki jarh par bhi tabsara guzar chuka hai. Mausoof ne Imam Nasai ka hawaala do (2) baar (Number 5 aur 18 ke tahat) diya hai. Is tarah

“5. Imam Nasai ﷫ ‘ليس بالقوي في الحديث’ (Zoafa wal Matrukeen: 252)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P174)

“18. Imam Nasai ﷫ ‘في حديثه شيئ’ (Tehzeeb-ul-Kamaal: V12 P97)”. (Eezan: P175)

Is liye ye ek hi hawaala shumaar hoga aur doosra hawaala saaqit ho jaaega. Waazeh rahe ke doosra hawaala Tehzeeb-ul-Kamaal se diya gaya hai, jo be-sanad hai. Ab baaqi bache 12 hawaale.

Ghari Mutaalliq Hawaala:

Maulana Ejaz Ahmad Saahab likhte hain:

“16. Ibne Hibbaan ‘كلها أخبار مدلسة’ (Mashaheer Ualama: 1415)”. (Eezan: P175)

Arz hai ke ye jarh nahi, balke Ibne Hibbaan ne yahan tadlees ka lafz istemaal kiya hai aur tadlees ke ilzaam se koi raawi zaeef saabit nahi hota. Waazeh rahe ke Ibne Hibbaan ne yahan irsaal ke maane mein tadlees ka lafz istemaal kiya hai. Jaisa ke guzishta sutoor mein wazaahat ki ja chuki hai. Is tarah ye hawaala bhi ghair-mutaaliq hone ke sabab saaqit hua. Ab bache 11 hawaale.

Ghair-saabit Hawaala:

Maulana Ejaz Ahmad Saahab likhte hain:

“6. Ibn al-Madeeni ﷫ ‘مطعون عليه’ (Zoafa al-Kabeer: V2 P142)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P174)

Arz hai ke ye jarh Imam Ibn al-Madeeni se saabit hi nahi, jaisa ke wazaahat guzar chuki hai. Is liye ye hawaala bhi saaqit hua. Baaqi bache 10 hawaale.

Tauseeq Ke Hawaale:

Maulana Ejaz Ahmad Saahab likhte hain:

“4. Abu Haatim رحمه الله ‘محله الصدق وفي حديثه بعض الاضطراب’ ”. (Eezan: P174)

“15. Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ‘صدق فقيه في حديث بعض لين’ ”. (Eezan: P174)

Arz hai ke in dono aimma ne tauseeq karne ke baad maamooli jarh ki hai, is liye ye tazeef waali jarh nahi hai. Mazeed wazaahat guzar chuki hai. Is tarah ye dono hawaale bhi saaqit hue. Baaqi bache 8 hawaale.

Kitab Zoafa Mein Zikr Se Istidlaal:

Maulana Ejaz Ahmad Saahab likhte hain:

“9. Imam Uqaili رحمه الله ‘كره في ضعفاء’ (Zoafa lil Uqaili: 632)”. (Eezan: P174)

“13. Imam Ibn al-Jarood رحمه الله ‘ذكره في ضعفاء’ (Al Ikmaal: 2228)”. (Eezan: P174)

“20. Imam Ibn Jauzi رحمه الله ‘ذكره في ضعفاء’ (Zoafa wal Matrukeen: 1549)”. (Eezan: P174)

Arz hai ke guzishta sutoor mein wazaahat ki ja chuki hai, ke mahez *Zoafa* mein raawi ke zikr hone ka ye matlab nahi hai ke wo raawi *Zoafa* ke muallifeen ke nazdeek zaeef hai. Illa ye ke muallifeen ki saraahat ya unke manhaj se ye saabit ho jaae ke wo apni *Zoafa* waali kitab mein sirf zaeef ruwaat hi ko darj karte hain. Lekin mazkura kutub *Zoafa* mein se kisi kitab ke muallif se aisi koi baat saabit nahi hai. Lihaaza mahez un kutub mein ruwaat ke tazkire se ye natija nikaalna ghalat hai, ke unke muallifeen ki nazar mein ye ruwaat zaeef hain. Is liye ye teeno hawaale bhi saaqit hain.

Mazkura tamaam hawaale saaqit hone ke baad sirf darj-e-zel 5 hawaale baaqi bachte hain.

“Imam Bukhari ‘منكر الحديث يا عنده مناكير يا عنده أحاديث عجائب’ ”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P174-175)

“Imam Nasai ‘ليس بالقوي في الحديث يا في حديثه شيئ’ ”. (Eezan: P174-175)

"*Imam Abu Ahmad al-Haakim* 'في حديثه بعض المناكير' ". (Eezan: P174)

"*Imam Saaji* 'عنده مناكير' ". (Eezan: P174)

"*Imam Ibne Abdul Bar* 'سيئ الحفظ' ". (Eezan: P174)

In pancho'n hawaalo'n ka jawab guzishta sutoor mein diya ja chuka hai. Jiska khulasa ye ke Imam Ibne Abdul Bar se tauseeq saabit hai. Imam Nasai, Imam Saaji aur Abu Ahmad al-Haakim ki jarh se tazeef saabit nahi hoti hai aur Imam Bukhari ki jarh deegar mohaddiseen ki raajeh tauseeq ke muqaable main ghair-maqbool hai.

Neez unke muqaable mein 12 aimma Imam Ibne Saad, Imam Ibne Maeen, Imam Daheem, Imam Abu Dawood, Imam Abu Haatim ar-Raazi, Imam Ibne Hibban, Imam Ibne Adee, Imam Daraqutni, Imam Zahbi, Imam Ibne Abdul Bar. Imam Ibn al-Jauzi aur Imam Ibne Khulfoon ﷬ ki tauseeq pesh ki ja chuki hai. Lihaaza unke siqa hone mein kisi shak-o-shubha ki koi gunjaaish nahi hai.

Khulasa-e-kalaam ye ke Imam Sulaiman bin Musa siqa hain. Unke mutaalliq pesh ki jaane waali jurooh ya to saabit hi nahi hain, ya ghair-mufassar hain, ya kamzor bunyaado'n par mabni hain. Iske bar-aks mohaddiseen ki ek badi jamat ne poori saraahat ke saath unhe'n siqa qaraar diya hai. Is liye unke siqa hone mein koi shak nahi hai.

◊ Saur Bin Yazeed al-Kalaai Ka Taaruf:

Aap Bukhari aur Sunan-e-Arba ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa hain.

۞ Imam Ibne Maeen ﵀ (d 233h) ne kaha: 'ثور بن يزيد ثقة' "*Saur bin Yazeed siqa hain*". (Taareekh Ibne Maeen: V3 P192 [Riwaaya ad-Dauri)

۞ Imam Ibne Saad ﵀ (d 230h) ne kaha: 'كان ثقة في الحديث' "*Ye hadees mein siqa the*". (At Tabaqaat al-Kubra: V7 P467 [Daar Saadir])

۞ Imam Abdur Rahman bin Ibrahim Daheem ﵀ (d 245h) ne kaha: 'ثقة' "*Aap siqa hain*". (Al Maarifa wat Taareekh: V2 P386 [Sanad Sahih])

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'حافظ متقن' *"Aap haafiz aur mutqin hain"*. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V6 P344)

۞ Haafiz ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ثقة ثبت إلا أنه يرى القدر' *"Aap siqa-o-sabt the, magar qadariyya waala aqida rakhte the"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H861)

Arz hai ke qadariyya[1] ke aqide se saqaahat par koi farq nahi padta, alawa-azee'n Saur bin Yazeed al-Kalaai ne is aqide se baraa-at ka izhaar kiya hai.

Saur Bin Yazeed Par Qadariyyat Ka Ilzaam Saabit Nahi:

۞ Imam Abu Zurah ad-Dimishqi ﷫ (d 281h) ne kaha:

أخبرنا منبه بن عثمان قال: فال رجل لثور بن يزيد: يا قجري! قال ثور: لئن كنت كما قلت، إني لرجل سوء، ولئن كنت على خلاف ماقلت، إنك لفي حل.

"Ek shakhs ne Saur bin Yazeed se kaha: Aye Qadari! To Saur ne kaha: Agar main waisa hi hoo'n jaisa ke tumne kaha hai to main bahut bura shakhs hoo'n aur agar main waisa nahi hoo'n, jaisa tum ne kaha, to jaao maine tumhe'n maaf kiya". (Taareekh Abi Zurah lid Dimishqhi: P360 [Sanad Sahih])

Is sahih riwayat se maaloom hua ke Saur bin Yazeed *Qadari* hargiz nahi the. Ghaaliban kuch logon ne ghalat-fehmi ki bina par unhe'n *Qadari* samajh liya tha.

Bil-farz maan le'n ke wo *Qadari* the to is riwayat ki roo se ye maanna laazim hai ke unho'n ne ruju kar liya tha. Kyounke mazkura shakhs ne pehle unhe'n *Qadari* kaha. Jis par unho'n ne inkaar kiya, isse ishaara hai ke unki baraa-at se pehle unke *Qadari* hone ka charcha ho gaya tha. Phir is riwayat mein unki taraf se inkaar inke ruju ki daleel hai.

Chunache isi riwaayat ki bina par Imam Zahbi ﷫ ne kaha:

قلت: كان ثور عابدا، ورعا، والظاهر أنه رجع، فقد روى أبو زرعة....

"Main (Imam Zahbi) kehta hoo'n ke Saur Aabid, Parhezgaar the aur

---

[1] T: (قَدَرِيَّة) Ye wo firqa hai jo taqdeer par imaan nahi laata, inka aqida hota hai ke 'Insaan apne aamaal khud khlaq karta hai, Allah ne pehle se kuch likha hua nahi hota'. [RSB]

zaahir yehi hai ke unho'n ne Qadariyya waale aqide se ruju kar liya tha. Chunache Abu Zurah ne riwayat kiya….". (Siyaar Aalaam an-Nubala:: V6 P345)

Iske baad Imam Zahbi ﷫ ne wohi riwayat pesh ki, jise sahih sanad se oopar naql kiya ja chuka hai.

Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne un par *nasibiyyat* ki tohmat bhi naql ki hai. Chunache, kaha:

وكان يرمى بالنصب أيضا، وقال يحيىٰ بن معين: كان يجالس قوما ينالون من علي، لكنه هو كان لا يسب.

"*Un par nasibiyyat ka ilzaam bhi lagaaya jaata tha. Imam Ibne Maeen ﷫ ne kaha: Ye aise logon ke saath baithte jo Ali ﷛ ko bura kehte, lekin ye khud Ali ﷛ ko buraa nahi kehte the*". (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajr: P394)

Arz hai ke mere naaqis ilm ki had tak kisi ne bhi un par nasibiyyat ki tohmat nahi lagaai hai. Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne ghaaliban nawaasib ke saath unke uthne baithne ki wajah se ye natija nikaal liya hai. Halaanke Ibne Maeen ne poori saraahat se kaha hai ke ye Ali ﷛ ko bura nahi kehte the. Balke nawaasib ke saath unka baithna bhi saabit nahi hai. Chunache Ibne Maeen ke is qaul ko unke shaagird Abbas Doori ne darj-e-zel alfaaz mein naql karte hue kaha:

سمعت يحيىٰ يقول: أزهر الحرازي وأسد بن وداعة وجماعة كانوا يجلسون يشتمون علي بن أبي طالب، وكان ثور بن يزيد في ناحية لا يسب عليا، فإذا لم يسب جروا برجله.

"*Maine Imam Yahya ko farmate hue suna: Azhar Haraazi, Asad bin Wadaa' aur kuch log baith kar Ali ﷛ ko bura kehte aur Saur bin Yazeed ek kinaare baithe hote the. Ye Ali ﷛ ko bura na kehte, to jab ye Ali ﷛ ko bura na kehte to log unke paaou'n pakad kar ghaseet-te*". (Taareekh Ibne Maeen: V4 P423 [Riwaaya ad-Doori])

Subhanallah! Ek shakhs ko paaou'n pakad kar ghseeta jaata hai, phir bhi wo Ali ﷛ ko bura nahi kehta, iske bawujood bhi namaaloom kaise un par nasibiyyat ki tohmat lagaadi gai?!

Khulaasa-e-kalaam ye ke mohaddiseen ne unhe'n bil-ittifaaq siqa kaha hai aur un par qadari aur nasibiyyat ki tohmat saabit nahi hai. Balke usse baraa-at saabit hai. 'والحمد لله'

Saur Bin Yazeed Ka Mudallis Hona Saabit Nahi:

Saur bin Yazeed ka mudallis hona saabit nahi hai. Unhe'n sirf Burhanuddin Halabi (d 841h) ne mudalliseen mein zikr kiya aur uski daleel dete hue kaha hai:

قال أبو داؤد في سننه في مسح الخفين: بلغني أنه لم يسمع ثور هذا الحديث من رجاء يعني ابن حيوة انتهى ولفظه فيه: عن رجاء.

"Imam Abu Dawood ﷫ ne apni sunan mein masah khaffain ke zimn mein kaha hai: Mujhe ye baat pohonchi hai ke is hadees ko Saur bin Yazeed ne Raja bin Haiwah se nahi suna hai aur yahan unho'n ne 'عن' se riwayat kiya hai". (At Tibbiyeen li Asma al-Mudalliseen lil Halabi: P18)

Imam Abu Dawood ﷫ ne adm-e-samaa' waali baat ka hawaala nahi diya hai. Ghaaliban unho'n ne ye baat apne ustaad Imam Ahmad ﷫ se suni hogi. Kyounke Imam Ahmad ﷫ ne bhi ye baat kahi hai. Jaisa ke Imam Ibne Abdul Bar ﷫ ne Imam Asram ke hawaale se Imam Ahmad se ye baat naql ki hai. (At Tamheed limaa Fil Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V1 P14)

Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne yehi baat Imam Musa bin Haroon ﷫ se bhi naql ki hai. (At Talkhees al Habeer li Ibne Hajar: V1 P281 [Qurtaba]) Neez Imam Ibne Hazam ﷫ ne bhi yehi baat kahi hai. (Al Muhalla li Ibne Hazam: V1 P344)

Arz hai ke in aqwaal se ye baat saabit hoti hai ke waaqiatan Saur bin Yazeed ne ye hadees Raja bin Haiwah se nahi suni. Lekin iske bawajod bhi Saur bin Yazeed par tadlees ka ilzaam nahi lagaaya ja sakta. Kyounke is riwayat mein inka 'عن' se bayan karna saabit nahi aur isi buniyad par Burhanuddin Halabi ﷫ ne unhe'n mudallis kaha hai:

Awwalan: Is riwayat mein soor ka ananah 'عنعنه' Waleed bin Muslim ne zikr kiya aur Waleed bin Muslim khud tadlees-e-taswiya[1] karne waala

[1] T: (تدليسِ تسويه) Ek (1) shakhs apne Shaikh se hadees riwayat kare. Us sanad mein do (2) aese raawi paae jaate ho'n jo siqa (qaabil-e-etemaad) ho'n aur unki aapas mein mulaqaat bhi hui ho. Un dono ke darmiyaan ek (1) zaeef (kamzor) shakhs bhi ho. Ab soorat-e-haal ye banegi ke raawi ①, Siqa Shaikh ②, Siqa Raawi ③, Zaeef Raawi ④, Siqa Raawi ⑤. Dono siqa afraad ③ aur ⑤ ki ek-doosre se mulaqaat hui hogi. Ab tadlees karne waala shakhs us hadees ko is tarah se riwayat karega ke wo Zaeef Raawi ④ ko hazaf karte hue ③ ki riwayat ba-raah-e-raast ⑤ se kar dega. Is

raawi hai. Dekhe'n: 'Yazeed Bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza'. (P572 & 599)

Lihaaza Waleed bin Muslim ka naql-karda ananah 'عنعنه' ghair-motabar hai. Jin riwayaat mein Waleed bin Muslim ki mutaba-aat waarid hai, wo sakht zaeef hain. Alaawa-baree'n khud Waleed hi ne ek doosre tareeq mein Raja se Saur ke samaa' ki tasreeh ki hai. (Sunan Daraqutni: V1 P195 9 [sanad Sahih ilaa al Waleed]) Lekin ye tasreeh-e-samaa' bhi mahel-e-nazar hai, balke Waleed bin Muslim ya Dawood bin Rasheed ka wahem hai. Jaisa ke Haafiz ibn Hajar ﷬ ne ishara kiya hai. (At Talkhees al Habeer li Ibne Hajar: V1 P282 [Qurtaba])

Saniyan: "Saabit-shuda baat ye hai ke Saur bin Yazeed ne 'حُدِّثْتُ عن رجاء' (mujhse Raja ke hawaale se bayan kiya gaya) kaha hai, jaisa ke Imam Ibn al-Mubaarak ne unse naql kiya hai". (At Taareekh al-Ausat lil Bukhari: V3 P194 (Sanad Sahih ilaa as-Saur [Ar Rushd])

Yaane Saur bin Yazeed ne saabit-shuda riwaayat ke mutaabiq 'عن' nahi kaha. Balke adm-e-samaa' ki saraahat ki hai aur iske bar-khilaaf unke ananah 'عنعنه' waali riwayat Waleed bin Muslim ke waham ya unki *tadlees-e-taswiya* ki wajah se saabit nahi hai.

Waleed bin Muslim ke waham ka ishara isse milta hai, ke Dawood bin Rasheed ke tareeq mein unho'n Saur bin Yazeed ki taraf se tasreeh-e-samaa' naql kiya hai. كما مضى Halaanke Imam Ibn al-Mubaarak ﵀ jo unse saqaahat mein badh kar hain, unho'n ne samaa' ki adm-e-saraahat naql ki hai.

Lekin agar ye waham Waleed bin Muslim ki taraf se nahi, balke Dawood bin Rasheed hi ke taraf se hai to ye baat mutaiyyan hai ke Waleed bin Muslim ne yahan *tadlees-e-taswiya* kiya hai. Yaane 'حُدِّثْتُ' ko 'عن' banaakar apne shaikh ke oopar ke waaste ko chupa diya hai. Lihaaza jab

---

tariqa se wo apni sanad mein tamaam siqa afraad ko shaamil kar dega. Ye tadlees ki badtareen shakl hai. Tadlees karne waale ka Shaikh, khud tadlees karne ke liye mashoor nahi hoga. Tadlees karne waala shakhs is tairqa se hadees ko riwayat karega ke sunne waala us hadees ko sahih samajh baethega. Is mein bahut bada dhoka paaya jaata hai. (Is tafseel ko forum.mohaddis par Ishaq Salafi Saahab ke article se akhaz kiya gaya hai) [RSB]

Saur bin Yazeed ne yahan 'عن' kaha hi nahi to uski buniyad par unhe'n mudallis bhi nahi kaha ja sakta.

Saalisan: Agar unhe'n mudallis maan bhi le'n to unse ba-kasrat tadlees karna saabit nahi hai, lihaaza ye mudalliseen ke us martaba mein shumaar honge jinka ananah 'عنعنہ' maqbool hota hai.

◊ Haitham bin Hameed al Ghassani Ka Taaruf:

Aap Sunan-e-Arab ke rijaal mein se hain aur siqa raawi hain.

۞ Imam Ahmad bin Hambal ﷺ (d 241h) ne kaha: 'ماعلمتُ إلا خيرا' *"Main unke baare mein sirf acchai hi jaanta hoo'n"*. (Al Ilal wa Maarifa ar-Rijaal al Ahmad: V3 P53)

۞ Imam Ibne Maeen ﷺ (d 233h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V30 P372; Tareeq ad Daarmi)

۞ Imam Daraqutni ﷺ (d 385h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Sunan Daraqutni: V1 P319)

۞ Imam Ibne Shaheen ﷺ (d 385h) ne inhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha: 'الهيثم بن حميد ما علمت إلا خيراً قاله أحمد' *"Maine unke baare mein sirf acchai hi jaanta hoo'n. Ye baat Imam Ahmad ne kahi hai"*. (As Siqaat li Ibne Shaheen: P253)

Imam Abu Mus-hir Ka Apnir Jarh Se Rujoo:

In jaleel-ul-qadr mohaddiseen ke khilaaf sirf aur sirf Imam Abu Mus-hir (مُسْهِر) se manqool hai ke unho'n ne use zaeef kaha hai. Lekin unke ek qaul se maaloom hota hai ke unho'n ne usse ruju kar liya hai. Chunache Imam Ibne Abi Khatima ﷺ (d 279h) ne kaha:

أخبرني أبو محمد التميمي، قال: حدثنا أبو مسهر، قال: حدثنا الهيثم بن حميد، وكان صاحل كتب، ولم يكن من الأثبات، ولا من أهل الحفظ، وقد كنت أمسكت عن الحديث عنه، استضعفته.

"Aap kitab waale the (likh kar riwayat karte the) aur asbaat aur haafiza waalo'n mein se nahi the (haafiza se riwayat nahi karte). Main unse hadees bayan karne se ruk gaya tha, kyounke maine unhe'n zaeef

baawar kar liya tha”. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V30 P372 [sanad Sahih]; Ibne Abi Khaitama ne Taareekh: V2 P871 mein Abu Muhammad At Tameemi siqa hai)

Is riwayat se maaloom hua ke Imam Mus-hir (مُسْهِر) ne Haitham bin Hameed ko is liye zaeef kaha tha, kyounke wo haafize par etemaad karne ke bajaae likh kar riwaayat karte the. Lekin is wajah se kisi ko zaeef qaraar dene durust hi nahi hai. Neez is qaul se ye bhi maaloom hua ke Abu Mus-hir shuru mein unhe’n zaeef maan kar unse riwayat bayan nahi karte the. Lekin baad mein unho’n ne unse riwayat bayan karna shuru kardi thi. Yaane unho’n ne apni tazeef se ruju kar liya tha. Chunache kutub-e-ahadees mein kai riwayaat aisi hain, jinhen Abu Mus-hir ne Haitham se hi riwayat ki hai. Masalan dekhe’n Sunan Kubra lil Bayhaqi (V1 P207) waghaera.

Bil-farz agar ye tasleem bhi karle’n ke Abu Mus-hir ne unhe’n zaeef kaha hai, to bhi jaleel-ul-qadr mohaddiseen ki sareeh tauseeq ke muqaable mein is tazeef ki koi haisiyat nahi. Bil-khusoos jabke is tazeef ki buniyad bhi durust nahi hai. Un par *Qadari* hone ka ilzaam hai. Lekin awwal to iska koi pukhta suboot nahi hai. Doosre is tarah ke ilzamaat se raawi ki saqaahat par farq nahi padta. Khulaasa-e-kalaam ye ke ye raawi bila-shak-o-shubha siqa hain.

<u>Faaeda</u>: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhe’n: Hadees aur Ahle Hadees (P176 H2) iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabrani: H7605)

◊ Abu Tauba ar-Rabeea bin Naafe Halabi Ka Taaruf:

Aap Bukhari-o-Muslim neez Abu Dawood, Nasai aur Ibne Majah ke rijaal mein se hain aur bil-ittifaaq siqa hain.

۞ Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha: ‘ثقة’ *“Aap siqa hain”*. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V30 P372; Tareeq ad Daarmi)

‘أبو توبة لم يكن به بأس’ *“Abu Tauba mein koi harj ki baat nahi hai”*. (Suaalaat Abu Dawood li Ahmad: P285)

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne kaha: ‘ثقة صدوق حجة’ *“Aap*

siqa, sadooq aur hujjat hain". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P470)

۞ Imam Yaqoob bin Shaiba رحمہ اللہ (d 277h) ne kaha: 'ثقة صدوق' "*Aap siqa aur sadooq hain*". (Taareekh Dimishq li Ibne Asaakir: V18 P84 [Sanad Sahih])

۞ Kamaluddin Ibn al-Adeem (d 660h) ne kaha: 'أحد الثقات الأثبات' "*Aap siqa aur sabt logon mein se ek hain*". (Baghiya at Talab Fee Taareekh Halab: V8 P3603)

۞ Imam Zahbi رحمہ اللہ (d 852h) ne kaha: 'الإمام الثقة الحافظ' "*Aap imam, siqa aur haafiz hain*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V10 P653)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ (d 852) ne kaha: 'ثقة حجة عابد' "*Aap siqa, hujjat aur aabid hain*". (Taqreer ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 1902)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain, masalan dekhe'n: Hadees aur Ahle Hadees (P702 H3) Iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Sunan Abu Dawood: H1038)

Is poori tafseel se maaloom hua ke ye riwayat mursalan bilkul sahih hai.

Tambeeh Awwal:

Is hadees ko Imam Abu Dawood ne maraseel mein bhi naql kiya hai. Hindustan mein Abu Dawood ka jo *darsi nuskha* hai, uske akheer mein Maraseel li Abu Dawood bhi shaamil hai. Us mein safha (6) par yehi riwayat maujood hai. Magar us mein 'يشد بهما' ki jagha 'يشبك بهما' ka lafz hai.

Baaz bad-naseebo'n ko jab kuch sujhaai nahi deta, to awaam ke saamne apna ye darsi nuskha khol kar kehte hain ke is riwayat ke lafz mein ikhtilaaf hai. Yaane kisi mein 'يشد بهما' hai aur kisi mein 'يشبك بهما' hai.

Arz hai:

Awwalan: Abu Dawood ke deobandi darsi nuskhe ke saath jo Maraseel Abu Dawood shaamil hai, wo kis makhtoote se manqool hai? Us makhtoote ki tafsilaat kya hain? In sab baato'n ka koi zikr nahi hai. Is liye deobandiyo'n ka ye nuskha hi ghair-mustanad aur naa-qaabil-e-

ehtijaaj[1] hai.

Iske bar-khilaaf Maraseel Abu Dawood ka jo nuskha hanafiyyo'n ke pasandeeda mohaqqiq Shoaib al-Arnaut ki tehqiq se chapa hai, us mein 'يشبك بهما' ka lafz nahi, balke Sunan Abu Dawood ki tarah us mein bhi 'يشد بهما' hi ka lafz hai. (Al Maraseel li Abu Dawood: P89 H33 [Shoaib al-Arnaout])

Saaniyan: 'يشد بهما' aur 'يشبك بهما' dono maanawi taur par ek hi hain. Kyounke dono ka maane haath baandhna hi hai. Lihaaza is ikhtilaaf se koi farq nahi padta.

Allah Ta'ala farmata hai:

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰى مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ‌ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا‌ ؕ

Aur Jab Musa ﷺ Ne Apni Qaum Ke Liye Paani Maanga To Ham Ne Kaha Ke Apni Laathi Patthar Par Maaro, Jisse Baarah Chashme Phoot Nikle. (Surah al-Baqara 2: 60)

Is aayat mein paani ka chashma phootne ke liye ﴿فَانۡفَجَرَتۡ﴾ ka lafz hai, jabke yehi baat quran mein doosri jagah you'n bayan hui hai.

وَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى اِذِ اسۡتَسۡقٰهُ قَوۡمُهٗۤ اَنِ اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ‌ ۚ فَانۡۢبَجَسَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا‌ ؕ

Aur Hamne Musa ﷺ Ko Hukm Diya, Jabke Unki Qaum Ne Unse Paani Maanga Ke Apne Asaa Ko Falaa'n Patthar Par Maaro, Pas Fauran Usse Baarah Chashme Phoot Nikle. (Surah al-Aaraaf 7: 160)

Is aayat mein paani ka chashma phootne ke liye ﴿فَانۡۢبَجَسَتۡ﴾ka lafz hai. Ab kya koi shakhs ye kehne ki jurat kar sakta hai ke Quran ke is bayan mein iztiraab[2] hai? نعوذ بالله

Saalisan: Ikhtilaaf sirf haath baandhne ke lafz mein hai, lekin "*sadr*" yaane seene ke lafz mein koi ikhtilaaf nahi hai. Ba-alfaaz-e-deegar, jis lafz ka taalluq haath baandhne se hai, us mein ikhtilaaf hai. Lekin jis lafz

---

[1] T: (ناقابلِ احتجاج) Jis par daleel ke taur par bharosa na kiya ja sake, jisse sharai daleel na li ja sake [RSB]

[2] T: (اِضْطِراب) Sanad ya matan mein raawiyo'n ka ikhtilaaf ya kisi darje mein ishtibaah (shak-o-shubha), hadees ka muztarib hona [RKT]

ka taalluq haath baandhne ki jagah se hai, us mein koi ikhtilaaf nahi hai aur wo "*sadr*" yaane seene ka lafz hai.

Tambeeh-e-Saani:

Waazeh rahe ke Sunan Abu Dawood ke deobandi darsi nuskhe mein ye riwayat nahi hai. Is liye baaz log dhoka aur fareb ka sahaara lete hue awaam ke saamne Sunan Abu Dawood ka deobandi nuskha kholte aur kehte hain ke is mein ye riwayat hai hi nahi.

Arz hai ke us deobandi nuskhe mein Syedna Ali ﷺ ki 'تحت السرة' *tahat as-surrah* waali zaeef riwayat bhi nahi hai. Is baare mein kya khayal hai? فما كان فهو جوابنا[1]

Tambeeh-e-Saalis:

Baaz log Sunan Abu Dawood ke hawaale se Syedna Ali ﷺ ki 'تحت السرة' *tahat as-surrah* waali zaeef riwayat naql karke kehte hain ke Imam Abu Dawood ne is par sukoot kiya hai. Is liye Imam Abu Dawood ki nazar mein ye riwayat sahih hai.

Arz hai:

Awwalan: Imam Abu Dawood ﷺ ke sukoot ka ye matlab bayan karna ke isse muraad Imam Abu Dawood ki tasheeh ya tehseen hai. Ghalat hai, iski koi daleel nahi hai.

Allama Muhammad Qaayam as-Sindi al-Hanafi ﷺ ek muqaam par likhte hain: 'لا يلزم من سكوت أبي داود عليه حسنه عنده' "*Is par Imam Abu Dawood ke sukoot se ye laazim nahi aata ke ye unke nazdeek hasan hai*". (Fauz al-Kiraam: P9-10 [Qalmi])

Saniyan: Imam Abu Dawood ne is riwayat par sukoot nahi kiya, balke is par jarh ki hai. Chunache Imam Abu Dawood ne ye riwayat darj karne ke baad iske buniyad raawi Abdur Rahman bin Ishaq par jarh naql ki hai, lihaaza sukoot ka daawa baatil hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhe'n: At Taaleeq al-Mansoor Alaa Fath al-Ghafoor: P72-74; Aur (Dekhiye P339-340)

[1] T: Tumahra jo jawaab hoga, wohi hamara jawaab hai [RSB]

Saalisan: Imam Abu Dawood ne seene par haath baandhne waali is hadees ko apni sunan mein darj karne ke baad us par sukoot kiya hai. Goya, fareeq-e-mukhaalif ke usool ki raushni mein Imam Abu Dawood ne seene par haath baandhne se mutaalliq is hadees ko sahih kaha hai!

④ Hadees-e-Halab at-Taai ﵁

Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha:

حدثنا يحيیٰ بن سعيد، عن سفيان، حدثني سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم ينصرف عن يمينه و عن يساره، ورأيته، قال: يضع على صدره، وصف يحيى: اليمنى على اليسرى فوق المفصل (ولفظ الن الجوزي: يضع هذه على هذه على صدره).

"Halab at-Taai ﵁ se riwayat hai ke, maine Nabi-e-Kareem ﷺ ko dekha, Aap ﷺ daae'n aur baae'n har do (2) atraaf se phirte the aur maine Aap ﷺ ko dekha ke Aap ﷺ is haath ko (doosre haath par rakh kar) apne seene par rakhte the. Yahya bin Saeed ne daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar seene par rakh kar bataaya". (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah]; At Tehqiq Fee Masaail al-Khilaf-az-Ibn al-Jauzi: V1 P338)

Mazeed Hawaale:

۞ Musnad Ahmad: Musnad Al Ansaar. Hadees Halab at-Taai ﵁: H22017

۞ Musnad Ahmad: Moassasah Qartaba: V5 P226 H22017

۞ Musnad Ahmad: Moassasah ar-Risaalah: V36: P299 H21967

۞ Musnad Ahmad: Hamza Ahmad-az-Zain: V16 P152 H21864

۞ Musnad Ahmad: Tarqeem al-Aalamiyya: H20961; Tarqeem Ahya at-Turaas: H21460

۞ Musnad Ahmad: Aalam al Kutub: V7 P337 H22313

۞ Musnad Ahmad: (Tehqiq Muhammad Abdul Qadir Ataa): V9 P112 H22598

۞ Musnad Ahmad ma' Haashiya as-Sindi: V13 P72 H21967, 9363

Ye hadees Sahih hai.

Is Hadees Ki Tasheeh Karne Waale Ahle Ilm:

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne Fath-ul-Baari mein seene par haath baandhne se mutaalliq riwayaat ki zimn mein ise bhi pesh kiya hai. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V2 P224)

Ye is baat ki daleel hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ ki nazar mein ye hadees Sahih ya kam-az-kam Hasan hai. Jaisa ke Fath-ul-Baari ke muqaddama mein unho'n ne saraahat ki hai. Iski mazeed wazaahat aage aarahi hai.

۞ Allama Muhammad Ali Nemwi Hanafi ﷫ (d 1322) iski sanad ke baare mein kehte hain: 'إسناده حسن' *"Iski sanad Hasan hai"*. (Aasaar as-Sunan: V1 P68; Aasaar as-Sunan: P108 [Karachi edition]). Allama Nemwi ne iski sanad ki tehseen ke baad matan mein maujood 'على صدره' ke alfaaz ko ghair-mehfooz kaha hai. Jiska jawab aage aaraha hai)

۞ Allama Muhammad Hashim Thathwi ﷫ (d 1174h) ne kaha:

هذا الحديث معلوم السند، قبلناه على الرأس والعين، فإن كان يحيى بن سعيد المذكور فيه هو القطان فهو صحيح السند.

"Is hadees ki sanad maaloom hai, hamen ye ba-sar-o-chashm[1] qubool hai. Agar is sanad mein mazkoor Yahya bin Saeed ye al-Qattaan hain to ye sanad sahih-us-sanad hai". ❶ (Miyaar an-Niqaad Fee Tamaiyyiz al-Maghshoosh ab al-Jiyaad: P113 (Dirham as-Sirrah ke saath print hui hai)

❶ • Mulaahaza farmaae'n ke Allama Thathwee ﷫ ne ye tasleem kar liya hai ke agar sanad mein *Yahya* se muraad *al-Qattaan* hain to sanad sahih hai. Lekin jab Ulama-e-Ahle Hadees ne saabit kar diya ke yahan *Yahya* se muraad *Yahya bin Saeed al-Qattaan* hi hain. To aa'n Janaab ne baad mein apni us ibaarat par haashiya-araai farmate hue kaha ke agar sanad mein *al-Qattaan* hi ko farz kar liya jaae to bhi hadees sahih na hogi. Uske baad mausoof ne *Simaak* aur *Qubaisa* ko *mutakallim-feeh* batlaakar is riwayat ki tazeef kardi. Isse saaf zaahir hota hai ke Allama Mausoof pehle hi ye faisla kar chuke the, ke is riwayat ko zaeef saabit karna hai. فإلى الله المشتكى[2]

Aage asal kitab mein *Simaak* aur *Qubaisa* ki tauseeq par bahes aarahi hai. Jise padhkar insaaf-pasand qaraeen ko maaloom hoga ke is hadees ko zaeef saabit karne ke liye *Simaak* aur *Qubaisa* par eteraaz bhi durust nahi hai •

Arz hai, ke is hadees ki sanad mein mazkoor "*Yahya bin Saeed*" ye "*Yahya bin Saeed al-Qattaan*" hi hain, jaisa ke aage wazaahat aarahi hai.

---

[1] T: T: (بَسَر و چَشْم) Khushi se, razamandi ke saath, gladly [RKT]

[2] T: Bas shikayat sirf Allah se ki jaaegi [RSB]

Faaeda: Ye riwayat Tirmizi mein Simaak hi ki sanad se marwi hai. (Sunan Tirmizi Shakir: V2 P32 H252)

Neez Sunan Tirmizi ke ek nuskhe mein bhi Musand Ahmad ki tarah seene par haath baandhne ke alfaaz maujood hain. Chunache Shaikh Abdul Haq bin Saifuddin ad-Dehelwi ﵀ (d 1052h) likhte hain:

وہمچنین روایت کرد ترمذی از قبیصہ بن ہلب از پدرش کہ گفت دیدم رسول خدا ﷺ کی می نہد دست خود را بر سینہ خود.

"*Isi tarah Imam Tirmizi ne Qubaisa bin Halab se riwayat kiya hai. Wo apne waalid se riwayat karte hain ke maine Allah ke Rasool ﷺ ko dekha, wo apne haath ko apne seene par rakhte the*". (Sharah Safar as Saadah: P44 (ba-hawaala) Namaz Mein Haath Kahaan Baandhe'n: P41; At Taaleeq al-Mansoor Alaa Fath al-Ghafoor: P15; At Taaleeq al-Mansoor mein manqoola ibaarat ke liye Sharah Safar as Saadah: P48 ka hawaala hai. Neez dekhe'n: Taiseer-ul-Qaari Sharah Faarsi Sahih al Bukhari: P113 [Haashiya al-Juz as-Saalis, Kitab-ul-Azaan])

Is wazaahat se ye ishkaal bhi rafa ho jaata hai ke Imam Haithami ﵀ ne Majmua-az-Zawaaid ya Ghaaya al-Maqsad mein Musnad Ahmad ki is riwayat ko zikr kyoun nahi kiya. To mumkin hai ke Imam Haithami ﵀ ke paas maujood Tirmizi ke nuskhe mein bhi ye riwayat 'على صدره' ke alfaaz ke saath ho. Lihaaza unki nazar mein ye riwayat jab kutub-e-sitta mein Sunan Tirmizi mein maujood thi, to use zawaaid mein zikr karne ki koi wajah hi na thi.

Bil-farz, tasleem kar le'n ke Imam Haithami ke paas maujood Sunan Tirmizi ke nuskhe mein ye riwayat 'على صدره' ke alfaaz ke saath na thi, to bhi Imam Hatihami ka Zawaaid mein Musnad Ahmad ki ye hadees zikr na karna is baat ki daleel nahi hai ke Musnad Ahmad mein is hadees ka wujood mashkook hai, kyounke Imam Haithami ﵀ insaan hain. Is liye sahv ya nisiyaan se mehfooz nahi hain, chunache unho'n ne is hadees ke alawa Musnad Ahmad ki aur bhi kai ahadees ka tazkirah Zawaaid mein nahi kiya. Masalan Musnad Ahmad: V3 P345 mein Syedna Jaabir ﵁ se marfuan marwi hadees 'غلظ القلوب والجفاء فبل المشرق، الإيمان والسكينة في أهل الحجاز' ko Imam Hatihami ne zikr nahi kiya. To kya Musnad Ahmad mein is hadees ke wujood ka inkaar kar diya jaae?

Sanad Ki Tehqiq:

◊ Qubaisa bin Halab at-Taai Ki Tauseeq:

Aap Sahabi-e-Rasool ﷺ Halab at-Taai ؓ ke bete hain aur siqa hain.

☸ Imam I'jli ؒ (d 261h) ne kaha: 'فبيصة بن هلب كوفي تابعي ثقة' *"Qubaisa bin Halab Kufi, Taabai aur Siqa Hain"*. (As Siqaat lil I'jli: V2 P214 [Ad Daar])

☸ Imam Ibne Hibbaan ؒ (d 354h) ne Siqaat mein zikr karte hue kaha: 'قبيصة بن هلب الطائي' *"Qubaisa bin Halab at-Taai"*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P319)

☸ Imam Tirmizi ؒ (d 279h) ne unki ek (1) hadees ke baare mein kaha: 'حديث هلب حديث حسن' *"Halab ki ye hadees hasan hai"*. (Sunan Tirmizi: V2 P32 [Shakir])

Kisi raawi ki sanad ki tasheeh ya tehseen us sanad ke raawiyo'n ki tauseeq hoti hai. (Tafseel ke liye dekhiye Dekhiye isi kitab ka P425-426)

☸ Abu Ali ibne Mansoor at-Toosi ؒ (d 312h) Ne unki ek hadees ki tehseen karte hue kaha: 'حديث حسن' *"Ye hadees hasan hai"*. (Mustakhraj at-Toosi Alaa Jaame at-Tirmizi: V2 P176)

☸ Imam Ibne Abdul Bar ؒ (d 463h) ne unki ek hadees ke baare mein kaha: 'وهو حديث صحيح' *"Ye hadees sahih hai"*. (Al Istiaab li Ibne Abdul Bar: V4 P1549)

☸ Imam Abu Muhammad al-Baghwi ؒ (d 516h) ne unki hadees ke baare mein kaha hai: 'هذا حديث حسن، وقبيصة بن هلب الطائي' *"Ye hadees hasan hai aur Qubaisa se muraad[1] Qubaisa bin Halab at-Taai hain"*. (Sharah as-Sunnah lil Baghwi: V3 P31)

Imam Nasai Aur Ibn al-Madeeni ؒ Ka Majhool Kehna Saabit Nahi:

Imam Mizzi ؒ (d 742h) ne kaha: 'قال علي بن المديني، والنسائي: مجهول' *"Ali bin Madeeni aur Imam Nasai ne kaha: Ye majhool hai"*. (Tehzeeb al-Kamaal lil Mizzi: V23 P493)

[1] T: Typing karte hue muraad ki jagah muraat type hua tha, yahan tashih kardi gai hai [RSB]

Arz hai, ke Imam Ali bin Madeeni aur Imam Nasai se ye qaul saabit hi nahi hai. Imam Mizzi ne in aqwaal ke liye koi hawaala nahi diya aur deegar mohaddiseen ne Imam Mizzi ki usi kitab se ye baat naql ki hai.

Choonke Imam Mizzi is naql mein munfarid[1] hain aur iske bar-khilaaf Imam I'jli aur Imam Ibne Hibbaan se is raawi ki tauseeq saabit hai. Iske saath mutaaddid mohaddiseen ne is raawi ki marwiyaat ki tasheeh ya tehseen ki hai. Is liye saabit-shuda tauseeq ke khilaaf munfarid naql ka koi etebaar nahi hai.

Yehi wajah hai ke Imam Zahbi ne is raawi se mutaalliq tajheel[2] ka qaul naql karne ke baad Imam I'jli se unki tauseeq naql karne ke baad kaha hai: 'قلت: وذكره الن حبان فی الثقات مع تصحيح حديثه' *"Main kehta hoo'n: Imam Ibne Hibbaan ne inhe'n siqaat mein zikr kiya aur inki hadees ki tasheeh bhi ki hai"*. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V3 P384 [Al Bajaawi])

Goya Imam Zahbi unki tauseeq hi ko raajeh batla rahe hain aur uski mazeed taaeed is baat se hoti hai ke Imam Zahbi ne *Al Mughni Fiz Zoafa* aur *Diwaan-az-Zoafa* mein unka tazkirah nahi kiya hai. Isi tarah *Tanqeeh-ut-Tehqiq* mein unki isi hadees ko zikr kiya hai, lekin sanad par koi jarh nahi ki hai. (Tanqeeh ut Tehqiq liz Zahbi: V1 P139)

Haafiz Ibne Hajar ؒ Ke Qaul 'Maqbool' Ki Wazaaha:

Haafiz Ibne Hajar ؒ ne Qubaisa bin Halab ko *Taqreeb* mein maqbool kaha hai. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H5516)

Arz hai, ke Haafiz Ibne Hajar ؒ ne is raawi ko saraahatan kaheen bhi zaeef nahi kaha hai aur taqreeb mein is raawi ko sirf maqbool kehna, ye Haafiz Ibne Hajar ؒ ka *tasaamoh*[3] hai. Kyounke kai mohaddiseen ne unki tauseeq ki hai aur kisi ne bhi unhe'n zaeef nahi kaha hai. Haafiz Ibne

---

[1] T: (مُنفَرِد) Mumtaaz hona, yakta hona [RKT]
[2] T: (تَجْہِيل) Lughat mein iska mafhoom hoga: Na-waaqfiyat, nadaan kehna, naadaani, jaahil qaraar dene ka amal [RKT], par sharai istilaah mein mafhoom hoga: Jaan boojh kar kisi raawi ko ghair-maaroof zaahir karna. Misaal ke taur par Imam Auzaai jaise mashoor imam ko sirf Abdur Rahman bin Umar keh kar pesh karna (halaanke unka laqab 'Auzaai' mashoor hai) to ye tajheel hai. Salaf ke nazdeek ye na-pasandida amal hai [RSB]
[3] T: (تَسامُح) Bhool-chook, sahoo [RKT]

Hajar ﷫ se is tarah ka tasaamoh bahut se ruwaat ke baare mein hua hai. Yaane bahut saare ruwaat ko Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne *Taqreeb* mein sirf maqbool kaha hai, jabke wo siqa hain. Balke baaz aise ruwaat ko bhi *maqbool* keh diya hai, jise khud Haafiz Ibne Hajar ﷫ hi ne doosre muqaam par *siqa* batlaaya hai, ya unki ahadees ki tasheeh-o-tehseen ki hai. Hatta ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke isi tarz-e-amal ki wajah se baaz mohaqqiqeen ne ye tehqiq pesh ki hai, ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ jise maqbool kahe'n, wo khud Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke nazdeek *hasan-ul-hadees* hota hai. (Tafseel ke liye dekhiye: Ar Raawi al-Maqbool Ind Ibne Hajar; Tatbiqaat Fee Kutub al-Hadees. Neez dekhiye: Mustalah Maqbool Ind Ibne Hajar; Tatbiqaat Alaa ar-Ruwaat min at-Tabqatain as-Saniya was-Salaasah…: P108-110)

Muakhkhar-uz-zikr[1] kitab ke muallif ne aisi kai misaale'n pesh ki hain, ke jis raawi ko Haafiz ibne Hajar ﷫ ne maqbool kaha hai, khud usi raawi ki riwayat ko Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne hasan bhi kaha hai. Ek misaal mulaahaza ho: Imam Abu Dawood (d 275h) ne kaha:

حدثنا عبد الله بن محمد النفيلي، حدثنا عبد الله بن المبارك، عن وبر بن أبي دليلة، عن محمد بن ميمون، عن عمرو بن الشريد، عن أبيه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لَيُّ الواجد يحل عرضه، وعقوبته.

"*Syedna Amr bin Shareed apne waalid se riwayat karte hain ke Rasool Allah* ﷺ *ne farmaya: Maaldaar ka qarz ko adaa karne mein taal-ma-tol se kaam lena, uski be-izzati aur saza ko halaal kar deta hai*". (Sunan Abu Dawood: V3 P313 H3628)

Is riwayat ki sanad mein Muhammad bin Miamoon hai. Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne use taqreeb mein *Maqbool* kaha hai. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H6051) Lekin Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne us riwayat ke baare mein kaha hai: 'وإسناده حسن' "*Iski sanad hasan hai*". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V5 P62)

Neez, ek doosri kitab mein kaha hai: 'وهو إسناد حسن' "*Iski sanad hasan hai*". (Taqleeq at-Taaleeq li Ibne Hajar: V3 P319)

Maaloom hua ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ jis raawi ko *Maqbool* batlaate hain, usi raawi ki riwayat ko hasan bhi batlaate hain. Daree'n-soorat[2] Haafiz Ibne Hajar ﷫ ka Qubaisa bin Halab ko maqbool kehna chandaa'n

---

[1] T: (مُؤَخَّر الذِّكْر) Jiska zikr baad mein kiya gaya ho [RSB]
[2] T: (دَرِيں صورت) Is soorat-e-haal mein, is haalat mein [RSB]

muzir nahi hai.

Neez, Qubaisa bin Halab ko Imam I'jli aur Ibne Hibbaan ne siqa kaha hai. Haafiz Ibne Hajar ﵏ aise raawi ki riwayat ko hasan maante hain, jis par kisi ne jarh na ki ho aur Imam I'jli ne uski tauseeq ki ho, ya Imam I'jli ke saath Imam Ibne Hibbaan ne bhi uski tauseeq ki ho.

Hanafiyyo'n ke Shaikh Abu Ghuddah ke shaagird Dr. Ahmad Maabad Abdul Kareem likhte hain:

فمن و ثقه العجلي وحده، أو شاركة الن حبان بذكره للراوي نفسه في كتاب الثقات، أو إخراج حديثه في صحيحه، ولم يعرف لهذا الراوي غير راو واحد عنه، ثم لم يعرف تضعيفه من أحد، فإني وجدت الحافظ الن حجر يعتبر أقوى رتب حديث مثل هذا الراوي أن يكون حسنا لذاته.

"*Jis raawi ko sirf Imam I'jli ﵏ siqa kahe'n ya Imam Ibne Hibbaan ﵏ bhi unki muwaafaqat kare'n, usi raawi ko apni Kitab as-Siqaat mein zikr karke ya apni kitab Sahih mein uski hadees riwayat karke aur us raawi se ek ke alaawa kisi aur ne riwayat na kiya ho aur na kisi ne use zaeef kaha ho, to maine dekha hai ke Haafiz Ibne Hajar ﵏ aise raawi ki hadees ko kam-az-kam hasan li-zaatihi maante hain*". (Alfaaz-o-Ibaraat Al Jarh wa Taadeel: P233 [ma Hawaashi])

Maaloom hua ke jis raawi ko Imam I'jli akele ya unke saath Ibne Hibbaan usko siqa kahe'n aur uski tazeef saabit na ho, to aisa raawi Haafiz Ibne Hajar ﵏ ke nazdeek kam-az-kam *Hasan-ul-Hadees* hota hai. Yehi wajah hai ke Haafiz Ibne Hajar ﵏ ne us raawi ki usi riwayat ka tazkirah Fath-ul-Baari mein kiya hai. Jabke us par sukoot ikhtiyaar kiya hai aur Haafiz Ibne Hajar ﵏ ne Muqaddama Fath-ul-Baari mein ye saraahat kardi hai ke wo Fath-ul-Baari mein jis riwayat par sukoot ikhtiyaar karte hain, wo unke nazdeek Sahih ya Hasan hoti hai. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P4)

Janab Zafar Ahmad Thanwi Deobandi likhte hain:

وفيه دليل على أن سكوت الحافظ في "الفتح" عن حديث حجة و دليل على صحته أو حسنه.

"*Is mein is baat ki daleel hai ke Fath-ul-Baari mein Haafiz Ibne Hajar ka kisi hadees ke baare mein khamosh rehna uske sahih ya hasan hone ki daleel hai*". (Qawaaid Fee Uloom al-Hadees: P90)

Note: Haafiz Ibne Hajar ﵏ ka Fath-ul-Baari mein kisi hadees par sukoot

ikhtiyaar karna uske sahih ya hasan hone ki daleel hai. Lekin sirf Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke nazdeek, yaane doosre mohaddiseen ka usse ikhtilaaf ho sakta hai.

Neez Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne apni kitab *Diraaya* mein bhi Qubaisa ki riwayat naql ki hai aur us par bhi sukoot ikhtiyaar kiya hai. Halaanke usse zara sa pehle usi baab ki ek hadees zikr karke usey zaeef batlaaya hai. (Ad Diraayah Fee Takhreej Ahadees al Hidaaya: V1 P129)

Is tafseel se maaloom hua ke ye raawi Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke nazdeek bhi kam-az-kam *Hasan-ul-Hadees* hai. Bil-farz ye tasleem karen ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke nazdeek ye raawi siqa nahi hai, to bhi mahez Haafiz Ibne Hajar ﷫ ki munfarid raae se ye raawi zaeef nahi ho jaaega. Jabke deegar kai mohaddiseen ne uski tauseeq ki hai.كَمَا مَضَىٰ

Mazeed-baraa'n uski tauseeq karne waale saare mohaddiseen Haafiz Ibne Hajar ﷫ ke daur se pehle ke hain aur Janab Zafar Ahmad Thanwi Deobandi Saahab ek usool pesh karte hue likhte hain:

جرح المتأخر لا يعتد به مع توثيق المتقدم.

"*Mutaqaddim ki tauseeq ke hote hue mutakhkhir ki jarh ka koi etebaar nahi*". (Qawaaid Fee Uloom-ul-Hadees: P399)

Lihaaza deobandi hazraat ke usool hi ki raushni mein Haafiz Ibne Hajar ﷫ ka is raawi ko siqa na maanna muzir nahi hai.

◊ Simaak bin Harb Ki Tauseeq:

Aap Bukhari (shawaahid), Muslim aur Sunan-e-Arba ke rijaal mein se hain. Ye siqa hain. Mohaddiseen ki ek badi jamat ne unki tauseeq ki hai. Unki tauseeq par hamne ek mufassal maqaala "*Izaalah al-Karb an Tauseeq Simaak bin Harb*" tehreer kiya hai. Qaraeen tafseel ke liye ye maqaala mulhaaiza farmae'n. (Dekhiye P196-251)

◊ Sufyan bin Saeed as-Sauri Ki Tauseeq:

Aap Bukhari-o-Muslim aur Sunan-e-Arba ke zabardast siqa raawi hain. Aap kisi taaruf ke mohtaj nahi, kyounke hadees ke bahut bade imam the.

Balke hadees aur jarh-o-taadeel ke ek bahut bade Imam Ibne Maeen رحمه الله ne unhe’n *Ameer-ul-Momineen fil Hadees* kaha.

֎ Imam Ibn Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: ‘سفيان أمير المؤمنين في الحديث’ *“Sufyan Sauri Ameer-ul-Momineen fil hadees hain”*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V1 P118 [Sanad Sahih])

֎ Imam Ibne Maeen رحمه الله ke alaawa aur bhi kai ahle ilm ne unhe’n *Ameer-ul-Momineen* kaha hai. Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne unke baare mein aimma fann ke aqwaal ka khulaasa pesh karte hue kaha:

سفيان بن سعيد بن مسروق الثوري أبو عبد الله الكزفي ثقة، حافظ، فقيه، عابد، إمام، حجة، من رؤوس الطبقة السابعة، وكان ربما دلس.

“Sufyan bin Saeed bin Masrooq as-Sauri Abu Abdullah al-Kufi, Siqa, Haafiz, Faqeeh, Abid, Imam aur Hujjat the. Ye saatwe’n tabqe ke Imam the aur kabhi kabhaar tadlees karte the”. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H2445)

Imam Sauri رحمه الله *qaleel-ut-tadlees* yaane kabhi kabhaar tadlees karne waale the. Jaisa ke Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne kaha hai aur kabhi kabhaar tadlees karne waalo’n ka ananah ‘عنعنه’ maqbool hota hai. (Is bare mein badi umdah tahqiq ke liye dekhe’n: Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P304-331; Maqaala Taskeen-ul-Qalb al Mashush bi Itaa at-Tehqiq Fee Tadlees as-Sauri wal Amash; Dekhiye is kitab ka P258-303)

Yaad rahe ke zer-e-bahes riwayat mein Imam Sufyan Sauri رحمه الله ne samaa’ ki saraahat kardi hai.

◊ Yahya bin Saeed al-Qattaan Ki Tauseeq:

Aap bhi Bukhari-o-Muslim aur Sunan-e-Arba ke zabardast siqa raawi hain. Aap bhi kisi taaruf ke mohtaj nahi hain. Inhe’n bhi bahut saare ahle ilm ne *Ameer-ul-Momineen fil Hadees* kaha hai.

֎ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: ‘الإمام الكبير، أمير المؤمنين في الحديث’ *“Aap bahut bade Imam aur Ameer-ul-Momineen fil Hadees the”*. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V9 P175)

֎ Haafiz Ibne hajar رحمه الله ne inke baare mein aimma-e-fann ke aqwaal ka khulaasa pesh karte hue kaha:

يحيىٰ بن سعيد بن فروخ. بفتح الفاء وتشديد الراء المضمومة و سكون الواو ثم معجمة. التميمي أبو سعيد القطان البصري، ثقة، متقن، حافظ، إمام، قدوة من كبار التاسعة.

"Yahya bin Saeed bin Faroq, Abu Saeed al-Qattaan al-Basri, Aap siqa, mutqin, hafiz, imam, qadwah aur nawee'n 9th tabqe ke bade logon mein se the". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: #7557)

Yahya bin Saeed Ke Taayyun Par Eteraaz Ka Jawaab:

Baaz log intihaai laa-yaani eteraaz karte hue kehte hain ke Yahya bin Saeed naam ke kai raawi hain aur yahan kaun hai, ye maaloom nahi.

Arz hai ke ilm-e-hadees ka mubtada[1] taalib-e-ilm bhi jaanta hai ke sanad mein raawi ka taayyun jin umoor ki buniyad par hota hai. Un mein se ek ahem cheez raawi ke asaatiza-o-talaamiza ka rishta hai. Yaane raawi ke ustaazo'n aur shaagirdo'n ko dekh kar raawi ka taayyun kiya jaata hai.

Is sanad mein Yahya bin Saeed ke ustaaz Sufyan Sauri hain aur unke shaagird Imam Ahmad ﷫ hain. Kutub-e-Rijaal se pata chalta hai ke jin Yahya bin Saeed ke ustaaz Sufyan Sauri ﷫ aur shaagird Imam Ahmad ﷫ hain, wo Yahya bin Saeed al-Qattaan hain. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V31 P330-332)

Faaeda:

Allama Rushdullah Shah Raashdi ﷫ likhte hain:

لو كان القداح أو العبشمي من رجال الأربعة، لذكرهما الحافظ في "تعجيل المنفعة في رجال الأئمة الأربعة" لأنهما ليسا من رجال "التهذيب"، ولهذا ذكرهما في "اللسان" فعدم ذكرهما في تعجيل المنفعة الذي اشترط فيه ذكر رجال أحمد لالاسنيعاب، خلا من له ذكر في تهذيبه، دليل جليل علىٰ أن يحيى هذا غيرهما.

"Agar (Yahya bin Saeed bin Saalim) Al Qadaah Ya (Yahya bin Saeed al Qurashi) Al A'bashami, aimma arba ke rijaal mein se hote to Haafiz Ibne Hajar ﷫ unka tazkirah 'تعجيل المنفعة في رجال الأئمة الأربعة' *mein karte. Kyounke ye dono 'Tehzeeb' ke rijaal mein se nahi hain. Isi liye un dono'n ko Ibne Hajar ﷫ ne 'Lisaan al-Meezaan' mein zikr kiya hai. Lihaaza Haafiz Ibne Hajar ﷫ ka un dono ko 'Taajeel al-Manfa-ah' mein zikr na karna, jis*

[1] T: (مُبْتَدَع) Jahan se ibtida ki jaae, shuru, aaghaaz [RKT]

mein unho’n ne ye shart lagaai hai ke wo us mein Imam Ahmad ke tamaam rijaal ka zikr karenge. Siwaae unke jinka tazkirah unki ‘Tehzeeb’ mein aagaya hai, zabardast daleel hai ke yahan mazkoor Yahya un dono’n mein se koi nahi hain”. (Daraj ad-Durar Fee Waza’ al-Aedi Alaa as-Sadr: P41 [Qalmi])

Matan Par Pehla Eteraaz (Baaz Ruwaat Ka Tafarrud) Aur Uska Jawaab:

Baaz log kehte hain ke is riwayat ko Sufyan Sauri ﷫ se kai logon ne riwayat kiya hai. Lekin Yahya bin Saeed ke alaawa kisi aur raawi ne haath baandhne ka zikr nahi kiya. Isi tarah Sufyan ke ustaaz Simaak bin Harb se bhi ise kai logon ne riwayat kiya hai. Lekin Sufyan Sauri ke alaawa kisi ne seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya hai.

Ziyaadat e Siqa Ki Qubooliyat Ke Qaraain:

Arz hai ke ye baat ziyaadat-e-siqa ke qabeel[1] se hai aur ziyaadat-e-siqa maqbool hoti hai. Agar qaraain uske haq mein ho’n aur jahan rad ke qaraain ho’n, waha’n ziyaadat-e-siqa rad kardi jaati hai. Is baare mein mufassal tehqiq, mohaddiseen ke aqwaal aur mutaaddid misaalo’n ke liye dekhe’n, hamari kitab “*Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza*”. (P208-249; Hadees-e-Yazedd Mohaddiseen Ki Nazar Mein: P76-102)

Zer-e-bahes hadees mein qaraain isi haq mein hain ke yahan ziyaadati ko qubool kiya jaae, zel mein qaraain ki tafseel ahle ilm ke aqwaal ke saath mulaahaza ho.

❁ Pehla Qarina: (Riwayaat Mein Ikhtisaar)

Simaak bin Harb ki ye riwayat kai cheezo’n ke bayan par mushtamil hai, lekin unse riwayat karne waalo’n mein kisi ek ne bhi ek saath poori riwayat bayan nahi ki hai. Balke har raawi ne baaz-baaz hisse hi ko bayan kiya hai.

Agar maamla ye hota hai ke Sufyan Sauri aur Yahya bin Saeed ke alaawa tamaam ke tamaam raawi is riwayat ko muttafaqa taur par ek hi jaise

[1] T: (قَبِيل) Qism, giroh, silsila, sort, kind, category [RKT]

alfaaz mein riwayat karte to ye ishkaal ho sakta tha, ke jab saare ruwaat ek bayan par muttafiq hain to Sufyan Sauri aur Yahya bin Saeed ne ek mazeed baat kaise bayan kardi. (Ba-sharte-ke deegar ruwaat bhi unke ham-palla[1] ho'n). Lekin ham dekhte hain ke is riwayat ko bayan karne waale saare raawi, alag-alag andaaz mein alag-alag cheezo'n ko bayan karte hain aur har raawi koi na koi cheez chod deta hai, jaise doosra koi aur bayan karta hai.

Zel mein ham Simaak bin Harb ke tareeq se marwi is riwayat mein mazkoor tamaam baato'n ko ek saath zikr karte hain:

① Riwayat mein namaz ka zikr hai. (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

② Daae'n aur Baae'n jaanib se muqtadiyo'n ki taraf pherne ke zikr hai. (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

③ Allah ke Nabi ﷺ ki imaamat ka zikr hai. (Sunan Tirmizi: V2 P98 H301 [Shakir])

④ Ek haath ko doosre haath par rakhne ka zikr hai. (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

⑤ Daae'n-haath ko baae'n-haath par rakhne ka zikr hai. (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

⑥ Daae'n-haath se baaya'n-haath pakadne ka zikr hai. (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P240 [Sanad Sahih])

⑦ Dono haatho'n ko seene par baandhne ka zikr hai. (Musnad Ahmad: V5 P226 [Sanad Sahih])

⑧ Isaaiyo'n ke khane ke baare mein Nabi ﷺ se sawal-o-jawab ka zikr hai. (Mojam as Sahaaba li bin Qaane': V3 P199)

Ye tamaam baate'n is riwayat mein bayan hui hain, lekin in tamaam baato'n ko kisi ek raawi ne mukammal bayan nahi kiya. Balke kisi ne ek ya do (2) cheeze'n bayan ki hain, to baqiya baato'n ko chod diya hai. Lihaaza jab is riwayat ke bayan mein tamaam raawiyo'n ka yehi tarz-e-amal hai ke wo is riwayat ke baaz hisse hi ko bayan karte hain to phir ye

[1] T: (ہم پلّہ) Baraabar ki takkar, baraabar ki jod ka, baraabar ki maar ka, ham-rutba, ham-wazan, equal [RKT]

kehne ki gunjaaish hi nahi hai ke falaa’n-falaa’n ne ye baat bayan nahi ki hai. Kyounke is riwayat ke raawiyo’n ne is baat ka iltizaam kiya hi nahi hai ke wo saari baato’n ko bayan karenge. Balke har ek ne sirf baaz hisse hi ko bayan kiya hai aur baaz ko chod diya hai. Chunaache is tarz-e-amal se har raawi ne khud ishaara de diya, ke usne kuch baate’n amadan chod di hain.

Zel mein ham is riwayat ko bayan karne waale tamaam raawiyo’n ke alfaaz pesh karte hain:

Sufyan Sauri Ke Alaawa Simaak bin Harb Ke Deegar Shaagirdo’n Ki Riwayaat:

Shu’ba bin al-Hajjaaj al-Atki ki riwayat:

حدثنا عبد الله, حدثني أبو بكر بن أبي شيبة، حدثني غندر، عن شعبة، عن سماك عن قبيصة بن هلب، عن أبيه، قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينصرف عن شقيه.

“*Halab at-Taai ﷛ kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko dekha ke aap dono’n jaanib se phirte the*”. (Musnad Ahmad: v5 P226 [Al Maimunah])

Is riwayat mein sirf dono jaanib se phirne ka zikr hai aur baqiya un 7 cheezo’n ka zikr nahi hai, jaise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Imam Shu’ba ﷫ ne khud kaha hai:

إذا خالفني سفيان في حديث فالحديث حديثه.

“*Jab Sufyan kisi hadees mein meri mukhalifat kare’n to Sufyan hi ki hadees motabar hogi*”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V1 P63 [Sanad Sahih])

Hamari nazar mein Imam Shu’ba ne apni riwayat mein seene ka tazkirah nahi kiya hai aur ye fil-haqiqat koi mukhalifat nahi hai. Lekin agar ise mukhalifat maan bhi le’n to khud Imam Shu’ba ﷫ ki gawahi ke mutaabiq jab Imam Shu’ba, Sufyan Sauri ﷫ ki mukhalifat kare’n to Imam Sauri ﷫ hi ki riwayat ka etebaar hoga.

Yaad rahe ke ye baat sirf Imam Shu’ba ﷫ hi ne nahi kahi hai ke use tawaazo[1] par mahmool karke nazar-andaaz kar diya jaae, balke Imam

[1] T: (تَواضُع) Khaatir-madaarat, inkisaari, aajizi, humility, politeness [RKT]

Ibne Maeen ﷫ ne bhi kaha hai:

ليس أحد يخالف سفيان الثوري إلا كان القول قول سفيان: وشعبة أيضا إن خالفه؟ قال: نعم.

"*Jo koi bhi Sufyan Sauri ﷫ ke khilaaf riwayat karega to Sufyan Sauri hi ki riwayat motabar hogi. Abbas ad-Doori kehte hain: Maine Kaha: Kya Shu'ba bhi soori se ikhtilaaf kare'n to bhi Sufyan hi ki riwayat motabar hogi? Imam Ibne Maeen ne kaha: Jee haa'n*". (Taareekh Ibne Maeen: V3 P364 [Riwaayah ad-Doori])

Sirf Imam Ibne Maeen hi nahi, balke Imam Abu Haatim ﷫ jaise mutashaddid ne bhi kaha hai:

وهو أحفظ من شعبة وإذا اختلف الثوري وشعبة فالثوري.

"*Sufyan Sauri ﷫ Shu'ba se bade haAfiz hain, jab Sufyan Sauri aur Shu'ba ke bayan mein ikhtilaaf ho to Sufyan Sauri hi ka bayan motabar hoga*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P224)

Hatta ke Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷫ ne bhi kaha hai:

كان الثوري أحفظ من شعبة في إسناد الحديث وفي متنه.

"*Sufyan Sauri sanad aur matan ko yaad rakhne mein Shu'ba se bhi badhkar the*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P224)

Balke Imam Bayhaqi ﷫ ke ba-qaul ye mohaddiseen ka muttafaqa faisla hai. (Mukhtasar Khilafaiyaat al Bayhaqi: V2 P64)

Abu al-Ahwas Salam bin Saleem Hanafi ki riwayat:

حدثنا قتيبة قال: حدثنا أبو الأحوص، عن سماك بن حرب، عن قصيبة بن هلب، عن أبيه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤمنا، فنصرف على جانبيه جميعا: على يمينه و على شماله.

"*Halab at-Taai ﵁ se riwayat hai ke Allah ke Nabi ﷺ hamari imaamat karte aur har-do jaanib, yaane daae'n baae'n, ki taraf se phirte the*". (Sunan at Tirmizi: V2 P98 H301 [Shakir])

Is riwayat mein sirf Allah ke Nabi ﷺ ki imaamat aur daae'n aur baae'n jaanib se pherne ka zikr hai. Lekin baqiya un 6 cheezo'n ka zikr nahi hai. Jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Yaad rahe ke Sufyan Sauri aur Abu al-Ahwas dono siqa hain, lekin hifz-o-

itqaan[1] mein Abu al-Ahwas, Sufyan Sauri ke ham-palla nahi, balke Imam Abu Haatim ne Abu al-Ahwas ko Zaaida aur Zuhair se bhi kam rutba batlaaya hai. Chunache kaha:

صدوق دون زائدة و زهير في الإتقان.

"*Abu al-Ahwas sadooq[2] hain, lekin hifz-o-itqaan mein Zaaida aur Zuhair se kamtar hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P259)

Jabke Sufyan Sauri ﷫ ke baare mein kaha hai:صدره

سفيان فقيه، حافظ، زاهد، إمام أهل العراق، وأتقن أصحاب أبي إسحاق، وهو أحفظ من شعبة، وإذا اختلف الثوري وشعبة؛ فالثوري.

"*Sufiayn Sauri, Faqeeh, Haafiz, Ahle Iraq ke imam. Abu Ishaq ke ashaab mein sabse ziyaada mutqin[3] aur Shu'ba se bhi bade haafiz hain. Jab Sufyan Sauri aur Shu'ba ke bayan mein ikhtilaaf ho to Sufiayn Sauri hi ka bayan motabar hoga*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P224)

Neez, guzishta safhaat mein ye hawaale pesh kiye ja chuke hain ke mutaaddid aimma ne Imam Sufyan Sauri ﷫ ko Imam Shu'ba ﷫ se bhi bada haafiz batlaaya hai. To bhala Abu al-Ahwas ka Sufyan Sauri se kya muqabla ho sakta hai? Lihaaza Sufyan Sauri ﷫ ke khilaaf Abu al-Ahwas ki baat motabar nahi hai.

Zaaida bin Qudaamah as Saqafi Ki Riwayat:

حدثنا حسين الجعفي، عن زائدة، عن سماك بن حرب، عن ضبيصة بن هلب الطائي، عن أبيه، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا انفتل من الصلاة انفتل عن يمينه و عن شماله.

"*Halab at-Taai ﵁ kehte hain ke Allah ke Rasool ﷺ jab namaz se phirte to daae'n jaanib se bhi phirte aur baae'n jaanib se bhi pihrte*". (Musnad Ahmad: V5 P227 [Al Maimunah])

Is irwayat mein sirf namaz aur daae'n aur baae'n jaanib se phirne ka zikr

---

[1] T: (إتْقان) Istehkaam, mahaarat, istawaari [RKT]
[2] T: (صَدُوق) Hamesha sach bolne waala, be-hadd saccha, qaul-o-qaraar ka saccha [RKT]
[3] T: (متقن) Ye lafz Mutqin ya mutaqqin dono tarah likha jaata hai. Itqan 'أتقن', Mutqin 'متقن', Mutaqqin 'متقن' ka mafhoom hoga: Maahir, pukhta yaad karne waala, bilkul sahih aur ghalatiyo'n se paak tariqe se hadeeso'n ko yaad rakhne aur bayaan karne waale ko kaha jaata hai [RSB]

hai, lekin baqiya un 6 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Zaaida bin Qudaama ka Simaak se ikhtilaaf se qabl riwayat karna saabit nahi hai, is liye ye riwayat sanadan zaeef hai.

Hafs bin Jamee al I'jli (Zaeef) Ki riwayat:

حدثنا سهل بن موسى شيران الرامهرمزي، ثنا أحمد بن عبدة، ثنا حفص بن جميع، عن سماك بن حرب، عن فبيصة لن هلب، عن أبيه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع يديه إحداهما على الخرى في الصلاة.

"Halab at-Taai ﷺ se riwayat hai ke Allah ke Rasool ﷺ namaz mein apne dono haatho'n mein se ek haath ko doosre haath par rakhte the". (Al Mojam al-Kabeer lit Tabrani: V22 P165)

Is riwayat mein sirf namaz aur ek haath ko doosre haath par rakhne ka zikr hai, lekin baqiya un 6 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Hafs bin Jamee zaeef hai, jaisa ke Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne kaha hai. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: #1401) Mazeed-baraa'n ke Hafs bin Jame'e ne Simaak se ikhtilaat ke baad riwayat kiya hai. (Dekhiye P244) Lihaaza ye riwayat sanadan zaeef hai.

Zakariyya bin Abi Zaaidah al Wadaae'e Ki Riwayat:

حدثنا الحسين بن إسحاق التستري، ثنا عثمان بن أبي شيبة، ثنا محمد بن بشر، عن زكريا بن أبي زائدة، عن سماك بن حرب، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه قال: سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم، عن طعام النصارىٰ فقال: لا يتخلجن في صدرك طعام ضارعت فيه النصرانية.

"Halab ﷺ se riwyat hai ke maine Allah ke Rasool ﷺ se isaiyyo'n ke khaane ke baare mein poocha to Aap ﷺ ne farmaya: Koi (halaal) khaana tere seene mein shak-o-shubha na daale. Isse tu nasraniyo'n (raahibo'n) ke mushaaba ho jaaega". (Al Mojam-ul-Kabeer lit Tibrahim: V22 P167)

Is riwayat mein sirf isaiyo'n ke khane ke baare mein zikr hai, lekin baqiya un 7 cheezo'n ka zikr nahi hai. Jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Zakariyya bin Abi Zaaida ka Simaak se ikhtilaat se qabl riwayat karna saabit nahi hai. Is liye ye riwayat sanadan zaeef hai.

Alaawa-baree'n Zakariyya ne 'عن' 'an' se riwayat kiya hai aur ye mudallis bhi hain. Dr. Musfar ad-Damini ne unke baare mein tehqiq karke unhe'n teesre tabqe ka mudallis batlaaya hai. Kyounke unse ba-kasrat tadlees saabit hai. (At Tadlees Fil Hadees: P297-298)

Israel bin Yunus as-Sabai Ki Riwayat:

حدثنا موسى بن الحسن بن أبي عباد، نا ابن رجاء، نا إسرائيل، عن سماك، عن قبيصة، عن أبيه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم ينصرف عن يمينه، وعن يساره.

"*Halab at-Taai* ﷺ *se riwayat hai ke Allah ke Nabi* ﷺ *daae'n aur baae'n jaanib se phirte the*". (Mojam as Sahaaba li Ibne Qaane': V3 P198)

Is riwayat mein sirf daae'n aur baae'n jaanib se pherne ka zikr hai aur baqiya un 7 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Zaaida bin Qudaama ka Simaak se ikhtilaat se qabl riwayat karna saabit nahi hai. Is liye ye riwayat sanadan zaeef hai.

Asbaat bin Nasar al-Hamdaani ki riwayat:

حدثنا علي بن عبد العزيز، ثنا عمرو بن حماد بن طلحة القناد، ثنا أسباط بن نصر، عن سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم قام يصلي، قال: فرأيته حين وضع إحدى يديه على الأخرى: اليمين على الشمال.

"*Halab at-Taai* ﷺ *se riwayat hai ke unho'n ne Allah ke Nabi* ﷺ *ko namaz padhte hue dekha. Halab kehte hain ke maine dekha ke aapne apne dono'n haatho'n mein se ek ko doosre par rakha, yaane daae'n ko baae'n par rakha*". (Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabraani: V2 2P165)

Is riwayat mein sirf Allah ke Nabi ﷺ ki namaz aur ek haath yaane daae'n ko doosre haath par rakhne ka zikr hai. Lekin baqiya un 6 cheezo'n ka zikr nahi hai. Jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Waazeh rahe ke Asbaat bin Nasr ka Simaak se ikhtilaat se qabl riwayat karna saabit nahi hai, is liye ye riwayat sanadan zaeef hai. Alaawa-baree'n Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne unhe'n 'صدوق كثير الخطأ' "*Sacche aur ziyaada ghalati karne waale) kaha hai*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 321)

Shareek bin Abdullah al-Qaazi Ki Riwayat:

حدثنا عبد الله حدثني زكريا بن يحيىٰ بن صبيح، حدثنا شريك، عن سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه، قال: سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن طعام النصارى فقال: لا يحيكن في صدرك طعام ضارعت فيه النصرانية. قال: ورأيته يضع إحدى يديه على الأخرى قال: ورأيته ينصرف عن يمينه، ومرة عن شماله.

"Halab at-Taai ﷺ se riwayat hai ke maine Allah ke Nabi ﷺ se isaiyo'n ke khane ke baare mein poocha to Aap ﷺ ne kaha: Koi (halaal) cheez tere seene mein shak-o-shubha na daale. Isse to nasraniyo'n (raahibo'n) ke mushaaba ho jaaega. Halab kehte hain, ke maine Aap ﷺ ko dekha, aapne apne dono haatho'n mein se ek ko doosre par rakhte the. Halab ﷺ ne mazeed kaha ke maine Aap ﷺ ko kabhi daaee'n jaanib se aur kabhi baaee'n jaanib se phirte hue dekha". (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah])

Is riwayat mein sirf isaiyo'n ke khane ke baare mein Nabi ﷺ se sawal-o-jawab ka zikr hai, neez ek haath ko doosre haath par aur daae'n aur baae'n jaanib se phirne ki bat hai, lekin baqiya un 5 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat na bayan kiya hai. Waazeh rahe ke Shareek bin Abdullah ne Simaak se ikhtilaat ke baad riwayat kiya hai. (Dekhiye P244)

Lihaaza ye riwayat sanadan zaeef hai. Alaawa-baree'n Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne unhe'n 'صدوق يخطىء كثيرا' *"(Sacche aur ziyaada ghalati karne waale) kaha hai"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 2787)

Zuhair bin Harb al-Harshi Ki Riwayat:

حدثنا محمد بن أحمد بن ابيراء، نا معافى، نارهير، عن سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه. (Mojab as Sahaaba li Ibne Qaane: V3 P199)

Is riwayat mein bhi taqriban guzishta riwayat hi ki baate'n hain.

Is riwayat ke aflaaz mazkoor nahi hain, albatta iske alfaaz ke liye isse maa-qabl riwayat ka hawaala diya gaya hai. Jis mein sirf isaiyo'n ke khane ke baare mein Nabi ﷺ se sawal-o-jawab ka zikr hai. Neez daae'n-haath ko baae'n-haath par rakhne aur daae'n aur baae'n jaanib se phirne ki baat hai. Lekin baqiya un 5 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai. Waazeh rahe ke Zuhair bin Harb ka Simaak se ikhtilaat se qabl riwayat karna saabit nahi hai. Is liye ye riwayat sanadan zaeef hai.

Is tafseel se ye bhi maaloom hua ke Sufyan Sauri ke alaawa sirf do (2) logon Shu'ba aur Abu al-Ahwas hi ki Simaak se ye riwayat sahih hai aur baqiya logon ki riwayaat zaeef hain. Neez yaad rahe ke tamaam log ek hi tarah ke alfaaz bayan karne par muttafiq nahi hain. Is liye ye aapas mein ek doosre ke muaiyyad bhi nahi hain aur jin do (2) logon ki riwayaat saabit hain. Un mein se ek Shu'ba hain, jinho'n ne khud saraahat kardi hai ke Sufyan Sauri ﷺ ke bayan ke muqaable mein unke bayan ki koi haisiyat nahi hai. Yehi baat Imam Ibne Maeen ﷺ aur deegar aimma ne bhi kahi hai, jaisa ke hawaale pesh kiye ja chuke hain. (Urdu pdf)P237-238)

Ab baaqi bache Abu al-Ahwas, to ye hifz-o-itqaan mein Sufiayn Sauri ﷺ ke ham-palla nahi hain, jaisa ke Imam Abu Haatim ke hawaale se wazaahat guzar chuki hai. Lihaaza Imam Sauri ﷺ ke muqaable mein unke bayan ki bhi koi haisiyat nahi hai.

Bana-baree'n[1] Sufyan Sauri ﷺ jaise Mutqin, Haafiz aur Ameer-ul-Momineen fil Hadees ke bayan ko ghalat nahi kaha ja sakta. Bil-khusoos jabke kisi bhi mohaddis ne unki is riwayat par tanqeed nahi ki. Neez adm-e-zikr waale dono hazraat ne is baat ka iltizaam bhi nahi kiya hai, ke wo is riwayat ke tamaam alfaaz bayan karenge.

Qais bin Ar Rabeea al Asadi, Abu Muhammad Al Kufi Ki Riwayat:

حدثنا حسين بن بشار الخياط نا أبو بلال نا قيس بن الربيع عن سماك عن قبصة عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم بنحوه. (Mojam as Sahaba li Ibne Qaane: V3 P199)

Is riwayat mein bhi taqriban guzishta riwayat hi ki baate'n hain.

Simaak se ikhtilaat se qabl Qais ka riwayat karna saabit nahi. Neez Qais bhi zaeef hai. Use garche baaz ne siqa kaha hai, lekin us par bahut saare mohaddiseen ne jarh kar rakhi hai. Balke baaz ne bahut sakht jarh ki hai.

۞ Imam Ibne Maeen ﷺ (d 233h) ne kaha: 'قيس بن الربيع ليس بشيئ' "*Qais bin ar-Rabeea ki koi haisiyat nahi hai*". (Taareekh Ibne Maeen: V3 P277 [riwayat ad-Doori])

۞ Imam Ahmad bin Hamdal ﷺ (d 251h) ne kaha: 'ليس حديثه بشيئ' "*Iski*

[1] T: (بنا بَرِين) Is liye, is wajah se [RSB]

hadees ki koi haisiyat nahi hai". (Masaail Ahmad bin Hambal: P493 [riwaayat Ibne Haani])

۞ Imam Jozjaani ﷫ (d 259h) ne kaha: 'قيس بن الربيع : ساقط' *"Qais bin Rabeea saaqit hai"*. (Ahwaal ar-Rijaal lil Jozjaani: P96 [Al Bastawi])

۞ Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha: 'قيس بن الربيع متروك الحديث كوفي' *"Qais bin Rabeea, Matrook-ul-hadees aur kufi hai"*. (Az Zoafa wal Matrukeen: P88)

Lihaaza raajeh yehi hai ke ye raawi sakht zaeef hai. Iske alaawa is sanad mein Abu Bilaal ye Mirdaas bin Muhammad bin al-Haaris hain aur ye zaeef hain.

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha: 'ضعيف' *"Ye zaeef hai"*. (Sunan Daraqutni: V1 P220)

Maaloom hua ye riwayat bhi sakht zaeef hai.

Yahya bin Saeed ke alaawa Sufyan Sauri Ke Deegar Shaagirdo'n Ki Riwayaat:

Wakee bin Al Jarrah ar Rawasi Ki Riwayat:

حدثنا عبدالله حدثني أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا وكيع، عن سفيان، عن سماك بن حرب، عن قبيصة بن الهلب عن أبيه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم واضعا يمينه على شماله في الصلاة، ورأيته ينصرف عن يمينه و عن شماله.

"Halab at-Taai ﵁ farmate hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko namaz mein daae'n ko baae'n par rakhte hue dekha aur maine dekha, aap daaee'n jaanib se phirte the aur baaee'n jaanib se phirte the". (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah min Zawaaed Abdullah])

Is riwayat mein sirf namaz, daae'n ko baae'n par rakhne aur daae'n aur baae'n jaanib se phirne ka zikr hai. Lekin baqiya un 5 cheezo'n ka zikr nahi hai, jo deegar riwayaat mein mazkoor hain. Waazeh rahe ke Imam Wakee' hi se Imam Ahmad ne bhi ye riwayat bayan ki to unke alfaaz mein sirf daae'n aur baae'n jaanib se phirne ka zikr hai. Chunache farmate hain:

حدثنا وكيع، عن سفيان، عن سماك بن حرب، عن قبيصة ابن هلب الطائي، عن أبيه قال: رأيت رسول الله صلى

الله عليه وسلم ينصرف مرة عن يمينه، ومرة عن شماله.

"*Halab at-Taai ﷺ farmate hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko namaz mein daae'n ko baae'n par rakhte hue dekha aur maine dekha, aap daae'n jaanib se phirte the aur baae'n jaanib se bhi phirte the*". (Musnad Ahmad: V5 P227 [Al Maimunah])

Maaloom hua ke Imam Wakee ne bhi poori hadees bayan nahi ki hai, balke jis qadar bayan kiya hai, isme bhi kamee-o-beshi ki hai. Jo is baat ka zabardast suboot hai ke Imam Wakee ne is hadees ki tamaam baato'n ko bayan karne ka qasd hi nahi kiya. Alaawa-baree'n Imam Wakee ne Sufyan se riwayat karne mein kai muqamaat par ghalati ki hai. Chuanche Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne Sufyan se Wakee ki ek riwayat ke baare mein kaha hai:

ليس يرويه أحد غير وكيع، ما أراه إلا خطأ.

"*Ise wakee ke alaawa koi aur riwayat nahi karta, main yehi samajhta hoo'n ke wakee ne ghalati ki hai*". (Al A'amal wa Maarifa ar Rijaal: V1 P325)

Ek doosre muqaam par Imam Ahmad رحمه الله ne Sufyan se Wakee ki ek aur riwayat ke baare mein kaha: 'حدثنا' "*Isme Wakee ne ghalati ki hai*". (Al Aamaal wa Maarifa ar Rijaal: V2 P401)

Neez Imam Ahmad ne Sufyan Sauri se riwayat karne waalo'n mein Yahya bin Saeed ko Wakee par muqaddam kiya hai, chunache Imam Mirwazi رحمه الله (d 275h) ne kaha:

من أصحاب الثوري. قال: يحيىٰ، و وكيع، و عبد الرحمن، وأبو نعيم. قلت: قدمت وكيعا على عبدالرحمن. قال: وكيع شيخ.

"*Maine Imam Ahmad se poocha: Sufyan Sauri ke ashaab kaun-kaun hain? To Imam Ahmad رحمه الله ne kaha: Yahya bin Saeed, Wakee, Abdur Rahman aur Abu Naeem. Maine kaha: Aapne Wakee ko Abdur Rahman par muqaddam kar diya? To Imam Ahmad رحمه الله ne kaha: Wakee Shaikh hai*". (Ilal Ahmad: P60 [Riwaayah al Mirwazi])

Ghaur farmae'n! Is Qaul mein Imam Ahmad رحمه الله ne Wakee ko Abdur Rahman par muqaddam kiya. Lekin Yahya bin Saeed ko Wakee par bhi muqaddam kiya. In aqwaal se ye natija nikaal ke agar Sufyan se riwayat

karte hue Imam Wakee, Imam Yahya bin Saeed ki mukhalifat kare’n to Imam Yahya bin Saeed ki riwayat raajeh qaraar paaegi.

Abdur Rahman bin Mahdi Ki Riwaayat:

حدثنا أبو محمد بن صاعد، نا يعقوب بن إبراهيم الدورقي، ثنا عبد الرحمن بن مهدي، عن سفيان، ح و حدثنا محمد ابن مخلد، نا محمد بن إسماعيل الحساني، ثنا وكيع، ثنا سفيان، عن سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه، قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم واضعا يمينه على شماله في الصلاة.

“*Halab at-Taai ﷛ farmate hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko namaz mein daae’n ko baae’n par rakhte hue dekha*”. (Sunan Daraqutni: V2 P33 H1100)

Is riwayat mein sirf namaz aur daae’n ko baae’n par rakhne ka zikr hai. Lekin baqiya un 5 cheezo’n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai. Yaad rahe ke Yahya bin Saeed ke muqaable mein Abdur Rahman bin Mahdi ki riwayat ko marjooh[1] batlaaya gaya hai.

Chunache Abu Abdur Rahman bin as Salama (d 412h) ne kaha:

وسألته: من يقدم من يحيىٰ لن سعيد و عبد الرحمن بن مهدي؟ فقال: يقدم يحيىٰ بن سعيد فإنه كان أسمح الناس، إذا كان في نفسه من الحديث شيئ تركه.

“*Maine Imam Daraqutni se poocha: Yahya bin Saeed aur Abdur Rahman bin Mahdi mein se kis (ki riwayat) ko muqaddam kiya jaaega? To Imam Daraqutni ﷫ ne farmaya: Yahya bin Saeed (ki riwayat) ko muqaddam kiya jaaega. Kyounke Yahya bin Saeed sabse ziyaada mohtaat the. Unke dil mein kisi hadees ke mutaalliq zarra bhi andesha hota to wo use tark kar dete the*”. (Suaalaat as-Salama lid Daraqutni: P328 [Al Hameed])

Abdur Razzqq bin Hamam Ki Riwaayat:

عبد الرزاق، عن الثوري،عن سماك بن حرب، عن قبيصة الن هلب، عن أبيه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم ينصرف مرة عن يمينه،ومرة عن شماله، وكان يمسك بيمينه على شماله في الصالة.

“*Halab at-Taai ﷛ farmate hain ke Allah ke Nabi ﷺ kabhi daae’n jaanib se phirte the aur kabhi baae’n jaanib se phirte the aur aap namaz mein apne daae’n-haath se baae’n-haath ko pakde rehte the*”. (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P240)

---

[1] T: (مَرْجُوح حديث) Kamzor, tark-karda hadees/raawi [RSB]

Is riwayat mein sirf namaz aur daae'n aur baae'n jaanib se phirne ka zikr hai, neez daae'n-haath se baaya'n haath pakadne ka zikr hai. Lekin baqiya un 5 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Yaad rahe ke Imam Abdur Razzaq ke haafize par jarh hui hai. (Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P256-259) Abdur Razzaq hifz-o-itqaan mein Imam Yahya bin Saeed ؒ se bahut kam-tar hain. Lihaaza Imam Yahya bin Saeed ؒ ki mukhalifat mein unki riwayat ki koi haisiyat nahi hai.

Al Hussain bin Hafs Al Hamdani Ki Riwayat:

أخبرنا أبو عبدالله الحافظ، و أبو سعيد بن أبي عمرو قالا: ثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا أسيد بن عاصم، ثنا الحيسن بن حفص قال: قال سفيان: و حدثنا سماك بن حرب، عن ضبيصة بن هلب، عن أبيه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم ينصرف مرة عن يمينه ومرة عن يساره، ويضع إحدى يديه على الأخرى.

"*Halab at-Taai ؓ farmate hain ke Allah ke Nabi ﷺ kabhi daae'n jaanib se phirte aur kabhi baae'n jaanib se phirte the aur aap namaz mein apne ek haath ko doosre haath par rakhte the*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P419 H3613)

Is riwayat mein sirf daae'n aur baae'n jaanib se phirne aur ek haath ko doosre haath par rakhne ka zikr hai. Lekin baqiya un 6 cheezo'n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai. Yaad rahe ke Hussain bin Hafs, haafize ke etebaar se Imam Yahya bin Saeed se bahut kam-tar hain. Haafiz Ibne Hajar ؒ ne unhe'n sirf sadooq kaha hai. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 1319)

Abdul Samad bin Hisaan aur Muhammad bin Kaseer al-Abdi ki riwayat:

حدثنا بشر بن موسى، نا عبد الصمد بن حسان، و حدثنا معاذ بن المثنى، نا محمد بن كثير قالا: نا سفيان الثوري، عن سماك، عن قبيصة بن هلب، عن أبيه أنه قال: يعني للنبي صلى الله عليه وسلم. قال: الطعام لا أدعه إلا تحرجا قال: لا تخ تختلج في نفسك إلا ما ضارعت فيه النصرانية. وقال بيده هكذا، ووضع كفه اليمنى على اليسرى. وقال: هكذا كان يصنع النبي صلى الله عليه وسلم في صلاته وينصرف عن يمينه و عن شماله.

"*Halab at-Taai ؓ se riwayat hai ke unho'n ne Allah ke Nabi ﷺ se sawal kiya: Main faqat harj mehsoos karte hue baaz khaane chod deta hoo?*

To Allah ke Rasool ﷺ ne farmaya: Koi cheez tumhare seene mein shak-o-shubha daalegi to tum nasraniyo’n ke mushaaba ho jaaoge. Aapne apne haath ke ishaare se ye baat kahi. Unho’n ne apni daae’n hetheli ko baae’n hatheli par rakha aur kaha: Allah ke Nabi ﷺ namaz mein isi tarah karte aur daaee’n taraf se bhi aur baaee’n taraf se bhi phirte the”. (Mojam as Sahaaba li Ibne Qaane: V3 P199)

Is riwayat mein sirf isaiyo’n ke khane ke baare mein Nabi ﷺ se sawal-o-jawab ka zikr hai. Neez daae’n hatheli ko baae’n-haath par rakhne aur daaee’n aur baaee’n jaanib se phirne ki baat hai. Lekin baqiya in 5 cheezo’n ka zikr nahi hai, jise doosre ruwaat ne bayan kiya hai.

Yaad rahe ke Abdul Samad bin Hisaan aur Muhammad bin Kaseer, ye dono bhi Imam Yahya bin Saeed se bahut hi kam rutbe waale hain. (Dekhiye, aam kutub-e-rijaal) Is tafseel se maaloom hua ke Imam Yahya bin Saeed ke saath jin logon ne bhi ye riwayat Sufyan Sauri se naql ki hai, un par Imam Yahyab bin Saeed hi ki riwayat raajeh hai.

Imam Daraqutni رحمه الله ne ek muqaam par Yahya bin Saeed ke saath 4 raiwayat karne waale raawiyo’n par Imam Yahya bin Saeed hi ki riwayat ko tarjeeh di, chunache ek hadees ke baare mein kaha:

يرويه عبيد الله بن عمر، واختلف عنه، فرواه يحيىٰ بن سعيد القطان، عن عبيد الله، عن سعيد المقبري، عن أبيه، عن أبي هريرة، وخالفه عبد الله بن نمير، وأبو أسامة، و محمد بن بشر، والحسن بن عياش فرووه عن عبيد الله عن سعيد، عن أبي هريرة، لم يقولوافيه: عن أبيه، والقول فول يحيىٰ بن سعيد.

“*Ise Obaidullah bin Umar riwayat karte hain aur unse riwayat karne waale mein ikhtilaaf waaqe hua hai. Chunache Yahya bin saeed al-Qattaan ne ise Obaidullah, an Saeed al-Maqbari, an Abeeh, an Abu Huraira ki sanad se riwayat ki hai aur unki mukhalifat karte hue Obaidullah bin Nameer, Abu Usama, Muhammad bin Bashar aur Hasan bin Ayaash ne ise an Obaidullah, an Saeed, an Abu Huriara ki sanad se riwayat kiya hai. Un logon ne “an abeeh” ka waasta zikr nahi kiya. Lekin Yahya bin Saeed ne jis tarah riwayat kiya hai, wohi durust hai*”. (Ilal ad-Daraqutni: V8 P135)

Tamaam Riwayaat Ke Alfaaz Ka Khulaasa:

Ghaur farmaaiye ke Sufyan Sauri ke alaawa Simaak bin Harb ke deegar

shaagirdo'n, isi tarah Yahya bin Saeed ke alaawa Sufyan ke deegar shaagirdo'n mein bhi, koi ek bhi aisa shaagird nahi hai, jisne is riwayat ki tamaam baato'n ko zikr kiya ho aur kisi baat ko choda na ho. Lihaaza jab ye tae-shuda baat hai ke Simaak-o-Sufyan ke tamaam shaagirdo'n mein kisi bhi shaagird ne is baat ka iltizaam nahi kiya hai ke wo tamaam alfaaz ko bayan kare, balke har shaagird ne riwayat ki kai baate'n chod di hain, to phir Sufyan aur Yahya bin Saeed ke alaawa baaqi logon ne agar seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya to ye bilkul aise hi hai, jaise unho'n ne deegar baato'n ka zikr nahi kiya. Lihaaza is riwayat ke kisi bhi raawi ka koi baat bayan na karna is baat ki daleel hargiz nahi hai ke wo cheez is riwayat ka hissa nahi hai.

Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha:

وقد اختلفت اروايات عن الشيباني في ذلك، فأكثر ما وقع فيها أن المراجعة وقع ثلاثا، وفى بعضها مرتين، وفي بعضها مرة واحدة، وهو محمول على أن بعض الرواة اختصر القصة، ورواية خالد المذكورة في هذا الباب أتمهم سياقا، وهو حافظ فزيادته مقبولة.

"*Is silsila mein Shaybaani se riwayat mein ikhtilaaf waaqe hua hai, chunaache muraaja-at*[1] *ka sabse ziyada teen (3) baar tazkirah hua hai. Baaz riwayaat mein 2 baar muraaja-at ka tazkirah hua hai aur baaz riwayaat mein ek (1) baar muraaja-at ka zikr hai. Jo is baat par mahmool hai ke baaz raawiyo'n ne is qisse mein ikhtisaar kiya hai. Is baab mein Khalid ki mazkura riwayat sabse ziyaada mukammal siyaaq mein hai aur ye haafiz hain, is liye unki ziyadati maqbool hai*". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V4 P198)

Shaikh Naadir bin al-Sanoosi al-Umrani ne ziyaadat-e-fiqa ki qubooliyat ke liye is qarine ko pesh karte hue unwaan qaayam kiya hai: 'اختصار الراوي للحديث مشعر بضبط من رواه تاما' "*Raawi ka hadees mein ikhtisaar karna is baat ki daleel hai ke jisne mukammal riwayat kiya hai, wo zaabit hai (yaane iski riwayat mein ghalati nahi hui hai)*". (Qaraain at Tarjeeh Fil Mahfooz wash Shaaz: P478)

Iske baad is unwaan ke tahat kai misaale'n pesh karke Shaikh Naadir ne is qarine ko waazeh kiya hai. (Tafseel ke liye dekhiye: Qaraain at-Tarjeeh Fil Mahfooz

---

[1] T: (مُراجَعَت) Kisi cheez ki taraf rujoo karna [RKT]

wash Shaaz: P478-500)

Neez ziyaadat-e-siqa mein is qarine ko Imam Bukhari ﷫, Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ aur Imam Daraqutni ﷫ ne bhi pesh-e-nazar rakha hai. (Dekhe'n Qaraain at-Tarjeeh Fil Mahfooz wash Shaaz: P478)

❁ Doosra Qarina: (Ahfaz yaane Ziyaada Bade Haafiz ki Riwayat)

Ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat mein is qarine se bahut saare mohaddiseen ne istidlaal kiya hai.

۞ Chunche Imam Muslim ﷫ (d 261h) ek jagah Yahya bin Saeed hi ki riwayat ko tarjeeh dete hue kehte hain:

إن يحيى بن سعيد أحفظ من سعيد بن عبيد، وَأَرْفَع مِنْهُ شَأْنًا فِيْ طَرِيْق الْعلم وأسبابه.

"Yahya bin Saeed, ye Saeed bin Obaid se bade haafiz hain aur ilm-o-riwayat mein unse bade muqaam-o-martaba waale hain". (At Tameez li Muslim: P194)

۞ Isi tarah Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h) ne ek jagah Sufyan Sauri hi ki riwayat ko tarjeeh dete hue kaha: 'وهو أشبه عندي، لأن الثوري أحفظهم' *"Sufyan Sauri ki riwayat hi mere nazdeek durust hai, kyoun ke Sufyan Sauri deegar logon se bade haafiz hain"*. (Ilal al Hadees li Ibne Abi Haatim: V4 P366)

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ek jamat ki riwayat ke khilaaf Imam Zohri ki riwayat ko tarjeeh dete hue kehte hain: 'والقول قول الزهري لأنه أحفظ الجماعة' *"Sahih riwayat Imam Zohri hi ki hai, kyoun ke wo poori jamat mein sabse bade haafiz hain"*. (Ilal ad-Daraqutni: V6 P71)

Arz hai ke zer-e-bahes hadees ko Yahya bin Saeed aur Sufyan Sauri ke saath jin logon ne bhi riwayat kiya hai, wo sab ke sab Imam Yahya bin Saeed aur Imam Sauri se hifz-o-itqaan mein kam-tar hain. Balke baaz ki riwayaat saabit hi nahi hain. Jaisa ke pehle qarine ke zimn mein tafseel pesh kardi gai hai. Lihaaza un tamaam riwayaat mein Imam Yahya bin Saeed ﷫ aur Sufyan Sauri ﷫ hi ki riwayat raajeh hogi.

Imam Yahya bin Saeed ﷫ ke ham-palla Imam Wakee ﷫ ko kaha ja sakta hai, lekin is riwayat mein Imam Wakee Sufyan se riwayat kar rahe

hain aur Sufyan se riwayat karne mein Imam Wakee ne kai jagah ghalatiya'n ki hain. Jaisa ke Imam Wakee ki riwayat pesh karte waqt Imam Ahmad ﷫ ke hawaale se waazeh kiya gaya hai. (Urdu pdf)P248)

Lihaaza Sufyan se riwayat karte waqt Imam Yahya bin Saeed ﷫ ki riwayat Imam Wakee se raajeh qaraar paaegi.

❁ Teesra Qarina: (Haafiz aur Mutqin Ki Riwayat)

Agar ziyaadati ko bayan karne waala haafiz aur *mutqin* ho, to ziyaadati maqbool hogi. Bahut sare mohaddiseen ne is qarine se istidlaal karte hue ziyaadat-e-siqa ko maqbool qaraar diya hai.

۞ Chunache Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷫ (d 264h) ne kaha:

إذا زاد حافظ على حافظ قبل.

"*Jab ek haafiz doosre haafiz ke bil-muqaabil koi ziyadati bayan kare to wo maqbool hogi*". (Ilal al Hadees li Ibne Abi Haatim: V3 P384)

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha hai:

أو ما جاء بلقظة زائدة، فتقبل تلك الزيادة من متقن، ويحكم لأكثرهم حفظا وثبتا على من دونه.

"*Agar koi raawi kisi lafz ki ziyaadati bayan kare to mutqin ki taraf se ye ziyaadati maqbool hoti hai aur raawiyo'n mein jo ziyaada hifz-o-zabt waala hoga, uski riwayat usse kamtar hifz-o-zabt waale ke bil-muqaabil hogi*". (An Nukt Alaa Ibne al Salah: V2 P689 نقلا عن سؤالاتالسهمي)

۞ Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h) ne kaha:

إنما تقبل الزيادة الحافظ إذا ثبتت عنه، وكان أحفظ وأتقن ممن أو مثله في الحفظ.

"*Ziyaadati us waqt maqbool hoti hai, jab use Haafiz bayan kare aur usse ye saabit ho aur wo un logon se bada Haafiz-o-Mutqin ho, ya unke baraabar ho, jin logon ne ziyaadati bayan nahi ki hai*". (At Tamheed li Ibne Abdul Bar: V3 P306)

۞ Allama Ze'li Hanafi ﷫ (d 762h) ne kaha hai:

والصحيح التفصيل وهو أنها تقبل في موضع دون موضع، فتقبل إذا الراوي الذي رواها ثقة حافظا ثبتا، والذي لم يذكرها مثله، أو دون في الثقة، كما قبل الناس زيادة مالك الن أنس، قوله: من المسلمين، في صدقة الفطر، واحتج بها أكثر العلماء.

"Ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat mein sahih baat ye hai ke us mein tafseel hai. Baaz muqamaat par use qubool kiya jaae aur baaz muqamaat par qubool na kiya jaae. Chunache jab ziyaadati ko riwayat karne waala siqa, haafiz aur sabat ho aur jo ye ziyaadati bayaan na kare, wo us jaisa ho ya usse kam-tar ho. To aisi soorat mein ziyaadati qubool ki jaaegi. Jaise mohaddiseen ne (sadaqa-tul-fitr waali hadees mein) Imam Maalik ki ziyaadati 'من المسليمين' (musalmano ki taraf se sadaqa-tul-fitr nikaala jaae) ko qubool kiya hai aur aksar ahle ilm ne usse hujjat pakdi hai". (Nasbur Raaya liz Ze'li: V1 P336)

Arz hai ke zer-e-bahes hadees mein ziyadati bayan karne waale Imam Yahya bin Saeed ﷫ aur Imam Sufyan Sauri ﷫ na sirf ye ke bahut bade haafiz, mutqin aur sabt hain. Balke Ameer-ul-Momineen fil Hadees hain. Lihaaza unki ziyaadati bila-taammul qubool ki jaaegi.

❁ Chautha Qarina: (Ziyaadati Ka Deegar Riwayaat Ke Manaafi Na Hona)

Ziyaadati waali baat agar deegar ruwaat ke manaafi na ho to maqbool hoti hai. Ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat mein is qarine se istidlaal karte hue Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha:

ولا يخفى فساد هذه الدعوىٰ فقتادة حافظ زيادته مقبولة, لأن غيره لم يتعرض لنفيها فلم يتعارضا.

"Is daawe ka fasaad makhfi nahi hai, kyoun ke Qataada Haafiz hain aur unki ziyaadati maqbool hai. Kyounke deegar logon ne unki bayan-karda baat ki nafee nahi ki hai. Is liye unki aur doosro'n ki riwayat mein koi taaruz nahi hai". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V12 P200)

Ek aur muqaam par farmate hain:

وليس في رواية مالك ومن تابعه ما ينفي الزيادة المذكورة فلا توصف والحالة هذه بالشذوذ.

“*Maalik aur jin logon ne unki mutaaba-at ki hai, unki riwayaat mein aisi baat nahi hai, jisse mazkura ziyaadati ka inkaar laazim aata ho. Lihaaza jab ye soorat-e-haal hai to yahan shuzooz*[1] *ka hukm nahi lagega*”. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V2 P6)

Arz hai ke zer-e-bahes riwayat ka bhi yehi haal hai. Kyounke Imam Yahya bin Saeed ؒ aur Imam Sauri ؒ ne seene par haath baandhne ka zikr kiya hai aur unke alaawa deegar logon ki riwayaat mein se kisi bhi riwayat mein is baat ka inkaar nahi hai.

❁ Paachwaa’n Qarina: (Ziyaadati Waale Alfaaz Ka Takraar)

Agar raawi ne jin alfaaz ka izaafa kiya hai, use takraar[2] ke saath bayan kare to ye bhi is baat ka qareena hai ke yahan par ziyaadati mehfooz-o-maqbool hai.

Isi qarine se ziyaadat-e-siqa ki maqbooliyat par istidlaal karte hue Imam Ibne Bataal ؒ (d 449h) ne kaha hai:

والزيادة من سفيان مقبولة لأنه أثبتهم، وقوي ثبوت الاستخراج في حديثه لتكرره فيه مرتين فبعد من الوهم.

“*Sufyan ki ziyadati maqbool hai, kyoun ke ye deegar logon se asbat hain aur unki hadees mein istikhraaj waali baat ka suboot is liye bhi qawi ho jaata hai ke hadees mein uska do (2) baar zikr hai, lihaaza is mein wahem ki gunjaaish baeed hai*”. (Sharah Sahih Bukhari li Ibne Bataal: V9 P444)

Arz hai ke zer-e-bahes hadees mein Imam Yahya bin Saeed ne qaulan seene par haath baanhne ka zikr karke use fe’lan bhi bayan kiya aur ba-qaaeda use amali shakl mein karke bhi batlaaya. Yaane do (2) baar takraar ke saath use bayan kiya hai. Ek baar qaulan aur ek baar fe’lan, lihaaza ye takraar bhi is baat ki daleel hai ke is baat ke bayan mein unse wahem nahi hua, warna wo itne ehtemaam ke saath ise mukarrar[3] bayan na karte.

---

[1] T: (شُذُوذ) Shaaz hona, nayaab hona, ittifaaqi [RKT]

[2] T: Israar, taakeed, baar-baar dohraana [RKT]

[3] T: (مُكَرَّر) Baar baar, takraar ke saath [RKT]

❁ Chatta Qarina: (Siyaaq Ya Matan Ke Deegar Alfaaz Ki Dalaalat)

Agar matan mein ziyaadati waale alfaaz ke alaawa aisi baat ho jo ziyadati waale alfaaz ki sehat ki taraf ishaara kare. Masalan: Matan mein koi aisi baat ho jiski mazeed tashreeh ya tafseel ziyadati waale alfaaz se hoti ho ya ziyadati waale aflaaz se uska koi taalluq ho to ye bhi is baat ka qareena hai ke ziyaadati waale aflaaz mehfooz maqbool hain, chunache Imam Zohri رحمه الله ki ek riwayat mein Ghazwa-e-Tabuk mein peeche reh jaane waale logon mein Kaab رحمه الله ke saath unke jin do (2) saathiyo'n ka zikr hai. Unke baare mein Imam Zohri ne Kaab رحمه الله ki zubani ye naql kiya ke ye dono badar mein shirkat kar chuke hain. (Sahih Bukhari: H4418)

Baaz ahle ilm ne un dono sahaba رضي الله عنهما ke badar mein shirkat waali baat par ishkaal mehsoos kiya aur use ghair-mehfooz samjha. Lekin Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne unki tardeed ki aur us ziyaadati ki maqbooliyat par hadees ke siyaaq aur uske deegar alfaaz se daleel pakadte hue kaha:

ويؤيد كون وصفهما بذلك من كلام كعب أن كعبا ساقه في مقام التأسي بهما، فوصفَهما لالصلاح وبشهود بدر التي هي أعظم المشاهد فلما وقع لهما نظير ما وقع له من القعود عن غزوة تبوك و من الأمر بهجرهما كما وقع له، تأسىٰ بهما.

"In dono sahaba رضي الله عنهما ke badri hone ki baat Kaab رضي الله عنه hi ne kahi hai. Is baat ki taaeed isse hoti hai ke Kaab رضي الله عنه ne ye baat un dono ki iqtida karne ke liye kahi thi. Unho'n ne un dono ki buzurgi bayan ki aur Ghazwa-e-Badar mein unki shirkat ka zikr kiya. Jo sabse azeem ghazwa tha, to jab un azeem hasiyo'n ke saath bhi wohi maamla hua, jo unke saath hua. Yaane ye bhi Ghazwa-e-Tabuk mein peeche reh gae aur unke bhi boycott ka hukm hua to Kaab رضي الله عنه ne un dono ki iqtida ki". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V7 P311)

Ghaur farmae'n! Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne hadees ke andar maujood deegar alfaaz aur uske siyaaq se ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat par istidlaal kiya hai.

Theek usi tarah zer-e-bahes hadees mein bhi deegar alfaaz us ziyaadati ki sehat-o-maqbooliyat par dalaalat karte hain aur wo ye ke isi hadees mein seene par haath baandhne ke tazkira ke saath-saath, daae'n-haath ko baae'n-haath par bhi rakhne ki saraahat hai. Jis par kisi ko kalam nahi.

Zaahir hai ke jab namaz mein daae'n-haath ko baae'n-haath par rakhenge to wo haath jism ke kisi na kisi hisse par to laaziman aaega. Aisi soorat mein agar kisi riwayat mein ye zikr ho gaya ke ye dono haath seene par rakhe gae to us mein haath baandhne hi ki tafseel hai. Ye koi aisi alaahada cheez nahi hai, jiska hadees ke deegar alfaaz se koi taalluq hi na ho, lihaaza ye ziyaadati hadees ke deegar alfaaz ke saath martabat[1] hai. Bana-baree'n isse martabat aur ham-aahang hadees ke deegar alfaaz bhi uski maqbooliyat par daleel hain.

❁ Saatwaa'n Qarina: (Shawaahid)

Agar kisi hadees mein ziyadati ke shawaahid bhi maujood ho'n to is qarine se bhi ziyadati ki qubooliyat par istidlaal kiya jaata hai. Chunache Haafiz Ibne Hajar ﷫ ek muqaam par farmate hain:

ظهر لي أن البخاري قويت عنده رواية محمود بالشواهد.

"*Mere liye zaahir hua hai ke Imam Bukhari ke nazdeek Mahmood ki riwayat shawaahid ki wajah se qawi hai*". (Fath-ul-Baari li Ibne hajar: V12 P131)

Kasrat e Taadaad Ka Qarina Yahan Kyoun Motabar Nahi?:

Zer-e-bahes hadees ke bhi mutaadid shawahid hain, jaisa ke is kitab mein unhe'n bayan kiya gaya hi. In qaraain ke bar-khilaaf mukhalifeen is hadees mein ziyadati qubool na karne ke liye sirf ek qareena pesh karte hain ke ziyaadati na bayan karne waalo'n ki taadaad ziyaada hai.

Arz hai ke darj-e-zel wujuhaat ki bina par us ek qarine ki koi haisiyat nahi hai:

Awwalan: Kasrat-e-taadaad sirf ek qareena hai aur uske bar-khilaaf 7 qaraain us ziyadati ki qubooliyat ke haq mein hai. Is liye 7 qaraain ke muqaable mein ek qarine ka koi etebaar nahi.

Saniyan: Kasrat-e-taadaad mein se kai riwayaat saabit hi nahi hain, jaisa ke qubooliyat ka pehla qareena pesh karte waqt har riwayat ki position waazeh kardi gai hai.

[1] T: (مُرتَبَط) Waabasta, rabt diya gaya, well composed or put together [RKT]

Saalisan: Kasrat-e-taadaad waali jo riwayaat saabit hain, un mein bhi koi riwayat Imam Yahya bin Saeed رحمه الله aur Imam Sufyan Sauri رحمه الله ki riwayat ke ham-palla nahi hai. Balke kam darje waali hai, jaisa ke pehle qarine ke tahat har riwayat ke saath wazaahat kardi gai hai.

Raabian: Kasrat-e-taadaad waali riwayaat mein sirf adm-e-zikr hai, koi haqiqi mukhalifat ki baat ya mutazaad baat nahi hai.

Khaamisan: Sabse ahem baat ye hai ke kasrat-e-taadaad waali har riwayat ke raawi ne ikhtisaar se kaam liya hai aur un mein se kisi ne bhi is baat ka iltizaam kiya hi nahi hai ke wo riwayat ke tamaam hisse ko bayan karega. Jaisa ke pehle qarine ke tahat wazaahat ki ja chuki hai. Lihaaza jab un hazrat mein se kisi ne bhi poori riwayat bayan hi nahi ki hai, balke har ek ne riwayat ke kai hisso'n ko chod diya hai to aisi soorat mein Imam Yahya bin Saeed aur Imam Sauri ki zikr-karda kisi baat ke khilaaf un mein se kisi ki bhi riwayat hargiz nahi pesh ki ja sakti.

In wujuhaat ki bina par kasrat-e-taadaad waale qarine ki koi haisiyat baaqi nahi rehti hai, jabke uske bar-khilaaf qubooliyat ke jo 7 qaraain pesh kiye gae hain, unki roo se Imam Yahya bin Saeed رحمه الله aur Imam Sauri رحمه الله ki riwayat bilkul sahih qaraar paati hai. والحمد للّٰه

Matan Par Doosra Eteraaz (Namaz Ka Zikr Nahi) Aur Uska Jawaab:

Baaz log ek ye eteraaz bhi pesh karte hain ke is hadees mein namaz ka zikr nahi hai. Arz hai ke ek hadees ke mukhtalif turq ek doosre ki tashreeh karte hain. Musnad Ahmad mein Sufyan Sauri hi ke turq se yehi hadees doosri jagah in alfaaz mein mujood hai:

حدثنا عبد الله حدثني أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا وكيع، عن سفيان، عن سماك بن حرب، عن قبيصة بن الهلب، عن أبيه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم واضعا يمينه على شماله في الصلاة, ورأيته ينصرف عن يمينه و عن شماله.

"Sahabi-e-Rasool Halab at-Taai رضي الله عنه ne kaha ke maine Allah ke Rasool ﷺ ko dekha, aap namaz mein apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakhte the aur daaee'n aur baaee'n jaanib se phirte the". (Musnad Ahmad: V5 P262 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

Is hadees mein Sufyan Sauri hi ke turq se ye saraahat aagai hai ke daae'n-haath ko baae'n-haath par rakhne ka amal namaz ke andar ka hai aur yehi baat Sufyan Sauri ki seene par haath baandhne waali hadees mein bhi hai. Jis mein us amal ke saath haath baandhne ki jagah, yaane seene ka bhi zikr hai.

Sunan Daraqutni mein bhi Sufyan Sauri hi ke tareeq se yehi hadees maujood hai aur us mein bhi namaz ke andar haath baandhne ki saraahat hai. (Sunan Daraqutni: V2 P33 H1100 [Sanad Sahih])

Isi tarah Musannaf Ibne Abi Shaiba mein bhi Sufyan Sauri hi ke tareeq se yehi hadees maujood hai aur us mein bhi namaz ke andar haath baandhne ki saraahat hai. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P390 [Sanad Sahih])

Jis tarah Quran ki baaz ayaat doosri ayaat ki tafseer karti hain, usi tarah baaz ahadees bhi doosri ahadees ki tafseer karti hain.

۞ Chunache Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha hai:

والحديث يفسر بعضه بعضا

"*Ek hadees doosri hadees ki tafseer karti hai*". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V2 P160)

۞ Hanafi Ulama ne yehi baat kahi hai, chunache Allama Aeni رحمه الله (d 855h) ne kaha hai: 'والحديث يفسر بعضه بعضا' "*Ek hadees doosri hadees ki tafseer karti hai*". (Umda-tul-Qaari: V3 P143)

۞ Maulana Anwar Shah Kashmiri رحمه الله (d 1353h) ne kaha hai: 'لأن الحديث يفسر بعضه بهضا' "*Kyounke ek hadees doosri hadees ki tafseer karti hai*". (Faiz-ul-Baari lil Kashmiri: V1 P217)

Neez is masle mein ahnaaf jo riwayaat pesh karte hain, un mein se bhi kai ek mein namaz ka zikr nahi. Isi kitab ka P555, 613, 625 dekhe'n. فما كان جوابكم فهو جوابنا

Matan Par Teesra Eteraaz (Haath Baandhne Ka Zikr Salam Pherne Ke Baad) Aur Uska Jawaab:

Baaz log had-darja jahaalat ka muzaahara karte hue ye kehte hain ke is hadees mein seene par haath baandhne ka zikr salam pherne ke baad hua hai.

Arz hai ke is hadees mein mukammal namaz ka tariqa mazkoor nahi, balke namaz ki baaz kaifiyaat ka zikr hai aur un kaifiyaat ke zikr mein tarteeb ko malhooz nahi rakha gaya hai. Chunache baaz turq mein namaz se phirne ki kaefiyat zikr karne ke baad haath baandhne ka zikr hai aur saath hi uska mahel seena batlaaya gaya hai. Jabke baaz turq mein phirne ki kaefiyat se pehle haath baandhne ka zikr hai aur namaz ke andar ye amal hone ki bhi saraahat hai:

حدثنا عبد الله حدثني أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا وكيع، عن سفيان، عن سماك بن حرب، عن قبيصة بن الهلب، عن أبيه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم واضعا يمينه على شماله في الصلاة، ورأيته ينصرف عن يمينه و عن شماله.

"Sahabi-e-Rasool, Halab at-Taai ﷺ ne kaha ke maine Allah ke Rasool ﷺ ko dekha. Aap namaz mein apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakhte the aur daaee'n aur baaee'n jaanib se phirte the". (Musnad Ahmad: V5 P226 [Al Maimunah] [Sanad Sahih])

Ye hadees Sufyan Sauri hi ke tareeq se hai, is mein haath baandhne ka zikr namaz se phirne ki kaefiyat se pehle aur uski bhi saraahat hai ke ye namaz ke andar ki kafiyat hai.

Sunan Daraqutni mein bhi Sufyan hi ke turq se yehi hadees maujood hai aur us mein bhi namaz ke andar haath baandhne ki saraahat hai. (Sunan Daraqutni: V2 P33 H1100 [Sanad Sahih])

Isi tarah Musannaf Ibne Abi Shaiba mein bhi Sufyan hi ke tareeq se yehi hadees maujood hai aur us mein bhi namaz ke andar haath baandhne ki saraahat hai. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P390 [Sanad Sahih])

Maaloom hua ke haath baandhne ki kaefiyat namaz ke andar ki hai aur usi kaefiyat ke saath seene ka zikr hai, jo is baat ka suboot hai ke seene par haath baandhne ka amal namaz ke andar hi ka hai. Jis riwayat mein

namaz se phirne ke baad haath baandhne ka zikr hai, us mein tarteeb ko malhooz nahi rakha gaya hai. Is tarah ki misaale'n bahut saari ahadees mein maujood hain. Chunache Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha:

حدثنا أبو اليمان، قال: أخبرنا شعيب، عن الزهري، قال: أخبرني أنس بن مالك الأنصاري: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ركب فرسا فجحش شقه الأيمن. قال أنس فصلى لنا يومئذ صلاة من الصلوات، وهو قاعج، فصلينا وراءه قعودا، ثم قال لما سلم: إنما جعل الإمام ليؤتم به، فإذا صلى قائما فصلوا قياما، وإذا ركع فاركعوا، وإذا رفع فارفعوا، وإذا سجد فاسجدوا، وإذا قال: سمع الله لمن حمده، فقولوا: ربنا رلك الحمد.

"*Anas bin Maalik Ansari ﵁ se marwi hai ke Rasool Allah ﷺ ek ghode par sawaar hue aur (gir jaane ki wajah se) Aap ﷺ ke daae'n pehlu par zakham aagae. Anas ﵁ ne batlaaya ke us din hamen Aap ﷺ ne ek namaz padhaai, choonke aap ﷺ baithe hue the. Is liye ham ne bhi Aap ﷺ ke peeche baith kar namaz padhi. Phir salam ke baad Aap ﷺ ne farmaya ke Imam is liye hai ke uski paerawi ki jaa. Is liye jab wo khade hokar namaz padhe to tum bhi khade hokar padho aur jab wo ruku kare to tum bhi ruku karo aur jab wo sar uthaae to tum bhi uthaao aur jab wo sajda kare to tum bhi karo aur jab wo Sameeullah Liman Hamida kahe to tum Rabbana walakal Hamd kaho*". (Sahih Bukhari: V1 P148 H732)

Is hadees mein ghaur kare'n ke 'سميع الله لمن حمده' sameeullah liman hamida aur 'ربنا ولك الحمد' rabbana walakal hamd ka zikr sajde ke baad hai. To kya ye keh diya jaae ke un dono ko sajde ke baad padha jaaega?

Hargiz nahi, balke yahan bhi doosri riwayaat ke pesh-e-nazar yehi kaha jaaega ke un dono cheezo'n ka mahal ruku ke baad hai, chunaache Sahih Bukhari hi mein H733 ke tahat yehi hadees doosre turq se maujood hai aur us mein in dono cheezo'n ka zikr ruku se uthne ke baad hai. (Sahih Bukhari: V1 P147 H733) Ahadees mein is tarah ki misaale'n bahut hain. (Mazeed misaalo'n ke liye dekhe'n: Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P103)

Tambeeh:

Shareek bin Abdullah ki wo riwayat jo Musnad Ahmad ke hawaala se P243[1] par guzar chuki hai, use Mojam Kabeer ke hawaale se naql karte

[1] T: Ye urdu pdf ka page hai, is roman edition ke liye dekhiye Pxxxx

hue Maulana Ejaz Ahmad Saahab ne badi mazahka-khez baat likhi hai, farmate hain: "*Lihaaza waazeh ho gaya ke Nabi-e-Akram ﷺ ne namaz mein apne haath seena-e-aqdas par nahi baandhe the. Balke baad-az-namaz sahabi ؓ ke sawal ka jawab dete hue seene ki guftagu ki wajah se apne haath seene par rakhe*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P111)

Arz hai ke:

Awwalan: Musnad Ahmad ki zer-e-bahes riwayat ki tashreeh ke liye Ashrafi Saahab ne Mojam Kabeer ki riwayat dekhne ke zehmat karli, lekin unhe'n itni taufeeq nahi mili ke Musnad Ahmad hi mein doosre muqaam par usi hadees ke un alfaaz ko bhi dekh lete jin me ye poori saraahat hai ke haath baandhne waali kaefiyat namaz ke andar hi ki hai. Aur usi kaefiyat ka mahal Musnad Ahmad ki zer bahes riwayat mein seene ko batlaaya gaya hai. Jisse saaf-saaf waazeh ho jaata hai ke haath baandhne aur seene par baandhne dono ka taalluq namaz ke andar ke amaal se hai.

Saniyan: Musnad Ahmad ki zer-e-bahes hadees mein seene ka lafz aaya hai aur Musnad Ahmad mein doosre muqaam par maujood usi hadees ke andar haath baandhne ki baat hai aur ye bhi saraahat hai ke ye namaz ke andar ka maamla hai. Lekin Asharafi Saahab aur un jaise log us doosro hadees ko pehli hadees se alag maante hain aur ye kehte hain ke us doosri riwayat mein haath baandhne ki jagah ke liye lafz 'صدر' *sadr* yaane seena nahi hai.

Ab Asharfi Saahab hamen ye bataae'n ke Musnad Ahmad ki 'علی صدرہ' waali riwayat ki tashreeh ke liye Mojam Kabeer ki jis riwayat ko aapne pesh kiya hai? Kyaa us mein haath baandhne ki jagah ke liye seene ka lafz maujood hai? Agar nahi to phir Mojam Kabeer ki us riwayat se Musnad Ahmad ki hadees ki tashreeh aapke usool ke mutaabiq kaise durust hai?

Saalisan: Ashrafi Saahab ki pesh-karda Mojam Kabeer waali riwayat mein sirf haath baandhne ki baat hai aur 'علی صدرہ' yaane seene par haath rakhne ki jagah ka bayan nahi hai. Ab agar Ashrafi Saahab ke baqaul ye

amal namaz ke baad ka tha, to kya Musnad Ahmad ki riwayat mein ek haath ko doosre haath par rakhne ki jo baat hai, wo bhi namaz ke baad ka amal hai? Agar aisa hai, to Musnad Ahmad waghaera hi ki jin ahadees mein ye saraahat hai ke haath baandhne ka amal namaz ke andar ka tha, uska kya matlab?

Raabian: Mojam Kabeer ki jo riwayat Ashrafi Saahab ne pesh ki hai, wo sanadan saabit bhi nahi hai. Kyounke us mein *Shareek bin Abdullah* raawi *Simaak* se riwayat kar raha hai aur *Shareek bin Abdullah* ne *Simaak* ke ikhtilaat ke baad *Simaak* se riwayat kiya hai. (Urdu pdf)P294) Lihaaza ye riwayat hi zaeef hai.

Khaamisan: Bil-farz us riwayat ko sahih maan le'n to bhi Ashrafi Saahab ka istidlaal baatil, balke bahut hi mazahka-khez hai. Kyounke unki pesh-karda Mojam Kabeer ki riwayat mein is baat ki saraahat hargiz nahi hai ke haath baandhne ka amal namaz ke baad ka tha. Balke baat sirf itni hai ke raawi ne apni us riwayat mein Nabi-e-Akram ﷺ se sawal-o-jawab ka zikr kiya hai aur riwayat ke akheer mein haath baandhne ka zikr kiya hai aur namaz ka zikr na sawaal-o-jawab waali baat mein hai aur na hi haath baandhne waali baat mein. Phir Ashrafi Saahab ko kisne bata diya ke ye baate'n kisi namaz ke baad ki hain? Agar aap kahe'n ke doosri hadees mein namaz ka zikr aaya hai, to ham keh sakte hain ke doosri hadees mein ye bhi zikr aaya hai ke haath baandhne ka ye amal namaz ke andar ka tha. Waazeh rahe ke Ashrafi Saahab ki pesh-karda Mojam Kabeer ki riwayat mein sirf haath baandhne ka zikr hai aur haath baandhne ki jagah ka zikr nahi hai.

Nuskhe Par Eteraaz:

Baaz log kehte hain ke Musnad Ahmad ke nuskhe mein 'على صدره' ke alfaaz kaatib ki ghalati aur az-qabeel-e-tasheef[1] hain, jaisa ke Nemwi Saahab ne kaha hai. (Elaa as-Sunan: V2 P169) Is silsila mein aaiye pehle Nemwi Saahab ke alfaaz dekhte hain.

[1] T: (تَصْحِيف) Hadees ya doosri deeni kutub mein alfaaz ki ghalati (tehreer ya talaffuz mein tabdeeli) ko tasheef kaha jaata hai. Raawi ghalat sun le aur nasihat to neest likh de, ya kitaabat mein ghalati ho jaae jaise nuqte likhna bhool jaae waghaera. [RSB]

Nemwi Saahab likhte hain:

ويقع في قلبي أن هذا تصحيف من الكاتب والصحيح يضع هذه على هذه فيناسب قوله وصف يحيىٰ اليمنىٰ على اليسرى فوق المفصل ويوافقه سائر الروايات والعل لهذا الوجه لم يخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد، والسيوطي في جمع الجوامع، وعلي المتفي في كنز العمال. والله أعلم بالصواب.

"*Mere dil mein ye aata hai ke ye kaatib ki tasheef hai aur sahih ye hai:* 'هذه على هذه' *Is tarah ye raawi ke us qaul ke muwaafiq ho jaata hai ke 'Yahya ne daae'n ko baae'n par jod ke oopar rakha. Deegar riwayaat bhi usi ke muwaafiq hain aur shayad isi wajah se ise Imam Haithami ne Majmua-az-Zawaaid mein aur Suyuti ne Jama al-Jawaame aur Muttaqi Hindi ne Kanz al-Ummaal mein zikr nahi kiya*". (Aasaar as-Sunan: P108 [Karachi edition])

Arz hai ke Nemwi Saahab ne apne dil ki baat kahi hai, ab unke dil ki baat se hamen kya sarokaar? Nemwi Saahab ka dil koi *mahbat-e-wahee*[1] to tha nahi ke jo kuch maariz-e-khayal[2] mein aae wo na-qaabil-e-inkaar ho!

Phir aage jo kuch mausoof ne likha hai, ye mahez unki qiyaas-aaraai hai. Koi daleel nahi, warna wo use apni dil ki baat na kehte, balke danke ki chot par daawa karte aur uski sareeh daleel dete. Behrehaal ham uski bhi taqneeh[3] kar dete hain.

Sabse pehli baat to ye hai ke Imam Ibn al-Jauzi ne bhi Imam Ahmad ﷬ hi ki sanad se yehi riwayat naql ki hai aur unki riwayat mein bhi hai:

يضع هذه على هذه على صدره.

"*Is haath ko us haath par rakh kar apne seene par rakhte the*". (At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P338 [Sanad Sahih])

Sirf isi ek daleel se dil ke saare mukaashafa[4] 'هباءً منثوراً' hibaa-an mansooran ho jaate hain aur ye qatai taur par saabit ho gaya ke Musnad Ahmad mein 'صدره' ke alfaaz kaatib ki ghalati nahi hain. Iske baad mazeed

---

[1] T: (مَہبَط وَحی) Jis par wahee naazil ho, Muhammad ﷺ [RKT]
[2] T: (مَعْرِضُ الْخَيَالِ) Aisi baat jo sirf zehen mein ho, wahm-o-gumaan ki duniya [RSB]
[3] T: (تَنْقِیح) Sahih aur ghalat ki khoj, jaanch-padtaal, aeb ya kharaabi se saaf aur paak karna [RKT]
[4] T: (مُکاشَفَہ) Insaan ko ghaibi aur aainda ki khabro'n ka ilm, Allah se wijdaadi taalluq ke zariye haasil-karda ilm, inkishaaf-e-raaz, tajarbe ya aur kisi hisaab ke zariye poshida baat ka ilm [RKT]

kuch kehne ki zaroorat to nahi hai, phir bhi ham Nemwi Saahab ki qiyaas-aaraaiyo’n par nazar karte hain:

۞ Chunache sabse pehle Nemwi Saahab ne ye kaha ke aage riwayat mein bayan hai ke Yahya bin Saeed ne daae’n ko baae’n par rakh kar bataaya aur ‘صدره’ ko ‘هذه’ maan lene se matan-e-hadees ka jumla raawi ke amali bayan ke mutaabiq ho jaata hai. (Yaane matan-e-hadees me bhi dono haatho’n ka tazkirah aajaaega, jis tarah Yahya ke amali bayan mein dono haatho’n ka tazkira hai).

Arz hai ke Musnad Ahmad ki riwayat mein jo ‘هذه’ hai, uske andar dono haatho’n ka zikr shaamil hai. Kyounke namaz mein dono haath ek saath hi baandhe jaate hain, is liye ek ke zikr mein doosre ka zikr bhi laazmi taur par shaamil hai. Neez ek hadees doosri hadees ki tashreeh hoti hai. Jaisa ke is silsila mein mohaddiseen aur khud ahnaaf ki tasrihaat naql ki ja chuki hain.(Urdu pdf)P265)

Neez Ibn al-Jauzi ki riwayat ke alfaaz bhi pesh kiye ja chuke hain, jis mein hai:

يضع هذه على هذه على صدره.

“*Is haath ko is haath par rakh kar apne seene par rakhte the*”. (At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P338 [Sanad Sahih])

Leejiye Janab! Is mein ‘هذه على هذه’ yaane dono haatho’n ka zikr hai aur uske baad ‘على صدره’ ka bhi zikr hai. Isse waazeh ho gaya ke Musnad Ahmad ki riwayat mein mazkoor ‘هذه’ hi mein dono haath muraad hain. Is liye ‘صدره’ ko doosra haath banaane ke liye ise ‘هذه’ banaane ki zaroorat nahi hai.

Bana-baree’n aage Yahya bin Saeed ka amali bayan (jis mein dono haatho’n ka zikr hai) is lafz ke muwaafiq hi hai aur taayyun-e-mahal ke etebaar se bhi Yahya bin Saeed ka amali bayan is lafz ke manaafi nahi. Kyounke matan-e-hadees mein haatho’n ke mahal ka zikr hai aur raawi ke bayan mein dono haatho’n ki kaefiyat ka zikr hai. Lekin ye kaefiyat

mahal-e-waza’ yadain ko mustalzam[1] hai, warna bataaya jaae ke kya is kaefiyat par amal karne ke baad haath hawa mein rahenge ya jism ke kisi hisse hi par rahenge? Jab jism ke kisi hisse hi par rahenge, to seena bhi to jism hi ka hissa hai aur pehle matan mein uska zikr ho chuka hai, uske baad usi ki amali shakl bataai gai hai, to zaahir hai ke seene par hi dono haatho’n ke rakhne ki kaefiyat batlaai gai hai.

Maaloom hua ke Yahya bin Saeed ﷫ ka is hadees mein maujood amali bayaan kisi bhi tarah se ‘على صدره’ ke manaafi nahi hai.

۞ Isi wazaahat se in logon ke eteraaz ka jawab bhi ho gaya jo kehte hain ke Musnad Ahmad mein sirf ek haath baandhne ka zikr hai, jabke namaz mein dono haatho’n ko bandha jaata hai.

Arz hai ke Musnad Ahmad mein ek haath ke zikr mein doosra haath laazmi taur par shaamil hai. Kyounke namaz mein ek haath doosre haath ke saath laazim-o-malzoom hai. Mazeed ye ke Ibn al-Jauzi ki riwayat mein poori tarah saraahat ke saath dono haatho’n ka zikr hai, phir unhe’n seene par bhi baandhne ka zikr hai aur ek hadees doosri hadees ki tashreeh hoti hai, lihaaza ye eteraaz baatil hai.

۞ Phir Nemwi Saahab ne aage deegar riwayaat ki muwaafaqat[2] ki baat ki hai.

Arz hai, ke deegar riwayaat ke ruwaat ne is hadees ko ek hi matan ke saath riwayat nahi kiya hai. Bahuto’n ne to sire se haath baandhne ka bhi zikr nahi kiya hai, to kya haath baandhne waali baat bhi kaatib ki ghalati aur tasheef hai?

Is silsila mein guzishta safhaat mein poori tafseel se un tamaam ruwaat ka bayan naql karke waazeh kar diya gaya hai ke ruwaat ne mukammal matan bayan karne ka iltizaam nahi kiya, is liye kisi ki taraf se uska koi lafz bayan na karna mukhalifat hargiz nahi hai. Iski tafseel guzishta safhaat par dekhe’n.

۞ Aage Nemwi Saahab ne jo ye kaha hai ke Imam Haithami, Imam Suyuti

---

[1] T: (مُسْتَلْزَم) Laazmi, zaroori [RKT]
[2] T: (مُوافَقَت) Ittefaaq, baraabari, saath [RKT]

aur Muttaqi Hindi ne Kanz al-Ummaal mein is riwayat ka tazkirah nahi kiya, to arz hai ke sabse pehle Muttaqi Hindi ka naam is fehrist se nikaal de’n. Kyounke unho’n ne Imam Suyuti hi ki kitab Jama al-Jawaame ko mahez tarteeb diya hai. Jaisa ke Muqaddama mein unho’n ne wazaahat ki hai.

Rahi baat Imam Haithami aur Imam Suyuti ki, to arz hai:

Awwalan: Nemwi Saahab ne Musannaf Ibne Abi Shaiba mein Waael bin Hujr ﷺ ki hadees mein ‘تحت السرة’ ke wujood ka daawa kiya hai, agarche use maalool[1] kaha hai. Lekin hazrat ko yahan ye khayal kyoun na aaya ke us izaafe ke saath us riwayat ko Imam Suyuti aur Allama Muttaqi al-Hindi ne zikr nahi kiya hai?

Saniyan: Agarche Imam Haithami-o-Suyuti ﷺ ne use zikr nahi kiya, lekin Ibn al-Jauzi ﷺ aur Haafiz Ibne Hajar ﷺ ne to zikr kiya hai, un dono ahle ilm ka in alfaaz ke saath is hadees ko zikr karna jahan uske suboot ki daleel hai. Wahee’n Imam Haithami aur Imam Suyuti ke wahem ki bhi daleel hai.

Saalisan: Imam Haithami aur Imam Suyuti ne aur bhi bahut saari ahadees ko zikr nahi kiya, to kya ham un ahadees ka inkaar kar de’n?

Masalan: Musnad Ahmad: V3 P345 mein Syedna Jaabir ﷺ se marfooan marwi hadees ‘غلط القلوب والجفاء قبل المشرق والإمان والسكينة في أهل الحجاز’ ko Imam Haithami ne zikr nahi kiya, to kya Musnad Ahmad mein us hadees ke wujood ka inkaar kar diya jaae?

Isi tarah Musnad Ahmad: V2 P318 mein Syedna Abu Huraira ﷺ se marfooan marwi hadees ‘إذا قلت للناس: أنصتوا وهم يتكلمون فقد ألغيت على نفسك’ ko Imam Suyuti ne *Jama al Jawaame* mein zikr nahi kiya hai.

In tamaam dalaail se maaloom hua ke Musnad Ahmad mein ‘صدره’ ka lafz saabit-shuda hai, ye kisi kaatib ki ghalati hargiz nahi hai. Lihaaza Nemwi Saahab ke dil mein jo baat aai hai, wo koi asmani wahee nahi hai.

[1] T: (مَعْلُول) Wo hadees jis mein kisi tarah ki illat poshida ho jo sehat-e-hadees mein qadh (aeb-goi) karti ho [RKT]

Isi liye Allama Mubarakpuri رحمه الله ne kaha tha:

فما وقع في قلبه بعد هذا الثبوت البين من أن هذا تصحيف من الكاتب، والصحيح: يضع هذه على هذه فهو من وسوسة الشيطان فعليه أن يستعيذ بالله من الشيطان الرجيم.

"*Is waazeh suboot ke bawujood Nemwi Saahab ke dil mein tasheef aur tasheeh ki jo baat aai hai, wo shiatan ka waswasa hai. Is liye Nemwi Saahab ko chaahiye ke shaitan-e-mardood se Allah ki panaah talab kare'n*". (Abkaar-ul-Minan Fee Tanqeed Aasaar as-Sunan: P372)

Ek Be-buniyad Eteraaz (Sufyan Sauri Ka Amal):

Baaz log kehte hai ke is riwayat ki sanad mein Sufyan Sauri رحمه الله aur ye khud naaf ke neeche haath baandhte the, jisse pata chalta hai ke ye riwayat saabit nahi hai. Kyounke agar ye riwayat saabit hoti to Sufyan Sauri usi par amal karte.

Arz hai, ke Sufyan Sauri ka amal is riwayat ke ghair-saabit hone ki daleel nahi. Balke ye riwayat Sufyan Sauri ki taraf mansoob amal ke ghair-saabit hone ki daleel hai. Kyounke jab Sufyan Sauri رحمه الله seene par haath baadhne ki riwayat bayan kar rahe hain, to ye kaise mumkin hai ke wo naaf ke neeche haath baandhe'n?

Ye eteraaz bilkul aise hi hai, jaise koi kahe ke Muwatta: H47 mein namaz mein haath baandhne waali jo hadees hai, wo saabit nahi. Kyounke Imam Maalik رحمه الله namaz mein haath chodkar namaz padhte the!

Bhala batlaiye ke is tarah ke behooda eteraaz se kya ham Muwatta Imam Maalik ki is hadees ko jhutla de'n, jis mein namaz mein haath baandhne ka zikr hai?

Yaad rahe ke Muwatta Imam Maalik ki ye hadees Sahih Bukhari mein bhi Imam Maalik hi ki sanad se maujood hai. (Sahih Bukhari: Kitab-ul-Azaan: Baab Waza' al Yuman Alaa Ziraaihi al Yusra Fis Salah: H740)

Doosri baat ye ke kisi bhi kitab mein Sufyan Sauri رحمه الله se sahih sanad ke saath ye saabit nahi hai ke wo naaf ke neeche haath baandhte the. Jin logon ne bhi ye baat zikr ki hai, unho'n ne Sufyan Sauri tak us baat ki sahih sanad pesh nahi ki, lihaaza ye baat jhooti aur manghadat hai aur Sufyan Sauri رحمه الله par bohtan hai.

Yaad rahe ke Imam Maalik se bhi ye saabit nahi hai ke namaz mein haath na baandhe jaae'n. (Haiyah an-Naasik Fee an al-Qabz fis-Salah Hua Mazhab al-Imam Maalik)

Is eteraaz ke jawab mein mazeed tafseel Sahih Ibne Khuzaima waali riwayat par bahes ke zimn mein aage aarahi hai. (Urdu pdf)P394-397)

Simaak bin Harb Ki Tauseeq

Simaak bin Harb bin Aus bin Khalid bin Nazaar. Bukhari (shawaahid) Muslim aur Sunan-e-Arba ke raawi hain. Ye siqa hain. Mohaddiseen ki ek badi jamat ne inki tauseeq ki hai. Chunache, aage ham 35 mohaddiseen se inki tauseeq pesh karenge. In sha Allah.

Sirf Ikrima se inki riwayat par jarh ki gai hai aur baaz ne akheer mein inke haafize ko mutaghaiyyaar[1] batlaaya hai. Lihaaza inki jo riwayat Ikirma ke alaawa deegar ruwaat se hain aur ibtidaai zamaane ki hain, wo bila-shak-o-shubha sahih hain aur un riwayaat mein ye siqa hain.

Sabse pehle ham Simaak se mutaalliq jarh ke aqwaal ka jaaiza lete hain. Uske baad akheer mein ham 35 mohaddiseen se unki tauseeq pesh karenge.

Aqwaal-e-Jaariheen:

① Imam Nasai ﷀ (d 303h) ne kaha hai: 'سماك ليس بالقوي، وكان يقبل التلقين'

"Simaak bahut ziyaada qawi nahi hain aur ye talqeen[2] ko qubool karte the". (Sunan Nasai al Kubra: V3 P231)

Ek doosre muqaam par kehte hain:

فسماك بن حرب ليس ممن يعتمد عليه إذا انفرد بالحديث لأنه كان يقبل التلقين.

"Simaak bin Harb jab kisi riwayat ke bayan mein munfarid ho'n to un par etemaad nahi kiya jaage, kyoun ke wo talqeen ko qubool karte the".

---

[1] T: (مُتَغَيِّر) Badla hua, tabdeel-shuda [RKT]

[2] T: (تلقین قبول کرنا) Ye aese raawi ke baare mein bole jaate hain jo hadees bayaan karte hue luqma le liya karta tha, yaane kisi ne kaha 'Aap ki ye hadees is tarh hai', to uski baat maan li. Ye is baat ki daleel hai ke use khud yaad nahi, balke doosro'n ke peeche lag jaata hai. Ye mafhoom forum.mohaddis website se shaikh Khizar Hayat ke jawaab se liya gaya hai) [RSB]

(Sunan Nasai al Kubra: V2 P251)

Arz hai ke Imam Nasai mutashaddideen mein se hain, jaisa ke Imam Zahbi رحمہ اللہ aur Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ne kaha hai. (Meezaan-ul-Etidaal: V1 P437; Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P387)

Lihaaza muwassiqeen ke muqaable mein unki tazeef marjooh hai.

Alaawa baree'n Imam Nasai رحمہ اللہ ne apni jarh ka sabab ye batlaaya hai ke ye talqeen qubool karte the, jabke deegar mohaddiseen ne talqeen qubool ki baabat ye tafseel batlaai hai ke ye Ikrima se riwayat karte waqt talqeen qubool karte the.

Chunache Imam Shu'ba bin Hijaaz رحمہ اللہ (d 160h) ne kaha:

حدثني سماك، أكثر من كذا وكذا مرة، يعني حديث عكرمة: إذا بنى أحدكم فليد عم على حائط جاره وإذا اخطلف في الطريق وكان الناس ربما لقنوه فقالوا عن ابن عباس؟ فيقول: نعم وأما أنا فلم أكن ألقنه.

"*Simaak ne mujhse Ikrima ki ye riwayat* 'إذا بنى أحدكم فليد عم على حائط جاره وإذا اختلف في الطريق' *kai baar bayan ki hai. Log basa-auqaat unhe'n talqeen karte aur kehte:* 'عن ابن عباس؟' *Yaane kya ye Ibne Abbas* رضی اللہ عنہ *se marwi hai? To Simaak kehte: Haa'n. Lekin main ne unhe'n kabhi talqeen nahi ki*". (Az Zoafa-ul-Kabeer lil Uqaili: V2 P178 [Sanad Hasan]) Is qaul ki sanad hasan hai

Qazi Shareek bin Abdullah an-Nakhai (d 177h or 178h) ne bhi yehi baat kahi hai. كما سيأتي (Urdu pdf)P283)

Imam Shu'ba رحمہ اللہ aur Shareek رحمہ اللہ ke is bayan se maaloom hua ke taqleen qubool karne waali jo jarh hai, uska taalluq Ikrama waali sanad se hai. Yehi wajah hai ke deegar kai mohaddiseen ne khaas Ikrima hi se Simaak ki riwayat ko muztarib[1] batlaaya hai. كما سيأتي Lihaaza use har jagah aam karna aur uski wajah se unhe'n mutlaq zaeef qaraar dena, ye Imam Nasai رحمہ اللہ ka tashaddud hai, jo qaabil-e-qubool nahi.

② Imam Ibne Hazam رحمہ اللہ (d 456h) ne kaha: 'سماك بن حرب وهو ضعيف يقبل التلقين' "*Simaak bin Harb, ye zaeef hain, talqeen qubool karte hain*". (Al Muhalla li

[1] T: (مُضْطَرب) Wo hadees ya riwaayat jis mein raawiyo'n ne ikhtilaaf kiya ho sanad ya matan mein [RKT]

Ibne Hazam: V9 P391)

Arz hai ke yahan par wohi baat hai, jise Imam Nasai ke qaul ke tahat pesh kiya gaya, balke khud Ibne Hazam ne kaha:

سماك بن حرب ضعيف يقبل التلقين، شهد عليه بذالك شعبة.

"Simaak bin Harb zaeef hain, ye talqeen qubool karte the. Jaisa ke Shu'ba ne iski shahadat di hai". (Al Muhalla li Ibne Hazam: V7 P452)

Arz hai ke Imam Shu'ba ki shahadat sirf Ikrima waali sanad ke saath khaas hai, lihaaza use aam maan kar Simaak ko alal-itlaaq zaeef batlaana durust nahi hai.

Darj-e-Zel Aqwaal Se Tazeef Saabit Nahi Hoti:

③ Imam Sufyan Sauri ﷫ (d 161h) se manqool hai: 'سماك بن حرب ضعيف' *"Simaak bin Harb zaeef hai"*. (Al Kaamil Fee Zoafa ar Rijaal li Ibne Adee: V4 P541 [Sanad Zaeef])

Is qaul ki sanad zaeef hai, kyounke iski sanad mein *Muhammad bin Khalf bin Abdul Hameed* majhool[1] hai. Lekin Imam Yaqoob bin Shaiba ne Zakriyya bin Adee ke hawaale se ye qaul naql kiya hai aur us mein Sufyan Sauri ka hawaala choot gaya hai, jisse pataa chalta hai ke uski koi asal hai. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V12 P120 نقله عن يعقوب; At Tamheed Limaa fil Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V16 P14)

Haqiqat mein ye qaul Sufyan Sauri hi ka hai, jaisa ke Ibne Adee ki riwayat se maaloom hota hai. Ibne Adee ki sanad agarche zaeef hai, lekin Haafiz Yaqoob bin Shaiba ki naql se uske asal ki taaeed hoti hai, lihaaza dono ko milakar yehi nikalta hai ke ye Sufyan Sauri hi ka qaul hai. (Tanqeeh ut Tehqiq li Ibne Abdul Haadi: V1 P48 [Tehqiq Saami, Haashiya number 5])

Lekin Sufyan Sauri ki is tazeef se muraad maamooli darje ki tazeef hai, jaisa ke unhee'n se ek doosra qaul manqool hai. Jisse maaloom hota hai ke Sufyan Sauri Simaak mein maamooli darje ka zof maante the. Chunache Imam I'jli ﷫ (d 261h) ne kaha: 'وكان سفيان الثوري يضعفه بعض الضعف' *"Sufyan Sauri unke andar kuch zof batlaate the"*. (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P207

[1] T: (مَجہُول) Naa-maaloom, ghair-maaroof, jaahil, bewaqoof [RKT]

[without sanad])

Doosri taraf Sufyan ﷫ ne ye kaha hai: ‘ما يسقط لسماك بن حرب حديث’ “*Simaak bin Harb ki koi hadees saaqit nahi*”. (Taareekh Baghdad: V9 P214 [Sanad Sahih] [As Saadah edition])

Iska matlab yehi hai ke Sufyan Sauri ke nazdeek Simaak bin Harb siqa hain, jaisa ke Moaddileen[1] ke aqwaal mein Number 2 ke tahat mazeed tafseel aarahi hai. (Urdu pdf)P295)

Is tauseeq ki raushni mein unki tazeef ki yehi tafseer ki jaaegi ke usse maamooli darje ka zof muraad hai. Jaisa ke Imam I'jli ne saraahatan yehi baat unke hawaale se naql ki hai, ya phir isse muraad baad mein unka mukhtalat[2] hona hai, jaisa ke Haafiz Yaqoob ne is qaul ki yehi tafser ki hai, lekin unho'n ne ise Sufyan Sauri ke shaagird Ibn al-Mubarak ki taraf mansoob kar diya hai. Jo sahv[3] hai, jaisa ke wazaahat ki gai hai.

④ Jarir bin Abdul Hameed adh-Dhabi (d 188h) ne kaha:

أتيت سماك بن حرب فوجدته يبول قائما فتركته، ولم أسمع منه.

“*Main Simaak bin Harb ke paas aaya to, maine unhe'n khade hokar peshab karte hue dekha, to maine unhe'n chod diya aur unse kuch bhi nahi suna*”. (Az Zoafa al-Kabeer lil Uqaili: V2 P178 [Sanad Sahih])

Arz hai, ke mumkin hai ke Simaak bin Harb kisi uzr[4] ki wajah se khade hokar peshab kar rahe ho'n, is liye mahez itni si baat se kisi par tanqeed nahi ki ja sakti. Kyounke is tarah ki baat to baaz Sahaba ﷡ se bhi saabit hai. Chunache Abdullah bin Umar ﷠ se bhi khade hokar peshab karna saabit hai. (Muwatta Imam Maalik: V1 P65 [Sanad Sahih] tehqeeq Abdul Baaqi)

Ahnaaf ke Imam Muhammad ne bhi Syedna Abdullah bin Umar ﷠ ka ye amal naql kiya hai. (Muwatta Imam Muhammad: P343) Balke Allah ke Nabi ﷺ se

---

[1] T: (مُعَدِّلِين) Wo ulama jo raawiyo'n ki tauseeq (taareef) karte hain, yaane jinho'n ne kisi raawi ko qaabil-e-etemaad samjha [RSB]

[2] T: (مُخْتَلَط) Wo hadees jiska raawi budhape ya kisi haadse ki wajah se ya yaad-daasht kho baethe ya uski tehreer-karda ahadees zaaya ho jaae'n [RSB]

[3] T: (سَہْو) Ghalati, bhook-chook, ghaflat [RKT]

[4] T: (عُذْر) Bahaana, heela, maaqool-sabab, jawaaz-e-sharai, maazarat [RKT]

bhi khade hokar peshab karna saabit hai. (Sahih Bukhari: V1 P54 H224) Allah ke Nabi ﷺ ka ye amal Imam Abu Hanifa ki taraf mansoob Musnad Abu Hanifa mein bhi manqool hai. (Jaame-ul-Masaneed lil Khawarzami: V1 P250)

⑤ Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha: 'مضطرب الحديث' *"Ye hadees mein iztiraab ka shikaar ho jaate hain"*.❶ (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P279 [Sanad Sahih])

❶ • Is qaul ki sanad mein Imam Ibne Abi Haatim ke ustaaz *Muhammad bin Hamwiya bin al-Hasan* siqa hain. Imam Ibne Abi Haatim ne unse riwayat bayan ki hai aur Imam Ibne Abi Haatim sirf siqa hi se riwayat bayan karte the.
Chunace ek maqam par raawi ke baare mein khud unho'n ne kaha:

كتبت عنه وأمسكت عن التحديث عنه لما تكلم الناس فيه.

"*Maine unse likha tha, lekin unse riwayat bayan karne se ruk gaya. Kyounke logo'n ne un par kalam kiya hai*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V2 P62)

Neez ek doosre raawi se mutalliq kaha: 'تكلم الناس فيه فتركت التحديث عنه' *"Logon ne unke baare mein kalam kiya, is liye maine unse riwayat karna tark kar diya"*. (Hawaala Saabeqa: V3 P222)
Maloom hua ke ghair-siqa raawi se Imam Ibne Abi Haatim riwayat byaan nahi karte the. Jaisa ke unke waalid ka bhi yehi mamool tha aur Muhammad bin Hamwiya bin al-Hasan se Imam Ibne Abi Haatim ne taqriban 250 riwayaat bayan ki hain. Lihaaza Imam Ibne Abi Haatim ke nazdeek ye yaqeeni taur par siqa hain.•

Imam Ahmad رحمه الله ki is jarh ka taalluq khaas *Ikrima an Ibne Abbas* ke turq se hai. Chunache Imam Ahmad ke doosre shaagird Abu Bakr bin Haani al-Arsam ne Imam Ahmad رحمه الله ki ye jarh in alfaaz mein naql ki hai: 'حديث سماك مضطرب عن عكرمة' *"Ikrima se Simaak ki riwayat muztarib hai"*. (An Nafah ash Shaze: P326 [ba-hawaala Kitab al Asram])

Isi Tarah Imam Ahmad رحمه الله ke shaagird Imam Abu Dawood رحمه الله ne kaha:

سمعت أحمد، قال: قال شريك: كنوا يلقنون سماك أحاديثه عن عكرمة بلقنونه عن ابن عباس، فيقول: عن ابن عباس.

"Maine Imam Ahmad se suna ke Shareek ne kaha: log Simaak ko Ikrima se unki marwiyaat ki talqeen karte the. Log talqeen karte hue kehte the: 'عن ابن عباس' *yaane ye Ibne Abbas se marwi hai"*. (Masaail Ahmad li Abu Dawood: P440)

Neez Kitab al-Ilal mein you'n saraahat hai: 'وسماك يرفعها عن عكرمة عن ابن عباس' *"Simaak Ikrima ki riwayat ko Ibne Abbas ki riwayat bana dete hain"*. (Al Ilal li Ahmad: V1 P395)

Saabit hua ke Imam Ahmad رحمه الله ki jarh 'عكرمه عن ابن عباس' Ikrima an Ibne Abbas waali sanad par hai aur uske alaawa deegar sanado'n mein Simaak, Imam Ahmad رحمه الله ke nazdeek siqa hain. Iski mazeed taaeed is baat se hoti hai ke deegar mohaddiseen ne bhi iztiraab waali jarh khaaskar Ikrima waali sanad par hi ki hai. Chunache mulaahaza kare'n.

۞ Imam Ali bin Madeeni رحمه الله (d 234h) se naql karte hue Haafiz Yaqoob bin Shaiba ne kaha: 'قلت لا بن المديني: رواية سماك عن عكرمة؟ فقال: مضطربة' "*Maine Imam Ali bin Madeeni se poocha: Ikrima se Simaak ki riwayat kaise hai? to unhon ne kaha: Muztarib hai*". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P233 [wa naqhla min Yaqoob bin Shaiba wahuwa Saahib kitab])

۞ Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h) ne kaha: 'وروايته عن عكرمة خاصة مضطربة' "*Simaak ki khaas Ikrima se riwayat muztarib hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal: V12 P120 [wa naqhla min Yaqoob])

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha: 'صدوق و رواية عن عكرمة خاصة مضطربة' "*Aap sadooq hain aur khaas Ikrima se aapki riwayaat muztarib hain*". (Taqreeb li Ibne Hajar: number 2624)

۞ Balke Imam Ibne Rajab (d 795h) ne to mutaaddid huffaaz ke aqwaal ki tarjumani karte hue kaha: 'ومن الحفاظ من ضعف حديثه عن عكرمة خاصة' "*Huffaz mein se kuch logon ne khaas Ikrima hi se Simaak ki riwayat ko zaeef qaraar diya hai*". (Sharah Ilal at Tirmizi: V2 P797)

Maaloom hua ke Imam Ahmad ki muztarib waali jarh sirf Ikrima waali sanad ke saath khaas hai. Neez iski ek zabardast daleel ye bhi hai ke Imam Ahmad ne Simaak ki hadees ko *Abdul Malik bin Umair* ki hadees se behtar kaha hai. Chunache Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha: 'سماك بن حرب أصلح حديثا من عبد الملك بن عمير' "*Simaak bin Harb ye Abdul Malik bin Umair se behtar hadees waale hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P279 [Sanad Sahih])

Jabke *Abdul Malik bin Umair* kutub-e-sitta ke maaroof siqa raawi hain. (Tehzeeb-ul-Kamaal: V18 P370) Lihaaza Imam Ahmad رحمه الله ke nazdeek Simaak ba-darja oola siqa hain.

⑥ Muhammad bin Abdullah bin Ammar al-Mosuli (d 242h) ne kaha:

سماك بن حرب يقولون: إنه كان يغلط ويختلفون في حديثه.

"*Simaak bin Harb ke baare mein mohaddiseen kehte hain ke ye ghalati karte the, aur mohaddiseen unki hadees mein ikhtilaaf karte hain*". (Taareekh Baghdad: V9 P214 [Sanad Sahih] [As Saadah])

Arz hai, ke mahez ghalati karne se koi zaeef nahi ho jaata. Siqa ruwaat se bhi ghalati ho jaati hai, is liye ye qaul mujmal hai. Neez Ibne Ammar al-Mosuli ka ye apna qaul nahi hai. Balke unho'n ne mohaddiseen ki taraf use mansoob kiya hai aur mohaddiseen ne apne qaul ki tafseer ki hai, ke khaas Ikrima waali sanad hi mein Simaak ghalati karte hain.

⑦ Imam Saaleh bin Muhammad Jazrah رحمه الله (d 293h) ne kaha: 'وسماك بن حرب يضعف' "*Simaak bin Harb ko zaeef kaha jaata hai*". ❶ (Taareekh Baghdad: V9 P214 [Sanad Sahih]. [As Saadah])

❶ • Is qaul ki sanad mein Khateeb Baghdadi ke ustaaz Muhammad bin Ali Al Maree ye Muhammad bin Muhammad bin Ali al Maqree al A'akbari al Jozjaani hain aur Imam Zahbi ne inhe'n sadooq kaha hai. (Taareekh Islam: V10 P359, Basshar edition) is qaul ki sanad Hasan hai.•

Arz hai ke ye bhi mujmal qaul[1] hai aur unhe'n zaeef kehne waalo'n ke qaul mein ye tafseer maujood hai ke unka zof sirf Ikrima waali sanad ke saath khaas hai.

⑧ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne kaha: 'يخطىء كثيرا' "*Ye bahut ziyada ghalati karte hain*". (As Siqaat li Ibne Hibban: V4 P339 [Al Usmaniya])

Arz hai ke Imam Ibne Hibbaan رحمه الله ne Simaak ko apni Kitab as-Siqaat mein zikr kar ke un par jarh ki hai aur ba-zaahir ye mutaariz[2] baat lagti hai, ke agar ye siqa hain to unpar jarh kyoun ki gai aur agar majrooh hain to unhe'n siqaat mein kyoun zikr kiya gaya?

Hamare nazdeek is ishkaal[3] ka hal ye hai ke baaz mohaddiseen jab tazeef ke saath-saath tauseeq bhi karte hain to aise mawaaqe par tauseeq istilaahi muraad nahi hoti, balke mahez dayaanat-daari muraad hoti hai.

---

[1] T: (مُجمَل) Mazmoon ya mafhoom waghaera jo thode lafzo'n mein bayan kiya gaya ho [RKT]

[2] T: (مُتَعارِض) Ek doosre ki zid ya mukhaalif, bar-aks [RKT]

[3] T: (إِشْكال) Diqqat, dushwaari [RKT]

Yaane Imam Ibne Hibbaan رحمه الله ne unhe’n dayanat-daari ke lihaaz se siqa batlaaya hai aur zabt ke lihaaz se un par jarh ki hai. Lekin Choonke Ibne Hibbaan رحمه الله jarh mein mutashaddid hain, is liye saabit-shuda sareeh tauseeq ke muqaable mein unki jarh ka koi etebaar nahi hai. Balke khud Ibne Hibbaan ne bhi apni is jarh ka etebaar nahi kiya aur Simaak bin Harb ko siqa maan kar uski kai ahadees ko apni kitab Sahih Ibne Hibbaan mein darj kiya hai.

⑨ Imam Daraqutni رحمه الله (d 385h) ne kaha:

ولم يرفعه غير سماك، وسماك سيئ الحفظ.

“*Ise Simaak ke alaawa kisi ne marfoo bayan nahi kiya hai aur Simaak saee-ul-hifz[1] hai*”. (Ilal ad Daarqutni: V13 P184)

Imam Daraqutni ki is jarh ka pas-manzar ye hai ke ek riwayat ko kai logon ne mauqoofan[2] bayan kiya hai aur sirf Simaak ne marfooan[3] bayan kiya hai. To Imam Daraqutni رحمه الله ne riwayat ko mauqoofan raajeh[4] qaraar diya hai aur Simaak ki bayan-karda marfooan riwayat ko marjooh[5] qaraar diya hai.

Maaloom hua ke Imam Daraqutni رحمه الله ne mahez Simaak ke siwaae hifz ki wajah se unki riwayat ko zaeef nahi kaha. Balke Simaak ke deegar ruwaat ki mukhalifat karne ki wajah se unki riwayat ko zaeef kaha hai. neez yahan ‘سيئ الحفظ’ se Imam Daraqutni ki muraad Simaak ka akheer mein mukhtalat hona hai. Jaisa ke khud aap hi ne kaha:

سِمَاكُ بنُ حربٍ إذا حدَّث عنه شُعبةُ والثَّوريُّ وأبو الأَحْوصِ فأحاديثُهم عنه سليمةٌ، وما كان عن شَريكِ بنِ عبدِ اللهِ و حفصِ بن جُمَيْع ونظرائِهم، ففي بعضِها نَكارةٌ.

“*Simaak bin Harb se jab Shu’ba, Sufyan Sauri aur Abu al-Ahwas riwayat kare’n to Simaak se unki ahadees (sahih)-o-saalim hain aur Simaak se jo riwayat Shareek bin Abdullah, Hafs bin Jumae aur un jaise log naql*

[1] T: (سئ الحفظ) Kamzor haafiza waale, jiske hifz mein kamzori ho [RSB]
[2] T: (مَوقُوفاً) Aisi hadees jis mein sanad ka silsila sirf sahaabi tak pohonchta ho [RSB]
[3] T: (مَرفُوعاً) Aisi hadees jis mein sanad ka silsila Aap ﷺ tak pohonchta ho [RSB]
[4] T: (راجِح) Saheeh, qaabil-e-tarjeeh, pasandida [RKT]
[5] T: (مَرْجُوح حديث) Kamzor, tark-karda hadees/raawi [RSB]

kare'n to un mein baaz mein nakaarat[1] *hai*". (Suaalaat As Salma lid Daraqutni: P189 (Al Hameed); Al Mautlaf wal Muqhtalaf lid Daraqutni: V2 P35; Ikmaal Tahzeeb-ul-Kamaal: V6 P110) ❶

❶ • Imam Daraqutni ke shaagird Abu Abdur Rahman as-Sulami siqa hain, balke Imam Haakim ne kaha 'كثير السماع والطلب متقن فيه' "Ye kaseer us samaa' aur bahot ziyaada ilm haasil karne waale the aur isme ye mutqin the"; Suaalaat as-Sajzee lil Haakim: P65 Baaz logo'n ne bila wajah in parjirah kardi hai, jiski koi thos buniyad nahi; Mazeed tafseel ke liye dekhe'n Suaalaat as Salma lid Daraqutni bi Tehqiq Majdi Fathi as Syed (Muqaddama: P32-37; At Tankeel Bimaa Fee Taneeb al Kausari Min Abateel: V2 P593).•

Imam Daraqutni ﷫ ke is qaul se maaloom hua ke wo Simaak ko alal-itlaaq 'سيئ الحفظ' *sai-ul-hifz* nahi maante, balke khaas sanado'n hi mein unhe'n 'سيئ الحفظ' *sai-ul-hifz* maante hain. Iski mazeed taaeed is baat se bhi hoti hai ke baaz deegar muqamaat par Imam Daraqutni ne Simaak bin Harb ki hadees ko sahih bhi kaha hai, chunache apni mashoor kitab Sunan mein unki ek riwayat darj karne ke baad farmate hain:

هذا إسناد حسن صحيح.

"*Ye sanad hasan aur sahih hai*". (Sunan Daraqutni: V2 P175)

⑩ ⑪ Imam Uqaili aur Ibn al-Jauzi ne unhe'n Zoafa waali kitab mein zikr kiya hai, lekin Zoafa waali kitabo'n mein kisi raawi ka zikr hona, is baat ko mustalzim[2] nahi hai ke wo raawi Zoafa ke muallifeen ke nazdeek zaeef hai. Kyounke Zoafa ke muallifeen siqa ruwaat ka tazkira bhi Zoafa mein ye bataane ke liye kar dete hain ke un par jarh hui hai. (Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P669-670; Urdu pdf)P462)

Neez Simaak par jis nauiyyat ki jarh hui hai, uski tafseel pesh ki ja chuki hai. Ke is par ki gai jarh ka taalluq khaas Ikrima waali sanad par hai aur yehi aqwaal Imam Uqaili aur Ibn al-Jauzi ne bhi naql kiye hain. Lihaaza in aqwaal mein alal-itlaaq tazeef ki koi baat hai hi nahi.

Tambeeh-e-Baleegh:

Baaz log *Imam Abul Qasim* ki kitab "Qubool al-Akhbaar wa Maarifa ar-Rijaal": V2 P390 se ye naql karte hain ke unho'n ne Simaak ko un logon

---

[1] T: (نَكَارَت) Na-pasandeedgi, bezaari, nafrat, ajnabi-pan [RKT]
[2] T: (مُسْتَلْزِم) Jo apne oopar kisi kaam ko laazim kar le [RKT]

ko fehrist mein zikr kiya hai, jin par bidat aur khwaahish-parasti ka ilzaam hai.

Arz hai:

Awwalan: Is baat ke liye jis Imam Abul Qasim ka hawaala diya jaata hai, ye koi Ahle Sunnat ka imam nahi. Balke Ahle Sunnat wal Jamat se khaarij gumraah firqa motazala ka sardar hai aur ye intihaai bad-aqida shakhs hai. Tadlees-o-talbees ki had hogai ke aise kaj-aqida aur baatil makr ke haamil shakhs ko *Imam* ka laqab dekar Ahle Sunnat ke aimma ki fehrist mein pesh kiya jaata hai. Aur zulm-ala-zulm ke is motazali ke hawaale se sunni raawi ko bidati saabit karne ki koshish ki jaati hai.

Ise kehte hain: *Ulta chor kotwaal ko daante!!*

Saniyan: Abul Qasim Motazali ke baare mein aimma-e-ahle sunnat ne saraahat ki hai ke ye shakhs mohaddiseen se dushmani rakhta hai aur un par zabaan-daraazi karta hai.

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne kaha:

من كبار ابمعتزلة، وله تصنيف في الطعن على المحدثين.

"*Ye motazala ke akabireen mein se hai aur un mein mohaddiseen par taan-o-tashni karne ke liye kitab likhi hai*". (Lisaan-ul-Mizaan: V4 P429 [Abu Ghuddah])

Ab bhala kisi sunni raawi ke khilaaf bad-zuban motazali ki baat kaun sunega?

Saalisan: Abul Qasim Motazali ne is zimn mein mazkoor mohaddiseen ke baare mein khud kaha hai:

وليس قولنا كل من نسبوه إلى البدعة أو أسقطوه أو ضعفوه قولهم، معاذ الله من ذلك، بل كثير من أولئك عندنا أهل عدالة وطهارة و بر و تقوىٰ.... ولكن أتيت بالجمل التي تدل على المراد، و عليها المدار.

"*Hamara ye kehna nahi hai ke jinki taraf bhi logon ne bidat ki nisbat ki hai ya use saaqit-o-zaeef qaraar diya hai, maazAllah ham bhi usi ke qaayal hain, balke un mein se aksar log hamare nazdeek dayaanat-daar, paak-baaz aur muttaqi hain. Lekin maine wo alfaaz naql kiye hain, jo muraad par dalaalat karte hain aur jin par qaul ka daar-o-madaar hota*

hai”. (Qubool al Aqbaar wa Maarifa ar Rijaal: V1 P19)

Abul Qasim Motazali ne Simaak bin Harb se mutaalliq koi bhi aisa lafz naql nahi kiya, jo unki kisi bidat par dalaalat kare.

Raabian: Kisi raawi par bidati ke ilzaam se uski saqaahat par asar nahi padta. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V1 P5)

Darj-e-Zel Aqwaal Saabit Nahi Hain:

⑫ Imam Ibne Maeen naaqil hain ke Imam Shu’ba (d 160h) ne kaha:

كان شعبة يضعفه.

“*Imam Shu’ba unhe’n zaeef kehte the*”. (Al Kaamil li Ibne Adee: V4 P541)

Arz hai, ke ye tazeef saabit nahi hai. Kyounke Imam Ibne Maeen ﷫ ne Imam Shu’ba se is qaul ki sanad bayan nahi ki. Lihaaza Imam Shu’ba se is qaul ko naql karne waala na-maaloom hai. Bil-farz isko saabit maan le’n to Imam Shu’ba ﷫ hi ke doosre qaul ki raushni mein isse muraad sirf Ikrima waali sanad mein unka zaeef hona hai. Jaisa ke guzishta safhaat mein zikr kiya gaya hai. (Urdu pdf)P278-279)

Alaawa Baree’n Imam Shu’ba ﷫ ne is se riwayat kiya hai. (Urdu pdf)P294) Jo is baat ki daleel hai ke Simaak, Imam Shu’ba ke nazdeek siqa hain, kyounke Imam Shu’ba sirf siqa hi se riwayat karte hain. (Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P676-677)

⑬ Affan bin Muslim al-Baahili ﷫ (d 219h) ne kaha hai:

سمعت شعبة، وذكر سماك بن حرب بكلمة لا أحفظها، إلا أنه غمزه.

“*Maine Shu’ba se suna, unho’n ne Simaak bin Harb ka aisi baat se zikr kiya jo mujhe yaad nahi hai, magar unho’n ne Simaak par aeb lagaaya*”. (Az Zoafa-ul-Kabeer lil Uqaili: V2 P178 [Sanad Hasan])

Arz hai, ke yahan bhi Affan ne Imam Shu’ba ke asal afaaz zikr nahi kiye hain, lekin doosre zaraae se saabit hai ke Imam Shu’ba ﷫ ne sirf Ikrima waali sanad mein Simaak par aeb lagaaya hai, jaisa ke guzishta sutoor mei naql kiya gaya hai. (Urdu pdf)P278-279)

⑭ Imam Abdullah bin Mubaarak ﷫ (d 181h) ki taraf mansoob hai:

وقال زكريا بن عدي عن الن المبارك سماك ضعيف في الحديث.

"*Zakariyya bin Adee ne Ibn al-Mubaarak se naql kiya: Simaak zaeef hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal: V12 P120 (naqalah an Yaqoob); At Tamheed Limaa Fil Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V16 P14)

Arz hai, ke Imam ibne Adee ne ye qaul apni sanad se you'n naql kiya hai:

حدثنا أحمد بن الحسين الصوفي، حدثنا محمد بن خلف بن عبد الحميد، حدثنا زكريا بن عدي، عن ابن المبارك عن سفيان الثوري قال: سماك بن حرب ضعيف.

"*Zakariyya ne Ibn al-Mubarak se aur unho'n ne Sufyan Sauri se naql kiya ke Simaak hadees mein zaeef hai*". (Al Kaamil Fee Zoafa ar Rijaal li Ibne Adee: V4 P541 [Sanad Zaeef])

Ghaur farmae'n! Is sanad mein Ibn al-Mubarak qaayal nahi, balke raawi hain aur asal qaul Sufyan Sauri se manqool hai. (Tanqeeh ut Tehqiq li Ibne Abdul Haadi: V1 P48 Haashiya number 5 [Tehqiq Saami]) Bil-farz Ibn al-Mubarak se ye qaul saabit bhi maan le'n to bhi Haafiz Yaqoob ne ise akheer mein ikhtilaat ki jarh par mahmool kiya hai.

⑮ Ibn Kharash Raafzi (d 283h) se manqool hai:

سماك بن حرب الذهلي في حديثه لين.

"*Simaak bin Harb Zahli ki hadees mein kamzori hai*". (Taareekh Baghdad: V9 P214 [Sanad Zaeef] [As Saadah])

Arz hai, ke Ibne Kharaash se ye qaul saabit hi nahi, kyounke iski sanad mein maujood "*Muhammad bin Muhammad bin Dawood al Karji*" majhool hai. Neez Ibne Kharaash ke qaul ki bhi koi haisiyat nahi, kyounke ye khud majrooh aur raafzi hai. (Urdu pdf)P508-509)

Ikhtilaat Ki Jirah:

Baaz Mohaddiseen ne in par aisi jarh ki hai, jisse maaloom hota hai ke ye aakhri mein ikhtilaat ka shikaar ho gae the.

⑯ Imam Bazzar ﷫ (d 292h) ne kaha:

كان رجلا مشهورا، لا أعلم أحدا تركه، وكان قد تغير قبل موته.

"*Aap mashoor shakhs the, main kisi ko nahi jaanta jisne unhe'n choda*

ho aur ye apni maut se qabl taghaiyyur-e-hifz ka shikaar ho gae the". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P243 (naqalah min Musnad al Bazzar bi-qaulihi: Qaal al Bazzar Fee Musnadehi)

⑰ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'وقد تغيربأخرة' "*Ye aakhir mein taghaiyyur-e-hifz ka shikaar ho gae the*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H2624)

Lekin deegar mohaddiseen ne ye bhi saraahat kardi hai ke unke qadeem talaamiza ne unse jo riwayaat li hain, wo sahih hain aur Imam Shu'ba ﷫ aur Imam Sufyan Sauri ﷫ ne unse ikhtilaat se pehle riwayat kiya hai. Chunache mulaahaza kare'n:

⑱ Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h) ne kaha hai:

ومن سمع من سماك قديما مثل شعبة وسفيان فحديثهم عنه صحيح مستقيم، والذي قاله ابن المبارك، إنما يرى أنه فيمن سمع منه بآخرة.

"*Jin logon ne Simaak se shuru mein suna hai, jaise Shu'ba aur Sufyan Sauri hain to unki Simaak se ahadees sahih aur durust hain aur Ibn al-Mubaarak ne jo tazeef ki baat kahi hai, uska taalluq unki un riwayaat se hai, jo unke akheer mein suni gai hain*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V12 P120 [naqalah min Yaqoob, wahuwa saheb kitab])

Yaad rahe ke Ibn al-Mubaarak ne Simaak ki tazeef ki hi nahi, jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P291-292)

⑲ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha hai:

سماك بن حرب إذا حدث عنه شعبة والثوري و أبو الأحوص، فأحاديثهم عنه سليمة، وما كان عن شريك بن عبد الله و حفص بن جميع ونظرائهم، ففي بعضها نكارة.

"*Simaak bin Harb se jab Shu'ba, Sufyan Sauri aur Abu al-Ahwas riwayat kare'n to Simaak se unki ahadees salaamat (sahih) hain aur Simaak se jo riwayaat Shareek bin Abdullah, Hafs bin Jamee aur un jaise log naql kare'n to un mein se baaz mein nakaarat hai*". (Suaalaat as Salma lid Daraqutni: P189 (Al Hameed); Al Mautalf wal Muqhtalaf lid Daraqutni: V2 P35; Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamal: V6 P110)

Maaloom hua ke Simaak bin Harb se Sufyan Sauri waghaera ki riwayaat unke ikhtilaat se qabl ki hain aur Simaak se seene par haath baandhne waali hadees Sufyan Sauri hi ne naql ki hai, lihaaza is hadees mein

Simaak par ikhtilaat ki jarh ki koi gunjaaish nahi.

Muwassiqeen Ke Aqwaal:

Simaak bin Harb se mutaalliq jarh ke aqwaal par tabsare ke baad ab zel mein 35 mohaddiseen se Simaak bin Harb ki tauseeq pesh-e-khidmat hai.

① Imam Shu’ba bin al-Hajjaj ﵏ (d 160h):

Imam Shu’ba ﵏ ne unse riwayat li hai. (Sahih Muslim: H2344) Jabke Imam Shu’ba ﵏ sirf siqa se riwayat karte hain. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P676-677)

② Imam Sufyan Sauri ﵏ (d 161h): ne kaha hai: ‘ما يسقط لسماك بن حرب حديث’ “*Simaak bin Harb ki koi hadees saaqit nahi*”. (Taareekh Baghdad: V9 P214 [Sanad Sahih] [As Saadah])

Sufyan Sauri ﵏ ne isi tarah ki baat Simak bin Afzal ke baare mein bhi kahi hai aur uski tashreeh karte hue Imam Abu Haatim ﵏ kehte hain: ‘يعني لصحة حديثه’ “*Yaane inke hadees ke sahih hone ki wajah se*”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P280)

Maaloom hua ke Sufyan Sauri ﵏ ke nazdeek Simaak bin Harb sahih-ul-hadees, yaane siqa hain. Yaad rahe ke Imam Sufyan Sauri ﵏ ye baat dono Simaak ke baare mein kahi hai. Baaz ahle ilm ka Simaak bin Harb ke baare mein Sufyan Sauri ﵏ ki is baat ka is wajah se inkaar karna ke Sufyan Sauri ne Simaak bin Harb ki tazeef ki hai, ghalat hai. Kyounke Sufyan Sauri ﵏ ki tazeef ka taalluq khaas Ikrima waali sanad se hai.

③ Imam Ibne Maeen ﵏ (d 233h) ne kaha: ‘ثقة’ “*Aap siqa hain*”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P289 [Sanad Sahih])

④ Imam Ahmad bin Hambal ﵏ (d 241h):

سماك بن حرب أصلح حديثا من عبد الملك بن عمير.

“*Simaak bin Harb ye Abdul Malik bin Umari se behtar hadees waale the*”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P289 [Sanad Sahih])

Ye *Abdul Malik bin Umair* kutub-e-sitta ke maaroof siqa raawi hain.

(Tehzeeb-ul-Kamaal: V18 P370) Lihaaza Imam Ahmad ﷫ ke nazdeek Simaak ba-darja oola siqa hain.

⑤ Imam Bukhari ﷫ (d 256h)

Aapne unse istish-haadan[1] riwayat li hai. (Sahih Bukhari: H6722) Jabke Imam Bukhari ﷫ jisse istish-haadan riwayat le'n, wo aam taur se siqa hota hai. Muhammad bin Tahir ibn al-Qeesrani ﷫ (d 507h) ne kaha hai:

بل استشهد به في مواضع ليبين أنه ثقة.

"*Imam Bukhari ﷫ ne in (Hammad bin Salama) se Sahih Bukhari mein kai muqamaat par istish-haadan riwayat kiya hai, ye bataane ke liye ye siqa hain*". (Shuroot al Aimmah as Sunnah: P18)

⑥ Imam Muslim ﷫ (d 261):

Imam Muslim ﷫ ne Sahih Muslim mein unse kai ahadees li hain. (Sahih Muslim: H139)

۞ Imam Haakim ﷫ kehte hain: 'قد احتج مسلم في المسند الصحيح بحديث سماك بن حرب' "*Imam Muslim ne apni sahih mein Simaak bin Harb ki hadees se hujjat pakdi hai*". (Al Mustadrak A'alaa as-Sahihain lil Haakim: V1 P164)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ kehte hain: 'قد احتج به مسلم' "*Imam Muslim ne inse ehtijaaj kiya hai*". (Talkhees-ul-Habeer: V1 P14)

⑦ Imam I'jli ﷫ (d 261h): Aapne kaha: 'سماك بن حرب البكري كوفي جائز الحديث' "*Simaak bin Harb al-Bakri Kufi, ye jaaiz-ul-hadees hain*". (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P207)

⑧ Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h): Aapne kaha:

ومن سمع سماك قجيما مثل شعبة و سفيان فحديثهم عنه صحيح مستقيم.

"*Jin logon ne Simaak se shuru mein suna hai, jaise Shu'ba aur Sufyan Sauri hain to unki Simaak se ahadees sahih aur durust hain*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi; V12 P120 [naqalah min Yaqoob, wahuwa sahib kitab])

⑨ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h): Aapne kaha: 'صدوق ثقة' "*Ye*

---

[1] T: (إسْتِشْهاد) Shaahadat, suboot, sanad, daleel pesh karna [RKT]

sadooq aur siqa hain". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P279)

⑩ Imam Tirmizi ﷫ (d 279h): Aapne Simaak ki bahut saari ahadees ko sahih kaha hai. (Sunan Tirmizi: H65)

⑪ Imam Ibn al-Jaarood ﷫ (d 307): Aapne *Al Muntaqa* mein kai muqamaat par unse riwayat li hai. (Al Muntaqa li Ibn al-Jarood; Sahih Ibn al-Jarood: P19 H25)

⑫ Imam Ibne Jarir at-Tabari ﷫ (d 310h):

Aapne Simaak ki ek riwayat ke baare mein kaha hai: 'وهذا خبر عندنا صحيح سنده' "*Is riwayat ki sanad hamare nazdeek sahih hai*". (Tehzeeb-ul-Asaar lit Tabari; Musnad Umar: V2 P693)

⑬ Imam Ibne Khuzaima ﷫ (d 311h):

Aapne apni *Sahih* mein bahut se muqamaat par unse riwayat li hai. (Sahih Ibne Khuzaima: V1 P8 H8)

⑭ Abu Ali ibn Mansoor at-Toosi ﷫ (d 312h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: 'حَدِيثٌ حَسَنٌ' "*Ye hadees hasan hai*". (Mustaqhraj at Toosi Alaa Jaame Tirmizi: V2 P176)

⑮ Imam Abu Awaana al-Asfaraaini ﷫ (d 316h):

Aapne apni Mustakhraj Abi Awaana mein bahut se muqamaat par unse riwayat li hai. (Mustaqhraj Abi Awaana: V1 P305 H1078) Yaad rahe ke is kitab ki ahadees ko aapne sahih kaha hai.

⑯ Haafiz Ahmad bin Saeed bin Hazam as-Sadfee al-maaroof Bil Muntajaali (d 350h): Aapne kaha: 'تابعي ثقة لم يترك أحاديثه أحد' "*Ye siqa taabai hain, inki ahadees ko kisi ne bhi tark nahi kiya*". (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal: V6 P110)

⑰ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h):

Aapne apni "*Sahih*" mein bahut se muqamaat par unse riwayat li hai. (Sahih Ibne Hibban: V4 P232 H1390)

⑱ Imam Ibne Adee ﷫ (d 365h): Aapne kaha:

لسماك حديث كثير مستقيم إن شاء الله كله، وقد حدث عنه الأئمة، وهو من كبار تابعي الكوفيين، وأحاديثه حسان عمن روى عنه، وهو صدوق لا بأس به.

"*Simaak ki bahut saari ahadees hain, jo in sha Allah saari durust hain, inse aimma ne riwayat kiya hai. Ye kufa ke kibaar taabaeen mein se hain aur inki logon se riwayaat hasan hain, ye sadooq hain, inme koi haraj ki baat nahi hai*". (Al Kaamil li Ibne Adee: V4 P543)

⑲ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h):

Aapne Simaak bin Harb ki sanad se ek hadees riwayat karke kaha hai: 'هذا إسناد حسن صحيح' "*Ye sanad hasan aur sahih hai*". (Sunan Daraqutni: V2 P175)

⑳ Imam Ibne Shaheen ﷫ (d 385h):

Aapne Simaak ko siqaat mein zikr karte hue Ibne Maeen se naql kiya: 'قال: سماك بن حرب ثقة' "*Ibne Maeen ne kaha: Simaak siqa hain*". (As Siqaat li Ibne Shaheen: P107)

㉑ Imam Haakim ﷫ (d 405h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: 'هذا حديث صحيح الإسناد' "*Ye hadees sahih sanad waali hai*". (Al Mustadrak Alaa as-Sahihain lil Haakim: V2 P508)

㉒ Imam Abu Naeem ﷫ (d 430h):

Aapne sahih ahadees par mushtamil apni kitab *Al Mustakhraj* mein kai muqamaat par unse hujjat pakdi hai. (Al Musnad Al Mustaqhraj Alaa Sahih Muslim li Abi Nayeem: V2 P58 H971)

㉓ Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: 'حديث صحيح' "*Ye hadees sahih hai*". (At Tamheed lima Fil Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V8 P138)

㉔ Muhamamd bin Taahir ibn al Qeesraani ﷫ (d 507h): 'سماك صدوق' "*Simaak Sadooq hain*". (Zakheera al Huffaz li Ibn al Qisraani: V2 P669)

㉕ Imam Abu Muhammad al Baghwi ﷫ (d 516h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: ‘هذا حديث حسن’ “*Ye hadees hasan hai*”. (Sharah as Sunnah lil Baghwi: V3 P31)

㉖ Ibn as-Syed al-Batliwi رحمہ اللہ (d 521h): ‘كان إماما عالما ثقة فيما ينقله’ “*Aap Imam, Aalim aur apni naql-karda baato’n mein siqa the*”. (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal: V6 P109 (ba-hawaala Sharah al Kaamil lil Mubrad lil Batliwi)

㉗ Imam Jorqaani رحمہ اللہ (d 543h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: ‘هذا حديث صحيح’ “*Ye hadees sahih hai*”. (Abateel wal Manakeer was Sihaah wal Mashaheer: V1 P241)

㉘ Imam Ibn Khulfoon رحمہ اللہ (d 636h):

Aapne unhe’n siqaat mein zikr kiya hai. (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal: V6 P109 نقلا عن كتابه)

㉙ Imam Ziya al-Maqdisi رحمہ اللہ (d 643h):

Imam Ziya al-Maqdisi رحمہ اللہ ne bhi *Al Ahadees al-Mukhtaara* mein unki riwayat li hai. (Al Mustakhraj minal Ahadees al Mukhtaara Mimma Lam Yakhraja al-Bukhari wa Muslim Fee Sahih-hima: V8 P107 H119 [Mohaqqiq ne kaha iski sanad sahih hai])

㉚ Imam Nawavi رحمہ اللہ (d 676h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha hai:

فلا أقل من أن يكون حسنا، وسماك بن حرب رجل صالح.

“*Ye hadees hasan darja se kam nahi hai, aur Simaak bin Harb saaleh shakhs hain*”. (Al Majmua: V10 P111)

㉛ Imam Ibne Syed-un-Naas رحمہ اللہ (d 734h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha hai: ‘والحديث صحيح’ “*Ye hadees sahih hai*”. (Al Nafah ash-Shazi li Ibn Syed an-Naas: V1 P319 [Tehqiq Ahmad Maabad])

㉜ Imam Ibn Abdul Haadi رحمہ اللہ (d 744h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha hai:

وهو حديث صحيح. كما قال الترمذي. وسماك بن حرب: وثقة يحيىٰ بن معين وأبو حاتم الرازى وغيرهما، وروى

له مسلم في صحيحه الكثير.

“*Ye hadees sahih hai, jaisa ke Tirmizi ne kaha hai aur Simaak bin Harb ko Ibne Maeen, Abu Haatim waghaera ne siqa kaha hai aur Imam Muslim ne apni sahih mein Simaak ki badi riwayaat li hain*”. (Tanqeeh ut Tehqiq li Ibne Abdul Haadi: V3 P205)

㉝ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h):

Aapne Simaak ki riwayat se mutaalliq Imam Haakim ki tasheeh ki taaeed karte hue kaha hai: ‘صحيح’ “*Ye hadees sahih hai*”. (Al Mustadrak lil Haakim Ma’ Taaleeq-az-Zahbi: V2 P508)

Neez kaha: ‘الحافظ، الإمام الكبير’ “*Aap haafiz aur bahut bade imam hain*”. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V5 P245)

㉞ Imam Haithami رحمه الله (d 807):

Aapne Simaak bin Harb ko siqa kaha hai. (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V7 P392) (بقوله: بقية رجاله ثقات وسماك منهم)[1]

Neez, aapne Simaak bin Harb ki ek riwayat ke baare mein kaha: ‘و إسناده حسن’ “*Iski sanad hasan hai*”. (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V2 P41)

㉟ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h):

Aapne Simaak ki ek hadees ke baare mein kaha: ‘هذا إسناد متصل صحيح’ “*Iski sanad muttasil aur sahih hai*”. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V8 P694)

Yaad rahe ke Haafiz Ibne Hajar ne *Taqreeb* mein jo kuch kaha hai, iska taalluq *Ikrima* waali sanad ya ikhtilaat se hai.

Ye kul 35 mohaddiseen hain, jinke nazdeek Simaak bin Harb siqa aur sadooq hain.

Maulana Ejaz Ahmad Saahab ne Simaak bin Harb par mohaddiseen ki jarh pesh karte hue 19 hawaale pesh kiye hain. Us silsila mein arz hai ke un 19 hawaalo’n mein sirf do (2) hawaale hain, jinhen tazeef ka hawaala

---

[1] T: Unke qaul ke mutaabiq baaqi raawi siqa hain aur Simaak un mein se hai (yaane wo bhi siqa hai) [RSB]

kaha ja sakta hai. Ek Imam Nasai ka hawaala aur ek Ibne Hazam ka hawaala. Baaqi saare hawaale ghair-mutaalliq, ya ghair-saabit ya khaas jarh waale ya tazeef par dalaalat na karne waale hawaale hain. Un sabki tafseel guzishta safhaat mein pesh ki ja chuki hai. Baaz umoor ki wazaahat pesh-e-khidmat hai:

۞ Imam Nasai ka hawaala Ashrafi Saahab ne ginti badhaane ke liye do (2) baar diya hai.

Ashrafi Saahab ne likha: Imam Sinaan: ‘يضعفه’ (Maarifah ar-Ruwaat: number 104). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P118)

Arz hai, ke Maarifa ar-Ruwaat ke alfaaz ye hain:

وقال ابن خراش: في حديثه لين يضعفه سنان.

“*Ibne Kharash ne kaha: Iski hadees mein kamzori hai. Sinaan iski tazeef karte hain*”. (Maarifa ar-Ruwaat ت Idrees: P104)

Arz hai, ke ye qaul be-sanad hai. Mazeed ye ke ise naql karne waala Ibne Kharash ye khud *raafzi, majrooh aur ghair-motabar* hai. (Urdu pdf)P508-509)

۞ Ashrafi Saahab ne likha: Imam Tirmizi رحمه الله: ‘مضطرب الحديث’ (Sharah Ilal Ibne Rajab: V1 P148). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P119)

Arz hai, ke Ibne Rajab ki Sharah Ilal ke alfaaz ye hain:

وممن يضطرب في حديثه سماك.

“*Aur jo apni hadees mein iztiraab ke shikaar hote hain, inme Simaak hain*”. (Sharah Ilal at Tirmizi li Ibne Rajab: P148)

Guzishta sutoor mein bataaya ja chuka hai ke Simaak par iztiraab waali jarh Ikrima se unse riwayat ke saath khaas hai. Balke khud Ibne Rajab رحمه الله ne usi kitab mein mutaaddid huffaz ke aqwaal ki tarjumani karte hue kaha: ‘ومن الحفاظ من ضعف حديثه عن عكرمة خاصة’ “*Aur huffaz mein se kuch logon ne khaas Ikrima hi se Simaak ki riwayat ko zaeef qaraar diya hai*”. (Sharah Ilal at Tirmizi li Ibne Rajab: P346; Another edition: V2 P797)

Alaawa baree’n khud Imam Tirmizi رحمه الله ne Simaak bin Harb ki bahut saari hadees ko sahih kaha hai. Jaisa ke ek hawaala mawassiqeen ke aqwaal

ki fehrist mein diya ja chuka hai. Ye is baat ki daleel hai ke *ghair Ikrima* se riwayat mein Simaak Imam Tirmizi ke nazdeek siqa hain.

۞ Ashrafi Saahab ne likha: 'ابن خلفون: تكلم في حفظ' (Al Ikmaal: number 2238). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P119)

Arz hai, ke *Ikmaal* mein Mughlatae ke alfaaz ye hain:

وابن خلفون في "جملة الثقات" زاد: تكلم في حفظه.

"*Ibne Khulfoon ne unhe'n siqa ruwaat mein zikr kiya hai aur ye bhi kaha hai ke unke haafize par kalam kiya gaya hai*". (Ikmaal Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mughaltaai: V6 P109)

Poori baat dekhne se maaloom hua ke 'تكلم في حفظه'[1] ye Ibne Khulfoon ki jarh nahi hai. Balke Ibne Khufloon ؒ ne Simaak ko siqa qaraar diya hai aur saath mein ye bata diya ke unke haafize par kalam kiya gaya hai. Lekin Ibne Khulfoon ki nazar mein ye kalaam qaadih[2] nahi hai. Isi liye unho'n ne use siqa qaraar diya hai.

۞ Imam Ibn al-Madeeni aur Imam Muslim ne Simaak par jarh nahi ki hai. Balke Imam Muslim se tauseeq saabit hai. كَمَا مَضَىٰ

[1] T: Is raawi ke hifz (yaadaasht) mein kalaam (kamzori/tanqeed) hai [RSB]
[2] T: (قادِح) Buraai aur aeb nikaalne waali [RKT]

⑤ Hadees-e-Waael bin Hujr ﷛

Imam Ibne Khuzaima ﷫ (d 311h) ne kaha:

نا أبو موسى، نا مؤمل، نا سفيان، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، ووضع يده اليمنى على يده اليسرىٰ على صدره.

"Waael bin Hujr ﷛ se riwayat hai ke maine Rasool Allah ﷺ ke saath namaz padhi, Aap ﷺ ne apne daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar inhe'n apne seene par rakh liya". (Sahih Ibne Khuzaima: V1 P243 Kitab as Salah: Baab Waza' al Yameen Alaa Shimaal Fis Salah Qabl Iftitaah as Salah: H479; Sahih Ibne Khuzaima (Urdu): V1 P472 H479)

Sahih Ibne Khuzaima: V1 P243 H479 [Sanad Sahih]; Sunan al Bayhaqi: V2 P30 H6621; Ahkam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P186 H328 Momil ke turq se)

Ye hadees bila-shak-o-subha sahih hai. Jaisa ke agli sutoor mein iski poori tafseel aarahi hai. Is hadees ki bina par ahle ilm ne Namaz-e-Nabawi ki kaefiyat batlaate hue saraahat ki hai, ke Allah ke Nabi-e-Kareem ﷺ namaz mein ba-haalat-e-qiyaam seene par haath baandhnte the.

Is Hadees Se Istidlaal Karne Waale Ahle Ilm:

۞ Allama Majduddin Muhammad bin Yaqoob Ferozabadi ﷫ (d 817h) likhte hain: 'ثم يضع يمينه على يساره فوق صدره، كذا في صحيح ابن خزيمة' *"Phir aap ﷺ apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par seene ke oopar rakhte the. Sahih Ibne Khuzaima mein isi tarah hai"*. (Safar as Saadah: P7 [Dar al A'soor, Egypt])

۞ Shaikh Mulla Daad bin Abdullah Hanafi (d 923h) ne zer-e-naaf haath baandhne waali riwayat ke zaeef hone ke sabab Sahih Ibne Khuzaima ki is hadees par amal ko waajib qaraar diya hai. Likhte hain:

إذا كان حديث وضع اليدين تحت السرة ضعيفاً، ومعارضاً رأثر علي بأنه فسر قوله تعالى: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ على الصدر يجب أن يعمل بحديث وائل الذي ذكره النووي.

"Jab zer-e-naaf haath baandhne waali riwayat zaeef hai aur Ali ﷛ ke us asar ke muaariz hai. Jis mein Ali ﷛ ne Allah ke farman ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer seene par haath baandhne se ki hai. To aisi soorat mein Waael bin Hujr ﷛ ki is hadees par amal waajib ho jaata hai. Jaise Nawavi ne*

zikr kiya hai". (Sharah Alaa al Hidaaya ba-hawaala Fath al-Ghafoor: P40 [tehqeeq Muhammad Zia-ur-Rahman Aazmi])

Ab is hadees ki sehat par tafseel mulaahaza ho:

۞ Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ ne ise Sahih Ibne Khuzaima mein darj kiya hai, jiska matlab ye hai ke unho'n ne is hadees ko sahih kaha hai. Baaz be-chaare hanafi mughaalata-baazi karte hue ye kehte hain ke Imam Ibne Khuzaima ne apni kitab mein jahan is hadees ko bayan kiya hai, waha'n ise sahih nahi kaha hai.

Arz hai ke Imam Ibne Khuzaima ne apni is kitab mein ye shart rakhi hai ke wo is mein sahih ahadees hi bayan karenge. Jaisa ke kitab ke naam hi se zaahir hai, neez kitab ke andar bhi iski saraahat hai. Chunache kehte Imam Ibne Khuzaima shuru hi mein kehte hain:

مختصر المختصر من المسند الصحيح، عن النبي صلى الله عليه وسلم بنقل العدل موصولا إليه صلى الله عليه وسلم من غير قطع في أثناء الإسناد، ولا جرح في ناقلي الأخبار التي نذكرها بمشيئة الله تعالى.

"*Aisi sahih ahadees ka mukhtasar bayan, jo Allah ke Nabi ﷺ se sacche ruwaat ke zariye manqool hain. Nabi ﷺ tak iski sanade'n muttasil hain. Darmiyan mein kisi tarah ka inqita hai, na in ahadees ke raawiyo'n mein se koi raawi majrooh hai, jinka zikr in sha Allah ham karenge*". (Sahih Ibne Khuzaima: V1 P3)

Phir Kitab-us-Salah, jis mein ye hadees hai, uske shuru mein apni usi shart ko dohraate hue likhte hain:

كتاب الصلاة المختصر من المختصر المسند الصحيح, عن النبي صلى الله عليه وسلم على الشرط الذي اشترطنا في كتاب الطهارة.

"*Namaz se mutaalliq aisi sahih ahadees ka mukhtasar bayan, jo Allah ke Nabi ﷺ se manqool hain. Usi shart ke mutaabiq jo hamne Kitab-ut-Tahaara mein apnaai hai*". Tehzeeb

Maaloom hua ke jab Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ ne apni is kitab mein shart hi ye rakhi hai ke wo is kitab mein sirf sahih ahadees hi darj karenge to seene par haath baandhne se mutaalliq is hadees ko us kitab mein darj karna hi is baat ki daleel hai ke unho'n ne is hadees ko sahih kaha hai. Isi liye bahut saare mohaddiseen jab Sahih Ibne Khuzaima ki hadees naql

karte hain to you'n kehte hain ke Imam Ibne Khuzaima ne ise Sahih kaha hai.

Imam Ibn al-Mulaqqin ﷫ (d 804h) ne ek hadees ke baare mein kaha hai:

وصححه ان خزيمة أيضا، لذكره إياه في صحيحه.

"*Ise Ibne Khuzaima ne sahih kaha hai, kyounke unho'n ne ise apni 'sahih, mein zikr kiya hai*". (Al Badar-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V1 P619)

Neez Sahih Ibne Khuzaima: V2 P107 H1017 mein Abu Saeed al-Khudri ؓ se marwi ek hadees hai aur jis jagah ye hadees hai, aen us jagah bhi Ibne Khuzaima ne sahih ka hukm alag se nahi likha. Lekin iske bawujood bhi Haafiz Ibne Hajar ﷫ isi hadees ko naql karke kehte hain:

صححه ابن خزيمة.

"*Ibne Khuzaima ne ise sahih kaha hai*". (Sahih Ibne Khuzaima: V1 P348)

Zaahir hai ke aisa isi wajah se hai, kyounke Ibne Khuzaima ﷫ ne shuru hi mein in ahadees ko sahih keh diya hai.

Hanafiyyo'n ke yahan bhi ye baat milti hai. Chunache Sahih Ibne Khuzaima: V1 P143 H283 ke tahat ek hadees hai aur jahan ye hadees hai, waha'n Ibne Khuzaima ne khusoosi taur par alag se sahih ka hukm nahi likha. Lekin iske bawujood bhi hanafiyyo'n ke Allama Nemwi ne Sahih Ibne Khuzaima se ise naql karte hue kaha: 'و صححه ابن خزيمة' "*Ise Ibne Khuzaima ne sahih kaha hai*". (Aasaar as-Sunan: P26 H48 (tehqeeq Al Faqaar); Maarif as Sunan: V2 P150)

Maaloom hua ke Ibne Khuzaima ka Sahih Ibne Khuzaima mein is hadees ka darj karna hi is baat ki daleel hai, ke unho'n ne is hadees ko sahih kaha hai. Isi liye kai ahle ilm ne is hadees ko naql karte hue ye likha hai ke Imam Ibne Khuzaima ne ise sahih kaha hai. Masalan

۞ Imam Ibne Syed-un-Naas ne Tirmizi ki Sharah mein Ibne Khuzaima ki isi hadees ke baare mein kaha hai: 'و صححه ابن خزيمة' "*Ibne Khuzaima ne ise sahih kaha hai*". (An Nafah ash-Shazi Sharah Jaame Tirmizi: V4 P374 (Tehqiq As-Samee); Namaz Mein Haath Kahaa'n Baandhe'n? az Haafiz Sanaullah Ziya: P20)

Is Hadees Ki Tasheeh Karne Waale Mohaddiseen o Ahle Ilm:

Zel mein 10 mohaddiseen-o-ahle ilm ke hawaale pesh-e-khidmat hain, jinki nazar mein ye hadees sahih-o-saabit hai.

① Imam Ibne Khuzaima رحمه الله (d 311h) ne ise sahih qaraar diya hai. Kyounke unho'n ne ise apni kitab *Sahih* mein riwayat kiya hai aur us kitab ki ahadees Imam Ibne Khuzaima ki nazar mein sahih hain. Jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai.

② Imam Nawavi رحمه الله (d 676h) *Khulaasa al-Ahkaam* mein sahih ahadees ke zimn mein ise zikr karte hue likhte hain:

عن وائل: صليت: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، فوضع يده اليمنى على يده اليسرىٰ على صدره رواه ابن خزيمة في صحيحه.

"*Waael bin Hujr* رضي الله عنه *se riwayat hai, wo farmate hain ke maine Rasool Allah* ﷺ *ke saath namaz padhi, Aap* ﷺ *ne apne daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar unhe'n apne seene par rakh liya*". (Khulasa al-Ahkaam: V1 P358)

Iske baad Imam Nawavi رحمه الله ne 'فصل في ضعيفه' (is baab ki zaeef ahadees) ke unwaan ke baad mauzu se mutaalliq Ali رضي الله عنه ki 'تحت السرة' waali riwayat darj ki hai, phir uske zaeef hone par ittifaaq naql kiya hai aur uske raawi *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti* ke zaeef hone apr ijma naql kiya hai.

Waazeh rahe ke *Khulaaa al-Ahkaam* mein Imam Nawavi ka manhaj ye hai ke wo har masle se mutaalliq ahadees ko do (2) hisso'n mein zikr karte hain. Pehle hisse mein sirf wohi ahadees darj karte hain, jo unki nazar mein sahih hoti hai aur uske baad *fasl* qaayam karke doosra hissa zikr karte hain, jis mein mutaalliqa masle ki baabat zaeef ahadees zikr karte hain. (Khulasa al-Ahkaam: V1 P36-37)

③ Haafiz Ibne Syed un Naas رحمه الله (d 734h) likhte hain:

واحتج من قال: تحت السرة، بأثرآ روي في ذلك من طريق عبد الرحمان بن إسحاق الواسطي، وهو ضعيف، و احتج من قال: على صدره، بحديث وائل بن حجر: صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم، فوضع يده اليمنى على يده اليسرىٰ على صدره صححه ابن خزيمة.

“Jinho’n ne zer-e-naaf haath baandhne ki baat kahi hai, unho’n ne us asar se hujjat pakdi hai. Jo Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti ke turq se marwi hai aur wo zaeef hai. Jinho’n ne seene par haath baandhne ki baat kahi hai, unho’n ne Waael bin Hujr ﷛ ki hadees se hujjat pakdi hai, jis mein Waael bin Hujr ﷛ farmate hain ke maine Rasool Allah ﷺ ke saath namaz padhi, Aap ﷺ ne apne daae’n-haath ko baae’n-haath par rakh kar unhe’n apne seene par rakh liya. (Imam) Ibne Khuzaima ne ise sahih kaha hai”. (An Nafah ash-Shazi Sharah Jaame Tirmizi: V4 P374)

Mulaahaza farmaae’n! Haafiz Ibne Syed un-Naas ﷩ ne zer-e-naaf waali riwayat ko zaeef qaraar diya hai aur uske baad seene par haath baandhne waali riwayat zikr ki. Lekin uski tazeef nahi ki. Balke uske baare mein kaha ke Imam Ibne Khuzaima ne ise sahih kaha hai.

Isse saaf zaahir hai ke Ibne Syed un Naas ﷩ ki nazar mein bhi ye hadees sahih hai.

④ Haafiz Ibne Hajar ﷩ (d 852h) ke nazdeek bhi ye hadees sahih ya kam-az-kam Hasan hai. Kyounke Haafiz Ibne Hajar ﷩ ne bhi is hadees ke baaz hisse ko Fath-ul-Baari mein zikr kiya hai. (Fath-ul-Baari: V2 P224 H740)

Aur us par sukoot kiya hai, jo is baat ki daleel hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷩ ke nadeek bhi ye hadees sahih ya kam-az-kam hasan hai. (Urdu pdf)P229)

Is Hadees Ko Sahih o Saabit Kehne Waale Hanafi Akabireen:

⑤ Allama Aeni ﷩ (d 855h) likhte hain:

فإن قلت: كيف يكون الحديث حجة على الشافعي، وهو حديث ضعيف، لا يقاوم الحديث الصحيح، والآثار التي احتج بها مالك والشافعي، هو حجيث وائل لن حجر أخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" قال: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، فوضع يده اليمنى على يده اليسرىٰ على صدره.

“Agar tum kaho ke ye hadees (Hadees-e-Ali ﷛) shafai ke khilaaf kaise hujjat ho sakti hai, jabke ye zaeef hai aur us sahih hadees ke ham-palla nahi, na un aasaar ke ham-palla hai, jinse Maalik aur Shafai ne hujjat pakdi hai. Aur wo Waael bin Hujr ﷛ ki hadees hai, jise Imam Ibne Khuzaima ne apni “Sahih” mein riwayat kiya hai. Farmaya ke Maine Allah ke Rasool ﷺ ke saath namaz padhi, to Aap ﷺ ne apne daae’n-

haath ko baae'n par rakh kar seene par rakha". (Al Binaaya Sharah al Hidaaya lil Aeni: V2 P182)

Is ibaarat mein Allama Aeni ﷫ ne tasleem kiya hai ke ye hadees sahih hai.

⑥ Shamsuddin Muhammad bin Muhammad bin Muhammad bin Ameer al-Haaj ﷫ (d 879h) likhte hain:

لم يثبت حديث يعين محل الوضع إلا حديث وائل المذكورر.

"*Kis muqaam par haath baandhe jaae'n? Is ki taayyun ke silsila mein Waael bin Hujr ﷛ ki mazkura hadees ke alaawa koi hadees saabit nahi*". (Sharah al Meeniya ba-hawaala Durrah Fee Izhaar Ghash Naqd as Surrah: P67 [Dirham as Surrah ke saath chapa hua edition])

⑦ Zainuddin bin Ibrahim bin Muhammad al-Maaroof Baaban Nujaim al-Misri (d 970h) likhte hain:

ولم يثبت حديث يوجب تعيين المحل الذي يكون فيه الوصع من البدن إلا حديث وائل المذكور.

"*Jism ke kis hisse par haath baandhe jaae'n? Is silsila mein Waael bin Hujr ﷛ ki mazkura hadees ke alaawa koi hadees saabit nahi hai*". (Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P320)

⑧ Allama Ibne Hajar Haithami ﷫ (d 974h) likhte hain:

لما صح أنه صلى الله عليه وسلم وضع يده اليمنى على يده اليسرى على صدره.

"*Kyounke Allah ke Nabi ﷺ ki sahih hadees hai ke Aap ﷺ ne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakh kar apne seene par rakha*". (Al Ee-aab Sharah al-Ubaab: ق56/ب maqhtoota) Maktaba Jaamia al Malik Saud: number 5541)

⑨ Shaikh Abdul Haq bin Saifuddin Dahelwi ﷫ (d 1052h) likhte hain:

بعد ازاں دست راست رابر دست خود نہادی برابر سینہ در صحیح ابن خزیمہ ہمچنیں ثابت شدہ.

"*Takbeer ke baad aap daaya'n haath baae'n-haath par rakh kar seene ke baraabar rakhte the, isi tarah Sahih Ibne Khuzaima mein saabit hai*". (Sharah Safar as Saadah: P44; (ba-hawaala) Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n?: P41; At Taaleeq-ul-Mansoor Alaa Fath al-Ghafoor: P15; At Taaleeq-ul-Mansoor mein manqoola ibaarat ke liye Sharah Safar as Saadah: P48 ka hawaala hai; Neez dekhiye: Taiseer-ul-Qaari Sharah Faarsi Sahih Bukhari: P113 ([Haashiya Juz as Saalis Kitab-ul-Azaan])

⑩ Allama Abdul Hai Luckhnawi ﷫ (d 1304h) farmate hain:

وثبت عند ابن خزيمة وغيره من حديث وائل الوضع على الصدر.

"Seene par haath baandhne se mutaalliq Ibne Khuzaima waghaera mein Waael bin Hujr ﷺ ki hadees saabit hai". (At Taaleeq al-Mumajjid: V2 P67 [An Nadwi])

Hadees Ke Tamaam Ruwaat Ka Taaruf:

Agli sutoor mein is hadees ke tamaam raawiyo'n ki tafseel mulaahaza ho:

Kulaeb Bin Shihaab Ki Tauseeq:

❁ Kulaeb bin Shihaab al-Jarmi: Aap siqa hain, inka taaruf guzar chuka hai. (Urdu pdf)P177)

Aasim bin Kulaeb Ki Tauseeq:

❁ Aasim bin Kulaeb: Aap bhi siqa hain, inka taaruf bhi guzar chuka hai. (Urdu pdf)P178-180)

Sufyan Sauri Ki Tauseeq:

❁ Sufyan bin Saeed as-Sauri: Aap bhi bahut bade siqa Imam, balke Ameer-ul-Momineen fil hadees hain. Inka taaruf bhi guzar chuka hai. (Urdu pdf)P231)

Sufyan Sauri Qaleel-ut-Tadlees Hain:

Sufyan Sauri رحمه الله mudallis hain, lekin unka ananah 'عنعنه' maqbool hai. Kyounke ye qaleel-ut-tadlees hain. Jaisa ke darj-e-zel aimma ke aqwaal se pata chalta hai:

۞ Imam Shu'ba bin al Hujjaj رحمه الله (d 160h) ne kaha:

حدثنا عبد الرحمان، حدثنا إسماعيل بن أبي الحارث، حدثنا أحمد، يعني ابن حنبل عن يحيى بن بكير، قال: سمعت شعبة يقول: ما حدثني سقيان عن إنسان بحديث بسألته عنه إلا كان كما حدثني.

"Imam Shu'ba رحمه الله kehte hain ke Sufyan Sauri ne mujhse jo bhi hadees kisi insaan se bayan ki aur maine usse wo hadees dariyaaft ki, to us hadees ko waise hi paaya, jaise Sufyan Sauri ne mujhse bayan ki thi". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V1 P67 [Sanad Sahih] [Al-Muallami])

Isse maaloom hua ke Sufyan Sauri ﷫ ne Imam Shu'ba ko jitni bhi ahadees sunaae'n, un mein kisi bhi hadees mein tadlees nahi ki, jo is baat ki daleel hai ke wo bahut kam tadlees karte the. Warna kisi na kisi hadees mein to Imam Shu'ba ko tadlees ka suraagh milta.

۞ Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha hai:

ولا أعرف لسفيان الثوري عن حبيب بن أبي ثابت، ولا عن سلمة بن كهيل، ولا عن منصور، وذكر مشايخ كثيرة لا أعرف لسفيان هؤلاء تدليسا، ما أقل تدليسه.

"*Sufyan Sauri ki Habeeb bin Abi Saabit, Salama bin Kuhael aur Mansoor se aur kai mashaaikh ka zikr kiya aur kaha ke Sufyan Sauri ki unse tadlees main nahi jaanta, unki tadlees bahut kam hai*". (Al Ilal al-Kabeer lit Tirmizi: P388)

Imam Bukhari ka ye qaul unke shaagird Imam Tirmizi ki kitab *Al Ilal al-Kabeer* se naql kiya gaya hai. Asr-e-haazir mein Haafiz Zubair Ali Zai ﷫ ne Imam Tirmizi ki us azeem-ush-shaan kitab hi ka inkaar kar diya hai ke ye unki kitab nahi hai. Is liye us kitab ke suboot par mukhtasar tafseel pesh-e-khidmat hai.

Imam Tirmizi Ki Kitab "Al Ilal-ul-Kabeer" Ka Suboot:

Imam Tirmizi ki is kitab ke baare mein Janab Zubair Ali Zai ﷫ ne ye kaha hai ke ye kitab Imam Tirmizi se saabit nahi hai. Kyounke Imam Tirmizi se is kitab ko riwayat karne waale "*Abu Haamid at-Taajir*" majhool hain.

Hamare ilm ki had tak Imam Tirmizi ki us kitab par ye eteraaz karke aaj tak kisi ne unki is kitab ka inkaar nahi kiya hai, poori duniya ke mohaqqiqeen hamesha se us kitab ko hujjat aur Imam Tirmizi se saabit maante aae hain.

Kitab Ki Sanad Aur Manhaj-e-Mohaddiseen:

Dar-asal sanad-e-kitab se mutaalliq kisi mashoor-o-maaroof kitab ke baare mein ye manhaj hi sahih nahi hai, ke uske kisi raawi par eteraaz karke asal kitab hi par haath saaf kar diya jaae. Haa'n agar koi kitab ahle ilm ke ma-baen maaroof na ho aur mutaalliqa fann ke maahireen us kitab ka tazkirah aur usse istidlaal na karte ho'n, balke kisi ek maktaba mein bas uska makhtoot dariyaaft ho jaae to aisi kitab ki sanad ki tehqiq

zaroori hai. Lekin har kitab ke baare mein ye manhaj durust nahi hai.

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

لأن الكتاب المشهور الغيبي بشهرته عن اهتبار الإسناد منا إلىٰ مصنفه كسنن النسائي مثلا، لا يحتاج في صحة نسبته إلى النسائي إلىٰ اعتبار حال رجال الإسناد منا إلىٰ مصنفه.

"*Mashoor kitab ke liye is baat ki zaroorat nahi ke ham se musannif tak uski sanad motabar ho. Misaal ke taur par Sunan Nasai ki sehat ke liye is baat ki haajat nahi ke ham se lekar Imam Nasai tak uske rijaal motabar ho'n*". (An Nukaat Alaa Kitaab Ibne Salah li Ibne Hajar: V1 P271)

۞ Asr-e-Haazir Ke Azeem Mohaddis Allama Albani رحمه الله ne bhi yehi baat kahi hai. Mulaahaza ho:

السؤال: ما رأيك في أسانيد الكتب؟ هل يشترط فيها ما يشترط في رواية الأحاديث أم يتساهل فيها؟

الجواب: رأيتي يختلف من كتاب إلى آخر، فإذا كان كتاباً مشهوراً متداولًا بين أيدى العلماء ووثقوا به، فلا يشترط، أما إذا كان غير ذلك فإنه يُشتَرط. (Silsila al-Huda wan Noor: V13 P85)

"*Sawal: Kitabo, ki sanad ke baare mein aapki raae kya hai? Kya us mein bhi wohi shart lagaai jaaegi, jo ahadees ki riwayat mein lagaai jaati hai, ya us mein tasaahul se kaam liya jaaega?*

Jawab: Meri raae alag-alag kitab ke etebaar se alag-alag hai, chunaache agar koi kitab mashoor ho, ulama ke haatho'n mein aam ho aur ahle ilm ne us par etemad kiya ho to us tarah ke nuskho'n ki baabat aisi koi shart nahi lagaai jaaegi. Lekin jab ye maamla na ho to phir ye shart lagaai jaaegi". (Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P361-363)

Al Ilal al-Kabeer lit Tirmizi ka maamla yehi hai ke ye kitab mashoor-o-maaroof hai aur ahel fann ne use hujjat maana hai. (Tafseel ke liye Shaikh Khabeeb Ahmad Athari حفظه الله ka maqaala "*Sanad-e-Kitab Aur Manhaj-e-Mohaddiseen*" mulaahaza kare'n. Jo Majalla *Ahlus Sunnah* (number 45-47) Bombay, India aur Haft Roza Al Etesaam, Lahore (June 2015 mein shaya-shuda hai)

Al Ilal al-Kabeer Ki Sanad Par Bahes:

Iske alaawa us kitab ki sanad bhi bilkul sahih-o-saabit hai. Tafseel mulaahaza ho.

Al Ilal al-Kabeer ka maujooda nuskha wo hai, jise Imam Abu Taalib al-

Qaazi ne murattab kiya hai. Imam Abu Taalib al-Qaazi kaun hain? Is baare mein kai hazraat ko ghalat-fehmi hui hai. Baaz ne ye kaha ke unka tarjuma maujood hi nahi. Al Ilal al-Kabeer ke ek mohaqqiq ne unka taayyun Abu Taalib Mahmoob bin Ali al-Asbahani se kar diya aur ye bhi ghalat hai. (Al Ilal al-Kabeer: V1 P54 [Tehqiq Hamza Deeb Mustafa])

Al Ilal al-Kabeer Ke Murattib Abu Taalib Al-Qaazi Ka Taayyun:

Is silsila mein sahih tehqiq sabse pehle Shaikh Abu Umar Abdur Rahman bin Umar al-Faqeeh al-Ghamdi حفظہ اللہ ne apni arabi forum Multaqa Ahle Hadees par pesh ki hai. Jiska khulaasa ye hai ke Abu Taalib, ye "*Abu Taalib Aqeel bin Atiyya bin Abi Ahmad Jaafar bin Muhammad bin Atiyya al-Quzaai al-Qaazi*" hain. Jo 608h ko faut hue. Kyounke apni is kitab mein unho'n ne apni sanad pesh ki hai. Aur apna ustaaz "*Abul Qasim Khalf bin Abdul Malik bin Bashkawal al-Ansari al-Qurtabi*" ko bataaya hai. Kutub-e-taraajim mein bhi unke asaatiza ki fehrist mein "*Abul Qasim Khalf bin Abdul Malik bin Bashkwal al-Ansari al-Qurtabi*" ka tazkira milta hai. (Al Takmalah li Kitab as Salah li Ibne al-Abaar: V4 P33; Al Ihaata Fee Aqbaar Gharnata li Ibn al-Khateeb: V4 P194)

Jabke "*Abu Taalib Mahmood bin Ali al-Asbahani*" ke asaatizah mein "*Abul Qasim Khalf bin Abdul Malik bin Bashkwal al-Ansari al-Qurtabi*" ka koi tazkira kahee'n nahi milta.

Neez "*Abu Taalib Mahmood bin Ali al-Asbahani*" ke tarjuma mein ilm-e-hadees ke saath unke khusoosi lagaao ka tazkirah nahi hota, jabke "*Abu Taalib Aqeel bin Atiyya bin Abhi Ahmad Jaafar bin Muhammad bin Atiyya al-Qaazi*" ke tarjuma mein ilm-e-hadees ke saath unke khusoosi lagaao ka tazkirah milta hai. Jo is baat ki daleel hai ke Ilal at-Tirmizi ke murattib yehi hain.

Is tehqiq ke saamne aane ke baad mohaqqiqeen ne ye baat bil-ittifaaq tasleem Karli hai ke Abu Taalib al-Qaazi ye "*Abu Taalib Aqeel bin Atiyya bin Abi Ahmad Jaafar bin Muhammad bin Atiyya al-Quzaai al-Qaazi (d 608h)*" hi hain.

Chunache Ad-Daktoor Abdur Raheem Saeed ne *Sharah Ilal at-Tirmizi li Ibne Rajab* ki tehqiq mein Abu Taalib al-Qaazi ke taaruf mein yehi baat

kahi hai. (Sharah Ilal at Tirmizi li Ibne Rajab: V1 P78)

Al Ilal al-Kabeer Ke Murattib Abu Taalib al-Qaazi Ki Tauseeq:

Is wazaahat ke baad arz hai ke Abu Taalib Aqeel bin Atiyya bin Abi Ahmad Jaafar bin Muhammad bin Atiyya al-Quzaai al-Qaazi (d 608h) ye Haafiz, Mohaddis, aur Siqa Imam hain:

۞ Imam Muhammad bin Abu Bakr al-Quzaai Ibne al-Abaar (d 658h) ne kaha hai: 'وكان من أهل الحفظ والإتقال والضبط' *"Ye hifz, itqaan aur zabt ke maalik logon mein se the"*. (Al Takmalah li Kitab as Salah li Ibne Al Abaar: V4 P33)

۞ Mohibuddin Ibne Rushd al Fehri رحمه الله (d 721h) ne kaha:

القاضي المحدث الحافظ.

"*Ye qaazi, mohaddis aur haafiz hain*". (Mil ala A'abiya li Ibne Rasheed al Fehri: P47)

۞ Imam Lisanuddin Ibn al-Khateeb رحمه الله (d 776h) ne kaha hai:

كان فقيها متطرّفا في فنون من العلم، متقنا لما يتنا لما يتناوله من ذلك.

"*Aap faqeeh, kai funoon-e-ilm ke maahir aur usse haasil-karda cheez mein mutqin the*". (Al Ihaata Fee Aqbaar Gharnata li Ibn al-Khateeb: V4 P194)

Maaloom hua ke Abu Taalib al-Qaazi *Imam, Haafiz* aur *Siqa Mohaddis* the.

Al Ilal al-Kabeer Ki Sanad:

Abu Taalib al-Qaazi ne apne pesh-e-nazar *Al Ilal al-Kabeer lit Tirmizi* ke nuskhe ki sanad pesh karte hue kaha hai:

وكتاب العلل أخبرني به الشيخ أبو القاسم خلف بن عبد الملك بن بشكوال الأنصاري القرطبي رحمه الله إجازة قال: أخبرني به أبو محمد عبد الله بن أحمد بن سعيد بن يربوع الحافظ مناولة منه لي عن أبي علي الغساني قال: أنا أبو شاكر القبري عن أبي محمد الأصيلي عن أبي زيد المروزي عن أبي حامد التاجر عن أبي عيسىٰ الترمذي رحمه الله.[1]

[1] T: Aur Kitab al-Ilal ki sanad mujhe Shaikh Abu al-Qaasim Khalf bin Abdul Malik bin Bahkwaal al-Ansari al-Qurtabi ne ijaazat (zabaani riwayat ki ijaazat) ke taur par bayan ki. Unho'n ne kaha: Mujhe ye kitab Abu Muhammad Abdullah bin Ahmad bin Saeed bin Yarbu Haafiz ne Munaawalah (kitaabat ya nuskha dekh kar riwayat karne ka tariqa) ke zariye bayan ki, jo unho'n

(Tarteeb Ilal at-Tirmizi al-Kabeer lit Tirmizi: P21 [As Saamraai wa rufaqa])

Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne bhi iski ye sanad zikr ki hai. likhte hain:

كتاب العلل للترميذي: أخبرنا أبو علي محمد بن أحمد الفاضلي إجازة مشافهة عن يونس بن أبي إسحاق عن عبد الرحمن بن مكي عن أبي القاسم بن بشكوال أنبأنا عبد الله بن أحمد بن سعيد بن يربوع مناولة عن أبي علي الحسين بن محمد الجياني أنبأنا أبو شاكر عبد الواحد ابن محمد الخطيب أنبأنا أبو محمد عبدالله بن إبراهيمالأصيلي أنبأنا أبو زيد محمد بن أحمد المروزي عن أبي حامد بن عبدالله التاجر عن أبي عيسى محمد بن ثيسى بن سورة الترمذي به. (Tajreed Asaneed al Kutub al Mashoorah li Ibne Hajar: P158) [1]

Al Ilal al-Kabeer Ki Sanad Ki Tehqiq:

Ye sanad bilkul sahih hai, balke sehat ke bahut aala darje par hai. Kyounke Abu Haamid at-Taajir (siqa) ke alaawa iske tamaam rijaal na sirf siqa hain, balke aimma aur huffaaz hain aur Abu Haamid at-Taajir ki tauseeq bhi siqa imam se saabit hai.

Ab har raawi se mutaalliq qadre tafseel mulaahaza kare'n:

❁ Abu Haamid at-Taajir:

Ye "Abu Haamid Ahmad bin Abdullah bin Dawood at-Taajir al-Mirwazi" hain. Jaisa ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ ki zikr-karda sanad se waazeh hai aur ye siqa hain. Chunache Imam Abu Jaafar Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair as-Saqafi al-Gharnati ﷫ (d 708h) ne kaha:

روى هذا الكتاب عن الترمذي سية رجال. فيما علمته: أبو العباس محمد بن أحمد بن محبوب، وأبو سعيد الهيثم

---

ne Abu Ali Ghassaani se riwayat ki. Abu Ali Ghassani ne kaha: Maine Abu Shakir Qabri se suna, unho'n ne Abu Muhammad Aseeli se, unho'n ne Abu Zaid Mirwazi se, unho'n ne Abu Haamid Taajir se, aur unho'n ne Abu Isa Tirmizi (musannif Sunan Tirmizi) se riwayat ki. [RSB]

[1] T: Imam Tirmizi ki kitab Al Ilal ki sanad hamen Abu Ali Muhammad bin Ahmad Fazli ne ijaazat-e-mushaafaha (zabaani riwayat ki ijaazat) ke zariye bayan ki. Unho'n ne Yunus bin Abi Ishaq se riwayat ki, unho'n ne Abdur Rahman bin Makki se, unho'n ne Abu al-Qaasim bin Bashkwaal se riwayat ki. Abu al-Qasim Bashakwaal ne kaha: Hamen Abdullah bin Ahmad bin Saeed bin Yarboo ne Munaawalah (kitaabat ya nuskha dekh kar riwayat karne ka tariqa) ke zariye riwayat ki. Unho'n ne Abu Ali Hussain bin Muhammad Jayaani se, unho'n ne Abu Shakir Abdul Waahid bin Muhammad Khateeb se, unho'n ne Abu Muhammad Abdullah bin Ibrahim Aseeli se, unho'n ne Abu Zaid Muhammad bin Ahmad Mirwazi se, unho'n ne Abu Haamid bin Abdullah Taajir se aur unho'n ne Abu Isa Muhammad bin Isa bin Surah Tirmizi (Imam Tirmizi) se ye kitab riwayat ki. [RSB]

بن كليب الشاشي، وأبو ذر محمد بن إبراهيم، و أبو محمد الحسن بن إبراهيم القطان، وأبو حامد أحمد ابن عبدالله التاجر، وأبو الحسن الوَذَاري، وأما ما ذكره بعض الناس من أنه لا يَصِحُّ سماع أحد في جامع الترمذي عن أبي عيسى ولا روايته عنه، فهذا باطل، قاله من قاله، فإن الروايات للجامع عن هؤلاء الثقات منتشرة شائعة عنهم، و عن جملة معروفين إلى المصنف.

"Is kitab (Sunan Tirmizi) ko (Imam) Tirmizi se mere ilm ke mutaabiq 6 raawiyo'n ne riwayat ki hai: ① Abul Abbas Muhammad bin Ahmad bin Mahboob. ② Abu Saeed al-Haitham bin Kulaeb as-Shaashi. ③ Abu Zar Muhammad bin Ibrahim. ④ Abu Muhammad al-Hasan bin Ibrahim al-Qattaan. ⑤ Abu Haamid Ahmad bin Abdullah at-Taajir. ⑥ Abul Hasan al-Wazari. Rahi wo baat jise baaz logon ne zikr kiya hai, ke Abu Isa (Imam Tirmizi) se Jaame Tirmizi ka sunna kisi ka bhi sahih nahi aur na unse ise riwayat karna sahih hai, to ye baatil hai. Use jisne bhi kaha hai, kyounke un siqa raawiyo'n se (jinka maa-qabl[1] mein tazkirah hua hai) Jaame Tirmizi ki riwayaat aam aur mashoor hain. Isi tarah aur bhi kai ruwaat se mashoor hain, jinki sanad musannif tak maaroof hai". ❶

• ❶ برنامج ابن ازبير الغرناطي, نقلًا عن قوت المغتذي للسيوطي: (ص: 23-24) ولفظه: قال الحافظ أبو جعفر بن الزبير في "بَرْنَمجه": روى هذا الكتاب عن الترمذي ستة رجال...." وبهجة المحافل وأجمل الوسائل بالتعريف برواة الشمائل (ج1 ص43) واللفظ اللذي تحته خط له.

Imam Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair al-Gharnati ﷫ ki ye poori ibaarat unki kitab "*Barnaamij*" se manqool hai. Jaisa ke Imam Suyuti ne saraahat kardi hai aur kitab se naqal-karda ibaarat saabit-shuda maani jaati hai. Is liye ye ibaarat Imam Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair al-Gharnati ﷫ se saabit hai.

Hamne is ibaarat ka ibtidaai hissa Imam Suyuti ki kitab "*Quwwat al-Mughtazi*" se naql kiya hai. Jabke akheer ka khat-kashida[2] hissa Allama Burhanuddin al-Laqaani ki kitab "*Bahjatul Mahaafil*"se manqool hai. Ye aakhri Imam Suyuti ne bhi naql kiya hai. Lekin Imam Suyuti ki naql-karda ibaarat mein khalal hai. Jaisa ke Allama Burhanuddin al-Laqaani ki ibaarat se muwaazna karke pata chalta hai. Gghaaliban Imam Suyuti ne "*Barnaamij*" ke jis nuskhe se naql kiya hai, usi mein khalal hai ya phir Imam Suyuti ki kitab "*Quwwat-ul-Mughtazi*" hi ke nuskho'n mein ye tabdeeli hui hai.

Behrehaal Allama Burhanuddin al-Laqaani ki naqal-karda Imam Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair al-Gharnati ﷫ ki ibaarat bahot hi saaf aur sareeh hai. Lihaaza ye hujjat hai•

Imam Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair al-Gharnati ﷫ ne apne is kalam

[1] T: (ماقَبْل) Jo pehle ho, pehle ka [RKT]
[2] T: Wo alfaaz jise underline kiya gaya hai [RSB]

mein pehle Sunan Tirmizi ke 5 ruwaat ka tazkirah kiya hai. Jin mein Abu Haamid Ahmad bin Abdullah at-Taajir ko bhi zikr kiya hai. Uske baad un tamaam ruwaat ko ‘هؤلاء الثقات’ kehkar in sabki sareeh tauseeq ki hai.

Is hawaale se saabit ho gaya ke Abu Haamid at-Taajir ki sareeh tauseeq saabit hai, lihaaza unhe'n majhool qaraar dena qatan durust nahi hai. Waazeh rahe ke Abu Haamid at-Taajir ki tauseeq karne waale Imam Abu Jaafar Ahmad bin Ibrahim az-Zubair as-Saqafi al-Gharnati ؒ (d 708h) bahut bade imam, haafiz aur siqa mohaddis hain:

Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha:

الإمام الحافظ العلامة شيخ القرء والمحدثين لالأندلس أبو جعفر أحمد إبراهيم ين الزبير بم محمد بن إبراهيم ابن زبير بن عاصم الثقفي العاصمي الغرناطي.

“*Imam, Haafiz, Allama, Andalus ke Shaikh ul-Qurra wal Mohaddiseen Abu Jaafar Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair bin Muhammad bin Ibrahim bin Zubair bin Aasim as-Saqafi al-Aaasmi al-Gharnati*”. (Tazkirah tul Huffaz liz Zahbi: V4 P1484)

Imam Kamaluddin Jaafar bin Taghlab al Adfawee (d 749h) ne kaha:

كان ثقة قائما بالأمر بالمعروف والنهي عن المنكر قامعا لأهل البدع.

“*Aap siqa the, amr bil maaroof aur nahee anil munkar[1] ka fariza anjaam dene waale aur ahle bidat ka qila-qama[2] karne waale the*”. (Ad Durar I Kaamenah li Ibne Hajar: V1 P98)

Imam Lisanuddin Ibn al-Khateeb ؒ (d 776h) ne kaha:

كان خاتمة المحدثين... شديداً على أهل البدع ملازماً للسنة.

“*Aap khatamatul mohaddiseen the... ahle bidat par sakht the aur sunnat ko mazbooti se thaamne waale the*”. (Al Ihaata Fee Aqbaar Gharnata li Ibn al-Khateeb: V4 P194)

Haafiz Ibne Hajar ؒ (d 852h) ne kaha:

حافظ للحديث، مميز لصحيحه من سقيمه، ذاكر لرجاله وتوار يخهم، متسع الرواية، عني بها كثيرا، وصنف برنامج

---

[1] T: (اَمْر بِالمَعْروف نَہی عَنِ المُنکَر) Neki ki hidaayat, waajibaat se aagaah karna aur un cheezo'n se rokna jin ki shar-an mumaaniat hai [RSB]

[2] T: (قَلع قَمع) Masmaar karna, indihaam karna, rooting-out (some evil or undesirable thing) [RKT]

رواياته.

"*Aap hadees ke haafiz, sahih aur zaeef ahadees mein tameez karne waale, hadees ke rijaal aur unki taareekho'n ko yaad karne waale aur wasee ur riwaaya the. Riwayat par aapne bahut tawajjo di hai aur apni riwayaat ka 'Barnaamij', tehreer kiya hai*". (Ad Durar al-Kaaminah li Ibne Hajar: V1 P98)

Waazeh rahe ke unki jis tasneef 'Barnaamij', ka zikr Haafiz Ibne Hajar ne kiya hai, usi mein unho'n ne Abu Haamid at-Taajir ki tauseeq ki hai. كما مضىٰ

Iske saath is baat par bhi ghaur kare'n ke Abu Haamid at-Taajir jis tarah Imam Tirmizi ki kitab 'Al Ilal al-Kabeer, ke raawi hain, usi tarah ye Imam Tirmizi ki sabse azeem kitab Jaame Tirmizi ke bhi raawi hai. (Fehris Ibne Atiyya: P122; Fehrisah Ibn al-Khair al-Ashbeeli: P100; Barnamij at-Tujaibi: P103 & 107; Quwwat al Mughtazi Alaa Jaame Tirmizi: V1 P24)

Jaame Tirmizi ka jo nuskha Abu Haamid at-Taajir ne riwayat kiya hai, us par kisi bhi saahib-e-ilm ne eteraaz nahi kiya, balke kai ahle ilm ne us par etemaad kiya hai aur uske nusoos naql kiye hain. (Tohfatul Ashraaf lil Mizzi: V5 P120; Al Badar-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V4 P558)

Abu Usman al-Buhairi (d 451h ne Abu Haamid at-Taajir ki sanad se Imam Tirmizi se ek hadees naql ki hai. (Al Fawaaed al Maqhraja Min Usool Masmua'aat Abi Usman al Baheeri: P88 Tarqeem as Shaamlah) Ye hadees aen usi sanad-o-matan ke saath Sunan Tirmizi mein bhi maujood hai. (Sunan Tirmizi: V1 P178 #106 [Shakir])

Ye cheeze'n bhi is baat ki daleel hain ke Abu Haamid at-Taajir ki riwayat-karda kutub qaabil-e-etemaad hain.

Is tafseel se maaloom hua ke Abu Haamid at-Taajir siqa aur qaabil-e-etemaad hain aur inki riwayat-kardakitabe'n hujjat hain.

◊ Abu Zaid al-Mirwazi:

Ye Muhammad bin Ahmad bin Abdullah al-Faqeeh az-Zaahid Abu Zaid al-Mirwazi (d 371h) hain.

Aap bahut bade Imam, Haafiz, Mutqin aur Azeem Siqa Mohaddis hain, Imam Bukhari ki kitab Sahih ke jaleel-ul-qadr raawi hain aur Imam

Daraqutni, Imam Haakim jaise jaleel-ul-qadr mohaddiseen ke ustaaz hain.

Khateeb Baghdadi ؒ (d 463h) ne kaha hai:

كان أحد أئمة المسلمين.

"*Aap aimma muslimeen mein se ek the*". (Taareekh Baghdad: V1 P314 [As Saadah])

Imam Abdul Kareem Samaani ؒ (d 562h) ne kaha:

وما دام بمرو في الأحياء ما كان يقرأ على غيره لفضله و علمه وإتقانه.

"*Aap ba-hayaat logon mein jab tak Merv*[1] *mein maujood the, Aapke fazl, ilm aur itqaan ki wajah se aapke alaawa kisi aur se Sahih Bukhari nahi padhi jaati thi*". (Al Ansaab lil Sama'aani: V10 P134 [Al Muallami])

Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha: 'الشيخ، الإمام، المفتي، القدوة، الزاهد' "*Aap Shaikh, Imam, Mufti, Qudwah*[2] *aur Zaahid hain*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V16 P313)

Tajuddin as-Subki (d 771h) ne kaha:

كان ممن أجمع الناس على ذهده وورعه وكثرة علمه و جلالته في العلم والدين.

"*Aap un logon mein se the, jinke Zohd, Wara', Kasrat-e-Ilm aur Ilm-o-Deen mein aapki azmat par logon ka ijma hai*". (Tabaqaat as Shafaiya al-Kubra lis-Subki: V3 P72)

Imam Ibne Kaseer ؒ (d 774h) ne kaha:

إمام أهل عصره في الفقه والزهد والعبادة والورع.

"*Fiqa-o-Zohd aur Ibadat-o-Wara' mein apne waqt ke imam the*". (Al Bidaaya wan Nihaaya: V11 P299 [Maktaba al-Maarif])

Naaef bin Salah bin Ali al-Mansoori unke baare mein aimma-e-fan ke aqwaal naql karne ke baad likhte hain: 'ثقة مشهور بافقة والزه' "*Aap Siqa hain aur Fiqh-o-Zohad mein mashoor hain*". (Ad Daleel al Mughni lish Shuyookh al Imam Abul Hasan ad-Daraqutni: P341)

---

[1] T: Ye central asia mein ek (1) ahem irani shahar tha jo mashoor silk road par waaqe tha, aaj ye ilaaqa Turkmanistan mein maujood hai [RSB]

[2] T: (القدوة) Aisa namoona ya misaal jiski deen ke maamle mein paerawi ki jaae [RSB]

◊ Abu Muhammad al-Aseeli:

Ye Imam, Haafiz Abu Muhammad Abdullah bin Ibrahim al-Aseeli ﷫ (d 392h) hain. Aap Imam Haafiz, Sabat, Mutqin, bahut bade siqa mohaddis aur kai kitabo'n ke musannif hain.

۞ Imam Ahmad bin Yahya Abu Jaafar az-Zubee ﷫ (d 599h) ne kaha:

من كبار أصحاب الحديث... وكان متقناً للفقه والحديث.

"*Aap kibaar mohaddiseen mein se the… aur fiqa-o-hadees mein mutqin the*". (Baghiya al Multamis Fee Taareekh Rijaal Ahl al Andalus: P340)

۞ Imam Yaqoot bin Abdullah al-Hamawi ﷫ (d 626h) ne kaha:

أبو محمد عبد الله بن إبراهيم الأصيلي محدّث متقن فاضل معتبر.

"*Abu Muhammad Abdullah bin Ibrahim al Aseeli, Mohaddis, Mutqinan, Faazil aur Motabar hain*". (Mojam al Badlaan lil Hamawi: V1 P213 [Beirut edition])

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha:

الحافظ الثبت العلامة أبو محمد عبدالله بن إبراهيم بن محمد الأندلسي.

"*Haafiz, Sabat Allama Abu Muhammad Abdullah bin Ibrahim bin Muhammad al-Andalusi*". Tehzeeb

◊ Abu Shakir al-Qubri:

Ye Imam Abdul Waahid bin Muhammad bin Muwahib Abu Shakir al-Tujaibi ﷫ (d 456h) hain. Aap bhi apne waqt ke Imam, Faqeeh, Siqa Mohaddis aur Allama the. Imam Abu Muhammad al-Aseeli se unho'n ne Sahih Bukhari riwayat ki hai.

۞ Imam Ibn Makola ﷫ (d 475h) ne kaha:

فقيه محدث أديب خطيب ساعر روى كتاب الجامع الصحيح للبخاري عن أبي محمد عبد الله بن إبراهيم الأصيبي روى عنه جماعة من أهل الأندلس.

"*Aap Faqeeh, Mohaddis, Adeem aur Shaayar the. Aapne Abu Muhammad bin Abdullah bin Ibrahim al-Aseeli se Imam Bukhari ki Al-*

Jaame as-Sahih ki riwayat ki hai aur unse ahle andalus ki ek jamat ne riwayat kiya hai". (Al Kamal li Ibne Makola: V7 P107)

۞ Abul Fazal al-Qazi Ayaz bin Musal al-Haesbi رحمه الله (d 544h) ne kaha:

وكان من أهل العلم بالحديث والفقه والعربية والكلام والنظر والجدل على مذهب أهل السنة.

"*Aap hadees, fiqha, arabi, kalam, nazar aur jadal*[1] *ke ulama mein se the. Ahle Sunnat ke mazhab par the*". (Tarteeb-ul-Madaarik wa Taqreeb-ul-Masaalik: V8 P144)

۞ Imam Abul Qasim ibn Bashkawal رحمه الله (d 578h) ne kaha:

وكان أشبه الناس بالسلف الصالح.

"*Aap logon mein sabse ziyada salaf-o-saleheen ke mushaaba the*". (As Silah Fee Tareeq Aimma al Andalus li Ibn Bashkwal: P366)

۞ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'الإمام ابعلامة' "*Aap Imam aur Allama hain*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V18 P179)

Abul Fida Zainuddin Qasim bin Qatlubagha (d 879h) ne unhe'n siqaat mein zikr kiya hai. (As Siqaat Miman Lam Yaqa' Fil Kutub as-Sittatah: V6 P499)

◊ Abu Ali al-Ghassaani:

Ye Imam, Haafiz Abul Ali al-Hussain bin Muhammad bin Ahmad al-Ghassani al-Jiyaani رحمه الله (d 498h) hain. Aap apne waqt ke azeem-ush-shaan Haafiz, Sabat, Mutqin, Siqa, Mohaddis, Maahir-e-Fann aur saahib-e-tasneef imam the.

۞ Ibn al-Mawaaq (d 642h) ne unhe'n: 'إمام عصره في الحديث' "*Apne waqt ka mohaddis-ul-asr kaha hai*". (Baghiya tul Niqaad al Naqhlah: [Ad Daraasah/306])

۞ Unke shaagird Imam Abu Muhammad Ibne Atiyya al-Andalusi al-Muhaaribi رحمه الله (d 542h) ne kaha:

أحد من انتهت إليه الرئاسة بالأندلس في علم الحديث وإتقانه والمعرفة بعلله ورجاله.

"*Andalus ke un logon mein se ek the, jin tak ilm-e-hadees aur uske itqaan*

[1] T: Haq baat ko dalaail se saabit karne waale [RSB]

aur ilal-o-rijaal ki maarifat khatam thi". (Fehris Ibne Atiyya: P78)

۞ Imam Abul Qasim ibn Bashkwal ؒ (d 578h) ne kaha:

كان من جهابذة المحدثين، وكبار العلماء المسندين، وعني بالحديث وكتبه وروايته، وضبطه، وكان حسن الخط جيد الضبط.

"*Aap azeem mohaddiseen aur kibaar musnideen mein se the. Hadees, uski kutub aur uski riwayat-o-zabt ka ehtemaam kiya. Aap acche khat aur behtareen zabt waale the*". (As Silah Fee Taareekh Aimmah al Andalus li Ibne Bashkwal: P142)

۞ Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha: 'الحافظ الإمام الثبت محدث الأندلس' "*Aap haafiz, imam, sabat aur andalus ke mohaddis hain*". (Takzirah tul Huffaz liz Zahbi: V4 P1233)

◊ Abu Muhammad Abdullah bin Ahmad bin Saeed bin Yarbu al-Haafiz:

Aap bahut bade Imam, Haafiz, Siqa Mohaddis aur Saahib-e-tasneef hain.

۞ Imam Abul Qasim Ibne Bashkwal ؒ (d 578h) ne kaha:

كان حافظ للحديث وعلله، عارفا بأسماء رجاله و نقلته، يبصر المعدلين منهم والمجرحين، ضابطا لما كتبه، ثقة فيما رواه.

"*Aap hadees aur ilal ke haafiz aur hadees ke rijaal-o-naaqileen ke naamo'n ke jaankaar the. Un mein se siqa aur majruheen ko pehchaante the. Jo likhte the, us mein zaabit the aur jo riwayat karte, us mein siqa the*". (As Silah Fee Taareekh Aimmah al Andalus li Ibne Bashkwal: P283)

۞ Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha:

الحافظ الإمام المحقق أبو محمد عبد الله بن أحمد بن سليمان بن سعيد بن يربوع الأندلسي الشنتريني ثم الأشبيلي محدث قرطبة.

"*Aap Haafiz, Imam, Mohaqqiq Abu Muhammad Abdullah bin Ahmad bin Sulaiman bin Saeed bin Yarbu al-Andalusi ash Shantreeni al-Ashbeeli aur Qurtaba ke mohaddis hain*". (Takzirah tul Huffaz liz Zahbi: V4 P1271)

Doosri jagah kaha: 'الأستاذ، الحافظ، المجود، الحجة' "*Aap ustaaz, hafiz, majwad*

aur hujjat hain". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V19 P578)

◊ Ash Shaikh Abul Qasim Khalaf bin Abdul Malik bin Bashkwal al-Ansari al-Qurtabi:

Aap Imam, Haafiz, Mutqin, Hujjat aur Siqa mohaddis hain.

۞ Imam Muhammad bin Abdullah bin Abi Bakr al Quzai Ibnul Abaar (d 658h) ne kaha: 'وكان رحمة الله متسع الرواية، شديد العناية بها، علرفا بوجهها، حجة فيما يرويه' "*Aap* ﷫ *wasee ur riwaaya, riwayat ka shadeed ehtemaam karne waale aur iske tariqe se waqif the aur jo riwayat karte, isme hujjat the*". (At Takmalah li Kitab al Silah li Ibnul Abaar: V1 P249)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'الحافظ الإمام المتقن' "*Aap Haafiz, Imam aur Mutqinan hain*". (Tazkiratul Huffaz liz Zahbi: V4 P13339)

Unse Abu Taalib al-Qaazi ne riwayat kiya hai, jo Imam Tirmizi ki is kitab ke murattib hain aur unki tauseeq shuru mein pesh ki ja chuki hai.

Is tafseel se maaloom hua ke ye sanad sahih hai, balke sehat ke bahut alaa darje par hai aur ye kitab Imam Tirmizi se saabit hai. 'والحمد لله'

Faaeda:

Imam Tirmizi ki kitab *Al Ilal al-Kabeer* ko riwayat karne mein Abu Haamid at-Taajir munfarid bhi nahi hain. Balke *Abu Zar Muhammad bin Ahmad Ibrahim bin Muhammad at-Tirmizi* ne bhi Imam Tirmizi se unki yehi kitab riwayat ki hai. Chunache Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne *Al Ilal al-Kabeer lit Tirmizi* ki doosri sanad pesh karte hue kaha hai:

وبرواية أبي علي الجياني (يعني أخبرنا أبو علي محمد بن أحمد الفاضلي إجازة مشافهة عن يونس بن أبي إسحاق عن عبد الرحمن بن مكي عن أبي القاسم بن بشكوال أنبأنا عبدالله بن أحمد بن سعيد بن يربوع مناولة عن أبي علي الحسين بن محمد الجياني) أيضا عن أبي القاسم حاتم ين محمد التميمي أنبأنا أحمد بن عباس بن أصبغ أنبأنا أبو يعقوب يوسف بن أحمد بن يوسف الصيدلاني أنبأنا أبو ذر محمد بن أحمد إبراهيم بن محمد الترمذي

(Tajreed Asaneed al Kitab al Mashoorah li Ibne Hajar: P159) [1] أنبأنا أبو عيسى الترمذي به.

Ye sanad bhi bilkul sahih hai, iske saare rijaal siqa-o-sadooq aur qaabil-e-etemaad hain. Zel min inki tafseel mulaahaza ho:

◊ Abu Zar Muhammad bin Ahmad Ibrahim bin Muhammad at-Tirmizi:

Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h) ne unki sanad se ek riwayat naql karke kaha hai: 'ما ثبت عليه السلام من نقل الآحاد العدول في ذلك قوله' *"Allah ke Nabi ﷺ se aapka ye qaul aadil raawiyo'n ki riwayat se saabit hai"*. (Al Istizkaar li Ibne Abdul Bar: V1 P21)

Maa-qabl mein Abu Haamid at-Taajir ki tauseeq mein Imam Ahmad bin Ibrahim bin az-Zubair al-Gharnati ﷫ ka jo kalam pesh kiya gaya hai. Us mein Abu Zar Muhammad bin Ahmad Ibrahim bin Muhammad at-Tirmizi ki tauseeq bhi maujood hai.

۞ Abu Yaqoob Yusuf bin Ahmad bin Yusuf as-Seedlaani:

Ye bhi siqa hain, Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h) ne mazkura-baala hawaale mein jis sanad ke raawiyo'n ki tauseeq ki hai, us mein ye bhi maujood hain. (Al Istizkaar li Ibne Abdul Bar: V1 P21)

Ye Imam Uqaili ki kitab *Az Zoafa* ke raawi hain. (Taareekh al Islam: V8 P643 [Basshar])

Imam Zahbi ne unke baare mein ek muqaam par kaha hai:

ومحدث مكة أبو يعقوب يوسف بن أحمد بن الدخيل.

"*Makkah ke mohaddis Abu Yaqoob Yusuf bin Ahmad bin ad-Dakheel*".

---

[1] T: Is riwayat ko Abu Ali Jiyaani ne ek (1) aur sanad se bayan kiya hai, yaane unho'n ne kaha hamen Abu Ali Muhammad bin Ahmad Fazli ne Ijaazat Mushaafah (zabaani ijaazat) ke zariye khabar di. Unho'n ne Yunus bin Abi Ishaq se, unho'n ne Abdur Rahman bin Makki se, unho'n ne Abu al-Qaasim bin Bashkwaal se riwayat ki. Abu al-Qaasim bin Bashkwaal ne kaha: Hamen Abdullah bin Ahmad bin Saeed bin Yarboo ne munaawalah (kitaabat ke zariye) riwayat ki. Unho'n ne Abu Ali Hussain bin Muhammad Jiyaani se, unho'n ne Abu al-Qaasim Haatim bin Muhammad Tamimi se, unho'n ne Ahmad bin Abbas bin Asbagh se, unho'n ne Abu Yaqoob Yusuf bin Ahmad bin Yusuf Saedlaani se, unho'n ne Abu Zar Muhammad bin Ahmad Ibrahim bin Muhammad Tirmizi se aur unho'n ne Abu Isa Tirmizi se ye riwayat bayan ki. [RSB]

(Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V17 P27)

◊ Ahmad bin Abbas bin Asbagh (d after 419h):

Unke ham-asar aur ham-sabaq Imam Abu Bakr al-Hasan bin Muhammad al Qabshi ﷫ (d 432h) ne kaha hai: 'كانت له عنايةٌ بالعلم. سمع معنا على جماعة من شيوخنا' "*Ilm ke saath inka gehra rishta tha, hamare saath unho'n ne hamare shuyookh ki ek jamat se suna hai*". (As Silah Fee Taareekh Aimmah al Andalus li Ibne Bashkwal: P42

۞ Imam Abul Qasim ibn Bashkwal ﷫ (d 578h) ne kaha:

واستوطن مكة المكرمة وصار من جلة شيوخها.

"*Unho'n ne Makkah Mukarrama mein rihaaish ikhtiyaar ki aur waha'n ke jaleel ul-qadr mashaaikh mein ho gae*". (As Silah Fee Taareekh Aimmah al-Andalus li Ibne Bashkwal: P42)

Kisi kitab ke raawi ke liye itni taadeel hi bahut kaafi hai. Haafiz Zubair Ali Zai ﷫ ek muqaam par likhte hain: "*Teesri sadi hijri ke baad mashoor aalim par agar jarh na ho to uski tauseeq ki saraahat ki zaroorat nahi hai. Balke ilm, faqaahat, neki aur deendaari ke saath mashoor hone ka yehi matlab hai ke aise shakhs ki hadees hasan darje se kabhi nahi girti aur uska muqaam kam-az-kam sadooq zaroor hota hai*". (Azwa al-Masabeeh: P251)

◊ Abul Qasim Haatim bin Muhammad at-Tameemi:

۞ Imam Abu Ali al Hussain bin Muhammad bin Ahmad al-Ghassani ﷫ (d 498h) ne kaha: 'ثقة فيما يروي' "*Ye apni marwiyaat mein siqa the*". (As Silah Fee Taareekh Aimmah al-Andalus li Ibne Bashkwal: P155)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'المحدث المتقن الإمام الفقيه' "*Ye mohaddis, mutqin, imam aur faqeeh hain*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V19 P336)

Abu Ali al-Jiyaani al-Ghassani, Abdullah bin Ahmad bin Saeed bin Yarbu aur Abul Qasim bin Bashkwal ki tauseeq Abu Taalib al-Qaazi waali sanad ke taaruf mein guzar chuki hai.

◊ Abdur Rahman bin Makki:

Ye Abdur Rahman bin Makki bin Abdur Rahman bin Abi Saeed bin Ateeq, Abul Qasim Ibnul Haasib at-Tarablisi hain.

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha hai:

وتفرد في زمانه، ورحل إليه الطلبة... روى عنه أئمة و حفظ... لا بأس فيه.

"*Ye apne zamane mein yakta-e-rozgar the. Talaba ne unki jaanib safar kiya aur unse aimma-o-huffaz ne riwayat kiya hai. Un mein koi harj nahi hai*". (Taareekh al Islam liz Zahbi: V48 P98 [Tadmuri])

◊ Yunus bin Abi Ishaq aur Abu Ali al-Faazli:

Ye bhi siqa hain.

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne in dono ki sanad se marwi ek riwayat ko 'هذا موقوف صحيح' "*Ye mauqoof hai aur sahih hai*" kaha hai. (Al Amaali al Mutlaqh: P152)

Neez Abu Ali al-Faazli ke tareeq se marwi ek riwayat ke baare mein kaha hai: 'هذا حديث حسن رواته موثوقون' "*Ye hadees hasan hai, iske ruwaat muwassaq hain*". (Al Imta'a bil Arbaeen al Matabaaniyah as Sama'a li Ibne Hajar Asqalani: P20)

Maaloom hua ke Abu Zar Muhammad bin Ibrahim bin Muhammad at-Tirmizi se bhi Imam Tirmizi ki kitab *Al Ilal al-Kabeer* riwayat karna saabit hai. Albatta unka riwayat-karda nuskha is waqt mafqood[1] hai. Taaham isse ye to maaloom hua ke Imam Tirmizi ﷫ ki taraf is kitab ki nisbat durust hai aur Abu Haamid at-Taajir tanha shakhs nahi hain, jinho'n ne Imam Tirmizi se unki kitab *Al Ilal al-Kabeer* riwayat ki hai.

Aamad Bar-sar-e-Matlab:

Imam Tirmizi ki kitab ke suboot par bahes ke baad ham un deegar aimma ke aqwaal zikr karte hain, jinho'n ne Sufyan Sauri ﷫ ki tadlees ki kasrat ki nafi ki hai. Yaane unhe'n *qaleel-ut-tadlees* batlaaya hai.

---

[1] T: (مَفقُود) Khoya hua, ghaayab, gum-shuda [RKT]

۞ Imam A'laai رحمه الله (d 761h) ne kaha hai:

سفيان بن سعيد الثوري الإمام المشهور تقدم أنه يدلس ولكن ليس بالكثير.

"*Sufyan bin Saeed Sauri mashoori Imam hain, ye baat guzar chuki hai ke wo tadlees karte hain, lekin ziyaada nahi*". (Tohfat at-Tahseel Fee Zikr Ruwaat al-Maraseel: P130)

۞ Imam Waliuddin Ibne Iraqi رحمه الله (d 826h) ne kaha:

سفيان بن سعيد الثوري الإمام المشهور يدلس ولكن ليسس بالكثير.

"*Sufyan bin Saeed Sauri mashoor Imam hain, ye tadlees karte hain, lekin ziyaada nahi*". (Tohfat at-Tahseel Fee Zikr Ruwaat al-Maraseel: P130)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

الثانية من احتمل الأئمة تدليس وأخرجواله في الصحيح لإمامته وقلة تدليسه في جنب ما روى كالثوري.

"*Doosra tabqa un mudalliseen ka hai, jinki tadlees ko mohaddiseen ne bardasht kiya hai aur unki ahadees ko apni Sahih mein riwayat kiya hai. Unki imamat aur unki marwiyaat mein qillat-e-tadlees ki wajah se, jaise (Imam) Sauri hain*". (Tabaqaat al-Mudalliseen li Ibne Hajar: P13 [Al Qaryuti])

Doosri jagah kaha: 'وكان ربما دلس' "*(Sufyan Sauri) kabhi kabhaar tadlees karte the*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 2445)

Qaleel-ut-Tadlees Mudallis Ka Ananah (عنعنه) Bil-ittifaaq Maqbool Hota Hai:

Guzishta tafseel se ye baat saabit ho gai ke aimma-o-mohaddiseen ne Sufyan Sauri رحمه الله ko qaleel-ut-tadlees batlaaya hai aur unse kasrat-e-tadlees ki nafi ki hai. Lihaaza jab ye qaleel-ut-tadlees hain, to unka ananah maqbool hai. Kyounke tadlees se mutaalliq sahih mauqif yehi hai ke kaseer-ut-tadlees mudallis ruwaat ka ananah deegar turq mein adm-e-saraahat aur adm-e-shawaahid-o-mutaaba-at ki soorat mein rad hoga.

Lekin qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah aam haalaat mein qubool hoga. Illa ye ke kisi khaas riwayat mein ananah ke saath-saath tadlees ka bhi suboot milj aae, ya tadlees par qaraain mil jaae'n. Ye bilkul aise hi

hai, jaise ham kaseer-ul-qataa aur qaleel-ul-qataa raawi mein farq karte hain aur you'n mauqif apnaate hain.

❁ Kaseer-ul-Qataa raawi ki marwiyaat adm-e-shawaahid-o-mutaaba-at ki soorat mein rad hongi.

❁ Qaleel-ul-Qataa yaane sadooq raawi ki riwayaat aam haalaat mein maqbool-o-hasan hongi, illa ye ke kisi khaas riwayat mein uski ghalati saraahatan saabit ho jaae ya uski ghalati par qaraain mil jaae'n.

Allama Albani رحمه الله yehi wazaahat karte hue farmate hain:

منهم من يغتفر تدليسه لقلته، وتقبل عنعنتهم كالثقات الذين في حفظهم ضعف، فهولاء يقبل حديثهم.

"*Mudalliseen mein baaz aise hain, jinki tadlees unke qaleel-ut-tadlees hone ki wajah se maaf hai aur unka ananah maqbool hai. Jaise un siqaat raawiyo'n ka maamla hai, jinke haafize mein zof hai (yaane jo qaleel-ul-qataa ki wajah se Hasan-ul-Hadees hain) to aise raawiyo'n ki hadees maqbool hoti hai*". (An Naseeha: P27-28)

Maaloom hua ke jo shakhs kaseer-ut-tadlees mudallissen ki tarah qaleel-ut-tadlees raawiyo'n ke ananah ko bhi rad karta hai, wo aise shakhs ki tarah hai, jo kaseer-ul-khata, yaane zaeef raawiyo'n ki tarah qaleel-ul-qataa. Yaane Hasan-ul-Hadees raawiyo'n ki riwayat ko bhi rad karne lage.

Yaad rahe ke tadlees aur mudallis ke ananah mein farq hai. Agar mudallis ne an 'عن' se riwayat kiya hai to iska ye laazim matlab nahi hai ke usne us ananah mein tadlees bhi ki hai. Balke yahan faqat ehtemaal hai ke tadlees ki hogi ya nahi ki hogi. Ab dekhna ye hoga ke kaun sa ehtemaal ghaalib hai? Kyounke ghaalib ehtemaal hi ki bina par hukm lagta hai. Balke ye keh le'n ke usool-e-hadees ke aksar ahkamaat ghaalib ehtemaal hi par mabni hote hain. Masalan:

❁ Siqa-o-Sadooq ki riwayat ko sahih kaha jaata hai, halaanke koi siqa maasoom-anil-khata nahi hai. Balke ghalati bhi kar sakta hai. Lekin ghaalib ehtemaal sehat ka rehta hai, is liye sahih ka hukm lagta hai.

❁ Kaseer-ul-Qataa ki riwayat sahih bhi ho sakti hai. Zarooi nahi hai ke

har jagah wo ghalati hi kare, lekin ghaalib ehtemaal ghalati ka rehta hai, is liye zaeef ka hukm lagta hai.

۞ Kazzaab raawi sach bhi bol sakta hai, balke shaitan ka bhi sach bolna saabit hai. Lekin kazzab ki riwayat mein kizb ka ehtemaal ghaalib hai. Is liye mauzoo ka hukm lagta hai. Yehi haal kaseer-ut-tadlees aur qaleel-ut-tadlees mudallis ka bhi hai.

۞ Qaleel-ut-Tadlees raawi tadlees karke ba-seegha-e-an 'عن' bayan kar sakta hai, lekin ghaalib ehtemaal adm-e-tadlees ka hai. Is liye uska ananah qubool hoga.

۞ Kaseer-ut-Tadlees raawi baghaer tadlees ke bhi ba-seegha-e-an 'عن' bayan kar sakta hai. Lekin ghaalib ehtemaal tadlees ka rehta hai. Is liye uska ananah ghair-maqbool hota hai.

To jab hame kisi mudallis raawi ke baare mein ye maaloom ho jaae ke tadlees bahut kam karta hai, to iska matlab ye hua ke uske ananah mein tadlees ghaalib nahi hai. Lihaaza aise mudalliseen ke ananah mein adm-e-tadlees ghaalib hai aur usi ghaalib ehtemaal ki buniyad par qaleel-ut-tadlees mudalliseen ka ananah qaabil-e-qubool hota hai.

Albatta is me istisnaai soorat ye hoti hai ke agar kisi qaleel-ut-tadlees mudallis ke kisi khaas ananah ke baare mein dalaail ya qaraain se maaloom ho jaae ke us mein usne tadlees ki hai, to uska ye khaas ananah ghair-maqbool hoga.

Ye maamla bilkul Hasan-ul-Hadees raawi ke haafize ki tarah hai. Hasan-ul-Hadees raawi ke baare mein ye baat saabit-shuda hoti hai ke usne ghalatiya'n ki hain, magar bahut kam. Lihaaza uski marwiyaat mein ghaalib ehtemaal sehat ka hai. Lihaaza umoomi taur par uski marwiyat maqbool hoti hain. Albatta us mein istisnaai soorat ye hoti hai ke agar kisi jagah dalaail ya qaraain se maaloom ho jaae ke yahan us ne ghalati ki hai to khaas us muqaam par us Hasan-ul-Hadees ki riwayat rad kardi jaae. Yehi haal qaleel-ut-tadlees mudallis ke ananah ka bhi hai.

Mohaddiseen Ke Aqwaal:

Ab zel mein baaz mohaddiseen ke aqwaal mulaahaza farmae'n:

⎈ Imam Ali bin al-Madeeni ﷫ (d 234h) mudallis ke baare mein farmate hain: 'إذا كان الغلب عليه التدليس فلا، حتى يقول: حدثنا' "*Jab tadlees is par ghaalib aajae, tab to wo hujjat nahi, yahan tak ke wo tahdees (samaa') ki saraahat kare*". (Al Kifaayah lil Baghdadi: V2 P387 [Sanad Sahih])

Imam Ali bin al-Madeeni ka ye qaul is silsila mein bahut hi waazeh aur sareeh hai ke har mudallis ka ananah rad nahi hoga. Balke sirf kaseer-ut-tadlees mudallis hi ke ananah rad hoga aur qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah maqbool hoga.

⎈ Imam Bukhari ﷫ (d 256h) farmate hain:

ولا أعرف لسفيان الثوري عن حبيب بن أبي ثابت، ولا عن سلمة بن كهيل، ولا عن منصور، وذكر مشايخ كثيرة لا أعرف لسفيان هؤلاء تدليسا، ما أقل تدليسه.

"*Sufyan Sauri ki Habib bin Abi Saabit, Salama bin Kuhael aur Mansoor se aur kai mashaaikh ka zikr kiya aur kaha: Sufyan Sauri ki unse tadlees main nahi jaanta, unki tadlees bahut kam hai*". (Ilal at Tirmizi: P388)

Sufyan Sauri ke baare mein Imam Bukhari ﷫ ka ye bayan bhi isi baat ki daleel hai ke qaleel-ut-tadlees ka ananah maqbool hoga. (Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P318 and 325-327)

⎈ Imam Tirmizi ﷫ (d 279h) ka bhi yehi mauqif hai. Iski daleel ye hai ke maa-qabl Imam Tirmizi ne Imam Bukhari ka jo qaul zikr kiya hai ke Sufyan Sauri falaa'n-falaa'n mashaaikh se tadlees nahi karte, to is qaul mein Imam Bukhari ne Sufyan Sauri ke mashaaikh ki ek taweel fehrist zikr ki thi. Jinse Sufyan Sauri ki tadlees ka koi suraagh nahi milta. Lekin Imam Tirmizi ne Imam Bukhari ka ye qaul naql karte hue Sufyan Sauri ke un tamaam mashaaikh ka tazkirah nahi kiya, balke sirf chand ka tazkirah karke ye keh diya: 'وذكر مشايخ كثيرة' yaane "*Imam Bukhari ne aur bahut saare mashaaikh ka tazkirah kiya*".

Zaahir hai ke Imam Tirmizi ne in mashaaikh ka tazkirah is liye chod diya, kyounke jab Sufyan Sauri ka ba-kasrat tadlees karna saabit

nahi hai to har ustaaz ke saath unka ananah maqbool hoga. Is liye use asaatizah ki fehrist pesh karne ki zaroorat hi nahi hai, jinse adm-e-tadlees ki saraahat ki gai hai.

Allama Muhibullah Shah Raashdi رحمه الله apne shaagird Haafiz Zubair Ali Zai رحمه الله ko samjhaate hue raqmtaraz hain: "*Phir (Zubair Ali Zai Sahab) likhte hain: "Kaash! Mashaaikh-e-kaseera Imam Bukhari bata dete". Mere mohtaram dost! Aapne khayal nahi farmaya. Imam Bukhari ne to bahut se shuyookh ka zikr kiya tha, lekin Imam Tirmizi* رحمه الله *ne unka zikr chod diya. Kyounke* 'وذكر مشايخ كثيرة' *ye Imam Tirmizi* رحمه الله *ka qaul hai. Yaane Imam Bukhari* رحمه الله *ne aur bhi bahut se shuyookh ka zikr kiya. Is liye aapka ye farmana "Kaash! Imam Bukhari ye mashaaikh-e-kaseera batla dete", sahih nahi. Baaqi rahi ye baat ke Imam Tirmizi* رحمه الله *ne un shuyookh ke naam kyoun zikr na kiye to baat yehi samjah mein aati hai ke jab Imam Bukhari* رحمه الله *ne ye farmaya ke unki tadlees bahut hi qaleel-o-naadir hai. (jis par unke alfaaz* 'ما أقل تدليسه' *dalaalat kar rahe hain) lihaaza agar aise qaleel-ut-tadlees aur hujjat-o-imam-o-ameer-ul-momineen fil hadees ki muan-an riwayat bhi ghair-maqbool hogi to aur kiski maqbool hogi?!*. (Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P325)

❁ Imam Muslim رحمه الله (d 261h) farmate hain:

إذا كان الراوي ممن عرف لالتدليس في الحديث، وشهر به، فحينئذ يبحثون عن سماعه في روايته، ويتفقدون ذلك منه، كي تنزاح عنهم علة التدليس.

"*Jab raawi un logon mein se ho, jo hadees mein tadlees mein maaroof hain aur ye kaam karne mein mashoor hain to aisi soorat mein mohaddiseen unki riwayaat mein samaa' ki talaash-o-justaju karte hain. Taake unse tadlees ki illat door ki ja sake*". (Muqadamma Sahih Muslim: V1 P32)

Imam Muslim رحمه الله ka ye qaul bhi is baare mein sareeh hai ke qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah maqbool hoga aur kaseer-ut-tadlees ke ananah hi mein samaa' ki saraahat talaash ki jaaegi.

Fann-e-hadees ki in azeem hasityo'n ki tasrihaat se roz-e-raushan ki tarah ye ayaan ho jaata hai ke har mudallis ke saath yaksa'n sulook nahi kiya jaaega. Balke qaleel-ut-tadlees aur kaseer-ut-tadlees mudalliseen mein farq kiya jaaega.

⎈ Imam Sakhawi رحمه الله (d 902h) farmate hain:

والرابع: إن كان وقوع التدليس منه نادرا، قبلت عنعنته ونحوها وإلا فلا.

"*Mudalliseen ki riwayat se mutaalliq chauthi raae ye hai ke agar mudallis se tadlees kabhi kabhaar hui ho to uska ananah waghaera maqbool hoga, warna nahi*". (Fathul Mughees Bi Sharah Alfiya tul Hadees: V1 P230)

Tadlees Ke Mutaalliq Allama Albani رحمه الله Ka Mauqif:

⎈ Allama Albani رحمه الله (Asr-e-haazir ke azeem mohaddis guzre hain) farmate hain:

وجعلوا المدلسين طبقات، منهم من يغتفر تدليسه لقلته، وتقبل عنعنتهم كالثقات الذين في حفظهم ضعف فهولاء يقبل حديثهم.

"*Mohaddisen ne mudalliseen ke tabaqaat banaae hain. Un mein baaz aise hain jinke qaleel-ut-tadlees hone ki wajah se unki tadlees maaf hai aur unka ananah maqbool hai. Jaise un siqaat rawiyo'n ka maamla hai, jinke haafize mein zof hai. (Yaane jo qaleel-ul-qataa ki wajah se Hasan-ul-Hadees hain) to aise raawiyo'n ki hadees maqbool hoti hai*". (An Naseeha: P27-28)

Allama Albani رحمه الله ki is wazaahat se ye bhi maaloom hua ke tadlees se mutaalliq Allama Albani رحمه الله ka usool-o-qaaeda bhi yehi hai ke kaseer-ul-qataa mudallis ka ananah rad hoga aur qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah maqbool hoga. Is liye baaz logon ne Allama Albani رحمه الله ke baare mein jo ye keh diya hai ke tadlees ke baare mein unka koi mauqif nahi tha, balke wo man-maani karte the, ye saraasar ghalat bayani hai.

Chunache Zubair Ali Zai رحمه الله ek muqaam par likhte hain: "*Maaloom hua, Albani Saahab kisi tabaqaati taqseem-e-mudalliseen ke qaayal nahi the. Balke wo apni marzi ke baaz mudalliseen ki muan-an riwayaat ko sahih aur marzi ke khilaaf baaz mudalliseen (ya abriya min at-tadlees* 'أبرياء من التدليس'[1]*) ki muan-an riwayaat ko zaeef qaraar dete the. Is silsila mein unka koi usool ya qaaeda nahi tha. Lihaaza tadlees ke*

---

[1] T: Aur unho'n ne bahut se mashaaikh (asaatiza) ka zikr kiya hai [RSB]

masle mein unki tehqiqaat se istidlaal ghalat-o-mardood hai". (Maqalaat: V3 P317; Noor-ul-Aenain: P388 [Jadeed Edition]; Fataawa Ilmiyya: V2 P330)

Arz hai ke Allama Albani ﷫ par ye saraasar ilzaam hai. Allama Albani ﷫ tadlees ke masle mein Allah ke fazl-o-karam se usi mauqif par the, jo mohaddiseen ki jamat ka hai, jaisa ke unhee'n ke alfaaz mein maa-qabl mein unki saraahat naql ki gai hai.

Rahi ye baat ke Allama Albani ﷫ ne baaz aise mudalliseen ki muan-an riwayaat ko zaeef kaha hai, jinhen doosre mohaddiseen ne qaleel-ut-tadlees kaha hai to khaas aise mudalliseen ke baare mein Allama Albani ﷫ ke ijtihaad ka farq hai aur Allama Albani ﷫ ne apni tehqiq mein aise ruwaat ko kaseer-ut-tadlees hi jaana hai, isi liye unki muan-an riwayaat ko unho'n ne zaeef kaha hai.

Masalan Hasan Basri ko baaz ahle ilm qaleel-ut-tadlees jaan kar unke ananah ko qubool karte hain. Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne unhe'n doosre tabqe ka mudallis batlaaya hai, jinka ananah unki nazar mein maqbool hai. (Tabaqaat-ul-Mudalliseen li Ibne Hajar: P29 [Al Qariyuti])

Lekin Allama Albani ﷫ unke ananah ko qubool nahi karte. Kyounke Allama Albani ki apni tehqiq mein ye kaseer-ut-tadlees hain. Chunache ek jagah Allama Albani ﷫ Hasan Basri ka ananah rad karte hue likhte hain:

والآخر: أن الذهبي قال في "الميزان": كان الحسن البصري كثير التدليس، فإذا قال في حديث: عن فلان، ضعف احتجاجه.

"*Is sanad mein doosri illat ye hai ke Imam Zahbi ne 'Meezaan, mein kaha hai ke Hasan Basri kaseer-ut-tadlees hain. Lihaaza jab ye kisi hadees mein "a'an fulaan" kahe'n to iska hujjat hona zaeef ho jaaega*". (Sahih Abu Dawood: V1 P46 [Albani])

Isi tarah baaz aise mudalliseen jinhen baaz ulama ne kaseer-ut-tadlees kaha hai aur Allama Albani ﷫ ne unki muan-an riwayaat ki tasheeh ki hai to uski wajah bhi yehi hai ke Allama Albani ki nazar mein ye mudalliseen qaleel-ut-tadlees hain.

Masalan Qataada ko baaz ahle ilm kaseer-ut-tadlees bataakar

unke ananah ko rad karte hain, Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne bhi unhe'n teesre tabqe mein rakha hai. Jinki tadlees kaseer hoti hai aur uske sabab unka ananah rad hota hai. (Tabaqaat-ul-Mudalliseen li Ibne Hajar: P43 [Al Qariyuti])

Lekin Allama Albani رحمه الله unke ananah ko qubool karte hain, kyounke Allama Albani رحمه الله apni tehqiq mein Qataada ko qaleel-ut-tadlees jaante hain. Chunache ek muqaam par Allama Albani رحمه الله apne nazdeek Qataada ke ananah ke maqbool hone ki wajah bataate hue likhte hain:

قلت: تدليس قتاده قليل مغتفر.

"*Main (Albani) kehta hoo: Qataada ki tadlees qaleel aur qaabil-e-moafi hai*". (Silsila ahadees us Sahiha: V5 P614)

Yaane baaz mudalliseen ki tadlees ki miqdaar tae karne mein Allama Albani ne deegar ahle ilm se ikhtilaaf kiya hai aur apne ijtihaad ke mutaabiq failsa kiya hai. Lekin usool aur qaaede ke etebaar se Allama Albani رحمه الله ke nazdeek bhi ye baat musallam hai ke qaleel-ut-tadlees ka ananah maqbool hoga aur kaseer-ut-tadlees ka ananah rad hoga. Lihaaza Allama Albani رحمه الله ke baare mein ye kehna bahut badi ziyadati hai ke wo "*Apni marzi se baaz mudalliseen ki muan-an riwayaat ko sahih aur marzi ke khilaaf baaz mudalliseen (أبرياء من التدليس) ki muan-an riwayaat ko zaeef qaraar dete the. Is silsila mein unka koi usool ya qaaeda nahi tha*". Allama Albani رحمه الله par is tarah ka sathi-ilzaam lagaana khilaaf-e-haqiqat hone ke saath-saath bahut badi jasaarat hai.

Al Gharz mohaddiseen ke in tamaam aqwaal se waazeh hua ke kaseer-ut-tadlees aur qaleel-ut-tadlees mudalliseen mein farq kiya jaaega aur sirf kaseer-ut-tadlees mudalliseen hi ka ananah rad hoga, jabke qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah maqbool hoga. (Is silsila mein ahle ilm ke mazeed aqwaal aur mohaqqeqeen ki tehqiqqat ke liye Maqalaat-e-Asariya: P217-234 aur 266-268 mulaahaza kare'n)

Qaleel-ut-Tadlees aur Kaseer-ut-Tadlees mein farq hi ke liye mudalliseen ke tabaqaat banaae gae hain. Jaisa ke Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne mudalliseen ko tabaqaat mein taqseem kiya hai. Unho'n ne pehle aur doosre tabqe mein un mudalliseen ko rakha hai, jinka ananah maqbool hota hai.

Yaad rahe ke agar Haafiz Ibne Hajar ke mutaabiq pehle ya doosre tabqe ke mudallis ke ananah ko kisi ne rad kiya to uska ye laazmi matlab nahi ke wo tabaqaati taqseem ka qaayal nahi. Balke matlab ye hai ke wo bhi tabaqaati taqseem ka qaayal hai, magar uski taqseem aur ijtihaad ke mutaabiq ye raawi teesre tabqe ka hai ya uski nazar mein bhi pehle ya doosre hi tabqe ka hai. Magar khaas mutaala-a riwayat mein uski tadlees saabit hai ya tadlees par deegar qaraain dalaalat karte hain.

Tabaqaat-ul-Mudalliseen Se Mutaalliq Baaz Shubhaat Ka Izaala

Imam Shafai رحمه الله ka ek qaul:

Imam Shafai رحمه الله (d 204h) ne kaha:

ومن عرفناه دلس مرة فقد أبان لنا عورته في روايه وليست تلك العورة بالكذب فنرد بها حديثه ولا النصيحة في الصدذ فنقبل منه ما قبلنا من أهل النصيحة في الصدق فقلنا: لا نقبل من مدلس حديثا حتى يقول فيه حدثني أو سمعت.

"Jiske baare mein hamen pata chala ke usne ek baar tadlees kardi hai, to usne apni riwayat mein apni makhfi baat se aagaah kar diya hai. Ye makhfi baat jhoot ke sabab nahi hai, ke ham iski wajah se uski hadees rad kar de'n. Aur na sach mein khair-khwaahi ke waaste hai. Ke ham usse wo baat qubool kar le'n, jo sach mein khair-khwaahi se qubool karte hain. Lihaaza ham kahenge ke ham mudallis ki koi hadees tab tak qubool nahi karenge, jab tak wo tahdees ya samaa' ki saraahat na kare". (Ar Risaala lish Shafai: V1 P379)

Baaz log Imam Shafai ka ye *shaaz* qaul lekar ye kehte hain ke qaleel-ut-tadlees aur kaseer-ut-tadlees har mudallis ka ananah *qaadih* hota hai. Phir idhar udhar kuch ghair-mutaalliq hawaale dekar ye baawar karaane ki koshish karte hain ke ye jamhoor ka mauqif hai. Jabke haqiqat ye hai ke jamhoor to dar-kinaar, poori duniya mein kisi bhi mohaddis ka amalan ye mauqif nahi raha. Hatta ke Imam Shafai رحمه الله ne bhi is par amal nahi kiya. Isi liye baaz ahle ilm ne kaha hai ke Imam Shafai ka ye qaul mahez nazariyaati hai, amali taur par ise na to Imam Shafai ne ikhtiyaar kiya hai aur na hi kisi aur mohaddis ne apnaaya hai. (Maqalaat Asariya: P210)

Imam Shafai ki kutub mein koi ek misaal bhi aisi nahi milti, jaha'an Imam Shafai ﷫ ne kisi riwayat ko mahez kisi qaleel-ut-tadlees mudallis ke ananah ki wajah se zaeef qaraar diya ho. Neez Imam Shafai ki kutub padhne se zaahir hota hai ke wo ahadees aur rijaal se waakhfiyat rakhte the aur kisi bhi hadees se istidlaal karte waqt uski sehat ki tasalli kar lete the. Iski daleel ye hai ke unho'n ne bahut saare masaail mein baaz ahadees pesh karke hukm ko uski sehat par muallaq[1] kar diya hai. Hatta ke Saeed bin Abdul Qadir bin Saalim ne 'النظر فيما علق الشافعي القول به على صحة الخبر' *An Nazar Feema Alaq ash-Shaafai al-Qaul Bihi Alaa Sehhah al-Khabar* ke naam se aise masaail par ba-qaaeda ek kitab likhi hai.

Ab agar Imam Shafai ki kitab mein unki mustadal[2] ahadees ka mutaala-a kiya jaae to aisi kai ahadees milengi, jin mein mudallis ka ananah maujood hai. Lekin Imam Shafai ﷫ ne usse istidlaal kiya hai. Balke ek muqaam par Imam Shafai ﷫ ek riwayat ko hasan qaraar dete hue likhte hain:

وسمعت من يروي بإسناد حسن أن أبا بكرة ذكر للنبي أنه ركع دون الصف، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: زادك الله حرصا، ولا تعد.

"*Maine usse suna hai, jisne Hasan sanad se riwayat kiya hai ke Abu Bakrah ﷠ ne Nabi-e-Akram ﷺ se zikr kiya ke unho'n ne saff se pehle ruku kar liya. To Nabi-e-Akram ﷺ ne unse kaha: Allah tumhari hirs ziyaada kare, aainda aisa mat karna*". (Ikhtilaaf-ul-Hadees lish Shafai: V8 P636 [Malhaqa bil Umm edition])

Is hadees mein Abu Bakrah ﷠ se Hasan Basri ne riwayat kiya hai. (Sahih Bukhari: V1 P156 H783) Ye mudallis hain, lekin kisi bhi tareeq mein Hasan Basri ne samaa' ki saraahat nahi ki hai. Phir bhi Imam Sahafai ﷫ ne ise hasan qaraar diya hai. Maaloom hua ke khud Imam Sahafai ﷫ ne bhi is usool par amal nahi kiya ke har mudallis ke ananah ko rad kar diya jaae.

Yehi haal un mohaddiseen ka bhi hai, jinho'n ne kisi muqaam par ye usool zikr kiya hai aur nazariyaati taur par uski ham-nawaai ki hai. Lekin

---

[1] T: (مُعَلَّق) Kisi cheez ko doosri cheez ke nataaij par munhasir karna, yaane hukm ki sehat ka inhisaar hadees ki sehat par hai (agar hadees sahih ho to hukm sahi, warna nahi) [RSB]
[2] T: (مُستَدَل) Jis par daleel pesh ki gai ho, jo saabit ho, suboot ko pohoncha hua, mudallal [RKT]

amali taur par ye mohaddiseen bhi us usool ko nahi apnaate. Masalan: Khateeb Baghdaadi ﷫ ne ek muqaam par is usool ki ham-nawaai ki hai. Lekin amali-taur par bhi mudalliseen ki muan-an riwayaat ko sahih qaraar dete hain. Chunache Qataada ki ek muan-an riwayat ke baare mein Khateeb Baghdadi ﷫ (d 463h) farmate hain: 'الإسناد صحيح والمتن منكر' "*Sanad sahih hai aur matan munkar hai*". (Taareekh Baghdad: V4 P158)

Ghaur kare'n! Matan par nakaarat ka hukm lagaaya, iske bawujood bhi Qataada ke ananah par tanqeed nahi ki. Jo is baat ki daleel hai ke Khateeb Baghdadi ne bhi Imam Shafai ke qaul ko amali taur par nahi apnaaya hai. Isi tarah Imam Nawavi ﷫ ka bhi maamla hai. (Maqalaat Asariya: P310) ; [Imam Shafai ke pesh-karda is usool par tafseeli bahes ke liye dekhe'n Maqalaat Asariya: 902_112]

Sakht haerat ki baat hai ke baaz hazraat ghair-mutaalliq aur mohmal[1] hawaale pesh karke Imam Shafai ke zikr-karda is *shaaz* aur *matrook* usool ko jamhoor ka mauqif batlaate hain. Halaanke Imam Badaruddin Zarakshi ﷫ (d 794h) ne Imam Shafai ke is qaul ke baare mein saaf aur sareeh lafzo'n mein kaha hai: 'وهو نص غريب لم يحكمح الجمهور' "*Ye ghareeb nas hai, jamhoor ne ise bayan nahi kiya hai*". (An Nakat Alaa Muqaddama Ibne al salah liz Zarakshi: V2 P87)

Is tarah ke shaaz aur matrook usool ko apnaana aur use aam karna koi ilmi khidmat nahi, balke ek tarah ka fitna hai aur ye fitna usse bade fitne ko bhi janam de sakta hai. Kyounke koi doosra usse bhi aage badh kar kuch aur *shaaz* aqwaal ko apna kar uska parchaar[2] shuru kar sakta hai. Masalan Imam Abul Qasim Baghwi ﷫ (d 317h) ne kaha hai:

حدثنا أحمد بن إبراهيم ثنا محمد بن معاذ ثنا معاذ عن شعلة قال: ما رأيت أحدًا من أصحاب الحديث إلا يدلس، إلا عمرو بن مُرَّةَ وابنَ عون.

"*Ameer-ul-momineen fil hadees Imam Shu'ba ﷫ ne kaha: Maine mohaddiseen mein se kisi ko nahi dekha, jo tadlees nahi karta. Siwaae Amr bin Murrah aur Ibne Aun ke*". (Hikayat Sha'aba bin al Hajjaj: P16 (maqhtoot); Tarqeem Jawame-ul-Kalim [Sanad Sahih]; Wa iqhrajahu aizan a'alaa bin al-Jaad fee Musnad:

---

[1] T: (مُهمَل) Be-matlab, be-mafhoom, be-sar-o-paa, majhoo, tark kiya hua [RKT]
[2] T: (پَرْچَار) Ishaa-at, tableegh, publicity [RKT]

P24; Taareekh Dimishqh-az-Ibne Asaakir: V31 P345)

Ab agar koi shakhs Imam Shu'ba ﷺ ke is qaul ko buniyad bana kar saare mohaddiseen ko mudallis bana daale aur unki muan-an rad karne lage to iska anjaam kya hoga. Balke *shuzooz*-pasandi[1] mein koi usse bhi aage badhkar mudallis ki sirf muan-an riwayaat hi nahi, balke unki saari riwaayat par haath saaf kar sakta hai. Kyounke baaz mohaddiseen ka ye bhi qaul hai ke mudallis ki har riwayat mardood hogi. Khwaah wo samaa' ki saraahat kare ya na kare. Chunache Imam Sakhawi ﷺ (d 902h) ne mudalliseen ke baare mein baaz mohaddiseen ka ek qaul bhi naql kiya hai: 'التدليس جرح، فمن ثبت تدليسه، لا يقبل حديثه مطلقا' *"Tadlees jarh hai, lihaaza jiski tadlees saabit hui, uski hadees mutlaqan qubool nahi ki jaaegi"*. (Fathul Mughees bi Sharah Alfiya tul Hadees: V1 P228)

Neez Imam Ibne Hazam ﷺ (d 456h) ne kaha:

وقسم آخر قد صح عنهم إسقاط من لا خير فيه من أسانيدهم عمدا، وضم القوي إلى القوي تلبيسا على من يحدث، وغرورا لمن يأخذ عنه، ونصرا لما يريد تأييده من الأقول، مما لو سمى من سكت عن ذكره لكان ذالك علة و مرضا في الحديث، فهذا رجل مجرح، وهذا فسق ظاهر، واجب اطراح جميع حديثه، صح أنه دلس فيه أو لم يصح أنه دلس فيه وسواء قال: سمعت أو أخبرنا أولم يقل، كل ذلك مردود غير مقبول، لأنه ساقط العدالة، غاش لأهل الإسلام باستجازته ما ذكرناه، ومن هذا النوع كان الحسين بن عمارة وشريك بن عبد الله القاضي و غيرهما.

"*Mudalliseen ki doosri qism aisi hai, jinse ye baat saabit hai ke unho'n ne apni asaneed se jiske andar khair nahi hai. Use jaan boojh kar saaqit kar diya aur ek qawee ko doosri qawee se mila diya. Taake jinse ye bayan kar rahe hain, un par talbees[2] kare'n. Aur jo unse akhhaz kar raha hai, unko dhoka de'n aur jin aqwaal ki ye taaeed chaahte hain, un par madad haasil kare'n, dareen-soorat[3] ke agar wo saaqit-shuda shakhs ka naam lele, to wo hadees mein illat aur marz ban jaae. To aisa shakhs majrooh hai aur ye waazeh fisq hai. Aise shakhs ki tamaam ahadees ko phenk dena waajib hai, khwaah uski hadees mein uska tadlees karna saabit ho*

[1] T: (شُذُوذ پَسَنْدی) Anokhi/ajeeb baato'n ko pasand karna, jab koi raawi ya aaslim saabit-shuda hadees ke muqaable mein kamzor aur anokhi riwayat ko tarjeeh de [RSB]
[2] T: Dhoka, fareb, jhoot [RSB]
[3] T: (دَرِیں صورت) Aisi soorat mein, is/us haalat mein [RSB]

ya saabit na ho. Aur khwaah usne samaa'-o-tahdees ki saraahat ki ho ya na ki ho. Behre soorat uski hadees mardood aur ghair-maqbool hogi. Kyounke wo mazkoora-baala cheez ko jaaiz samajhne ki wajah se saaqit-ul-adaala aur musalmano ko dhoka dene waala hai. Is qism ke mudalliseen mein Hussain bin Amaarah aur Shareek bin Abdullah al-Qaazi waghaerahuma hain". (Al Ahkaam Fee Usool al Ahkaam li Ibne Hazam: V1 P142; Al Manhaj-ul-Hadeesi Indal Imam Ibne Hazam al Andalusi: P173-174)

Ab is tarah ke *shaaz* aqwaal ko koi apnaale aur uski tableegh karne lage to us fitne ka jo anjaam hoga, iska andaaza karna mushkil nahi hai. Lihaaza aafiyat isi mein hai ke *shaaz* aqwaal ko rad kar diya jaae, jis tarah tamaam mohaddiseen ne rad kar diya hai aur mohaddiseen ki jamaat ke manhaj ko apna kar *sabeel-ul-momineen* ki raah par chala jaae.

Baaz Ahle Ilm Ka Imam Shafai Ke Qaul Ka Tazkirah Karna:

Baaz ahle ilm ne Imam Shafai ke qaul ke tazkirah kiya hai, jisse kuch log ye samajh baithe hain ke us qaul ka tazkirah karne waale bhi Imam Shafai ke qaul se muttafiq hain, jabke ye ghalat hai. Iske ghalat hone ki sabase badi daleel yehi hai ke Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne bhi Imam Shafai ke qaul ka tazkirah kiya hai. (Lisaan-ul-Mizaan li Ibne Hajar: V1 P19 (Hind); Maqalaat Asariya: P312) Lekin doosri taraf Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne mudalliseen ke tabaqaat banaae hain aur pehle aur doosre tabqe ke mudalliseen ki muan-an riwayaat ko maqbool qaraar diya hai. Is silsila mein unki kitab *Tabaqaat al Mudalliseen* bahut hi mashoor-o-maaroof hai.

Baaz Ahle Ilm Ka Ijmaalan Mudallis Ke Ananah Ka Hukm Bayan Karna:

Baaz ahle ilm ne kisi muqaam par ijmaalan mudallis ke ananah ke baare mein ye hukm bayan kiya hai ke mudallis an 'عن' se riwayat kare to wo hujjat nahi. Baaz log aise mujmal qaul se qaayal ka ye mauqif kasheed karte hain ke qaayal ki nazar mein tadlees ki kasrat-o-qillat ka etebaar nahi, balke uski nazar mein har mudallis ka ananah mardood hai.

Masalan: Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne apni kitab *Nuzhatun Nazar* mein is tarah ki baat kahi to baaz logon ne use buniyad banakar ye keh daala ke

Ibne Hajar ke nazdeek bhi har mudallis ka ananah mardood hai. Ab un hazraat se koi pooche ke phir Ibne Hajar ki kitab *Tabaqaat-ul-Mudalliseen* ka kya matlab hai? (Maqalaat-e-Asariya: P313-314)

Iske alaawa kuch aur shubhaat hain, jinhen pesh karke baaz hazraat mudalliseen ki tabaqaati taqseem ka inkaar karte hain. Aise shubhaat ki tardeed ke liye *Maqalat-e-Asariya* ka mutaala-a mufeed rahega.

Sufyan Sauri Ka Ananah Bil-ittifaaq-o-Bil-ijma Maqbool Hai:

Guzishta tafseel mein ye baat waazeh ki gai hai ke qaleel-ut-tadlees mudallis ka ananah mohaddiseen ki nazar mein maqbool hota hai aur Sufyan Sauri ﷫ Qaleel-ut-Tadlees hi hain. Lihaaza unka ananah bhi maqbool hai. Balke unke ananah ke maqbool hone par ijma hai.

Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha:

سفيان بن سعيد الحجة الثبت، متفق عليه، مع أنه كان يدلس عن الضعفاء، ولكن له نقد و ذوق، ولا عبرة لقول من قال: يدلس ويكتب عن الكذبين.

“*Sufyan bin Saeed (as-Sauri) hujjat aur sabat hain, is par sabka ittifaaq hai. Bawujood iske ke wo zoafa se tadlees karte the. Lekin unke paas naqd-o-zoq ki salahiyat hai aur jo shakhs kahe ke ye mudallis hain, aur kazzabeen se riwayat likhte hain to aise shakhs ke qaul ka koi etebaar nahi hai*”. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V2 P169 [Al Bajawi])

Imam Zahbi ﷫ ne yahan par Sufyan Sauri ki zoafa se tadlees ka zikr karne ke saath unke hujjat aur sabat hone par sabka ittifaaq naql kiya hai. Isse saabit hua ke Sufyan Sauri ke ananah ke hujjat hone par sabka ittifaaq-o-ijma hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P321-322) ‘والحمد للّٰه’

Sufyan Sauri Ke Ananah Se Mutaalliq Baaz Shubhaat Ka Izaala

Kya Imam Haakim Ne Sufyan Sauri Ko Tabaqa Saalisa Mein Zikr Kiya Hai?

Baaz hazraat ne ye keh diya hai ke Imam Haakim ne Sufyan Sauri ko tabaqa saalisa[1] mein zikr kiya hai, jabke ye baat saraasar ghalat hai. Imam Haakim ki kitab mein aisi koi baat maujood hi nahi hai. Balke Imam Haakim ne apni us kitab mein sire se qubool-o-rad ke etebaar se mudalliseen ke tabaqat ginaae hi nahi. Balke Imam Haakim ne sirf mudalliseen ki qisme'n batlaai hain. Yaane mudalliseen kis-kis tarah se tadlees karte hain. Lekin kis qism ke mudalliseen ka ananah maqbool hai aur kis qism ke mudalliseen ka ananah ghair-maqbool hai? Us par Imam Haakim ne koi bahes hi nahi ki hai.

Is zimn mein Imam Haakim ne mudalliseen ki teesri qism un logon ki batlaai hai, jo majhool raawiyo'n se tadlees karte hain.

Ye bataane ke baad us qism ke aakhri mein Imam Haakim ne talaba ke zehen mein aane waale us shubha ko rafaa kiya hai ke majhool se riwayat karna fee-nafesehi baais-e-jarh hai. Choonke Imam Haakim ne baaz mudalliseen ki ye qism bataai hai ke wo majhuleen se tadlees karte the to kisi taalib-e-ilm ko ye ghalat-fehmi ho sakti thi, ke majhuleen se riwayat jarh ka moojib[2] hai. Isi liye baaz ne majhool se riwayat karne ke baad unse tadlees kardi, taake jarh se bach sake'n.

Talaba ke zahen mein paida hone waale is shubha ko rafa karne ke liye Imam Haakim ne yahan bataur-e-faaeda ye bhi bata diya hai ke majhool se riwayat karne se koi majrooh nahi ho jaata. Bahut se aimma ne majhuleen se riwayat kiya hai. Lekin is bina par kisi ne unhe'n majrooh nahi kiya. Phir Imam Haakim ne ba-taur-e-misaal Sufyan Sauri aur Imam Shu'ba waghaera ke naam pesh kiye hain, ke un aimma ne bhi majhuleen se riwayat bayan ki hai. Lekin usse unki saqaahat par koi farq nahi pada.

---

[1] T: Third level, level three [RSB]

[2]: T (مُوجِب) Sabab, wajah, baais [RKT]

Imam Haakim ki kitab se unke alfaaz mulaahaza kare'n:

قال أبو عبد الله: قد روى جماعة من الأئمة عن قوم من المجهولين فمنهم سفيان الثوري، روى عن أبي همام السكوني، وأبي مسكين، وأبي خالد الكائي و غيرهم من المجهولين ممن لم يقف على أساميهم غير أبي همام فإنه الوليد ين قيس إن شاء الله وكذلك شعبة بن الحجاج حدث عن جماعة من المجهولين.

فأما بقية بن الوليد فحدث عن خلق من خلق الله لا يوقف على أنسابهم ولا عدالتهم. وقال أحمد بن حنبل: إذا حدث بقية من المشهورين فرواياته مقبولة، وإذا حدث عن المجهولين فغير مقبولة و عيسىٰ بن موسىٰ التيمي البخاري الملقب بغنجار، شيخ في نفسه ثقة مثبول، قد احتج بن محمد بن إسماعيل البخاري في الجامع الصحيح غير أنه يحدث عن أكثر من مائة شيخ من المجهولين، لا يعرفون، بأحاديث مناكير، وربما توهم طالب هذا العلم أنه جرح فيه، وليس كذالك. (Maarifa Uloom-ul-Hadees lil Haakim: P164)

"*Abu Abdullah (Imam Haakim) ne kaha: Aimma ki ek jamat ne majhool raawiyo'n se riwayat bayan ki hai. Un mein Sufyan Sauri hain. Unho'n ne Abu Hamam as-Sakooni, Abu Miskeen aur Abu Khalid at-Taai waghaerahum jaise majhuleen se riwayat bayan ki hai. Jinke naamo'n mein siwaae Abu Hamam ke kisi aur ke naam se waqfiyat nahi ho saki. Ye Abu Hamam in sha Allah Waleed bin Qais hain. Isi tarah (Imam) Shu'ba bin al-Hajjaj ne majhool raawiyo'n ki ek jamat se riwayat bayan ki hai"*

"Jahan tak Baqiya bin al-Waleed ki baat hai to unho'n ne ek aisi badi taadaad se riwayat bayan ki hai, jinke nasab-o-adaalat ka kuch pata nahi. Imam Ahmad bin Hambal ne kaha hai: Jab Baqiya mashureen se riwayat kare'n to unki riwayaat maqbool hain aur jab majhuleen se riwayat kare'n to ghair-maqbool hain. Isa bin Musa at Taimi al-Bukhari mulaqqab Baghnjaar fee-nafsihi siqa aur maqbool hain. Imam Bukhari ne apni Al Jaame as-Sahih mein unse hujjat pakdi hai. Ba-wajood iske ke ye saikdo'n se bhi zaaid majhuleen aur ghair-maarufeen se munkar riwayaat bayan karte hain. Basa-auqaat ilm-e-hadees ka taalib-e-ilm is ghalat-fehmi mein padh sakta hai ke majhool se riwayat karna raawi ke liye jarh hai, lekin aisa mamla nahi hai".

Ye hai Imam Haakim ki wo ibaarat jise buniyad banaakar ye kaha jaata hai ke Imam Haakim ne Sufyan Sauri ko mudalliseen ke teesre tabqe mein zikr kiya hai. Awaal to Imam Haakim ne is mauzu ke tahat qubool-o-rad ke etebaar se mudalliseen ke tabaqaat ginaae hi nahi,

balke sirf unki qisme'n batlaai hain, jaisa ke wazaahat ki gai.

Doosre ye ke Sufyan Sauri se mutaalliq is ibaarat ko Imam Haakim ne mudalliseen ki teesri qism mein Sufyan Sauri ki tadlees bataane ke liye zikr nahi kiya. Balke yahan pehle un mudalliseen ki qism bayan kardi hai, jo majhool raawiyo'n se tadlees karte hain. Is bayan se faarigh hone ke baad Imam Haakim ne akheer mein ba-taur-e-faaeda wo ek shubha ke izaale ki khaatir ye bhi zikr kar diya ke majhool se bahut saare aimma ne riwayat kiya hai. Phri un mein Sufyan Sauri aur Imam Shu'ba ka tazkira kar diya hai.

Akheer mein Imam Haakim ki is wazaahat se Imam Haakim ka maqsood yehi hai ke baad mudalliseen apni sanado'n mein apne majhool asaatiza ko saaqit kar dete hain, taake unki sanad mein aeb nazar na aae. Isse kisi ko ye ghalat-fehmi nahi honi chaahiye ke majhool se riwayat karna hi moojib-e-jarh hai. Kyounke bahut se aimma ne majhuleen se riwayat bayan ki hai aur unka naam saaqit nahi kiya. Jaise Sufyan Sauri aur Imam Shu'ba wahgaira hain. Iske bawujood bhi majhool se riwayat ki wajah se Imam Sufyan Sauri aur Imam Shu'ba par koi jarh nahi ki gai hai.

Isi tarah Baqiya ne majhuleen ki ek badi taadaad se riwayat ki hai, iske bawujood bhi iske sabab wo majrooh nahi, balke jab wo mashureen, yaane siqaat se riwayat karenge to unki riwayat maqbool hogi, jaisa ke Imam Ahmad bin Hambal ne kaha hai. Isi tarah Isa bin Musa Taimi ka maamla hai. Ye fee-nafsihi siqa-o-maqbool hain. Imam Bukhari ne Sahih Bukhari mein unse hujjat pakdi hai. Bawujood iske ke unho'n ne saekdo'n majhool raawiyo'n se munkar raiwayaat bayan ki hai.

Baaz talaba ko ghalat-fehmi ho sakti hai ke majhool se riwayat karna jarh ka moojib hai, lekin aisa maamla nahi. Majhool se riwayat karne ki wajah se raawi majrooh nahi hoga.

Ye hai Imam Haakim ki asal ibaarat aur Imam Haakim ka asal maqsood-o-mudda-aa. Jiska ghalat mafhoom aam kiya ja raha hai. Aur Imam Haakim ke asal alfaaz aur poore siyaaq dekhne ke baad ye pata chalta hai ke yahan Imam Haakim ne qubool-o-rad ke etebaar se

mudalliseen ke tabaqaat nahi batlaae hain. Balke mahez tadlees ki nauiyyat ke etebaar se mudalliseen ki qisme'n batlaai hain.

Aur Sufyan Sauri ko Imam Haakim ne sire se mudalliseen ki fehrist mein ginaaya hi nahi hai. Na pehli qism mein, na doosri qism mein, na teesri qism mein aur naahi kisi aur qism mein. Balke baat sirf itni hai ke Imam Haakim ne jab mudalliseen ki teesri qism un logon ki batlaai, jo majhuleen se tadlees karte hain to mudalliseen ki is qism ke bayan se faarigh hone ke baad ba-taur-e-faaeda ye bhi zikr kar diya ke majhool se riwayat karna koi aeb ki baat nahi hai. Phir ba-taur-e-misaal Sufyan Sauri waghaera k naam pesh kiya, ke unho'n ne bhi majhool se riwayat bayan ki hai. Lekin uske sabab un par koi aeb nahi laga.

Yaane awwal to yahan Imam Haakim ne qubool-o-rad ke etebaar se mudalliseen ke tabaqaat nahi bataae hain. Balke mahez tadlees ki nauiyyat ke etebaar se mudalliseen ki qisme'n bayan ki hain aur doosre ye ke mudalliseen ki jo qisme'n bayan ki hain. Un mein se bhi kisi mein bhi Sufyan Sauri ka tazkira ba-haisiyat mudallis nahi kiya hai, balke majhool se riwayat karne waale raawi ke taur par kiya hai.

Hamne jo mafhoom pesh kiya hai, uski mazeed taaeed is baat se bhi hoti hai ke Imam Haakim ne is ibaarat mein Sufyan Sauri ke saath yahee'n Imam Shu'ba ka bhi zikr kiya hai aur unhe'n bhi majhuleen se riwayat karne waala batlaaya hai. Ab kya koi shakhs keh sakta hai ke Imam Haakim ne Imam Shu'ba ko mudallis qaraar dekar unhe'n mudalliseen ki us qism mein shumaar kiya hai? Ya ba-alfaaz-e-deegar kya Imam Haakim ne Imam Shu'ba ko bhi Sufyan Sauri jaisa mudallis qaraar diya hai? Hargiz nahi.

Rahi ye baat ke Haafiz A'laai (d 761h) ne Imam Haakim ki is ibaarat ko aise alfaaz mein zikr kiya hai, jinse mustafaad[1] hota hai ke Imam Haakim ne Sufyan Sauri aur unke saath yahan mazkoor riwayat ko tadlees ki teesri qism mein ginaaya hai.

Chunache Imam A'laai (d 761h) ne likha:

[1] T: (مُسْتَفاد) Jo haasil ho ya nikle [RKT]

والثالث من يدلس عن أقولم مجهولين لا يدري من هم كيقيان الثوري.

"*Aur teesri qism un mudalliseen ki hai, jo aise majhuleen se tadlees karte hain, jinka pata nahi chalta ke wo kaun hain? Jaise Sufyan Sauri*". (Jaame at Tehseel lil E'elaai: P98)

Arz hai ke Imam A'laai ka wahem hai, kyounke Imam Haakim ne Sufyan Sauri ka tazkira mudalliseen ke aqsaam mein sire se kiya hi nahi hai. Na teesri qism mein aur na hi kisi aur qism mein. Balke Imam Haakim ne mudalliseen ki teesri qism ke bayan se faarigh hone ke baad ba-taur-e-faaeda ye bataaya ke majhool se riwayat karna aeb ki baat nahi hai. Jaise Sufyan Sauri ka maamla hai, ke wo majhool se riwayat karte hain. Yaane Imam Haakim ne Sufyan Sauri ka tazkira ba-haisiyat-e-mudallis nahi, balke majhool se riwayat karne waale raawi ki haisiyat se kiya hai, jaisa ke tafseel pesh ki ja chuki hai.

Lekin Imam A'laai ko wahem hua aur unho'n ne ye samajh liya ke Imam Haakim ne Sufyan Sauri ka tazkira mudalliseen ki fehrist mein kiya.

To waazeh rahe ke Haafiz A'laai ki naql-karda baat Imam Haakim ki asal kitab ke saraasar khilaaf hai. Lihaaza Imam Haakim ki asal ibaarat saamne aane ke baad Haafiz A'laai ki naql-karda baat ka koi etebaar nahi hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye: Maqalaat-e-Raashidiya: V1 P306-313)

Waazeh rahe ke Imam A'laai ko sirf is qadar wahem hua hai ke unho'n ne ye samajh liya ke Imam Haakim ne Sufyan Sauri ka tazkirah mudalliseen ki teesri qism mein kiya hai. Lekin Imam A'laai ko ye ghalat-fehmi hargiz nahi hui ke unho'n ne nauiyyat-e-tadlees ke etebaar se mudalliseen ki is teesri qism ko qubool-o-rad ke etebaar se mudalliseen ka teesra tabqa samajh liya. Jaisa ke muaasireen[1] mein se baaz log samajh baithe hain.

[1] T: (مُعاصِرین) Ham-asr, ham-zamaana log [RKT]

Tadlees Par Naqd Aur Ananah Par Naqd Mein Farq:

Sufyan Sauri ﷫ ne apne ustaaz Qais bin Muslim se ek riwayat bayan ki hai, jiske baare mein Abu Haatim Raazi ﷫ (d 277h) ne kaha:

ولا أظن الثوري سمعه من قيس، أراه مدُلَّسا.

"*Main nahi samajhta ke ise Sauri ne Qais se suna hai, mujhe ye riwayat tadlees-shuda lagti hai*". (Ilal-ul-Hadees li Ibne Abi Haatim: V5 P684 [Saad al Hameed])

Is qaul ko pesh karke baaz hazraat ye kehte hain ke Sufyan Sauri ka ananah ghair-maqbool hota hai, halaanke is qaul mein Sufyan Sauri ke ananah par nahi, balke unki tadlees par naqd kiya gaya hai.

Imam Abu Haatim ne ye hargiz nahi kaha ke Sufyan Sauri ne an 'عن' se riwayat kiya hai, is liye is riwayat ko unho'n ne Qais se nahi suna, balke ye kaha hai ke ye riwayat tadlees-shuda maaloom hoti hai aur ise Sufyan Sauri ne apne ustaaz se nahi suna hai.

Sufyan Sauri ki is khaas riwayat par naqad is liye kiya gaya hai, kyounke deegar turq mein Sufyan Sauri aur Qais ke beech ek waaste ka suragh milta hai.

Chunache Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha:

حدثنا علي بن عبد الله بن مبشر، حدثنا أحمد بن سنان، حدثنا عبد الرحمان، حدثنا سفيان، عن يزيد أبي خالد، عن قيس بن مسلم..... الخ.[1]

(Al Ilal lid Daraqutni: V6 P28 [Mahfooz Salafi] [sanad sahih, ilaa Abdur Rahman bin Mahdi])

Is riwayat mein waazeh suboot hai ke Sufyan Sauri ne mazkura baala riwayat ko Qais se ba-raah-e-raast nahi suna. Balke Sufyan Sauri aur Qias ke darmiyan Yazeed Abu Khalid ka waasta hai. Isi liye Imam Daraqutni ﷫ ne kaha hai: 'وقيل: إن الثوري لم يسمعه من قيس، وإنما أخذه عن يزيد أبي خالد، عن قيس.' "*Ye baat bhi kahi gai hai ke Sauri ne is riwayat ko Qais se nahi suna. Balke Yazeed bin Abi Ziyaad ke waaste se Qais se naql kiya hai*". (Al Ilal lid Daraqutni: V6 P28 [Mahfooz Salafi])

---

[1] T: Hamen Ali bin Abdullah bin Mubashir ne hadees bayan ki, unho'n ne Ahmad bin Sinaan se riwayat ki, unho'n ne Abdur Rahman se, unho'n ne Sufyan se, unho'n ne Yazeed bin Abu Khalid se, aur unho'n ne Qais bin Muslim se riwayat ki…. Ilkh [RSB]

Maaloom hua ke is riwayat mein Sufyan Sauri ka tadlees karna saabit hai, is liye is par naqd kiya gaya hai. Ham bhi ye baat tasleem karte hain ke jis khaas sanad mein Sufyan Sauri ya kisi bhi qaleel-ut-tadlees mudallis ki tadlees saabit ho jaae, wo kahaas sanad qaabil-e-naqd hogi. Lekin iske alaawa aise mudalliseen ki baqiya muan-an riwayaat, jin mein unki tadlees ka khusoosi suboot na mile, wo maqbool aur hujjat hongi.

Ye bilkul aise hi hai, jaise kisi *sadooq*-o-*Hasan-ul-Hadees* raawi se kisi khaas riwayat mein ghalati saabit ho jaae to us *sadooq-o-Hasan-ul-Hadees* ki khaas wo hadees zaeef hogi, lekin uski bayan-karda baqiya, jin ahadees mein uski ghalati saabit nahi hai, wo ahadees hujjat aur maqbool hongi.

Imam Yahya bin Saeed Ka Sufyan Sauri Ki Musarrah bis Samaa' Riwayat Hi Likhna:

Imam Yahya bin Saeed Qattaan (d 198h) ne kaha:

ما كتبت عن سفيان شيئا إلا قال: حدثني أو حدثنا إلا حديثين.

"*Maine Sufyan (Soori) se sirf wohi riwayaat likhi hai, jin mein wo 'Haddasani, ya 'Haddasana, kehte the, siwaae do (2) ahadees ke*". (Al Ilal wa Maarifa ar Rijaal li Ahmad: V1 P242 (Wasiullah Abbas) [Sanad Sahih])

Baaz log is qaul ko buniyad banaakar kehte hain ke Imam Yahya bin Saeed Qattaan, Sufyan Sauri ko *tabaqa saniya* ka nahi samajhte the, yaane unki muan-an ahadees ko qaadih samajhte the.

Arz hai ke mahez *musrrah bis-samaa'*[1] riwayaat likhna, is baat ki daleel nahi hai ke Imam Yahya bin Saeed, Sufyan Sauri ke ananah ko qaadih samajhte the. Imam Yahya bin Saeed ne kahee'n bhi aisi saraahat nahi ki hai aur na kisi hadees ko unho'n ne Sufyan Sauri ke ananah ke sabab zaeef qaraar diya hai. Ye mahez unki kamaal-e-ehtiyaat hai aur bas! Unka ye mauqif hargiz nahi tha ke Sufyan Sauri ﷫ ki muan-an riwayaat zaeef hain.

Agar koi shakhs ye samahta hai ke Sufyan Sauri se tasreeh-e-samaa' ki

[1] T: (مُصَرَّحٌ بِالسَّمَاعِ) ba-raah-e-raast sunne ki saraahat ke saath (yaane raawi ne waazeh taur par bayaan kiya ho ke usne ye hadees apne shaikh se ba-raah-e-raast suni hai [RSB]

talaash ki wajah se Imam Yahya bin Saeed ka ye mauqif samajh mein aata hai, ke unki nazar mein Sufyan Sauri ki ghair *musrrah bis-samaa’* riwayaat zaaef hain to arz hai ke Imam Yahya bin Saeed رحمه الله Sufyan Sauri se oopar ki sanad mein kisi aur mudallis raawi ke samaa’ ki talaash nahi karte the. Balke unki muan-an riwayaat bhi riwayat karte the. Chunache khud Imam Yahya bin Saeed رحمه الله ne kaha:

لم أكن أهتم لسفيان أن يقول لمن فوقه قال: سمعت فلانا، ولكن كان يهمني أن يقول ه: سمعت فلانا وحدثني فلان.

“*Main Sufyan Sauri ke baare mein is baat ka ehtemaam nahi karta tha ke wo apne se oopar waale ruwaat se samaa’ ki saraahat naql kare’n. Lekin mujhe sirf is baat ki talaash hoti thi ke wo khud apne ustaaz se samaa’ ya tahdees ki saraahat naql kare’n*”. (Al Kifaaya lil Khateeb Baghdadi: P363 (as-Saurqee) [Sanad Sahih])

Ab kya isse ham ye natija nikaal le’n ke Sufyan Sauri ki ahadees mein Imam Yahya bin Saeed ki nazar mein sirf aur sirf Sufyan Sauri hi ka ananah muzir tha aur Sufyan Sauri se oopar doosre mudalliseen khwaah wo kisi bhi qism ke ho’n, unka ananah unki nazar mein muzir nahi tha. Kyounke unke muan-an riwayaat bhi Imam Yahya bin Saeed riwayat kar lete the?

Hamari nazar mein ye riwayat ki tasheeh-o-tazeef ka maamla nahi, balke sirf kamal-e-ehtiyaat ka maamla hai. Agar riwayat ki tazeef ka maamla hota to Imam Yahya bin Saeed, Sufyan Sauri ki sanad se Sufyan se oopar bhi kisi mudallis ki muan-an sanad ko riwayat na karte. Imam Yahya bin Saeed ke is tarz-e-amal se Sufyan Sauri ka mudallis hona to saabit hota hai, lekin unki har muan-an riwayat ka zaeef hona qatan saabit nahi hota.

Sufyan Sauri رحمه الله to Ameer-ul-Momineen hain aur bil-ittifaaq hujjat hain. Ek doosre mudallis Ismail bin Abi Khaalid hain, unki bayan-karda ek muan-an hadees ko Imam Yahya bin Saeed ne saraahatan sahih kaha hai. (Dekhiye Suaalaat Ibnul Junaid li Ibne Maeen: P134 (Al Azhari) [Sanad Sahih])

Ye is baat ki daleel hai ke Imam Yahya bin Saeed ke nazdeek mudallis ka ananah qaadih nahi hai. Agar Ismail bin Abi Khalid ka ananah Imam

Yahya bin Saeed ki nazar mein muzir nahi hai to Sufyan Sauri ka ananah unki nazar mein ba-darja-e-oola muzir nahi.

Sufyan Sauri Se Imam Yahya bin Saeed Ki Riwayaat Ka Imtiyaaz:

Imam Ali bin al-Madeeni عليه الرحمة (d 234h) ne kaha hai:

والناس يحتاجون في حديث سفيان إلى يحيىٰ القطان لحال الإخبار يعني على أن سفيان كان يدلس، وأن يحيىٰ القطان كان يوقفه على ما سمع مما لم يسمع.

"*Log Sufyan ki hadees mein samaa' ki saraahat ki wajah se Yahya bin Saeed al-Qattaan ke mohtaj hote hain. Yaane Imam Ali bin al-Madeeni ye kehna chahte hain ke Sufyan tadlees karte the aur Yahya bin Saeed al-Qattaan unse riwayat karte waqt unke ustaaz se unke samaa' ki saraahat talab karte the*". (Al Kifaaya lil Khateeb Baghdadi: P362 [as-Saurqee])

Is qaul se baaz log istidlaal karte hue kehte hain ke Imam Ali bin al-Madeeni bhi Sufyan Sauri عليه الرحمة ko *tabaqa saalisa* ka samajhte the. Yaane unki muan-an riwayaat ko zaeef samajhte hain. Halaanke ye baat qatan durust nahi, kyounke Imam Ali bin al-Madeeni ka maqsood sirf wohi hai, jo khud unke is qaul ke naaqil ne aage bayan kar diya hai, ke Sufyan Sauri mudallis the. Lekin Imam Yahya bin Saeed unki sirf unhi riwayaat ko lete the, jin mein wo samaa' ki saraahat kare'n.

Ab isse sirf ye mustafaad hota hai ke Sufyan Sauri se Yahya bin Saeed ki riwayaat mein Sufyan Sauri ki tadlees ka koi imkaan nahi, lekin iska ye hargiz matlab nahi hai ke jahan imkaan hai, waha'n unki muan-an riwayat ko rad kar diya jaae. Kyounke *Hasan-ul-Hadees* ki riwayat mein bhi ghalati ka imkaan rehta hai, to kya us imkaan ki wajah se *Hasan-ul-Hadees* ki tamaam riwayaat rad kardi jaaengi?

Iske alaawa khud Imam Ibn al-Madeeni ka sareeh qaul guzihsta safhaat mein pesh kiya ja chuka hai, jis mein unho'n ne sirf kaseer-ut-tadlees mudalliseen hi ki muan-an riwayaat ko ghair-maqbool kaha hai. Yaane qaleel-ut-tadlees mudalliseen ki riwayaat unki nazar mein maqbool hain aur Sufyan Sauri عليه الرحمة qaleel-ut-tadlees hain. كما مضىٰ

Is poori tafseel se maaloom hua ke Sufyan Sauri ﷫ qaleel-ut-tadlees hain, lihaaza unka ananah maqbool hai. Yehi wajah hai ke Sufyan Sauri ki ahadees ko aimma-e-naqd, jab zaeef kehte hain to Sufyan Sauri ﷫ ke ananah ko illat[1] nahi maante. Balke deegar Ilal ki buniyad par uski tazeef karte hain.

Chunache Sunan Abu Dawood waghaera mein Sufyan Sauri hi ke tareeq se ek riwayat aai hai, jisse ahnaaf tark-e-raful yadain par istidlaal karte hain. Ye riwayat is liye zaeef hai, kyounke mohaddiseen ne us par jarh *mufassar*[2] kar rakhi hai. Us mein Sufyan Sauri ka ananah bhi hai, lekin us hadees ki tazeef ke liye use buniyad-e-illat qaraar dena durust nahi hai.

Ghaur karne ki baat hai ke mohaddiseen ki ek badi jamat ne raful yadain waali us hadees ko zaeef to qaraar diya hai, lekin un mein se kisi ek ne bhi uske zaeef hone ki wajah ye nahi bataai ke us mein Sufyan Sauri ka ananah hai. Mohaddiseen ki ek kaseer taadaad ka us hadees ko zaeef qaraar dena, lekin Sufyan Sauri ke ananah se taaruz[3] na karna, yehi is baat ki zabardast daleel hai ke Sufyan Sauri ka ananah mohaddiseen ke nazdeek muzir nahi, kyounke wo qaleel-ut-tadlees hain.

Agar Sufyan Sauri ki qillat-e-tadlees ke bawujood bhi unka ananah alal-itlaaq rad kiya jaae to iska ek khaufnaak taqaaza ye bhi hai ke sirf Sufyan Sauri hi ke ananah ko rad karne par iktifa na kiya jaae, balke unke shaikh se oopar bhi ananah ho to use bhi rad kar diya jaae. Kyounke Sufyan Sauri ﷫ se tadlees-e-taswiya karna bhi saabit hai.

Chunache Khateeb Baghdadi ﷫ (d 463h) ne kaha hai:

أخبرنا أبو سعيد محمد بن موسىٰ الصير في قال: ثنا أبو العباس محمد بن يعقوب الأصم قال: ثنا العباس بن محمد الدوري قال: ثنا قبيصة قال: ثنا سفيان لاثوري يوما حديثا، ترك فيه رجلا، فقيل له: يا أبا عبد الله! فيه رجل؟ قال: هذا أسهل الطريق.

"Qubaisa farmate hain ke ek din Sufyan Sauri ﷫ ne hamse ek hadees bayan ki aur us (ki sanad mein) ek admi ko chod diya. Un se kaha gaya: Abu Abdullah! Is (ki sanad mein) ek admi aur hai? Sufyan Sauri ﷫ ne

---

[1] T: (عِلّت) Wo cheez jo kisi doosri cheez ke wujood ka sabab ho, wajah, sabab [RKT]
[2] T: (جَرح مُفَسَّر) Waazeh taur par radd karna criticize [RSB]
[3] T: (تَعَرُّض) Muzaahamat, rok-tok, dakhal dena, objection [RKT]

kaha: Ye asaan tariqa hai". (Al Kifaaya lil Khateeb Baghdadi: P364 [as-Saurqee])

Sufyan Sauri Aur Tadlees e Taswiya:

Is riwayat ke raawi Khateeb Baghdadi ﷫ ne isse istidlaal karte hue kaha hai ke Sufyan Sauri *tadlees-e-tasiwiya* karte the. Imam A'laai ﷫ ne bhi isi riwayat ki buniyad par kaha hai ke Sufyan Sauri tadlees-e-taswiya karte the. (Jaame at Tehseel lil E'elaali: P103)

Is par ye ishkaal ho sakta hai ke is riwayat mein saraahat nahi hai ke *mahzoof raawi*[1] kis tabqe ka hai? lihaaza wo Sufyan Sauri ka *Shaikh* bhi ho sakta hai. Yaane aam tadlees ki soorat bhi ho sakti hai, ya Ibtida-e-sanad se bhi naam hazaf ho sakta hai. Yaane riwayat mursal ho sakti hai, ya mazeed fee muttasil-ul-asaneed ki soorat bhi ho sakti hai, waghaera.

Arz hai ke *tadlees-e-taswiya* ke alaawa kul 5 tarah ke ehtemalaat[2] pesh kiye ja sakte hain, lekin haqiqat mein *tadlees-e-taswiya* ke alaawa isme kisi bhi cheez ka ehtemaal mumkin nahi hai. Iski tafseel mulaahaza ho:

⎈ Pehla ehtemaal ye pesh kiya ja sakta hai ke mahzoof raawi Sufyan Sauri ka shaikh ho sakta hai, aisi soorat mein ye aam tadlees ki baat hogi.

① Arz hai ke Sufyan Sauri ﷫ ne agar apne ustaaz ko hazaf kiya hota to ye baat unke shaagird ko kaise maaloom hui? Kyounke aisi soorat mein ye tadlees hogi aur tadlees mein mudallis apen shaikh ko chodkar jisse riwayat karta hai, wo bhi mudallis ka shaikh hi hota hai. To agar ye maan liya jaae ke Sufyan Sauri ne apne shaikh ko saaqit kiya tha to agla raawi bhi unka shaikh hi hoga. Aisi soorat mein shaagird ko kaise pata chala ka unke ustaaz Sufyan Sauri ne ye riwayat apne falaa'n shaikh se nahi, balke kisi doosre shaikh se suni hai? Lihaaza yahan aam tadlees ki baat hargiz nahi ho sakti.

Aam tadlees ki khasiyat yehi hoti hai ke use koi bhaanp nahi sakta, kyounke mudallis jisse ba-seegha-e-an 'عن' riwayat karta hai, wo bhi mudallis ka shaikh hi hota hai.

---

[1] T: (مَحذُوف) Hazaf kiya gaya, alaahada kiya gaya, alag kiya gaya [RKT]

[2] T: (اِحْتِمال) Imkaan, gunjaaesh, mumkin ya mutawaqqe hone ki soorat [RKT]

② Alaawa baree’n kya Sufyan Sauri ke shaagird itne be-adab honge ke apne ustaaz ke ustaaz ke baare mein kahe’n: ‘فيه رجل’ “*(Is sanad mein ek shakhs aur hai)!*”.

③ Agar shaagird mahzoof shakhs ke naam se bhi aagaah tha, jaisa ke ba-zaahir maaloom hota hai to mahzoof shakhs ka Sufyan Sauri ka ustaaz hona naa-mumkin hai. Kyounke shaagird ko kaise maaloom hua ke Sufyan Sauri ne unhee’n se ye riwayat suni hai?

④ Mazeed-baraa’n ke shaagird ke sawal mein luqma dene ka andaaz hai, jo ishara karta hai ke shaagird ki nazar mein Sufyan Sauri wahem ka shikaar ho sakte hain. Lekin Sufyan Sauri ke ustaaz ke hazaf hone ki soorat mein Sufyan Sauri ke wahem ki gunjaaish nahi, in wujuhat ki bina par ye ehtemal naa-mumkin hai.

⎈ Doosra ehtemaal ye pesh kiya ja sakta hai ke Sufyan Sauri ne *irsaal-e-khafee* kiya hoga. Yaane apne shaikh ko saaqit karke jisse riwayat kiya hoga, wo Sufyan Sauri ka muaasir to hoga, lekin unka ustaaz nahi.

Arz hai, ke ye ehtemal bhi naa-mumkin hai, kyounke aisi soorat mein shaagird ye samajhta hai ke Sufyan us shaikh se bhi mil chuke hain aur agar shaagird ki nazar mein Sufyan ka unse milna muhaal hota to shaagird bataata nahi ke aapka ustaaz choot gaya hai. Balke poochta ke aapka ustaaz kaun hai?

Neez guzishta ehtemaal ki tardeed mein mazkura-baala *muakhkhar-uz-zikr* teeno baate’n (number 2, 3, 4) yahan bhi pesh-e-nazar rakhe’n.

⎈ Teesra ehtemaal ye pesh kiya ja sakta hai ke, mumkin hai ke Sufyan Sauri ne apne shaikh ko saaqit karke taaleeqan[1] apne aise Shaikh ush Shaikh se ye riwayat bayan ki ho, jo unka muaasir bhi na ho.

Arz hai, ke ye ehtemaal bhi mumkin nahi. Kyounke aisi soorat mein Sufyan Sauri ka apne ustaaz ko hazaf karna roz-e-raushan ki tarah ayaan hota. Aisi soorat mein shaagird bataata nahi ke aapka ustaaz

---

[1] T: (تَعْلِيقاً) Haashiya, wazaahat ke taur par [RKT]

choot gaya, balke poochta ke aapka ustaaz kaun hai?

Neez, pehle ehtemal ki tardeed mein mazkoor moaqqhar uz zikr teeno baate'n (number 2, 3, 4) yahan bhi pesh-e-nazar rakhe'n.

⎈ Chautha ehtemal ye pesh kiya ja sakta hai ke ye *mazeed fee muttasil-ul-asaneed*[1] ka maamla ho.

Arz hai, ke agar aisa hota to Sufyan Sauri ka jawab 'هذا أسهل الطريق' nahi hota. Balke wazaahat karte ke unki sanad muttasil hai aur apne shaagird ki ghalat-fehmi door karte, kyounke shaagird ne inqita[2] ki baat kahi thi.

⎈ Paachawaa'n ehtemaal ye pesh kiya ja sakta hai ke sahabi ko saaqit karke mursal riwayat kiya hai.

Arz hai ke aisi soorat mein shaagird 'فيه رجل' *"(is mein ek shakhs hai)"* nahi kehte, balke is mein sahabi ka tazkra karte. Ye baat naa-mumkin hai ke Sufyan Sauri ke talaamiza kisi sahabi ki taraf 'فيه رجل' kehkar ishara karen. Neez uske jawab mein Sufyan Sauri 'هذا أسهل الطريق' kahe'n.

Mazeed ye ke, kya Sufyan Sauri se ye ummeed ki ja sakti hai ke wo sahabi hi ko saaqit karke apni riwayat ko mashkook bana de'n? Tadlees-e-aam ya tadlees-e-taswiya ka maqsad sanad ke aeb ko chupaana hi hota hai, naake sanad ko aeb-daar karna. Agar darmiyan-e-sanad se kisi siqa ko saaqit kiya jaae to sanad aali zaahir hokar behtar lagegi. Magar sahabi ko saaqit karne se sanad mein kisi tarah ka bhi husn zaahir nahi ho sakta. Lihaaza Sufyan Sauri رحمه الله ye fuzool kaam hargiz nahi kar sakte.

Maaloom hua ke yahan sirf aur sirf ek hi soorat ho sakti hai aur wo ye ke darmiyan-e-sanad se Sufyan Sauri ne kisi ko giraa diya hai aur choonke usi sanad se shaagird ne kisi aur se bhi ye riwayat suni hogi. Is

---

[1] T: (مُتَّصِلُ الْأَسَانِيد) Aisi hadees jiski sanad poori tarah judi hui ho, yaane har raawi ne apne Shaikh se ba-raah-e-raast suna ho [RSB]

[2] T: (اِنْقِطاع) Qata' hone ka amal, munqata hona [RKT]

liye Sufyan Sauri ne bhi jab usi tareeq se riwayat bayan ki aur ek raawi ko chod diya to shaagird ne us par sawal uthaa diya aur yehi soorat hai *tadlees-e-taswiya* ki.

Yaad rahe ke is riwayat ke raawi Khateeb Baghdadi ne yehi mafhoom pesh kiya hai aur Imam A'laai رحمه الله ne bhi yehi mafhoom muraad liya hai. Neez kisi bhi mohaddis ne unke faham par eteraaz nahi kiya hai.

Baaz hazraat kehte hain ke Imam Yahya bin Saeed رحمه الله ne apna ya maamool banaaya tha ke wo Sufyan Sauri ki sirf unhi ahadees ko lete the, jin mein Sufyan Sauri رحمه الله apne ustaaz se samaa' ki saraahat kare'n. Lekin unho'n ne Sufyan Sauri ki sanad mein unse oopar ke tabaqaat[1] mein samaa' ki saraahat ki koi chaan-been nahi ki. Ye is baat ki daleel hai ke Sufyan Sauri tadlees-e-taswiya nahi karte the. Arz hai:

Awwalan: Baaz mohaddiseen to Sufyan Sauri ke ananah ki bhi chaan-been nahi karte the, to kya ise is baat ki daleel bana liya jaae ke Sufyan Sauri se aam tadlees bhi saabit nahi?

Saniyan: Mumkin hai ke Imam Yahya bin Saeed رحمه الله ko Sufyan Sauri ki tadlees-e-taswiya ka ilm hi na hua ho, kyounke Sufyan Sauri ne shaaz-o-naadir hi tadlees-e-taswiya ki hai.

Salisan: Imam Yahya bin Saeed رحمه الله, Sufyan Sauri ki tasreeh-e-samaa'[2] ke baad jo riwayat naql karte the, un mein Sufyan se oopar ke tabaqaat mein bhi mudallis ho sakte hain. Lekin aap unke samaa' ki chaan-been nahi karte the, to kya ye tasleem kar liya jaae ke Sufyan Sauri se oopar kisi ki taraf se bhi tadlees ka imkaan hi nahi hai?

Raabian: Jis tarah Imam Yahya bin Saeed is baat ki paabandi karte the Sufyan Sauri ki *musrrah bis-samaa'* riwayat hi naql karte, usi tarah Imam Yahya bin Saeed ye bhi paabandi karte the ke sirf siqa ruwaat hi se riwayat kare'n. To kya ye samajh liya ja ke Imam Yahya bin Saeed ki

---

[1] T: (طَبْقات) Tabqa ki jamaa, rutba, haisiyat, muqaam [RKT]

[2] T: (سَمْع کی تَصْرِیح) Ye saaf-saaf bayan karna ke raawi ne apne Shaikh (Ustaad) se ba-raah-e-raast hadees suni hai [RSB]

riwayat mein unse oopar zaeef raawi ka wujood hi nahi ho sakta?

Behrehaal Imam Yahya bin Saeed رحمه الله ke is tarz-e-amal se qatan ye istidlaal nahi kiya ja sakta ke Sufyan Sauri tadlees-e-taswiya nahi karte the. Isse ziyaada se ziyaada ye natija akhaz kar sakte hain ke Imam Yahya bin Saeed ko Sufyan Sauri ki tadlees-e-taswiya ka ilm nahi tha.

Is tafseel se maaloom hua ke Sufyan Sauri رحمه الله se tadlees-e-taswiya karna saabit hai aur tadlees-e-taswiya karne waala mudallis agar ba-kasrat is tarah ki tadlees kare to uski riwayat ke sahih hone ke liye laazim hai ke usse oopar sanad ke har tabaqe mein samaa' ya tahdees ki saraahat maujood ho.

Is liye qaleel-ut-tadlees ka bhi etebaar kiya jaae to qaleel-ut-tadlees-e-taswiya ka bhi etebaar karna padega aur phir Sufyan Sauri agar khud samaa' ki saraahat kar de'n to bhi kaafi nahi hoga. Balke Sufyan Sauri ki sanad mein har raawi ki taraf se samaa' ki saraahat matloob hogi, ba-soorat-e-deegar Sufyan Sauri ki hadees unki taraf se tasreeh-e-samaa' ke bawujood bhi zaeef tehregi aur agar koi Sufyan Sauri ki tadlees-e-taswiya ka etebaar nahi karta to Sufyan Sauri ki aam tadless ke etebaar ki bhi koi maaqool wajeh nahi hai.

Imam Amash Aur Tadlees e Taswiya:

Sufyan Sauri ki tarah Imam Amash رحمه الله ko bhi baaz mohaddiseen ne tadlees-e-taswiya karne waala qaraar diya hai. Chunache Imam Usman ad-Daarmi رحمه الله (d 280h) ne kaha: 'كان الأعمش ربما فعل ذلك' *"Amash kabhi-kabhi aisa (tadlees-e-taswiya) karte the"*. (Taareekh Ibne Maeen: P243 [Riwaaya ad Daarmi])

Imam Usman ad-Daarmi ne Amash ko tadlees-e-taswiya karne waala batlaane ke saath-saath ye bhi saraahat ki hai ke unka ye amal kabhi kabhaar hota tha, yaane is qism ki tadlees unke yahan bahut kam thi. Is liye uska koi etebaar nahi hai. Illa ye ke kisi riwayat mein tadlees-e-taswiya ki khaas daleel mil jaae.

Lekin jo log tadlees ki qillat-o-kasrat ka farq nahi karte, unke us usool ka taqaaza hai ke Imam Amash ki tadlees-e-taswiya ka bhi har jagah

etebaar kiya jaae aur Imam Amash ki sanad mein unke shaikh se oopar waale ananah ko bhi rad kar diya jaae.

Agar aam tadlees mein qillat-o-kasrat ki tafreeq ka inkaar karne waale Imam Amash ki tadlees-e-taswiya ko qillat ki buniyad par nazar-andaaz karte hain to aam tadlees karne waale, jin riwayat ki tadlees qaleel hai, unki tadlees ka bhi etebaar nahi hona chaahiye.

❁ Momil Bin Ismail Ki Tauseeq:

Aap Bukhari (Shawaahid), Tirmizi, Nasai aur Ibne Majah ke rijaal mein se hain. Baaz ne Aap par kalam kiya hai, lekin aksar mohaddiseen ne aapki tauseeq ki hai aur raajeh qaul mein aap siqa hain. Momil bin Ismail ki tauseeq ke mutaalliq mukammal tafseel agle safhaat mein aarahi hai.

❁ Abu Musa Muhammad bin al-Masna al-Anazi Ki Tauseeq:

Aap Bukhari-o-Muslim aur Sunan-e-Arba ke rijaal mein se hain aur bahut bade siqa-o-sabat hain. In par kisi ne bhi koi jarh nahi ki hai.

֍ Khateeb Baghdadi ﷫ (d 463h) ne kaha: 'كان ثقة ثبت، احتج سائر الأئمة بحديثه' *"Ye siqa aur sabat the, tamaam aimma ne inse ehtijaaj kiya hai"*. (Taareekh-e-Baghdad: V3 P284 [As Saadah])

֍ Haafiz Ibne Kaseer ﷫ (d 852h) ne kaha hai: 'ثقة ثبت' *"Ye siqa aur sabat hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 6264)

Kulaeb Ke Tafarrud Par Eteraaz Aur Uska Jawaab:

Baaz log ye eteraaz karte hain ke Waael bin Hujr ﵁ se isi riwayat ko deegar logon ne bhi naql kiya hai. Magar un logon ne seene par haath baandhne ka tazkirah nahi kiya.

Arz hai ke Kulaeb ke alaawa ye riwayat sirf 4 logon se marwi hai. Jin mein ek ki riwayat mein seene par haath baandhne ka tazkira hai aur doosri riwayat sanadan saabit hi nahi hai. Teesri riwayat mein had-darja ikhtisaar hai, yahan tak ke us mein haath baandhne ka bhi zikr nahi. Albatta chauthi riwayat mein haath baandhne ka zikr hai, magar us mein seene par haath baandhne ke khilaaf bhi koi baat nahi hai. Neez ye

riwayat darja-o-quwwat mein Kulaeb ki riwayat ke ham-palla nahi. Lihaaza sirf ek riwayat ki buniyad par jis mein seene par haath baandhne ke khilaaf bhi kuch nahi hai. Kulaeb ki riwayat par eteraaz karne ki koi gunjaaish nahi hai. Tafseel mulaahaza ho.

Umme Yahya Ki Riwayat:

Imam Bayhaqi رحمه الله (d 458h) ne kaha:

أخبنا أبو صعد أحمد بن محمد الصوفي، أنبأ أبو أحمد ابن عدي الحافظ، ثنا ابن صاعد، ثنا إبراهيم ين سعيد، ثنا محمد بن حجر الحصرمي، حدثنا سعيد بن عبد الجبار ابن وائل، عن أبيه، عن أمه، عن وائل بن حجر قال: حضرت رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أو حين نهض إلى المسجد، فدخل المحراب، ثم رفع يديه بالتكبير، ثم يمينه على يسراه على صدره.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr رضي الله عنه se riwayat hai ke aapne kaha: Main Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein us waqt haazir hua, jab aap masjid ka rukh paa chuke the. Aap ﷺ ne masnad-e-imaamat par pohonch kar takbeer kehte hue dono'n haatho'n ko uthaaya, phir Aap ﷺ ne apne daaen-haath ko apne baaen-haath par rakh kar apne seene par rakh liya*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46)

Ye riwayat Kulaeb bin Shihaab ki riwayat ke mukhaalif nahi, balke muwaafiq hai. Kyounke is mein bhi poori saraahat ke saath seene par haath baandhne ka zikr hai. Iski sanad zaeef hai. Lekin Sahih Ibne Khuzaima ki riwayat ke saath milkar ye riwayat bhi sahih qaraar paati hai.

Isi hadees ko Ibrahim bin Saeed ke tareeq se Imam Bazzar رحمه الله ne bhi riwayat kiya hai. (Musnad al Bazzar: V10 P355 H4488) Us mein 'عنده صدره' ke alfaaz hain. Usey baaz log iztiraab ki daleel banaate hain. Arz hai ke awwal to maanawi taur par dono alfaaz mein koi farq nahi hai. (Urdu pdf)P734-736) Doosre ye ke Muhammad bin Hujr se us riwayat ko naql karne waale do (2) log hain:

① Ek "*Bashar bin Musa*" jaisa ke Tabrani ki riwayat mein hai. (Dekiye: Al Mojam-ul-Kabeer: V22 P49)

② Doosre "*Ibrahim bin Saeed*" hain, jaisa ke Bayhaqi ki riwayat mein hai.

Jo oopar guzar chuki hai.

Inme “*Bashar bin Musa*” ki riwayat mein ‘على صدره’ ke alfaaz hain aur “*Ibrahim bin Saeed*” ki riwayat ke ek turq mein bhi ‘على صدره’ ke alfaaz hain. Chunache mulaahaza kare’n ke “*Ibrahim bin Saeed*” ki riwayat 2 tareeq se marwi hai:

❶ Ek turq “*Ibne Saaed*” ka hai, jaisa ke Bayhaqi ki riwayat mein hai, jo oopar mazkoor hai. Us turq ke mutaabiq “*Ibrahim bin Saeed*” ke alfaaz “*Bashar bin Musa*” ke alfaaz ke muwaafiq hain. Yaane us mein bhi ‘على صدره’ ke alfaaz hain.

❷ Doosra tareeq Imam Bazzaar ﷫ ka hai. Unho’n ne bhi “*Ibrahim bin Saeed*” hi ki riwayat bayan ki hai, lekin ‘على صدره’ ke alfaaz bayan kar diye. Yaane “*Bashar bin Musa*” ke khilaaf “*Ibrahim bin Saeed*” ki riwayat bayan ki hai.

Maaloom hua ke pehle tareeq yaane “*Ibrahim bin Saeed*” ki ‘على صدره’ waali riwayat mein “*Bashar bin Musa*” unke mutaabe[1] hain, lekin doosre tareeq mein yaane “*Ibrahim bin Saeed*” ki ‘عنده صدره’ waali riwayat mein unka koi mutaabe nahi hai. Lihaaza ‘على صدره’ ke alfaaz hi raajeh qaraar paaenge aur jab tarjeeh[2] ke dalaail maujood ho’n to waha’n par iztiraab ki soorat nahi hoti. (Urdu pdf)P522-525)

Khulaasa ye ke is riwayat mein ‘على صدره’ ke aflaaz mein koi iztiraab nahi hai. Iske baad zel mein baaqi 3 riwayaat ki tafseel bhi mulaahaza kare’n:

Abdur Rahman bin Al Yahsabi Ki Riwayat:

Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha:

حدثنا وكيع، حدثنا شعبة، عن عمرو بن مرة، عن أبي البخيري، عن عبد الرحمان بن اليحصبي، عن وائل بن حجر الحضرمي قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه مع التكبير.

---

[1] T: (مُتابِع) Ek (1) raawi koi hadees bayan kare aur doosra raawi uske muwaafiq doosri hadees bayan kare to doosri hadees ko mutaabe kahenge [RKT]

[2] T: (تَرْجِيح) Bartari, behtar, fauqiyat, fazilat [RKT]

"*Waael bin Hujr ﷺ kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko takbeer ke saath raful yadain karte hue dekha*". (Musnad Ahmad: V4 P316 [Al Maimunah])

Arz hai, ke ye riwayat saabit hi nahi, balke zaeef hai. Kyounke ise bayan karne waala Abdur Rahman bin al-Yahsabi hai aur use Ibne Hibbaan ke alaawa kisi ne siqa nahi kaha. Ibne Hibbaan tauseeq mein akele ho'n to unki tauseeq ghair-maqbool hoti hai. Kyounke wo *mutasaahl*[1] hain. Neez is riwayat mein haath baandhne ka bhi zikr nahi, jo is baat ki daleel hai ke raawi ne ikhtisaar se kaam liya hai. Lihaaza raawi ne jab sire se haath baandhne ka zikr hi nahi kiya to wo haath baandhne ki jagah ka zikr kaise karega? Lihaaza ye mukhtasar riwayat doosri riwayaat ke kihlaf hujjat nahi ban sakti.

Hajar bin al-Anbas Abil Anbas al-Hadhrami Ki Riwayat:

Inse is riwayat ko Salama bin Kuhael ne naql kiya hai. Salama se Shu'ba aur Sufyan Sauri ne bayan kiya hai aur Shu'ba ne apni riwayat mein sanad aur matan dono'n etebaar se Sufyan Sauri ki mukhalifat ki hai. Guzishta sutoor mein ye tafseel pesh ki ja chuki hai ke jab ham Imam Sufyan Sauri ﵀ ke tareeq se ye riwayat dekhte hain.

Imam Abu Dawood ﵀ (d 275h) ne kaha:

حدثنا محمد بن كثير، أخبرنا سفيان، عن سلمة، عن حجر أبي العنبس الحضرمي، عن وائل بن حجر، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم، إذا قرأ: ولا الضالين. قال: آمينو ورفع بها صوته.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ bayan karte hain ke Rasool Allah ﷺ jab (Surah al-Fatiha ke aakhir mein) Walaz Zaalleen kehte to ameen kehte aur uske saath apni awaaz ko buland karte*". (Sunan Abu Dawood: V1 P264 [Sanad Sahih])

Is riwayat mein ikhtisaar hai aur sire se haath baandhne hi ka zikr nahi hai, lihaaza ye mukhtasar riwayat doosri riwayat mein zikr-karda baato'n ke khilaaf hujjat nahi ban sakti.

[1] T: (مُتَساہِل) Tasaahul (ghaflat, be-parwaai) ya susti karne waala [RKT]

Alqama bin Waael al-Hadhrami Ki Riwayat:

Imam Muslim ﷫ (d 261h) ne kaha:

حدثنا زهير بن حرب، حدثنا عفان، حدثنا همام، حدثنا محمد بن جحادة، حدثني عبد الجبار بن وائل، عن علقمة ابن وائل، ومولى لهم، أنهما حدثاه عن أبيه وائل بن حجر: أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم رفع يديه حين دخل في الصلاة، كبر، وصف همام حيال أذنيه. ثم التحف بثوبه، ثم وضع يده اليمنى على اليرى، فلما أراد أن يركع أخرج يديه من الثوب، ثم رفعهما، ثم كبر فركع، فلما قال: سمع الله لمن حمده، رفعه يديه، فلما سجد سجد بين كفيه.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ se riwayat hai ke Nabi-e-Kareem ﷺ ne apne dono haatho'n ko buland kiya, jab Aap ﷺ namaz mein daakhil hue to takbeer kahi. Hamam ne bayan kiya hai ke Aap ﷺ ne dono'n haath apne kaano'n tak uthaae, phir Aap ﷺ ne chadar odhli, phir daae'n-haath ko baae'n-haath ke oopar rakha, jab Aap ﷺ ne ruku karne ka iraada kiya to apne haatho'n ko chadar se nikaala, phir unko buland kiya aur takbeer kehkar ruku kiya. Jab aapne* 'سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه' *kaha to apne haatho'n ko buland kiya. Phir Aap ﷺ ne apni dono hatheliyo'n ke darmiyan sajda kiya*". (Sahih Muslim: V2 P301)

Sirf yehi ek riwayat hai, jis mein haath baandhne ka zikr hai. Lekin haath baandhne ki jagah ka zikr nahi hai. Neez seene par haath baandhne ka inkaar bhi nahi hai. Na iske khilaaf kisi cheez ka zikr hai. Lihaaza sirf ek riwayat mein haath baandhne ke saath seene ka zikr na hone se doosri aisi riwayat ka inkaar nahi kiya ja sakta. Jis mein haath baandhne ke saath uski jagah ka bhi, yaane seene ka zikr ho.

Mazeed-baraa'n jis raawi ne seene ka zikr nahi kiya hai, wo Alqama bin Waael al-Hadhrami hain aur Imam ibne Saad ﷫ ne unke baare mein kaha hai: 'كان ثقة قليل الحديث' "*Ye siqa aur qaleel-ul-hadees the*". (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P312 [Daar Saadir])

Jabke unke muqaabil mein Kulaeb bin Shihaab ne seene par haath baandhne ka zikr kiya hai aur unke baare mein Imam Ibne Saad ﷫ ne kaha hai: 'كان ثقة كثير الحديث... رأيتهم يستحسنون حديثه ويحتجبون به' "*Ye siqa aur ziyaada ahadees waale the, maine mohaddiseen ko dekha, wo inki hadees ko*

acchi kehte the aur isse hujjat pakadte the". (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P133 [Daar Saadir])

Lihaaza *kaseer-ul-hadees siqa* ke muqaable mein *qaleel-ul-hadees siqa* ka bayan nahi pesh kiya ja sakta.

Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne kaha hai:

رواه الجماعة عن الثوري، لم يذكر واحد منهم: على صدره غير مؤمل بن إسماعيل.

"*Ise ek jamat ne Sauri se riwayat kiya hai, inme se kisi ne siwaa-e-Momil bin Ismail ke* 'على صدره' *ka zikr nahi kiya*". (Al Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P252 [Ar Raudah])

Lekin Imam Bayhaqi ne usi kitab mein khud Momil ki is riwayat se ehtijaaj kiya hai aur use Imam Abu Hanifa ke khilaaf pesh kiya hai, jo is baat ki daleel hai ke Imam Bayhaqi ki nazar mein bhi Momil ka tafarrud qaadih nahi hai. Isi tarah Imam Bayhaqi ne apni *Sunan Kubra* mein seene par haath baandhne ka baab qaayam kiya. Jis mein ye hadees zikr ki aur us par koi jarh nahi ki, jabke zer-e-naaf waali ahadees par jarh ki hai. (Sunan al Kubra lil Bayhaqi: V2 P30-31 ([Hind])

Ye bhi is baat ki daleel hai ke Imam Bayhaqi ki nazar mein ye riwayat zaeef nahi hai.

Imam Ibn al-Qaiyyim ﷫ (d 751h) ne kaha: 'ولم يقل: على صدره غير مؤمل بن إِسماعيل'

"*Momil bin Ismail ke alaawa kisi ne* 'على صدره' *ke alfaaz nahi kahe*". (Aalaam al-Muwaqqieen: V2 P471)

Lekin Imam Ibn al-Qaiyyim ne doosri kitab mein is riwayat par etemad kiya hai. Chunache likha hai:

ثم كان يمسك شماله بيمينه فيضعها عليه فوق المفصل ثم يضعهما على صدره.

"*Phir Aap ﷺ apne baae'n-haath ko apne daae'n-haath se pakadte aur use jod ke oopar rakhte, phir unhe'n apne seene par rakhte*". (As Salah wa Hukam Taarikaha: P160)

Isse maaloom hua ka Imam Ibn al-Qaiyyim ki nazar mein Momil bin Ismail ka tafarrud qaadih nahi hai, warna wo uski riwayat par etemad na karte. Waazeh rahe ke Imam Ibn al-Qaiyyim ﷫ ne apni kitabo'n mein

seene par haath baandhne se mutaalliq Momil ki riwayat ke alaawa kisi aur riwayat ka tazkirah nahi kiya. Jisse zaahir hai ke unka etemaad Momil ki riwayat hi par hai.

Agar farz kar le'n ke Imam Bayhaqi ﵀ aur Imam Ibn al-Qaiyyim ﵀ ne jarh ki hai, to ye ghair-maqbool hai. Kyounke Momil bin Ismail ke alaawa Sufyan Sauri ke doosre shaagirdo'n ne ye riwayat bayan karne mein ikhtisaar se kaam liya hai, jaisa ke poori tafseel pesh ki ja chuki hai.

Alaawa-baree'n hamne maa-qabl mein mutaaddid ahle ilm se is riwayat ki tasheeh bhi pesh ki hai.

Sufyan Sauri Ke Tafarrud Par Eteraaz Aur Uska Jawaab:

Baaz log kehte hain ke isi hadees ko Aasim se Sufyan Sauri ke alaawa bhi bahut saare logon ne riwayat kiya hai aur un mein se kisi ne bhi seene par haath baandhne ke alfaaz zikr nahi kiye. Jawaaban arz hai:

Awwalan: Sufyan Sauri ﵀ ke alaawa Aasim bin Kulaeb se deegar jin logon ki riwayaat hain, un mein kai riwayaat ko saabit hi nahi. Neez jo saabit hain, un mein se kai riwayaat mein haath baandhne ka bhi zikr nahi. Balke jin ruwaat ne haath baandhne ka zikr kiya hai, unho'n ne kabhi uska zikr kiya hai aur kabhi uska zikr nahi kiya.

Neez un sabki riwayaat dekhne ke baad pata chalta hai ke un mein se kisi bhi riwayat ke raawi ne ye iltizaam nahi kiya ke wo us hadees ke tamaam alfaaz zikr karega, lihaaza jab ye maamla hai to Sufyan Sauri ﵀ ke alaawa baaqi logon ne agar seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya to ye bilkul aise hi hai, jaise unho'n ne deegar baato'n ka zikr nahi kiya. Lihaaza deegar ruwaat ka koi baat bayan na karna is baat ki daleel hargiz nahi hai, ke wo cheez us riwayat ka hissa nahi. (Urdu pdf)P234-255)

Saniyan: Sufyan Sauri ke alaawa jo ruwaat bhi Aasim se ye hadees bayan kar rahe hain, un mein se koi bhi *hifz-o-itqaan* mein Sufyan Sauri ﵀ ke baraabar nahi. Lihaaza un mein se kisi ki riwayat bhi Sufyan Sauri ﵀ ki riwayat ke ham-palla nahi ho sakti. (Urdu pdf)P255-256)

Salisan: Sufyan Sauri ﵀ *Haafiz, Mutqin* hain aur haafiz mutqin ki

ziyaadati maqbool hoti hai. (Urdu pdf)P256-258)

Raabian: Sufyan Sauri رحمه الله ke alaawa deegar raawiyo'n ki riwayaat Sufyan Sauri رحمه الله ki riwayat ke manaafi nahi hain. Yaane un mein Sufyan Sauri رحمه الله ki riwayat ka inkaar ya uske khilaaf koi baat nahi. Balke adm-e-zikr hai aur aise halaat mein siqa ki ziyaadati qubool hoti hai. (Urdu pdf)P258-259)

Khaamisan: Sufyan Sauri رحمه الله ke bayan-karda alfaaz ke shawaahid bhi maujood hain, jaisa ke is kitab mein pesh kiye gae hain. Lihaaza shawaahid ke hote hue Imam Sufyan Sauri رحمه الله jaise huffaaz-o-mutqin ki ziyadati har haal mein qubool hogi. (Urdu pdf)P262)

Saadisan: Ye kehna bhi theek nahi hai ke Sufyan Sauri رحمه الله seene par haath baandhne ka tazkirah karne mein munfarid hain. Kyounke Sufyan Sauri ke ustaaz Aasim hi se isi riwayat ko Zaaida ne bhi naql kiya hai aur unke alfaaz mein bhi maanawi taur par seene par haath baandhne ka zikr maujood hai. (Urdu pdf)P175-176) Allama Albani رحمه الله ne bhi Sufyan ke tafarrud ka yehi jawab diya hai. (Asal Sifat as Salah: V1 P221)

Momil Bin Ismail Ke Tafarrud Par Eteraaz Aur Uska Jawab:

Baaz log kehte hain ke Momil ko agarche siqa maan le'n, lekin choonke us par jarh hui hai, is liye ye jin alfaaz ke bayan mein munfarid hoga, use qubool nahi kiya jaaega aur Sufyan Sauri se seene par haath baandhne ke alfaaz sirf Momil hi bayan kar raha hai. Sufyan Sauri ke deegar shaagirdo'n mein se kisi bhi shaagird ne Sufyan Sauri se ye riwayat karte hue seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya. Is liye un tamaam shaagirdo'n ke khilaaf tanha Momil bin Ismail ka bayan motabar nahi, kyounke ye *mutakallim-feeh*[1] hai.

Jawaban arz hai, ke zer-e-bahes riwayat mein Momil bin Ismail ke bayan par ye usool laagu nahi ho sakta, kyounke yahan fil-haqiqat Momil bin Ismail ki mukhalifat saabit hi nahi. Chunache Momil bin Ismail ke alaawa jin logon ne bhi Sufyan Sauri se ye riwayat naql ki hai, unho'n ne had-darja ikhtisaar se kaam liya hai. Hatta ke unho'n ne haath baandhne ka bhi zikr nahi kiya. Lihaaza jab deegar raawiyo'n ne is hadees ke haath

[1] T: (مُتَكَلَّم فيه) jis par baat-cheet ki gai ho, jiske baare mein guftagu ki gai ho [RKT]

baandhne waale hisse hi ko bayan nahi kiya, to phir unse ye tawaqqo kaise ki ja sakti hai ke wo haath baandhne ki jagah bayan kare'n?!

Ek aam aadmi bhi badi asaani se samajh sakta hai ke haath baandhne ki jagah, yaane seene ke zikr ki nuabat kisi raawi ke yahan tab aaegi, jab wo haath baandhne ka zikr karega. Lekin jab raawi sire se haath baandhne hi ka zikr na kare, balke us poori kaefiyat ko chodkar doosri cheez bayan karke apni baat khatam karde, to kis buniyad par kaha ja sakta hai ke wo seene ke lafz ka mukhaalif hai? Agar usne seene ka lafz zikr nahi kiya to usne haath baandhne ka bhi to zikr nahi kiya, to kya ye keh diya jaae ke wo haath baandhne waale alfaaz ka bhi mukhaalif hai?!

Momil bin Ismail ne Sufyan Sauri se jis siyaaq mein riwayat bayan ki hai, agar deegar ruwaat bhi Sufyan Sauri se ye riwayat usi siyaaq[1] mein naql karte, yaane sabke sab haath baandhne waali kaefiyat ka zikr karte, lekin un mein se koi bhi haath baandhne ki jagah, yaane seene ka zikr na karta to ye ishkaal ho sakta tha, ke is siyaaq mein un alfaaz ka izaafa sirf Momil bin Ismail kar raha hai aur wo haafiz-o-*mutqin* nahi, ke uski ziyadati qubool karli jaae, balke wo mutakallim-feeh hai. Lihaaza mutakallim-feeh raawi ki ziyadati qubool ki ja sakti hai.

Magar choonke deegar ruwaat ne is siyaaq ke saath ye riwayat bayan nahi ki, halaanke ye siyaaq yaane baandhne ki kaefiyat is riwayat mein saabit-shuda hai. Lihaaza aisi soorat mein Momil bin Ismail ka ise tanha bayan karna, chandaa'n muzir nahi, kyounke fil-haqiqat unka koi mukhaalif hai hi nahi.

Zel mein ham Momil bin Ismail ke alaawa Sufyan Sauri se isi hadees ko bayan karne waale deegar raawiyo'n ke alfaaz naql kar dete hain, taake baat bilkul waazeh ho jaae.

Ishaq bin Rahwiya Ki Riwayat:

أخبرنا الثوري عن عاصم بن كليب عن أبيه عن وائل بن حجر، قال: رمقت النبي صلى الله عله وسلم فلما سجد يديه حذاء أذنيه.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke maine Nabi ﷺ ko*

[1] T: (سِياق) Kisi ibaarat mein kisi lafz ya qaul ke aage peeche ka matan, context [RKT]

dekha, jab Aap ne sajda kiya to apne dono haath apne kaano'n ke baraabar rakhe". (Nasbur Raaya liz Ze'li: V1 P381 [ba-hawaala Musnad Ishaq bin Rahwiya])

Is mein sirf sadje ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka zikr nahi hai.

Abdur Razzaq bin Hamam Ki Riwayat:

عن الثوري، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: رمقت رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما سجد كانت يجاه حذو أذنيه.

"Sahabi-e-Rasool Waale bin Hujr ﵁ kehte hain ke maine Nabi ﷺ ko dekha, jab aapne sajda kiya, to aapke dono haath aapke kaano'n ke baraabar the". (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P175)

Is mein bhi sirf sajde ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka zikr nahi hai.

Note: Abdur Razzaq ki baaz deegar riwayaat mein kuch mazeed baato'n ka zikr milta hai, magar haath baandhne ka zikr unki kisi bhi riwayat mein nahi hai.

Wakee bin al-Jarrah Ki Riwayat:

حدثنا وكيع، حدثنا سفيان، عن عاصم لن كليب، عن أبيه، عن وائل الحضرمي، أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم حين سجد، ويداه قريبتان من أذنيه.

"Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke unho'n ne Nabi ﷺ ko dekha, jab aapne sajda kiya to aapke dono haath aapke kano'n ke qareeb the". (Musnad Ahmad: V4 P316 [Al Maimunah])

Is mein bhi sirf sajde ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka zikr nahi hai.

Yahya bin Adam Aur Abu Nayeem Ki Riwayat:

حدثنا يحيىٰ بن آدم، وأبو نعيم، قال: حدثنا سفيان، حدثنا عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سجد، جعل يديه حذاء أذنيه.

"Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke Rasool Allah ﷺ jab sajda karte to apne dono haath apne kaano'n ke baraabar rakhte the".

(Musnad Ahmad: V4 P318 [Al Maimunah])

Is mein bhi sirf sajde ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka zikr nahi hai.

Hussain bin Hafs Ki Riwayat:

أخبرنا أرو عبدالله الحافظ، وأبو سعيد بن أبي عمرو قالا: ثنا أبو العباس محمد بن يعقوبو، ثنا أسيد بن عاصم، ثنا الحسين بن حفص، عن سفيان، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سجد يكون يداه حذاء أذنيه.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke Allah ke Rasool ﷺ jab sajda karte to aapke dono'n haath aapke kaano'n ke baraabar hote*". (Sunan al Kubra lil Bayhaqi: V2 P160)

Is mein bhi sirf sajde ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka zikr nahi hai.

Ali bin Qaadim Ki Riwayat:

حدثنا محمد بن عبد الله الحضرمي، ثنا أحمد بن يحيىٰ الصوفي، ثنا علي بن ضادم، ثنا سفيان، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم إذا قام، اتكأ على إحدى يديه.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko dekha, jab aap khade hote to apne dono'n haatho'n mein se ek par tek lagaate*". (Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabrani: V2 2P39)

Is mein sirf namaz se uthne ki kaefiyat ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka tazkirah nahi hai.

Muhammad bin Yusuf al-Faryaabi Ki Riwayat:

أخبرني محمد بن علي بن ميمون الرقي قال: نا محمد وهو ابن يوسف الفريابي، قال: نا سفيان عن عاصم بن كليب عن أبيه عن وائل بن حجر أنه رأى النبي صلى الله عليه وسلم جلس في الصلاة ففرش رجله اليسرى، و وضع ذراعيه على فخذيه، وأشار بالسبابة يدعو.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ se marwi hai ke unho'n ne Allah ke Nabi ﷺ ko dekha, aap namaz mein baithe aur apne baae'n-pair ko bicha liya. Phir dono'n baazuo'n ko apni dono raano'n par rakha aur shahadat ki ungli se ishaara karke dua karne lage*". (Sunan Nasai lil Kubra: V1 P374)

Is mein tasshahud mein baithne ki kaefiyat aur ungli ke ishare ke saath dua ka zikr hai, hadees ke baqiya hisso'n mein se kisi ka takzira nahi hai.

Abdullah bin al-Waleed Ki Riwayat:

حدثنا عبد الله بن الوليد، حدثني سفيان، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم حين كبر، رفع يديه حذاء أذنيه، ثم حين قال: سمع الله لمن حمده، رفع يديه، ورأيته ممسكا يمينه على شماله في الصلاة، فلما جلس، حلق بالوسطى والإبهام، وأشار بالسبابة، و وضع يده اليمنى على فخذه اليمنى، ووضع يده اليسرى على فخذه اليسرى.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko dekha, jab aap takbeer kehte to apne dono haatho'n ko apne kano'n tak uthaate, phir jab aap ruku karte aur jab* 'سمع الله لمن حميده' *kehte to dono haatho'n ko uthaate. Maine aapko namaz mein daae'n-haath se baae'n-haath ko pakadte hue dekha. Phir jab aap baeth-te to apne anghote aur beech waali ungli ka halqa banaaya aur shahadat ki ungli se ishaara kiya, aapne daae'n-haath ko daaee'n-raan par rakha aur baae'n-haath ko baaee'n-raan par rakha*". (Musnad Ahmad: V4 P318 [Al Maimunah])

Sirf aur sirf isi ek riwayat mein haath baandhne ka zikr hai aur seene ka zikr nahi hai. Zaahir hai ke sirf ek raawi ke adm-e-zikr se Momin ki zikr-karda baat par eteraaz nahi kiya ja sakta. Bil-khusoos jabke adm-e-zikr waale Abdullah bin al Waleed hain. Jo khud bhi *mutakallim fiya* aur Momil se kam rutbe waale hain. Chunache Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne inke baare mein kaha hai: 'شيخ يكتب حديثه، ولا يحتج به' "*Ye shaikh hain, inki hadees likhi jaaegi. Lekin usse hujjat nahi li jaaegi*". (Al Jarh wa Taadeell li Ibne Abi Haatim: V5 P188)

Jabke Momil ke baare mein Imam Abu Haatim ne kaha hai:

صدوق شديد في السنة، كثير الخطاء، يكتب حديثه.

"*Ye sacche aur kattar sunni hain. Bahut ghalati karne waale hain, inki hadees likhi jaaegi*". (Al Jarh wa Taadeell li Ibne Abi Haatim: V5 P374)

Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne Abdullah bin al-Waleed ke baare mein sirf ye kaha hai: 'شيخ' "*Ye shaikh hain*". (Al Kaashif liz Zahbi: V1 P606)

Jabke Momil ke baare mein Imam Zahbi ne kaha hai: 'كان من ثقات البصريين' "*Ye Basra ke siqa logon mein se the*". (Al Ibar Fee Khabar Min Ghair: V1 P350)

Lihaaza Momil ke muqaable mein Abdullah bin al-Waleed ki riwayat nahi pesh ki ja sakti.

Abu Musa Par Tafarrud Ka Ilzaam:

Baaz log naaqis mutaala-a ki buniyad par kehte hain ke Momil se isi riwayat ko Abu Musa ke alaawa Abu Bakrah ne bhi naql kiya hai. Magar unho'n ne seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya. Jaisa ke Tahawi ki riwayat hai. Chunache Abu Jaafar Tahawi ﷫ (d 321h) ne kaha:

حدثنا أبو بكرة قال: ثنا مؤمل قال: ثنا سفيان عن عاصم ابن كليب عن أبيه عن وائل بن حجر قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم حين يكبر للصلاة يرفع يديه حيال أذنيه.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko dekha, jab aap namaz ke liye takbeer kehte to apne dono haatho'n ko apne dono kaano'n tak uthaate*". (Sharah Maani al-Aasaar: V1 P196)

Arz hai ke is riwayat se ye hargiz saabit nahi hota ke Abu Bakrah ne seene par haath baandhne ka tazkira nahi kiya. Kyounke Abu Bakrah hi se yehi riwayat Imam Tahawi hi ne doosri kitab mein naql ki aur isme Abu Bakrah ne Momil se seene par haath baandhne ka tazkira kiya hai. Chunache Abu Jaafar Tahavi ﷫ (d 321h) ne kaha:

حدثنا أبو بكرة، قال: حدثنا مؤمل، قال: حدثنا سفيان، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر، قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد وضع يديه على صدره، إحداهما على الأخرىٰ.

"*Sahabi-e-Rasool Waael bin Hujr ﵁ kehte hain ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko dekha, aapne apne dono haatho'n ko apne seene par rakha aur ek haath doosre haath par tha*". (Ahkaam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P186)

Is riwayat se maaloom hua ke Abu Bakrah ne bhi Momil bin Ismail se seene par haath baandhne ka takzira suna hai. Lekin Abu Bakrah ne kabhi ikhtisaar karte hue uska tazkira nahi kiya, ya mumkin hai ye ikhtisaar Imam Tahawi hi ki taraf se ho.

Iztiraab Ka Daawa:

Baaz log ye eteraaz karte hain ke Momil bin Ismail seene ka lafz bayan karne mein iztiraab ka shikaar hai. Kabhi usne seene ka zikr hi nahi kiya. Jaisa ke Tahawi ki *Sharah Maani al-Aasaar* ki riwayat mein hai aur kabhi usne 'على صدره' (seene par) kaha hai. Jaisa ke Ibne Khuzaima ki riwayat mein hai aur kabhi usne 'على صدره' (seene ke paas) kaha hai, jaisa ke Tabaqaat al-Mohaddiseen ki riwayat mein hai.

Daktoor Maahir Yaseen Fahal Saahab likhte hain:

أن مؤملًا اضطرب في رواية عن صفيان فرواه مرة "على صدره" و مرة "عند صدره"، و مرة بدون ذكر الزيادة.

"Momil, Sufyan se riwayat bayan karne mein iztiraab ka shikaar hua hai. Kabhi usne 'على صدره' ke alfaaz bayan kai. Kabhi usne 'على صدره' ke alfaaz bayan kiye aur kabhi ye izaafa zikr hi nahi kiya". (Asar Ikhtilaaf al Asaneed wal Matmoon Fee Ikhtilaaf al Fuqaha: P378; Neez dekhiye Sahih Ibne Khuzaima bi Tehqiq Doctor Maahir: V1 P537 H470 [haashiya])

Arz hai ke jahan tak Tahawi ki riwayat ki baat hai ke Momil ne kabhi seene ka zikr nahi kiya to ye ghalat hai. Kyounke Tahawi hi ki doosri riwayat mein seene ka zikr bhi maujood hai. (Ahkaam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P186)

Rahi ye baat ke kisi riwayat mein 'على صدره' (seene par) hai aur kisi riwayat mein 'على صدره' (seene ke paas) hai to ye iztiraab nahi, kyounke maanawi taur par dono alfaaz mein ek hi baat hai. (Urdu pdf)P734-736)

Agar bil-farz maan le'n ke ye dono alfaaz alag-alag hain, to bhi yahan iztiraab ki baat nahi kahi ja sakti. Is liye 'على صدره' (seene par) waali riwayat ziyaada qawi hai. Kyounke use Momil ke do (2) shaagirdo'n ne bil-ittifaaq bayan kiya hai:

۞ Ek Abu Musa hain, jaisa ke Sahih Ibne Khuzaima: V1 P243 H497.

۞ Abu Bakrah hain, Jaisa ke Ahkaam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P186 mein hai.

In dono ke bar-khilaaf sirf ek raawi Muhammad bin Aasim as-Saqafi ne

'على صدره' (seene ke paas) waale alfaaz bayan kiye hain. (Tabaqaat-ul-Mudalliseen bi Asbahaan: V2 P268)

Lihaaza do (2) ke muqaable mein ek (1) ke bayan ki koi haisiyat nahi, bil-khusoos jabke akele bayan karne waale Muhammad bin Aasim as-Saqafi sirf *sadooq* hain. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 5986)

Unke muqaable mein 'عند صدره' (seene par) ke alfaaz bayan karne waale Abu Musa aur Abu Bakrah unse aala darje ke siqa hain aur aage tafseel aarahi hai ke jab riwayaat ek darja ki na ho'n, to waha'n iztiraab ki soorat nahi hoti. (Urdu pdf)P522-525)

Is hadees ke ek doosre tareeq mein bhi kuch logon ne iztiraab ka daawa kiya hai, jiski tardeed ke liye isi kitab ke safha 376-377[1] mulaahaza kare'n.

Ek Be-buniyad Eteraaz (Sufyan Sauri Ka Amal):

Baaz log kehte hain ke is riwayat ki sanad mein Sufyan Sauri ﷫ hain aur ye khud naaf ke neeche haath baandhte the, jisse pata chalta hai ke ye riwayat saabit nahi hai. Kyounke agar ye riwayat saabit hoti to Sufyan Sauri isi par amal karte.

Jawaban Arz hai:

Awwalan: Sufyan Sauri ki taraf mansoob amal se Sufyan Sauri ki bayan-karda ye hadees ghalat saabit nahi hoti, balke Sufyan Sauri ki is hadees ki wajah se unki taraf mansoob amal ki nisbat ghalat saabit hoti hai.

Doosre alfaaz mein you'n keh le'n ke jab Sufyan Sauri ﷫ ne seene par haath baandhne ki riwayat bayan ki hai, to ye kaise mumkin hai ke wo naaf ke neeche haath baandne par amal kare'n? Lihaaza unke baare mein ye kehna hi ghalat hai ke wo naaf ke neeche haath baandhnte the. Sufyan Sauri ﷫ azeem mohaddis hain, bhala wo hadees ke khilaaf kaise amal kar sakte hain?

Saniyan: Ye eteraaz bilkul aise hi hai, jaise koi kahe ke Muwatta (H47)

[1] T: Update the page numbers

mein namaz mein haath baandhne waali jo hadees hai, wo saabit nahi. Kyounke Imam Maalik namaz mein haath chodkar namaz padhte the!

Bhala batlaaiye ke is tarah ke behooda eteraaz se kya ham Muwatta Imam Maalik ki us hadees ko jhutla de'n, jis mein namaz mein haath baandhne ka zikr hai? Yaad rahe ke Muwatta Imam Maalik ki ye hadees Sahih Bukhari mein bhi Imam Maalik hi ki sanad se marwi hai. (Sahih Bukhari: Kitab-ul-Azan: H470)

Sahih baat ye hai ke Imam Maalik ki taraf mansoob amal se Imam Maalik ki bayan-karda hadees ghalat saabit nahi hoit. Balke Imam Maalik ki bayan-karda hadees se unki taraf mansoob amal ki nisbat ghalat saabit hoti hai. Yehi maamla Sufyan Sauri رحمه الله ki hadees aur unki taraf mansoob amal ka hai, ke unki bayan-karda hadees se unki taraf mansoob amal ki nisbat ghalat saabit hoti hai.

Saalisan: Sufyan Sauri رحمه الله se sahih sanad ke saath ye saabit nahi hai ke wo naaf ke neeche haath baandhte the. Jin logon ne bhi ye baat zikr ki hai, unho'n ne Sufyan Sauri tak is baat ki sahih sanad pesh nahi ki. Lihaaza ye baat jhooti aur manghadat hai aur Sufyan Sauri رحمه الله par bohtan hai.

Yaad rahe ke Imam Maalik se bhi ye saabit nahi hai ke namaz mein haath na baandhe jaae'n. (Dekhiye: Haiyatul Manaasik Fee An al-Qabz Fis Salah Hua Mazhab al Imam Maalik)

Raabian: Naaf ke neeche haath baandhne ka amal ahnaaf ka hai aur Imam Abu Hanifa رحمه الله ki taraf bhi yehi baat mansoob hai. Jabke Sufyan Sauri رحمه الله to Imam Abu Hanifa ke sakht mukhaalif the. (Dekhiye: Nashr as Saheefa Fee Zikr as Sahih Min Aqwaal Aimma al Jarh wa Taadeel Fee Abi Hanifa: P335-342)

Hatta ke Sufyan Sauri رحمه الله yahan tak kaha karte the ke agar Abu Hanifa sahih bhi kahe'n to bhi main unki muwaafaqat karna pasand nahi karta, chunache Imam Ahmad bin Hambal (d 241h) ne kaha hai:

حدثنا شعيب بن حرب قال: سمعت سفيان يقول: ما أحب أني أوافقهم على الحق، يعني أبا حنيفة.

"*Sufyan Sauri رحمه الله ne kaha: Main haq mein bhi Abu Hanifa aur unke saathiyo'n ki muwaafaqat pasand nahi karta*". (Ilal Ahmad Riwaaya Al Mirwazi Waghaira: P172 [Sanad Sahih])

Ab zara soche’n! Jo Sufyan Sauri ﷫ Imam Abu Hanifa ke is qadar mukhaalif ho’n, bhala wo ahnaaf ke maslalk ko apnaa sakte hain?!

Khaamisan: Ye koi usool nahi ke raawi ke fatwe ya amal ki wajah se uski riwayat ko rad kar diya jaae, balke usool to ye hai ke raawi agar apni bayan-karda riwayat ke khilaaf fatwa de, ya amal kare to etebaar uski riwayat ka hoga. Naake riwayat ke khilaaf is fatwe aur amal ka lihaaz kiya jaaega.

Chunache Imam Ibne Hazam ﷫ (d 456h) ne kaha hai:

والواجب إذا وجد مثل هذا أن يضعف ما روي عن الصاحب من قوله، وأن يغلب عليه ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم لا أن نضعف ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم و نغلب عليه ما روي عن الصحاب، فهذا هو الباطر الذي لا يحل.

“*Jab is jaisa maamla ho to waajib hai ke raawi ka apna jo qaul-o-amal naql kiya jaata hai, use zaeef kaha jaae. Aur usne Allah ke Nabi ﷺ se jo riwayat kiya hai, use ghaalib rakah jaae. Naake Allah ke Nabi ﷺ se riwayat-karda baat ko zaeef keh diya jaae. Aur us par raawi ka qaul-o-amal ghaalib kar diya jaae. Aisa karna baatil hai, jaaiz nahi*”. (Al Muhalla li Ibne Hazam: V1 P124)

Imam Ibn al-Mulaqqin ﷫ (d 804h) ne kaha:

الراجح في الأصول أن العبرة بما روى لا بما رأى.

“*Usool mein raajeh ye hai ke raawi ki bayan-karda riwayat ka etebaar hoga, naake uske fatwe ka lihaaz kiya jaaega*”. (Al Badar-ul-Muneer li Ibne Mulqin: V6 P504)

Imam Ibn al-Qaiyyim ﷫ (d 751h) zabardast wazaahat karte hue farmate hain:

والذي ندينُ الله به ولا يَسَعُنَا غيره وهو الضصد في هذا الباب أن الحديث إذا صح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم يصح عنه حديث آخر ينسخه أن الفرض علينا وعلى الأمة الأخذُ بحديثه وتَرْكُ كل ما خلفه، ولا نتركه لخلاف أحدٍ من الناس كائنًا من كان لا راويه ولا غيره إذ من الممكن أن ينسى الراوي الحديث، أو لا يَحْضُره وقتَ الفتايا، أو لا يتفطن لدلالته على تلك المسألة، أو يتأول فيه تأويلًا مرجوحًا، أو يقوم في ظنه ما يعارضه ولا يكون معارَضًا فى نفس الأمر, أو يقلد غيره في فتواه بخلافه لا عتقاده أنه أعلم منه وأنه إنما خالفه لما أقوي منه. ولو قدر انتقاء ذلك كله، ولا سبيل إلى العلم لانتفائه ولا ظنه، لم يكن الراوي معصومًا، ولم توجب مخالفَتُه لما رواه سقوطَ عدالتِهِ

حتى تغلب سيئاتهحسناته، وبخلاف هذا الحديث الواحد لا يحصل له ذلك.

"Is baare mein sahih baat yehi hai, yehi hamara deen hai. Iske alaawa hamare liye kuch aur jaaiz nahi ke jab Allah ke Nabi ﷺ ki sahih hadees mil jaae aur use mansookh karne waali koi doosri hadees saabit na ho to ham par aur poori ummat par farz hai ke us hadees par amal kare'n aur uske khilaaf har baat ko chod de'n aur us hadees ko ham is wajah se hargiz nahi chod sakte ke kisi ne uske khilaaf amal kiya hai. Khwaah wo koi bhi ho, hatta ke usi hadees ka raawi ho ya koi aur ho. Kyounke mumkin hai ke raawi apni riwayat-karda hadees ko bhool jaae, ya fatwa dete waqt wo hadees uske pesh-e-nazar na ho, ya mutaalliqa masaail mein us hadees ki dalaalat ko na samjah sake. Ya uski koi marjooh taaweel[1] kar raha ho. Ya uske gumaan mein uske muaariz koi cheez ho, joke fil-haqiqat muaaraza ke qaabil na ho. Ya hadees ke khilaaf apne fatwa mein kisi aur par etemaad kar raha ho, ye soch kar ke wo usse ziyaada jankaar hai. Ya (apni nazar mein) us hadees se qawi-tar baat ki wajah se hadees ki mukhalifat kar raha ho". (Aalaam al-Muwaqqieen [ت Mashoor])

Isbaat ad-Daleel Alaa Tauseeq Momil Bin Ismail

Momil bin Ismail al-Qurashi al-Aduwi Abu Abdur Rahman al-Basri

Aap Imam Sufyan Sauri waghaera ke shaagird hain aur Imam Ahmad, Imam Ali bin Madeeni aur Imam Ishaq bin Raahweh wahgaira ke ustaaz hain. Aapki ahadees Bukhari (shawaahid), Tirmizi, Nasai aur Ibne Majah mein marwi hain. (Dekhiye: Tehzeeb-ul-Kamal lil Mizzi: V29 P176)

Darj-e-Zel Aqwaal Se Tazeef Saabit Nahi Hoti:

① Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h) ne kaha: 'يحدث من حفظه زيادة' *"Ye apne haafiza se izaafa bayan karte hain"*. (Suaalaat Ibnul Junaid li Ibne Maeen: P202 [Al Azhari])

Imam Ibne Maeen ﷫ ka ye kalaam pesh karke Maulana Ejaz Ahmad Saahab Hanafi ne ye baawar karnaae ki koshish ki hai ke Momil zaeef

[1] T: (تاوِیل) heela, bachaao ki raah, uzr-e-be-jaa, bachaao ki daleel [RKT]

hai. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139)

Arz hai ke is jumle se raawi ki tazeef saabit nahi hoti, balke sirf ye saabit hota hai ke baaz auqaat unko wahem ho jaata tha aur mahez is baina par koi raawi zaeef nahi ho jaata. Neez Imam Ibne Maeen ke is qaul se ye bhi maaloom hua ke Momil ziyaada ghalati karne waale nahi, balke basa auqaat unse ghalati ho jaati thi. Goya Ibne Maeen ka mauqif un logon ke khilaaf hai, jinho'n ne Momil ko ziyaada ghalati karne waala kaha hai.

Waazeh rah ke ek riwayat 'عن ابن طاؤس، عن أبيه' mein Momil ne sahabi Ibne Abbas ﷺ ka izaafa bayan kar diya hai, jis par Imam Ibne Maeen ﷺ ne kaha: 'إنما هو عن ابن طاؤس، عن أبيه، مرسل' *"Ye Ibne Taawoos an 'عن' Abeeh hai, yaane mursal"*. (Suaalaat Ibnul Junaid li Ibne Maeen: P 202 [Al Azhari])

Iske baad kaha ke Momil apne haafize se izaafa bayan karte hain. Theek isi tarah ek riwayat *Yahya bin Abi Kaseer, an 'عن' al-Muhajir bin Ikrima* mein Imam Abu Hanifa ne sahabi Abu Huraira ﷺ ka izaafa bayan kiya to Imam Daraqutni ne kaha: 'عن'

ورواه أبو حنيفة، عن شيبان، فقال: عن يحيى بن أبي كثير، عن المهاجر بن عكرمة، عن أبي هريرة والصواب مرسل.

"Ise Abu Hanifa ne Shaybaan ke tareeq se bayan karte hue kaha: 'عن يحيىٰ بن أبي كثير عن المهاجر بن عكرمة عن أبي هريرة' Yahya bin Abi Kaseer, an 'عن' al-Muhajir bin Ikrima, an 'عن' Abu Huraira aur sahih baat ye hai ke ye mursal". (Al Ilal lid Daraqutni: V9 P277 [Mahfooz as Salafi])

To kya Imam Abu Hanifa ki is ghalati ko bhi unke zaeef hone ki daleel samajh liya jaae?

Algharz Imam Ibne Maeen ka mazkura-baala kalam Momil ke zaeef hone ki daleel nahi hai aur uski zabardast daleel ye hai ke khud Imam Ibne Maeen ﷺ ne Momil ko saraahatan siqa kaha hai. 'كما سيأتي' Balke Sufyan Sauri se riwayat mein bhi Momil ko siqa kaha hai. 'كما سيأتي'

② Imam Ahmad bin Hambal ﷺ (d 241h) ne kaha: 'مؤمل كان يخطئ' *"Momil*

ghalati karte the". (Ilal Ahmad Riwayat al Mirwazi: P60)

Arz hai, ke ghalatiya'n siqa ruwaat se bhi hoti hain, is liye mahez ghalati karne ki wajah se kisi ko zaeef nahi keh sakte. Balke zaeef kehne ke liye zaroori hai ke raawi ki ba-kasrat ghalatiya'n saabit ho'n.

③ Imam Abu Dawood ﷫ (d 275h) se Abu Obaid ne naql karte hue kaha:

سألت أبا داود عن مؤمل بن إسماعيل، فعظمه، ورفع من شأنه إلا أنه في الشيئ.

"*Maine Imam Abu Dawood se Momil ke baare mein poocha, to unho'n ne us raawi ki azmat-e-shaan ko bayan kiya aur kaha: Lekin ye baaz cheezo'n mein ghalati karte hain*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V29 P178)

Arz hai ke Imam Abu Dawood ﷫ ne bhi mahez baaz cheezo'n mein unhe'n ghalati karne waala kaha hai, yaane inki ghalatiya'n Imam Abu Dawood ke nazdeek kam hain aur inke yahan Momil ki azmat-e-shaan bhi musallam hain.

④ Imam Yaqoob bin Sufyan al-Faswee ﷫ (d 277h) ne kaha:

ومؤمل بن إسماعيل سني شيخ جليل، سمعت سليمان ابن حرب يحسن الثناء عليه، يقول: كان مشيختنا يعرفون له، ويوصون به، إلَّا أن يشبه حديث أسحابه، حتى ربما قَا: كان لا يسعه أن يحدث، وقد يجب على أهل العلم أن يقفوا عن حديثه، ويتخففوا من الرواية عنه، فإنه منكر، يروي المناكير عن ثقات شيوخنا، وعذا أشد، فلو كانت هذه المناكير عن ضعاف، لكنا نجعل له عذرًا.

"*Momil bin Ismail sunni aur jaleel-ul-qadr shaikh the. Maine Sulaiman bin Harb ko unki umda taareef karte hue suna. Aap kehte the: Hamare mashaaikh unhe'n jaante the aur unse talab-e-ilm ka mashwara dete the. Magar unki hadees unke deegar saathiyo'n jaisi nahi hai. Hatta ke aapne baaz dafa kaha: Aapke liye hadees bayan karna munaasib na tha. Ahle ilm par waajib hai ke unse hadees lene mein mohtaat rahe'n aur unse bahut kam riwayat kare'n. Kyounke ye munkar hain aur hamare mashaaikh se manakeer bayan karte hain. Jo bahut badi baat hai. Kyounke agar ye manakeer zaeef ruwaat se bayan ki jaatee'n to ham Momil ko mazoor samajhte*". (Al Maarifa wat Taareekh lil Faswee: V3 P52)

Is qaul mein Sulaiman bin Harb ne Momil ko munkar kehne ki wajah, yaane un par jarh ka sabab ye batlaaya hai ke 'يروي المناكير' "*Wo munkar*

riwayaat bayan karte hain". Lekin is buniyad par kisi ko munkar nahi kaha ja sakta. Kyounke manakeer riwayat karne se ye laazim nahi aata ke riwayat karne waala hi iska zimmedaar hai. Imam Zahbi ﵀ (d 748h) ne kaha: 'قلت: ما كل من روى المناكير يضعف' *"Main kehta hoo'n ke aisa nahi hai ke har wo shakhs jo munkar riwayaat bayan kare, use zaeef qaraar diya jaaega*". (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V1 P118)

Maulana Abdul Hai Luckhnawi Hanafi (d 1304h) ne kaha:

بين قولهم: هذا الراوي منكر الحديث، و لين قولهم: يروي المناكير, فرق.

"*Mohaddiseen ke qaul 'ye raawi munkar-ul-hadees hai, mein aur inke qaul 'ye munkar ahadees bayan karta hai, mein farq hai*". (Ar Rifaa wat Takmeel: P200)

Maulana Luckhnawi aage likhte hain:

وَكَذَا لَا تَظن من قَوْلهم: فلَان روى الْمَنَكِيرير اَوْ حَديثه هَذَا مُنكر، و نحو ذلك أنه ضعيف.

"*Isi tarah mohaddiseen ke qaul 'falaa'n ne munkar riwayaat bayan ki hain, ya 'Iski ye hadees munkar hai, Ya is jaise alfaaz se ye hargiz na samjho ke ye raawi zaeef hai*". (Ar Rifaa wat Takmeel: P201)

Rahi ye baat ke Momil ne jin mashaaikh se munkar riwayat bayan ki hain, wo siqa the. To bhi ye zaroori nahi hai ke un asaatiza se oopar ke ruwaat mein zof maujood na ho.

⑤ Abdul Baaqi bin Qaane (d 351h) ne kaha: 'صالح يخطئ' "*Ibne Qaane ne kaha: "Ye saaleh hai, ghalati karta hai*". (As Siqaat li Ibne Hibban: V9 P187 [Al Usmaniya])

Arz hai ke is qaul mein bhi sirf ghalati karne ki baat hai aur mahez ghalati karne se koi raawi zaeef nahi ho jaata, kyounke bade-bade siqa se bhi ghalati ho jaati hai.

⑥ Imam Ibne Hibbaan ﵀ (d 354h) ne kaha: 'ربما أخطاء' "*Ye kabhi-kabhaar ghalati karte the*". (As Siqaat li Ibne Hibban: V9 P187 [Al Usmaniya])

Arz hai ke kabhi-kabhaar ghalati karne se koi raawi zaeef nahi hota, jab tak uska kasrat se ghalati karna saabit na ho.

⑦ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha: 'صدوق كثير الخطاء' *"Ye sacche hain aur bahut ghalatiya'n karne waale hain"*. (Suaalaat al Haakim lid Darqunit: P276)

Imam Daraqutni ke is qaul se bhi tazeef saabit nahi ho sakti. Kyounke khud Imam Daraqutni ﷫ ne Momil bin Ismail ki ek hadees ke baare mein kaha hai: 'إسناد صحيح' *"Iski sanad sahih hai"*. (Sunan Daraqutni: V2 P186)

Isse pataa chalta hai ke Imam Daraqutni ke qaul mein *kaseer-ul-khata* se muraad mutaaddid baar ghalati karna hai, ya ghair-qaadih ghalati karna hai. Kyounke Imam Daraqutni ﷫ unki riwayaat ko sahih bhi kehte hain. Lihaaza in dono tarz-e-amal mein tatbeeq dena zaroori hai. Iski taaeed is baat se bhi hoti hai ke Imam Daraqutni ﷫ ne apni zoafa waali kitab mein Momil ka tazkirah nahi kiya.

Maulana Ejaz Ahmad Saahab Hanafi ne 'أطراف الغرائب للدارقتني' ke hawaale se naql karte hue likha hai: 'ولم يروه غير مؤمل بن إسماعيل'.[1] (Atraaf-ul-Gharaaib: number 1351)

Mazeed likha: 'تفرد بن مرمل بن إسماعيل عن الثوري'.[2] (Atraaf-ul-Gharaaib: number 1351; Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P141)

Arz hai ke us kitab mein ghareeb ahadees ka bayan hai aur ghareeb hadees usool-e-hadees mein use kehte hain, jise riwayat karne mein kisi tabqe mein koi raawi munfarid ho. Lihaaza jab kisi hadees ko ghareeb kaha jaaega to laazmi taur par kisi tabqe mein kisi raawi ka munfarid hona batlaaya jaaega aur kisi hadees ka mahez ghareeb hona uske zaeef hone ki daleel nahi. lihaaza kisi raawi ki ghareeb hadees ka tazkirah uski tazeef hai hi nahi. Agar Maulana Ejaz Ahmad Saahab yehi samajhte hain ke kisi raawi ka ghareeb hadees bayan karna uske zaeef hone ki daleel hai to arz hai ke usi kitab mein ye ibaarate'n bhi maujood hain:

'تفرد به أبو حنيفة النعمان عنه'. [3] (Atraaf-ul-Gharaaib: number 4956)

---

[1] T: Aur ise sirf Momil bin Ismail ne hi riwayat kiya hai [RSB]

[2] T: Ye riwayat sirf Momin bin Ismail ne hi Sufyan Sauri se bayan ki hai (kisi aur ne nahi) [RSB]

[3] T: Is riwayat ko sirf Imam Abu Hanifa an-Noman ne hi bayan kiya hai (kisi aur ne nahi) [RSB]

‘تفرد به أبو حنيفة النعمان بن ثابت عن حماد بن أبي سليمان’.[1] (Atraaf-ul-Gharaaib: #2041)

Kya khayal hai? Kya ye ibaarate’n bhi Imam Abu Hanifa ﷬ ke zaeef hone ki daleel hain?

⑧ Imam Zahbi ﷬ (d 748h) ne kaha: ‘حافظ عالم يخطئ’ “*Ye haafiz-o-aalim hain aur ghalati karte the*”. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V4 P228)

Arz hai, ke ye bahut maamooli jarh hai, is mein sirf kabhi-kabhaar ghalati karne ki baat hai. Maulana Ameer Ali likhte hain:

والذهبي جعله قليل الخطاء حافظ. وذكر حديثا منكراً حمله على عكرمة.... الخ.

“*Zahbi ﷬ ne ise haafiz-e-hadees kaha aur farmaya ke isse kam khatae’n hui hain. Iski ek hadees munkar bhi unho’n ne zikr ki hai, magar uski nakaarat ka sabab Ikrima ﷬ ko qaraar diya hai*”. (Al Ta’aqeeb: P515 (ba-hawaala: Tauzeeh-ul-Ahkaam-az-Irshad-ul-Haq Athari: P558)

Neez, Imam Zahbi ne Momil bin Ismail ko saraahatan siqa qaraar diya hai, jaisa ke aage uski tafseel aarahi hai. Balke Imam Zahbi ne Momil ka zikr apni kitab ‘من تكلم فيه وهو موثق’ mein kiya hai. (Dekhiye: Man Takallam Fiya Wahua Mausooq: P183 [Muhammad Shukoor])

Apni is kitab mein Imam Zahbi ﷬ ne aise riwayat ka tazkirah kiya hai, jis par jarh hui hai, lekin wo siqa hain. Ye is baat ki daleel hai ke Imam Zahbi ki tehqiq mein Momil bin Ismail siqa hain aur un par ki gai jarh se wo zaeef saabit nahi hote.

⑨ Imam Haithami ﷬ (d 807h) ne kaha:

مؤمل بن إسماعيل وثقه ابن معين، وضعفه الجمهور.

“*Momil bin Ismail ko Ibne Maeen ne siqa kaha aur jamhoor ne unki tazeef ki hai*”. (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V5 P63)

Arz hai ke Imam Haithami ﷬ ke is jumle ka ye matlab hargiz nahi hai ke Imam Haithami ke nazdeek bhi Momil bin Ismail zaeef hai. Kyounke yahan Imam Hathiami ﷬ ne apne alfaaz mein Momil par jarh nahi ki aur

[1] T: Ye riwayat ko sirf Imam Abu Hanifa an-Noman bin Saabit ne hi hammad bin Abi Sulaiman se bayan kiya hai (kisi aur ne nahi) [RSB]

doosre muqamaat par apne lafaaz mein Imam Hathiami ؒ ne Momil ko siqa kaha hai. Jiski tafseel aage aarahi hai. Balke Imam Hathami ؒ ne Momil par ki gai jurooh[1] ko ghair-muzir qaraar diya hai. Jaisa ke tauseeq ki bahes mein tafseel aarahi hai. Neez Imam Haithami ؒ ka ye kehna bhi mahel-e-nazar[2] hai ke jamhoor ne ise zaeef qaraar diya hai. Jaisa ke tafseel aarahi hai.

⑩ Haafiz Ibne Hajar ؒ (d 852h) ne kaha: ‘صدوق سيئ الحفظ’ “*Aap sacche hain, bure haafiza waale hain*”. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 7029)

Arz hai, ke Haafiz Ibne Hajar ؒ ke nazdeek is seeghe se tazeef muraad nahi hoti, balke unke nazdeek aisa raawi *Hasan-ul-Hadees* hota hai. (Dekhiye: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P673-674)

Haafiz Ibne Hajar ؒ ne ek doosri kitab mein kaha hai:

في حديثه عن الثوري ضعف.

“*Sufyan Sauri se Momil ki hadees mein zof hai*”. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V9 P239)

Arz hai, ke ghaaliban Haafiz Ibne Hajar ؒ ne ye baat Imam Ibne Maeen ki taraf mansoob ek qaul ki buniyad par kahi hai. Chunache Haafiz Ibne Hajar ؒ se qabl is tarah ki baat Imam Ibne Maeen se Ibne Mihriz ne naql ki hai. (Dekhiye: Maarifa ar Rijaal li Ibne Maeen: V1 P114)

Lekin Ibne Mihriz *majhool-ul-haal*[3] hai, unki tauseeq milti hai na unki taareef milti hai, na ahle ilm ki ibaarato’n mein unke liye ilmi alqaabaat milte hain. Albatta unho’n ne Imam Ibne Maeen ؒ waghaera se ilm ka ek hissa naql kiya hai, jo unke aalim hone par dalaalat karta hai. Is liye unki riwayaat agar Ibne Maeen ؒ ke deegar siqa-o-maaroof shaagirdo’n ki riwayaat ke bar-aks na ho’n to unse ehtijaaj kiya ja sakta hai. Lekin Ibne Maeen se unki naql-karda aisi riwayat, jo Ibne Maeen ke deegar siqa aur mashoor-o-maaroof shaagirdo’n ki naql-karda riwayaat ke khilaaf ho, to aisi soorat mein unki riwayat hujjat nahi hogi. Sufyan

---

[1] T: (جُرُوح) Jarh ki jamaa, radd karna [RSB]
[2] T: (مَحَلِّ نَظَر) Fikr-o-taammul ka muqaam, jaae eteraaz, jis mein ikhtilaaf ki gunjaaesh ho, muqaam-e-fikr [RKT]
[3] T: (مَجهُولُ الْحال) Wo jiske haalaat maaloom na ho’n, bilkul ajnabi [RSB]

Sauri se Momil ki riwayat mein zof waala qaul naql karne mein Ibne Mihriz na sirf munfarid hain, balke inki naql-kardaye baat Ibne Maeen ke doosre siqa aur mashoor-o-maaroof shaagird Usman ad-Daarmi رحمه الله ki naql-karda riwayat ke khilaaf hai. Kyounke Usman ad-Daarmi رحمه الله ne apne ustaad Imam Ibne Maeen رحمه الله se Sufyan Sauri ki riwayat mein Momil ko siqa nahi kiya hai, jiski mukammal tafseel aage aarahi hai.

Agar Ibne Maeen ka qaul saabit bhi maan le'n to bhi unke qaul ka matlab mutlaq zaeef nahi, balke sirf aala darje ki tauseeq ki nafi hai. 'كما سيأتي'

Waazeh rahe ke ke Ibne Hajar رحمه الله ne bhi is qaul mein bhi Sufyan Sauri se Momil ki riwayat ki mutlaq tazeef nahi ki, balke sirf zof ki baat kahi hai aur zof-o-tazeef mein bada farq hai, zaeef se sirf aala darje ki tauseeq ki nafi hoti hai. Taaham ye zof waali baat bhi durust nahi. Iski mazeed tafseel aage aarahi hai.

Dar-e-Zel aqwaal Saabit Nahi hain:

⑪ Imam Mizzi رحمه الله (d 742h) ne kaha: 'وقالك البخاري: منكر الحديث' *"Imam Bukhari ne kaha ye munkar-ul-hadees hai"*. (Tehzeeb-ul-Kamal lil Mizzi: V29 P178)

Kya Imam Bukhari رحمه الله ne Momil ko Munkar al-Hadees Kaha?:

Arz hai ke Imam Bukhari رحمه الله se ye qaul saabit nahi, balke Imam Mizzi se ye qaul naql karne mein ghalati hui hai. Dar-asal Imam Bukhari رحمه الله ne *Momil bin Saeed bin Yusuf* ko *Munkar-ul-hadees* kaha hai aur Imam Bukhari رحمه الله ki kitab mein is naam se pehle Momil bin Ismail ka tazkirah hai. Choonke Imam Bukhari ki kitab mein dono naam ek saath mazkoor hain, is liye jald baazi mein Imam Mizzi se chook ho gai aur doosre raawi se mutaalliq Imam Bukhari ki jarh ko pehle raawi se mutaalliq samajh liya.

Imam Bukhari رحمه الله ki taraf mansoob is jarh se mutaalliq Shaikh Abul Ishbaal Ahmad Shaaghif حفظه الله ka ek tehqiqi mazmoon hai, jise aage pesh kiya ja raha hai.

Shaikh Abul Ishbaal Ahmad Shagif Bihari حفظه الله likhte hain: *"Momil bin*

Ismail is hadees ke raawi hain, jisse seene par haath baandhne ka suboot hota hai. Unki ye riwayat Sahih Ibne Khuzaima waghaera mein maujood hai aur uski taaeed Musnad Ahmad ki sahih riwayat se hoti hai. Neez usi mazmoon ki Sunan Abu Dawood mein ek Mursal sahih riwayat bhi maujood hai. Momil bin Ismail ka tarjuma Tehzeeb-ul-Kamal, Meezaan-ul-Etidaal, Tehzeeb-ut-Tehzeeb, Taqreeb-ut-Tehzeeb, At Taareekh-ul-Kabeer lil Imam Bukhari aur Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim waghaera mein maujood hai".

"*Choonke Tehzeeb-ul-Kamal lil Mizzi, Maqdisi ki 'Al Kamal', se maakhuz hai, ma ziyadaat, Ab maaloom nahi ke Maqdisi ne unke tarjuma mein mein kiya likha hai*".[1]

"*Albatta Tehzeeb-ul-Kamaal, Meezaan-ul-Etidaal aur Tehzeeb-ut-Tehzeeb mein hai ke Imam Bukhari ne unko munkar-ul-hadees kaha hai aur Imam Bukhari jis raawi ke baare mein ye lafz istemaal karte hain, unse riwayat lena jaaiz nahi. Lihaaza mukhalifeen ko mauqa mil gaya aur unho'n ne is riwayat par jarh kardi ke dekho ye riwayat qaabil-e-qubool nahi. Is jarh ke bawujood Maslak-e-Ahle Hadees par to koi asar nahi padta, kyounke unke paas aur sahih riwayate'n bhi maujood hain, sirf isi par unka etemaad nahi. Lekin sire se ye jarh Taareekh-ul-Kabeer waghaera, Imam Bukhari ki tasnifaat mein maujood nahi hai*". (Al Kamaal mein Allama Maqdisi ne Momil bin Ismail ke bare mein *Munkar-ul-Hadees* ki jarh naql nahi ki hai. Aage ham Al Kamal lil Maqdisi se Momil bin Ismail waale safha ka aks pesh kar rahe hain)

"*Taareekh-ul-Kabeer: V8 P49 par ye unwaan hai "Baab Momil". Is unwaan ke tahat Tarjuma: number 2107 ko dekhe'n, jo you'n marqoom hai*:"

"مؤمل بن إسماعيل أبو عبد الرحمن مولى آل عمر الخطاب القرشي، سمع الثوري و حماد بن سلمة، مات سنة خمس أوست و مائتين، الصري، سكن مكة". انتهىٰ [2]

"*Is tarjuma ke baad Mubaasahra: number 2108 ke tahat marqoom hai*":

---

[1] T: Urdu pdf mein is jagah footnotes section mein koi tafseel nahi hai. Shayad typing karte hue ye footnote number ghalati se enter ho gaya. [RSB]

[2] T: Shaikh Kifayatullah ne is ibaarat ka tarjuma 'Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab Hanafi Ke Shubhaat Ka Izaala' unwaan mein Pehli Daleel ke tahat kiya hai. Dekhiye is kitab ka PXXXXX. [RSB]

"مؤمل بن سعيد يوسف أبو الرجي الشامي، سمع أباه، سمع منه سليمان بن سلمة، منكر الحديث". انتهیٰ [1]

"Maaloom hota hai ke jisne bhi "Taareekh-ul-Kabeer" se "Munkir-ul-Hadees" ka lafz naql kiya hai, isse chook waaqe hui hai aur isne Momil bin Saeed se munkar-ul-hadees ka lafz uthaakar Momil bin Ismail ke saath nathi[2] kar diya aur uske baad aane waalo'n ne Taareekh-e-Kabeer ki taraf muraaja-at kiye baghaer apne qabl waalo'n par etemaad karte hue Momil bin Ismail ke tarjuma mein ye lafz naql kar diya. Yahan tak ke is daur-e-jahaalat mein is zor-shor se amal hona shuru ho gaya. Halaanke Momil bin Ismail ki riwayat Jame Tirmizi mein maujood hai. (Dekhiye: Tohfatul Ahwazi: V1 P319)

Imam Tirmizi ne us hadees ke baad likha hai": 'هذا حديث حسن صحيح' "*Ye Imam Tirmizi, Imam Bukhari ke shaagird hain. Apni Jaame ke andar riwayat par kalaam karte hue At Taareekh-ul-Kabeer se bharpoor istifaada karte hain. Chunache Jaame ke aakhir mein Ilal bayan karte hue farmate hain*":

"وما كان فيه من العلل في الأحاديث والرجال و التاريخ فهو ما استخرجته من كتاب التاريخ، وأكثر ذلك ما ناظرت به محمد بن إسماعيل، ومنه ما ناظرت به عبد الله ابن عبد الرحمان و أبا زرعة، أكثر ذالك عن محمد، وأقل شيئ فيه عن عبد الله و أبي زرعة". (Tohfatul Ahwazi: V4 P385) [3]

Is ibaarat mein 'من كتاب التاريخ' se *Taareekh-e-Kabeer* muraad hai.

"*Pas maaloom hua ke agar Imam Bukhari ki taareekh mein 'Munkir-ul-Hadees, ka lafz Momil bin Ismail ke tarjuma mein hota to Imam Tirmizi use zaroor naql karte aur Imam Bukhari se us par munazra karte, lekin unho'n ne aisa nahi kiya*".

"*Neez Ibne Khuzaima, Imam Bukhari ke shaagird hote hue us*

[1] T: Eezan. Dekhiye is kitab ka PXXXXX. [RSB]
[2] T: (نَتّهی) Shaamil, munsalik, saath puroya hua, attached [RKT]
[3] T: Aur is (kitab mein jo hadees, raawiyo'n aur taareekh ke mutaalliq Ilal bayan ki gai hain, wo sab maine 'Kitaab-ut-Taareekh' se akhaz ki hain. Un mein se ziyaada-tar Ilal wo hain jin par maine Muhammad bin Ismail Bukhari se bahes ki, jabke kuch par Abdullah bin Abdur Rahman (Daarmi) aur Abu Zurah (Raazi) se bhi tabaadla-khayaal kiya. Un mein se ziyaada-tar mubaahase Muhammad bin Ismail (Imam Bukhari) ke saath hue, jabke Abdullah aur Abu Zurah ke saath bahut kam hue. [RSB]

raawi ki hadees apni sahih mein naql karte hain aur uski taraf adna ishaara bhi nahi karte".

"*In baato'n ke alaawa sabse ahem baat ye ke Imam Ibne Abi Haatim ne is raawi ka zikr 'Al Jarh wa Taadeel', mein kiya hai aur wo 'At Taareekh-ul-Kabeer', ki ghalatiyo'n ke tatabbo*[1] *mein maaroof hain. Is silsila mein unki ek mustaqil kitab bhi hai. Lekin uska zikr na to 'Al Jarh wa Taadeel, mein kiya aur na us mustaqil kitab mein likha. Isse bhi waazeh hua ke is lafz ka wujood Momil ke tarjuma mein nahi hai*".

"*Haa'n Momil ki tauseeq hi aksar mohaddiseen se saabit hai. Masalan: Ishaq bin Rahwiya, Yahya bin Maeen, Ibne Hibban, Daraqutni, Ibne Saad aur Ibne Qaane waghaera se. Albatta Ibne Rahwiya aur Ibne Maeen ke alaawa doosro'n ne masalan Daraqutni ne* 'ثقة كثير الخطأ', *Ibne Saad ne* 'ثقة كثير الغلط' *aur Ibne Hibbaan ne* 'ربما أخطا' *waghaera lafaaz istemaal kiye hain*".

"*Isi liye Haafiz ne 'At Taqreeb, mein jo* 'اعدل'[2] *adal qaul unke silsila mein kaha hai, wo hai:* 'صدوق سيئ الحفظ' *Ab unki riwayat-karda hadees ko agar daleel-e-qatai se saabit kar diya jaae ke us mein unse khata sar-zad hui hai to phir wo riwayat qaabil-e-rad hogi, warna qaabil-e-qubool hai. Aur yahan to unki is riwayat ki shahid-o-mutaabe maujood hai. Lihaaza ye riwayat qaabil-e-qubool hai, albatta is hadees ke muhkalifeen ke dil mein unse bughz zaroor hai, is liye wo unki is sahih riwayat ko qubool karne ke bajaae rad hi karne par tule hain*".

"*Hamari is guftagu se waazeh ho gaya ke unke silsila mein Imam Bukhari ka ye qaul 'munkar-ul-hadees', saabit nahi, balke baaz naaqileen ki ghalatiyo'n ka samrah*[3] *hai*".

"*Baaz mukhalifeen ne is hadees ke adm-e-sehat ki daleel ye bhi di hai ke Momil is riwayat ko Sufyan Sauri se riwayat karte hain aur unka mazhab hai ke naaf ke neeche haath bandha jaae. Agar ye riwayat unke*

---

[1] Tatabbo T: (تَتَبُّع) Ittiba, paerawi [RKT]

[2] T: (اَعْدَل) Aisa raawi jo sabse ziyaada aadil (munsif aur dayanatdaar) ho [RSB]

[3] T: (ثَمْرَہ) Nafa, faaeda, nateeja, haasil, anjaam [RKT]

nazdeek sahih hoti to uske khilaaf amal na karte. Lekin ye uzr hi sire se sahih nahi, balke ye uzr-e-lang[1] *hai. Is qism ki misaale'n kutub-e-ahadees mein maujood hain, Masalan:*".

"*Imam Maalik ne Muwatta Mein* 'وضع اليمين الشمال' *ka baab munaqqid karne ke baad do (2) hadeese'n is baab ke tahat laakar is masle ko sahih saabit kar diya hai. Lekin unka aakhri amal* 'إرسال اليدين في الصلاة' *hai aur uski wajah ye hai ke jab unko saza di gai aur unke shaane ukhad gae to wo haath baandhne se mazoor ho gae*".

"*Neez baaz Sahaba Kiraam* ﷺ *se marwi hadees ke muwaafiq-o-mukhaalif dono qism ke fatwe maujood hain. Neez baaz ka amal khud unhee'n ki riwayat-karda hadees ke khilaaf hai aur jab unke shaagird ne dekha aur unko yaad dilaaya to unho'n ne apna amal badal diya*".

"*Mohaddiseen-e-kiraam ne is sabka tatabbo kiya aur istiqra*[2] *ke baad faisla ye kiya ke sahabi ya mohaddis ya faqeeh ki riwayat-karda sahih hadees to qaabil-e-qubool hai, lekin unka wo amal ya fatwa jo unki riwayat-karda sahih hadees ke khilaaf ho, qaabil-e-qubool nahi. Kyounke hadees-e-rasool* ﷺ *ki hifazat ki zimmedari to Allah ne li hai. Kisi sahabi ya faqeeh-o-mohaddis ke amal fatwa ki sehat ki zimmedari Allah ne nahi li hai. Pas mumkin hai ke in sulaha-e-ummat ki taraf mansoob wo amal ya fatwa sire se sahih na ho, ya bar-banaae sahv-o-nisiyaan*[3] *ho, ya kisi maaqool uzr ki bina par ho, jo unke haq mein to sahih ho, lekin hamare liye wo uswa nahi ban sakta. Haa'n hamare liye uswa to sirf Nabi-e-Kareem* ﷺ *ka qaul-o-fe'l aur taqreer hi hai.* والحمد لله *Pas hamare oopar un sulaha-e-ummat ki riwayat-karda ahadees-e-sahiha par amal waajib hai aur unke haq mein Allah ke sikhaae hue Quran-e-kareem ki ye dua farz hai:*"

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ.

(Surah al-Hashr: 10)

"*Pas Momil bin Ismail ke haq mein Ibne Hibbaan ka qaul haq-o-*

1 T: (عُذْرِ لَنگ) Namaqool uzr, uzr-e-be-jaa, kamzor uzr [RKT]

2 T: (اِسْتِقْرا) Justaju, talaash, search, quest [RKT]

3 T: (نِسیان) Bhool-chook, bhool jaane waala, bhulakkad, forgetful, oblivious [RKT]

sahih hai, yaane 'ثقة ربما أخطا' *'siqa hain, kabhi kabhaar khata kar jaate hain, Lihaaza tatabbo ke baad agar ye saabit ho jaae ke is hadees mein unse khata waqe hui hai, to wo hadees qaabil-e-qubool nahi*".

"*Khud Imam Bukhari ne inse ek hadees ta'aleeqan Kitab-ul-Fitan Baab: 10 mein H7073 ke baad jazzman zikr ki hai aur Imam Abu Dawood ne apni kitab, Kitab-ul-Qadar aur Imam Tirmizi-o-Nasai aur Ibne Majah ne apni apni sunan mein inse riwayate'n li hain. Tirmizi ne inki riwayat ko sahih kaha hai. Pas unki ye riwayat jo Sahih Ibne Khuzaima mein hai, bilkul sahih aur saabit hai, unka bilaa uzr rad kar dene waala sunan-e-nabawiyya ka rad karne waala shumaar hoga*".

"*Allah Rabbul Izzat hamen haq qubool karne ki taufeeq de, ameen (Shaikh Abu Ishbaal* (hafizahullah) *ka mazmoon khatam hua*". (Maqalaat-e-Shaaghif: P178-181)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab Hanafi Ke Shubhaat Ka Izaala:

❁ Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: "*Munkar-ul-hadees ka lafz Momil bin Ismail ke baare mein Imam Bukhari se jamhoor mohaddiseen-e-kiraam ne naql kiya hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P152-153)

Ashrafi Saahab ne phir aage darj-e-zel ahle ilm aur unki kitabo'n ka zikr kiya hai:

❁ Abdul Ghani al-Maqdisi (d 600h) fee *Al Kamaal.*

❁ Mazee (d 742h) fee *Tehzeeb-ul-Kamaal.*

❁ Zahbi (d 748h) fee *Meezaan-ul-Etidaal.*

❁ Turkamani (d 750h) fee *Al Jauhar un Naqi.*

❁ Ibne Kaseer (d 774h) fee *Al Majaheel*.

❁ Zarakshi (d 794h) fee *An Nakt.*

❁ Ibne Hajar (d 852h) *Tehzeeb-ut-Tehzeeb.*

❁ Manaawi (d 1031h) fee *Faiz-ul-Qadeer*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P153)

Arz hai ke in kitabo’n mein Imam Bukhari ki jarh manqool hona, ye is baat ki daleel nahi hai ke un sab ne baraah-e-raast Imam Bukhari ki kitab se ye naql kiya hai, kyounke un mein se ek ke alaawa baaqi sab ka daar-o-madaar saanwi muraaje[1] hi ho sakta hai.

Allama Maqdisi ki kitab *Al Kamaal* mein *munkar-ul-hadees* ka lafz nahi hai. Ashrafi Saahab ne ye daawa to kar diya ke Allama Maqdisi ne *munkar-ul-hadees* ki jarh naql ki hai, magar ba-taur-e-suboot unki kitab ke kisi bhi qalmi ya matbooa nuskhe ka hawaala nahi diya. Ghaaliban Ashrafi Saahab ne mahez andaaze se keh diya hai ke *Al Kamaal* mein bhi *munkar-ul-hadees* ki jarh hai, jabke aisa nahi hai. Ba-taur-e-suboot mulaahaza ho: Al Kamaal lil Maqdisi ke makhtoote se Momil bin Ismail ke tarjuma ka aks:

[1] T: (مُراجِع) Waapas aane waala, lautne waala, rujoo karne waala [RKT]

في الثياب ثم قال انتهيت الى الجبان ولم ادخل عليه بعدها وانه ربما حبه ان
لا يدخل عليه روى له ابو داود والترمذي وابن ماجة. موسى بن هارون
بن بشير ابو عمر البردي القيسي يعرف بالنبي روى عن الوليد بن مسلم ومبشر بن اسماعيل
الحلبي روى عنه النسائي ويحيى بن عثمان بن صالح سئل عنه ابو زرعة فقال لا باس
به وقال ابو سعيد بن يونس كوفي قدم مصر وحدث بها وخرج الى الفيوم من صعيد
مصر فتوفي بها في سنة اربع وعشرين ومائتين آخر من حدث عنه بمصر احمد بن حماد
ابن زغبة. موسى بن يسار القرشي المطلبي اخو عمر واسحق مولى قيس بن مخرمة
وهو ابن عم محمد بن اسحق قال يحيى بن معين ثقة روى له الجماعة الا البخاري. موسى
بن يعقوب بن عبد الله بن وهب بن زمعة بن الاسود بن المطلب بن اسد بن عبد العزى
بن قصي الزمعي الاسدي المدني ابو محمد روى عن ابي حازم سلمة بن دينار وابي الحويرث
ولي ابي حرملة وعبد الله بن كيسان والمهاجر بن مسمار وعمه بن بكير عبد الله بن وهب
والمسلم بن ابي سهل النبال روى عنه معن بن عيسى القزاز وابن ابي فديك ومحمد بن عثمة وخالد
بن مخلد القطواني وسعيد بن ابي مريم قال يحيى بن معين ثقة وقال علي بن المديني ضعيف
منكر الحديث وقال ابن سعد مات في آخر خلافة ابي جعفر المنصور روى له ابو داود
والترمذي والنسائي وابن ماجة. موسى بن فلان بن انس بن مالك الانصاري روى عن
ثمامة بن عبد الله بن انس روى عنه محمد بن اسحق روى له الترمذي وابن ماجة ٥ موسى
الحناط روى عن موسى بن انس بن مالك روى عنه عبد العزيز بن عبد الصمد روى له
ابو داود. موسى روى عن شبل بن عباد روى عنه احمد بن شبويه روى له ابو داود

باب مؤمل

مؤمل بن اسماعيل ابو عبد الرحمن القرشي العدوي
البصري سكن مكة مولى آل عمر بن الخطاب وقيل مولى بني بكر بن عبد مناة بن كنانة
سمع حماد بن زيد والثوري وشعبة وعكرمة بن عمار وعمارة بن زاذان ومبارك بن فضالة
روى عنه احمد بن حنبل واسحق بن راهويه ومحمد بن بشار ومحمد بن المثنى ومحمد بن سهل
بن المهاجر الرقي ومحمود بن غيلان وابو كريب الهمداني قال البخاري مات سنة خمس
او ست ومائتين وقيل انه دفن كتبه فكان يحدث من حفظه فكثر خطأه روى له
ابو داود والنسائي وابن ماجة. مؤمل بن اهاب ويقال ابن يهاب بن عبد العزيز

Maaloom hua ke Allama Maqdisi ne Al Kamaal mein Momil par Imam Bukhari ke hawaale se *munkar-ul-hadees* ki jarh naql nahi ki hai, is liye Imam Mizzi hi wo pehle shakhs hain, jinho'n ne wahem ka shikaar hokar *Tehzeeb-ul-Kamaal* mein Momil bin Ismail se mutaalliq Imam Bukhari se *munkar-ul-hadees* ki jarh naql kardi.

Iske baad Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne Imam Mizzi ki is kitab ki tehzeeb karte hue *Tehzeeb-ut-Tehzeeb* likhi, to zaahir hai ke unho'n ne bhi Imam Mizzi ki kitab ko saamne rakhte hue ye jarh naql ki.

Isi tarah Imam Mizzi hi ki kitab par etemaad karte hue Imam Zahbi, Ibn al-Turkmani, Imam Ibne Kaseer, Imam Zarakshi aur Munaawi ﷭ ne bhi ye jarh naql kardi. Lihaaza un ahle ilm ke hawaale is baat ki daleel nahi hain, ke un mein se har ek ne ba-raah-e-raast Imam Bukhari ki kitab se ye jarh naql ki hai.

⎈ Maulana Ejaaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: "*Kya taareekh-ul-Kabeer mein munkar-ul-hadees ki jarh kisi kaatib ya naasikh se ghalati se Momil bin Ismail ke bajaae Momil bin Saeed ke saath ilhaaq*[1] *nahi ho sakti?*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P154)

Arz hai ke ilhaaq ka koi imkaan qatan nahi hai, kyounke Imam Bukhari ki is kitab ke kisi nuskhe mein bhi *munkar-ul-hadees* ki jarh Momil bin Ismail ke saath nahi hai.

⎈ Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: "*Ahem baat ye hai ke kisi ek mohaddis ne bhi Momil bin Saeed ar-Rajee* ﷫ *ke baare mein munkar-ul-hadees ki jarh ka intisaab Imam Bukhari ki taraf nahi kiya hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P154-155)

Iski wajah ye hai ke baad waalo'n ka etemaad saanwi muraaja-a par hi raha hai, is liye baad waalo'n ne waisa hi naql kar diya, jaisa unhe'n saanwi muraaja-a mein mila.

⎈ Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: "*Imam Bukhari ki 'Az Zoafa, par ek badi kitab bhi thi, jo fil-haal taba' nahi ho saki. Lihaaza*

---

[1] T: (إِلْحاق) milna, mil jaana, mila dena [RSB]

fauran ye keh dena ke Imam Bukhari ne apni kisi ktiab mein Momil bin Ismail ke baare mein munkar-ul-hadees nahi likha, ek dhoka aur ilmi fareb hai". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P156)

Arz hai ke ye baat us soorat mein qaabil-e-iltifaat[1] hoti jab Imam Bukhari ki maujooda kutub mein Momil bin Ismail ka tazkirah na hota, lekin ham dekhte hain ke Momil bin Ismail ka tazkirah Imam Bukhari ki kitab '*At Taareekh*, mein hai aur us par Imam Bukhari ki jarh '*munkar-ul-hadees*, muajood nahi hai. Agar Imam Bukhari ne '*Az Zoafa al-Kabeer*, mein Momil ko *munkar-ul-hadees* kaha hota to '*At Taareekh*, mein uska tazkirah karte waqt bhi use '*munkar-ul-hadees*, kehte, lekin aisa nahi hai. Jo is baat ki daleel hai ke Imam Bukhari ne kisi kitab mein bhi ise '*munkar-ul-hadees*, nahi kaha hai.

Zel min is baat ke 3 dalaail mulaahaza ho'n ke Imam Bukhari رحمه الله ne Momil bin Ismail ko '*munkar-ul-hadees*, kaha hai:

Pehli Daleel:

Imam Bukhari ki apni kitab '*At Taareekh-ul-Kabeer*, mein Momil bin Ismail ka tazkirah you'n hai:

مؤمل بن إسماعيل، أبو عبدالرحمان. مولى آل عمر بن الخطاب القرشي. سمع الثوري، وحماد بن سلمة، مات سنة خمس، أوست ومئتين. البصري، سكن مكة.

"*Momil bin Ismail, Abu Abdur Rahman Maula Aal Umar bin Khattab al Qurashi. Unho'n ne Sufyan Sauri aur Hammad bin Salama se suna hai aur 205 ya 206h mein aapki wafaat hui hai. Aap Basri the aur Makkah mein sukoonat pazeer the*". (At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V8 P49)

Qaraeen! Ghaur farmae'n ke Imam Bukhari رحمه الله ne Momil bin Ismail ke poore tazkirah mein kahee'n bhi unhe'n '*munkar-ul-hadees*, nahi kaha. Albatta unke baad Imam Bukhari رحمه الله ne Momil bin Saeed bin Yusuf ka tazkirah kiya aur kaha:

مؤمل ين سعيد بن يوسف، أبو فراس، الرجبي, الشامي، سمع أباه، سمع منه سليمان بن سلمة، منكر الحديث.

"*Momil bin Saeed bin Yusuf, Abu Faraas ar-Rahbi, ash-Shaami. Unho'n*

[1] T: Tawajjo, raghbat ke qaabil [FL]

ne apne waalid se una aur inse Sulaman bin Salama ne suna. Ye ‘munkar-ul-hadees, the”. (At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V8 P49)

Maaloom hua ke Imam Bukhari ne Momil bin Ismail ko nahi, balke uske baad mazkoor Momil bin Saeed ko ‘*munkar-ul-hadees*, kaha hai.

Doosri Daleel:

Agar Imam Bukhari ne Momil bin Ismail ko ‘*munkar-ul-hadees*, kaha hota, to Imam Bukhari ؒ iska tazkirah apni *Zoafa* waali kitab mein bhi karte. Lekin Imam Bukhari ؒ ne *Zoafa* waali kitab mein Momil bin Ismail ka tazkira nahi kiya. Jo is baat ki daleel hai ke Imam Bukhari ؒ ke nazdeek Momil bin Ismail ‘*munkar-ul-hadees*, hargiz nahi.

Teesri Daleel:

Imam Bukhari ؒ ne Sahih Bukhari mein Momil bin Ismail se shawaahid mein riwayaat li hain. Agar Imam Bukhari ke nazdeek ye ‘*munkar-ul-hadees*, hote to Imam Bukhari ؒ unse shawaahid mein bhi riwayaat nahi lete, kyounke Imam Bukhari ؒ ka khud kehna hai:

كل من قلت فيه: منكر الحديث: فلا تحل الرواية عنه.

“*Maine jise bhi ‘munkar-ul-hadees, kaha hai, isse riwayat lena jaaiz nahi hai*”. (Bayan al Waham wal Ibhaam Fee Kitab-ul-Ahkaam: V2 P264 (ba-hawaala At Taareekh-ul-Ausat lil Bukhari)

In dalaail se maaloom hua ke Imam Bukhari (th) ne Momil bin Ismail ko ‘*munkar-ul-hadees*, nahi kaha. Balke uske baad mazkoor isi naam ke doosre raawi Momil bin Saeed ko ‘*munkar-ul-hadees*, kaha hai. Lekin Imam Mizzi ؒ se sabqat-e-nazar[1] ki wajah se doosre raawi par ki gai jarh pehle raawi se mutaalliq naql ho gai.

Faaeda:

Ba-taur-e-faaeda arz hai ke sabqat-e-nazar ki wajah se naql mein isi tarah ki ghalati ek doosre muqaam par Haafiz Ibne Hajar ؒ se bhi hui hai. Chunache ‘*Abu Ali Jandal bin Waaliq*, naam ka ek raawi hai. Haafiz

---

[1] T: (سَبْقَتِ نَظَر) Nazar ki tezi ya bhool-chook (kisi cheez ko ghalat padh lena ya likh dena) [RSB]

Ibne Hajar ﷫ ne uske baare mein Imam Muslim se sakht jarh naql karte hue kaha: 'قال مسلم في الكنىٰ: متروك' "*Imam Muslim 'Al Kuna', mein farmate hain ke ye matrook hai*". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V2 P102)

Arz hai ke *'Al Kuna', mein 'Abu Ali Jandal bin Waaliq',* ka zikr maujood hai, lekin uske kisi bhi dastiyab nuskhe mein us raawi par ye jarh nahi milti. Balke uske fauran baad jo doosra raawi '*Abu Ali al-Hasan bin Amr*, hai, uske baare mein Imam Muslim ki jarh '*matrook'*, maujood hai.

Zann-e-ghaalib hai ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ se Imam Muslim ki jarh naql karne mein sahv hua hai aur sabqat-e-nazar ke sabab baad waale raawi se mutaalliq jarh ko pehle waale raawi se mutaalliq samajh liya hai. والله عالم

Ye bilkul aise hi hai jaise Imam Mizzi ﷫ ne Momil bin Ismail se mutaalliq Imam Bukhari ki jarh *munkar-ul-hadees* naql kardi. Halaanke Imam Bukhari ki kitab mein Momil bin Ismail ka zikr maujood hai. Lekin uske kisi bhi dastiyab nuskhe mein us raawi par ye jarh nahi milti. Balke uske faruan baad jo doosra raawi Momil bin Saeed hai, uske baare mein Imam Bukhari ki jarh *munkar-ul-hadees* maujood hai.

Zann-e-ghaalib hai ke Imam Mizzi ﷫ se Imam Bukhari ﷫ ki jarh naql karne mein shaoo hua hai aur sabqat-e-nazar ke sabab baad waale raawi se mutalli jarh ko pehle waale raawi se mutaalliq samajh liya hai.

⑫ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne Imam Abu Zurah (d 264h) se naql kiya hai: 'في حديثه خطأ كثير' "*Iski hadees mein bahut ghalati hai*". (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V4 P228)

Arz hai ke ye qaul Imam Abu Zurah se saabit nahi hai, neez doosre kisi bhi Imam ne Imam Abu Zurah se Momil par jarh naql nahi ki.

⑬ Ibne Mihriz Majhool ne Ibne Maeen se naql kiya hai:

قبيصة ليس بحجة في سفيان، ولا أبو حذيفة ولا يحيى ان آدم ولا مؤمل.

"*Qubaisa, Sufyan ki riwayat mein hujjat nahi hai, na Huzaifa, Yahya bin Adam aur Momil hi mein*". (Maarifa ar Rijaal Riwaaya Ibne Mohriz: V1 P114)

Arz hai, ke ye qaul Imam Ibne Maeen ﷫ se saabit nahi hai. Kyounke ise naql karne waala Ibne Mihriz majhool hai. Neez Imam Ibne Maeen se iske bilkul bar-aks jo baat saabit hai, wo ye hai ke Imam Ibne Maeen ﷫ ne Sufyan Sauri ki riwayat mein Momil ko siqa kaha hai. كما سيأتي

Neez Ibne Maeen ka ye qaul saabit bhi maan le'n to bhi unke qaul ka matlab mutlaq tazeef nahi, balke sirf aala darje ki tauseeq ki nafi hai. Iski tafseel mulaahaza ho.

Kya Ibne Maeen Ne Momil Ko Sauri Se Riwayat Mein Zeef Kaha Hai?

Imam Ibne Maeen ke ek majhool-ul-haal aur na-maaloom-ut-tauseeq wal Etidaal shaagird Ibne Mihriz ne Ibne Maeen se naql kiya:

قبيصة ليس بحجة في سفيان ولا أبو حذيفة ولا يحيىٰ ابن آدم ولا مؤمل.

"*Qubaisa, Sufyan se riwayat karne mein hujjat hai na Abu Huzaifa Yahya bin Adam aur na Momil hai*". (Maarifa ar Rijaal, Riwaaya Ibne Mohriz: V1 P144 [Al Qsaar])

Ibne Mihriz ki is riwayat se istidlaal karte hue kaha jaata hai ke Sufyan Sauri se Momil ki riwayat zaeef hoti hai. Arz hai ke ye baat saraasar ghalat hai, iski wujuhaat mulaahaza ho'n:

Awwalan: Imam Ibne Maeen se mazkura-baala qaul ke naaqil Ibne Mihriz *majhool-ul-haal* hain, unki tauseeq-o-taadeel kahee'n nahi milti, balke unke saath aimma ne bhi ilmi aur taareefi alqabaat bhi istemaal nahi kiye. Albatta unhoe'n ne Imam Ibne Maeen waghaera se jo aqwaal naql kiye hain, unse pataa chalta hai ke ye saahib-e-ilm shakhs hain, is liye aam halaat mein unki riwayaat par etemaad karne mein harj nahi hai.

Lekin unki jo riwayaat deegar saabit-shuda riwayaat ke khilaaf ho: Masalan, ye Ibne Maeen se aisi baat naql kare'n, jo Ibne Maeen se unke siqa aur maaroof shaagird ki naql-karda baat ke khilaaf ho, to aisi soorat mein Ibne Mihriz ki baat qatan maqbool nahi hogi aur yahan yehi maamla hai. Kyounke Ibne Mihriz ne jo baat naql ki hai, wo Imam Ibne Maeen ke siqa aur maaroof shaagird Imam Usman Darmi ki naql-karda

baat ke khilaaf hai.

Chunache Imam Ibne Maeen رحمه الله se naql karte hue unke shaagird Imam Usman ad-Daarmi رحمه الله (d 280h) ne kaha:

قلت ليحيىٰ بن معين: أي شيئ حال المؤمل في سفيان؟ فقال: هو ثقة. قلت: هو أحب إليك أو عبيدالله؟ فلم يفضل أحدا على الآخر.

"*Maine Imam Yahya bin Maeen رحمه الله se kaha: Sufyan Sauri ki hadees mein Momil ki haalat kaisi hai? To Imam Ibne Maeen رحمه الله ne kaha: Wo siqa hain. Maine kaha: Wo siqa hain to ye bataae'n ke aapke nazdeek wo ziyaada mehboob hain, ya Obiadullah? To Imam Ibne Maeen ne un dono mein se kisi ko bhi doosre par fazilat nahi di*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V8 P374 [Sanad Sahih])

Is qaul ko Ibne Abi Haatim ne apne ustaaz '*Yaqoob bin Ishaq*, se naql kiya hai aur ye siqa hain. Kyounke Imam Abu Haatim رحمه الله ne unse riwayat bayan ki hai aur ye sirf siqa se riwayat bayan karte hain. Neez un par koi jarh maujood nahi hai. (Urdu pdf)P282-283)

Imam Ibne Rajab رحمه الله ne isi qaul ko Usman bin Saeed ki kitab se naql kiya hai. (Dekhiye: Sharah Ilal at Tirmizi li Ibne Rajab: P274)

Neez Imam Ibne Asaakir رحمه الله ne apni sahih sanad se Usman ad Darmi ke tareeq se Ibne Maeen ka isi tarah ka qaul zikr kiya hai. (Taareekh Dimishq li Ibne Asaakir: V11 P171 [sanad sahih wa saiyyiaati])

Maaloom hua ke Imam Ibne Maeen رحمه الله se ye baat saabit hi nahi hai, ke unho'n ne Momil ko Sufyan Sauri ki tareeq mein zof waala kaha hai. Balke iske bar-aks ye saabit hai ke Imam Ibne Maeen ne Momil ko Sufyan Sauri ke tareeq mein siqa qaraar diya hai.

Al Jarh wa Taadeel Ki Sanad Par Eteraaz Aur Uska Jawab:

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab Hanafi ne *Al Jarh wa Taadeel* mein manqool Imam Ibne Maeen رحمه الله ke mazkura qaul ki sanad par eteraaz karte hue kaha: "*Zubair Ali Zai ghair-muqallid se arz hai ke Imam Ibne Abi Haatim se Imam Yahya bin Maeen tak ke qaul ki sanad maaroof nahi, balke majhool hai. Kitab Jarh wa Taadeel (V8 P374) mein iski sanad*

kuch you’n hai:”

أخبرنا يعقوب بن إسحاق، فيما كتب إلي، قال: حدثنا عثمان بن سعيد، قال: قلت ليحيى بن معين: أي شيئ، حا المؤمل في سفيان؟ فقال: هو ثقة. فلت: هو أحب إليك، أو عبيد الله؟ فلم يفضل أحدا على الآخر.

“*Kitab Jirah wa Taadeel ke is qaul ki sanad mein Yaqoob bin Ishaq al-Harwi hain. Yaqoob bin Ishaq ki tauseeq saabit nahi hai aur Yaqoob bin Ishaq al-Harwi ki tauseeq ke baghaer is hawaale se istidlaal nahi kar sakte. Apna mauqif saabit karna ho, to phir majhool ki riwayat bhi qaabil-e-qubool aur maslak ke khilaaf ho to phir shor-o-ghoo-ghaa karte hain*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P147)

Arz hai ke Maulana Zubair Ali Zai ﷫ ne isse istidlaal is liye kiya hai, kyounke Ibne Rajab ﷫ ne yehi qaul Imam Usman Darmi ki kitab se naql kiya hai aur kitab se naql motabar hai.

Hamari nazar mein *Al Jarh wa Taadeel* ki sanad bhi sahih hai. Kyounke Yaqoob bin Ishaq *majhool* nahi, balke siqa hain. Wo is liye ke unse Imam Abu Haatim ﷫ ne riwayat kiya hai aur Imam Abu Haatim sirf siqa hi se riwayat karte hain. Jaisa ke guzishta sutoor mein waazeh kiya ja chuka hai. (Urdu pdf)P282-283)

Agar is par bhi Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab mutmaeen nahi hain to, aaiye! Ham Imam Ibne Maeen ka yehi qaul, yaane Sufyan Sauri se riwayat karne mein Momil ke siqa hone ka qaul ek aisi sanad se pesh kar de’n, jo na sirf sahih hai, balke khud Mohatarm Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne use sahih baawar karaaya hai. Mulaahaza ho. Imam Ibne Asaakir ﷫ (d 571h) ne kaha:

أخبرنا أبو القاسم الواسطي نا أبو بكر الخطيب لفظاً أنا أبو بكر أحمد بن محمد بن إبراهيم بن حميد قال: سمعت أحمد بن عبدوس قال: سمعت عثمان بن سعيد الدارمي يقول: قلت ليحيى بن معين: فعبد الرزاق في سفيان؟ فقال: مثلهم يعني ثقة، كالمؤمل بن إسماعيل و عبيد الله بن موسى؟ وابن يمان، و قبيصة، والفريابي.

“*Usman bin Saeed ad-Daarmi kehte hain ke maine Yahya bin Maeen ﷫ se kaha: Abdur Razzaq, Sufyan se riwayat karne mein kaisa hai? To Ibne Maeen ﷫ ne kaha: Un logon ki tarah hai, yaane (Abdur Razzaq, Sufyan Sauri se riwayat karne mein) Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Ibne Yamaan, Qubaisa aur Faryaabi ki tarah siqa hai*”. (Taareekh Dimishq li

Ibne Asaakir: V11 P171 [Sanad Sahih])

Is qaul mein Sufyan Sauri se riwayat mein Sufyan Sauri ke jin shaagirdo'n ko Imam Ibne Maeen ﷫ ne siqa qaraar diya hai, us mein sabse pehle Momil bin Ismail hi ka tazkirah kiya hai aur iski sanad sahih hai. Balke be-aenihi[1] isi sanad se Imam ﷫ Ibne Asaakir ki isi kitab se Ibne Maeen ﷫ hi ka ek qaul naql karke Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne sanad ko na sirf sahih baawar karaaya hai. Balke kamaal tehqiq ka suboot dete hue us sanad ke raawiyo'n ki tauseeq bhi aimma-e-fan se pesh kardi hai. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P149-150)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Sahab! Ab hamne aapki pasandeeda aur muhaqqaq[2] sanad hi se Imam Ibne Maeen ka ye qaul pesh kar diya hai. Ummeed hai ke is sanad par aako koi eteraaz na hoga. Al-gharz Ibne Mihriz *majhool-ul-haal* ki riwayat Imam Usman Darmi maaroof-o-mashoor siqa ki riwayat ke khilaaf hai, is liye ghair-maqbool hai.

Saniyan: Ibne Mihriz ki riwayat ko tasleem kar liya jaae, to Ibne Mihriz ki riwayat ka matlab ye nahi hoga ke Sufyan Sauri se Momil ki riwayat sire se zaeef-o-mardood hai. Balke Ibne Maeen ke qaul ka maqsood sirf ye hai ke Sufyan Sauri se Momil ki riwayat sehat ke aala darje par nahi hai. Lekin fee-nafsihi aisi riwayat sahih ya kam-az-kam hasan zaroori hogi.

Chunache Imam Ibne Abi Khaitma ﷫ (d 279h) ne kaha:

سمعت يحيى بن معين، وسئل عن أصحاب الثوري: أيهم أثبت؟ فقال: هم خمسة: يحيى القطان، ووكيع، وابن المبارك، وابن مهدي، وأبو نعيم الفضل بن دكين، وأما الفريابي، وأبو حذيفة، وقبيصة بن عقبة، وعبيد الله، وأبو عاصم، وأبو أحمد الزبيري، وعبد الرزاق، وطبقتهم، فهم كلهم في سفيان بعضهم قريب من بعض، وهو ثقاتكلهم دون أولئك في الضبط والمعرفة.

"*Maine Ibne Maeen ko kehte hue suna aur unse Sauri ke shaagirdo'n ke baare mein sawal hua ke kaun ziyaada asbat[3] hai? To unho'n ne kaha: 5 hain. Yahya al-Qattaan, Wakee, Ibn al-Mubaarak, Ibne Mahdi aur Abu Naeem al-Fazl bin Dakeen. Rahe Faryaabi, Abu Huzaifa, Qubaisa,*

---

[1] be-aenihi T: (بِعَينِهٖ) Hoo-bahoo, bilkul, waisa hi [RKT]

[2] T: (مُحَقَّق) Saabit, yaqeeni, daleel se saabit kiya gaya [RKT]

[3] T: (أثبت) Sabse ziyaada sahih aur mazboot riwayat karne waala, hifz-o-zabt (yaadaasht) mein sabse behtar, hadees ki maarifat (fahm) mein sabse ziyadaa qaabil-e-etemaad [RSB]

Obaidullah, Abu Aasim, Abu Ahmad az-Zubairi, Abdur Razzaq aur unke tabqe waale (Momil bin Ismail waghaera) to ye sab ke sab Sufyan se riwayat karne mein ek doosre ke qareeb hain. Ye sab siqa hain, lekin mazkura (5 asbat) shaagirdo'n ki ba-nisbat zabt-o-maarifat mein kamtar hain". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V27 P56 [Imam Mizzi, Imam Ibne Abi Khaithma ki kitab se naal karte hain])

Is qaul se maaloom hua ke Imam Ibne Maeen ne Sufyan Sauri ke shaagirdo'n ke darjaat batlaae hain. Ek giroh ko aala darje ka siqa-o-sabat qaraar diya hai aur doosre giroh ko saqaahat mein nisbatan kamtar batlaaya hai. Lekin unhe'n istilaahi maane mein aisa zaeef hargiz nahi kaha, jinki riwayat mardood hoti hai.

Ek Shubha Ka Izaala:

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne Sufyan Sauri se Momil bin Ismail ki riwayat ko Ibne Maeen ke nazdeek zaeef qaraar dete hue bade mutakabbiraana andaaz mein tehqiqi josh ka muzaahara kiya hai. Chunache Mausoof ne Ibne Asaakir ki darj-e-zel riwayat pesh ki:

أخبرنا أبو القاسم الواسطي أنا أبو بكر الخطيب أنا أحمد ابن محمد بن إبراهيم قال: سمعت أحمد بن محمد بن عبدوس قال: سمعت عثمان بن سعيد، قال: قلت: ليحيى ابن معين: فالفريابي يعني في سفيان؟ قال: مثلهم يعني مثل المؤمل بن إسماعيل و عبيدالله بن موسى و قبيصة و عبد الرزاق. (Taareekh Dimishq: V56: P329)

"*Mohaddis Usman Darmi ﷬ farmate hain: Maine Imam Ibne Maeen ﷬ se Faryaabi ﷬ ki Sufyan Sauri ﷬ se riwayat ke baare mein poocha to Imam Ibne Maeen ﷬ ne kaha: Faryaabi ﷬ ki Sufyan Sauri ﷬ se riwayat isi tarah hai, jis tarah Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Qubaisa ﷬ aur Abdur Razzaq ﷬ ki riwayat Sufyan Sauri ﷬ se hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P149-149) ❶

❶ • Ye wohi sanad hai, jiske saath hamne guzishta sutoor mein Ibne Maeen ka wo qaul darj kiya hai, jisme unho'n ne Soori se riwayat mein Momil aur unke sathiyo'n ko siqa qaraar diya hai. •

Iske baad mausoof ne is sanad ke raawiyo'n ka taaruf karate hue unki tauseeq pesh ki hai.

Is riwayat mein Ibne Maeen ne Sufyan Sauri ke shaagirdo'n ke ek giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur

Qubaisa) ko ek jaisa qaraar diya hai. Lekin kis maamle mein ek jaisa qaraar diya hai? Iski saraahat yahan nahi hai. Lekin Taareekh Ibne Asaakir hi mein be-aenihi isi sanad se Ibne Maeen se aisi riwayat bhi manqool hai. Jis mein Ibne Maeen ne Sufyan Sauri ke shaagirdo'n ke is giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ko saraahat ke saath saqaahat mein ek jaisa qaraar diya hai.

Ashrafi Saahab ne is mufassar-riwayat[1] ko nazar andaaz karke sirf mujmal-riwayat[2] ko saamne rakha aur uske ijmaal ko buniyad banaate hue ye falsafa-sanji[3] ki hai, ke ek doosri riwayat mein Qubaisa ki Sauri se riwayat ko Ibne Maeen ne zaeef kaha hai. Chunache Maulana Ashrafi Saahab Khateeb Baghdadi ki ek riwayat you'n darj karte hain:

أخبرنا الحسن بن أبي بكر أخبرنا أبو سهل أحمد بن محمد بن عبد الله القطان حدثنا أبو بكر أحمد بن أبي خيتمة.
قال: سمعت يحيىٰ بن معين فال: و قبيصة في كل شيئ إلا في سفيان فإنه سمع منه وهو صغير.

(Taareekh Baghdad wa Ziyulah: V12 P470)

"*Imam Ibne Abi Khaithma* ؒ *ne kaha ke maine Imam Ibne Maeen* ؒ *se suna ke unho'n ne kaha ke Qubaisa* ؒ *har cheez mein siqa hai, siwaae Sufyan Sauri se riwayat karne mein, isne unse bachpan ki haalat mein suna hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P150)

Iske baad iske raawiyo'n ki tauseekh pesh karte hue is sanad ko sahih qaraar dekar Ashrafi Saahab raqmtaraz hain: "*Ye maaloom hua ke Qubaisa* ؒ *ki riwayat Sufyan Sauri* ؒ *se sahih nahi aur isse qabl qaul mein ye saabit hua ke Faryaabi ki riwayat ki haisiyat wohi hai, jo Momil bin Ismail, Qubaisa* ؒ *waghaera ki riwayat Sufyan Sauri* ؒ *se hai aur ab is qaul mein ye saabit ho gaya ke Qubaisa* ؒ *ki riwayat Sufyan Sauri* ؒ *se zaeef aur kamzor hai. Lihaaza laa-muhaa-la Momil bin Ismail* ؒ *ki riwayat bhi Sufyan Sauri* ؒ *se zaeef saabit hoti hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P151)

---

[1] T: (مُفَسَّر رِوایت) Wo riwayat jiksi wazaahat ho chuki ho ya jiski tafseer maujood ho [RSB]
[2] T: (مُجمل رِوایت) Wo riwayat jis mein sirf ishaara mile baghaer tafseel ke [RSB]
[3] T: (فلسفه سنجی) Falsafe ki khoj karna, aqli taawilaat ghadna, overusing philosophy or personal logic to interpret religious texts (Quran & Hadith) instead of relying on their clear, traditional meanings [RSB]

Ashrafi Saahab ne ye dikhaane ki koshish ki hai ke Ibne Maeen ki pehli riwayat mein Sufyan Sauri se ek giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ki riwayat ko ek jaisa qaraar diya gaya hai. Lekin kis etebaar se is giroh ko ek jaisa qaraar diya gaya hai? Ye wazaahat nahi hai aur Khateeb Baghdadi ki riwayat mein is giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ke ek fard Qubaisa ke baare mein ye saraahat aagai ke unki riwayat Sufyan Sauri se zaeef hai. Is liye pehli riwayat mein mazkoor poore giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ki riwayat Sufyan Sauri se zaeef hai.

Jawaaban arz hai:

Awwalan: Agar ye maan le'n ke Ibne Maeen ki doosri riwayat, yaane Khateeb Baghdadi waali riwayat mein tazeef ki baat hai to ye baat Ibne Maeen ki Taareekh-e-Dimishq waali riwayat ki tafseer nahi, balke uske khilaaf hai. Kyounke Taareekh-e-Dimishq waali riwayat ki tafseer Taareekh-e-Dimishq hi mein isi sanad se doosre muqaam par maujood hai. Jis mein Ibne Maeen ne isi giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ko Sufyan Sauri se riwayat mein saraahat ke saath saqaahat mein ek jaisa qaraar diya hai.

Mulaahaza ho: Imam Ibne Asaakir ﵀ (d 571 ne kaha:

أخبرنا أبو القاسم الواسطى نا أبو بكر ابخطيب لفظاً أنا أبوبكر أحمد بن محمد بن إبراهيم بن حميد قال: سمعت أحمد بن عبدوس قال: سمعت عثمان بن سعيد الدارمي يقول: قلت ليحيى بن معين: فعبد الرزاق في سفيان؟ فقال: مثلهم يعني ثقة كالمؤمل بن إسماعيل و عبيد الله بن موسى و ابن يمان و قبيصة والفريابي.

"*Usman bin Saeed ad-Daarmi kehte hain ke maine Yahya bin Maeen ﵀ se kaha: Abdur Razzaq, Sufyan se riwayat karne mein kaisa hai? To Ibne Maeen ﵀ ne kaha: In logon ki tarah hai, yaane (Abdur Razzaq, Sufyan Sauri se riwayat karne mein) Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Ibne Yamaan, Qubaisa aur Faryaabi ki tarah siqa hai*". (Taareekh-e-Dimishq li Ibne Asaakir: V11 P171 [Sanad Sahih])

Ghaur kare'n! Taareekh-e-Dimishq ki ye riwayat saraahat kar rahi hai ke Ibne Maeen ne is giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ko saqaahat hi mein ek jaisa qaraar

diya hai. Ab agar Taareekh-e-Baghdad ki riwayat mein ye mil raha hai ke is giroh ke ek fard Qubaisa ko Sufyan Sauri se riwayat mein zaeef kaha hai to khaas is fard, yaane Qubaisa se mutaalliq Ibne Maeen ka mauqf badal raha hai. Yaane Ibne Maeen doosre muqaam par Qubaisa ko Sufyan Sauri se riwayat mein zaeef keh rahe hain.

Lekin sawal ye hai ke is giroh ke sirf ek fard se mutaalliq Ibne Maeen ka doosra qaul mil gaya, to Ashrafi Saahab kis aql-o-mantiq se use poore giroh (qubais ke saath Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq) par muntabiq[1] kar rahe hain?

Saaf baat ye hai ke Taareekh-e-Dimishq ki riwayat mein Imam Ibne Maeen ne jis giroh (Faryaabi, Momil bin Ismail, Obaidullah bin Musa, Abdur Razzaq aur Qubaisa) ko Sufyan Sauri se riwayat mein siqa qaraar diya hai. Us giroh ke sirf ek fard Qubaisa ke baare mein Khateeb Baghdadi ki riwayat mein Ibne Maeen ka doosra mauqif mil raha hai. Is liye ye doosra mauqif sirf usi fard hi ke saath khaas rahega.

Asharafi Saahab ki ghalat-fehmi ki wajah ye hai ke unho'n ne jis muqaddame par apne istidlaal ki buniyad rakhi hai, wo muqaddama hi baatil hai!

Asharfi Saahab ka muqaddama ye hai ke Taareekh-e-Dimishq waali riwayat Ibne Maeen ne Sufyan Sauri se riwayat mein ek giroh ko ek jaisa qaraar diya hai. Lekin kis maamle mein ek jaisa qaraar diya hai? Ye '*namaaloom*, hai. Ye hai Ashrafi Saahab ka muqaddama!

Phir ba-zom-e-khaweesh[2] us '*namaaloom*, ko unho'n ne Taareekh-e-Dimishq waali riwayat se '*maaloom'*, karne ki koshish ki hai. Lekin ham arz kar chuke hain ke Taareekh-e-Dimishq waali riwayat mein Ibne Maeen ne Sufyan Sauri se riwayat mein ek giroh ko jis maamle mein ek jaisa qaraar diya hai. Wo maamla '*namaaloom'*, nahi, balke Taareekh-e-Dimishq hi ki doosri riwayat se '*maaloom'*, hai aur wo ye ke saqaahat hi mein Ibne Maeen ne us giroh ko ek jaisa qaraar diya hai.

Saniyan: Taareekh-e-Baghdad waali riwayat mein Ibne Maeen ne Sufyan

---

[1] T: (مُنطَبِق) Chaspaa'n muwaafiq hona [RKT]

[2] T: (بَزُعْمِ خوِيْشْ) Apne khayaal mein, apne gumaan mein [RSB]

Sauri se riwayat mein Qubaisa par jo kalam kiya hai, usse tazeef muraad nahi. Balke us mein Ibne Maeen ne Sufyan Sauri se Qubaisa ki riwayat mein sehat ke aala darje ki nafi ki hai. Lekin nafs-e-sehat ki nafi nahi ki.

❶ Ibne Maeen ne doosri riwayat mein Sufyan Sauri se riwayat mein Qubaisa ko saraahatan siqa qaraar diya hai. Is liye dono aqwaal mein tatbeeq di jaaegi.

❷ Imam Ibne Abi Khaithma ﷫ (d 279h) ne kaha:

سئل يحيى بن معين عن حديث قبيصة؟ فقال: ثقة، إلا في حديث الثوري، ليس بذالك القوي.

"*Imam Ibne Maeen se Qubaisa ki hadees ke baare mein sawaal hua to Imam Ibne Maeen ne kaha ke ye siqa hain, siwaae Sauri ki hadees mein. Ye unki hadees mein bahut ziyaada qawi nahi hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V7 P126 [al Ilmi])

Is qaul mein Ibne Maeen ne Sufyan se riwayat mein Qubaisa ko 'ليس بذالك القوي' kaha hai aur ye seegha mutlaq tazeef par dalaalat nahi karta. Balke isse saqaahat mein nisbatan kam-tar batlaana maqsood hota hai. (Dekhiye: Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P634-635)

❸ Imam Ibne Abi Khaithma ﷫ (d 279h) ne kaha:

سمعت يحيى بن معين، وسئل عن أصحاب الثوري: أيهم أثبت؟ فقال: هم خمسة: يحيى القطان، ووكيع، و ابن المبارك، و ابن مهدي، وأبو نعيم الفضل بن دكين، وأما الفريابي، وأبو حذيفة، وقبيصة بن عقبة، وعبيد الله و أبو عاصم، وأبو أحمد الزبيري، وعبد الرزاق، وطبقتهم فهم كلهم في سفيان، بعضهم قريب من بعض، وهم ثقات كلهم، دون أولئك في الضبط و المعرفة.

"*Maine Ibne Maeen ko kehte hue suna, jab unse Sauri ke shaagirdo'n ke baare mein sawal hua ke kaun ziyaada asbat hai? to unho'n ne kaha: 4 hain: Yahya al-Qattaan, Wakee, Ibn al-Mubarak, Ibne Mahdi aur Abu Naeem al-Fazl bin Dakeen. Rahe Faryaabi, Abu Huzaifa, Qubaisa bin Uqba, Obaidullah, Abu Aasim, Abu Ahmad az-Zubairi, Abdur Razzaq aur unke tabqa waale to ye sabke sab Sufyan se riwayat karne mein ek doosre ke qareeb hain. Ye sab siqa hain, lekin mazkura baala (5 asbat) shaagirdo'n ki ba-nisbat zabt-o-maarifat mein kam-tar hain*". (Tehzeeb-ul-Kamal lil Mizzi: V27 P56 [Imam Mizzi, Imam Ibne Abi Khaithma ki kitab se naql karte hain])

Is qaul se maaloom hua ke Imam Ibne Maeen ne Sufyan Sauri ke shaagirdo'n ke darjaat batlaae hain. Ek giroh ko aala darje ka siqa-o-sabt qaraar diya hai aur doosre giorh ko, jis mein Qubaisa bhi hain, unhe'n saqaahat mein nisbatan kam-tar batlaaya hai. Lekin unhe'n istilaahi maane mein aisa zaeef hargiz nahi kaha, jinki riwayat mardood hoti hai.

Algharz Taareekh-e-Baghdad ki riwayat mein Imam Ibne Maeen ne Sufyan Sauri se riwayat mein Qubaisa ko bhi zaeef nahi kaha hai, is liye unke deegar saathiyo'n ki tazeef ka sawal hi paida nahi hota.

Is poori tafseel se maaloom hua ke Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ek bogus muqaddame par mabni apni tehqiq par magan ho gae aur bade ghuroor ke saath likha: "*Ab dekhte hain ke ghair muqallideen hazraat tehqeeq ko qubool karte hain, ya maslaki-taassub ka suboot dete hue isko nazar-andaaz karte hain*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P151)

Mohtaram! Jise aap qaabil-e-qubool tehqiq samajh baithe hain, wo baatil muqaddame par mabni ek ghalat-o-baatil natija hai aur isi qaabil hai ke use nazar andaaz kar diya jaae. Lekin aap bahut ziyaada khush-fehmi mein mubtala ho gae the, is liye hamne jawab de diya. Ab qaraeen dekhenge ke kaun tehqiq qubool karta hai aur kaun maslaki-taassub ka suboot deta hai?!

Jaariheen ke Aqwaal:

⑭ Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne kaha:

صدوق، شديد في السنة، كثير الخطأ يكتب حديثه.

"*Ye sacche aur kattar sunni hain, ziyaada ghalati karne waale hain, inki hadees likhi jaaegi*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V8 P374)

Yaad rahe ke Imam Abu Haatim mutashaddideen mein se hain, chunache Imam Zahbi رحمه الله ne kaha: 'فإنه متعنت في الرجال' "*Imam Abu Haatim raawiyo'n par kalam karne mein mutashaddid hain*". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V13 P260)

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne kaha: 'وأبو حاتم عنده عنت' "*Abu Haatim ke yahan*

tashaddud hai”. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P441)

⑮ Imam Ibne Saad ﷫ (d 230h) ne kaha: ‘مؤمل بن إسماعيل ثقة كثير الغلط’ “*Momil bin Ismail siqa hain aur ziyaada ghalati karne waale hain*”. (At Tabaqaat al-Kubra: V5 P501 [Daar Saadir])

Imam Ibne Saad jamhoor ke khilaaf jab jarh kare’n to motabar nahi, jaisa ke Haafiz Ibne Hajar ﷫ ki wazaahat se maaloom hota hai. (Dekhiye: Muqaddama Fath-ul-Baari: V2 P322)

⑯ Imam Mirwazi ﷫ (d 294h) ne kaha:

إذا انفرد بحديث، وجب أن توقف، ويتثبت فيه، لأنه كان سيئ الحفظ كثير الغلط.

“*Jab ye kisi hadees ki riwayat mein munfarid ho’n to tawaqquf kiya jaaega aur us mein chaan-been ki jaaegi, kyounke ye bure haafize waale the aur ziyaada ghalati karte the*”. (Taazeem Qadar as Salah: V2 P574)

Arz hai, ke Imam Mirwazi ne unki munfarid hadees mein tawaqquf-o-tasabbut[1] ki baat kahi hai. Alal-itlaaq rad karne ki baat nahi ki. Yaad rahe ke Imam Abu Hanifa ﷫ par bhi ‘سيئ الحفظ’ ki jarh mujood hai. (Urdu pdf)P451)

⑰ Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha: ‘مؤمل بن إسماعيل كثير الخطأ’ “*Momil bin Ismail ziyada ghalati karne waale the*”. (Sunan Nasai al Kubra: V6 P26)

Yaad rahe ke Imam Nasai ﷫ jarh karne mein mutashaddid hain, chunache Imam Zahbi ne ek muqaam par kaha:

والنساشي مع تعنته في الرجال فقد احتج به.

“*Imam Nasai ne raawiyo’n par jarh mein mutashaddid hone ke bawujood inse hujjat pakdi hai*”. (Meezaan-ul-Etidaal: V1 P437)

Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne kaha: ‘وقد احتج بن النسائي مع تعنته’ “*Imam Nasai ne mutashaddid hone ke bawujood inse hujjat pakdi hai*”. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P387)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne Momil par Imam Nasai ki jarh

---

[1] T: (تَوَقُّفٌ وَ تَثَبُّتٌ) Ruk jaana jaldbaazi na karna, tehqiq karna yaqeen karne se pehle jaanchna. Yahan mafhoom hoga ke Imam Mirwazi ne fauran us hadees ko radd nahi kiya, naahi bila-tehqiq qubool kiya [RSB]

naql karte hue likha hai: “*7. Imam Nasai* ﷫ ‘فيه لين’ *(Majlisaan Nasai: P48 number 17*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139)

Arz hai ke Momil par Imam Nasai ki ye jarh duniya ki kisi kitab mein nahi hai.

Ashrafi Saahab ne jis kitab ka hawaala diya hai, ius kitab mein us safhe par Imam Nasai ki koi jarh maujood nahi. Albatta us kitab ke mohaqqiq Abu Ishaq al-Huwaini ﷂ ne haashiya mein apni taraf se likha hai: ‘ومؤمل بن إسماعيل فيه لين’. (P56, Haashiya number 17 [Dar Ibn al-Jauzi])

Mulaahaza kare’n ke Ashrafi Saahab ne asr-e-haazir ke ek aalim aur Allama Albani ﷫ ke shaagird ke qaul ko Imam Nasai ka qaul bana diya. سبحان الله

Waazeh rahe ke Ashrafi Saahab ne asal kitab ke musannif aur kitab ke mohaqqiq ki baato’n mein farq se ghaafil hokar aur bhi kai muaasir ahle ilm ke aqwaal ko faut-shuda aimma-e-naqd ka qaul bana diya hai. Kitab mein apne-apne muqaam par iski wazaahat aarahi hai.

⑱ Imam Zakariyya bin Yahya as-Saaji ﷫ (d 307) ne kaha hai: ‘صدوق كثير الخطأ’ “*Ye sacche hain aur bahut ghalati karne waale hain*”. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V10 P339)

Yaad rahe ke Imam Saaji bhi jarh karne mein mutashaddid hain, kyounke aapne bahut saare ruwaat par bila-wajah kalam kiya hai. Jaisa ke Imam Zahbi aur Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne kai muqamaat par wazaahat ki hai. Masalan Imam Zahbi ﷫ ne ek muqaam par kaha: ‘وضعفه زكريا الساجي بلا مستند’ “*Zakariyya Saaji ne unhe’n baghaer kisi daleel ke zaeef kaha hai*”. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V1 P47)

Haafiz Ibne Hajar ne bhi ek muqaam par kaha: ‘ضعفه الساجى بلا حجة’ “*Saaji ne unhe’n baghaer kisi daleel ke zaeef kaha hai*”. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P463)

Imam Saaji ﷫ se mutaalliq is tarah ki baat kai muqamaat par kahi gai hai, jo is baat ki daleel hai ke Imam Saaji jarh mein mutashaddid hain.

⑲ Imam Ibne Ammar ash Shaheed ﷫ (d 317h) ne kaha:

فأما المؤمل فكان قد دفن كتبه، وكان يحدث حفظا فيخطئ الكثير.

"Jahan tak Momil ki baat hai to unho'n ne apni kitabe'n dafan kardi thee'n, aur haafize se riwayat karte the, jiske sabab ba-kasrat ghalati kar jaate". (Ilal al Ahadees Fee Sahih Muslim: P107; Tehzeeb-ul-Kamaal: V29 P178)

Ibne Ammar ﷫ ki ye baat in mohaddiseen ke bar-khilaaf hai, jinho'n ne Momil ko kam ghalati karne waala batlaaya hai aur kam ghaalti ki jarh karne waalo'n hi ki baat raajeh hai. Jaisa ke tafseel aarahi hai.

Pacchees (25) Muwassiqeen Ke Aqwaal:

① Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h):

Aapne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taareekh Ibne Maeen: V3 P60 [Riwaayah ad Dauree])

② Imam Ali bin al-Madeeni ﷫ (d 234h):

Aapne Momil se riwayat li hai. (Dekhiye At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V1 P288; Neez deegar kutub-e-rijaal)

Jabke Imam Ibn al-Madeeni sirf siqa hi se riwayat karte hain. (Dekhiye: Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V9 P114; Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P435)

③ Imam Ishaq bin Raahweh ﷫ (d 238h):

Aapne kaha: 'كان ثقة' *"Aap siqa the"*. (Al Mazkiyaat li Abi Ishaq al Mazkee: P82 [Sanad Hasan])

④ Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h):

Aapne Momil bin Ismail se riwayat kiya hai. (Musnad Ahmad: V1 P69 [Al Maimunah]) Jabke Imam Ahmad ﷫ bhi sirf siqa se riwayat karte hain.

֍ Abdullah bin Ahmad bin Hambal ﷫ ne kaha:

كان أبي إذا رضي عن إنسان و كان عنده ثقة حدث عنه.

"Mere waalid jab kisi insaan se raazi hote aur wo unke nazdeek siqa hota to usse riwayat karte the". (Al Ilal wa Maarifa ar-Rijaal la Ahmad: V1 P238)

֍ Imam Haithami ﷫ ne kaha: 'روى عنه أحمد وشيوخه ثقات' *"Inse Imam Ahmad*

ne riwayat kiya hai aur Imam Ahmad ke tamaam asaatiza siqa hain”. (Majmua-az-Zawaaed wa Munaba’a al Fawaaed: V1 P199; At Tankeel Bimaa Fee Taneeb al Kausari Minal Abateel: V2 P659)

۞ Janab Zafar Ahmad Thanwi Hanafi ne kaha: ‘زكذا شيوخ أحمد كلهم ثقات’ “*Isi tarah Imam Ahmad ke tamaam asaatiza siqa hain*”. (Qawaaid Fee Uloom-ul-Hadees: P218)

⑤ Imam Bukhari ﷫ (d 256h):

Aapne Sahih Bukhari mein inse istish-haad kiya hai. (Sahih Bukhari: H2700) Imam Mizzi ﷫ ne kaha: ‘استشهد به البخاري’ “*Imam Bukhari ne inse istish-haadan riwayat li hai*”. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V29 P179)

Imam Bukhari ﷫, jisse istish-haadan riwayat le’n, wo aam taur se siqa hota hai.

Haafiz Muhammad bin Tahir ibnul Qesrani ﷫ (d 507h) kehte hain: ‘بل استشهد به في مواضع ليبين أنه ثقة’ “*Imam Bukhari ﷫ ne in (Hammad bin Salama) se Sahih Bukhari mein kai muqamaat par istish-haadan riwayat kiya hai, ye bataane ke liye ye siqa hain*”. (Shuroot-ul-Aimma as Sunnah: P18)

⑥ Imam Abu Dawood ﷫ (d 275h):

Aapse Abu Obaid ne naql karte hue kaha:

سألت أبا داود هن مرمل بن إسماعيل، فعظمه، ورفع من شأنه إلا أنه يهم في الشيئ.

“*Maine Imam Abu Dawood se Momil ke baare mein poocha to unho’n ne is raawi ki azmat-e-shaan ko bayan kiya aur kaha: Lekin ye baaz cheezo’n mein ghalati karte hain*”. (Tehzeeb-ul-Kamal lil Mizzi: V29 P178)

Imam Abu Dawood ne sirf maamooli jarh ki hai aur iske saath inki azmat-e-shaan ko bayan kiya hai. Ye siyaaq is baat ki daleel hai ke Imam Abu Dawood ke nazkeed Momil siqa hain.

⑦ Imam Tirmizi ﷫ (d 279h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: ‘حسن صحيح’ “*Ye hadees hasan sahih hai*”. (Sunan Tirmizi: V2 P274 H415 [Shakir])

⑧ Imam Ibne Jarir Tabari ﷫ (d 310h):

Aapne Momil bin Ismail ki ek riwayat ke baare mein kaha:

صح منها عندنا سنده.

"*In ahadees ki sanad hamare nazdeek sahih hai*". (Tehzeeb-ul-Asaar Musnad Umar lit Tabari: V2 P8; & V1 P21)

⑨ Imam Ibne Khuzaima رحمه الله (d 311h)

Aapne Momil ki kai ahadees ko apni sahih mein naql kiya hai, jin mein se ek zer-e-bahes hadees bhi hai.

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: "*Imam Ibne Khuzaima ne apni poori kitab mein kisi jagah Momil bin Ismail رحمه الله ki tauseeq nahi ki, lihaaza Ibne Khuzaima ko moaddileen mein shumaar karna ghalat hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P156)

Arz hai ke Imam Ibne Khuzaima ne Momil bin Ismail ki hadees ko sahih kaha hai aur naaqid Imam ki taraf se kisi raawi ki hadees ki tasheeh is raawi ki tauseeq hoti hai.

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

قلت: صحح ابن خزيمة حديثه ومقتضاه أن يكون عنده من الثقات.

"*Main kehta hoo'n ke Ibne Khuzaima ne inki hadees ko sahih kaha hai, iska taqaza ye hai ke inke nazdeek ye siqa hain*". (Taajeel al-Manfah li Ibne Hajar: P248)

⑩ Imam Baghwi رحمه الله (d 317h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: 'صحيح' "*Ye sahih hai*". (Sharah as Sunnah lil Baghwi: V6 P377)

⑪ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h):

Aapne unhe'n siqaat mein zikr kiya hai. (As Siqaat li Ibne Hibban: V9 P187 (Al Usmaniya); Dekhiye Isi kitab ka P370): (Urdu pdf)P189)

⑫ Imam Abu Bakr al-Ismaili (d 371h):

Imam Ismaili ne Mustakhraj Alaa Sahih Bukhari mein Momil ki riwayat darj ki hai. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V13 P33)

⑬ Imam Daraqutni رحمه الله (d 385h):

Aap ne Momil bin Ismail ki ek (1) hadees ke baare mein kaha: 'إسناده صحيح' "*Iski sanad sahih hai*". (Sunan Daraqutni: V2 P186)

⑭ Imam Ibne Shaheen رحمہ اللہ (d 385h):

Aap ne kaha: 'مؤمل المكي ثقة، قاله يحيى' "*Momil Makki siqa hai, Imam Ibne Maeen ne yehi kaha hai*". (Taareekh Asma as-Siqaat li Ibne Shaheen: P231)

⑮ Imam Haakim رحمہ اللہ (d 405h):

Aap ne Momil ki ek (1) hadees ke baare mein kaha: 'هذا حديث صحيح الإسناد' "*Ye hadees sahih-ul-isnaad hai*". (Al Mustadrak Alaa Sahihain: V2 P648 ت: مقبل)

⑯ Imam Ibne Hazam رحمہ اللہ (d 456h):

Aap ne Mahalla mein iski riwayat se hujjat pakdi hai (Al Mahalla li Ibne Hazam: V4 P74) aur Aap ne us kitab ke muqaddame mein kaha hai:

و ليعلم من قرأ كتابنا هذا أننا لم نحتج إلا بخبر صحيح من رواية الثقات.

"*Hamari ye kitab padhne waala jaan le ke hamne sirf siqa ruwaat ki sahih riwayat hi se hujjat pakdi hai*". (Al Mahalla li Ibne Hazam: V1 P21)

⑰ Imam Ibn al-Qattaan رحمہ اللہ (d 628h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: 'وإسناده حسن' "*Iski sanad hasan hai*". (Bayan-ul-Abhaam Fee Kitaab-ul-Ahkaam: V5 P84)

⑱ Imam Zia al-Maqdisi رحمہ اللہ (d 643h):

Imam Zia al-Maqdisi رحمہ اللہ (d 643h) ne Al Ahadees al-Mukhtaara mein unki riwayat darj ki hai. (Dekhiye: Al Mustakhraj minal Ahadees al Mukhtara Mimma Lam Yakhraj al-Bukhari-o-Muslim Fee Sahiha: V2 P388, H774, wa-qaal al mohaqqaq: Isnadahu Hasan)

⑲Imam Munziri رحمہ اللہ (d 656h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: 'رواه البزار بإسناد حسن' "*Ise Bazzaar ne hasan sanad se riwayat kiya hai*". (At Targheeb wat Tarheeb lil Munziri: V4 P118)

⑳ Imam Ibn al-Qaiyyim رحمہ اللہ (d 751h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: 'رواه ابن ماجه بإسناد حسن' "*Ise Ibne Majah ne hasan sanad se riwayat kiya hai*". (Ighaasa al Lahfaan: V1 P342)

㉑ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'كان من ثقات البصريين' *"Ye basra ke siqa logon mein se the"*. (Al Ibar Fee Khabar Min Ghair: V1 P350)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne Imam Zahbi ki tauseeq rad karne ke liye ye kaha hai ke Imam Zahbi ne '*Al Kashif*', waghaera mein is par jarh naql ki hai. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P157)

Arz hai ke Imam Zahbi ka doosro'n ki jarh naql karna unka apna faisla nahi, balke unho'n ne apne faisle mein Momil bin Ismail ko siqa kaha hai. Ye is baat ki daleel hai ke Imam Zahbi ki nazar mein Momil bin Ismail siqa hain aur unki tazeef waala qaul durust nahi hai. Neez Imam Zahbi ne Momil bin Ismail ka tazkirah apni kitab 'من تكلم فيه وهو موثق' mein kiya hai. (Dekhiye: Man Takallam Fiya Wahuwa Mausiq: P183 [Muhammad Shukoor])

Is kitab mein Imam Zahbi رحمه الله ne aise riwayat ka tazkirah kiya hai, jin par jarh hui hai, phir bhi wo siqa hain. Ye bhi is baat ki daleel hai ke Imam Zahbi ki tehqiq mein Momil bin Ismail siqa hain aur un par ki gai jarh hai, wo zaeef saabit nahi hote.

㉒ Imam Ibne Kaseer رحمه الله (d 774)

Aapne Momil ki ek riwayat ke baare mein kaha: 'هذا إسناد صحيح' *"Ye sanad sahih hai"*. (Tafseer Ibne Kaseer: V3 P52 [Daar Taiyyabah])

"*Momil bin Ismail sadooq hai aur inke baare mein kalam kiya gaya hai*".

㉓ Imam Ibne Mulaqqin رحمه الله (d804h) ne kaha: 'مؤمل بن إسماعيل صدوق، وقد تكلم فيه' "*Momil bin Ismail Sadooq hai aur unke baare mein kalam kiya gaya hai*". (Al Badar-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V4 P652)

㉔ Imam Haithami رحمه الله (d 807h): Aapne kaha 'مؤمل بن إسماعيل، وهو ثقةو وفيه ضعف' "*Momil bin Ismail siqa hain aur un mein zof hai*". (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V8 P111)

Imam Haithami رحمه الله ne Momil bin Ismail ki sanad waali ek riwayat ke baare mein kaha: 'رجاله وثقوا، وفي بعضهم كلام لا يضر' *"Uske rijaal ki tauseeq ki gai hai aur baaz ke baare mein aisa kalam kiya gaya hai, jo muzir nahi hai"*. (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V7 P202)

㉕ Imam Boosiri رحمه الله (d 840h):

Aapne Momil ki ek hadees ke baare mein kaha: 'هذا إسناد حسن' *"Ye sanad hasan hai"*. (Ithaaf al Khairah lil Mahrah bi Zawaaed al Masaneed al A'ashrah: V6 P165)

Aqwaal e Jarh o Taadeel Mein Tarjeeh:

Guzishta sutoor mein jaariheen aur muwassiqeen dono'n ke aqwaal pesh kiye ja chuke hain.

Un tamaam aqwaal ko ba-nazar-e-ghaayar[1] padhne ke baad har shakhs isi natije par pohonchega ke muwassiqeen ke aqwaal hi raajeh hain. Chunache jarh-o-taadeel mein taaruz ke waqt tarjeeh ke jo bhi usool hain, har usool ki raushni mein muwassiqeen ke aqwaal hi raajeh qaraar paaenge. Tafseel mulaahaza ho.

Mutashaddideen Aur Motadileen Ke Etebaar Se:

Jarh-o-taadeel mein taaruz ke waqt agar jarh mutashadideen ki taraf se ho to wo rad kardi jaati hai.

Is usool ke tahat bhi Momil bin Ismail par ki gai jarh qaabil-e-rad hogi, kyounke un par khata-e-kaseer ki jarh karne waalo'n ki aksariyyat mutashaddideen ki hai. Jaisa ke mutaalliqa muqamaat par wazaahat ki ja chuki hai aur tauseeq karne waalo'n mein Imam Ahmad waghaera motadileen mein se hain. Balke tauseeq karne waalo'n mein kai ek mutashaddideen mein se bhi hain aur mutashaddideen jab tauseeq karte hain to unki tauseeq bahut ziyada ehmiyyat rakhti hai.

Jarh Mufassar aur Jarh Ghair-mufassar Ke Etebaar Se:

Agar *mufassar aur* ghair-*mufassar* ke lihaaz se tarjeeh di jaae to bhi Momil bin Ismail ki tauseeq hi raajeh hogi. Kyounke jin logon ne un par mufassar jarh ki hai. Unki tafseer mein ikhtilaaf hai. Baaz ne ziyada ghalati karne waala kaha hai, jabke baaz ne maamooli ghalati karne waala kaha hai aur usooli taur par unhee'n ki baat raajeh hai. Tafseel mulaahaza ho:

---

[1] T: (به نظر غائر) Gehri nazar se, gehri nazar ke saath [RSB]

Ziyada ghalati karne ki baat darj-e-zel logon ne kahi hai:

① Imam Abu Haatim: 'كثير الخطأ' *"Ziyada ghalati karne waale the"*.

② Imam Ibne Saad: 'كثير الخطأ' *"Ziyada ghalati karne waale the"*.

③ Imam Mirwazi: 'كثير الخطأ' *"Ziyada ghalati karne waale the"*.

④ Imam Nasai: 'كثير الخطأ' *"Ziyada ghalati karne waale the"*.

⑤ Imam Saaji: 'كثير الخطأ' *"Ziyada ghalati karne waale the"*.

⑥ Imam Ibne Ammar ash Shaheed: 'فيخطئ الكثير' *"Ye ziyada ghalati karte the"*.

Iske bar-khilaaf maamooli ghalati ka ilzaam darj-e-zel logon ne lagaaya hai:

❶ Imam Ibne Maeen: 'يحدث من حفظه زياده' *"Apne haafize se izaafa bayan karte the, yaane kabhi kabhi aisi ghalati karte the"*.

❷ Imam Ahmad: 'مؤمل كان يخطئ' *"Ghalati karte the"*.

❸ Imam Abu Dawood: 'يهم في الشيئ' *"Baaz cheezo'n mein wahem ke shikaar hote the"*.

❹ Imam Ibne Hibban: 'ربما أخطأ' *"Kabhi kabhar ghalati karte the"*.

❺ Imam Haithami: 'ثقة وفيه ضعف' *"Siqa hain, lekin un mein zof hai"*. Zof se muraad maamooli ghalati hai.

❻ Ibne Qaane: 'صالح يخطئ' *"Ghalati karte the"*. Yaane kabhi kabhaar.

❼ Imam Zahbi: 'حافظ عالم يخطئ' *"Ye haafiz, aalim hain aur ghalati karte the"*. Yaane kabhi kabhaar.

In tamaam aqwaal ke hawaale guzishta sutoor mein pesh kiye ja chuke hain.

Ghaur farmae'n ke jin mohaddiseen ne bhi un par mufassir jarh ki hai, wo aapas mein muttafiq nahi, balke baaz Momil ko ziyada ghalati karne waala batlaa rahe hain aur baaz maamooli ghalati karne waala batla rahe hain. Ab dekhna ye hai ke un dono giroho'n mein se kis giroh ki baat raaejh hai?

To darj-e-zel umoor ki bina par maamooli ghalati ki jarh karne waalo'n hi ki baat raajeh hai:

Awwalan: Ziyada ghalati karne ki jarh jin mohaddiseen ne ki hai, un mein se aksar mutashaddideen mein shumaar hote hain aur motadileen ke khilaaf mutashaddideen ki jarh qaabil-e-qubool nahi hoti.

Saniyan: Kam ghalati ki jarh karne waalo'n mein Imam Ibne Maeen aur Imam Ibne Hibbaan jaise mutashaddidi bhi hain aur mutashaddid jab tauseeq kare'n to unki tauseeq ki ziyaada ehmiyat hoti hai. Bana-baree'n jab Ibne Hibbaan jaise mutashaddid bhi Momil ko maamooli ghalati karne waala batla rahe hain, to ye is baat ki daleel hai ke unki ghalatiya'n ziyada nahi thee'n. Warna Ibne Hibbaan رحمه الله jaise mutashaddid un par sirf maamooli jarh na karte.

Yaheen se ye bhi maaloom ho gaya ke Imam Ibne Hibbaan ne unki tauseeq mein tasaahul se kaam nahi liya. Balke unki riwayaat ki chaan-been karne ke baad unhe'n siqa kaha aur unhe'n maamooli ghalati karne waala batlaaya hai. Imam Ibne Hibbaan ki is tarah ki tauseeq ko mabni-bar tasaahul nahi kaha jaaega, kyounke ye tauseeq unke *shaaz* usool (majaheel ki tauseeq) par mabni nahi, balke istiqra par mabni hai. (Dekhiye: At Tankeel Bimaa Fee Taneeb al Kausari Minal Abateel: V2 P669)

Saalisan: Maamuli ghalati ki jarh karne waalo'n mein se Imam Ahmad, Momil bin Ismail ke shaagird hain. Yaane Momil ke baare mein acchi tarah waaqif hain. Jabke ziyada jarh karne waalo'n mein koi bhi Momil ka shaagird nahi. Is liye zaahir hai wo Momil ke baare mein Momil ke shaagird se behtar raae nahi de sakte.

Imam Zahbi Aur Imam Haithami Ki Jarh:

Raabian: Aimma-e-Naqideen mein se do (2) jaleel-ul-qadr aimma Imam

Zahbi رحمه الله aur Imam Haithami رحمه الله ne Momil bin Ismail ko kam ghalati karne waala qaraar diya. Neez saath mein ye bhi bataaya hai ke un par ki gai jurooh se ye zaeef saabit nahi hote. Mulaahaza ho:

① Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'حافظ عالم يخطئ' *"Ye haafiz, aalim hair aur ghalati karte hain (yaane kabhi kabhaar)"*. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V4 P228)

Maulana Ameer Ali likhte hain:

والذهبي جعله قليل الخطأ حافظ، وذكر حديثا منكرا حمله على عكرمة... ال.

"*Zahbi رحمه الله ne ise haafiz-e-hadees kaha aur farmaya ke isse kam khataae'n hui hain. Iski ek hadees munkar bhi unho'n ne zikr ki hai, magar iski nakaarat ka sabab Ikrima رحمه الله ko qaraar diya*". (At Ta'aqeeb: P515 (ba-hawaala) Tauzeeh-ul-Ahkam-az-Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله: P558)

Imam Zahbi ne Momil bin Ismail ka tazkirah apni kitab 'من تكلم فيه وهو موثق' mein kiya hai. (Dekhiye: Man Takallam Fiya Wahuwa Mausiq: P183 [Muhammad Shukoor]) Is kitab mein Imam Zahbi رحمه الله ne aise riwayat ka tazkira kiya hai, jin par jarh hui hai, phir bhi wo siqa hain. Ye is baat ki daleel hai ke Imam Zahbi ki tehqiq mein Momil bin Ismail siqa hain aur un par ki gai jarh se wo zaeef saabit nahi hote.

② Imam Hatihami رحمه الله (d 807h) ne kaha: 'مؤمل بن إسماعيب، وهو ثقة وفيه ضعف'

"*Momil bin Ismail siqa hain aur unme zof hai (yaane ye kabhi-kabhaar ghalati karte hain)*". (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V8 P111)

Imam Hatihami ne Momil bin Ismail ki sanad waali ek riwayat ke baare mein kaha: 'رجاله وثقوا، وفي بعضهم كلام لا يضر' *"Iske rijaal ki tauseeq ki gai hai aur baaz ke baare mein aisa kalam kiya gaya hai, jo muzir nahi"*. (Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V7 P202)

Ye is baat ki daleel hai ke Imam Haithami رحمه الله ki tehqiq mein Momil bin Ismail Siqa hain aur un par ki gai jarh se wo zaeef saabit nahi hote.

Waazeh rahe ke Imam Haithami ke baare mein Maulana Safdar Saahab ne kaha: "*Allama Haithami رحمه الله ko sehat-o-suqm* (سُقْم) *ki parakh nahi, to kisko thi?*". (Ahsan-ul-Kalam-az-Sarfaraz Khan Safdar: V1 P233)

Maaloom hua ke do (2) jaleel-ul-qadr naaqid-e-aimma ne bhi isi baat ko raajeh qaraar diya hai ke Momil bin Ismail ki ghalati kam hai aur un par ziyaada ghalati ka ilzaam durust nahi hai. Is liye Momil bin Ismail siqa hain.

In do (2) naqideen-e-aimma ki tarjeeh ke muqaable mein asr-e-haazir ke logon ki tarjeeh ki koi haisiyat nahi hai.

Jamhoor Ke Etebaar Se:

Agar jarh-o-taadeel ke aqwaal mein taaruz ke waqt tatbeeq ya tarjeeh ki koi soorat nahi hoti, to jamhoor ke qaul ko raajeh qaraar diya jaata hai. Is liye is etebaar se dekha jaae to bhi Momil bin Ismail ki tauseeq hi raajeh hogi, kyounke unhe'n siqa kehne waalo'n ki taadaad un par jirah karne waalo'n se kahee'n ziyaada hai.

Ahnaaf Ki Gawaahi:

Ahnaaf mein bhi kai ek ne Momil bin Ismail ko siqa tasleem kiya hai.

۞ Maulana Zafar Ahmad Usmani Hanafi, Momil an 'عن' Sufyan waali ek sanad ke baare mein likhte hain: 'رجاله ثقات' *"Iske rijaal siqa hain"*. (Elaa as-Sunan: V2 P915)

۞ Allama Aeni Hanafi ﷫ Momil ki ek hadees ke baare mein likhte hain: 'إسناده صحيح' *"Iski sanad sahih hai"*. (Umda-tul-Qaari: V8 P197)

۞ Deobandi Hazraat ki kitab *Hadees Aur Ahle Hadees* mein kai jagah Momil bin Ismail ki hadees ko apni daleel mein pesh kiya gaya hai. Masalan dekhiye: Hadees Aur Ahle Hadees: P270, H3 Is hadees ki sanad mein Momil bin Ismail maujood hai. (Dekhiye: Sharah Maani al-Aasaar: V1 P196)

۞ Deobandiyo'n ki kitab Namaz-e-Payambar: P250 mein bhi panj-waqta namazo'n se pehle aur baad ki sunnato'n se mutaalliq Umme Habiba ﵂ ki ek hadees naql ki gai hai, uski sanad mein bhi Momil bin Ismail maujood hai. (Sunan Tirmizi: Abwab as Salah: H415)

Ye hadees Muslim mein bhi mukhtasaran maujood hai, lekin Muslim mein wo tafsilaat nahi hain, jo Tirmizi ki hadees mein hain.

Faaeda: Baaz ahnaaf Momil se mutaalliq baaz jarh mufassar lekar use tarjeeh dene ki kosihsh karte hain. Ham waazeh kar chuke hain ke Momil par ki gai jarh mufassar mein bhi ikhtilaaf hai. Lekin Imam Abu Hanifa رحمه الله se mutaalliq Imam Ibne Abdul Bar رحمه الله ne mufassar jarh karte hue kaha hai:

ولم يسنده غير أبي حنيفة، وهو سشئ الحفظ عند أهل الحديث.

"*Ise Abu Hanifa ke alaawa kisi ne musnad bayan nahi kiya aur wo mohaddiseen ke nazdeek sai-ul-hifz hain*". (At Tamheed Limaa Fil Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V11 P48)

Is jarh-e-mufassar ke baare mein ahnaaf kya farmaenge? Yaad rahe ke is jarh-e-mufassar ke khilaaf kisi bhi Imam ne Imam Abu Hanifa رحمه الله ki tauseeq nahi ki.

Kya Momil Ko 50 Naaqideen Ne Zaeef Qarar Diya Hai?

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab Hanafi ne Momil ko zaeef saabit karne ke liye 50 naam ginaae hain, ab unka jaaiza pesh-e-khidmat hai.

Maulana Ashrafi Saahab ne Momil ko zaeef bataane ke liye jo 50 hawaale diye hain, unko ham alag alag qismo'n mein baant sakte hain. Mulaahaza ho.

① Baghaer Naam Aur Jirah Zikr Kiye Ginti Badhaadi:

Ashrafi Saahab ne number 14 ke baad number 16 shumaar kar liya hai aur 15 ke muqaam par na koi number hai na naam aur na koi jarh. Ab baaqi bache 49 hawaale.

② Mukarrar Hawaale:

Ashrafi Saahab ne 6 hawaalo'n ko do-do (2-2) baar zikr kiya hai, yaane 6 hawalo'n ko 12 hawaale bana diya hai. Ye hawaale you'n hain.

❶ Ibne Maeen: number 12 aur 18

❷ Sulaiman bin Harb: number 3 aur 6

❸ Abu Haatim: number 1 aur 31

❹ Daraqutni: number 4 aur 41

❺ Ibne Hajar: number 5 aur 21

❻ Samarqandi: number 8 aur 9 (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139-141)

Note: Sulaiman bin Harb hi ka qaul Ashrafi Saahab ne number 3 ke tahat Yaqoob bin Sufyan ke naam se zikr kiya hai. Is liye ye dar-haqiqat 6 hawaale hain aur 5 maadoom hain. Ye kul 7 hawaale maadoom saabit hue. Baaqi bache 43 hawaale.

③ Khud-saakhta Hawaale:

Is qism ke kul chaar (4) hawaale hain. Mulaahaza farmae'n

❶ Ashrafi Saahab likhte hain: *"7. Imam Nasai ﷫ 'فيه لين' (Majlisaan Nasai: P48 number 17)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139-139)

Arz hai, ke Momil par Imam Nasai ki ye jarh duniya ki kisi kitab mein nahi hai. Ashrafi Saahab ne jis kitab ka hawaala diya hai, us kitab mein us safhe par Imam Nasai ki koi jarh maujood nahi hai. Albatta us kitab ke mohaqqiq Abu Ishaq al Huwaini ﷾ ne ahshiya mein apni taraf se likha hai: 'ومؤمل بن إسماعيل فيه لين'. Fawaaed Abu Umar as-Samarqandi: P56 Haashiya number 17 [Daar Ibn al-Jauzi])

Ashrafi Saahab ne asr-e-haazir ke ek alim aur Allama Albani ﷫ ke shaagird ke qaul ko Imam Nasai ka qaul bana diya. Subhan Allah!!

Hadees ya haashiya number to sahih likha, lekin safha number ghalat likh diya.

Note: Uske baad Ashrafi Saahab ne Imam Nasai se *Kaseer-ul-Khata* ki jarh naql ki hai, jis par tabsara guzar chuka hai.

❷ Ashrafi Saahab likhte hain: *"8. Imam Abi Umar as-Samarqandi ﷫:* 'سيئ الحفظ' *(Fawaaid Abi Umar: P48 number 17"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139)

Arz hai ke Fawaaid Abi Umar as-Samarqandi ke muhawwala[1] muqaam par Imam Abi Umar as-Samarqandi ne aisi koi jarh nahi ki, balke baat ye hai ke Fawaaid Abi Umar as-Samarqandi ke mohaqqiq Abu Ishaq al-Huwaini ﺣﻔﻈﻪ ﺍﻟﻠﻪ ne likha: 'وكان سيئ الحفظ'. Fawaaed Abu Umar as-Samarqandi: P131 Haashiya number 43)

Ashrafi Saahab ne asr-e-haazir ke ek aalim ki baat ko Imam Abu Umar as-Samarqandi ka qaul bana diya aur safha 131 ko 31 likha aur haashiya ya hadees number bilkul ghalat likha.

❸ Ashrafi Saahab ne Abu Umar as-Samarqandi ka naam mukarrar ginaate hue dobaara unka hawaala pesh karte hue likha: *"9. Imam Abu Umar as-Samarqandi* ﺭﺣﻤﻪ ﺍﻟﻠﻪ*:* 'ضعيف' *(Fawaaid Abu Umar as-Samarqandi: P56 Haashiya number 22)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139)

Arz hai ke *Fawaaid Abu Umar as-Samarqandi ke muhawwala muqaam* ne aisi koi jarh nahi ki, balke ye baat bhi *Fawaaid Abu Umar as-Samarqandi* ke mohaqqiq Abu Ishaq al Huwaini ﺣﻔﻈﻪ ﺍﻟﻠﻪ ki hai.

Mohaqqiq ne likha: 'هذا سند حسن لو لا ضعف مؤمل بن اسماعيل' Fawaaed Abu Umar as-Samarqandi: P50 Haashiya number 22)

Ashrafi Saahab ne asr-e-haazir ke ek aalim ki baat ko Imam Abu Umar as-Samarqandi ka qaul bana diya aur lafz 'ضعف' zof ko 'ضعيف' *zaeef* bana kar us mein bhi tehreef ki. Neez P50 ko 59 likha, albata haashiya ya hadees number sahih likha.

❹ Ashrafi Saahab likhte hain: *"14. Imam Hussaini* ﺭﺣﻤﻪ ﺍﻟﻠﻪ*:* 'حدث حفظا فغلط' *(Man-lah Riwaaya: number 5747)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P140)

Arz hai ye ek khud-sakhta naam hai, is naam ki taraf mansoob aisi koi jarh duniya ki kisi kitab mein maujood nahi hai.

Abu Umar as-Samarqandi ka hawaala mukarrar hai, ek ka shumaar pehle ho chuka hai. Yahan sirf doosre shumaar karte hain. Is etebaar se kul 9

[1] T: (مُحَوَّلَه) Jiska hawaala diya gaya ho [RKT]

(10) hawaale hue. Ab baaqi bache 40 hawaale.

④ Ghair-naaqideen Ke Hawaale:

Is qism ke hawaale kul 14 hain. Un mein

❶ Ibn al-Turkmaani: number 19

❷ Qasim bin Qatlubugha: number 20

❸ Zarkalee: number 27

❹ Munaawi: number 43

❺ Albani: number 16

❻ Tariq bin Auzullah: number 34

❼ Abdullah ad-Duwaish: number 57

❽ Sanaullah Zaahidi: number 44

❾ Abdur Rahman Mubarakpuri: number 50

❿ Abdul Mannan Noorpuri: number 47

⓫ Maulana Aazmi: number 45

⓬ Shoaib al-Arnaut: number 46

⓭ Abdullah ar-Ruhaili: number 49

⓮ Abu Ishaq al-Huwaini: number 48 ke hawaale hain. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P140-142)

Arz hai ke un mein se koi bhi naaqid Imam nahi hai, balke un mein beshtar to asr-e-haazir ke ulama hain. Is liye ye saare hawaale ghair-motabar hain. Kul 23 hawaale hue, baaqi bache 26 hawaale.

⑤ Tafarrud Ke Kalaam Par Mushtamil Hawaale:

Ashrafi Saahab likhte hain: "*30. Imam Jauzi* ﵀ ‘تفرد به مؤمل عن الثوري’ *(Al Ilal al Mutanahiya: number 339*".

“41. Imam Daraqutni ﷫: ‘تفرد به مؤمل عن الثوري’ (Atraaf al Gharaaib: number 1499”.

“36. Haafiz Ibne Abi al-Fawaris: ‘تفرد به مؤمل بن إسماعيل عن سفيان’ (Al Badar-ul-Muneer: V7 P553)”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P140-141)

In hawaalo’n mein kisi riwayat mein sirf Momil ka tafarrud bayan kiya gaya hai aur ye koi jarh nahi hai. Daraqutni ka hawaala mukarrar aur yahan ka hawaala pehle shumaar ho chuka hai. Agla hawaala aage shumaar hoga. Kul 25 hawaale hue, baaqi bache 24 hawaale.

⑥ Ghair-saabit Hawaale:

Is qism ke hawaale 4 hain:

❶ Imam Bukhari ki taraf mansoob jarh ‘*munkar-ul-hadees*, (#29).

❷ Zarakshi, unho’n ne Imam Bukhari ki taraf mansoob ghair-saabit jarh naql ki hai (number 28).

❸ Ibne Maeen se Ibne Mihriz ki riwayat jo Ibne Maeen ke siqa shaagirdo’n ki riwayat ke khilaaf hai (number 18).

❹ Abu Zurah Raazi (number 22). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P140)

Arz hai, ye hawaale saabit hi nahi hain, jaisa ke tafseel guzar chuki hai aur Ibne Maeen ka hawaala mukarrar hai. Yahan ka hawaala shumaar ho chuka hai. Doosra hawaala aage shumaar hoga. Is etebaar se kul 29 hawaale hue. Baaqi bache 21 hawaale.

⑦ Tazeef Par Dalaalat Na Karne Waale Hawaale:

❶ Ashrafi Saahab likhte hain: *“25. Haafiz Abu Bakr Nisaburi: ‘إن كان مؤمل حفظه فهو غريب’ (Sunan al Kubra: number 7983)”*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P140)

Ye tazeef hai hi nahi, balke is mein sirf Momil ke hifz par shubha hai.

❷ *“31. Ibne Abi Haatim: ‘و وهم مؤمل في لفظ متن هذا الحديث’ (Ilal-ul-Hadees: number 116)”*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P141)

Ye bhi tazeef nahi hai, balke ek riwayat mein Momil ki taghleet[1] hai. Baaz riwayaat mein bade-bade siqa se bhi ghalati ho jaati hai aur aimma-e-fann uski nishandahi bhi karte hain, magar sirf is bina par kisi raawi ki tazeef saabit nahi hoti.

Waazeh rahe ke ye Abu Haatim hi ka qaul hai, jise unke bete ne naql kiya hai aur Abu Haatim ka alag se hawaala Ashrafi Saahab de chuke hain, is liye ye hawaala mukarrar hai, iska shumaar pehle ho chuka hai. Doosre ka shumaar aage hoga.

❸ Ashrafi Saahab likhte hain: *"35. Ibn al-Mulaqqin* 'مؤمل لن إسماعيل صدوق وقد تكلم فيه' *(Al Badar-ul-Muneer: V4 P652)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P141)

Ye tazeef nahi, balke tauseeq hai. Rahi baat unke mutakallif-feeh hone ki to usse kisi ko inkaar nahi. Lekin mahez mutakallim-feeh hone se koi zaeef nahi ho jaata.

Is qism mein in dono hawaalo'n ke alaawa

③ Ahmad bin Hambal: (number 11), ④ Ibne Maeen: (number 12), ⑤ Sulaiman bin Harb (number 6, number 3) (ba-naam Yaqoob bin Sufyan (Sulaiman bin Harb ka hawaala mukarrar hai. Ek ka shumaar pehle ho chuka hai, yahan sirf doosre ko shumaar kiya gaya hai), ⑥ Daraqutni: (number 4), ⑦ Ibne Qaane: (number 24), ⑧ Ibne Hibbaan (number 26), ⑨ Haithami: (number 38) aur, ⑩ Ibne Hajar (number 5 aur number 21) ke hawaale hain (Ibne Hajar ka hawaala mukarrar hai, ek ka shumaar pehle ho chuka hai, yahan sirf doosre ko shumaar kiya gaya hai). (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P139-141)

In saare hawaalo'n par tafseel guzar chuki hai. Kul 39 hawaale hue, baaqi bache 11 hawaale.

⑧ Motabar Hawaale:

Paanch (5) hawaale

① Ibne Saad (number 2), ② Abu Haatim: (number 1), ③ Nasar al-

[1] T: (تَغْلِيط) Ghalat qaraar dena [RSB]

Mirwazi: (number 10), ④ Imam Saaji: (number 23), ⑤ Ibne Ammar: (number 13).

In tamaam hawaalo'n par tabsara guzar chuka hai. Kul 38 hawaale hue, baaqi bache 6 hawaale.

⑨ Naaqileen:

Is qism ke hawaale aise hain, jin mein Ashrafi Saahab ne aise naam pesh kiye hain, jinka wo apna zaati naqd nahi. Balke unho'n ne apne se pehle aimma ke aqwaal hi naql kiye hain. Ye kul 6 hawaale hain.

① Imam Zahbi رحمه الله: (number 17), ② Ibne Najjar: (number 32), ③ Imam Faasi رحمه الله: (number 33), ④ Damyaati: (number 37), ⑤ Boosiri: (number 39), ⑥ Ibn al-Haadi: (number 42)

Choonke ye tamaam hawaale mahez naql par mabni hain, lihaaza unki koi alaahada haisiyat nahi hai.

Ye hai in 50 hawaalo'n ki haqiqat, jinki buniyad par Maulana Ashrafi Saahab ne ye daawa kiya hai: "*Agar adadee taur par dekha jaae to 18 mohaddiseen-e-kiraam* رحمة الله عليهم *ki taadeel ke muqaable mein ham ne 50 mohaddiseen-e-kiraam* رحمة الله عليهم *se Momil bin Ismail par jarh saabit ki hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P144)

Qaraeen-e-Ikraam! Aap dekh chuke hain ke un 50 mein se 1 hawaale ka koi naam-o-nishaan hi nahi hai, mahez ginti Karli hai. 6 hawaalo'n ka do (2) baar zikr karke unhe'n 12 hawaale bana diya hai. 4 hawaale apni taraf se ghad liye hain. 14 hawaale naqideen ke bajaae ghair-naaqid ahle ilm ke hain, balke un mein bhi beshtar asr-e-haazir ke ulama hain. Baaqi ghair-saabit ya ghair-mutaalliq ya naaqileen ke naam hain. Sirf 5 hawaale motabar hain, jinka jawab diya ja chuka hai. Un 5 ke muqaable mein 25 ahle ilm ne Momil bin Ismail ki sareeh ya zimni tauseeq ki hai. Is liye jamhoor ke nazdeek bhi ye siqa hi hain.

⑥ Tafseer-e-Nabawi ﷺ ‘فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ’

Imam Abu ash-Shaikh al Asbahaani رحمه الله (d 369h) ne kaha:

ثنا أبو الحريش، ثنا شيبان، ثنا حماد، ثنا عاصم الأحول، عن رجل، عن أنس عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله.

ولفظ الحديث الذي قبله عند البيهقي، قال: في هذه الآية: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ (الكوثر: 2) قال: وضع يده اليمنى على وسط يده اليسرى، ثم وضعهما على صدره "وعند البيهقي" أو قال: عن النبي صلى الله عليه وسلم.

“Sahabi-e-Rasool Anas رضي الله عنه se riwayat hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne is aayat ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke is se (namaz mein) apne daae’n-haath ko apne baae’n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakhkar phir unhe’n apne seene par rakhna muraad hai. Sunan Bayhaqi ki riwayat mein raawi ko shak hai ke ye Anas رضي الله عنه ki tafseer hai ya unho’n ne ye tafseer Allah ke Nabi ﷺ se bayan ki hai”. (Kitab-ut-Tafseer li Abu ash Shaikh al-Asbahani Naqalan an ad-Durre Mansoor: V8 P650 (Bidoon Shak); Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46, H2337 (Min tareeq Abu ash-Shaikh, wafeehi Shak min ar raawi (hadees sahih bish shawaahed)

Sunan Bayhaqi mein raawi ka shak manqool hai ke ye tafseer Anas رضي الله عنه ne ki hai, ya Anas رضي الله عنه ne ise Nabi-e-Mukarram ﷺ se naql kiya hai. Lekin Imam Suyuti ne isi riwayat ko Imam Abu ash-Shaikh al-Asbahani رحمه الله ki kitab se marfooan naql kiya hai aur saath mein Bayhaqi ka bhi hawaala diya hai. Lekin sanad mein kisi shak ka tazkirah nahi kiya. Jisse maaloom hota hai ke Imam Abu ash-Shaikh al-Asbahani رحمه الله ki kitab mein ye sanad baghaer shak ke marfooan marwi hai aur unki sanad aali hai, lihaaza usi ko tarjeeh di jaaegi.

Allama Badiuddin Raashdi رحمه الله likhte hain:

ومن الفائدة أن السيوطي ذكره في تفسيره مرفوعاً بدون ذكر الشك.

“Faaede ki baat ye hai ke Suyuti ne ise apni tafseer mein marfooan, baghaer shak ke zikr kiya hai”. (At Taaleeq-ul-Mansoor: P34)

Is sanad mein Anas رضي الله عنه ke shaagird ka naam darj nahi hai. Is liye unke baare mein maalumaat nahi mil sakee’n, unke alaawa baqiya saare raawi maaroof aur siqa hain. Tafseel mulaahaza ho:

Aasim bin Sulaiman al-Ahwal Ki Tauseeq:

Aap sahihain samet, Sunan-e-Arba ke rijaal mein se hain. Inhe'n tamaam mohaddiseen ne siqa qaraar diya hai. Sirf Yahya bin Saeed al-Qattaan ne inhe'n baghaer kisi qawi buniyad ke zaeef kaha hai, jo motabar nahi hai. Isi liye Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne kaha:

ثضة من الرابعة لم يتكلم فيه إلا القطان، فكأنه بسبب دخوله في الولاية.

"*Ye siqa hain, chauthe (4) tabqe ke hain, inke baare mein kisi ne kalaam nahi kiya, siwaae Ibn al-Qattaan ke aur unho'n ne wilaayat mein inke daakhil hone ki wajah se aisa kaha hai*". Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne hajar: number 3060

Note: Imam Uqaili ne inhe'n apni kitab Zoafa mein zikr kiya hai. (Az Zoafa-ul-Kabeer lil Uqaili: V3 P336) Iske bawujood bhi Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne kaha ke inhe'n Yahya bin Saeed al-Qattaan ke alaawa kisi ne zaeef nahi kaha. Isse maaloom hua ke Haafiz Ibne Hajar bhi zoafa par likhi gai kutub mein kisi raawi ke mazkoor hone se ye nahi samajhte ke *zoafa* ke muallifeen ke nazdeek wo zaeef hai. Warna Haafiz Ibne Hajar Yahya bin Saeed رحمه الله al-Qattaan ke saath Imam Uqaili ko bhi inki tazeef karne waala batlate.

Lihaaza jo log zoafa ki kitab mein kisi raawi ke mazkoor hone se ye kehte hain ke zoafa ke muallifeen ne inhe'n zaeef kaha hai, ye saraasar ghalat hai. Mazeed tafseel ke liye dekhiye hamari kitab Yazeed bin Muawiya Par Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P669-670.

Haa'n agar zoafa waali kisi kitab ke moallif ka ye manhaj saabit ho jaae ke wo us mein sirf zaeef-o-matrook riwayat hi ka tarjuma pesh karte hain to aisi kitab ka masla alag hai, jaise Zoafa lid-Daraqutni.

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhiye Hadees aur Ahle Ahadees: P271 H4. Iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Dekhiye: Sunan al Kubra lil Bayhaqi: V2 P143 H2632)

Hammad bin Zaid bin Dirham Ki Tauseeq:

Aap sahihain samet, sunan-e-arba ke rijaal mein se hain aur bahut bade siqa-o-sabat imam hain. Aapke siqa hone par tamaam mohaddiseen ka ittifaaq hai.

Imam Abu Yaala al-Khalili ؒ (d 446h) ne kaha:

ثقة متفق عليه، مخرج في الصحيحين، رضيه الأئمة.

"*Aap bil-ittifaaq siqa hain, sahihain mein inki ahadees hain aur aimma inse raazi hain*". (Al Irshad Fee Maarifa Ulama-ul-Hadees lil Khalili: V2 P498)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhiye Hadees Aur Ahle Hadees: P438 number 4. Iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Dekhiye Sahih Bukhari: V1 P163 H818)

Shaybaan bin Farrukh Ki Tauseeq:

Aap Sahih Muslim, Sunan Abu Dawood aur Nasai ke rijaal mein se hain aur siqa hain.

۞ Imam Abu Zurah ar-Raazi ؒ (d 264h) ne kaha: 'صدوق' "*Ye sadooq hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P357 [Sanad Sahih])

۞ Imam Ibne Hibbaan ؒ (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr kiya hai. (As Siqaat li Ibne Hibban: V8 P315 [Al Usmaniya])

۞ Imam Abu Ali al-Ghassani ؒ (d 498h) ne kaha: 'ثقة' "*Aap siqa hain*". (Tasmiya Shuyookhh Abu Dawood li Abu Ali al Ghassani: P129)

۞ Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha: 'شيبان بن فروخ الإمام الثقة محدث البصرة' "*Shaybaan bin Farrukh, ye Imam, Siqa aur Basra ke mohaddis hain*". (Tazkiratul Huffaz liz Zahbi: V2 P443)

Faaeda: Hanafi hazraat bahut saare muqamaat par is raawi ki hadees se daleel lete hain. Masalan dekhiye: Hadees Aur Ahle Hadees: P175 number 1. Iski sanad mein yehi raawi maujood hai. (Dekhiye: Sahih Muslim: V1 P214 H241)

Abu al-Hareesh Ahmad bin Isa al-Kalaabi Ki Tauseeq:

Aap siqa hain, kyounke Imam Abu Bakr al Ismaili ke shaikh hain. Inse ek riwayat Imam Abu Bakr al-Ismaili ne Mojam mein naql ki hai aur unho'n ne us kitab ke muqaddame mein saraahat kardi hai ke agar koi zaeef raawi hoga to wo uski wazaahat karenge. (Dekhiye: Mojam Asaami Shuyookh Abu Bakr al-Ismaili: V1 P309; Dekhiye Silsilatul Ahadees as-Sahiha: 1/5/275])

Neez, Imam Haithami ke qaaede ke mutaabiq bhi ye siqa hain. Kyounke ye Imam Tabrani ke ustaaz hain. (Al Mojam-ul-Ausat: V2 P162 number 1583; Al Mojam-ul-Sagheer: V1 P97 number 131) Imam Zahbi ne *Meezaan* mein inka tazkirah nahi kiya hai. Allama Badiuddin Shah Raashdi ﷫ likhte hain:

ولم يذكره الذهبي في الميزان فهو من الثقات على قاعدة الهيثمي في مجمع الزوائد (8\1) قال: ومن كان من مشايخ الطبراني في الميزان نبهت على ضعفه ومن لم يكن في الميزان ألحقته بالثقات الذين بعده.

"*Ise (Ahmad bin Isa Abu al-Hareesh ko) Zahbi ne 'Meezaan, mein zikr nahi kya hai. Is liye ye Majmua-az-Zawaaid (V1 P8) mein Imam Haithami ke qaaede ke mutaabiq siqa hain. Imam Haithami ne kaha: 'Tabrani ke mashaaikh meins jo raawi 'Meezaan', mein mazkoor hoga, uske zof par main aagaah karunga aur jo 'Meezaan', mein mazkoor nahi hoga, main uske baad ke siqaat ke saath milaaunga*". (At Taaleeq-ul-Mansoor: P6 & 27)

Yaad rahe ke ke is tauseeq ke bar-khilaaf kisi bhi mohaddis ne aap par koi jarh nahi ki, lihaaza aap siqa hain.

Is tafseel se maaloom hua ke is sanad ke saare rijaal siqa hain, siwa-e-Anas ﷛ ke shaagird ke. Kyounke unka naam sanad mein darj nahi hai. Lekin choonke unho'n ne koi aisi riwayat bayan nahi ki, jiske mafhoom ki taaeed na milti ho, balke kai riwayaat se iske mafhoom ki taaeed hoti hai, is liye unki ye riwayat deegar shawaahid ki raushni mein sahih qaraar paaegi.

Chunache is riwayat mein Allah ke Nabi ﷺ se jo tafseer manqool hai, wohi tafseer Abdullah bin Abaas ﷛ aur Ali ﷛ se bhi sahih sanad se saabit hai, jaisa ke tafseel aarahi hai. Phir ye tafseer aisi nahi hai, jis mein ijtihaad-o-raae ka dakhal ho. Kyounke mahez raae aur ijtihaad se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ka ye mafhoom hargiz nahi maaloom kiya ja sakta. Is liye

ye hukman marfoo hai, lihaaza haqiqi marfoo ke liye yaane Anas ﷛ ki hadees ke liye, ye riwayat shaahid qaraar paaengi.

Allama Albani ﷀ ne bahut saare muqamaat par hukman marfoo riwayat ko haqiqi marfoo riwayat ke liye shahid tasleem kiya hai. Halaanke Allama Albani ﷀ mahez mauqoof riwayat ko kisi marfoo riwayat ke liye shahid tasleem nahi karte. (Mislan dekhiye: Silsila tul Ahadees as Sahiha: V1 P135)

Ek Shubha Ka Izaala ﴿وَانْحَرْ﴾ Ki Tafseer:

Baaz hazraat ye eteraaz karte hain ke ﴿وَانْحَرْ﴾ ke maane qurbani karna kiya jaata hai, phir us mein seene par haath baandhne ka mafhoom kahan se aagaya?

Arz hai ke qurbani ke baare mein deegar kai nusoos hain, jinse qurbani ki mashruiyyat saabit hoti hai. Lekin Surah Kausar mein mustaamal[1] lafz ﴿وَانْحَرْ﴾ ka mafhoom qurbani karna nahi, kyounke yahan ye mafhoom Allah ke Nabi ﷺ aur Sahaba ke bayan-karda mafhoom ke khilaaf hai. ﴿وَانْحَرْ﴾ ke maane qurbani karna na to Allah ke Nabi ﷺ ki kisi hadees se saabit hai, aur na kisi sahabi hi se ba-sanad-e-sahih marwi hai.

֍ Ek riwayat Anas ﷛ se milti hai, chunache Imam Ibne Jarir Tabari ﷀ (d 310h) ne kaha:

حدثنا ابن حميد قال: ثنا هارون بن المغيرة عن عنبسة، عن جابر، عن أنس بن مالك، قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم ينحر قبل أن يصلي، فأمر أن يصلي ثم ينحر.

"*Sahabi-e-Rasool Anas bin Maalik ﷛ se marwi hai ke Allah ke Nabi ﷺ namaz se pehle qurbani karte the, to Aap ﷺ ko hukm diya gaya ke aap pehle namaz padhe'n, phir qurbani kare'n*". (Tafseer-e-Tabari, Jame-ul-Bayan: V24: P693 [Hajar])

Arz hai ke ye riwayat mauzu aur manghadat hai, kyounke Imam Tabari ka ustaaz '*Muhammad bin Humaid*', kazzab aur bahut bada jhoota raawi hai. Jaisa ke ham ne iski tafseel apni kitab Yazeed bin Muawiya Par

[1] T: Istemaal hone waala, istemaal-shuda [RKT]

Ilzamaat Ka Tehqiqi Jaaiza: P406 mein pesh ki hai. (Dekhiye hamari kitab Masnoon Rakat Taraweeh, Dalaail Ki Raushni Mein: P50)

Alaawa-baree’n is riwayat mein Allah ke Nabi-e-Akram ﷺ par ilzaam hai ke aap shuru mein namaz se pehle hi qurbani karte the aur ye saraasar baatil hai. Kyounke Aap ﷺ se aisa kuch saabit nahi, balke Aap ﷺ ne is tarah ki gai qurbani ko mahez gosht khori qaraar dekar uski mazammat ki hai. (Sahih Bukhari: V2 P17 H955)

Lihaaza ye mumkin hi nahi ke jis cheez ki aapne itni shadeed mazammat ki ho, is cheez ka sudoor kabhi aapse hua ho.

Ibne Abbas رضی اللہ عنہما Ki Taraf Mansoob Doosri Tafseer Saabit Nahi:

֍ Baaz log Ibne Abbas رضی اللہ عنہما ke hawaale se bhi kehte hain ke aapne ﴿وَانْحَرْ﴾ ki tafseer qurbani se ki hai.

Arz hai ke ye riwayat bhi baatil aur manghadat hai. Imam Bayhaqi رحمہ اللہ (d 458h) ne kaha:

و عن الكلبي، عن أبي صالح، عن ابن عباس، يقول: صل لربك قبل أن تذبح، ثم انحر البدن.

“*Kalbi, Abu Saaleh se, wo Ibne Abbas رضی اللہ عنہما se naaqil hai ke. Aap kehte the: zibah se pehle namaz padho, phir iske baad oounto’n ko nahr karo*”. (Maarifa as Sunan wal Asaar lil Bayhaqi: V14 P20)

Is riwayat ki sanad *Silsila-tul-Kizb* hai. Ibne Abbas رضی اللہ عنہما se neeche saare raawi majrooh hain. Unhee’n mein ek Muhammad bin as-Saaib al-Kalbi bhi hai, jise bahut saare mohaddiseen ne jhoota qaraar diya hai. Khud Imam Bayhaqi uske baare mein kehte hain:

وأبو صالح هذا والكلبي و محمد بن مروان كلهم متروك عند أهل العلم بالحديث، لا يحتجون بشيئ من رواياتهم لكثرة المناكير فيها, وظهور الكذب منهم في رواياتهم.

“*Ye Abu Saaleh aur Kalbi aur Muhammad bin Marwaan sab ke sab mohaddiseen ke nazdeek matrook hain. Inki kisi bhi riwayat se mohaddiseen hujjat nahi pakadte, kyounke inki riwayat mein kasrat se munkar aur inki jhooti baate’n hain*”. (Al Asma was Sifaat lil Bayhaqi: V2 P312)

Imam Ibne Hibbaan رحمہ اللہ (d354h) ne kaha:

كان الكلبي سبئيا من أصحاب عبد الله بن سبأ.

"*Kalbi sabaai tha, Abdullah bin Saba ke saathiyo'n mein se tha*". (Al Majruheen li Ibne Hibban: V2 P253)

Balke khud Kalbi ne Sufyan Sauri ﷫ se kaha:

ما حدثنا عني عن أبي صالح عن ابن عباس فهو كذب فلا تروه.

"*Tumhe'n jo baat mere hawaal se* 'عن ابی صالح' *an Abu Saaleh* 'عن ابی عباس' *an Ibne Abbas ke tareeq se bataai jaae, wo jhoot hai. Tum uski riwayat mat karo*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V7 P270 [Sanad Sahih])

Maaloom hua ke ye tafseer jhooti hai. Ibne Abbas ؓ ne ye tafseer hargiz nahi ki hai, balke unke hawaale se jhoot bola gaya hai.

۞ Imam Ibne Jarir Tabari ﷫ (d 310h) ne kaha:

حدثني محمد بن سعد، قال: ثني أبي، قال: ثني عمي، قال: ثني أبي، عن أبيه، عن ابن عباس ﴿**فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ**﴾ (الكوثر: 2) الصلاة المكتوبة، والنحر: النسك والذبح يوم الأضحى.

"*Sahabi-e-Rasool Ibne Abbas* ؓ *se naql kiya gaya ke unho'n ne kaha: Ayat* ﴿**فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ**﴾ *ka matlab ye hai ke farz namaz padho aur nahr ka matlab qurbani aur eid ke din zibah karna hai*". (Tafseer Tabari Jaame-ul-Bayan: V24 P693 (Hajar); Durre Mansoor: V8 P651)

Arz hai ke ye riwayat bhi sakht zaeef hai, kyounke iski sanad musalsal *biz zoafa* hai.

۞ Muhammad bin Saad: Ye Muhammad bin Saad al-Aufi hai, jo zaeef hai. Tamaam naaqideen ne ise zaeef kaha hai, siwaae Imam Ibne Saad ke. Lekin unho'n ne bhi seegha-e-tamreez[1] se tauseeq ki aur saath mein ise na-qaabil-e-ehtijaaj bhi kaha hai. Chunache kaha:

وكان ثقة إن شاء الله، وله أحاديث صالحة، ومن الناس من لا يحتج به.

"*In sha Allah, ye siqa tha aur iski kuch durust ahadees hain aur ye un logon mein se hain jinse hujjat nahi li jaaegi*". (Tabaqaat al Kubra: V6 P304 [Daar

---

[1] T: (صیغه تمریض) Isse muraad ((نقل), (جاء), (ورد), (بلغنا), (ذُکِر), (یُروی), رُوِيَ) waghaera ke alfaaz hain, muqataddimeen ke nazdeek istimbaat-e-ahkaam mein istemaal hota hai (mazeed tafseel ke liye yahan forum.mohaddis par click kare'n) [RSB]

Saadir])

۞ Iska beta Al Hasan bin Atiyya al-Aufi bhi zaeef hai. Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ضعيف' *"Ye zaeef hai"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H1256)

۞ Uska pota Al Hussain bin al-Hasan al-Aufi bhi zaeef hai. Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne kaha: 'منكر الحديث' *"Ye munkar-ul-hadees hai"*. (Al Majruheen li Ibne Hibban: V1 P246)

۞ Uske pote ke bhatije Saad bin Muhammad al-Aufi ko kisi ne siqa nahi kaha. Imam Bayhaqi ﷫ ne isi sanad se aane waali ek tafseeri riwayat ko zaeef qaraar dete hue kaha:

إنما هو عندي في تفسير عطية العوفي برواية أولاده عنه، وهو إسناد ضعيف.

"*Mere paas ye Atiyya al-Aufi ki tafseer mein hai, jise uski aulaad ne riwayat kiya hai aur ye sanad zaeef hai*". (Maarifa as Sunan wal Asaar lil Bayhaqi: V9 P243)

Imam Ibne Jarir Tabari ﷫ (d 310h) ne kaha:

حدثني علي، قال: ثنا أبو صالح, قال: ثنى معاوية، عن علي، عن ابن عباس في قوله ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾يقول: أذبح يوم النحر.

"*Ali bin Abi Talha kehte hain ke Ibne Abbas ﵄ ne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein kehte: 'Yaum an-Nahr, ko zibah karo*". (Tafseer at Tabari: V24 P654 [Shakir]; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V9 P259 [Al Hind])

Ye riwayat munqata hai. Ali bin Abi Talha ne na to Ibne Abbas ﵄ se kuch suna hai aur na hi Ibne Abbas ﵄ ko dekha hai. Jaisa ke Imam Ibne Maeen (d 233h), Imam Daheem (d 245h), Imam Ibne Hibbaan (d 354h) aur Imam Abu Ahmad al-Haakim (d 378h) ﵏ ne kaha hai. Balke Imam Abu Yaala al-Khalili ne to is par huffaaz ka ijma naql kiya hai. (Tafseel ke liye dekhiye: Man Kalaam Ibne Maeen Fir Rijaal: P79 [Al Azhari]; Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P188 [Al Muallimi] [Sanad Sahih]; Mashaheer Ulama al-Amsaar li Ibne Hibban: P182; Al Asaami wal Kuna li Abu Ahmad al-Haakim: V3 P287; Al Irshad Fee Maarifa Ulama al-Hadees lil Khalili: V1 P394)

Baaz mutakhkhireen ne baghaer kisi suboot ke ye keh diya ke Ali bin Abi Talha ne Ibne Abbas ki tafseer Mujahid ya Ikrima ya Saeed bin Jubair ke

waaste se suni hai. Arz hai ke ye baat be-daleel hai, jaisa ke Allama Muallimi aur Allama Albani ﷫ ne kaha hai. (Dekhiye: Aasaar as Shaikh-ul-Allama Abdur Rahman bin Yahya al-Muallimi al-Yamani: V11 P455 [ma Haashiya Albani])

Mutaqaddimeen ne bil-ijma ye saraahat ki hai ke Ibne Abi Talha ne Ibne Abbas se nahi suna, lekin un mein se kisi ek ne bhi ye nahi kaha ke unke aur Ibne Abbas ﷠ ke darmiyan Mujahid, Saeed bin Jubair ya Ikrima ka waasta hai. Balke Imam Saaleh bin Muhammad Jazrah ﷫ (d 293h) se poocha gaya ke Ali bin Abi Talha ne tafseer (Yaane Tafseer Ibne Abbas) kisse suni hai, to aapne kaha: 'من لا أحد' "*Kisi ek se nahi (yaane bahut saare logon ke waaste se suni hai)*". (Taareekh Baghdad: V11 P428 [As Saadah] [Sanad Sahih])

Maaloom hua ke ﴿وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein Allah ke Nabi ﷺ aur Sahaba se sirf yehi saabit hai ke isse muraad namaz mein seene par haath baandhna hai. (Urdu pdf)P733; At Taaleeq al-Mansoor A'alaa Fath al-Ghafoor: P31) Iske mukhaalif koi tafseer Allah ke Nabi ﷺ aur Sahaba se saabit nahi, lihaaza isi ko ikhtiyaar karna zaroori hai. Rahi qurbani ki mashruiyyat to uske liye deegar nusoos maujood hain.

Fasl 2 Asaar-e-Sahaba ﷺ

① Hadees Ibne Abbas ﷺ Tafseer فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

Imam Ibrahim bin Ishaq al-Harbi (d 285h) ne kaha:

حدثنا أبو بكر بن أبي الأسود حدثنا أبو رجاء الكلبي عن عمرو بن مالك عن أبي الجوزاء عن ابن عباس فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾(الكوثر:2) قال: وضع يده عند النحر.

"Mufassir-e-Quran Hazrat Abdullah bin Abbas ﷺ se riwayat hai ke aapne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) haatho'n ko nahr ke paas (seene par) rakhna muraad hai. (Ghareeb-ul-Hadees lil Harbi: V2 P443 mein mazkoor hai [Sanad Sahih]; Neez Imam Bayhaqi ne: V2 P44 [min tareeq Abi Rajaa ki sanad se riwayat kiya hai], mazeed tafseel ke liye mulaahaza keejiye Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P31 [Tahqiq Muhammad Abdul Qadir Ataa] H2168; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P44 [Tahqiq Abu Abdullah Abdus Salam bin Muhammad] H2387)

Is Hadees Se Imam Suyuti Ka Istidlaal:

وأخرج ابن أبي حاتم من طريق أبي الجوزاء عن ابن عباس في قوله: ﴿وَانْحَرْ﴾ قال: وضع اليمين على الشمال عند النحر في الصلاة ففي.

"Mufassir-e-Quran Hazrat Abdullah bin Abbas ﷺ se riwayat hai ke aapne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) haatho'n ko nahr ke paas (seene par) rakhna muraad hai. Lihaaza is aayat mein is baat ki mashruiyyat aur suboot hai". (Al Ikleel Fee Istimbaat ut Tanzeel: P300)

Ye riwayat hukman marfoo hai, kyounke mahez raae aur ijtihaad se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki ye tafseer nahi ki ja sakti aur jab ye hukman marfoo hai to guzishta Anas ﷺ ki marfoo hadees ke liye sahih shahid hai. Kyounke iski sanad bilkul sahih hai. Tafseel mulaahaza ho.

Abu al-Jauza Aus bin Abdullah ar-Rabai:

۞ Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷺ (d 264h) ne kaha: 'بصري ثقة' *"Aap Basri aur siqa hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V2 P304 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷺ (d 277h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V2 P304)

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne aapko siqaat mein zikr karte hue kaha: 'كان عابدا فاضلا' *"Aap aabid aur faazil the"*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V4 P42 [Al Usmaniya])

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 577)

Ibne Abbas ﷠ Se Abu al-Jauza Ke Adm e Samaa' Ka Daawa Aur Imam Bukhari o Imam Ibne Adee Ki Taraf Ghalat Nisbat:

Logon ne baghaer kisi buniyad ke ye daawa kar diya hai ke Abu al-Jauza ka Ibne Abbas ﷠ se samaa' saabit nahi hai. (Dirham as Surrah Fee Waza' al-Yadain Tahat as-Surrah: P28)

Arz hai ke ahnaaf ne ye baat Imam Ibne Adee ﷫ ki us ibaarat se akhaz ki hai, jis mein Imam Ibne Adee ﷫ ne Imam Bukhari ﷫ ke qaul ki tafseer pesh ki hai. Halaanke Imam Ibne Adee ﷫ ki us ibaarat mein bhi aisi baat hargiz nahi hai.

Iski tafseel ham aage pesh karenge, lekin isse qabl ham Abdullah bin Abbas ﷠ se Abu al-Jauza ke samaa' ka suboot pesh karte hain.

Ibne Abbas ﷠ Se Abu al-Jauza Ke Samaa' Ka Suboot:

Chunache Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha:

حدثنا وكيع، حجثنا سليمان بن على الربعي، قال: سمعت أبا الجوزاء قال: سمعت ابن عباس يفتي في الصرف....

"Abu al-Jauza kehte hain ke maine Ibne Abbas ﷠ se suna, wo sone-chandi ki khareed-o-farokht ke silsila mein fatwa de rahe the...". (Musnad Ahmad: V3 P48 [Al Maimuna] [Iski sanad Imam Muslim ki shart par sahih hai])

Is riwayat mein Abu al-Jauza ne saraahat kardi hai ke unho'n ne Abdullah bin Abbas ﷠ se suna hai aur Abu al-Jauza tak iski sanad bilkul sahih hai. Abu al-Jauza Bukhari-o-Muslim samet kutub-e-sitta ke zabardast siqa raawi hain, lihaaza unka bayan motabar hai.

Is daleel se azhar min ash-shams[1] ho gaya ke Abdullah bin Abbas ﷠ se

[1] T: (اَظْهَر مِنَ الشَّمْس) Sooraj se bhi ziyaada waazeh aur raushan, poori tarah waazeh, zaahir, raushan [RKT]

Abu al-Jauza ka samaa' saabit hai.

Neez Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha:

حدثنا يونس قال: حدثنا حماد بن زيد، عن عمرو بن مالك، قال: أبا الجوزاء يقول: جاورت ابن عباس ثنتي عشرة سنة، وما من القرآن آية إلا وقد سألته عنها.

"Abu al-Jauza kehte hain ke main 12 saal tak Abdullah bin Abbas رضي الله عنه ke paas raha aur Quran ki koi aayat nahi, jis ke baare mein maine Ibne Abbas رضي الله عنه se poocha na ho". (Al Ilal lil Ahmad: V2 P43 [Al Azhari] [sanad sahih, rijaal rijaal ash shaiqhain a'adaa an nakeeri wahuwa siqa; Tabaqaat al Kubra: V7 P224 [Daar Saadir] [Sanad Sahih])

Is riwayat mein Abu al-Jauza رحمه الله ne kaha hai ke main 12 saal tak Abdullah bin Abbas رضي الله عنه ke paas raha hoo'n. Ye riwayat is baat ki baen aur waazeh daleel hai ke Abu al-Jauza رحمه الله ka Abdullah bin Abbas رضي الله عنه se samaa' saabit hai.

Is liye kai mohaddiseen ne saraahat ki hai ke Abu al-Jauza ne Abdulah bin Abbas رضي الله عنه se suna hai:

֍ Haafiz Muhamamd bin Taahir Ibn al-Qaisaraani رحمه الله (d 507h) ne kaha:

أوس بن عبد الله... سمع تبن عباس روى عنه أبو الأشهب جعفر بن حيان البخاري، وسمع عائشه.

"Aus bin Abdullah… ne Ibne Abbas رضي الله عنه se suna hai, unse Abu al-Ashab Jaafar bin Hayyan ne Bukhari mein riwayat kiya hai aur unho'n ne Ayesha رضي الله عنها se bhi suna hai". (Al Jaamia Bain Rijaal as-Sahihain: V1 P46)

֍ Abu Bakr al-Haazmi al-Hamdani (d 584h) farmate hain:

أبو الجوزاء أوس بن عبد الله الرَّبعي سمع عائشة و ابن عباس.

"Abu al-Jauza Aus bin Abdullah ar-Rabai ne Ayesha aur Abdullah bin Abbas رضي الله عنه se suna hai". (A'ajelah Al Mubtadi wa Fadhla al Muntaha Fin Nasab: P19)

Imam Bukhari رحمه الله bhi Abdullah bin Abbas رضي الله عنه se Abu al-Jauza ke samaa' ke qaayal hain. Balke Imam Bukhari ne Abdullah bin Abbas رضي الله عنه se Abu al-Jauza ki riwayat Sahih Bukhari mein naql ki hai. Chunache kaha:

حدثنا مسلم بن إبراهيم حدثنا أبو الأشهب، حدثنا أبو الجوزاء عن ابن عباس في ضوله: ﴿اللَّتَ وَالْعُزَّى﴾ (النجم: 19) كان اللات رجلا يلت سويق الحاج.

“*Hamse Muslim bin Ibrahim Faraahidi ne bayan kiya, kaha ke ham se Abu al-Ashhab Jaafar bin Haiyyan ne bayan kiya, kaha ke hamse Abu al-Jauza ne Ibne Abbas* رضي الله عنهما *se* ﴿اللّٰتَ وَالْعُزّٰى﴾ *Laat aur Uzza ke baare mein kaha, ke Laat ek shakhs ko kehte the, jo haajiyo’n ke liye sattu gholta tha*”. (Sahih Bukhari: V6 P141 H4859)

In dalaail se qatai taur par saabit ho gaya ke Abdullah bin Abbas رضي الله عنهما se Abu al-Jauza رحمه الله ka samaa’ saabit hai.

Ab aaiye! Ahnaaf ke is daawe ki haqiqat dekhte hain ke Abdullah bin Abbas رضي الله عنهما se Abu al-Jauza ka samaa’ saabit nahi hai. Chunache Maulana Muhammad Hashim Thathwi Hanafi Saahab ne *Nihaya-ut-Taqreeb* mein manqool Imam Ibne Adee ki ibaarat ka haasil kalam naql karte hue kaha:

وأبو الجوزاء روى عن الصحابة، وأرجو أنه لا بأس به، ولا يصح روايته عنهم، ولا أنه سمع منهم وقول البخاري: في إسناده نظر يريد أنه لم يسمع شيئاً منهم. انتهى ما محصله.

(Dirham as Surrah Fee Waza’ al-Yadain Tahat as-Surrah: P28)

Yaane Ibne Adee ne kaha ke Abu al-Jauza ne Sahaba se riwayat kiya hai aur mujhe ummeed hai ke un mein koi harj ki baat nahi. Lekin Sahaba se unki riwayat sahih nahi aur na ye baat sahih hai ke sahaba se unho’n ne suna hai. Imam Bukhari ke qaul ‘في إسناده نظر’ mein Imam Bukhari ki muraad ye hai ke unho’n ne Sahaba se kuch bhi nahi suna hai.

Imam Bukhari Aur Imam Ibne Adee رحمة الله عليهم Ke Qaul Ki Wazaahat:

Arz hai ke is ibaarat mein Imam Ibne Adee aur Imam Bukhari dono’n ke kalam ke mutaalliq mein ghalat-bayaani hai. Sacchai ye hai ke Abdullah bin Abbas se Abu al-Jauza ke samaa’ ka inkaar na to Imam Ibne Adee ne kiya hai aur na Imam Bukhari ne kiya hai.

Ham sabse pehle Imam Ibne Adee ke alfaaz dekhte hain, chunache Imam Ibne Adee رحمه الله (d 365h) ne kaha:

وأبو الجوزاء روى عن الصحابة: ابن عباس، وعائشة، وابن مسعود، وأرجو أنه لا بأس به، ولا تصحح روايته عنهم أنه سمع منهم. وقول البخاري: في إسناده نظر، أنه لم يسمع من مثل ابن مسعود، وعائشة، وغيرهما، لا أنه ضعيف عنده، وأحاديثه مستقيمة.

"*Abu al-Jauza ne Sahaba mein Abdullah bin Abbas, Ayesha aur Abdullah bin Masood رضي الله عنهم se riwayat kiya hai aur main samajhta hoo'n ke un mein koi harj nahi. Sahaba mein un logon se inki riwayat is baat ki daleel nahi hai ke inho'n ne unse suna hai. Aur Imam Bukhari ne (Abu al-Jauza ki ek riwayat ke silsile mein) jo ye kaha hai ke iski sanad mein nazar hai, to iska matlab ye hai ke unho'n ne Abdullah bin Masood aur Amma Ayesha رضي الله عنهما jaise logon (unke tabqe waalo'n) se nahi suna. Naake ye matlab hai ke Abu al-Jauza unke nazdeek zaeef hain aur unki ahadees durust hain*".
(Al Kaamil li Ibne Adee: V2 P331 [Ar Rushd])

Ghaur kare'n! Is ibaarat mein na to Imam Ibne Adee ne Abdullah bin Abbas رضي الله عنه se Abu al-Jauza ke samaa' ka inkaar kiya hai aur na Imam Bukhari رحمه الله se aisa kuch naql kiya hai. Imam Ibne Adee ne sirf ye kaha hai ke Sahaba se Abu al-Jauza ki mahez riwayat is baat ki daleel nahi ke unho'n ne unse suna hai. Yaane Ibne Adee Sahaaba se Abu al-Jauza ki mahez riwayat hi ko Sahaba se unke samaa' ke suboot ke liye kaafi nahi samajhte, lekin isse ye kahan laazim aaya ke Ibne Adee Sahaba se unke samaa' hi ke munkir hain?

Unho'n ne sirf ek cheez ke baare mein kaha hai, ke ye cheez samaa' ki daleel nahi hai. Ye to kaha ke unke samaa' par koi bhi daleel maujood nahi. Balke aage baaz Sahaba se unke samaa' ki taraf khud unho'n ne ishaara kiya hai. Chunache aage unho'n ne mutlaq Sahaba se unke samaa' ka inkaar nahi kiya. Balke Imam Bukhari ke qaul ki raushni mein sirf Abdullah bin Masood aur Amma Ayesha رضي الله عنهما aur unke tabqe waalo'n se Abu al-Jauza ke samaa' ki nafee ki hai aur ye nafee bhi khud nahi ki. Balke use Imam Bukhari رحمه الله ki taraf mansoob kiya hai.

Phir Syedna Abdullah bin Abbas aur Amma Ayesha aur Ibne Masood رضي الله عنهم ke tabqe ke nahi hain. Isi liye Imam Ibne Adee ne unka naam nahi liya. Halaanke Imam Bukhari رحمه الله ke qaul mein Amma Ayesha رضي الله عنها ke saath Ibne Abbas رحمه الله ka bhi zikr hai. Lekin Imam Ibne Adee ne inkaar-e-samaa' ki baat ko sirf Amma Ayesha رضي الله عنها hi ke tabqe tak mehdood rakha hai. Isi liye Amma Ayesha رضي الله عنها ke saath Ibne Masood رضي الله عنه ka naam liya hai. Halaanke Ibne Masood رضي الله عنه ka zikr Imam Bukhari ke qaul mein nahi.

Isse saabit hua ke Imam Ibne Adee رحمه الله Ibne Abbas رضي الله عنه se Abu al-Jauza ke

samaa’ ke munkir nahi, balke qaayal hain.

Ye saar baat is soorat mein kahi jaaegi, jab ham ye baat maan le’n ke Imam Bukhari ﵏ ne apne qaul mein ‘في إسناده نظر’ se baaz Sahaba se Abu al-Jauza ka adm-e-samaa’ muraad liya hai. Jaisa ke Imam Ibne Adee ne samjha hai. Lekin tehqiq ki raushni mein Imam Ibne Adee ki taraf se Imam Bukhari ke qaul ki ye tafseer bhi durust nahi. Iski tafseel mulaahaza ho:

Imam Bukhari ﵏ (d 256h) ne Abu al-Jauza ka zikr karte hue kaha hai:

قال لنا مسدد عن جعفر بن سليمان عن عمرو بن مالك النكري عن أبي الجوزاء قال: أقمت مع الن علاس و عائشة اثنتي عشرة سنة، ليس من القرآن آية إلا سألتهم عنها. قال: محمد: في إسناده نظر.

“*Abu al-Jauza kehte hain ke maine Ibne Abbas aur Amma Ayesha ﵄ ke saath 12 saal guzaare, us dauran mein Quran-e-Majeed ki koi aayat aisi nahi bachi, jiske baare mein maine unse poocha na ho. Imam Bukhari ﵏ farmate hain: Iski sanad mein nazar hai*”. (Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V2 P16)

Yahan ‘في إسناده نظر’ *(iski sanad mein nazar hai)* se Imam Bukhari ﵏ ki kya muraad hai? Is baare mein ahle ilm mein ikhtilaaf hai. Jaisa ke Haafiz Ibne Hajar ﵏ ne kaha hai. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P392)

Chunache baaz ne kaha hai ke isse Amr bin Maalik an-Nakri ki tazeef muraad hai, lekin ye ghalat hai. Iski tardeed aage aarahi hai.

Baaz ne kaha hai ke isse muraad ye hai ke Imam Bukhari ﵏ Abu al-Jauza ki tazeef karna chahte hain. Ye baat bhi durust nahi, kyounke khud Imam Bukhari ﵏ ne Bukhari mein usoolan Abu al-Jauza ki riwayaat darj ki hain. Mazeed baraa’n Imam Bukhari ne Zoafa mein Abu al-Jauza ka tazkirah nahi kiya hai.

Baaz logon ne kaha hai ke isse muraad ye ke Imam Bukhari ﵏, Amma Ayesha ﵄ aur us tabqe ke Sahaba se Abu al-Jauza ke samaa’ ka inkaar kar rahe hain. Ye Imam Ibne Adee ka mauqif hai. Chunache Imam Ibne Adee ﵏ farmate hain:

ويقول البخاري: في إسناده نظر، أنه لم يسمع من مثل ابن مسعود و عائشة و غيرهما لا أنه ضعيف عنده.

“Imam Bukhari ke qaul ‘في إسناده نظر’ *(iski sanad mein nazar hai) se Imam Bukhari ki muraad ye hai ke Abu al-Jauza ne Ibne Masood aur Amma Ayesha* رضی اللہ عنہا *aur inke tabqe waalo’n se nahi suna hai. Imam Bukhari ka ye matlab nahi hai ke Abu al-Jauza inke nazdeek zaeef hai”*. (Al Kaamil li Ibne Adee: V2 P331 [Ar Rushd])

Arz hai ke Imam Bukhari رحمہ اللہ ke qaul ki ye tafseer bhi durust nahi, kyounke Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se bhi Abu al-Jauza ka samaa’ saabit hai. Chunache Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se Abu al-Jauza ki hadees Sahih Muslim mein maujood hai. (Dekhiye: Sahih Muslim: V2 P357 H498)

Bahut saare aimma ne Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se Abu al-Jauza ki hadees ko sahih kaha hai. Neez kai aimma ne Amma Ayesha رضی اللہ عنہا se Abu al-Jauza ke samaa’ ki saraahat ki hai, jaisa ke guzishta safhaat mein Muhammad bin Taahir ibn al-Qaisraani aur Abu Bakr al-Haazmi al-Hamdani ke aqwaal naql kiye ja chuke hain. (Urdu pdf)P474-475) Ek mazeed daleel aage bhi aarahi hai.

Ab sawal ye hai ke agar Imam Bukhari رحمہ اللہ ke is qaul mein samaa’ ka inkaar bhi muraad nahi, Abu al-Jauza aur Nakri ki tazeef bhi muraad nahi to phir kya muraad hai?

To arz hai ke Abu al-Jauza ka ye bayaan ba-sanad-e-sahih saabit hai, ke wo 12 saal tak Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہما ke paas rahe, jaisa ke peeche riwayat guzri. Lekin yahan is riwayat mein iski yehi sohbat-o-mujaawarat Amma Ayesha رضی اللہ عنہا ke saath bhi bayan kardi gai hai. Yaane is riwayat mein aagaya ke Abu al-Jauza Ibne Abbas رضی اللہ عنہما ki tarah Amma Ayesha رضی اللہ عنہا ke paas bhi 12 saal tak the. Ye baat mahel-e-nazar hai, kyounke Abu al-Jauza ka ye bayan Ibne Abbas رضی اللہ عنہما ke taalluq se hai, naake Amma Ayesha رضی اللہ عنہا ke taalluq se. Is liye is riwayat mein Amma Ayesha رضی اللہ عنہا ke taalluq se bhi unka yehi bayan naql kiya jaana mahel-e-nazar hai. Isi liye Imam Bukhari ne yahan ‘في إسناده نظر’ kaha hai.

Chunache riwayat guzar chuki hai ke Abu al-Jauza ke isi bayan ko Amr bin Maalik an-Nakri hi ke tareeq se Hammad bin Zaid ne bhi sahih sanad se riwayat kiya hai. Lekin unho’n ne ye baat sirf Ibne Abbas رضی اللہ عنہما hi ke taalluq se naql ki hai. Balke Hammad bin Zaid hi ki ek riwayat mein is

baat ki saraahat bhi hai, ke Abu al-Jauza Amma Ayesha ﵂ ke saath nahi rahe. Balke unke aas paas rahe hain.

Chunache Imam Abu Naeem ﷫ (d 430h) ne kaha hai:

حدثنا علي بن الفضل، قال: ثنا محمد بن أيوب، قال: ثنا سليمان بن حرب، قال: ثنا حماد بن زيد، عن عمرو بن مالك، عن أبي الجوزاء قال: جاورت ابن عباس اثنتي عشرة سنة في داره، وما من القرآن آية إلا وقد سألته عنها، وكان رسولي يختلف إلى أم المؤمنين غدوة و عشية، فما سمعت من أحد من العلماء ولا سمعت أن الله تعالىٰيقول لذنب/ إني لا أغفره إلا الشرك به.

"*Abu al-Jauza kehte hain ke main 12 saal tak Abdullah bin Abbas ﵄ ke paas raha aur Quran ki koi aayat nahi hai, jiske baare mein maine Ibne Abbas ﵄ se poocha na ho. Mera qaasid subha-o-sham Amma Ayesha ﵂ ke paas aata jaata tha. Maine kisi bhi aalim se aur kahee'n se bhi ye nahi suna ke Allah Ta'ala ne kisi gunah ke baare mein kaha ho ke main use nahi baqshugna, siwaae iske ke uske saath shirk kiya jaae*". (Hilyatul Auliy wa Tabaqaat al Asfiya: V3 P79 [Sanad Sahih])

Hammad bin Zaid ki in riwayaat se maaloom hua ke Abu al-Jauza ka sahih bayan yehi hai ke unho'n ne 12 saal ki muddat Ibne Abbas ﵄ hi ke saath guzaari hai, naake Amma Ayesha ﵂ ke sath. Is liye Jaafar bin Sulaiman ne is maamle mein Amma Ayesha ﵂ ko bhi shaamil karke ghalati ki hai, lihaaza unki sanad mahel-e-nazar hai. Isi liye Imam Bukhari ﷫ ne kaha hai: 'في إسناده نظر'

Muakhkhar-uz-zikr[1] riwayat se ye bhi saabit hua ke Amma Ayesha ﵂ se Abu al-Jauza ne laaziman suna hoga, kyounke jab unko na sirf ye ke Amma Ayesha ﵂ ka daur mila. Balke wo Amma Ayesha ﵂ ke itne qareeb rehte the, ke unka qaasid unke hukm se subha-o-sham Amma Ayesha ﵂ ke paas masaail poochne ke liye aata jaata tha, to phir ye kaise mumkin hai ke wo khud baraah-e-raast Amma Ayesha ﵂ se kabhi na mile ho'n?

Al-gharz Imam Bukhari ﷫ ke is qaul se muraad to Abu al-Jauza ya Amr bin Maalik an-Nakri ki tazeef hai aur na Amma Ayesha ya Ibne Abbas ﵃ se Abu al-Jauza ke samaa' ka inkaar hai. Balke Ibne Abbas ﵄ se Abu al-

1

Jauza ki riwayat to khud Imam Bukhari ne Sahih Bukhari mein poori sanad ke saath zikr ki hai.

Imam Ibne Adee ﷫ ne bhi Ibne Abbas ؓ se Abu al-Jauza ke samaa' ka inkaar hai na Imam Bukhari ﷫ ke qaul ki tafseer mein Imam Bukhari ki taraf se ye baat mansoob ki hai. Lihaaza Maulana Muhammad Hashim Thatthwi Hanafi Saahab ka Imam Ibne Adee ke kalam mein khud-sakhta mafhoom ko Imam Ibne Adee ﷫ aur phir Imam Bukhari ﷫ ki taraf mansoob karna bilkul ghalat hai.

Amr bin Maalik an-Nakri Ki Tauseeq:

۞ Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Suaalaat Ibnul Junaid: P420)

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne aapko siqaat mein zikr kiya hai. (As Siqaat li Ibne Hibban: V7 P228 [Al Usmaniya])

Neez ek doosri kitab mein kaha: 'هو في نفسه صدوق اللهجة' *"Ye bazaat-e-khud sadooq hain"*. (Mashaheer Ulama al Amsaar: P155)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V3 P286)

۞ Imam Haithami ﷫ (d 807h) ne kah: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Majmua-az-Zawaaed wa Manba'a al Fawaaed: V8 P77)

Darj-e-Zel Aqwaal Se Tazeef Saabit Nahi Hoti:

Amr bin Maalik Aur Imam Ahmad ﷫ Ke Qaul Ki Wazaahat:

۞ Abdullah bin Ahmad bin Hambal ﷫ (d 290h) ne kaha:

سمعت أبي يقول: لم نثبت عندي صلاة التسبيح، وقد اختلفوا في إسناده، لم يثبت عندي، وكأنه ضعف عمرو بن مالك.

"Maine apne waalid ko kehte hue suna ke mere nazdeek Salat-ut-Tasbeeh saabit nahi hai, uski sanad mein ikhtilaaf hai. Ye mere nazdeek saabit nahi hai, goya aapne Amr bin Maalik ko zaeef qaraar diya". (Masaail Imam Ahmad Riwaaya Ibne Abdullah: P89)

Arz hai ke is tazeef se muraad Amr bin Maalik par maamooli jarh bhi ho sakti hai, yaane mumkin hai ke Imam Ahmad ﷫ ne khaas salat-ut-tasbeeh waali hadees mein Amr bin Maalik par etemaad na kiya ho, kyounke uske andar nakaarat hai. Neez Imam Ahmad ﷫ ke ek doosre shaagird Ali bin Saeed bin Jarir an-Naswi ne Imam Ahmad ki is jarh ko 'وفيه مقال' (Amr bin Maalik ke baare mein kalam hai) ke alfaaz se pesh kiya hai. (Al Laalia Al Masnua'ah Fil Ahadees al Mauzua'ah: V2 P38) ❶

❶ • Ye alfaaz mamuli jirah par dalaalat karte hain. Mazeed-baraa'n Imam Ahmad ﷫ ne apni jirah ki koi tafseer bhi nahi ki. Balke Imam Ahmad ne apne alfaaz mein Umro bin Maalik par jirah bhi nahi ki. Ye to inke shagirdo'n ne siyaaq-o-sabaaq se istidlaal karte hue kah ahai. Lehaza saabit-shuda sareeh tauseeq ke muqable mein jirah ghair-mufassar qaabil-e-qabool nahi hai •

۞ Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne Abu al-Jauza ka zikr karte hue kaha:

قال لنا مسدد عن جعفر بن سليمان عن عمرو بن مالك النكري عن أبي الجوزاء قال: أقمت مع ابن عباس و عائشة اثنتي عشرة سنة ليس من القرآن آية إلا سألتهم عنها قال: محمد في إسناده نظر.

"*Abu al-Jauza kehte hain ke maine Ibne Abbas aur Amma Ayesha ﷺ ke saath 12 saal guzaare. Us dauraan mein Quran-e-Majeed ki koi aayat aisi nahi bachi, jiske baare mein maine unse poocha na ho. Imam Bukhari ﷫ farmate hain: Iski sanad mein nazar hai*". (Tareeq-ul-Kabeer lil Bukhari: V2 P16)

Yahan 'في إسناده نظر' (*Iski sanad mein nazar hai*) se Imam Bukhari ﷫ ki kya muraad hai? Iski wazaahat Abu al-Jauza ﷫ ki tauseeq mein guzar chuki hai aur bataaya ja chuka hai ke isse Imam Bukhari ka maqood Abu al-Jauza ya Amr bin Maalik an-Nakri ki tazeef nahi, magar Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne kaha hai:

وقول البخاري: في إسناده نظر، ويختلفون فيه، إنما قاله عقب حديث رواه له في اتاريخ من رواية عمرو بم مالك النكري و النكري ضعيف عنده.

"*Imam Bukhari ﷫ ka ye kehna: 'في إسناده نظر' (iski sanad mahel-e-nazar hai) isme logon ka ikhtilaaf hai. Imam Bukhari ﷫ ne ye baat ek hadees ke baad kahi hai, jise apni kitab Taareekh mein Amr bin Maalik an-Nakri se riwayat kiya hai aur Al Nakri Imam Bukhari ke nazdeek zaeef hai*". (Tehzeeb ut Tehzeeb: V3 P377)

Arz hai ke ye baat durust maaloom nahi hoti, kyounke Imam Bukhari رحمه الله ne Abu al-Jauza ka tarjuma pesh karte hue ye riwayat darj ki hai aur uske baad mazkura kalam kiya hai. Agar Imam Bukhari رحمه الله ki nazar mein Amr bin Maalik an-Nakri zaeef hote to Imam Bukhari رحمه الله usi ka tarjuma pesh karke mazkura kalam karte.

Mazeed-baraa'n, agar ye Imam Bukhari رحمه الله ki nazar mein zaeef hote to Imam Bukhari apni zoafa waali kitab mein bhi inka zikr karte. Lekin Imam Bukhari رحمه الله ne aisa nahi kiya. Lihaaza is qaul se Imam Bukhari رحمه الله ka maqsood Amr bin Maalik an-Nakri ki tazeef hargiz nahi hai. Balke khud Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne bhi Fath-ul-Baari mein kaha hai:

شرح ابن عدي مراد البخاري فقال: يريد أنه لم يسمع من مثل ابن مسعود و عائشة و غيرهما لا أنه ضعيف عنده.

"*Imam Ibne Adee رحمه الله ne Imam Bukhari ki muraad ki tashreeh karte hue kaha ke Imam Bukhari رحمه الله ki muraad ye hai ke Abu al-Jauza ne Ibne Masood aur Amma Ayesha رضي الله عنها wa-ghairahuma se suna nahi hai. Imam Bukhari ka ye matlab nahi hai ke Abu al-Jauza unke nazdeek zaeef hai*".
(Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V1 P392)

Yahan Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne bhi Imam Ibne Adee ke hawaale se yehi naql kiya hai ke Imam Bukhari ke is qaul mein kisi raawi ki tazeef muraad nahi. Lihaaza jab yahan par Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne tasleem kar liya, ke Imam Bukhari رحمه الله ka maqsad kisi raawi ki tazeef nahi, to Tehzeeb mein mazkoor aapne qaul ka bhi koi etebaar nahi hai.

Neez is taalluq se Haafiz ibne Hajar رحمه الله ke kalam ka daar-o-madaar Imam Bukhari ke qaul 'في إسناده نظر' par hai aur uska kya mafhoom hai? Ye ham dalaail ke saath guzishta safhaat mein bayan kar chuke hain.

Amr bin Maalik Aur Imam Ibne Adee رحمه الله Ke Qaul Ki Wazaahat:

۞ Imam Ibne Adee رحمه الله (d 365h) ne kaha:

أوس بن عبد الله أبو الجوزاء هذا يحدث عنه عمرو بن مالك النكري يحدث عن أبي الجوزاء، هذا أيضا عن ابن عباس قدر عشرة أحاديث غير محفوظة.

"*Aus bin Abdullah Abu al-Jauza unse Amr bin Maalik an-Nakri riwayat karte hain aur an-Nakri ye bhi Abu al-Jauza an* 'عن' *Ibne Abbas se*

taqriban 10 ghair-mehfooz ahadees riwayat karte hain”. (Al Kaamil Fee Zoafa: V1 P411)

Arz hai, taqriban 10 ahadees koi bahut badi taadaad nahi hai, ke uski wajah se us tareeq ko zaeef keh diya jaae, neez ye faisla bhi sirf Imam Ibne Adee ka hai aur ye bhi mumkin hai ke un ahadees mein qusoor an-Nakri ka nahi, balke unse neeche ke ruwaat ka ho. Jaisa ke Imam Ibne Hibbaan ؒ ne saraahat karte hue kaha hai:

عمرو بن مالك النكري أبو مالك والد يحيىٰ بن عمرو، وقعت المناكير في حديثه من رواية ابنه عنه، وهو في نفسه صدوق اللهجة.

“Amr bin Maalik an-Nakri Abu Maalik, Ye Yahya bin Amr ke waalid hain. Unki hadees mein nakaarat unse unke bete ki riwayaat mein hai aur ye fee-nafsihi sadooq hain”. (Mashaheer Ulama al Amsaar: P155)

Imam Ibne Adee ؒ Ke Ek (1) Aur Qaul Aur Uski Wazaahat:

Imam Ibne Hibbaan ؒ ki wazaahat se maaloom hua ke Amr bin Maalik ki un riwayaat mein nakaarat hai, jinhen unse unke bete ne riwayat kiya hai. Lihaaza ham us nakaarat ki zimmedaari khud Amr bin Maalik par nahi daal sakte. Yehi wajah hai ke deegar mohaddiseen ne unhe’n alal-itlaaq siqa kaha hai.

Alaawa-baree’n Imam Ibne Adee ؒ ne jin ahadees ki taraf ishaara kiya hai, unka tazkirah nahi kiya aur zer-e-bahes riwayat un mein se hargiz nahi ho sakti. Kyounke is riwayat mein Amr bin Maalik ki mukhalifat kisi bhi doosre tareeq se saabit nahi hai.

Amr Bin Maalik Naam Ka Doosra Raawi Aur Us Par Baaz Mohaddiseen Ki Jarh:

֍ Imam Ibne Adee farmate hain:

عمرو بن مالك النكري بصري منكر الحديث عت الثضات و يسرق الحديث.

“Amr bin Maalik an-Nakri Basri, ye siqaat se munkar ahadees bayan karta hai aur hadees chori karta hai”. (Al Kaamil Fee Zoafa: V5 P150)

֍ Iske baad Imam Abu Yaala se ‘*Amr bin Maalik an-Nakri*, ki tazeef naql

karte hue farmate hain:

سمعت أبا يعلى يقول: عمرو بن مالك النكري كان ضعيفا.

"*Maine Abu Yaala ko kehte hue suna ke Amr bin Maalik an-Nakri zaeef tha*". (Al Kaamil Fee Zoafa: V4 P150)

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله farmate hain:

عمرو بن مالك النكري من اهل البصرة يروي عن الفضيل ابن سليمان ثنا عنه إسحاق بن إبراهيم القاضي وغيره من شيوخنا، يغرب و يخطئ.

"*Amr bin Maalik an-Nakri: Ye ahle basra mein se hai. Jo Fuzail bin Sulaiman se riwayat karta hai. Ham se uske waaste se hamare shuyookh ne Ishaq bin Ibrahim Qazi waghaera ne bayan kiya hai. Ye ghareeb ahadees bayan karta aur ghalati karta hai*". (As Siqaat li Ibne Hibban: V8 P487)

Baaz ahle ilm ne in teeno jurooh ko mazkoora hadees mein maujood raawi '*Amr bin Maalik*, ke silsila mein samajh liya hai. Lekin hamari nazar mein ye baat durust nahi, balke sahih ye hai ke in teeno jurooh ka taalluq '*Amr bin Maalik ar-Raasbi*, se hai.

Haafiz Zahbi farmate hain:

عمرو بن مالك الراسبي البصري لا النكري، هو شييخ، حديث عن الوليد بن مسلم، ضعفه أبو يعلى. وقال ابن عدي: يسرق الحديث، وأما ابن حبان في الثقات.

"*Amr bin Maalik Raasbi, ye basri hai, nakri nahi. Ye shaikh hai, usne Waleed bin Muslim se riwayat kiya hai. Ise Abu Yaala, ne zaeef kaha hai aur Imam Ibne Adee ne kaha hai: 'ye hadees chori karta hai'. Ibne Hibbaan ne ise siqaat mein zikr kiya hai*". (Meezaan-ul-Etidaal: V3 P285)

Is ibarat mein Haafiz Zahbi رحمه الله ne mazkura baala teeno jurooh ko '*Amr bin Maalik ar-Raasbi*, par fit kiya hai aur yehi sahih hai. Haafiz Ibne Hibbaan ki jarh 'يغرب و يخطئ' ko mazkura-baala sanad mein maujood raawi par bolne mein Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ko bhi wahem hua hai. Jaisa ke Tehzeeb se maaloom hota hai aur ghaaliban unhee'n ki mutaaba-at mein Haafiz Zubair Ali Zai se bhi ghalati hui aur unho'n ne bhi us jarh ko Abu al-Jauza ke shaagird '*Amr bin Maalik*, par laagu kar diya. (Dekihye: Ibne Majah: H1046 [Hashiya] [Zubair Ali Zai])

Rooh bin al-Musaiyyib al-Basri:

۞ Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h) ne kaha: 'أبو رجاء الكليبي ثقة' *"Abu Rajaa Kulaebi siqa hain"*. (Taareekh Ibne Maeen: V4 P80 [Riwaaya ad-Doori])

۞ Ishaq bin Abi Israel ﷫ (d 245h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taareekh Asma as-Siqaat: P87 [Sanad Sahih])

۞ Imam I'jli ﷫ (d 261h) ne kaha: 'بصري ثقة' *"Ye basri aur siqa hain"*. (Taareekh Siqaat lil I'jli: P162)

۞ Imam Abu Dawood ﷫ (d 275h) ne kaha: 'ليس به بأس' *"In mein koi harj ki baat nahi hai"*. (Suaalaat Abi Obaid al Aajri lil Imam Abu Dawood al Sajistaani: P173 [Al Farooq])

۞ Imam Bazzaar ﷫ (d 292h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Musnad al Bazzaar: V13 P339)

Tambeeh Awwal: Imam Ibne Adee Ke Ek (1) Qaul Ki Wazaahat:

Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'قال ابن عدي: أحاديثه غير محفوظة' *"Imam Ibne Adee kehte hain ke iski ahadees ghair-mehfooz hain"*. (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V2 P61)

Arz hai ke Imam Ibne Adee ke asal afaaz ye hain:

يروي عن ثابت و يزيد الرقاشي أحاديث غير محفوظة.

"Ye Saabit aur Yazeed Raqaashi se ghair-mehfooz ahadees riwayat karte hain". (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V4 P58)

Yaane Imam Ibne Adee ne ye jarh Rooh bin al-Musayyib ki un riwayaat par ki hai, jo Saabit aur Yazeed ar-Raqaashi ke tareeq se hain aur zer-e-tehqiq riwayat us tareeq se nahi hai. Alaawa-baree'n ye jarh bhi deegar mohaddiseen ke khilaaf hai.

Tambeeh-e-Saani: Imam Ibne Maeen Ke Qaul Ki Wazaahat:

Ishaq bin Mansoor ne Imam Ibne Maeen se naql kiya hai: 'أبو رجاء صويلح' *"Abu Raja theek hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P496)

Arz hai ke awwal to ye jarh nahi, balke halki tauseeq ka seegha hai. Doosra ye ke Ibne Maeen se is seeghe mein tauseeq sirf unke ek shaagird Ishaq bin Mansoor ne naql ki. Jabke Ibne Maeen ke do (2) shaagirdo'n ne lafz-e-siqa ke saath tauseeq naql ki hai. Chunache Imam Ibne Maeen ke mashoor shaagird Abbas Doori farmate hain:

سمعت يحيىٰ يقول: أبو رجاء الكليبي ثقة.

"*Maine Imam ibne Maeen ko kehte hue suna ke Abu Rajaa Kulaebi siqa hain*". (Taareekh Ibne Maeen: V4 P80 [Riwaaya ad-Doori])

Neez Imam Ibne Maeen ke doosre shaagird Ibne Abi Khaitma kehte hain: 'سمعت يحيىٰ بن معين يقول: أبو رجاء الكليبي ثقة' "*Maine Imam ibne Maeen ko kehte hue suna: Abu Rajaa Kulaebi siqa hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V9 P370 [Sanad Sahih])

Tambeeh-e-Saalis: Imam Ibne Maeen Ke Qaul Ki Wazaahat:

Imam ibn Hibbaan رحمہ اللہ ne kaha:

وكان روح ممن يروي عن الثقات الموضوعات، ويقلب الأسانيد، ويرفع الوقوفات... ال.

"*Rooh ye siqa ruwaat se mauzu ahadees naql karte the aur sanado'n ko palat dete aur mauqoof ko marfoo bana dete the… ilkh*". (Al Majruheen li Ibne Hibban: V1 P299)

Arz hai ke awwal to Iamm Ibne Hibbaan jarh mein mutashaddid hain, is liye muwassiqeen ke khilaaf unki jarh na-maqbool hai. Doosri baat ye hai ke Ibne Hibbaan رحمہ اللہ ne ek doosre raawi '*Abu Rajaa Abdullah bin Waaqid al-Khorasani*, ko bhi '*Abu Rajaa Rooh bin al-Musaiyyib*, samajh liya aur uski ghalatiyo'n ko bhi usi Rooh bin al-Musaiyyib ke khaate mein daal diya.

Chunache Ibne Hibbaan رحمہ اللہ ne ek muqaam par kaha:

أخبرنا عمران بن موسى بن مجاشع قال: حدثنا إبراهيم ابن عيسى الأبلي قال: حدثنا أسباط بن محمد قال: حدثنا أبو رجاء الخراساني عن عباد بن كثير عن الحسن، وأبو رجاء هذا روح بن المسيب أيضا لا شيئ.

(Al Majruheen li Ibne Hibban: V2 P168)

Yaane is sanad mein maujood Abu Raja al-Khorasani ye Abu Rajaa Rooh bin al Musaiyyib hai, jiski koi haisiyat nahi.

Rooh bin al-Musaiyyib Ke Taayyun Mein Imam Ibne Hibban Ka Wahm, Imam Daraqutni Ki Wazaahat:

Imam Daraqutni ﷫ Ibne Hibbaan ﷫ ke is wahem ki wazaahat karte hue kehte hain:

أبو رجاء: عبد الله بن واقد الهروي، وروح بن المسيب لا يحدث عن الجريري، ولم يرو عنه أسباط بن محمد، وروح بن المسيب بصري، يكنى أبا رجاء يعرف بالكليبي، يحدث عن ثابت البناني.

"Is sanad mein Abu Raja, ye Abdullah bin Waaqid Harwi hai aur Rooh bin al-Musaiyyib (Abbas) Jariri se riwayat karte hain. Na unse Asbaat bin Muhammad" ne riwayat kiya hai. Neez Rooh bin al-Musaiyyib ye basri hain. Unki kuniyat Abu Rajaa hai. Ye Kulaebi se maaroof hain aur saabit al-Banaani se riwayat karne waale hain". (Ta'aliqaat ad Daarqutni A'alaa al Majruheen li Ibne Hibban: P200)

Maaloom hua ke Ibne Hibbaan ﷫ ne apne nazdeek ek doosre majrooh raawi ki ghalatiyo'n ko bhi usi Rooh bin al-Musaiyyib ki ghalatiya'n samajh liya hai. Lihaaza aisi soorat mein Rooh bin al-Musaiyyib par unki taraf se ki gai jarh qatan qaabil-e-qubool nahi.

Tambeeh-e-Raabe:

Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ ne kaha: 'صالح ليس باقوي' *"Ye saaleh hain aur bahut ziyaada qawi nahi hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P496)

Arz hai ke *Saaleh* sire se jarh ka segha nahi hai. Aur 'ليس بالقوي' ka segha bhi mutlaq tazeef par dalaalat nahi karta. Balke deegar siqa ruwaat ki nisbat kamtar haafize ki taraf ishaara karta hai. Jisse raawi ki saqaahat par koi farq nahi padta. Jaisa ke ham ne iski poori tafseel apni kitab Yazeed bin Muawiya Par Ilzamat Ka Tehqiqi Jaaiza: P634-635 mein pesh ki hai.

Abdullah bin Abu al-Aswad al-Basri Ki Tauseeq:

Aap Sahih Bukhari ke raawi aur zabardast siqa aur haafiz hain. Kisi bhi imam ne in parjirah nahi ki.

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne inhe'n Siqaat mein zikr kiya hai. (As

Siqaat li Ibne Hibban: V8 P348 [Al Usmaniya])

۞ Khateeb Baghdadi ﷫ (d 463h) ne kaha: 'كان حافظ متقنا' *"Aap haafiz aur mutqin the"*. (Taareekh Baghdad: V10 P62 [6th edition])

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'الإمام ابحافظ الثبت' *"Aap imam, haafiz aur sabat hain"*. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V10 P648)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ثقةٌ حافظ' *"Aap siqa aur haafiz hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 3578)

Tambeeh:

Imam Ibne Abi Khaitma kehte hain:

كان يحيٰ بن معين سيئ الرأى في أبي بكر بن أبي الأسود.

"Yahya bin Maeen, Abu Bakr bin al-Aswad ke baare mein buri raae rakhte the". (Taareekh Baghdad: V10 P62 [6th edition])

Arz hai ke ye sire se jarh hai hi nahi, balke ghair-mufassar kalam hai. Lihaaza sareeh tauseeq ke muqaable mein iski koi haisiyat nahi. Alaawa-azee'n Ibne Maeen hi se is jarh ki tafseel you'n marwi hai:

ما أرى به بأسا، زلكنه سمع من أبي عوانة، وهو صغير.

"Main unke baare mein koi harj nahi samajhta, lekin unho'n ne Abu Awaana se choti umr mein suna hai". (Maarifa ar Rijaal li Ibne Maeen: V1 P90 aur Ibne Mihriz ko main nahi jaanta)

Balke Ibne Maeen hi se Ibn Abi al-Aswad ki tauseeq bhi you'n manqool hai: 'لا بأس به' *"Aap mein koi harj nahi hai"*. (Taareekh Baghdad: V10 P62 (6th edition) wa fee isnaadahu Bakr bin Sahal)

Ibne Maeen ke nazdeek 'لا بأس به' siqa ke maane mein hai. Behrehaal Imam Ibne Maeen ﷫ ki jarh ghair-mufassar hai, is liye na-maqbool hai aur jis riwayat mein tafseer aai hai, uski raushni mein ye jarh-qaadih[1] hi nahi hai. Bil-farz qaadih maan bhi le'n to jarh us riwayat ke saath khaas hai. Jis mein Abu Awaana se riwayat kare'n aur zer-e-bahes riwayat mein

---

[1] T: (جرح قادح) Aisi jarh (tanqeed) jo raawi ko na-qaabil-e-etemaad saabit kare [RSB]

unki riwayat Abu Awaana se nahi hai.

Mazeed-baraa'n Ibne Maeen hi se tauseeq ka qaul bhi marwi hai. (Dekhiye: At Tankeel Bima Fee Taneeb al-Kausari Min al-Abateel: V2 P527) Behrehaal ye siqa raawi hain. Imam Bukhari رحمه الله ne Sahih Bukhari mein inse riwayat li hai. Khulaasa-e-kalaam ye riwayat bilkul sahih hai.

Yahya bin Abi Taalib, Imam Harbi Ki Sanad Mein Nahi Hai:

Ham ne is riwayat ki jo sanad pesh ki hai, usme '*Yahya bin Abi Taalib*, maujood nahi, jo Bayhaqi ki sanad mein hai. Jiski wajah se log is riwayat ko zor-o-shor se zaeef qaraar dete hain. Neez hamari pesh-karda sanad ki roo se Sahih Bukhari ke raawi '*Abdullah bin Abi al-Aswad al-Basri*, ne '*Yahya bin Abi Taalib*, ki mutaaba-at-e-taamma[1] kardi hai. Lihaaza un par jarh karna bekaar hai.

[1] T: (متابعت تامّہ) Poore taur par/mukammal muwaafaqat [RSB]

② Hadees-e-Ali ﷺ Tafseer فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha:

قال موسى: حدثنا حماد بن سلمة، سمع عاصما ابجحدري، عن أبيه، عن عقبة بن ظبيان، عن علي ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ وضع يده المنى على وسط ساعده على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷛ ne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar apne seene par rakhna muraad hai". (At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V6 P437; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P45 [Sanad Sahih])

Wazaahat:

"*Saaed*" 'ساعد' baazu[1] ke kohni se lekar kalaai tak ke hisse ko kehte hain. Chunache "*Lisaan-ul-Arab*" mein hai: 'والساعد: ملتقى الزندين من لدن المرفق إلى الرسغ' "*Saaed dono gattho'n ke darmiyan, khoni se lekar kalaai tak ke hisse ko kehte hain*". (Lisaan-ul-Arab: V3 P214)

"*As-Saaed*" 'الساعد' ke maane mein "*Al Qamoos al-Waheed*" ke muallif likhte hain: "*Baazu (kohni se hatheli tak ka hissa)*". (Al Qamoos al-Waheed; P769 [Bracket aur iske andar ke alfaaz Al Qamoos al-Waheed hi ke hain])

Daae'n-haath ko agar baae'n-baazu ke 'ساعد' *saaed* ke darmiyan rakha jaae to daae'n-haath ki ungliyo'n ke sire baae'n-haath ki kohni ke qareeb pohonchenge. Yaane daaya'n-haath baae'n-haath ke baazu par aaega aur aisi soorat mein dono haath khud-ba-khud seene par aajaenge. Chunache is hadees mein is kaefiyat ke zikr ke saath-saath seene par haath baandhne ki bhi saraahat muajood hai.

Syedna Ali ﷛ ki ye riwayat bhi hukman marfoo hai, kyounke mahez raae aur ijtihaad se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki ye tafseer nahi ki ja sakti aur jab ye hukman marfoo hai to guzishta Anas ﷛ ki marfoo hadees ke liye ye doosra sahih shahid hai. Kyounke iski sanad bilkul sahih hai. Balke ahnaaf me se bhi kai hazraat ne Syedna Ali ﷛ ki tafseer se istidlaal karte

---

[1] T: (بازُو) Insaani jism mein kohni se kandha/mondha, arm [RKT]

hue ye kaha hai ke namaz mein seene par haath baandhna Quran-e-Majeed se bhi saabit hai. Hatta ke baaz ahnaaf ne isi buniyad par shiyyo'n ki tardeed ki hai, jo namaz mein haath baandhte hi nahi.

Ali ﷺ Ki Is Hadees Se Ahnaaf Ka Istidlaal:

Chunache deobandi maktab-fikr ke raees-ul-munazireen Maulana Abul Fazl Muhammad Karamuddin Saahab apni mashoor kitab "*Aftaab-e-Hidaayat*" mein likhte hain: "*Yahan nahr ke maane yehi hai ke daahina-haath baae'n-haath par rakh kar haath baandhe hue namaz padho. Imam Fakhr-Raazi ne Tafseer-e-Kabeer (V8 P712) mein aayat-e-mazkoora ki tafseer mein Janab Madeenatul Ilm Ali Murtaza ka qaul you'n naql kiya hai:* 'والأشهر وضعها على النحر على عادة الخاشع' ﴿وَانْحَرْ﴾ *ka ashhar*[1] *aur azhar maane yehi hai ke seene par haath baandhkar namaz padhe, jaise khushu-o-khuzu ka tariqa hai. Aisi hi tafaseer Durre Mansoor, Maalim-ut-Tanzeel, Tanweer-ul-Maqaabis Hussaini waghaera aur kutub Bukhari, Tirmizi, Daraqutni waghaera mein Syedna Ali aur Ibne Abbas aur deegar jaleel-ul-qadr Sahaba ﷺ ki riwayaat se yehi maane likha gaya hai. Phir aisi sareeh aur saaf aayat ke hote hue doosri kisi daleel ki zaroorat nahi rehti*". (Aftaab-e-Hidaayat: P430 (ba-hawaala Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n?: P9)

Qaraeen mulaahaza farmae'n ke deobandiyo'n ke raees-ul-munazireen saaf taur se elaan kar rahe hain ke ﴿وَانْحَرْ﴾ *ka ashar aur azhar maane yehi hai ke seene par haath baandhkar namaz padhe, jaise khushu-o-khuzu ka tariqa hai*. Sirf isi par bas nahi, balke ye bhi farma rahe hain ke "*Aisi sareeh aur saaf ke hote hue doosri kisi daleel ki zaroorat nahi rehti*".

Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﷺ likhte hain: "*Hamare hanafi hazraat bhi ajeeb hain, ke rawaafiz ke muqaable mein namaz mein haath baandhne ka suboot Quran-e-Majeed ki aayat* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ se pesh karte hain. Balke seene par haath baandhne ka zikr karte hain, magar Ahle Hadees ke muqaable mein seene par haath baandhne ka inkaar karte hain. 'إنا للّٰه و إنا إليه راجعون' . (Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n?: P9)

---

[1] T: (أشهر) Sabse ziyaada mashoor-o-maaroof, yaane haath baandhne ke baare mein sabse ziyaada sahih aur qaabil-e-etemaad qaul [RSB]

Iske baad hanafi munaazir ka mazkoora iqtibaas naql karke likhte hain: *"Yahan baaqi tafseel se qata-nazar dekhiye ke seene par haath baandhkar namaz padhne ko khushu-o-khuzu ka tariqa tasleem kiya gaya hai aur khushu-o-khuzu ke isi tariqe ko mudallal taur par Maulana Ziaullah Saahab ne is risaale mein bayan kiya hai. Raafziyo'n ke muqaable mein agar ye masla sareeh aur saaf aayat se saabit hota hai to Ahle Hadees se kisi doosri daleel ki zaroorat kyoun mehsoos ki jaati hai?* 'اعدلوا هو أقرب للتقوى'[1]. (Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n?: P9)

Ali ﷺ Ki Is Mauqif Ki Nisbat:

Is riwayat ki bina par ahle ilm ne seene par haath baandhne ka qaul Syedna Ali ﷺ ki taraf mansoob kiya hai. Masalan Imam Ibn al-Munzir ﷺ (d 319h) farmate hain: 'وروي عن علي أنه وضعهما على صدره' *"Ali ﷺ se marwi hai ke unho'n ne apne dono haath seene par rakhe"*. (Al Ausat li Ibnul Munzir: V3 P93)

Sanad Ki Tehqiq:

Is riwayat ki sanad bilkul sahih hai, iske tamaam rijaal siqa hain. Tafseel mulaahaza ho:

Uqba bin Zabyaan Ki Tauseeq:

Ali ﷺ se is riwayat ke raawi Uqba bin Zabyaan hain. Unhe'n Uqba bin Zaheer bin kaha jaata hai. Ye Ali ﷺ ke shaagird aur Aasim al-Jahdari ke waalid ke ustaaz hain. Chunache Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷺ (d 277h) ne kaha: 'عقبة بن ظبيان و يقال: عقبة بن ظهير روى عن علي، روي عاصم الجحدري عن أبيه عنه' *"Uqba bin Zabyaan, inhe'n Uqba bin Zaheer bhi kaha jaata hai, unho'n ne Ali ﷺ se riwayat kiya hai aur inse Aasim al-Jahdari ne apne waalid ke waaste se riwayat kiya hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P313)

Ye siqa hain, chunache Imam Ibne Hibbaan ﷺ (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha hai: 'عقبة بن طبيان يروي عن علي، روي عن عاصم الجحدري' *"Uqba bin Zabyaan, ye Ali ﷺ se riwayat karte hain aur inse Aasim al-*

[1] T: Insaaf karo, ye taqwa ke sabse ziyaada qareeb hai [RSB]

Jahdari ne riwayat kiya hai". (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P227 [Al Usmaniya])

Imam Zia al-Maqdisi رحمه الله (d 643h) ne *Al Mustaqhraj Min al-Ahadees al-Mukhtaara* mein inse riwayat li hai aur aap us kitab mein sirf siqa hi se riwayat lete hain. Ye is baat ki daleel hai ke Imam Zia al-Maqdisi ke nazdeek bhi ye raawi siqa hai. (Dekhiye: Al Ahadees al Muqhtaara: V2 P292)

In do (2) mohaddiseen ki tauseeq ke khilaaf kisi ek bhi mohaddis ne Uqba bin Zabyaan par jarh nahi ki hai. Lihaaza ye bila shak-o-subha siqa hain.

Aasim Ke Waalid Abdullah bin Raubah al-Ajaaj al-Basri:

Uqba bin Zabyaan se is riwayat ko naql karne waale Aasim al-Jahdari ke waalid hain. Jaisa ke sanad mein 'عن أبيه' (apne waalid se) ke alfaaz ke saath saraahat maujood hai. Is liye itni baat tae ho gai ke ye raawi Aasim al-Jahdari ke waalid hi hain. Ab ye maaloom karna hai ke unke waalid kaun hain aur unka darja kya hai? To arz hai ke unke waalid ka naam al-Ajaaj hai.

Imam ibne Abi Haatim رحمه الله (d 327h) ne kaha:

عاصم لن الجحدري بصري، وهو عاصم بن العجاج.

"Aasim bin al-Jahdari ye basri hai aur ye Aasim bin al-Ajaaj hain". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P349)

Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'وهو عاصم بن العجاج أبو محشر الجحدري' *"Ye Aasim bin al-Ajaaj Abu Muhshir al-Jahdari hain"*. (Taareekh al Islam liz Zahbi: V8 P141 [Tadmooriya])

Ab ye dekhna hai ke al-Ajaaj kaun hain? To arz hai ke Ye Abdullah bin Raubah al-Ajaaj al-Basri hain. Kyounke al-Ajaaj ke laqab se yehi mashoor hain.

Imam Ibne Asaakir رحمه الله (d 571h) ne inke baare mein kaha: 'وأخرج' *"Ye (Abdullah bin Raubah) al-Ajaaj ke laqab se maaroof hain"*. (Taareekh Dimishq li Ibne Asaakir: V28 P128)

Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha: 'ويعرف بالعجاج الراجز المشهور' *"Ye al-*

Ajaaj mashoor shaaer ke laqab se ma'aroof hain". (Al Isaabah li Ibne Hajar: V5 P87)

Neez, Aasim al-Jahdari, ye Basri hain, jaisa ke Ibne Abi Haatim ka qaul guzra. (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P240 [Al Usmaniyya])

Abdullah bin Raubah bhi Basri hain, chunache Haafiz Ibne hajar ﷫ ne inhe'n 'التميمي السعدي' kaha hai. (Al Isaaba li Ibne Hajar: V5 P87; Shaara an-Nasraniyyah: V8 P228) Balke inke samet inke neeche ke tamaam ruwaat basri hain.

Laqab al-Ajaaj ki shohrat aur Aasim al-Jahdari aur al-Ajaaj ke ilaaqe ki yaksaaniyat is baat ki daleel hai ke Aasim al-Jahdari ke waalid Abdullah bin Raubah al-Ajaaj hi hain.

Aasim Ke Waalid Ke Silsile Mein Badiuddin Rashidi ﷫ Ka Mauqif:

۞ Allama Badiuddin Raashdi ﷫ likhte hain:

و ولد عاصم هو العجاج اسمه عبد الله بن رؤبه بن لبيد ابن صخر بن كنيف بن عميرة... ال.

"Aasim ke waalid Ajaaj ye Abdullah bin Raubah bin Labeed bin Sakhar bin Kaneef bin Umairah... hain". (At Taaleeq-ul-Mansoor: P27)

Aasim Ke Waalid Ke Silsile Mein Allama Muhammad Rayees Nadwi ﷫ Ka Mauqif:

۞ Allama Muhammad Raees Nadwi ﷫ likhte hain: *"Ajaaj ka asal naam Abdullah bin Raubah Jahdari hai"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P26 [qalmi])

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne inhe siqa kaha hai. (Dekhiye: As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P287 [Al Usmaniya])

۞ Imam Haithami ﷫ ne Tabrani ke hawaale se inki ek riwayat naql ki aur us sanad mein sirf Imam Tabrani ke hawaale se inki ek riwayat naql ki aur us sanad mein sirf Imam Tabrani ke Shaikh se adm-e-wakhfiyat zaahir karte hue kehte hain: 'رواه الطبراني عن شيخه رفيع بن سلمة ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات'

"Ise Tabrani ne apne shaikh Rafee bin Salama se riwayat kiya aur main unhe'n jaan nahi saka aur iske baqiya rijaal siqa hain". (Majmua-az-Zawaaed

lil Haithami: V8 P44)

Yaane Tabrani ke *shaikh* ke alaawa us sanad ke baqiya ruwaat ko Imam Haithami ﷫ ne siqa kaha hai aur us sanad mein Ajaaj bhi hain, jaisa ke khud Imam Haithami ﷫ ne bhi naql kiya hai. (Dekhiye Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V8 P44)

۞ Imam Ibne Adee ki ek sanad mein unka zikr hai. (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V4 P123) Imam Ibne Adee ﷫ ne inki tazeef nahi ki. Jo is baat ki taraf ishaara hai ke Imam Ibne Adee ﷫ ki nazar mein ye siqa hain. Chunache khud Imam Ibne Adee ﷫ ne kaha:

ولا يبقى من الرواة الذين لم أذكر هم إلا من هو ثقة أو صدوق.

"*Baaqi jin ruwaat ka tazkirah maine nahi kiya hai, wo siqa ya sadooq hain*". (Al Kaamil li Ibne Adee: V1 P79)

Imam Ibne Daqeeq al-Eid ﷫ (d702h) ek raawi ko siqa qaraar dete hue kehte hain:

وقد شرط ابن عدي أن يذكر في كتابه كل من تكلم فيه، و ذكر فيه جماعة من الأكابر و الحفاظ، ولم يذكر أسدي، وهذا يقتضي ثوثيقه.

"*Imam Ibne Adee ne ye shart lagaai hai ke wo apni kitab mein har mutakallim-feeh raawi ka tazkirah karenge aur is kitab mein unho'n ne akaabir aur huffaaz tak kat tazkirah kiya hai, lekin Asad ka tazkirah nahi kiya. Is baat ka taqaaza ye hai ke ye raawi Imam Ibne Adee ke nazdeek siqa hai*". (Nasbur Raaya: V1 P179 (ba-hawaala Al Imam Bi Ahadees al Ahkaam li Ibne Daqeeq al Eid; Neez dekhiye: Ibne Adee wa Manhaja Fee Kitab-ul-Kamal Fee Zoafa ar Rijaal: P171)

Maaloom hua ke ye raawi Imam Ibne Hibban, Imam Haithami, Imam Ibne Adi ﷾ ke nazdeek siqa hain. In teen (3) mohaddiseen ki tauseeq ke alaawa kisi bhi mohaddis ne un par jarh nahi ki hai

Faaeda: ۞ Imam Suyuti ne 'على وسط ساعده اليسرى على صدره' ke alfaaz ke saath isi riwayat ko Ibne Abi Haatim ki taraf mansoob kiya hai aur iski sanad ko 'لا بأس به' kaha hai. (Al Ikleel lis Suyuti)

In alfaaz aur inse milte julte alfaaz ke saath ye riwayat sirf *Hammad bin Salama an* 'عن' *Aasim bin Abeeh* ke tareeq se marwi hai,

jise 6 logon ne riwayat kiya hai. (Urdu pdf)P511-516) Un tamaam riwayaat mein Aasim ke waalid (Abdullah bin Raubah) ke liye ‘عن أبيه’ ka waasta maujood hai. Un meub se sirf Mehran ki riwayat mein ye waasta Uqba ke baad aagaya hai. (Urdu pdf)P515) Jo raawi ka wahem hai, kyounke Mehran ke alaawa 5 logon ne ye waasta Aasim al-Jahdari ke baad hi zikr kiya hai.

Lihaaza jab in alfaaz waali tamaam sanado’n mein ‘عن أبيه’ ka waasta maujood hai to zaahir hai ke Ibne Abi Haatim ki riwayat mein bhi ye waasta zaroor-biz-zaroor hoga. Bil-khusoos jabke unho’n ne *Hammad bin Salama an* ‘عن’ *Aasim an* ‘عن’ *Abeeh* ki sanad ko apni rijaal waali kitab mein ‘عن أبيه’ ke waaste se zikr kiya hai. Lekin matan mein ikhtisaar kar diya hai. (Dekhiye: Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P313)

Bana-baree’n jab Imam Suyuti ne iski sanad ko ‘لا بأس به’ kaha hai to goya unho’n ne Aasim ke *waalid* ki bhi zimni tauseeq kardi hai.

Isse maaloom hua ke Imam Suyuti رحمه الله bhi Aasim ke waalid ko majhool nahi, balke maaroof aur siqa hi jaante the. Neez Imam Suyuti ki nazar mein ye riwayat sahih ya kam-az-kam hasan darje ki hai. (Dekhiye: Darj ad Durar Fee Waza’ al Aidee Alaa al Sadar: P29 [qalmi])

Aasim al-Jahdari al-Basri Ki Tauseeq:

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: ‘ثقةٌ’ *“Aap siqa the”*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P349 [Sanad Sahih])

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne inhe’n siqaat mein zikr karte hue kaha: ‘عاصم بن العجاج الجحدري من عباد أهل البصرة’ *“Aasim bin al-Ajaaj al-Jahdari, ye ahle Basra ke aabido’n mein se the”*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P240 [Al Usmaniya])

In do (2) aimma ki tauseeq ke bar-khilaaf kisi bhi mohaddis ne un par jarh nahi ki hai.

Hammad bin Salama bin Dinaar al-Basri Ka Taaruf:

Ye kutub-e-sitta ke rijaal mein se hain, albatta Bukhari mein inki marwiyaat taaleeqan manqool hain. Ye bhi siqa hain.

❂ Imam I'jli رحمه الله (d 261h) ne kaha: 'بصري ثقة' *"Aap basri aur siqa hain"*. (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P261-131 [Al Baaz])

❂ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثقة ثبت' *"Ye siqa aur sabat hain"*. (Suaalaat Ibnul Junaid li Ibne Maeen: P316)

❂ Imam Yahya bin Saeed ne inse riwayat kiya hai. Imam Ibne Maeen ne kaha: 'مات يحيى بن سعيد القطان وهو يحدث عن حماد بن سلمة' *"Yahya bin Saeed al-Qattaan maut tak Hammad bin Salama se riwayat karte rahe"*. (Taareekh Ibne Maeen: V4 P347 [Ad-Doori])

Yahya bin Saeed sirf siqa se riwayat karte hain.

Imam I'jli رحمه الله (d 261h) ne kaha:

حيى بن سعيد القطان يكنى أبا سعيد بصري ثقة، نثي الحديث، وكان لا يحدث إلا عن ثقة.

Yahya bin Saeed al-Qattaan, inki kuniyat Abu Saeed hai. Ye Basri aur siqa hain aur umda ahadees waale hain, ye sirf siqa hi se riwayat karte hain. (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P261-472 [Al Baaz])

Hammad bin Salama Ka Mukhtalat Hona Saabit Nahi:

Hammad bin Salama par ikhtilaat ka ilzaam durust nahi, Imam Ibne Maeen رحمه الله ne iski taredeed ki hai. Aap farmate hain:

حديث حماد بن سلمة في أول أمره و لآخر أمره واحد.

"Hammad bin Salama ki shuru aur aakhri ki tamaam ahadees ek jaisi hain". (Taareekh Ibne Maeen: V4 P312 [Ad-Doori])

Maaloom hua ke ba-qaul Imam Ibne Maeen رحمه الله '*Hammad bin Salama*, shuru se lekar akheer tak siqa the.

Kya Hammad bin Salama Ko Kisi Ne Mudallis Kaha?:

Baaz logon ko Hammad bin Salama se mutaalliq tadlees ka wahem hua,

mohtaram Syed Anwar Raashdi حفظہ اللہ ne bade umda andaaz mein unki tardeed ki hai. Unke kalam ka khulaasa ye hai:

Imam Bukhari رحمہ اللہ ne Hammad bin Salama ki riwayat apni sahih mein nahi lee’n, to Imam Ibne Hibbaan رحمہ اللہ ne Hammad bin Salama ka muqaam-o-martaba batlaate hue kaha hai ke ye is baat ke ahle the ke Sahih Bukhari mein unki riwayaat li jaatee’n aur phir unke andar baaz kamiyaa’n farz karne ki soorat mein bhi Ibne Hibbaan رحمہ اللہ ne unhe’n Sahih Bukhari mein ehtijaaj ke qaabil batlaaya. Isi zimn mein kaha: ‘فإن قال: كان حماد يدلس’ *“Agar koi kahe ke Hammad tadlees karte the”*. (Sahih Ibne Hibban: V1 P154)

Is jumle se Haafiz Zubair Ali Zai رحمہ اللہ ne ye samajh liya ke Ibne Hibbaan kisi aise shakhs ka qaul naql kar rahe hain, jinho’n ne Hammad bin Salama ko mudallis kaha hai. Phir mausoof ne kaha: ‘والقائل مجهول، و قوله مردود’ *“Qaayal majhool hai aur uska qaul mardood hai”*. (Al Fath-ul-Mubeen: P108)

Halaanke aisi koi baat nahi, balke maamla sirf ye hai ke Ibne Hibbaan ek farzi aeb ka jawab de rahe hain. Yaane Ibne Hibbaan رحمہ اللہ ka maqsood ye hai ke bil-farz Hammad bin Salama mudallis hote to ye cheez bhi Sahih Bukhari mein unse ehtijaaj se maane[1] nahi hai. Kyounke Sahih Bukhari mein aur bhi kai mudalliseen ki riwayaat maujood hain.

Musnad Ahmad ke mohaqqiqeen ko bhi wahem hua hai aur unho’n ne Hammad bin Salama par ek riwayat mein tadlees ki tohmat lagaai hai. (Al Fath-ul-Mubeen: P108) (Musnad Ahmad: V5 P47 [Ar Risaalah])

Jabke ye saraasar ghalat hai, kyounke Hammad bin Salama ne us riwayat ki doosri sanad mein apne ustaaz se samaa’ ki saraahat kardi hai. (Musnad Ahmad: V5 P47 H2850 [Ar Risaalah]) Dekhiye Taaleeq Alaa al-Fath al-Mubeen lish Shaikh Syed Anwar Raashidi. (Taaleeq number 15)

[1] T: (مانع) Manaa karne waala, rokne waala, rukaawat daalne waala [RKT]

Musa bin Ismail al-Basri Ki Tauseeq:

Aap Bukhari-o-Muslim samet kutub-e-sitta ke maaroof-o-mashoor aur bahut bade siqa raawi hain. Tamaam mohaddiseen ne bil-ittifaaq inhe'n siqa kaha hai.

۞ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'كان ثقة كثير الحديث' *"Aap siqa aur kaseer-ul-hadees hain"*. (At Tabaqaat al-Kubra: V7 P306 [Daar Saadir])

۞ Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثقة مأمون' *"Aap siqa aur mamoon hain"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V8 P136 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne kaha:

ثقة كان أيقظ من الحجاج الأنماطي، ولا أعلم أحدا بالبصرة ممن أدركناه أحسن حديثا من أبي سلمة.

"Ye siqa aur Hajjaaj Anmaati se ziyada baa-khabar the. Maine basra mein jin logon ko paaya, un mein se Abu Salama (Musa bin Ismail) se behtar hadees waala kisi ko nahi jaanta". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V8 P136)

۞ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'الحافظ الإمام الحجة شيخ الإسلام' *"Aap Haafiz, Imam, Hujjat aur Shaikh-ul-Islam hain"*. (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V10 P360)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

موسى بن إسماعيل التبوذكي أبو سلمة أحد الأثبات الثقات، اعتمده البخاري فروىٰ عنه كثيرا.

"Musa bin Ismail at-Taboozki, Abu Salama ye siqa-o-sabat logon mein se ek hain. Imam Bukhari رحمه الله ne in par etemaad kiya hai aur inse ba-kasrat riwayat ki hai". (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P446)

Ibne Kharash Raafzi Par Imam Zahbi Ki Jarh:

Ibne Kharash (zaeef aur raafzi) se manqool hai: 'تكلم الناس فيه وهو صدوق' "*Logon ne inke baare mein kalam kiya hai aur ye sadooq hain*". (Taareekh Baghdad wa Ziyulah: V9 P41 [Al Ilmiyyah])

Arz hai ke Ibne Kharash se ye baat saabit hi nahi, kyounke Ibne Kharash se ise naql karne waala Muhammad bin Muhammad bin Dawood al-Karji hai aur ye majhool hai. Phir khud Ibne Kharash bhi majrooh, zaeef aur raafzi hai. (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V5 P518)

Imam Zahbi ﷫ ne Ibne Kharash ki marammat karne ki khaatir Imam Musa bin Ismail ka tazkirah Meezaan mein kiya aur iske baad kaha:

لم أذكر أبا سلمة للين فيه، لكن لقول ابن خراش فيه: صدوق، وتكلم الناس فيه. قالت: نعم، تكبموا فيه لأنه ثقة ثبت يا رافضي!.

"*Maine Abu Salama (Musa bin Ismail) ka tazkira is liye nahi kiya ke unke andar zof tha. Balke is liye kiya hai, kyounke unke baare mein Ibne Kharash ne kaha hai: Ye sadooq hain aur logon ne unke baare mein kalam kiya hai. Main (Imam Zahbi) kehta hoo'n: Ji haa'n! Aye Raafzi (ibne Kharash)! Logon ne yehi kalam kiya hai ke ye siqa aur sabat hain*". (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V4 P200)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab Hanafi is riwayat ki sanad par kalam karte hue likhte hain: "*Ye riwayat zaeef hai, is sanad ke pehle raawi Sulaiman bin Musa ad-Dimishqi ﷫ par jarh pehle* '4.2.4.2' *ke tahat bayan kardi gai hai. Wo ek mutakallim-feeh raawi hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P182)

Arz hai, ke is sanad mein Sulaiman bin Musa ad-Dimishqi ka door-door tak koi naam-o-nishan nahi hai. Maulana Ashrafi Saahab ne naa-jaane kis aalam mein kutub-e-sitta ke raawi aur siqa-o-hujjat Imam, balke Shaikh-ul-Islam Musa bin Ismail ko Sulaiman bin Musa ad-Dimishqi samajh liya?!

Is tafseel se maaloom hua ke ye riwayat sahih ya kam-az-kam hasan zaroora hi.

Allama Badiuddin Raashidi ﷫ farmate hain: ‘فهذا السند صالح حسن’ *“Ye sanad saaleh aur hasan hai”*. (At Taaleeq-ul-Mansoor: P27)

Matan Mein Iztiraab Ka Daawa Aur Uska Jaaiza:

Allama Ibn al-Turkmaani waghaera ka is riwayat ke matan mein iztiraab ka daawa durust nahi. Iski wazaahat ke liye ham tamaam turq ke alfaaz ka jaaiza lete hain.

Is riwayat ke markazi raawi *Aasim al-Jahdari* hain. Unse darj-e-zel do (2) turq se ye riwayat manqool hai:

Awwal: Hammad bin Salama bin Dinar al-Basri

Duwwam: Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad al-Kufi

Pehla Tareeq: (Hammad bin Salama bin Dinar al-Basri):

Pehle tareeq, yaane Hammad bin Salama ke tareeq mein Hammad bin Salama se isi riwayat ko darj-e-zel 9 raawiyo’n ne naql kiya hai:

① Musa bin Ismail P511

② Hajjaj bin al-Manhaal: P512

③ Abu Saaleh al-Khorasani: P512

④ Shaybaan bin Farrukh: P513

⑤ Mehran bin Abi Umar: P515

⑥ Abu Umar, Umar-az-Zareer: P515

⑦ Abu al-Waleed at-Tayaalsi: P516

⑧ Momil bin Ismail: P518

⑨ Abdur Rahman bin Mahdi: P518

In 9 rawiyo’n mein se 6 raawiyo’n ne bil-ittifaaq ek hi tarah ke alfaaz ‘على صدره’ (seene par haath baandhna) naql kiye hain. Chunache mulaahaza kare’n:

<u>Musa bin Ismail Ki Riwayat:</u>

Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha:

قال موسى: حدثنا حماد بن سلمة، سمع عاصما الجحدري، عن أبيه, عن عقبة بن ظبيان، عن علي ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾: وضع يده اليمنى على وسط ساعده على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷠ ne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya hai ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar apne seene par rakhna muraad hai". (At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V6 P437 [Sanad Sahih]; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P45 [Sanad Sahih])

Hajjaj bin al-Manhaal an-Namaati Ki Riwayat:

Imam Ibnul Munzir ﷫ (d 319h) ne kaha hai:

حدثنا علي بن عبد العزيز، قال: ثنا حجاج، قال: ثنا حماد، عن عاصم الجحدري، عن أبيه عن عقبة بن ظبيان، عن علي بن أبي طالب أنه قال في الآية: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ فوضضع يده اليمنى على ساعده اليسرى، ثم وضعهما على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷠ ne is aayat ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer bayan karate hue farmaya ke isse (namaz mein) daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai". (Al Ausat li Ibnul Munzir: V3 P91 number 1284 [Sanad Sahih]; As Sa'alabi Fee Tafseerehi: V10 P310 [Sanad Sahih])

Abu Saaleh al-Khorasaani Ki Riwayat:

Imam Ibne Jarir at Tabari ﷫ (d 310h) ne kaha:

حدثنا ابن حميد، قال: ثنا أبو صالح الخراساني، قال: ثنا حماد، عن عاصم الجحدري، عن أبيه، عن عقرة بن ظبيان، أن علي بن أبي طالب قال في قول الله: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع يده اليمنى على وسط ساعده الأيسر، ثم وضعهما على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷠ se riwayat hai ke aapne Allah Ta'ala ke farman: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai". (Tafseer Tabari: V24 P652 [sahih-ul-matan bil mutaabea'at li Ajal bin Hameed] [Shakir])

Shaybaan Bin Farrukh Ki Riwayat:

Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne kaha:

أبو محمد بن حيان أبو الشيخ، ثنا أبو الحريش الكلابي، ثنا شيبان، ثنا حماد بن سلمة، ثنا عاصم الحدري، عن أبيه، عن عقبة بن صهبان كذا قال: إن علياً قال في هذه الآية: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال وضع يده اليمنى على وسط يده اليسرى، ثم وضعهما على صدره.

"*Sahabi-e-Rasool Ali* ﵁ *ne is aayat* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46 H2337 [Sanad Hasan])

<u>Tambeeh-e-Baleegh</u>:

Isi riwayat ko Abul al-Hareesh al-Kilaabi se *Ahmad bin Janaah al-Muhaarbi* ne riwayat kiya to matan mein tabdeeli kardi. Chunache Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne kaha:

أخبرنا جناح بن نذير بالكوفه، ثنا عمي أحمد بن جناح، ثنا أبو الحريش، ثنا شيبان، ثنا حماد بن سلمة، ثنا عاصم الجحدري، عن عقبة بن صهبان أن علياً قال: في هذه الآية : ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع يده اليمنى على وسط يده السرى، ثم وضعها على سرته.

"*Sahabi-e-Rasool Ali* ﵁ *ne is aayat* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne naaf par rakhna muraad hai*". (Al Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P253 H1481 [Ar Raudha])

Arz hai ke ye riwayat baatil-o-munkar hai, kyounke is riwayat ko Shaybaan se naql karne waala *Ahmad bin Janaah* ye *Ahmad bin Jahaan al-Muhaaribi* hai. Dekhe'n: Al Zohd al-Kabeer lil Bayhaqi: P295 number 781.

Ye majhool hai, is majhool ne *Shaibaan* ke siqa, sabat, mutqin aur haafiz shaagird aur mutaaddid kitabo'n ke musannif Imam Abu Muhammad bin Haiyyan ke khilaaf riwayat kiya hai. Isi liye Imam Bayhaqi ﷫ ne is majhool ki riwayat ke baad fauran tambeeh karte hue kaha:

وقال غيره عن أبي الحريش: .

"*Ahmad bin Janaah al Muhaaribi ke alawa (Haafiz Abu Muhammad bin*

Haiyyan) ne Abul Hareesh se 'على صدره' ke alfaaz bayan kiye hain. Lihaaza is majhool ki ye riwayat baatil-o-munkar hai, iski koi haisiyat nahi". (Al Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P253 H1481 [Ar Raudha])

Mehraan bin Abi Umar al-Attaar Ki Riwayat:

Imam Ibne Jarir at Tabari ﷫ (d 310h) ne kaha:

حدثنا ابن حميد، قال: ثنا مهران، عن حماد بن سلمة، عن عاصم الجحدري، عن عقبة بن ظهير، عن أبيه، عن علي ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع يده اليمنى على وسط ساعده اليسرى، ثم وضعهما على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷛ se riwayat hai ke aapne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai". (Tafseer-e-Tabari: V24 P652 [Ajal bin Hameed ki mutaabea'at ki wajah se matan sahih hai])

Abu Umar, Hafs bin Umar al Zareer Ki Riwayat:

Imam Tahawi ﷫ (d 321h) ne kaha:

حدثنا أبو بكرة، قال: حدثنا أبو عمرو الضرير، قال: أخبرنا حماد بن سلمة، أن عاصما الجحدري أخبرهم، عن أبيه، عن علي ين أبي طالب في قوله: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع يده اليمنى على الساعد الأيسر، ثم وضعهما على صدره.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷛ ne Allah Azzo Wajal ke qaul ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai". (Ahkam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P184 H323 [matan sahih, sanad shaaz])

Qaraeen mulaahaza farmae'n ke in raawiyo'n ne muttafaqa taur par 'على صدره' (seene par haath baandhna) ke alfaaz bayan kiye hain. Baaqi bache 7th raawi to unho'n ne bhi maanawi taur par yehi baat bayan ki hai. Chunache mulaahaza kare'n.

Abu al-Waleed at-Tayaalsi Ki Riwayat:

Khateeb Baghdaadi ﷫ (d 463h) ne kaha:

أخبرنا أبو الحسن محمد بن أحمد بن رزقويه حدثنا عثمان بن أحمد بن عبد الله الدقاق حدثنا عبد الله بن عبدالحميد القطان حدثنا أبو بكر الأثرم حدثنا أبو الوليد حدثنا حماد بن سلمة عن عاصم ابجحدري عن أبيه عن عقبة بن ظبيان سمع علياً يقول ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ : وضع اليمنى على اليسرى تحت الثندوة.

"Sahabi-e-Rasool Ali ﷛ ne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar apni chaati ke neeche (seene par) rakhna muraad hai"*. (Mauzah Auhaam al Jama awat Tafreeq: V2 P340 H379 [Sanad Sahih])

Is riwayat mein 'الثندوة' ke alfaaz hain, jiske maane chaati ke hote hain. Lisaan-ul-A'arab mein hai: 'الثندوة' 'والثندوة للرجل: بمنزلة الثدي للمرأة' *mard ki chaati ko kaha jaata hai, jis tarah aurat ki chaati ko* 'ثدي' *kaha jaata hai"*. (Lisaan-ul-Arab: V1 P41)

Deobandiyo, ki lughat "*Al Qamoos al-Waheed*" mein hai: 'الثندوة' "*Mard ka pistaan*". (Al Qamoos al-Waheed: P224)

Is par mazeed tafseel aage aarahi hai. Behrehaal 'الثندوة'chaati ke maane mein hai aur 'تحت الثندوة' ka matlab chaati ke neeche yaane seene hai. Is liye is riwayat mein bhi maanawi taur par wohi baat bayan hui hai, jise baqiya 6 ruwaat ne muttafaqa taur par bayan kiya hai. Riwayat bil-maane mein alfaaz mein is tarah ka farq ho jaata hai, lekin mafhoom ek hi rehta hai. Aisi soorat mein iztiraab nahi kaaha jaata.

Tambeeh-e-Baleegh:

Abu al-Waleed at-Tayaalsi ki isi riwayat ko Asram hi ke hawaale se Imam Ibne Abdul Bar ne *At Tamheed Limaa Fee Al-Muwatta min al-Maani wal Asaneed* V20 P78 mein naql kiya hai aur isme bhi asal qalmi nuskhe mein 'تحت الثندوة' hi ke alfaaz hain. Lekin us kitab ke mohaqqiq ne 'الثندوة' ko 'السرة' banaakar is riwayat mein khuli tehreef kardi aur maze ki baat ye ke us mein haashiya mein likh bhi diya ke is lafz ko 'السرة' isi ne banaaya hai.

Jabke asal qalmi nuskhe mein ‘السرة’ ke bajaae ‘الثندوة’ hai. Is par mukammal bahes aage aarahi hai.

Fil-haal itna arz hai ke *At Tamheed* ke qalmi nuskhe ke saath-saath Khateeb Baghdadi ki riwayat mein bhi yahan ‘الثندوة’ ka lafz hona is baat ki zabardast daleel hai ke is riwayat mein asal lafz ‘الثندوة’ hi hai, lihaaza *At Tamheed* ke matbooa nuskhe mein mohaqqiq ka apni marzi se ise ‘السرة’ bana dena bahut bada ajooba hai.

Mazeed tafseel ahnaaf ke dalaail par bahes ke zimn mein aarahi hai. (Urdu pdf)P627-645) Behrehaal is riwayat mein bhi maanawi taur par seene par haath baandhne hi ka zikr hai

Ab baaqi bache’n do (2) riwayaat to sirf aur sirf unhee’n do (2) riwayaat mein haath baandhne ka zikr nahi hai. Chunache mulaahaza kare’n:

Momil bin Ismail Ki Riwayat:

Abu Jaafar Tahawi رحمه الله (d 321h) ne kaha:

ثنا أبو بكرة، قال: حدثنا مؤمل، قال: حدثنا حماد بن سلمة قال: حدثنا عاصم الجحدري، عن عقبة بن صهبان، عن علي، في قوله عز و جل ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع اليمنى على اليسرى في الصلاة.

“*Sahabi-e-Rasool Ali* رضي الله عنه *ne Allah Azzo Wajal ke qaul* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse namaz mein daae’n-haath ko apne baae’n-haath par rakhna muraad hai*”. (Ahkaam-ul-Quran lit Tahawi: V1 P184)

Abdur Rahman bin Mahdi Ki Riwayat:

حدثنا ابن بشار، قال: ثنا عبد الرحمان، قال: ثنا حماد بن سلمة، عن عاصم الجحدري، عن عقبة بن ظبيان عن أبيه عن علي ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع اليد على اليد في الصلاة.

“*Sahabi-e-Rasool Ali* رضي الله عنه *ne Allah Azzo Wajal ke qaul* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse namaz mein (daae’n-haath ko apne (baae’n) haath par rakhna muraad hai*”. (Tafseer-e-Tabari: V24 P652)

Qaraeen mulaahaza farmae’n ke 9 riwayaat mein se 7 riwayaat mein haath baandhne ki jagah ka zikr hai aur iske bar-khilaaf sirf aur sirf do (2) riwayaat hi mein haath baandhne ka zikr nahi. Lihaaza saat (7) riwayat

ke muqaable mein sirf do (2) riwayat se koi farq nahi padta.

Mazeed-baraa'n un saat (7) riwayaat aur do (2) riwayaat ke mabain koi mutazaad ikhtilaaf nahi hai. Balke maanawi taur par seene ka zikr yahan bhi hai. Kyounke haath baandhne ki baat ﴿وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein kahi ja rahi hai. Aur is lafz ke lughwi maane ka taqaaza hi yehi hai ke haath seene par ho'n. Isi taraf ishaara karte hue Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne kaha hai:

لأن مادة النحر يدل على ذلك.

"*Nahar ka maadah hi dalaalat karta hai ke yahan seene par haath baandhna hi muraad hai*". (Fath al-Ghafoor: P3 (Banaras); Fath al-Ghafoor: P38 (Dr. Muhammad Ziya ur Rahman al-Aazmi)

Dr. Muhammad Zia ur Rahman al-Aazmi ke muhaqqaq nuskhe mein *Maaddah* 'مادة' ki jagah *Maadan* 'مادة' hai. Jo kitaabat ki ghalati hai, kyounke Banaras waale qalmi nuskhe mein waazeh taur par 'مادة' ka lafz marqoom hai.

At Taaleeq-ul-Mansoor waale nuskhe mein bhi 'مادة' ka lafz hai. Dekhiye At Taaleeq-ul-Mansoor: P30

Doosra Tareeq (Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad):

Doosra tareeq "*Yazeed bin Ziyad bin Abi al-Jaad*" ka hai aur unke tareeq mein haath baandhne ki jagah ka zikr nahi hai. Chunache Imam Ibne Abi Shaiba ﷫ (d 235h) ne kaha:

حدثنا وكيع قال: حدثنا يزيد بن أبي زياد عن أبي ابجعد عن عاصم الجحدري عن عقبة بن ظهير عن علي في قوله: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع اليمين على الشمال في الصلاة.

"*Sahabi-e-Rasool Ali* ﷺ *ne Allah Azzo Wajal ke qaul* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ki tafseer mein farmaya ke isse namaz mein daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakhna muraad hai*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P343; Abdur Razzaq ne apni Tafseer: V3 P467; Sunan Daraqutni: V1 P285; Al Afraad: P 165 ye sab Wakee ke turq se hain; Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V6 P437 [Qutaiba an Hameed ke turq se])

Lekin is ikhtilaaf ki buniyad matan ko muztarib nahi kaha ja sakta. Kyounke awwal to in riwayaat ke mabain koi mutazaad ikhtilaaf nahi hai.

Balke maanawi taur par seene ka zikr is riwayat mein bhi hai, jaisa ke Shaikh Muhammad Hayaat Sindhi رحمه الله ke hawaale se wazaahat ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P519)

Doosra ye ke dono tareeq quwwat mein yaksaa'n nahi hain, balke Hammad bin Salama ka tareeq Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad ke tareeq se ziyaada qawi aur mazboot hai. Jiski do (2) wujuhaat hain:

<u>Pehli Wajah:</u>

Yazeed bin Ziyaad *hifz-o-zabt* mein Hammad bin Salama ke bil-muqaabil kam-tar hain aur kai mohaddiseen ne unke *hifz-o-zabt* mein kami ki saraahat ki hai.

֍ Chunache Imam Bazzar رحمه الله (d 292h) ne kaha hai: 'يزيد بن زياد فغير حافظ' "*Yazeed bin Ziyaad haafiz nahi hai*". (Musnad al Bazzar: V1 P465)

֍ Imam Abu Zurah ar Raaz رحمه الله (d 264h) ne kaha: 'شيخ' "*Ye shaikh hai*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V9 P262 [Sanad Sahih])

Yaad rahe *Shaikh* bahut kam-tar darje ki taadeel hai.

֍ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne inke baare mein mohaddiseen ke aqwaal ka khulaasa bayan karte hue kaha:

يزيد بن زياد بن أبي الجعد الأشجعي الكوفي، صدوق.

"*Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad al-Ashjai al-Kufi, ye sadooq hai*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: H7714)

Jabke Hammad bin Salama Bukhari taaleeqan, Muslim aur Sunan-e-Arba ke mashoor-o-maaroof rijaal aur aimma-e-hadees mein se hain. Mohaddiseen ne aala segho'n se inki tauseeq ki hai. Chunache Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne kaha: 'ثقة ثبت' "*Ye siqa aur sabat hain*". (Suaalaat Ibn al-Jaad li Ibne Maeen: P316)

Baaz logon ne baghaer kisi daleel ke in par ikhtilaat ya taghaiyyur-e-hifz ka ilzaam lagaya hai. Lekin Imam Ibne Maeen رحمه الله ne aise logon ki tardeed ki hai. Chunache Imam Ibne Maeen رحمه الله kehte hain:

حديث حماد بن سلمة في أول أمره وآخر أمره واحد.

“*Hammad bin Salama ki shuru aur aakhir ki tamaam ahadees ek jaisi hain*”. (Taareekh ad-Doori: V4 P312)

Maaloom hua ke ba-qaul Imam Ibne Maeen رحمه الله *Hammad bin Salama* shuru se lekar aakhir tak siqa the. Neez Imam Ibne Maeen رحمه الله ne ye bhi kaha:

إذا رأيت إنسانا يقع في عطرمة وفي حماد بن سلمة فاتهمم على الإسلام.

“*Jab tum kisi aise insaan ko dekh jo Ikrima aur Hammad bin Salama ke baare mein zabaan-daraazi karta hai, to samajh jaao uska islam theek nahi*”. (Taareekh Dimishq li Ibne Asaakir: V41 P103 [Sanad Sahih])

Lihaaza Hammad bin Salama رحمه الله jaise *imam*, balke *ameer-ul-momineen fil hadees* ke khilaaf Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad ki baat chandaa’n qaabil-e-etebaar nahi hai.

Doosri Wajah:

Hammad bin Salama ke ustaaz Aasim al-Jahdari, ye basri hain. (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P240 [Al Usmaniya]) Imam Abu Dawood رحمه الله ne kaha:

ما حدث أحد بالبصرة أحسن حديث من حماد بن سلمة.

“*Basra mein Hammad bin Salama se behtar kisi ne ahadees bayan nahi kee’n*”. (Suaalaat Abi Obaid Al Aajri li Imam Abu Dawood al Sajistaani: P180 [Al Farooq])

Imam Abu Dawood ke is qaul ki raushni mein Basra mein Hammad bin Salama se behtar kisi ki hadees nahi hai. In wujuhaat ki bina par Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad ke muqaable mein Imam Hammad bin Salama رحمه الله hi ki riwayat raajeh hai aur jab do (2) mukhtalif riwayaat dono’n ham-palla aur quwwat mein masaawi na ho’n to yahan iztiraab ka hukm nahi lagega. Balke raajeh-o-marjooh ka hukm lagega.

۞ Imam Ibne Salaah رحمه الله (d 643h) ne kaha:

المضطرب من الحديث: هو الذي تختلف الرواية فيه، فيرويه بعضهم على وجه، وبعضهم على وجه آخر مخالف له، وإنما نسميه مضطربا إذا تساوت الروايتان، أما إذا ترجحت إحداهما بحيث لا تقاومها الأخرى بأن يكون راويها أحفظ، أو أكثر صحبة للمروي عنه، أو غير ذلك من وجوه الترجيحات المعتمدة، فالحكم للراجحة، ولا يطلق عليه حينئذ وصف المضطرب.

"*Muztarib wo hadees hai, jiski riwayat mein is tarah ikhtilaaf ho, ke baaz ek tarah riwayat kare'n aur baaz uske mukhaalif doosri tarah riwwayat kare'n. Ham aisi hadees ko us waqt muztarib kahenge, jab tarfaen ki riwayaat masaawi aur ek darja ki ho. Lekin agar dono mein se koi riwayat raajeh qaraar paae, is tarah ke doosri riwayat uske ham-palla na ho, baae'n-taur[1]ke iske raawi ahfaz[2] ho'n ya marwi anh ke saath isne ziyaada muddat guzaari ho, ya iske alaawa motamad wujooh-e-tarjihaat mein se koi ho, to hukm raajeh riwayat ke etebaar se lagega. Aur aisi soorat mein ye riwayat muztarib nahi hogi*". (Muqaddama Ibne Salah: P94)

۞ Imam Ibne Daqeeq al-Eid ﷬ (d 702h) ne kaha:

هذا صحيح لكن بشرط تكافر الروايات، أو تقاربها. أما إذا كان الترجيح واقعا لبعضها. إما لأن رواته أكثر، أو أحفظ. فينبغي العمل بها. إذا الأضعف لا يكون مانعا من العمل لالأقوى، والمرجوح لا يدفع التمسك بالراجح. فتمسك بهذا الأصل، فإنه نافع في مواضع عديدة.

"*(alfaaz ke ikhtilaaf ke waqt ehtijaaj durust nahi hai) Ye sahih baat hai, lekin is shart ke saath ke riwayaat ham-palla ho'n, ya qareeb-qareeb ek darje ki ho'n. Lekin, agar baaz ke liye tarejeeh saabit ho, is bina par ke ise riwayat karne waalo'n ki taadaad ziyaada ho ya use ahfaz ne riwayat kiya ho, to aisi soorat mein us par amal hoga. Kyounke zaeef-tar, aqwi[3] par amal se maane nahi ho sakta aur marjooh raajeh par amal se nahi rok sakta. Is usool ko yaad rakhlo, ye bahut saare muqamaat par faaeda-mand hai*". (Ahkaam-ul-Ahkaam Sharah Umdatul Ahkaam: V2 P139)

۞ Imam Nawavi ﷬ (d 676h) ne kaha:

المضطرب هو الذي يروى على أوجه مختلفة متقاربة، فإن رجحت إحدى الروايتين بحفظ راويها أو كثرة صحبته المروي عنه، أو غير ذلك، فالحكم للراجحة، ولا يكون مضطرباً.

"*Muztarib wo hadees hai, jo mukhtalif aise turq se marwi ho, jo aapas mein ham-palla ho'n aur agar do (2) riwayaat mein ek riwayat raajeh qaraar paae iske raawi ke ahfaz hone ke sabab ya marwi-anh ke saath*

---

[1] T: (بَائِیْن طَور) Is tarah, aise, you'n [Urduurban]
[2] T: (اَحْفَظ) Ziyaada yaad rakhne waale, jiska haafiza ziyaada qawi aur mustahkam ho [RSB]
[3] T: (اقوی) Wo riwayat jiski sanad ziyaada mazboot ho, ya jise ziyaada qaail-e-etemaad raawiyo'n ne bayan kiya ho waghaera [RSB]

kisi raawi ki kasrat-e-sohbat ke sabab ya kisi aur wajah se, to hukm raajeh riwayat ke etebaar se lageyga. Aisi soorate mein ye riwayat muztarib nahi hogi". (At Taqreeb: P6)

❁ Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) ne ek muqaam par kaha:

لأنهم لا يتوفون عن تصحيح المتن إذا وقع فيه الاختلاف إلا إذا تكافأت الروايات، وهو شرط الاضطراب الذي يرد به الخبر، وهو مفقود هنا.

"*Kyounke mohaddiseen mahez ikhtilaaf ki wajah se matan ki tasheeh mein tauqif nahi karte. Jab tak riwayaat quwwat mein baraabar na ho'n aur ye iztiraab ke liye shart hai, jo yahan mafqood hai*". (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V5 P218)

Lihaaza Hammad bin Salama ka tareeq darj-e-baala wujooh ki bina par raajeh qaraar paaega aur uske mutaabiq ye riwayat sahih qaraar di jaaegi.

Waazeh rahe ke ye tarjeeh waali baat bhi us soorat mein kahi jaaegi, jab bil-farz dono riwayaat mein ikhtilaaf ko tasleem kar liya jaae. Lekin ham pehle waazeh kar chuke hain ke in riwayaat ke ma-baen koi mutazaad ikhtilaaf nahi, balke maanawi taur par seene ka zikr us riwayat mein bhi hai. (Urdu pdf)P519)

Sanad Mein Iztiraab Ka Daawa Aur Uska Jaaiza:

Ibn al-Turkmaani waghaera ke is riwayat ki sanad mein iztiraab ka daawa karna durust nahi hai. Iski wazaahat ke liye ham tamaam sanado'n ka jaaiza lete hain.

Is riwayat ke markazi raawi "*Aasim al-Jahdari*" hain. Inse darj-e-zel do (2) turq se ye riwayat manqool hai:

❁ Awwal: Hammad bin Salama bin Dinaar al-Basri

❁ Duwwam: Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad al-Kufi

Pehla Tareeq (Hammad bin Salama Dinaar al-Basri):

Pehle tareeq mein Yaane Hammad bin Salama ke tareeq mein Hammad bin Salama se isi riwayat ko darj-e-zel 9 raawiyo'n ne naql kiya hai:

① Musa bin Ismail	Page511
② Hajaaj bin al-Manhaal	Page512
③ Abu Saaleh al-Khorasani	Page512
④ Shaybaan bin Farrukh	Page513
⑤ Mehran bin Abi Umar	Page515
⑥ Abu Umar, Umar adh-Dhareer	Page515
⑦ Abu al Waleed at-Tayaalsi	Page516
⑧ Momil bin Ismail	Page518
⑨ Abdur Rahman bin Mahdi	Page518

Ikhtilaaf Ki Soorat Aur Tarjeeh:

In tamaam raawiyo'n ki bayan-karda sanado'n ko bhi ham ne matan ke iztiraab par bahes karte hue guzishta sutoor mein pesh kar diya hai. Un sab par nazar daali jaae to ye baat saamne aati hai ke Aasim al-Jahdari ke shaagirdo'n ne sanad ko 5 tarah se riwayat kiya hai. Jiski tafseel ye hai:

֍ Sanad Ki Pehli Kaefiyat: Hammad an Aasim an Abeeh an Uqba bin Zabyaan an Ali ؓ.

Sanad ki ye kaefiyat sabse badi taadaad ne bayan ki hai, jo darj-e-zel hain:

① Musa bin Ismail	Page511
② Hajjaj bin al-Manhal	Page512
③ Abu al Waleed at-Tayaalsi	Page516
④ Abu Saaleh al-Khorasaani	Page512

Ye kul 4 shaagird hain, in sabke alfaaz guzishta sutoor mein pesh kiye ja chuke hain. In sab ne muttafaqa taur par sanad ki mazkura kaefiyat bayan ki hai. Iske bar-khilaaf itni badi taadaad se sanad ki koi bhi kaefiyat marwi nahi. Lihaaza ye is baat ki zabardast daleel hai ke sanad ki yehi

kaefiyat raajeh hai.

֍ <u>Sanad Ki Doosri Kaefiyat</u>: Aasim al-Jahdari ke ustaaz, unke waalid ke alaawa koi aur.

Sanad ki is kaefiyat mein ikhtilaaf ki nauiyyat ye hai ke Aasim al-Jahdari ke ustaaz ki jagah unke waalid ka tazkirah karne ke bajaae doosre ka tazkirah hai. Ye kaefiyat bayan karne waale sirf 3 ruwaat hain:

① Mehran bin Ali Umar	Page515
② Momil bin Ismail	Page518
③ Abdur Rahman bin Mahdi	Page518

In teeno ke alfaaz bhi baa-ham muttafiq nahi hain, balke in mein se Mehraan bin Abi Umar ne Aasim se oopar Uqba bin Zaheer ka zikr kiya aur Momil bin Ismail ne Aasim se oopar Uqba bin Sabhaan ka zikr kiya hai. Jabke Abdur Rahman bin Mahdi ne Aasim se oopar Uqba bin Zabyaan ka zikr kiya hai. Jaisa ke in sab ke alfaaz naql kiye ja chuke hain. Yaad rahe ke Uqba bin Zaheer aur Uqba bin Zabyaan ek hi raawi ke naam hain.

In teen logon ke bar-khilaaf 5 shaagirdo'n ne muttafaqa taur par Aasim se oopar unke waalid ka tazkirah kiya hai, ye 5 shaagird darje zel hain:

① Musa bin Ismail	Page511
② Hajjaj bin al-Manhal	Page512
③ Abu al Waleed at-Tayaalsi	Page516
④ Abu Saaleh al-Khorasani	Page512
⑤ Abu Umar Hafs ad-Dhareer	Page515

In paancho'n ke alfaaz peeche naql kiye ja chuke hain, zaahir hai ke 5 shaagirdo'n ke muttafaqa bayan ke muqaable mein 3 logon ki mukhalifat ka koi etemaad nahi. Bil-khusoos jab ke un teeno ki mukhalifat bhi alag-alag alfaaz mein hai.

۞ <u>Sanad Ki Teesri Kaefiyat</u>: Uqba ke ustaaz ki jagah Ali ﷺ ke bajaae Uqba ke waalid ka zikr.

Sanad ki is kaifiayat mein ikhtilaaf ki nauiyyat ye hai ke Uqba ke ustaaz ki jagah Ali ﷺ ka zikr karne ke bajaae Uqba ke waalid ka tazkirah hai. Ye kaefiyat bayan karne waale sirf do (2) ruwaat hain:

① Mehraan bin Abi Umar Page515

② Abdur Rahman bin Mahdi Page518

In do (2) logon ke bar-khilaaf 6 shaagirdo'n ne muttafaqa taur par Uqba se oopar Ali ﷺ hi ka tazkirah kiya hai. Ye 6 shaagird darj-e-zel hain:

① Musa bin Ismail Page511

② Hajjaj bin al-Minhal Page512

③ Abu al Waleed at-Tayaalsi Page516

④ Abu Saaleh al-Khorasani Page512

⑤ Shaybaan bin Farrukh Page513

⑥ Momil bin Ismail Page518

In 6 shaagirdo'n ke alfaaz peeche naql kiye ja chuke hain. Zaahir hai ke 6 shaagirdo'n ke muttafaqa bayan ke muqaable mein sirf do (2) shaagirdo'n ki mukhaalifat ka koi etebaar nahi hai.

۞ <u>Sanad Ki Chauthi Kaefiyat</u>: Aasim aur Ali ﷺ ke darmiayn Itsaal ya inqitaa.

Sanad ki is kaefiyat mein ikhtilaaf ki nauiyyat ye hai ke Aasim ke waalid aur Ali ﷺ ke darmiyan se Uqba ka tazkirah saaqit hai. Ye kaefiyat bayan karne waale sirf aur sirf ek raawi Abu Umar Hafs bin Umar adh-Dhareer hain. (Urdu pdf)P515)

Inke bar-khilaaf 5 shaagirdo'n ne muttafaqa taur par Aasim ke waalid aur Ali ﷺ ke darmiyan Uqba ka tazkirah kiya hai. Ye 5 shaagird darj-e-zel hain:

① Musa bin Ismail	Page511
② Hajjaj bin al-Minhal	Page512
③ Abu al Waleed at-Tayaalsi	Page516
④ Abu Saaleh al-Khorasaani	Page512
⑤ Shaybaan bin Farrukh	Page513

In 5 shaagirdo’n ke alfaaz peeche naql kiye ja chuke hain. Zaahir hai ke 5 shaagirdo’n ke muttafaqa bayan ke muqaable mein sirf ek shaagird ki mukhalifat ka koi etebaar nahi hai.

֍ <u>Sanad Ki Paanchwee’n Kaefiyat</u>: Uqba ke waalid Zabyaan ya Sahbaan.

Sanad ki is kaefiyat mein ikhtilaaf ki nauiyyat ye hai ke Uqba ke waalid ka naam Zabyaan ke bajaae Sahbaan batlaaya gaya hai, ye kaefiyat bayan karne waale sirf do (2) ruwaat hain:

① Shaybaan bin Farrukh	Page513
② Momil bin Ismail	Page518

In do (2) logon ke bar-khilaaf 5 shaagirdo’n ne muttafaqa taur par Uqba ke waalid ka naam Zabyaan batlaaya hai. Ye 5 shaagird darj-e-zel hain:

① Musa bin Ismail	Page511
② Hajjaj bin al-Manhaal	Page512
③ Abu al Waleed at-Tayaalsi	Page516
④ Abu Saaleh al-Khorasaani	Page512
⑤ Abdur Rahman bin Mahdi	Page518

In paancho’n (5) shaagirdo’n ke alfaaz peeche naql kiye ja chuke hain. Zaahir hai ke 5 shaagirdo’n ke muttafaqa bayan ke muqaable mein sirf do (2) shaagirdo’n ki mukhalifat ka koi etebaar nahi hai.

Waazeh rahe ke is ikhtilaaf ki koi ehmiyyat nahi hai, kyounke asal raawi ka naam Uqba bataane mein ruwaat ka ittifaaq hai. Ab unke waalid ke

naam mein ikhtilaaf se koi farq nahi padta, kyounke un dono naamo'n "*Zabyaan*" aur "*Sahbaan*" mein ziyaada farq nahi hai. Is liye 1-2 raawiyo'n ishtibaah[1] ho jaana koi taajjub ki baat nahi. Alaawa-baree'n ye dono raawi siqa hain. Lihaaza in mein koi bhi raawi ho, behre-soorat sanad ki sehat bar-qaraar rehti hai.

Behrehaal agar tarjeeh ki baat ki jaae to "*Zabyaan*" naam hi raajeh qaraar paega. Kyounke "*Sahbaan*" ka naam batlaane waale sirf do (2) log hain. Unke muqaable mein 5 log muttafaqa taur par *Zabyaan* naam batlaate hain. Zaahir hai ke 5 logon ke muqaable mein sirf do (2) ke bayan ki koi haisiyat nahi hai.

Doosra Tareeq: Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad:

Doosra tareeq *Yazeed bin Ziyaad bin abi al-Jaad* ka hai. Aur us mein Aasim al-Jahdari aur Uqba bin Zabyaan ke darmiyan *Abeeh* ka waasta nahi hai. Jaisa ke ye sanad guzishta sutoor mein matan ke iztiraab par bahes karte hue pesh ki ja chuki hai aur wahee'n ye bhi bataaya ja chuka hai ke Yazeed bin Ziyaad bin Abi al-Jaad ki ye riwayat Hammad bin Salama ki riwayat ke ham-palla nahi hai. Balke do (2) wujuhaat ki bina par Hammad bin Salama hi ki riwayat raajeh hai.

Lihaaza jahan tarjeeh ke dalaail mil jaae'n, waha'n par iztiraab ka hukm nahi lagega. Jaisa ke is silsila mein Imam Ibne Salah, Imam Nawavi aur Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ki saraahat pesh ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P522-525)

[1] T: (اِشْتِباہ) Shak, shuba, dhoka, ghalat-fehmi [RKT]

③ Hadees-e-Ali ﷺ (Fauq as-Surrah) ...فوق السرة

Imam Abu Dawood ﷺ (d 275h) ne kaha:

حدثنا محمد بن قدامة يعني ابن أعين، عن أبي بدر، عن أبي طالوت عبد السلام، عن ابن جرير الضبي، عن أبيه قال: رأيت عليا يمسك شماله بيمينه على الرسغ فوق السرة.

"*Janab Ibne Jarir ad-Dhabi apne waalid se riwayat karte hain, maine Syedna Ali ﷺ ko dekha, unho'n ne apne baae'n-haath ko daae'n-haath se pohnche (kalaai) ke paas (jodh ke paas) se pakad rakha tha aur wo naaf se oopar the*". (Sunan Abu Dawood: V1 P201 H757 [Sanad Hasan]; Sunan Abu Dawood: H757; Sunan Abu Dawood: V1 P571 H757 (Darussalam); Sunan Abu Dawood Ma' Aun al Maabood: 1/2/324 H773)

Is riwayat mein Ali ﷺ se mutaalliq ye manqool hai ke wo 'فوق السرة' fauq as-surrah, yaane *naaf se oopar haath* the aur *fauq as-surrah* ka matlab *alaa as-sadr* 'على الصدر' yaane seene par hi hai. Jaisa ke inki tafseeri riwayat mein saraahat hai, jo aage aarahi hai.

Baaz log kaj-bahesi[1] aur kat-hujjati[2] karte hue ye baawar karaane ki koshish karte hain ke *fauq* ka matlab kisi cheez par, hota hai, naake *kisi cheez se oopar*. Is lihaaz se fauq as-surrah 'فوق السرة' ka matlab *naaf par* hoga, naake *naaf se oopar.*

Fauq as-Surrah 'فوق السرة' Ka Mafhoom:

Arz hai ke 'فوق' ke mafhoom ko sirf isi maane ke saath khaas kar dene ki koi daleel nahi hai, kyounke Arabi zabaan-o-lughat mein 'فوق' kisi cheez se oopar ke liye bhi mustaamal hai. Balke Quran-e-Majeed mein bhi is maane mein 'فوق' ka istemaal hua hai. Masalan:

وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ ۚ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

Aur Wo Waqt Bhi Qaabil-e-Zikr Hai, Jab Ham Ne Pahaad Ko Utha Kar Saebaan Ki Tarah Unke Ooopar Kar Diya Aur Unko Yaqeen Ho Gaya Ke

---

[1] T: Ulti-seedhi/fuzool baate'n [RKT]

[2] T: kat-hujjati T: (کَٹ حُجَّتی) Zid se kaam lena, apni baat par adna, khwah-ma-khwah bahes karna [RKT]

Ab Un par Gira Aur Kaha Ke Jo Kitab Ham Ne Tum Ko Di Hai, Use Mazbooti Ke Saath Qubool Karo Aur Yaad Rakho, Jo Ahkaam Us Mein Hain, Usse Tawaqqo Hai Ke Tum Muttaqi Ban Jaao. (Surah al-Aaraaf 7: 171)

Neez farmaya:

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَاۗءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝

Kya Unho’n Ne Asmaan Ko Apne Oopar Nahi Dekha, Ke Ham Ne Use Kis Tarah Banaaya Hai Aur Ise Zeenat Di Hai. (Surah Qaaf 50: 6)

In ayaat mein agar ‘فوق’ ka wohi matlab nikaala jaae jo ahnaaf nikaalte hain, to iska matlab ye hoga ke Allah ne Bani Israel ke sar par pahaad rakh diya tha aur asmaan logon ke saro’n par rakha hua hai aur iska butlaan azhar min ash-shams hai.

Yaad rahe ke baaz ahnaaf ne bhi seene par haath baandhne ke liye fauq as-surrah ‘فوق السرة’ ke aflaaz istemaal kiya hain, chunache Abul Hasan Ali bin al-Hussain bin Muhammad as-Sughdi Hanafi (d 461h) likhte hain:

ينبغي للرجل أن يضعوا اليمين على الشمال تحت السرة والنساء يضعن فوق السرة.

“*Mardo’n ke liye munaasib hai ke daae’n-haath ko baae’n-haath par naaf ke neeche rakhe aur khawateen naaf ke oopar rakhe’n*”. (An Natf Fil Fataawa lil Saghdee: P71)

Is ibaarat mein hanafiyyo’n ke *Shaikh-ul-Islam* ne khawateen ko naaf ke oopar haath baandhne ke liye kaha hai aur ahnaaf khawateen ko seene par haath baandhne ke liye kehte hain. Jiska matlab ye hua ke is ibaarat mein fauq as-surrah ‘فوق السرة’ yaane naaf ke oopar se muraad seene par haath baandhna hai. Theek usi tarah Ali ﷛ ki mazkura-baala asar mein bhi fauq as-surrah ‘فوق السرة’ yaane naaf ke oopar haath baandhne se seene par haath baandhna muraad hai.

Mazeed itminaan ke liye arz hai ke ahnaaf ki nazar mein bada muqaam rakhne waale Maulana Ashraf Ali Thanwi Saahab ne bhi yehi wazaahat ki hai ke fauq as-surrah ‘فوق السرة’ yaane naaf se oopar haath baandhne se muraad seene par haath baandhna hai.

Chunache Maulana Ashraf Ali Thanwi likhte hain: *"Ye ikhtilaaf ba-etebaar oola aur ghair-oola hone ke hai. Baaz sahaba naaf ke oopar haath baandhte the. Yaane seene par, jaisa ke aur ahadees mein lafz-e-sadar musarrah*[1] *waaqe hua hai. Aur baaz sahaba zer-e-naaf haath bandha karte the, so jo tareeq jinke mashaaikh ka ho, wo usko ikhtiyaar kare"*. (Taqreer-e-Tirmizi: P70)

Khulaasa ye ke is riwayat mein Ali ﷺ se fauq as-surrah 'فوق السرة', yaane seene par haath baandhne ki baat manqool hai aur is riwayat ki sanad sahih hai, iski tafseel mulaahaza kare'n.

Jarir adh-Dhabi Ki Tauseeq:

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷺ (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha: 'جرير الضبي يروي عن علي، روى عنه النه غزوان بن جرير' *"Jarir adh-Dhabi, ye Ali ﷺ se riwayat karte hain aur unse unke bete* Imam Bayhaqi ﷺ (d 458h) ne unki sanad ke baare mein kaha: 'هذا إسناد حسن' *"Ye sanad hasan hai"*. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46)

Haafiz Ibne Hajar ﷺ (d 852h) ne unki sanad ke baare mein kaha: 'وهو إسناد حسن' *"Ye sanad hasan hai"*. (Taghleeq ut Taaleeq li Ibne Hajar: V2 P443)

Sanad Ki Tasheeh Uske Ruwaat Ki Tauseeq Hai:

Kisi raawi ki sanad ki tasheeh ya tehseen is sanad ke raawiyo'n ki tauseeq hoti hai, jaisa ke kai mohaddiseen ne saraahat ki hai, chand hawaale mulaahaza ho'n:

۞ Imam Ibn al-Qattaan ﷺ (d 628h) ne kaha:

وفي تصحيح الترمذي إياه توثيقها وتوثيق سعد بن إسحاق، ولا يضر الثقة أن لا يروي عنه إلا واحد.

"Tirmizi ka ise sahih qaraar dena iski aur Saad bin Ishaq ki tauseeq hai aur siqa se sirf ek hi shakhs ka riwayat karna muzir nahi hai". (Bayan-ul-Waham wal Ibhaam Fee Kitab-ul-Ahkaam: V5 P395)

۞ Imam Ibne Daqeeq al-Eid ﷺ (d 702h) ne Imam Tirmizi ke zariye ek raawi ki riwayat ki tehseen se mutaalliq kaha:

---

[1] T: (مُصَرَّح) Waazeh, saaf-saaf kaha hua, mufassal [RKT]

‘فأي فرق بين أن يقول: هو ثقة، أو يصحح حديثا انفرد به؟’ *“To is mein kya farq hai ke Imam kahe’n, wo siqa hai ya uski munfarid riwayat ko sahih kahe’n?”*. (Al Imam Fee Maarifa Ahadees-ul-Ahkaam li Ibne Daqeeq al Eid: V3 P166)

۞ Imam Ibn al-Mulaqqin رحمه الله (d 804h) ne kaha:

وقال غيره: فيه جهالة، ما روى عنه سوى ابن خنيس، وجزم بهذا الذهبي في المغني فقال: لا يعرف. لكن صحح الحاكم حديثه. كما ترى. وكذا ابن حبان وهو بمعرفته وثقته.

“*Unke alaawa doosro’n ne kaha: Ye ghair-maaroof hain, unse Ibne Khunais ke alaawa kisi ne riwayat nahi kiya aur Zahbi ne Mughni mein yehi baat bil-jazm kahi hai. Chunache kaha: Ye maaroof nahi hai, lekin Imam Haakim ne iski hadees ko sahih kaha hai, jaisa ke aap dekh rahe hain. Isi tarah Ibne Hibbaan ne bki hadees ki tasheeh ki hai aur ye unke maaroof aur siqa hone ki daleel hai*”. (Al Badr-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V4 P269)

۞ Allama Zeli Hanafi رحمه الله (d 762h) ne kaha:

فكذلك لا يوجب جهالة الحال بانفراد راو واحد عنه بعد وجود ما يقتضي تعديله، وهو تصحيح الترمذي.

“*Phir isi tarah unse sirf ek raawi ki riwayat bhi unke majhool hone ki daleel nahi hai, jabke unki taadeel ka suboot maujood hai aur wo ye ke Imam Tirmizi ne unki sanad ko sahih kaha hai*”. (Nasbur Raaya: V1 P149)

۞ Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha:

قلت صحح ابن خزيمة حديثه، ومقتضاه أن يكون عنده من الثقات.

“*Haafiz Ibne Hajar رحمه الله kehte hain ke Ibne Khuzaima ne unki hadees ko sahih kaha hai, jiska taqaaza ye hai ke unke nazdeek ye siqa hain*”. (Taajeel-ul-Manfah li Ibne Hajar: P248)

Faaeda: Allama Ibn al-Turkmaani Hanafi رحمه الله ne Imam Zahbi se *Ad-Dhareer adh-Dhabi Laa Yaraf* ‘الضرير الضبي لا يعرف’ naql karke is riwayat par jarh ki, to Nemwi Hanafi ne iska rad karte hue likha:

وأعله العلامة الن التركماني بأن الذهبي قال في الميزان: جرير الضبي لا يعرف، وفيه نظر، لأنه علق له البخاري في صحيحخ كما مر، وأخرج له الحاكم في المستدرك، وذكره ابن حبان في الثقات... الخ.

“*Allama Ibn al-Turkmaani ne ise is buniyad par maalool qaraar diya hai, ke Imam Zahbi ne Meezaan mein kaha: Zareer adh-Dhabi* ‘الضبي’ *ghair-*

maaroof hai. Ye baat mahel-e-nazar hai, kyounke Imam Bukhari ne Sahih Bukhari mein unki riwayat taaleeqan zikr ki hai. Imam Haakim ne Mustadrak mein unki hadees riwayat ki hai aur Ibne Hibbaan ne unhe'n siqaat mein zikr kiya hai". (Aasaar as-Sunan: P110 [Karachi edition])

Ghazwaan bin Jarir Ki Tauseeq:

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne unhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha hai: 'غزوان بن جرير، يروي عن أبيه، روى عنه عبد السلام بن شداد' *"Ghazwaan bin Jarir apne waalid se riwayat karte hain aur unse Abdus Salaam bin Shaddaad ne riwayat kiya hai".* (As Siqaat li Ibne Hibban: V7 P213 [Al Usmaniya])

۞ Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne unki sanad ke baare mein kaha: 'هذا إسناد حسن' *"Ye sanad hasan hai".* (Al Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne unki sanad ke baare mein kaha: 'وهو إسناد حسن' *"Ye sanad hasan hai".* (Taghleeq ut-Taaleeq li Ibne Hajar: V2 P443)

Kisi raawi ki sanad ki tasheeh ya tahseen us sanad ke rawiyo'n ki tauseeq hoti hai, jaisa ke kai mohaddiseen ne saraahat ki hai aur maa-qabl mein baaz mohaddiseen ki tasrihaat pesh ki ja chuki hain. (Urdu pdf)P535-537)

Abu Taaloot, Abdus Salam bin Shaddaad:

Ye Sunan Abu Dawood ke rijaal mein se hain aur siqa hain.

۞ Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha: 'لا أعلمه إلا ثقة' *"Main ise siqa hi jaanta hoo'n".* (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P45 [Sanad Sahih])

۞ Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h) se manqool hai: 'بصري ثقة' *"Ye basri siqa hain".* (Al Kuna wal Asma lid Dulaabi: V2 P690 (sanad hasan *Dulaabi hamare nazdeek siqa nahi, wo ahnaaf ke nazdeek siqa hai*.)

Is tauseeq ko naql karne waala Dulaabi Hanafi hamare nazdeek majrooh hai, lekin ahnaaf ke nazdeek ye siqa hai.

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha: 'عبد السلام بن شداج القيسي البصري' *"Abdus Salam bin Shaddad Qaisi Basri".* (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P131 [Al Usmaniya])

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ثقة' *"Aap siqa hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 4066)

Abu Badar Shuja bin al-Waleed bin Qais Ki Tauseeq:

Aap Bukhari-o-Muslim aur Sunan-e-Arba ke raawi hain aur siqa hain.

۞ Imam Ibne Maeen ﷫ (d 233h) ne kaha: 'أبو بدر شجاع بن الوليد ثقة' *"Abu Badar Shuja bin Waleed siqa hain"*. (Taareekh Ibne Maeen: V3 P270 [Riwaaya ad-Doori])

۞ Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha:

كان أبو بدر شجاع يعني ابن الوليد شيخا صالحا صدوقا.

"Abu Badar Shuja bin al-Waleed, Shaikh Saaleh aur Sadooq the". (Taareekh Baghdad: V9 P249 [Sanad Sahih] [As Saadah])

۞ Imam I'jli ﷫ (d 261h) ne kaha: 'لا بأس به' *"In mein koi harj ki baat nahi"*. (Taareekh as-Siqaat lil I'jli: P215)

۞ Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷫ (d 264h) ne kaha: 'لا بأس به' *"In mein koi harj ki baat nahi"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P378 [Sanad Sahih])

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr karte hue kaha: 'شجاع بن الوليد بن قيس السكوني أبو بدر' *"Yaane Shuja bin Waleed bin Qais as-Sukooti Abu Badar (siqa hain)"*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V6 P451 [V6 P451])

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'الحافظ الثقة الفقيه' *"Ye Haafiz, Siqa aur Faqeeh hain"*. (Tazkirah tul Huffaz liz Zahbi: V1 P328)

In tamaam mohaddiseen ke bar-khilaaf sirf aur sirf Imam Abu Haatim ne kaha: 'شيخ ليس بالمتين لا يحتج به' *"Ye mateen nahi hain, in se hujjat nahi li jaaegi"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P378)

Arz hai ke mohaddise ke muttafaqa aur sareeh tauseeq ke muqaable mein Imam Abu Haatim ﷫ ki ye jarh ghair-masmoo hai. Neez Imam Abu Haatim *mutashaddid* hain aur siqaat ke baare mein bhi is tarah ki jarh inse saadir hoti rehti hai. Chunache Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha:

إذا وثق أبو حاتم رجلا فتمسك بقوله، فإنه لا يوثق إلا رجلا صحيح الحديث، وإذا لين رجلا، أو قال فيه: لا يحتج

به، فتوقف حتى ترى ما قال غيره فيه، فإن وثقه أحد، فلا تبن على تجريح أبي حاتم، فإنه متثنت في الرجال، قد قال في طائفة من رجال (الصحاح): ليس بحجة، ليس بقوي، أو نحو ذلك.

"Jab Imam Abu Haatim kisi raawi ko siqa keh de'n to ise laazim pakadlo. Kyounke wo sirf sahih-ul-hadees shakhs hi ki tauseeq karte hain. Lekin jab wo kisi shakhs ko kamzor qaraar de'n ya uske baare mein ye kahe'n ke usse hujjat nahi pakdi jaaegi to is jarh mein tawaqquf ikhtiyaar karo. Yahan tak ke tum dekh lo ke doosre aimma ne iske baare mein kya kaha hai. Phir agar kisi ne is raawi ki tauseeq ki hai to Abu Haatim ki jarh ka etebaar mat karo. Kyounke wo ruwaat par jarh karne mein mutashaddid hain. Unho'n ne sahihain ke kai raawiyo'n ke baare mein ye keh diya hai ke ye hujjat nahi hain, ye qawee nahi hain, waghaera waghaera". (Siyaar Aalaam an-Nubala liz Zahbi: V13 P260)

Imam Ze'li Hanafi ﷫ (d 762h) ne kaha hai:

وقول أبي حاتم : لا يحتج به، غير قادح أيضا، فإنه لم يذكر السبب، وقد تكررت هذه اللفظة منه في رجال كثيرين من أصحاب الثقات من غير بيان السبب كخالد الحذاء و غيره.

"Imam Abu Haatim ka ye farmana: Isse hujjat nahi li jaaegi. Ghair-qaadih hai, kyounke unho'n ne sabab zikr nahi kiya aur is tarah ki jarh inse baghaer kisi tafseer ke bade-bade siqaat ke baare mein saadir hui hai, jaise Khalid al-Haza waghaera". (Nasbur Raaya: V2 P317)

Neez Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne zer-e-bahes raawi par Abu Haatim ki is jarh se mutaalliq farmaya: 'شجاع بن الوليد أبو بدر السكوني تكلم فيه أبو حاتم بعنت' *"Shuja bin al-Waleed Abu Badar al-Sakooti, un par Abu Haatim ka kalaam mabni-bar tashaddud hai"*. (Muqaddama Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: P462)

Maaloom hua ke is raawi Abu Haatim ki is jarh ka koi etebaar nahi hai aur ye raawi siqa hain.

Muhammad bin Qudaama bin Ayn al-Maseesi Ki Tauseeq:

۞ Ye Imam Abu Dawood ﷫ (d 275h) ke siqa ustaaz hain. Imam Abu Dawood ﷫ ne inse kai riwayaat bayan ki hain. Jin mein se ek yehi riwayat hai aur Imam Abu Dawood sirf siqa se riwayat karte hain:

۞ Imam Ibn al-Qattaan ﷫ (d 628h) ne kaha: 'وأبو داود لا يروي إلا عن ثقة عنده' *"Abu*

Dawood apne nazdeek sirf siqa hi se riwayat karte hain". (Bayan-ul-Waham wal Ilhaam Fee Kitab-ul-Ahkaam: V3 P466)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'إن أبا داود لا يروي إلا عن ثقة' *"Abu Dawood sirf siqa hi se riwayat karte hain"*. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V3 P180)

Imam Abu Dawood ke saath deegar aimma-e-fann ne bhi bil-ittifaaq inki tauseeq ki hai.

۞ Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha: 'صالح' *"Ye saaleh hain"*. (Tasmiyah ash Shuyookh lin Nasai: P50)

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 385h) ne siqaat mein inka zikr kiya hai. (As Siqaat li Ibne Hibban: V9 P111 [Al Usmaniya])

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha: 'ثقة' *"Ye siqa hain"*. (Ilal ad-Daraqutni: V10 P137)

۞ Imam Abu Ali al-Ghassani ﷫ (d 498h) ne kaha: 'محمد بن قدامة بن أعين مصيصي ثقة' *"Muhammad bin Qudaama bin Ayn al-Maseesi siqa hain"*. (Tasmiya Shuyookh Abu Dawood li Abu Ali al Ghassani: P97)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'ثقة' *"Ye siqa hain"*. (Al Kaashif liz Zahbi: V2 P212)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'ثقة' *"Ye siqa hain"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 6233)

Tambeeh-e-Awwal:

Abu Obaid al-Aajiri ne Imam Abu Dawood se naql kiya:

سألت أبا داود، عن محمد بن قدامة الجوهري؟ فقال: ضعيف، لم أكتب عنه شيئا قط.

"Maine Abu Dawood se Muhammad bin Qadaama Johri ke baare mein poocha to unho'n ne kaha: Ye zaeef hai, maine isse kuch bhi naql nahi kiya". (Suaalaat Abi Obaid al Aajri lil Imam Abu Dawood al Sajistaani: P277 [Al Farooq])

Arz hai ke ye "*Muhammad bin Qadama al-Johri*", zer-e-bahes raawi ke alaawa doosra shakhs hai, jo zaeef hai. Is baat ki zabardast daleel ye hai ke zer-e-bahes raawi se Imam Abu Dawood ne riwayat bhi ki hai aur

inki riwayat ko apni kitabo’n mein likha bhi hai aur Imam Abu Dawood sirf siqa hi se riwayat karte hain, jaisa ke maa-qabl mein tafseel pesh ki gai hai.

Bil-farz agar ye maan le’n ke isse muraad Muhammad bin Qadaama bin Ayn hai, to ye us waqt ki baat hai, jab Imam Abu Dawood ne usse kuch bhi riwayat nahi kiya tha. Lekin baad mein Imam Abu Dawood usse riwayat karne lage aur uski ahadees likhne lage. Balke kutub-e-sitta mein shumaar ki jaane waali kitab Sunan Abu Dawood mein bhi isse riwayat li hai. Ye is baat ki daleel hai ke Imam Abu Dawood ne apni jarh se ruju kar liya aur baad mein ise siqa tasleem karke isse riwayat karne lage.

Behrehaal hamare nazdeek raajeh baat yehi hai ke Imam Abu Dawood ne jis par jarh ki hai, wo doosra shakhs hai.

Tambeeh-e-Duwwam:

Ibne Mihriz (majhool) ne kaha:

سألت يحيىٰ بن معين عن محمد بن قدامة الجوهري فقال: ليس بشيئ.

“*Maine Yahya bin Maeen se Muhammad bin Qadaama al-Johri ke baare mein poocha to unho’n ne kaha: Uski koi haisiyat nahi hai*”. (Maarifa ar Rijaal li Ibne Maeen: V1 P57)

Arz ye hai ke Muhammad bin Qadaama al-Johri bhi zer-e-bahes raawi ke alaawa doosra shakhs hai, jo zaeef hai. Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne zer-e-bahes raawi ka tazkirah karne ke baad kaha hai:

محمد بن قدامة الجوهري الأنصاري أبو جعفر البغدادي، فيه لين، من العاشرة مات سنة سبع و ثلاثين، ووهم من خلطه بالذي قبله.

“*Muhammad bin Qadaama Johri Ansari Abu Jaafar Baghdadi. Us mein kamzori hai, ye daswe’m (10th) tabqe ke hain. 237h mein us ki wafaat hai aur jis ne us raawi ko isse qabl waale raawi ke saath khalat-malat kar diya, wo wahm[1] ka shikaar hua hai*”. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: # 6234)

Waazeh rahe ke Ibne Maeen se ye qaul naql karne waale Ibne Mihriz majhool hai. Is liye uska naql karna bhi ghair-motabar hai. Al Gharz

[1] T: (وَہْم) Gumaan, shak, waswasa, khayaal, tasawwur [RKT]

Muhammad bin Qadaama bin Ayn al Maseesi bil-ittifaaq siqa hain, kisi bhi mohaddis ne un par jarh nahi ki hai.

Ek Shubha Ka Izaala:

Agar kaha jaae ke Syedna Ali رحمة الله عليه ki is riwayat ke sirf ek turq mein fauq as-surrah 'فوق السرة' ka zikr hai, jabke iske mukammal teen (3) turq hain. Jin mein do (2) turq mein iska zikr nahi hai. To arz hai ke ye ziyaadat-e-siqa ke qabeel se hai aur guzishta safhaat mein poori tafseel ke saath bahes ho chuki hai, ke ziyaadat-e-siqa ke qubool-o-rad ka faisla qaraain ki buniyad par hota hai.

Chunache ziyaadati ki qubooliyat ka ek qareena ye hota hai ke deegar ruwaat ne ikhtisaar se kaam liya ho, yahan ikhtisaar-o-tafseel hi ka maamla hai, lihaaza ziyaadat-e-siqa maqbool hai.

Ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat ka ek qareena ye bhi hota hai ke izaafa-karda cheez ka asal matan se gehra taalluq hot, aisi soorat mein bhi ziyaadat-e-siqa maqbool hoti hai. (Urdu pdf)P260-262)

Yahan bhi yehi soorat hai, kyounke waza' yadain, mahel-e-yadain ko mustalzam hai. Yaane haath baandhna is baat ko mustalzam hai, ke haath jism ke kisi hisse par ho. Lihaaza jab us laazmi cheez ki wazaahat kisi riwayat mein mile to use qubool kiya jaaega.

Neez ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat ka ek qareena ye bhi hota hai ke izaafa-karda cheez mein asal matan ke manaafi koi baat na ho. (Urdu pdf)P258-259) Yahan par jis cheez ki ziyaadati ki gai hai, wo asal matan ke manaafi nahi hai. Balke usse ham-aahang aur uska laazim hai.

Iske alaawa ziyaadat-e-siqa ki qubooliyat mein shawaahid ko bhi pesh-e-nazar rakha jaata hai aur Ali رضي الله عنه hi se deegar riwayaat ba-sanad-e-sahih manqool hain. Jinse Ali رضي الله عنه ka seene par haath baandhna saabit hai. Un shawaahid ki bina par bhi yahan ye ziyaadati maqbool hogi.

④ Hadees-e-Abdullah bin Jaabir ﷛

Imam Ibne Hibbaan ﷬ (d 354h) ne kaha:

ثنا أبو خليفة قال: ثنا علي بن المديني قال ثنا عبدالله بن سفيان عقبة قال: سمعت جدي عقبة بن أبي عائشة يقول: رأيت عبدالله بن جابر البياضي صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع إحدى يديه على ذراعه في الصلاة.

"Uqba bin Abi Ayesha kehte hain ke maine sahabi-e-Rasool Abdullah bin Jaabir ﷛ ko dekha, aapne namaz mein apne ek haath ko apne baazu par rakha". (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P228 (Al Usmaniya); Abi Khalifa ke tareeq se Al Ahadees al Mukhtaara: V9 P130 mein; Abu Naeem ke tareeq se As Sahaaba li Abi Naeem: V3 P1600 H4054; Majmua-az-Zawaaed lil Haithami: V2 P105 mein Imam Haithami ne iski sanad ko hasan kaha hai)

Wazaahat:

Is hadees mein bhi daae'n-haath ko baae'n-haath ke 'ذراع' (kohni se beech ki ungli tak ke poore hisse) par rakhne ka amal manqool hai. Ab agar daae'n-haath ko baae'n-haath ke 'ذراع' (kohni se beech ki ungli tak ke poore hisse) par rakhenge to dono haath khud-ba-khud seene par ajaaenge. Tajarba karke dekh leejiye. Lihaaza ye hadees bhi namaz mein seene par haath baandhne ki daleel hai. (Urdu pdf)P171-174)

Iski sanad bhi sahih hai, tafseel mulaahaza ho:

Sanad Ki Tehqiq:

Uqba bin Abi Ayesha:

Aap siqa hain.

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷬ ne aapko siqaat mein zikr karte hue kaha: 'عقبة بن أبي عائشة ثقة' *"Uqba bin Abi Ayesha siqa hain"*. (As Siqaat li Ibne Hibban: V5 P228 [Al Usmaniya]))

۞ Imam Hatihami ﷬ (d 807h) ne inki zer-e-bahes hadees hi ke baare mein kaha hai: 'إسناده حسن' *"Iski sanad hasan hai"*. (Majmua-az-Zawaaed wa Manba'a al Fawaaed: V2 P105)

Naaqid mohaddis ki taraf se sanad ki tasheeh ya tehseen sanad ke rijaal

ki tauseeq hoti hai. (Urdu pdf)P535-537)

Abdullah bin Sufyan bin Uqba:

۞ Hisham bin Ammar as-Sulami (d 245h) ne kaha: 'وهو من ثقاتهم' "*Ye (madina ke) siqa logon mein se hain*". (Al Ahaad wal Masaani li Ibne Abi Asim: V4 P254 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi رحمه الله (d 277h) ne kaha: 'ليس به بأس' "*In mein koi harj nahi hai*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V5 P66)

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne inko siqaat mein zikr kiya hai. (As Siqaat li Ibne Hibban: V8 P338 [Al Usmaniya])

Imam Ali bin al-Madeeni:

Aap bahut bade mohaddis aur jarh-o-taadeel ke bahut bade imam hain. Haafiz Ibne Hajar رحمه الله (d 852h) ne kaha: 'ثقة ثبت إمام، أعلم أهل عصره بالحديث و علله' "*Aap siqa-o-sabat aur imam the, apne zamanae mein hadees aur ilal ke sabse ziyaada jankaar the*". (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 4760)

Abu Khalifa al-Fazl bin al-Hubaab bin Amr:

۞ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne inhe'n siqaat mein zikr kiya hai. (As siqaat li Ibne Hibban: V9 P8 [Al Usmaniya])

۞ Imam Zahbi رحمه الله (d 748h) ne kaha: 'وكان محدثا ثقة' "*Aap mohaddis aur siqa the*". (Taareekh-ul-Islam: V7 P92 [Basshar])

۞ Ibn al-Emad رحمه الله (d 1089h) ne kaha: 'وكان محدّثا، متقنا، ثبتا' "*Aap mohaddis, mutqin aur sabat the*". (Shazraat uz Zahab li Ibn al-Emad: V4 P27)

۞ Baaz ne aap par *rafz* ka ilzaam lagaaya hai, lekin ye ilzaam saabit nahi hai. Jaisa ke Imam Zahbi رحمه الله ne kaha:

ما علمت فيه لينا إلا قال لاسليماني: إنه الرافضة، فهذا لم يصح عن أبي خليفة.

"*Main inke baare mein koi kamzori nahi jaata hoo'n, siwaae iske ke Sulaimani ne kaha ke ye raafiza mein se the. Lekin ye baat Abu Khalifa al-Fazl bin al-Hubaab ke mutaalliq saabit nahi hai*". (Meezaan-ul-Etidaal liz Zahbi: V3 P350)

Baab 2 Ahnaaf Ke Dalaail

Fasl 1 Marfu Riwaayat - Ahnaaf Ki Khud-saakhta Hadees (Abdullah bin Abbas ﵄ Ki Taraf Mansoob Sareeh Marfoo Riwaayat)

Ahnaaf Ke Mauqif Par Koi Sareeh Marfoo Musnad Riwayat Nahi:

Ye talkh-haqiqat[1] hai ke naaf ke neeche haath baandhne se mutaalliq hazraat-e-ahnaaf ke paas ek bhi "*sareeh marfoo musnad*" riwayat nahi, na sahih na zaeef. Balke maazi ke kisi bade se bade kazzaab ne aisi koi marfoo musnad riwayat ghadee bhi nahi hai.

Yaad rahe ke sahabi ki taraf se 'من السنة كذا' waali riwayat sareehan marfoo nahi hoti. Balke hukman marfoo hai. Jaisa ke jamhoor ahle ilm ka mauqif hai, ke sahabi ka 'من السنة كذا' kehna marfoo ke hukm mein hai. Albatta baaz Shawaafe aur Ibne Hazam waghaera ise marfoo ke hukm mein bhi nahi maante, lekin raajeh yehi hai ke is seeghe ke saath sahabi ki riwayat hukman marfoo hai. Lekin use *sareeh-marfoo*[2] nahi kaha ja sakta. Balke sareeh-marfoo sirf wohi riwayat hogi, jis mein saraahatan Allah ke Nabi ﷺ ka zikr karke koi baat Allah ke Nabi ﷺ se naql ki jaae.

Waazeh rahe ke sahaba ke aasaar mein lafz-e-sunnat agar Nabi ﷺ ki taraf izaafat ke saath mustaamal na ho, to ahnaaf ke nazdeek ye sareeh-marfoo to dar-kinaar, hukmi-marfoo[3] bhi nahi hai. Kyounke unke usool ke mutaabiq marfoo maanne ke liye zaroori hai ke sahabi uski izaafat-o-nisbat bhi Allah ke Nabi ﷺ ki taraf kare.

Allama Muhammad Ahmad Sarkhasi Hanafi ﷫ (d 483h) likhte hain:

وقد ظهر من عادة الصحابة التقييد عند إرادة سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالإضافة إليه.

---

[1] T: (تَلْخ حَقِيقَت) Kadwa sach [RKT]

[2] T: (صريح مرفوع) Jo saaf aur waazeh taur par Nabi ﷺ setak mansoob ho baghair kisi shak ke [RSB]

[3] T: (صريح مرفوع) Jo saaf aur waazeh alfaaz mein Nabi ﷺ se ba-raah-e-raast mansoob ho baghair kisi shak ke [RSB]

“*Sahaba ki aadat se ye baat zaahir hai ke jab wo sunnat bol kar Nabi ﷺ ki sunnat muraad lete hain to Nabi ﷺ ki taraf uski izaafat-o-nisbat bhi karte hain*”. (Usool as Sarkhasee: V1 P381)

Isi tarah ki baat aur deegar ulama-e-ahnaaf ne bhi kahi hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye: At Taaleeq-ul-Mansoor: P70-71)

Al-gharz, ahnaaf ke paas unke mauqif par koi ek bhi *sareeh marfoo musnad* riwayat duniya ke kisi bhi kone mein maujood nahi hai, na sahih na zaeef na mauzu. Is liye baaz ahnaaf ne ye kamee poori karne ke liye naaf ke neeche haath baandhne se mutaalliq ek *sareeh-marfoo* riwayat ghadne ki na-kaam koshish ki hai. Lekin sirf matan hi ghada, uski sanad ghadne ki juraa-at nahi kar sake. Shayad is liye ke kahee’n pol na khul jaae, kyounke agar sirf matan ghadkar kitab mein likhdo to ho sakta hai ke koi ye husn-e-zan rakhe ke hazrat ne kahee’n se ise naql kiya hoga. Jaisa ke asr-e-haazir ke ahnaaf bhi shayad yehi jawab de’n.

Ibne Abbas ؓ Ki Taraf Mansoob Ahnaaf Ki Khud-saakhta Hadees:

Behrehaal naaf ke neeche haath baandhne se mutaalliq ahnaaf ki ghadee hui ye hadees mulaahaza ho. Chunache *Dirham as-Surrah* ke muallif likhte hain:

منها ما ذكره صاحب المحيط البرهاني وصاحب مجمع البحرين في شرحه على المجمع قالا: قال: ابن عباس إن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من السنة وضع اليدين على الشمال تحت السرة.

“*Naaf ke neeche haath baandhne ke dalaail mein ek daleel wo bhi hai, jise Saahib-ul-Muheet al-Burhani aur Saahib Majmua al-Bahrain ne Majmua ki sharah mein zikr kiya hai ke Abdullah bin Abbas ؓ ne farmaya ke Allah ke Rasool ﷺ ne farmaya: Sunnat mein se hai ke dono haatho’n ko baae’n-haath par rakh kar naaf ke neeche rakha jaae*”. (Dirham as Surrah Fee Waza’ al-Yadain Tahat as-Surrah: P31; Fauz al-Kiraam: P18 [qalmi])

Arz hai ke duniya ki kisi bhi kitab mein is hadees ka koi wujood nahi. Is hadees par nazar padte hi hamen laga ke shayad *Sharah Majmua al-Bahrain* ke kisi nuskhe mein ghalati se Ibne Abbas ؓ ki taraf marfooan mansoob kardi gai aur asal mein ye Ali ؓ ki mauqoof riwayat hi hogi.

Lekin hamne *Sharah Majmua al-Bahrain* ke 4 makhtutaat (qalmi nuskho'n) ka muraajah kiya to chaaro'n mein ye hadees isi tarah paai. (Dekhiye Nuskha Al Maktaba Al Azhariyya: (ق 27\ب); Doosra nuskha: Al Maktaba al Azhariyya: [ق 42\أ]; Nushqha Yahay bin Ahmad bin Ali (ق 44\ ب); Nushqa Maktaba Jaamia ar Riyadh [ق 25\أ])

Maaloom hua ke ye naasikh[1] ki ghalati nahi hai. Balke apne maslak ki taaeed mein ise ghadha gaya hai. Is riwayat ki koi sanad zikr ki gai hai, na sanad waali kisi kitab ka hawaala diya gaya hai. Is liye ye riwayat musnad nahi hai, yaane ba-sanad hai. Isi liye *Dirham as-Surrah* ke muallif ne jab is hadees ko naaf ke neeche haath baandhne ki daleel ke taur par pesh kiya to Shaikh Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi ﷺ ne bila-jhijhak ise 'عديم السند' yaane "*be-sanad kehkar rad kar diya*". (Durrah Fee Izhaar Ghash Naqad as-Surrah: P66; Al Matboo ma Dirham as Surrah: P31)

Iske be-sanad hone ke saath-saath iske alfaaz hi bata rahe hain ke ye hadees manghadat hai:

۞ Is riwayat ke matan par ghaur keejiye, is mein kaha ja raha hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne farmaya: 'من السنة' yaane sunnat mein se ye hai. Halaanke is tarah ke alfaaz sahaba ya taabaeen bolte hain.

۞ Mazeed-baraa'n is hadees mein kaha gaya hai: 'وضع اليدين على الشمال' yaane dono haatho'n ko baae'n-haath par rakhna!

Ab ye kaunsi bala hai? Bhala dono haath baae'n-haath par kaise rakhe jaaenge? Kya insaan ke 3 haath hote hain? Agar ye kaha jaata ke haatho'n ko baae'n-haath par rakhna, to iski ye taaweel ho sakti thi ke sabhi logon ke liye taleem hai aur daae'n-haatho'n ko baae'n par rakhe'n. Magar yahan tasniya[2] ke saath hai ke dono haath ko baae'n-haath par rakhna. Ye intihaai ajeeb-o-ghareeb baat hai. Ye tamaam baate'n is baat ki daleel hain ke ye riwayat khud-saakhta hai.

Is riwayat ke manghadat hone ki ek daleel ye bhi hai, khud Abdullah bin Abbas ﷺ se sahih sanad se marwi hai ke aapne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) haatho'n ko nahr ke paas (seene par)

---

[1] T: (ناسِخ) Likhne waala, kaatib, kitaab naql karne waala [RKT]
[2] T: (تَثْنِيَه) Arbi zabaan ka wo lafz jisse do (2) ki taadaad zaahir hoti hai [RKT]

rakhna muraad hai. (Ghareeb-ul-Hadees al-Habri: V2 P443 [Sanad Sahih]; Akhrajahu Bayhaqi: V2 P44 (taareekh Abi Raja) Guzishta safhaat mein ye riwayat mukammal sanad ki tehqiq ke saath pesh ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P471-495)

Yaad rahe ke asr-e-haazir mein kuch logon ne Musannaf Ibne Abi Shaiba ki ek marfoo hadees mein tehreef karke us mein 'تحت السرة' tahat as-surrah ka izaafa kar diya hai. Lihaaza koi ye na samjhe ke us baare mein ye sareeh marfoo hadees hai. Kyounke us sareeh marfoo hadees mein tahat as-surrah 'تحت السرة' ka izaafa khud-saakhta hai. Ham in sha Allah is baab ke aakhir mein us riwayat par poori tafseel se baat karenge. (Urdu pdf)P646-716)

Fasl 2 Asaar-e-Sahaba ﷺ

① Hadees-e-Ali ﷺ من السنة....

Imam Abu Dawood ﷺ (d 275h) ne kaha:

حدثنا محمد بن محبوب، حدثنا حفص بن غياث، عن عبد الرحمان بن إسحاق، عن زياد بن زيد، عن أبي جحيفة، أن علياً قال: من السنة وضع الكف على الكف في الصلاة تحت السرة.

"Syedna Ali ﷺ ne farmaya ke namaz mein hatheli ko hatheli par naaf ke neeche rakhna sunnat hai". ❶

❶ • Ye hadees Sunan Abu Dawood: V1 P201 H756; Ibne Abi Shaiba: V1 P391; Ibn al-Munzir fil Ausat: V3 P94 H1290; Sunan Daraqutni: V2 P34 H1102; Ziya al-Maqdisi ne Al Mukhtaara: V1 P402 H772 ne bhi riwayat kiya hai. Lekin Sunan wal Ahkaam: V2 P36 mein ise Abu Muawiya ki sanad se zaeef qaraar diya gaya hai.

Tahawi ne Ahkaam-ul-Quran: V1 P185 H327 mein Hafs bin Ghiyaas ki sanad se; aur Daraqutni ne Sunan Daraqutni: V2 P34 H1102 mein riwayat kiya hai; Sunan Bayhaqi: V2 P48 H2341; Abdullah bin Ahmad ne Al Musnad: V2 P222; Ibn al-Jauzi ne At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P339 H438; Mizzi ne Tehzeeb-ul-Kamaal: V9 P473 mein; Zia al-Maqdisi ne Al Mukhtaara: V1 P401 ne bhi ise naql kiya hai; Lekin Sunan wal Ahkam: V2 P36 mein Yahya bin Abi Ziyaada ki sanad se ise zaeef qaraar diya gaya hai. Tamaam raawi (Abu Muawiya, Hafs bin Ghiyaas, aur Yahya bin Abi Ziyaada) ne ise Ibne Ishaq se riwayat kiya hai.

Daraqutni: V1 P186; Al Bayhaqi: V2 P31 ne bhi Hafs bin Ghiyaas ki sanad se riwayat kiya hai. Jo Abdur Rahman bin Ishaq se hao. Wo Noman bin Saad se, aur wo Hazrat Ali ﷺ se riwayat karte hain. Suyuti ne is hadees ko Adni aur Ibne Shaheen ki Al Jaame al-Kabeer: V17 P261 se bhi mansoob kiya hai •

Ye hadees sakht zaeef hai, poori ummat ke kisi bhi alim ne ise sahih nahi kaha, balke iske zaeef hone par poori ummat ka ittifaaq hai. Jaisa ke Imam Nawavi ﷺ ka bayan aage aaraha hai.

Is Hadees Ko Zaeef Kehne Waale 10 Mohaddiseen o Ahle Ilm:

Zel mein ham 12 mohaddiseen aur deegar ulama-e-ahnaaf ke hawaale pesh karte hain, jinho'n ne is hadees ko zaeef-o-mardood qaraar diya hai:

۞ Imam Abu Dawood ﷺ (d 275h) ne Abdur Rahman bin Ishaq ki ye riwayat aur uski kuch aur riwayaat bayan karne ke baad kaha hai:

‘سمعت أحمد بن حنبل: ثضعف عبد الحمن بن إسحاق الكوفي’ “*Maine Imam Ahmad bin Hambal* ﷬ *se suna, wo Abdur Rahman bin Ishaq Kufi ko zaeef qaraar dete the*”. (Sunan Abu Dawood: V1 P201)

Maaloom hua ke Imam Abu Dawood ﷬ ne ye hadees riwayat karne ke baad iske raawi par jarh naql ki hai, goya khud Imam Abu Dawood ﷬ bhi is hadees ko sahih nahi maante, balke ise zaeef gardaante[1] hain.

۞ Imam Bayhaqi ﷬ (d 458h) ne kaha:

والذي روي عنه تحت السرة، لم يثبت إسناده. تفرد بهعبد الرحمن بن إسحاق الواسطي، وهو متروك.

“*Ali* ﷜ *se naaf ke neeche haath baandhne waali jo riwayat marwi hai, uski sanad saabi tnahi hai, use bayan karne mein Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti akela hai aur ye matrook hai*”. (Maarifa as Sunan wal Asaar lil Bayhaqi: V2 P341)

۞ Imam Abdul Bar ﷬ (d 463h) ne kaha:

وروي ذلك عن علي و أبي هريرة والنخعي، ولا يثبت ذلك عنهم.

“*Naaf ke neeche haath baandhne waala qaul Ali* ﷜, *Abu Huraira* ﷜ *aur Ibrahim Nakhai se marwi hai. Lekin ye un logon se saabit nahi hai*”. (At Tahmheed Limaa Fee al Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V20 P75)

۞ Imam Ibn al-Jauzi ﷬ (d 597h) ne kaha:

وهذا لا يصح قال أحمد: عبد الرحمن بن إسحاق ليس بشيئ، وقال يحيىٰ: متروك.

“*Ye riwayat sahih nahi hai. Imam Ahmad* ﷬ *ne kaha: Abdur Rahman bin Ishaq ki koi haisiyat nahi hai aur Imam Yahya bin Maeen* ﷬ *ne kaha: Ye matrook hai*”. (At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P339)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne likha hai: “*Yaad rahe, Ibne Jauzi ne jis sanad par eteraaz kiya. Us mein Hazrat Mugheera* ﷜ *ka tazkira hai. Jabke hamari pesh-karda sanad mein Hazrat Ali Murtaza* ﷜ *hain*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P244)

Ashrafi Sahab! Oopar jo hawaala pesh kiya hai, us mein Ibn al-Jauzi ﷬ ne khaas Ali ﷜ ki zer-e-naaf waali isi riwayat ko ghair-sahih kaha hai aur Abdur Rahman bin Ishaq par sakht jurooh naql ki hain. Ye is baat ki daleel

---

[1] T: (گرْدانْتے) Tasleem karte, acknowledged, recognized [RSB]

hai ke Ibn al-Jauzi ﷫ ki nazar mein ye raawi aur uski ye riwayat dono sakht zaeef hain.

۞ Imam Ibn al-Qattaan ﷫ (d 628h) ne kaha: 'وهو ضعيف' *"Aur wo (Abdur Rahman bin Ishaq ki 'تحت السرة' tahat as-surrah waali riwayat) zaeef hai"*. (Bayan-ul-Waham al Iham Fee Kitab-ul-Ahkam: V5 P690)

۞ Imam Ziya al-Maqdisi ﷫ (d 643h) ne kaha:

رواه علدالله بن أحمد في المسند عن غير أبيه، والدارقطني والبيهقي، من عبدالرحمن بن إسحاق. أبو شيبة الواسطي. قال: فيه الإمام أحمد: ليس بشيئ، منكر الحديث، وقال يحيىٰ: ضعيف، وقال يحيىٰ في رواية: متروك.

"Is hadees ko Abdullah bin Ahmad bin Hambal ne Musnad mein apne waalid ke waaste ke baghaer aur Daraqutni aur Bayhaqi ne Abdur Rahman bin Ishaq Abu Shaiba al-Waasiti ke tareeq se riwayat kiya hai aur uske baare mein Imam Ahmad bin Hambal ﷫ ne kaha: Uski koi haisiyat nahi hai, uski hadees mein nakaarat hoti hai aur Imam Yahya bin Maeen aur Imam Nasai ne kaha: Ye zaeef hai aur Imam Yahya bin Maeen ne ek riwayat ke mutaabiq kaha: Ye matrook hai". (As Sunan wal Ahkam: V2 P36)

۞ Imam Nawavi ﷫ (d 676h) ne kaha: 'ضعيف متفق على تضعيفه' *"Ye riwayat zaeef hai, iske zaeef hone par ittifaaq hai"*. (Sharah An Nawavi Alaa Muslim: V4 P115)

۞ Imam Ibne Abdul Haadi ﷫ (d 744h) ne kaha:

وهذا لا يصح. قال أحمد: عبد الرحمن بن إسحاق ليس بشيئ.

"Ye riwayat sahih nahi hai. Imam Ahmad ne kaha: Abdur Rahman bin Ishaq ki koi haisiyat nahi hai". (Tanqeeh ut Tehqiq li Ibn Abdul Haadi: V2 P148)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha: 'وهذا لا يصح، عبد الرحمن واه' *"Ye riwayat sahih nahi hai. Abdur Rahman bin Ishaq sakht zaeef raawi hai"*. (Tanqeeh ut Tehqiq liz Zahbi: V1 P140)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: 'وإسناده ضعيف' *"Iski sanad zaeef hai"*. (Fath-ul-Baari li Ibne Hajar: V2 P224; Ad Diraaya Fee Takhreej Ahadees al Hidaaya: V1 P128)

۞ Allama Ibne Hajar Haithami ﷫ (d 974h) likhte hain: ‘ضعيف اتفاقا’ *“Ye hadees bil-ittifaaq zaeef hai”*. (Al Iaab Sharah al Ubaab: (مخطوطه أ \ 57ق) Maktaba Jaamia al-Malik Saud: number 5541)

۞ Imam Zarqani (d1122h) ne kaha: ‘وإسناده ضعيف’ *“Iski sanad zaeef hai”*. (Sharah-az-Zarqaani Alaa al Muwatta: V1 P549)

Maaloom hua ke bahut saare mohaddiseen ne is riwayat ko zaeef kaha hai aur Imam Nawavi ke baqaul iske zaeef hone par ittifaaq hai.

Is Hadees Ke Zaeef Hone Par Ulama-e-Ahnaaf Ki Shahadate’n:

۞ Allama Aeni ﷫ (d 855h) likhte hain:

فإن قلت: كيف يكون الحديث حجة على الشافعي، وهو حديث ضعيف لا يقاوم الحديث الصحيح، والآثار التي احتج بها مالك والشافعي، وهو حديث وائل بن حجر أخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" قال: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضع يده اليمنى على اليسرى على صدره.

“Agar tum kaho ke ye hadees (hadees-e-Ali ﵁) shafai ke khilaaf kaise hujjat ho sakti hai, jabke ye zaeef hai aur us sahih hadees ke ham-palla hai, na un aasaar ke ham-palla hai, jin se Maalik aur Shafai ne hujjat pakdi hai aur wo Waael bin Hujr ﵁ ki hadees hai. Jise Imam Ibne Khuzaima ne apni ‘Sahih’, mein riwayat kiya hai. Farmaya ke maine Allah ke Rasool ﷺ ke saath namaz padhi to Aap ﷺ ne apne daae’n-haath ko baae’n par rakh kar seene par rakha”. (Al Binaaya Sharah Hidaaya lil Aeni: V2 P182)

Is ibarat mein Allama Aeni ﷫ ne tasleem kiya hai ke ‘تحت السرة’ tahat as-surrah waali Syedna Ali ﵁ ki riwayat zaeef hai.

۞ Shamsuddin Muhammad bin Muhammad bin Muhammad bin Ameer al-Haaj ﷫ (d 879h) likhte hain: ‘لم يثبت حديث يهين محل الوضع إلا حديث وائل المذكورر’ *“Kis muqaam par haath baandhe jaae’n? Iski taayyun ke silsila mein Waael bin Hujr ﵁ ki mazkura hadees ke alaawa koi hadees saabit nahi”*. (Sharah al Muniya ba-hawaala Durrah Fee Izhar Ghash Naqad as Surrah: P67 (al matbooa ma’a Dirham as Surrah)

Yaane unki nazar mein Abdur Rahman bin Ishaq waali ye riwayat bhi saabit nahi hai.

۞ Zainuddin bin Ibrahim bin Muhammad al-maaroof Baaban Nujaim al-Misri (d 970h) likhte hain:

ولم يثبت حديث يوجب تعيين المحل الذي يكون فيه الوضع من البدن إلا حديث وائل المذكور.

"*Jism ke kis hisse par haath baandhe jaae'n? Is silsila mein Waael bin Hujr ﷺ ki mazkura hadees ke alaawa koi hadees saabit nahi hai*". (Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P320)

Yaane unki nazar mein Abdur Rahman bin Ishaq waali ye riwayat bhi saabit nahi hai.

۞ Abul Hasan Nooruddin as-Sindi Hanafi (d 1138h) farmate hain:

وأما حديث أن من السنة وضع الأكف على الأكف في الصالة تحت السرة فقد اتفقوا على ضعفه. كذا ذكره الن الهمام نقلًا عن النووي و سكت عليه.

"*Rahi hadees ke sunnat mein se hai ke namaz mein hatheli ko hatheli par rakh kar naaf ke neeche rakhna to uske zaeef hone par ittifaaq hai. Imam Ibn al-Hamaam ne isi tarah Nawavi se naql kiya hai aur us par khamoshi ikhtiyaar ki hai*". (Haashiya as Sandee A'alaa Sunan Ibne Majah: V1 P271)

۞ Allama Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi (d 1163h) ne bhi is hadees ko zaeef qaraar diya hai. (Dekhiye is mauzu par unki kitabe'n maslan: Fath al-Ghafoor Fee Waza' al Aidee Alaa as-Sudoor waghaira)

۞ Allama Abdul Hai Luckhnawi ﷫ (d 1304h farmate hain:

ضعيف متفق على ضعفه، كذا قال النووي.

"*Ye hadees zaeef hai. Iske zaeef hone par ittifaaq hai, jaisa ke Nawavi ne kaha hai*". (Haashiya Alaa al Hidaaya: V1 P102; Naqala a'an Taaleeq-ul-Mansoor: P69)

۞ Maulana Anwar Shah Kashmiri ﷫ (d 1353h) farmate hain:

وأما في تحت السرة فلنا أثر علي في سنن أبي داود بسند ضعيف.

"'تحت السرة' *Tahat as-surrah ke silsila mein hamare liye Sunan Abu Dawood mein Ali ﷺ ka zaeef sanad se asar hai*". (Al Urf ash Shazi lil Kashmiri: V1 P261)

Qaraeen mulaahaza farmae'n, ke:

عبد الرحمن بن إسحاق عن زياد بن زيد عن أبي جحيفة عن علي.

Abdur Rahman bin Ishaq an Ziyaad bin Zaid an Abi Hujaifa an Ali.

عبد الرحمن بن إسحاق عن ،عمان بن سعد عن علي.

Aur Abdur Rahman bin Ishaq an Noman bin Saad an Ali, ki sanad se marwi is riwayat ko mohaddiseen muttafaqa taur par zaeef qaraar de rahe hain. Balke ulama-e-ahnaaf bhi use zaeef kehte hain. Lekin Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab farmate hain: “*Mohaddiseen-e-kiraam ko eteraaz Abdur Rahman bin Ishaq* ‘عن’ *an Noman bin Saad* ‘عن’ *an al-Mugheera ki sanad par tha. Is tarah ke raawiyo’n ki misaale’n asma ur rijaal ki kitabo’n mein mutaaddid muqamaat par maujood hain. Jamhoor mohaddiseen-e-kiraam ne Abdur Rahman bin Ishaq* ‘عن’ *an Noman bin Saad* ‘عن’ *an Ali ki sanad waali riwayaat naql ki hain aur un par etemaad zaahir kiya hai. Jinse Abdur Rahman bin Ishaq* ‘عن’ *an Noman bin Saad* ‘عن’ *an Ali ki sanad ki saqaahat mazeed waazeh ho jaati hai*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P245-246)

Arz hai, ke jamhoor to door ki baat, duniya ke kisi bhi mohaddis ne is sanad ko sahih nahi kaha.

Kya Ibn al-Qaiyyim ﷫ Ne Zer-e-Naaf Haath Baandhne Waali Hadees-e-Ali ﷜ Ko Sahih Qarar Diya Hai?

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab zer-e-bahes hadees-e-Ali ﷜ ko pesh karne ke baad Imam Ibn al-Qaiyyim ﷫ se iski tasheeh naql karte hue likhte hain: “*Hadees-e-Hazrat Ali ﷜ ke baare mein Haafiz Ibne Qaiyyim Jauzi ﷫ (d 751h) farmate hain*”

"علي من السنة في الصلاة وضع الأكف على الأكف تحت السرة. عمرو بن مالك عن أبي الجوزاء عن ابن عباس مثل تفسير علي إلا أنه غير صحيح, والصحيح حديث علي".

“*Hazrat Ali ﷜ se riwayat hai:* ‘من السنة في الصلاة’ *namaz mein sunnat hatheli ka hatheli par naaf ke neeche rakhna hai. Amr bin Maalik ﷫ ne Abi al-Jauza se, unho’n ne Hazrat Ibne Abbas ﷜ se Hazrat Ali ﷜ ki tafseer ke misl riwayat kiya hai. Magar ye riwayat sahih nahi hai aur sahih to Hazrat Ali ﷜ ki hadees hai*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P225-265)

Arz hai ke is ibaarat mein Ibn al-Qaiyyim ne jis hadees-e-Ali ﷜ ko sahih

kaha hai, wo ‘تحت السرة’ tahat as-surrah waali hadees-e-Ali ﷺ nahi. Balke tafseer waali hadees-e-Ali ﷺ hai. Kyounke ‘تحت السرة’ Tahat as-surrah waarli riwayat ke baad Ibn al-Qaiyyim ne Ibne Abbas ﷺ ki tafseeri riwayat pesh ki hai. Phir uske ham-maane Ali ﷺ ki tafseeri riwayat ki taraf ishaara kiya hai. Uske baad Ibne Abbas ﷺ ki riwayat ko ghair-sahih kaha hai. ❶

❶ • Ghaaliban Ibn al-Qaiyyim ki nigaah mein is riwayat ki Bayhaqi waali sanad thi. Jis mein Yahya bin Abi Taalib zaeef raawi hai. Jiske sabab Ibn al-Qaiyyim ne ise ghair-sahih qaraar diya. Lekin Ghareeb-ul-Hadees lil Harbi mein uski doosri sanad bhi hai. Jis mein ye zaeef raawi nahi hai. Is liye is sanad ke saath ye riwayat sahih-o-saabit hai: Isi kitaab ka safha: 471 •

Jabke Ali ﷺ ki riwayat ko sahih qaraar diya hai. Ye siyaaq is baat ki taraf ishaara karta hai ke Ibn al-Qaiyyim ne Ali ﷺ ki jis riwayat ko sahih kaha hai, wo tafseeri riwayat hai aur us tafseeri riwayat ko Ibn al-Qaiyyim ﷺ ne doosri jagah in alfaaz mein zikr kiya hai:

وقال علي في قوله تعالى ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾إنه وضع اليمين على الشمال في الصلاة تحت صدره.

“*Ali ﷺ ne Allah ke Qaul ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein kaha: Isse namaz mein daae’n-haath ko baae’n-haath par rakh kar seene ke neeche rakhna muraad hai*”. (Aalaam al-Muwaqqieen: V2 P290)

Isse mazeed taaeed is baat se hoti hai ke ‘تحت السرة’ tahat as-surrah waali Ali ﷺ ki hadees par Ibn al-Qaiyyim ne etemaad nahi kiya. Balke seene par haath baandhne waali hadees par etemaad kiya hai.

Chunache Imam Ibn al-Qaiyyim ﷺ (d 751h) ne kaha:

ثم كان يمسك شماله بيمينه فيضعها عليها فوق المفصل، ثم يضعهما على صدره.

“*Phir aap apne daae’n-haath se apne baae’n-haath ko pakadte aur daae’n haath ko us par jod ke oopar rakhte. Phir dono haatho’n ko apne seene par rakh lete*”. (Kitab-us-Salah li Ibn al-Qaiyyim: P399-400 [Adnan])

Maaloom hua ke Ibn al-Qaiyyim ki nazar mein ‘تحت السرة’ tahat as-surrah waali koi riwayat qaabil-e-etebaar nahi hai. Bil-farz maan le’n, ke Ibn al-Qaiyyim ne ‘تحت السرة’ tahat as-surrah waali hadees-e-Ali ﷺ ko sahih kaha

hai, to ye Ibn al-Qaiyyim ka *tafarrud*[1] hai. Jo mohaddiseen ke ijmaai faisle ke khilaaf hone ke sabab ghair-masmoo[2] hai.

Is Hadees Ke Sakht Zaeef Hone Ke Asbaab:

Ye hadees sakht zaeef hai, iski wajah ye hai ke iske andar kai illate'n hain, jin mein se baaz shadeed hain. Zel mein unki tafseel mulaahaza ho:

Pehli Illat: Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi Bil-ittifaaq Zaeef Hai:

Is hadees ka markazi raawi Abdur Rahman Ishaq al-Waasiti al-Kufi sakht zaeef-o-matrook hai, balke baaz ne ise muttaham qaraar diya hai.

Naaqideen Ki Jarh:

❁ Imam Ibne Saad ﷬ (d 230h) ne kaha: 'كان ضعيف الحديث' *"Ye zaeef-ul-hadees tha"*. (At Tabaqaat al-Kubra: V6 P361 [Daar Saadir])

Imam Ibne Maeen Aur Ahmad bin Hambal Ki Taraf Se Matrook Ki Jarh:

❁ Imam Ibne Maeen ﷬ (d 233h) ne kaha: 'عبدالرحمٰن بن اسحاق الكوفى ضعيف' *"Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi zaeef hai"*. (Taareekh Ibne Maeen: V3 P324)

Neez Abu Bashar Dulaabi ke ba-qaul Ibne Maeen ne ye bhi kaha hai: 'متروك' *"Ye matrook hai"*. (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V5 P495 ورجاله ثقات ما عدا الدولابي)

Imam Ziya al-Maqdisi ne bhi Ibne Maeen se *matrook* ki jarh naql ki hai. (Urdu pdf)P561) Iski taaeed is baat se bhi hoti hai ke Imam Ibne Maeen ﷬ ne iske baare mein ye bhi kaha hai: 'ليس بشيئ' *"Iski koi haisiyat nahi hai"*. (Tareehq Ibne Maeen: V4 P46 [Riwaaya ad-Doori]; Suaalaat Ibnul Junaid li Ibne Maeen: P320)

'ليس بشيئ' sakht qism ki jarh hai, jaisa ke mutaaddid mohaddiseen ne saraahat ki hai. (Alfaaz-o-Ibaraat al Jarh wa Taadeel: P307; Fathul Mughees: V2 P123;

[1] T: (مُتَّهَم) Jis par tohmat lagaai jaae, jis par ilzaam lagaaya jaae [RKT]
[2] T: (غَير مَسْمُوع) Jo nahi suna ja sakta [RKT]

Tadreeb ur Raawi: V1 P409-410)

Imam Ibne Maeen ke nazdeek bhi aam halaat mein ye isi maane mein hai, balke basa-auqaat aapne kazzaab aur wazzaa[1] raawiyo'n par bhi inhee'n alfaaz mein jarh ki hai. Masalan ek kazzaab ke baare mein farmate hain: 'كذاب ليس بشيئ'[2] . (Suaalaat Ibnul Junaid: H523 aur number 293-417-484)

Neez, ek wazzaa ke baare mein farmate hain: 'ليس بشيئ يضع الأحاديث'[3]. (Taareekha Riwaayat ad-Doori: H4213)

Waazeh rahe ke Imam Ibne Maeen *qaleel-ul-hadees ke maane mein bhi ye jarh karte the, lekin yahan is maane ke liye koi qareena nahi hai. Balke qareena to ye hai ke unho'n ne yahan shadeed jarh muraad li hai. Kyounke unse us raawi ki tazeef bhi manqool hai aur matrook ki jarh bhi.*

❁ Imam Ahmad bin Hambal ﷫ (d 241h) ne kaha:

عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي، متروك الحديث.

"*Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi, matrook-ul-hadees hai*". (Al Ilal li Ahmad: V2 P31 [Al Azhari])

Ek Mughalate Ka Izaala:

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab '*Imam Ahmad ke qaul ki tehqiq*, ka unwaan lagaakar Maulana Zubair Ali Marhoom par rad karte hue likhte hain: "*Zubair Ali Zai Saahab ne apne mazmoon mein Imam Ahmad bin Hambal ke hawaale (Kitab-ul-Ilal: V1 P350 number 1289) se Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi ko matrook-ul-hadees likha hai. (Al Hadees: 90 P23-24)*"

"*Jawab: Zubair Ali Zai ne in alfaaz se muttasil aage mazeed alfaaz ko chupaakar bahut badi ilmi khiyaanat ki hai. Imam Ahmad bin Hambal ki poori ibaarat you'n hai:*"

سمعت أبي يقول: عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي، متروك الحديث، يعني الذي يحدث عنه ابن إدريس، و ابن بضيل.

"*Hazrat Imam Ahmad ﷫ ke saahibzaade Hazrat Abdullah ﷫ farmate*

[1] T: (وَضّاع) Waza' karne waala, banaane waala, jhooti hadeese'n ghadne waala [RKT]
[2] T: Ye raawi jhoot hai, aur koi qaabil-e-etebaar haisiyat nahi rakhta [RSB]
[3] T: Ye koi cheez nahi, ye hadeese'n ghadta tha [RSB]

hain ke maine apne baap ko ye kehte hue suna ke Hazrat Abdur Rahman bin Ishaq Kufi ؒ matrook-ul-hadees hai. Yaane matrook-ul-hadees sirf us waqt hain, jab unse Ibne Idrees ؒ aur Ibne Fuzail ؒ riwayat kare'n". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P246)

Arz hai ke, jis shakhs ko itni bhi tameez nahi ke kutub-e-rijaal ki ibarate'n samajh sake, wo naa-jaane kis khush-fehmi mein kitaabe'n likhne baith gaya hai?!!

Qaraeen-e-Ikram! '*Al Ilal*, ki ibaarat ghaur se padhe'n. Matlab bahut hi waazeh hai, ke jis Abdur Rahman bin Ishaq ko Imam Ahmad ne matrook kaha hai, uski taayyun karte hue unke bete ne wazaahat kardi hai, ke us matrook se muraad wo Abdur Rahman bin Ishaq hai, jisse Ibne Idrees aur Ibne Fuzail riwayat karte hain. Yaane yahan ye wazaahat Abdur Rahman bin Ishaq ke taayyun ke liye hai, naake ye bataane ke liye Abdur Rahman bin Ishaq matrook tab hoga, jab usse ye log riwayat karenge. Jaisa ke Ashrafi Saahab ne samajha hai!!

Kitni ajeeb baat hai, apni jahaalat ke bal-boote par doosro'n par ilmi khiyaanat ka ilzaam lagaaya ja raha hai!

Al-gharz Imam Ahmad ne Abdur Rahman bin Ishaq ko alal-itlaaq matrook qaraar diya hai. Imam Ahmad ki ye sakht-tareen jarh hai, iske alaawa us par Imam Ahmad ki mazeed jarh mulaahaza ho. Imam Abu Dawood ؒ kehte hain: 'سمعت أحمد بن حنبل يضعف عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي' "*Maine Imam Ahmad bin Hambal ko suna, wo Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi ko zaeef qaraar de rahe the*". (Sunan Abu Dawood: V1 P260)

Imam Abu Taalib ؒ kehte hain:

سألت أحمد بن حنبل عن أبي شيبة الواسطي عبد الرحمن ابن إِسحاق، فقال: ليس بشيئ منكر الحديث.

"*Maine Imam Ahmad bin Hambal se Abu Shaiba al-Waasiti Abdur Rahman bin Ishaq ke baare mein poocha to unho'n ne kaha: Ye kisi kaam ka nahi aur munkar-ul-hadees hai*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibn Abi Haatim: V5 P213 [Al Muallimi])

In tamaam aqwaal se saaf maaloom hota hai, ke Imam Ahmad ؒ ke nazdeek Abdur Rahman bin Ishaq zaeef, matrook, munkar-ul-hadees aur

kisi laayaq nahi hai. Lekin iske bawujood bhi ilm-o-faham se aari[1] hokar janab Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab, Imam Ahmad ﷫ ki munkar-ul-hadees waali jarh ka ye matlab bataane baith gae ke isse tafarrud muraad hai. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P229-231)

Halaanke Imam Ahmad ke doosre aqwaal se poori tarah waazeh hai ke Imam Ahmad ke nazdeek ye raawi sakht zaeef hai. Is liye nakaarat waale qaul se bhi sakht jarh hi muraad hai, naake tafarrud.

Ek Aur Ghalat Fehmi Ka Izaala:

Suaalaat Abu Dawood ke mohaqqiq Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi se mutaalliq Imam Ahmad ke aqwaal ka tazkirah karte hue likhte hain:

وقال في روايات عبد الله والمروذي، و أبي طالب، وابن زنوجويه: صالح الحديث.

"*Imam Ahmad ﷫ ne Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi ke baare mein Abdullah, Mirwazi, Abu Taalib aur Ibne Zanjawiya ki riwayaat ke mutaabiq 'Saaleh-ul-Hadees', kaha hai*". (Suaalaat Abu Dawood: P53 [Tehqiq Ziyad Muhammad Mansoor])

Arz hai ke Daktoor Ziyaad Saahab ko bahut badi ghalat-fehmi hui hai, kyounke Abdullah, Mirwazi, Abu Taalib aur Ibn Zanujawayh ki riwayaat ke mutaabiq Imam Ahmad ne jise '*Saaleh-ul-Hadees'*, kaha hai, wo '*Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi*, nahi. Balke '*Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Madeeni*, hai.

❁ Abdullah ki riwayat you'n hai:

سألته عن عبد الرحمن بن إسحاق المديني الذي روى عنه ابن علية و بشر بن المفضل و يزيد بن زريع و خالد الطحان قال هو صالح الحديث.

"*Maine Imam Ahmad ﷫ se is 'Abdur Rahman bin Ishaq al-Madeeni, ke baare mein poocha, jisse Ibne Aaliya, Bashar bin al-Mufaddal, Yazeed bin Zurai aur Khalid at-Tahaan ne riwayat kiya hai. To unho'n ne kaha: Ye saaleh-ul-hadees hai*". (Al Ilal wa Maarifa ar Rijaal li Ahmad: V2 P352 [Wasee])

Ghaur kare'n, yahan poori saraahat ke saath '*Abdur Rahman bin Ishaq*, ke saath '*Al Madeeni*, ka lafz likha hua hai. Is liye ye Abdur Rahman bin

[1] T: (عاری) Khaali, mehroom [RKT]

Ishaq al-Kufi nahi hai.

❁ Mirwazi ki riwayat you’n hai: ‘وقال المروزي عن أحمد أما ما كتبنا من حديثه فصحيح’ *“Aur Mirwazi ne Imam Ahmad se naql kiya: Ham ne iski jo ahadees likhi hain, wo sahih hain”*. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V6 P139 [Al Hind])

Mirwazi ki ye riwayat Imam Ahmad ne ‘*Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi*, ke tarjuma mein nahi. Balke ‘*Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Madeeni*, ke tarjuma mein pesh ki hai. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V6 P139 [Al Hind])

❁ Abu Taalib ki riwayat you’n hai:

سألت أحمد بن حنبل عن عبد الرحمن بن إسحاق المديني، فقال: روى عن أبي الزناد أحاديث منكرة، وكان يحيى لا يعجبه، قلت: كيف هو؟ قال: صالح الحديث.

“*(Abu Taalib kehte hain) Maine Imam Ahmad se ‘Abdur Rahman bin Ishaq al-Madeeni, ke baare mein poocha, to unho’n ne kaha: Isne Abu-az-Zinaad se munkar riwayaat bayan ki hain aur Imam Yahya use pasand nahi karte the. Maine kaha: Ye kaisa hai? To Aap* عليه السلام *ne kaha: Ye saaleh-ul-hadees hai*”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V5 P212 [Al Muallimi])

Yahaa’n bhi poori saraahat ke saath Abdur Rahman bin Ishaq ke saath ‘*Al Madeeni*, ka lafz likha hua hai. Is liye ye Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi hargiz nahi hai.

❁ Ibne Zanujawayh ki riwayat you’n hai:

سمعت أحمد بن حنبل يقول عبد الرحمن بن إسحاق المديني رجل صالح أو مقبول.

“*(Ibne Zanujawayh kehte hain ke) Maine Imam Ahmad bin Hambal ko kehte hue suna: Abdur Rahman bin Ishaq al-Madeeni saaleh shakhs ya maqbool hai*”. (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V5 P490)

Yahan bhi poori saraahat ke saath Abdur Rahman bin Ishaq ke saath ‘*Al Madeeni*, ka lafz likha hua hai. Is liye ye Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi hargiz nahi hai.

Qaraeen! Mulaahaza farmae’n ke tamaam riwayaat mein ‘Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi, se mutaalliq nahi. Balke ‘Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Madeeni, se mutaalliq

hain. Lekin Daktoor Ziyaad Saahab ne intihaai be-parwahi dikhate hue inhe'n 'Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi, se mutaalliq samajh liya. Jiske zaeef hone par tamaam aimma-e-fann ka ittifaaq hai. Balke khud Imam Ahmad bin Hambal ﷫ ne ise waazeh taur par zaeef, matrook aur munkar-ul-hadees waghaera kaha hai. كَمَا مَضَىٰ

Baaz ahnaaf Daktoor Ziyaad ki is faash ghalati ka sahara lekar ye kehte hue nazar aate hain ke Imam Ahmad ne 'Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi, ko saaleh-ul-hadees kaha hai. Ahnaaf ki is be-basee par taras aata hai, ke ye be-chaare asr-e-haazir ke ek Daktoor ki ghalati hi ko daleel banaakar baithe hain. Balke shayad unhe'n bhi pataa hai ke unke daktoor ne ghalati ki hai. Isi liye ye log asal maraaje se hawaale nahi dikha rahe hain. Balke Daktoor Saahab ke alfaaz dikha-dikha kar saada looh musalmano ko fareb de rahe hain.

Imam Bukhari Ki Taraf Se 'فيه نظر' Ki Jarh:

❁ Imam Bukhari ﷫ (d 256h) ne kaha: 'فيه نظر' *"Iska maamla mahel-e-nazar hai"*. (At Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V5 P259; At Taareekh al Ausat lil Bukhari: V2 P43)

Neez kaha: 'عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي وهو ضعيف الحديث' *"Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi, ye zaeef-ul-hadees hai"*. (Al Ilal-ul-Kabeer lit Tirmizi: P72)

❁ Imam I'jli ﷫ (d 261h) ne kaha: 'ضعيف جائز الحديث، يكتب حديثه' *"Ye zaeef hai, isse riwayat karna jaaiz hai, iski hadees likhi jaaegi"*. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V6 P137; Maarifa as-Siqaat lil I'jli: V2 P72)

❁ Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷫ (d 264h) ne kaha: 'ليس بقوي' *"Ye qawee nahi hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V5 P213 [Sanad Sahih])

❁ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h) ne kaha:

ضعيف الحديث، منكر الحديث، يكتب حديثه، ولا يحتج به.

"Ye zaeef-ul-hadees hai, iski hadees mein nakaarat hoti hai, iski hadees likhi jaaegi. Magar usse daleel nahi pakdi jaaegi". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V5 P213)

❁ Imam Yaqoob bin Sufyan al-Faswi رحمہ اللہ (d 277h) ne kaha: 'ضعيف' *"Ye zaeef hai"*. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V6 P137; Taareekh Yaqoob; Al Maarifa wat Taareekh: V3 P59)

Imam Tirmizi Ki Jarh:

❁ Imam Tirmizi رحمہ اللہ (d 279h) ne kaha:

قد تكلم بعض أهل العلم في عبد الرحمن بن إسحاق هذا من قبل حفظه، وهو كوفي.

"Baaz ahle ilm ne is Abdur Rahman bin Ishaq ke baare mein iske haafize ke lihaaz se kalam kiya hai aur ye Kufi hai". (Sunan Tirmizi: V4 P673 [Shakir])

Waazeh rahe ke jin ahle ilm ne haafize ke lihaaz se jarh ki hai, unho'n ne haafize par maamooli jarh nahi ki. Balke shadeed jarh karte hue ise matrook tak kaha hai. Lihaaza Imam Tirmizi ke kalaam mein haafize ki jis jarh ka zikr hai, usse shadeed jarh muraad hai.

Ye bhi yaad rahe ke Imam Trimizi ne jin baaz mohaddiseen ke kalaam ki taraf ishaara kiya hai, un mohaddiseen ke khilaaf kisi bhi mohaddis ka qaul maujood nahi. Lihaaza baaz mohaddiseen ka ye kalaam muttafiq-alae hai, isi liye Imam Nawavi رحمہ اللہ ne is par aimma-e-jarh-o-taadeel ka ittifaaq naql kiya hai. كما سيأتي

❁ Imam Nasai رحمہ اللہ (d 303h) ne kaha: 'ضعيف' *"Zaeef"*. (Az Zoafa wal Matrukeen lin Nasai: P66)

❁ Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ (d 311h) ne kaha: 'ضعيف الحديث' *"Ye zaeef-ul-hadees hai"*. (At Tauheed li Ibne Khuzaima: V2 P545)

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: *"<u>Eteraaz</u>: Imam Ibne Khuzaima ne Kitab-ut-Tauheed: V1 P325 mein Abdur Rahman bin Ishaq an Noman bin Saad an Ali waali sanad ke baare mein likha hai: Abdur Rahman bin Ishaq an Noman bin Saad an Ali ki sanad se akhbaar-e-munkarah riwayat karta hai"*.

"<u>Jawab</u>: Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ ki ye jarh mukhtalif wujuhaat ki wajah se qaabil-e-iltifaat nahi hai. Akhbaar-e-munkarah se muraad riwayat ya raawi ka zof nahi hai. Balke tafarrud muraad hai aur tafarrud waali jarh ko zaeef hone par laagu karna ek ilmi bad-dayaanati hai. Is tarah ki bad-

dayaanati to ghair-muqallid Zubair Ali Zai ki tehreero'n mein aam hai". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P244-245)

Kis qadar be-hayaai aur be-sharmi ki baat hai ke Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab khud ilmi bad-dayaanati karke doosro'n par ilmi bad-dayaanati ki tohmat laga rahe hain!!

Ashrafi Saahab ne Ibne Khuzaima ka kalaam naql karne mein haath ki jo safaai dikhaai hai, uska pol kholne ke liye zel mein ham Imam Ibne Khuzaima ka poora kalam naql karte hain. Mulaahaza ho:

عبد الرحمن بن إسحاق، هذا هو أبو شيبة الكوفي، ضعيف الحديث، الذي روى عن النعمان بن سعد، عن علي بن أبي طالب، عن النبي صلى الله عليه وسلم أخبارا منطرة.

"Abdur Rahman bin Ishaq ye Abu Shaiba al-Kufi hai. Ye zaeef-ul-hadees hai. Is ne Noman bin Saad an Ali an an-Nabi ﷺ ki sanad se munkar riwayaat naql ki hain". (At Tauheed li Ibne Khuzaima: V2 P545)

Qaraeen! Mulaahaza farmae'n, ke Imam Ibne Khuzaima رحمه الله ne pehle us raawi ke zaeef-ul-hadees hone ka faisla kar diya aur uske baad kaha ke ye munkar riwayaat banyan karta hai. Isse saaf zaahir hai ke unke kalam mein munkar se muraad tafarrud nahi, balke zaeef riwayaat hain.

Lekin Ashrafi Sahab, Imam Ibne Khuzaima رحمه الله ke kalam ka ibtidaai hissa chupa kar '*ulta chor kotwaal ko daantne*', waali misaal par amal karte hue doosro'n par bad-dayaanati ka lable lagaa rahe hain. إنا لله و إنا إليه راجعون

❁ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne kaha:

كان ممن يقلب الأخبار والأسانيد، وينفرد بالمناكير عن المشاهير، لا يحل الاحتجاج بخبره.

"Ye un logon mein se tha, jo ahadees aur sanado'n mein ulat-palat karte the aur mashoor logon se munkar riwayaat bayan karte the. Iski hadees se hujjat pakadna jaaiz nahi hai". (Al Majruheen li Ibne Hibban: V2 P54)

Imam Daraqutni Ki Taraf Se Matrook Ki Jarh:

❁ Imam Daraqutni رحمه الله (d 385h) ne kaha: 'عبد الرحمن بن إسحاق ضعيف.' *"Abdur Rahman bin Ishaq zaeef hai"*. (Sunan Daraqutni: V2 P121)

Neez, Imam Daraqutni ne ise matrook bhi kaha hai. (Dekhiye: Kitab az-Zoafa

wal Matrukeen lid Daraqutni: P145 (Al Azhari); Muqadaama kitab uz Zoafa: P63)

Imam Ibne Hamkaan Aur Imam Barqaani Ki Taraf Se Bhi Matrook Ki Jarh:

❁ Imam Ibrahim bin al Hussain bin Hamkaan (d before 385h) aur Imam Barqaani (d 425h) ne bhi Imam Daraqutni ke saath ise matrook kaha hai. (Dekhiye: Muqaddama Kitab az-Zoafa wal Matrukeen lid Daraqutni: P63 [Al Azhari])

Imam Bayhaqi Ki Taraf Se Matrook Ki Jarh:

❁ Imam Bayhaqi رحمه الله (d 458h) ne kaha: 'عبد الرحمن بن إسحاق متروك' *"Abdur Rahman bin Ishaq matrook hai"*. (Suann Kubra lil Bayhaqi: V2 P48)

Imam Ibn al-Qisraani Ki Taraf Se Matrook Ki Jarh:

❁ Haafiz Muhammad bin Tahir ibn al-Qisraani رحمه الله (d 507h) ne kaha: 'متروك الحديث' *"Ye matrook-ul-hadees hai"*. (Zakheera tul Huffaz li Ibnul Qisraani: V3 P1374)

Ibn al-Jauzi Ne Ise Muttaham Qaraar Diya:

❁ Imam Ibn al-Jauzi رحمه الله (d 597h) ne kaha:

والمتهم به عبد الرحمن بن إسحاق، وهو أبو شيبة الواسطي.

"Is hadees ko ghadne waala Abdur Rahman bin Ishaq hai aur ye Abu Shaiba al-Waasiti hai". (Al Mauzuaat li Ibn al-Jauzi: V3 P584 [Shukri])

Imam Ibn al-Jauzi رحمه الله ne apni kitab Zoafa mein Abdur Rahman bin Ishaq aur kai mohaddiseen se us par jarh naql ki hai aur is zimn mein ye bhi kaha hai ke ye Noman an al Mugheera ki sanad se munkar ahadees bayan karta hai. Is par Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab likhte hain: *"Yaad rahe, Ibne Jauzi ne jis sanad par eteraaz kiya, us mein Hazrat Mugheera رضي الله عنه ka tazkirah hai. Jabke hamari pesh-karda sanad mein Hazrat Ali al-Murtaza رضي الله عنه hain. Lihaaza is farq ko malhooz-e-khaatir rakha jaae aur koi ghair-muqallid is mein bad-dayaanati na kare. Mazeed ye nukta bhi bahut ahem aur qaabil-e-deed hai ke Hazrat Allama Ibne Jauzi ne Abdur Rahman bin Ishaq par zaeef ki nahi, balke ahadees-e-manakeer ki jarh ki hai…"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P244)

Arz hai, ke bad-dayaanati to aapne ki hai ke Imam Ibn al-Jauzi ki poori ibaarat chupaali aur sirf ek tukda naql kiya, halaanke Imam Ibn al-Jauzi ne mazkura kalam ke saath deegar aimma-e-naqd se us par sakht jurooh naql ki hain. Chunache kaha:

عبد الرحمن بن إسحاق بن الحارث أبو شيبة الواسطي يروي عن أبيه وعن الشعبي و محارب، و يحدث عن النعمان عن المغيرة أحاديث مناكير. قال أحمد: ليس بشيئ منكر الحديث، وقال يحيىٰ و النسائي: ضعيف وقال يحيىٰ مرة: متروك.

"*Abdur Rahman bin Ishaq bin al-Haaris Abu Shaiba al-Waasiti, apne waalid, Shaabi aur Mahaarib se riwayat karta hai. Ye Noman an al-Mugheera ki sanad se munkar riwayaat bayan karta hai. Imam Ahmad ne kaha: Ye kisi kaam ka nahi aur munkar-ul-hadees hai. Imam Yahya aur Imam Nasai ne kaha: Ye zaeef hai aur Imam Yahya bin Maeen ne doosre mauqe par kaha: Ye matrook hai*". (Al Mauzuaat li Ibn al-Jauzi: V2 P89 [Al Qaazi])

Qaraeen! Mulaahaza farmae'n ke Imam Ibn al-Jauzi ne ek tareeq se uski munkar riwayaat ki taraf ishaara karne ke baad us par aimma-e-naqd se sakht jurooh naql ki hain. Jiska matlab ye hai ke ye raawi asalan hi sakht zaeef-o-mardood hai. Is liye kisi tareeq mein bhi ye motabar nahi. Neez deegar jurooh naql karke Ibn al-Jauzi ne ye bhi ishaara de diya ke un par jarh tafarrud ki nahi, balke zof-e-shadeed ki hai.

Agar is par bhi Ashrafi Saahab ko tasalli na ho to guzishta safhaat mein ham ne Ibn al-Jauzi ka jo qaul pesh kiya hai, use padhe'n aur dekhe'n ke us mein to Ibn al-Jauzi ne Abdur Rahman bin Ishaq ko ek riwayat mein muttaham, yaane hadees ghadne waala keh diya hai.

Neez Imam Bukhari ne iske baare mein 'فيه نظر' kaha hai. كَمَا مَضَىٰ

Aur aage wazaahat aarahi hai ke Imam Zahbi ne Bukhari ki us jarh ko muttaham ki jarh ke maanind kaha hai. Allama Burhanuddin al-Halabi (d 841h) ne isi sabab iska tazkirah hadees ghadne waale ruwaat mein kiya hai. (Dekhiye: Al Kashf-ul-Hatheeth A'aman Ramee Bi Waza' al Hadees lil Halabi: P163)

Alaawa-azee'n, sabse ahem baat ye hai ke jis riwayat ke difa ke liye Ashrafi Saahab Abdur Rahman bin Ishaq ko Ibn al-Jauzi ki jarh se bacha

rahe hain, Imam Ibn al-Jauzi ﷬ ne khud us riwayat ko ghair-sahih qaraar diya hai. (Urdu pdf)P560)

Imam Nawavi Ne Iski Tazeef Par Aimma Ka Ittifaaq Naql Kiya:

❁ Imam Nawavi ﷬ (d 676h) ne kaha: 'هم ضعيف باتفاق أئمة الجرح و التعديل' *"Ye zaeef hai, is par aimma-e-jarh-o-taadeel ka ittifaaq hai"*. (Al Majmua'a: V3 P260)

Imam Zahbi Se 'واه' (Sakht Zaeef) Ki Jarh:

❁ Imam Zahbi ﷬ (d 748h) ne kaha: 'عبد الرحمن بن إسحاق كوفي ضعيف' *"Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi zaeef hai"*. (Al Mustadrak lil Haakim Ma' Taaleeq liz Zahbi: V2 P415)

Neez kaha: 'واه' *"Ye sakht zaeef hai"*. (Talkhees Kitab-ul-Mauzua'aat liz Zahbi: P353)

❁ Imam Ibn al-Mulaqqin ﷬ (d 804h) ne kaha: 'ضعيف' *"Ye zaeef hai"*. (Al Badar-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V4 P177)

Haafiz Ibne Hajar Ki Taraf Se Matrook Ki Jarh:

❁ Haafiz Ibne Hajar ﷬ (d 852h) ne kaha: 'كوفي ضعيف' *"Ye kufi aur zaeef hai"*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 3799)

Balke ek doosri kitab mein zer-e-bahes hadees hi par tabsara karte hue kaha: 'وفيه عبد الرحمن بن إسحاق الواسطي، وهو متروك' *"Iski sanad mein Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti hai aur ye matrook hai"*. (Talkhees-ul-Habeer li Ibne Hajar: V1 P490)

❁ Allama Nemwi Hanafi ﷬ kehte hain:

وفيه عبد الرحمن بن إسحاق الواسطي، وهو ضعيف.

"Iski sanad mein Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti hai aur ye zaeef hai". (Aasaar as-Sunan: P111 [Karachi])

Is tafseel se maaloom hua ke ye raawi bil-ittifaaq zaeef hai aur iska zof shadeed hai. Kyounke Imam Bukhari ne iske baare mein 'فيه نظر' kaha hai. Imam Bukhari jiske baare mein ye jarh kare'n, wo Imam Bukhari ke

nazdeek sakht zaeef-o-matrook hota hai.

Imam Bukhari Ki Jarh ‘فيه نظر’ Intihaai Shadeed Hai:

⎈ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha hai:

وقد قال البخاري: فيه نظر، ولا يقول هذا إلا فيمن يتهمه غالبا.

“Imam Bukhari ne kaha ‘فيه نظر’ aur Imam Bukhari aam taur se aissa usi raawi ko kehte hain, jo unke nazdeek muttaham hota hai”. (Al Kaashif liz Zahbi: V1 P68)

Guzishta safhaat mein guzar chuka hai ke Ibn al-Jauzi ne is raawi ko saraahatan *muttaham* kaha hai.

Imam Bukhari Ki Is Jarh Se Mutaalliq Ahle Ilm Ke Tabsare:

⎈ Imam Ibne Kaseer ﷫ (d 774h) ne kaha:

إن البخاري إذا قال في الرجل: "سكتوا عنه"، أو "فيه نظر"، فإنه يكون في أدنى المنازل وأردئها عنده.

“Imam Bukhari jab kisi raawi ke baare mein ‘سكتوا عنه’, ya ‘فيه نظر’ kehte hain to inke nazdeek sabse kamtar aur sabse ghatiyan darje ka hota hai”. (Al Baaa’ath al Hatheeth Ilaa Iqhtesaar Uloom-ul-Hadees: P106)

⎈ Imam Zainuddin al-Iraqi ﷫ (d 806h) ne kaha:

وفيه نظر، وسكتوا عنه، وهاتان العبارتان يقولهما البخاري فيمن تركوا حديثه.

“‘فيه نظر’ aur ‘سكتوا عنه’ ye dono ibaarate’n Imam Bukhari us raawi ke baare mein kehte hain, jo matrook hota hai”. (At Taqaiyyud wal Izaah: P163)

⎈ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha:

قال البخاري: فيه نظر، وهذه العبارة يقولها البخاري في من هو متروك.

“Ke baare mein Imam Bukhari ne kaha: ‘فيه نظر’ aur ye ibaarat Imam Bukhari is raawi ke baare mein kehte hain, jo matrook hota hai”. (Al Qaul-ul-Musdad: P10)

⎈ Imam Suyuti ﷫ (d 911h) ne kaha: ‘البخاري يطلق: فيه نظر، وسكتوا عنه، فيمن تركوا حديثه’ *“Imam Bukhari ‘فيه نظر’ aur ‘سكتوا عنه’ ka itlaaq us raawi par karte hain, jo matrook hota hai”*. (Tadreeb ur Raawi: V1 P349)

⎈ Maulana Abdul Hai Luckhnawi (d 1304h) ne kaha:

قول البخاري في حق أحد من الرواة: فيه نظر، يدل على أنه متهم عنده.

"*Imam Bukhari ka kisi raawi ke baare mein* 'فيه نظر' *kehna is baat ki daleel hai ke wo inke nazdeek mutham hai*". (Ar Rafa'a wat Takmeel: P388)

⎈ Allama Ma'allami (d 1386h) ne kaha:

وقال البخاري: "فيه نظر" معدودة من أشد الجرح في اصطلاح البخاري.

"*Imam Bukhari ne kaha* 'فيه نظر' *aur ye Imam Bukhari ki istilaah mein shadeed-tareen jarh shumaar hoti hai*". (At Tankeel Bimaa Fee Taneeb al Kausari Minal Abateel: V2 P495)

⎈ Ibn al-Hamaamuddin al-Askandri al-Hanafi ﷺ (d 861h) ne kaha:

وفي الجرح: كذاب، وضاع، دجال، يكذب، هالك، ثم ساقط، متهم بالكذب والوضع، ذاهب و متروك، ومنه للبخاري: فيه نظر... ففي هذه لا حجية ولا استشهاد ولا اعتبار.

"*Jarh mein kazzab, wazzaa, dajjal, yakzub aur haalik ke alfaaz hain. Phir saaqit, muttaham bil-kizb wa al-wazzaa, zaahib aur matrook ke alfaaz hain. Isi qabeel se Imam Bukhari ki jarh* 'فيه نظر' *hai... is tarah ki jarh jis par ho jaae, wo na hujjat hai, na usse istish-haad kiya ja sakta hai, na etebaaran uski riwayat ki ja sakti hai*". (At Tehreer Fee Usool al Fiqh: P371)

⎈ Maulana Zafar Ahmad Thanwi Hanafi (d 1394h) ne kaha:

البخاري يطلق: فيه نظر، وسكتوا عنه، فيمن تركوا حديثه.

"*Imam Bukhari* 'فيه نظر' *aur* 'سكتوا عنه' *ka itlaaq us raawi par karte hain, jo matrook hota hai*". (Qawaaid Fee Uloom-ul-Hadees: P254)

In mohaddiseen aur ahle ilm ke khilaaf asr-e-haazir ke baaz logon ka Imam Bukhari ki us jarh ki koi aur tafseer pesh karna ghair-maqbool hai. Maaloom hua ke Imam Bukhari ke nazdeek ye raawi sakht zaeef aur matrook hai.

Imam Bukhari ke alaawa Imam Ahmad bin Hambal, Imam Daraqutni, Imam Inb Hamkaan, Imam Barqaani, Imam Bayhaqi, Haafiz Muhammad bin Taahir ibn al-Qisaraani aur Haafiz Ibne Hajar رحمهم الله ne ise matrook qaraar diya hai. Balke Abu Bashar ad-Dulaabi ki riwayat ke mutaabiq

Imam Ibne Maeen رحمه الله ne bhi ise matrook kaha hai. Aur Imam Ziya al-Maqdisi ne bhi Ibne Maeen se *matrook* ki jarh naql ki hai. Neez Ibn al-Jauzi ne bhi Ibne Maeen se *matrook* ki jarh naql ki hai. (Dekhiye: At Tehqiq Fee Masaail al Khilaf: V1 P339)

Neez, Imam Abu Haatim ne ise munkar-ul-hadees kaha hai. Balke Ibn al-Jauzi ne to ise muttaham kaha hai. Lihaaza aisa raawi sakht zaeef aur uski riwayat *hasan li-ghaerihi* ke baab mein bhi na-qaabil-e-qubool hoti hai.

Bi-tasreeh Imam Nawavi Iske Zaeef Hone Par Ittifaaq o Ijma Hai:

Darj-e-baala tafseel se maaloom hua ke is raawi ke zaeef hone par ittifaaq hai, jaisa ke Imam Nawavi ne bhi iski saraahat ki hai. Imam Nawavi ki usi saraahat ko Allama Zeli Hanafi ne *Nasb ar-Raaya* mein naql kiya aur koi taaqqub nahi kiya. Lekin *Nasb ar-Raaya* ke mahasshi ne intihaai hat-dharmi ka muzaahara karte hue Imam Nawavi ke kalam par tabsara karte hue kaha:

Imam Nawavi Ke Qaul Par Nasb ar-Raaya Ke Mahashshi Ke Taaqqub Ka Jaaiza:

هذا تهور منه، كما هو دأبه في أمثال هذه الواقع وإلا فقد قال الحافظ ابن حجر في "القولا المسدد" (ص: 35): و حسن له الترمذي حديثا مع قوله: إنه تكلم فيه من قبل حفظه، وصحح الحاكم من طريقه حديثا، وأخرج له ابن خزيمة من صحيحه آخر، ولكن قال: وفي القلب من عبد الرحمن شيئ.

"*Unho'n (Imam Nawavi) ne ghaur-o-fikr ke baghaer ye baat kehdi hai, jaisa ke aise mawaaqe par unka mamool hai. Warna Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne 'Al Qaul al-Musddid: P35, mein kaha hai ke Imam Tirmizi ne iski hadees ko hasan kaha hai. Bawujood iske, ke unho'n ne is raawi ke baare mein kaha hai: Iske haafize ke lihaaz se ahle ilm ne is par kalaam kiya hai. Imam Haakim ne iske tareeq se ek hadees ko sahih kaha hai. Aur Ibne Khuzaima ne apni sahih mein iski hadees naql ki hai. Lekin kaha: Abdur Rahman bin Ishaq ke baare mein dil mein khatka hai*". (Nasbur Raaya: V1 P251 [Hashiya: 5])

Arz hai ke sabse pehle ye baat zahen-nasheen kar le'n ke Haafiz Ibne Hajar رحمه الله ne is raawi ko zaeef aur matrook kaha hai aur uski zer-e-bahes hadees ko zaeef qaraar diya hai, jaisa ke hawaale pesh kiye ja chuke

hain.

Iske baad arz hai ke yahan Haafiz Ibne Hajar ﷫ ne bhi kisi Imam se sareeh tauseeq pesh nahi ki, balke sirf Imam Tirmizi ki tehseen pesh ki hai aur saath mein unki jarh bhi naql ki hai. Isi tarah Imam Haakim ki tasheeh pesh ki hai aur Imam Ibne Khuzaima ki sirf takhreej ka hawaala diya, kyounke is riwayat par unki jarh bhi naql ki hai.

Mazeed arz hai ke jahan tak Imam Tirmizi ki tehseen ki baat hai, to Imam Tirmizi mutasaahl hain aur doosre ye ke khud Imam Tirmizi ne is raawi ko majrooh qaraar diya hai. Lihaaza unki tehseen ya to tasaahul par mabni hai, ya deegar aise shawaahid ya mutaaba-at ki raushni mein hai, jo Imam Tirmizi ke nazdeek hasan darje ki hain, naake zaeef. Kyounke is raawi ke sakht zaeef hone ke sabab iske liye zaeef shaahid ya mutaabe kaafi nahi hain.

Rahi Imam Haakim ki tasheeh to Imam Haakim ki ye tasheeh Mustadrak mein hai aur Mustadrak mein unka tasaahul bahut maaroof hai. Isi liye kai muqamaat par jahan Imam Haakim ne is raawi ki riwayat ki tasheeh ki hai, wahee'n Imam Zahbi ﷫ ne Imam Haakim par taaqqub karte hue bataaya hai ke us mein Abdur Rahman bin Ishaq zaeef hai. Chunache ek muqaam par kaha: 'بل عبد الرحمن لم يروله مسلم ولا لخاله النعمان، وضعفوه' *"Balke Abdur Rahman (bin Ishaq) se Imam Muslim ne riwayat nahi li aur na uske mamu Noman se aur mohaddiseen ne use zaeef kaha hai".* (Al Mustadrak lil Haakim Ma' Taaleeq az-Zahbi: V2 P409)

Ek aur muqaam par kaha: 'ابن إسحاق ضعيف'*"Ibne Ishaq zaeef hai"*. (Al Mustadrak lil Haakim Ma' Taaleeq az-Zahbi: V2 P466)

Maaloom hua ke is raawi ki riwayat ko sahih kehna Imam Haakim ka tasaahul hai, lihaaza mabni bar-tasaahul tasheeh se deegar mohaddiseen ke muttafaqa faisle par koi farq nahi padta. Rahi baat Imam Ibne Khuzaima ki takhreej ki, to Imam Ibne Khuzaima ﷫ ne uski riwayat ki takhreej to ki hai, magar uski tasheeh nahi ki. Balke tasheeh se ye kehte hue inkaar kar diya hai:

إن صح الخبر، فإن في القلب من عبد الرحمن بن إسحاق أبي شيبة الكوفي (شيئاً)..

"Agar ye hadees sahih ho, to kyounk Abdur Rahman bin Ishaq Abu

Shaiba al-Kufi ke mutaalliq dil mein khuch khatka hai". (Sahih Ibne Khuzaima: V4 P306 (Al Aazmi); Al Qaul-ul-Musdad li Ibne Hajar: P34)

Ek doosri kitab mein waazeh taur par ise zaeef qaraar dete hue unho'n ne kaha: 'ضعيف الحديث' "*Ye zaeef-ul-hadees hai*". (At Tauheed li Ibne Khuzaima: V2 P545)

Maaloom hua ke Imam Ibne Khuzaima ke nazdeek bhi ye raawi zaeef hi hai aur unho'n ne iski hadees ki tasheeh nahi ki. Balke tasheeh se inkaar kiya hai.

Is tafseel se maaloom hua ke Imam Nawavi ka is raawi ke zaeef hone par aimma-e-jarh-o-taadeel ka ittifaaq naql karna bilkul sahih hai aur *Nasb ar-Raaya* ke mahasshi ka is par waawela machaana[1] hat-dharmi ke siwa kuch nahi hai.

Yaad rahe ke ek-do mohaddis se agar uski tauseeq mil bhi jaae, to bhi ye raawi zaeef hi rahega. Kyounke mohaddiseen ki badi taadaad ne ise zaeef kaha hai. Baaz ne sakht jarh ki hai aur baaz ne mufassar jarh ki hai. Lihaaza is qadar jurooh ke hote hue ek-do ki tauseeq ise siqa nahi bana sakti. Isi liye *Nasb ar-Raaya* ke mutaassib mahasshi ne bhi iski tazeef mein sirf ikhtilaaf saabit karne ki laa-haasil koshish ki hai. Ise siqa saabit karne ka husla bilkul nahi dikha sake

Abdur Rahman bin Ishaq Se Mutaalliq Aqwaal-e-Tauseeq Ka Jaaiza:

Maulana Ejaz Ahmad Ashrafi Saahab ne Abdur Rahman bin Ishaq ko siqa saabit karne ke liye hawaale pesh kiye hain. Zel mein unka jaaiza pesh-e-khidmat hai:

Ashrafi Saahab ne kul 17 hawaale pesh karne ka daawa kiya hai.

❁ Ashrafi Saahab ne number 12 ke baad number 14 shumaar kar liya hai aur number 13 ke adad ke muqaam par na koi number hai, na naam aur na koi tauseeq. Lihaaza ek hawaala maujood hi nahi hai.

---

[1] T: (واوَیلا مَچانا) Shor machaana, ehtijaaj karna, maatam karna [RKT]

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"Imam Haakim: 'صحح له في المستدرك' (number 1973, 3422, 8688)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Arz hai ke number 1973 ke tahat *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* nahi, balke *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi*. Yaane *Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Qurashi al-Aamri al-Madeeni* hai. Jo 'سيار أبي الحكم' ka shaagird hai. Jaisa ke Imam Ibne Abi Haatim ne kaha hai. (Dekhiye: Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V5 P212 [Al Muallimi])

Imam Ibne Abi Haatim ke is qaul se ghaafil hokar baaz mohaqqiqeen 'سيار أبي الحكم' ke shaagird *Abdur Rahman bin Ishaq* ka taayyun *Al-Waasiti al-Kufi* hi se karte hain, jo ghalat hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye: Silsila al Ahadees us Sahiha: V1 P534)

Mustadrak Haakim mein number 3422 ke tahat agarche aslan *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* hi hai, lekin asal kitab mein *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* hi hai. Aur ye Imam Haakim ya unse oopar kisi raawi ka wahem hai, lihaaza Imam Haakim ne yahan is raawi ko *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* samajh kar tasheeh ki hai.

Raqam number 8688 ke tahat *Al Waasiti* hi hai. Lekin ye tasheeh Imam Haakim ka tasaahul hai, isi liye Imam Zahbi ne us par taaqqub karte hue kaha: 'ليس بصحيح' "*Ye sahih nahi hai*". (Al Mustadrak Ma' Taaleeq uz Zahbi: number 8688)

❁ Ashrafi Saahab likhte hain:

"*2. Imam Zahbi 'sukoot' number 1973*"

"*Alaa Shart Muslim number 3422*"

"*Imam Zahbi ne is raawi ko zaeef bhi kaha hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Arz hai ke number 1973 ke baare mein wazaahat ho chuki hai, ke yahan *Al Waasiti al-Kufi* nahi hai aur number 3422 ke tahat agarche asalan *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* hi hai, lekin asal kitab mein *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* hi hai. Aur ye Imam Haakim ya unse oopar kisi raawi ka wahem hai. Lihaaza Imam Haakim ne yahan is raawi

ko *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* samajh kar tasheeh ki hai. Is wahem par Imam Zahbi bhi aagaah na ho sake, is liye koi taaqqub nahi kiya. Albatta jis number ke tahat Imam Zahbi ki tazeef hai, us mein *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* maujood hai. Ashrafi Saahab ne ye number 3477 likha hai, jabke sahih number 3447 hai.

Maaloom hua ke Imam Zahbi na is raawi ko siqa nahi nahi, balke zaeef hi kaha hai.

Neez Imam Zahbi ne iski 'تحت السرة' tahat as-surrah waali riwayat ko bhi zaeef qaraar dete hue kaha: 'وهذا لا يصح، عبد الرحمن واه' "*Ye hadees sahih nahi, Abdur Rahman (bin Ishaq al-Waasiti) sakht zaeef hai*". (Tanqeeh ut Tehqiq liz Zahbi: V1 P140)

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Ibn al-Mulaqqin* رحمه الله 'سكوت في الاستدراك' *(number 1973, 3422)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Ashrafi Saahab ne na-maaloom kis aql-o-mantiq se ye hawaala diya hai? Aan-janaab ne jo numbaraat pesh kiye hain, wo Mustadrak Haakim ke numbaraat hain. Mustadrak Haakim na Ibn al-Mulaqqin ki kitab hain aur na Ibn al-Mulaqqin ne Mustadrak Haakim par koi *istidraak*[1] kiya hai. Phir Ibn al-Mulaqqin ka naam le-le kar Imam Haakim ki Mustadrak ka hawaala dena kya maane rakhta hai?

Albatta Imam Zahbi ne Mustadrak ki jo talkhees ki hai, is talkhees ka ikhtisaar Ibn al-Mulaqqin ne kiya hai. Wo is tarah hai ke sirf un ahadees ko alaahada jama kar diya hai. Jin mein Imam Zahbi ne Imam Haakim par taaqqub kiya hai aur Ashrafi Saahab ne jin numbaraat ka hawaala diya hai, unke tahat mazkoor ahadees par Imam Zahbi ne Imam Haakim par koi taaqqub kiya hi nahi. Is liye Ibn al-Mulaqqin ki kitab mein in ahadees ki maujoodgi ka sawaal hi paida nahi hota. Aisi soorat mein Ibn al-Mulaqqin ki taraf is riwayat par sukoot ki nisbat karna bahut badi jahaalat hai.

Albatta agar ye kaha jaae ke Imam Zahbi ki taraf se *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti* ki tazeef par Imam Ibn al-Mulaqqin ne

[1] T: (اِسْتِدْراک) Tadaaruk, ghalati ki islaah [RKT]

sukoot kiya hai, is liye Ibn al-Mulaqqin ki nazar mein bhi ye riwayat zaeef hai to iski gunjaaish hai. Kyounke Imam Zahbi ki Talkhees ka jo ikhtisaar Imam Ibn al-Mulaqqin ne kiya hai, us mein unho'n ne kai muqamaat par Imam Zahbi par bhi taaqqub kiya hai. Lekin jis jagah Imam Zahbi ne *Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi* ki tazeef ki hai, waha'n Ibn al-Mulaqqin Imam Zahbi se koi ikhtilaaf nahi kiya hai. (Dekhiye: Mukhtasar Talkhees al-Mustadrak li Ibn al-Mulaqqin: V2 P864 & V2 P901) Balke ek doosri kitab mein Imam Ibn al-Mulaqqin ne poori saraahat ke saath *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti* ko zaeef qaraar dete hue kaha:

وهو حديث ضعيف لأجل أبي شيبة المذكور في إسناده، وهو عبد الرحمن بن إسحاق فإنه ضعيف.

"*Ye hadees Sanad mein mazkoor Abu Shaiba ki wajah se zaeef hai aur wo Abdur Rahman bin Ishaq hai, kyoun ke ye zaeef hai*". (Al Badar-ul-Muneer li Ibn al-Mulaqqin: V4 P177)

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"4. Imam Tirmizi* ﷀ*:* 'قال هذا حديث حسن غريب، وقد تكلم بعض أهل العلم في عبد الرحمن بن إسحاق هذا من قبل حفظه' *(Sunan Tirmizi: number 1984, 2527)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Arz hai ke in dono numbaraat mein se kisi bhi number ke tahat Imam Tirmizi ne hasan nahi kaha. Allama Ahmad Shakir, Daktoor Basshar aur Shoaib al-Arnaut ke nuskho'n mein bhi in numbaraat ke tahat Imam Tirmizi ki tehseen maujood nahi hai. Albatta doosre muqaam par Imam Tirmizi ne iski hadees ko hasan kaha hai. Lekin ye tehseen ya to tasaahul par mabni hai, ya shawaahid-o-mutaaba-at ke pesh-e-nazar hai. Agar ye raawi Imam Tirmizi ke nazdeek Hasan-ul-Hadees hota to Imam Tirmizi har jagah iski hadees ko hasan kehte, lekin aisa nahi hai.

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"5. Ibne Khuzaima* ﷀ*:* 'احتج في صحيحه'[1] *(Ibne Khuzaima: number 1959)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Ye saraasar ghalat bayaani hai. Ashrafi Saahab ne jis number ka hawaala diya hai, us number ke tahat maujood sanad mein *Abdur Rahman bin Ishaq* ka door-door tak koi naam-o-nishan nahi hai. Ek

---

[1] T: Usne apni sahih (kitaab) mein us (raawi/hadees) se hujjat (daleel) li hai [RSB]

doosri jagah Ibne Khuzaima ne iska zikr kiya hai, lekin usse ehtijaaj qatan nahi kiya hai. Jaisa ke tafseel pesh ki ja chuki hai. Balke Haafiz Ibne hajar ﷬ ne kaha: 'قال ابن خزيمة: لا يحتج بحديثه' *"Imam Ibne Khuzaima ne kaha: Iski hadees se ehtijaaj nahi kiya jaaega"*. (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V6 P137 [Al Hind])

Balke ek doosri kitab mein to Imam Ibne Khuzaima ne poori saraahat ke saath ise *"zaeef-ul-hadees"* qaraar diya hai. (At Tauheed li Ibne Khuzaima: V2 P545) Lihaaza ye hawaala bhi bekaar hai.

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"6. Haafiz Ibne Hajar ﷬:* 'مائل به تحسين'[1] *(Al Qaul-ul-Musdad: P35)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Ye saraasar ghalat bayaani hai. Ashrafi Saahab ne Haafiz Ibne Hajar ke alfaaz zikr nahi kiye aur haqiqat ye hai ke Haafiz Ibne Hajar ne is kitab mein aisa koi mailaan zaahir nahi kiya hai. Balke deegar muqamaat par Haafiz Ibne Hajar ﷬ ne poori saraahat ke saath is raawi ko 'كوفي ضعيف' *"Kufi Zaeef"* kaha hai. (Taqreeb ut Tehzeeb: number 3799) Balke *tahat as-surrah* 'تحت السرة' waali hadees hi par kalam karte hue ise "*matrook*" qaraar diya hai. (Talkhees-ul-Habeer: V1 P490) Iske alaawa apni aur kai kitabo'n mein *tahat as-surrah* 'تحت السرة' waali is hadees ko zaeef kaha hai. (Fath-ul-Baari: V2 P224; Ad Diraaya: V1 P128) Lihaaza ye hawaala bhi bekaar hai.

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"7. Allama Ibn al-Qaiyyim ﷬:* 'قال: والصحيح حديث علي'[2] *(Bidaae al Fawaaid: V3 P91)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P237)

Arz hai, ke Ibn al-Qaiyyim ne *Abdur Rahman bin Ishaq* waali Hadees-e-Ali ﷺ ko sahih nahi kaha. Balke Ali ﷺ ki tafseeri riwayat ko sahih kah ahai. Jaisa ke guzishta safhaat mein tafseel pesh ki ja chuki hai.

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"8. Imam Ibne Maeen ﷬:* 'احتج في التاريخ'[3]

---

[1] T: Tahseen ki taraf jhukaao, leaning towards tahseen. Yahan Tahseen se muraad ise hasan darje par faaiz karne ki koshish karna hua [RSB]

[2] T: (Ibn al-Qaiyyim ne) farmaya: Aur Hazrat Ali ﷺ hadees sahih hai [RSB]

[3] T: (Imam Ibne Maeen ne apni) Taareekh ki kitaab min isse daleel li hai [RSB]

(Taareekh ad-Doori: V1 P241 number 1383)". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Ye bhi saraasar ghalat bayaani hai. Muhawwala muqaam par Imam Doori ne apni taraf se ek riwayat pesh ki hai aur us par Imam Ibne Maeen ka koi kalaam zikr nahi kiya. Is liye Imam Ibne Maeen ki taraf is raawi se ehtijaaj ka qaul mansoob karna bilkul ghalat hai. Balke sacchai to ye hai ke usi kitab mein Imam Ibne Maeen ne do (2) muqamaat par is raawi ko zaeef qaraar diya hai.

Ek muqaam par hai: 'عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي ضعيف' "*Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi zaeef hai*". (Taareekh Ibne Maeen: V3 P324 [Riwaaya ad-Doori])

Doosre muqaam par hai: 'عبد الرحمن بن إسحاق صاحب النعمان بن سعد ضعيف' "*Abdur Rahman bin Ishaq, Noman bin Saad ka shaagird zaeef hai*". (Taareekh Ibne Maeen: V3 P391 [Riwaaya ad-Doori])

❁ Ashrafi Sahab likhte hain: "*9. Imam I'jli* رحمه الله*:* 'ضعيف، جائز الحديث، يكتب حديثه' *(Maarifa as-Siqaat: number 1018)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Yahan to poori saraahat ke saath Imam I'jli ne is raawi ko zaeef qaraar diya hai, jaisa ke khud Ashrafi Saahab ne bhi naql kar rakha hai. Phir is tauseeq ki gunjaaish kahan hai? Aage 'جائز الحديث' "*Jaaez-ul-Hadees*" jo kaha hai, iska matlab sirf ye hai ke uski hadees likhi ja sakti hai. Jaisa ke aage saraahat bhi kardi gai hai. 'يكتب حديثه' yaane "*Uski hadees likhi jaaegi*".

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: "*10. Imam al-Maqdisi:* 'احتج به في المختارة' *(Al Ahadees al Muqhtaara: number 489-490)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Ye wohi hawaala hai, jis par Abdul Malik Saahab ke haashiya ka hawaala Ashrafi Saahab ne diya hai. Jiska tazkira aage aaraha hai. Is muqaam par maujood sanad mein *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi,* nahi, Balke *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* yaane *Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Qurashi al-Aamri al-Madeeni* hai. Mazeed wazaahat Imam Haakim ke hawaale ke

tahat ki ja chuki hai.

Bil-farz, maan le'n ke yahan asalan *Al-Waasiti* hi hai, to choonke sanad mein ye *Al-Qurashi* ke taayyun ke saath marwi hai, is liye ise *Al-Qurashi* samajh kar Imam al-Maqdisi ne iski riwayat darj kardi hai. Is liye *Al-Waasiti* se ehtijaaj ki nisbat Imam al-Maqdisi ki taraf durust nahi hai aur doosri kitab mein Imam al-Maqdisi ne *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* ko uski 'تحت السرة' tahat as-surrah waali riwayat hi par kalam karte hue zaeef tasleem kiya hai. (Dekhiye: As Sunan wal Ahkaam liz Ziya al Maqdisi: V2 P36)

Guzishta sutoor mein inke alfaaz ma tarjuma pesh kiye ja chuke hain. Ek doosre muqaam par Ashrafi Saahab ne likha: "*Hazrat Shaikh Ziyauddin Abu Abdullah Muhammad bin Abdul Waahid al-Maqdisi (d 643h) ne apni kitab Al Ahadees al Mukhtaara mein sanad: Sana Abdur Rahman bin Ishaq al Qurashi an Yasaar Abi al Hakam an Abi Waael ko hasan kaha hai.* 'أخبرنا المبارك... سواك (اسناده حسن).. الخ'. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P288-249)

Arz hai ke awwal to yahan sanad mein mazkoor *Abdur Rahman* ye *al-Kufi* nahi. Balke *al-Qurashi* hai. Doosre ye ke jis tehseen ko Ashrafi Saahab ne naql kiya hai aur use Imam Ziya ki taraf mansoob kiya hai, wo tehseen Imam Ziya ki nahi, balke Imam Ziya ki is kitab ki tehqiq karne waale mohaqqiq ki hai!!

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Imam Raazi tamam:* 'احتج' *(Fawaaid Tamam: number 360, 202)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Hamare paas jo nuskha hai, us mein in numbaraat ke tahat is raawi ka koi naam-o-nishaan nahi mila. Albatta doosre muqaam par Imam Raazi ﷫ ne iski sanad se riwayat darj ki hai. Ab us mein ehtijaaj ba-maane tauseeq ka matlab kahan se nikal aaya?

Agar aisa ehtijaaj tauseeq hai to phir har wo raawi jiski riwayat kisi mohaddis ne apni kitab mein darj karli, wo uske nazdeek *muhattaj-bihi*[1] hokar siqa hogaya!

---

[1] T: (محطج به) Us raawi par etemaad nahi kiya ja sakta ya uski hadeese'n kamzor hain [RSB]

Ashrafi Saahab bataae’n ke ye ajooba usool-e-hadees ki kis kitab mein hai, ya kis mohaddis ne ise bayan kiya hai?!

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *“12. Imam Suyuti ﷫:* ‘مائل به تحسين’ *(At Taaqibaat)*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Ashrafi Saahab ne Imam Suyuti ke alfaaz naql kiye hain, na unki kitab ka safha number zikr kiya hai. At Taabibaat mein hamen koi aisa muqaam nahi mila, jahan Imam Suyuti ne aisa koi mailaan zaahir kiya ho.

Note: Iske baad 13 number chodkar agle hawaale par Ashrafi Saahab ne 14 ka number lagaaya hai.

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *“Imam Bazzaar ﷫:* ‘صالح الحديث’ *(Musnad al Bazzar: number 696)*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Ye bahut maamooli darje ki taadeel hai. Balke Imam Bazzaar hi ke doosre qaul ki raushni mein pata chalta hai ke ye *jaaiz*-ul-*hadees* ke maane mein hai. Yaane iski hadees likhi jaati hai, chunache doosre muqaam par Imam Bazzaar ne kaha: ‘وليس حديثه حديث حافظ، وقد احتمل حديثه’ *“Iski hadees Haafiz ki hadees jaisi nahi hai. Aur iski hadees bardasht ki gai hai*”. (Musnad Bazzar: V6 P311)

Yaane likhi gai hai, jaisa ke taqriban isi mafhoom ki baat Imam I’jili ne kahi hai. كَمَا مَضَىٰ

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *“15. Dr. Abdul Maalik:* ‘حسن’ *(Haashiya Ziya al-Mukhtaara: number 489-490)*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: 238)

Awwal to Dr. Abdul Maalik bhi muaasireen mein se hain. Lihaaza unka hawaala dena hi usoolan ghalat hai. Doosre ye ke Dr. Abdul Maalik ne bhi un hawaalo’n mein *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* ki hadees ko hasan nahi kaha. Balke *Abdur Rahman bin Ishaq al-Qurashi* yaane *Abdur Rahman bin Ishaq bin Abdullah bin al-Haaris bin Kinaana al-Qurashi al-Aamri al-Madeeni* ki hadees ko hasan kaha hai. (Dekhiye Al Ahadees al Muqhtaara liz Ziya al Maqdisi: Haashiya number 489 & number 490) Lihaaza ye

hawaala be-buniyad hai.

Aage Ashrafi Saahab ne Allama Albani ka hawaala mukarrar, yaane do (2) baar number 16 aur number 17 ke tahat pesh kiya hai. Awwal to Allama Albaani muaasir ulama mein se hain. Is liye raawi par naqd ke silsila mein unka hawaala pesh karna usoolan ghalat hai. Doosre ye ke Allama Albani ne un dono mein se kisi bhi hawaale mein us raawi ko siqa nahi kaha. Balke zaeef hi maana hai. Iski tafseel mulaahaza ho:

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: *"Allama Albani* رحمه الله: 'حكم على حديث: حسن' *(Haashiya Sunan Tirmizi: 2527)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Allama Albani رحمه الله ne ye tehseen shahid ki bina par ki hai aur Tirmizi ki is sanad ko *Abdur Rahman bin Ishaq* ki wajah se zaeef hi maana hai. Allama Albani رحمه الله Mishkat-ul-Masabeeh mein is sanad ke baare mein likhte hain:

وضعفه بقوله: "حديث غريب، لا نعرفه إلا من حديث عبد الرحمن وهو كوفي وقد تكلم فيه بعض أهل ابحديث"
قلت: لكن يشهد له الذي قبله وآخر ذكرته آنفا.

"*Imam Tirmizi ne ise ye kehte hue zaeef kaha hai: 'Ye hadees ghareeb hai, ise ham Abdur Rahman Kufi hi ke tareeq se jaante hain aur iske baare mein baaz mohaddiseen ne kalam kiya hai. Main (Albani) kehta hoo'n: 'Lekin isse qabl mein jo hadees hai, wo iske liye shahid hai aur doosri jise main ne abhi zikr kiya hai*". (Mishkat-ul-Masabeeh lil Albani: V1 P388-389; Hidayatur Ruwaat: V2 P48)

❁ Ashrafi Saahab likhte hain: "*17. Allama Albani:* 'صحيح لغيره' *(Haashiya Sunan Tirmizi: 2900)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P238)

Saaf zaahir hai ke Allama Albani ne is sanad ko sahih nahi kaha, balke matan ko 'صحيح لغيره' "*sahih li-ghaerihi*" kaha hai.

Tirmizi ka jo nuskha shaikh Mashoor Hasan ne Allama Albani ki tehqiqaat ke saath shaya kiya hai, us mein is hadees ke tahat likha hai: 'صحيح بما قبله' "*Ye hadees ma-qabl ki hadees se milkar sahih hai*". (Sunan Tirmizi: number 2909 P651 [Al Maarif])

Maaloom hua ke Allama Albani ne bhi in dono hawaalo'n mein Abdur

Rahman bin Ishaq ko siqa nahi kaha. Balke ek muqaam par to Allama Albani ne is raawi ko bil-ittifaaq zaeef qaraar dete hue kaha: 'فهذا ضعيف اتفاقا' *"Ye (Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi) bil-ittifaaq zaeef hai"*. (Silsila tul Ahadees us Sahiha: V1 P534)

Ye hai un 17 hawaalo'n ki haqiqat, jinke zariye se Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi ko siqa saabit karne ki nakaam koshish ki gai hai.

Qaraeen dekh sakte hain ke 17 mein se ek ki sirf ginti maujood hai aur naam aur alfaaz maujood nahi. 3 hawaale muaasireen ke pesh kiye gae hain. Jin mein Allama Albani ﷫ ka naam 2 martaba pesh karke 2 martaba ginaaya gaya hai. Yaane asalan ye 2 hi hwaale hain. Haafiz Ibn al-Qaiyyim, Imam Raazi aur Imam Suyuti ne tauseeq ki hi nahi, zabardasti unke hawaale de diye gae hain.

Imam Zahbi, Imam Ibn al-Mulaqqin, Imam Ibne Khuzaima, Haafiz Ibne Hajar, Imam Ibne Maeen, Imam I'jli, Imam al-Maqdisi ne to is raawi ki tazeef ki hai. Lekin sharam-o-haya se aari hokar un muazzifeen[1] ke naam muwassiqeen[2] ke taur par pesh kiye gae. Lutf to ye hai ke un aimma ne na sirf is raawi ko zaeef kaha hai, balke un mein se kai aimma ne iski tahat as-surrah 'تحت السرة' waali riwayat hi ko zaeef qaraar diya hai.

Imam Bazzar ki taadeel bahut maamooli aur unse jarh bhi manqool hai. Imam Tirmizi aur Imam Haakim *mutasaahl* hain, lihaaza jiski tazeef saabit ho chuki ho, uske baare mein unki tehseen ya tasheeh na-qaabil-e-etebaar hai.

Doosri Illat: Ek Aur Raawi Majhool Hai:

Iski sanad mein ek doosra raawi '*Ziyad bin Zaid*, majhool hai. Kisi bhi Imam ne ise siqa nahi kaha.

❁ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h) ne kaha: 'مجهول' *"Ye majhool*

[1] T: (مضعفين) Wo ulama jo raawiyo'n aur hadeeso'n ko zaeef qaraar dete hain, ye istilaah un ahle ilm ke liye istemaal hoti hai jo hadees ki jarh-o-taadeel mein mahaarat rakhte hain aur raawiyo'n ke zof/kamzori ko bayan karte hain [RSB]

[2] T: (موثقين) Wo ulama jo raawiyo'n ki tauseeq (qabil-e-etemad hone ki tasdeeq) karte hain. Ye wo maahireen-e-hadees hain jo raawiyo'n ke qabil-e-etemad hone ka certificate dete hain [RSB]

hai”. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P532 [Al Muallimi])

❁ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha: ‘مجهول’ *“Ye majhool hai”*. (Taqreeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: number 2078)

Teesri Illat: ‘Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi’ Iztiraab Ka Shikaar Hai:

Is hadees mein teesri illat ye hai ke is hadees ko bayan karne mein *Abdur Rahman bin Ishaq* iztiraab ka shikaar hua hai, iski tafseel mulaahaza kare’n.

Sanad Mein Iztiraab:

Abdur Rahman bin Ishaq is riwayat ki sanad bayan karne mein shadeed iztiraab ka shikaar hua hai. Chunache kabhi to usne is hadees ko *Ziyaad bin Zaid an Abi Hujaifa* ke waaste se Ali ﵁ se bayan kiya hai, jaisa ke guzishta sutoor mein iski sanad pesh ki gai hai. (Sunan Abu Dawood: V1 P201 H756)

Kabhi usne Noman bin Saad ke waaste se Ali ﵁ se ye hadees bayan ki hai, chunache Imam Daraqutni ﵫ (d 385h) ne kaha:

حدثنا محمد بن القاسم، ثنا أبو كرب، ثنا حفص بن غياث، عن عبد الرحمن بن إسحاق، عن النعمان بن سعد، عن علي، أنه كان يقول: إن من سنة الصلاة وضع اليمين على الشمال تحت السرة.[1]

(Sunan Daraqutni: V2 P35; Bayhaqi: V2 P31)

Sirf yehi nahi, balke kabhi usne riwayat ko Ali ﵁ ke bajaae Abu Huraira ﵁ ki taraf mansoob kar diya hai, chunache Abu Dawood ﵫ (d 275h) ne kaha:

حدثنا مسدد، حديثنا عبد الواحد بن زياد، عن عبدالرحمن ابن إسحاض الكوفي، عن سيار أبي الحكم، عن أبي وائل، قال: قال أبو هريرة: أخذ الأكف على الأكف في الصلاة تحت السرة. قال: أبو داود: سمعت أحمد بن حنبل: يضعف عبد الرحمن بن إسحاق الكوفي.

“Syedna Abdu Huraira ﵁ ne farmaya ke namaz mein hatheli ko hatheli

---

[1] T: Hamen Muhammad bin al-Qaasim ne hadees bayan ki, unho’n ne Abu Qarb se, unho’n ne Hafs bin Ghiyaas se, unho’n ne Abdur Rahman bin Ishaq se, unho’n ne Noman bin Saad se, aur unho’n ne Hazrat Ali ﵁ se riwayat ki ke wo farmate the: *“Beshak namaz ki sunnat mein se hai daae’n-haath ko baae’n-haath par naaf ke neeche rakhna”*. [RSB]

par naaf ke neeche rakhna sunnat hai. Imam Abu Dawood farmate hain ke maine Imam Ahmad bin Hambal ﷫ se suna, wo Abdur Rahman bin Ishaq Kufi ko zaeef qaraar dete the". (Sunan Abu Dawood: V2 P201; Sunan Daraqutni: V2: P31 H1098; Al Ausat & al Ijma lil Ibnul Munzir: V3 P94 H1291)

In tamaam sanado'n mein markazi raawi *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* hi hai, aur ye apne se oopar riwayat ki sanad bayan karne mein shadeed iztiraab ka shikaar hua hai. Lihaaza is riwayat ke zaeef hone ki ye bhi ek illat hai, jaisa ke Allama Albani ﷫ ne kaha hai. (Dekhiye Zaeef Abu Dawood: V1 P292)

Matan Mein Iztiraab:

Balke Zaidi Shiyyo'n ki ek kitab se pata chalta hai ke *Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi* is riwayat ke matan ko bayan karne mein bhi iztiraab ka shikaar hua hai. Chunache guzishta sutoor mein is riwayat ka ek siyaaq guzar chuka hai. Lekin Zaidi Shiyyo'n hi ki ek doosri kitab 'رأب الصدع' mein ye riwayat Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi hi ki sanad se maujood hai. Chaunche Abu Jaafar Muhammad bin Mansoor bin Yazeed al-Maraadu al-Kufi ne kaha:

حدثنا علي بن منذر، عن ابن فضيل، قال: حدثنا عبد الرحمن ابن إسحاق، عن النعمان بن سعد، عن علي عليه سلام. قال: ثلاث من أخلاق الأنبياء: تعجيل الإفطار، وتأخير السحور، ووضع الأكف على الأكف تحت السرة.

"*Sahabi-e-Rasool Ali* ﷜ *se manqool hai ke unho'n ne kaha: 3 cheeze'n Ambiya Ikram* ﷩ *ke akhlaaq mein se hain: Iftaar mein jaldi karna, sehri men takheer karna aur namaz mein hatheli ko hatheli par rakh kar naaf ke neeche rakhna*". (Raab as Saade': V1 P319)

Imam Suyuti ne inhee'n aflaaz ke saath is riwayat ke liye ahle sunnat ki kitabo'n mein Ibne Shaheen, Abu Muhammad Abdullah bin Ataa al-Ibrahimi aur Abul Qasim Ibne Manda ki kitabo'n ke hawaale diye hain. (Urdu pdf)P619)

Mumkin hai ke un kitabo'n mein bhi is riwayat ki sanad yehi ho, agar aisa hai ya shiyyo'n ki is kitab mein Abu Jaafar Muhammad bin Mansoor bin Yazeed al-Maraadi al-Kufi ne sanad durust naql ki hai, to is riwayat mein usne iska matan alag siyaaq mein bayan kiya hai. Ye bhi iska iztiraab hai, jo is riwayat ke zaeef hone ki daleel hai.

Waazeh rahe ke ye riwayat choonke sakht zaeef hai, is liye shawaahid ke baab mein bhi ise pesh karna ghalat hai aur Ashrafi Saahab ne to is riwayat ke maqbool hone ki ek badi hi bhondi daleel dete hue likha hai: "*Mujtahid ke ijtihaad se hadees ka zof door hokar wo hadees hasan li-ghaerihi mein daakhil ho jaati hai, garche fee nafsihi zaeef ho*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P240)

Arz hai, ke is bhonde aur mazahka-khez suool ka mohaddiseen ke yahan koi naam-o-nishaan nahi hai aur agar yehi usool hai to fuqaha-e-shawaafe ne seene par haath baandhne se mutaalliq Waael bin Hujr ﵁ ki hadees se bhi istidlaal kiya hai. Phir Ashrafi Saahab ne ise zaeef saabit karne ke liye safhaat kyoun siyaah kiye?

Al-gharz, ye riwayat sakht zaeef hai, balke Ali ﵁ se saabit-shuda amal ke khilaaf hone ki wjaah se baatil hai. Kyounke Ali ﵁ se namaz mein seene par haath bandhna hi saabi thai. Chunache Imam Abu Dawood ؒ (d 275h) ne kaha:

حدثنا محمج بن قدامة يعني ابن أعين، عن أبي بدر، عن أبي طالوت عبد السلام، عن ابن جرير الضبي، عن أبيه، قال: رأيت عليا يمسك شماله بيمينه على الرسغ فوق السرة.

"*Janab Ibne Jarir adh-Dhabi apne waalid se riwayat karte hain, wo kehte hain ke maine Syedna Ali ﵁ ko dekh ke unho'n ne apne baae'n-haath ko daae'n-haath se neeche (kalaai) ke paas (jodh ke paas) se pakad rakha tha, aur wo naaf se oopar the*". (Sunan Abu Dawood: V1 P201 H757 [Sanad Hasan]; (Urdu pdf)P532)

Is saabit-shuda riwayat se maaloom hua ke Ali ﵁ namaz mein naaf ke oopar haath baandhte the aur naaf ke oopar se muraad seene hi hai, jaisa ke Ali ﵁ ki tafseeri riwayat se maaloom hota hai. Chunace Ali ﵁ hi se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein ye qaul sahih sanad se marwi hai, ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir nhe'n apne seene par rakhna muraad hai. Jaisa guzishta safhaat mein ye riwayat sanad ki tehqiq ke saath pesh ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P496)

② Hadees-e-Anas ﵁ من أخلاق النبوة...

Imam Bayhaqi ﵀ (d 458h) ne kaha:

أخبرنا أبو الحسن بن الفضل ببغداد، أنبا أبو عمر بن السماك، ثنا محمد بن عبيدالله بن المنادي، ثنا أبو حذيفة ثنا سعيد بن زربي عن يابت عن أنس قال: من أخلاق النبوة تعجيل الإفطار، وتأخير السحور، ووضعك يمينك على شمالك في الصلاة تحت السرة.

"Sahabi-e-Rasool Anas ﵁ se manqool hai ke unho'n ne kaha: Nubuwwat ke akhlaaq mein se hai, iftaar mein jaldi karna, sehri mein takheer karna aur namaz mein tumhara daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar zer-e-naaf rakhna". (Khilafiyaat lil Bayhaqi: (37/ب) (Maktaba Zahiriyya); Al Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P253-254 [Ar Raudha]; Mukhtasar Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P34 [Maktaba rr-Rushd]; Al Mahalla li Ibne Hazam: V3 P30 [Bidoon sanad]; Neez dekhiye Barailwi Kitab Nusrat-ul-Haq: V1 P376)

Ye Riwayat Mauzu Aur Manghadat Hai:

Ye riwayat mauzu aur manghadat hai. Iski sanad mein ek raawi *Saeed bin Zarbi* hai. Ye matrook aur shadeed majrooh hai, balke mohaddiseen ne ise mauzu aur manghadat ahadees bayan karne waala batlaaya hai. Zel mein uske baare mein mohaddiseen ke aqwaal mulaahaza ho'n:

Saeed bin Zarbi Sakht Zaeef Hai:

۞ Imam Ibne Maeen ﵀ (d 233h) ne kaha: 'سعيد بن زربي ليس بشيئ' *"Saeed bin Zarbi ki koi haisiyat nahi hai"*. (Taareekh Ibne Maeen: V4 P88 [riwaaya Ad-Doori])

۞ Imam Bukhari ﵀ (d 256h) ne kaha: 'ليس بقوي' *"Ye qawee nahi hai"*. (Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V3 P369)

Neez kaha: 'صاحب عجائب' *"Ye ajeeb-o-ghareeb riwayaat waala hai"*. (Taareekh-ul-Kabeer lil Bukhari: V3 P473)

۞ Imam Muslim ﵀ (d 261h) ne kaha: 'صاحب عجائب' *"Ye ajeeb-o-ghareeb riwayaat waala hai"*. (Al Kunaa wal Asma li Imam Muslim: V2 P758)

۞ Imam Abu Dawood ﵀ (d 275h) ne kaha:

'ضعيف' *"Ye zaeef hai"*. (Suaalaat Abi Obaid al Aajri Aba Dawood: P310)

۞ Imam Abu Haatim ar-Raazi ﷫ (d 277h) ne kaha:

سعيد بن زربي ضعيف الحديث منكر الحديث، عنده عجائب من المناكير.

"*Saeed bin Zarbi zaeef aur munkar-ul-hadees hai, iske paas ajeeb-o-ghareeb munkar riwayaat hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P23)

۞ Imam Yaqoob bin Sufyan al Faswi ﷫ (d 277h) ne kaha: 'سعيد بن زربي ضعيف' "*Saeed bin Zarbi zaeef hai*". (Al Maarifa wat Taareekh lil Faswi: V2 P660)

۞ Imam Nasai ﷫ (d 303h) ne kaha: 'سعيد بن زربي أبو معاوية ليس بثقة' "*Saeed bin Zarbi Abu Muawiya, ye siqa nahi hai*". (Az Zoafa wal Matrukoon lin Nasai: P53)

۞ Imam Ibne Hibbaan ﷫ (d 354h) ne kaha:

كان ممن يروي المضوعات عن الأثبات على قلة روايته.

"*Ye qaleel-ur-riwaaya hone ke saath-saath siqa raawiyo'n se mauzu aur manghadat riwayaat bayn karta tha*". (Al Majruheen li Ibne Hibban: V1 P318)

۞ Imam Ibne Adee ﷫ (d 365h) ne kaha:

هو يأتي عن كل م يروي عنه بأشياء لا يتابعه عليه أحد، وعامة حديثه على ذلك.

"*Ye har ek se aisi riwayat bayan karta hai, jiski mutaba-aat koi nahi karta, iski aksar hadeese'n isi tarah hain*". (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V4 P412)

۞ Imam Abu Ahmad al Haakim ﷫ (d 378h) ne kaha: 'منكر الحديث جداً' "*Ye sakht Munkar-ul-Hadees hai*". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V4 P28 (naqlah minal Al Kanaa))

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha: 'متروك' "*Ye mohaddiseen ke nazdeek tark kiya gaya hai*". (Az Zoafa wal Matrukoon lid Daraqutni: V2 P156)

Imam Ibne Hamkaan (d qabl 385h) aur Imam Barqaani ﷫ (d 425h) bhi Imam Daraqutni ki is baat se muttafiq hain. (Dekhiye Muqaddama Kitab-az-Zoafa wal Matrukeen lid Daraqutni: P63 [Al Azhari])

۞ Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne kaha: 'ضعيف' "*Ye zaeef hai*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V1 P563)

‘سعيد بن زربي من الضعفاء’ *“Saeed bin Zarbi zoafa mein se hai”*. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V4 P324)

Imam Bayhaqi Ki Jarh Ki Wazaahat:

Imam Bayhaqi ﷫ ne khilafiyaat hi mein is riwayat ko naql karne ke baad fauran kaha hai: ‘وزربي ليس بالقوي’ (Khilafiyaat lil Bayhaqi: (37/ب) [Maktaba Zahiriyya]; Mukhtasar Khilafiyaat lil Bayhaqi: V2 P34 [Maktaba ar-Rushd]; Neez dekhiye Barailwi Kitab: Nusrat-ul-Haq: V1 P376)

Lekin is sanad mein Zarbi nahi, balke Saeed bin Zarbi hai. Ghaaliban Imam Bayhaqi ne sabqat-e-qalam[1] se aisa likh diya, ya ye naasikh ki ghalati hai.

Nusrat-ul-Haq ke Barelwi musannif ne Imam Bayhaqi ki is jarh ‘ليس بالقوي’ ka jawab dete hue Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﷷ ka kalam naql kiya hai. Jiska ma-haasil ye hai ke ‘ليس بالقوي’ se zaeef ki jarh muraad nahi hoti. (Nusrat-ul-Haq: V1 P376)

Arz hai, ke umoomi taur par ye baat bilkul durust hai ke ‘ليس بالقوي’ se zaeef ki jarh muraad nahi hoti, lekin yahan aisa maamla nahi hai. Kyounke Imam Bayhaqi ﷫ hi ki deegar saraahato’n se maaloom hota hai ke unho’n ne yahan zaeef hi ke maane mein ‘ليس بالقوي’ kaha hai. Chunache khud Imam Bayhaqi ﷫ ne doosre muqaam par ise ‘ليس بالقوي’ kaha hai aur isse raawi ki tazeef muraad hoti hai.

Chunache Imam Bayhaqi ﷫ ne kaha:

زياد النميري ويزيد الرقاشي، و سعيد بن زربي ليسوا بأقوياء.

“Ziyad Numairi, Yazeed Raqaashi aur Saeed bin Zarbi, ye sab ‘ليس بالقوي’ *hain”*. (At Takhweef Minan Naar: P234; Istedrakaat al Ba-a’ath wan Nashoor: P124)

Balke ek doosre muqaam par saraahat ke saath ise zaeef kehte hue kaha: ‘ضعيف’ *“Ye zaeef hai”*. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V1 P463)

[1] T: (سَبْقَتِ قَلَم) Likhte waqt ghair-iraadi bhool-chook, ghalati ho hona [RSB]

Ek Aur Raawi Majhool Hai:

Bil-farz, agar ye tasleem bhi kar le’n ke Imam Bayhaqi ؒ ke nazdeek ye raawi zaeef nahi hai to bhi deegar mohaddiseen ne is par sakht aur shadeed jarh ki hai. Neez baaz ne mufassar-jarh bhi ki hai, is liye Imam Bayhaqi ki raae ghair-masmoo hai, lekin sahih baat yehi hai ke Imam Bayhaqi ؒ ne bhi ise zaeef hi kaha hai.

֍ Imam Zahbi ؒ (d 748h) ne kaha: ‘ضعفوه’ *“Mohaddiseen ne ise zaeef kaha hai”*. (Al Kaashif liz Zahbi: V1 P435)

֍ Imam Haafiz Ibne Hajar ؒ (d 852h) ne kaha: ‘منكر الحديث’ *“Ye munkar-ul-hadees hai”*. (Al Mahalla li Ibne Hazam: V3 P30)

Saeed bin Zarbi ke alaawa is sanad mein Abu Huzaifa bhi hai, uske baare mein kutub-e-rijaal mein hamen kuch bhi nahi mila.

Mahalla Ibne Hazam Mein Yehir Riwayat Be-sanad Hai:

Isi riwayat ko kuch log *Al Muhalla* se pesh karte hain. Arz hai, ke *Al Muhalla* mein is riwayat ki sanad hi mazkoor nahi. (Al Mahalla li Ibne Hazam: V3 P30) Lihaaza ye hawaala ghair-mustanad hai.

Is poori tafseel se maaloom hua ke ye riwayat mauzu aur manghadat hai. Iske raawi Saeed bin Zarbi par jahan bahut saari jarh ki gai hai, wahee’n use matrook aur mauzu ahadees bayan karne waala bhi batlaaya gaya hai. Is liye ye riwayat mauzu aur manghadat hai. Kyounke ye sahih ahadees ke khilaaf hai.

Is riwayat ke baatil hone ki ek daleel ye bhi hai ke ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ki ziyaadati ke baghaer inhee’n alfaaz ke saath Ibne Abbas ؓ aur deegar Sahaba ne isi hadees ko marfooan riwayat kiya hai. Lekin unki riwayat mein ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* ke alfaaz nahi hain aur unki sanad bhi sahih hai. (Dekhiye: Sahih Ibne Hibban: V5 P67 H1770 [sanad sahih alaa shart Muslim]

Ghaur kare’n ke jab Allah ke Nabi ﷺ se yehi hadees ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* ki ziyaadati ke baghaer sahih sanad se saabit hai to Anas ؓ us

mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah (zer-e-naaf)* ki ziyaadati kaise kar sakte hain? Ye bhi is baat ki daleel hai ke is hadees mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah (zer-e-naaf)* ka izaafa bilkul ghalat hai. Balke baaz jagah Anas ﷺ hi se yehi riwayat 'تحت السرة' *tahat as-surrah* ki ziyaadati ke baghaer marwi hai. Chunache Abu Muhammad al-Hasan bin Ali bin Muhammad al-Jauhari (d 454h) ne kaha:

أخبرناه أبو عمر بن حيوة قراءة عليه وأنا حاضر أسمع، قثنا أبو عبيد الصوقي محمد بن أحمد، قثنا أبي، قثنا بشر هو الن محمد السكري، قثنا عبد الحكم، عن أنس بن مالك، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من أخلاق النبوة: تعجيل الإقطار، وتأخير السحور، ووضع اليمين الأيدي، على الأيدي في الصلاة.

"*Sahabi-e-Rasool Anas ﷺ se manqool hai ke unho'n ne kaha: Nubuwwat ke akhlaaq mein se iftaar mein jaldi karna, sehri mein takheer karna aur namaz mein tumhara daaya'n-haath ko baae'n-haath par rakhna hai*".
(As Saabe' wal Haadi Ashr min Amaali li Jauhari: [ق9\ب, ق10\أ])

Lekin iski sanad zaaef hai. Taa-ham mumkin hai ke Anas ﷺ ne yehi riwayat Allah ke Nabi ﷺ ke hawaale se baghaer unhee'n alfaaz ke saath bayan ki ho. Jin alfaaz ke saath deegar sahaba ne ise marfooan bayan kiya hai aur Anas ﷺ ne bhi deegar sahaba ki tarah 'تحت السرة' *tahat as-surrah* ki ziyaadati ke baghaer hi ise bayan kiya ho, lekin matrook raawi ne isme 'تحت السرة' *tahat as-surrah* ka izaafa kar diya ho.

Is izaafe ke baatil aur jhoot hone ki ek daleel ye bhi hai ke Anas ﷺ hi ne Allah ke Nabi ﷺ se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein ye naql kiya hai ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai. Jaisa ke guzishta safhaat mein ye riwayat sanad ki tehqiq ke saath pesh ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P460)

③ Hadees-e-Ali ﷺ (Musnad-e-Zaid)

Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti (d baad 120h) *kazzab* ne kaha:

(حدثني) زيد بن علي عن أبيه عن جده عن علي قال: ثلاث من أخلاق الأنبياء، صلاة الله و سلامه عليهم، تعجيل الإفطار، وتأخير السحور، ووضع الكف على الكف تحت السرة.

"*Sahabi-e-Rasool Ali* ﷺ *se manqool hai ke unho'n ne kaha: 3 cheeze'n Ambiya-e-kiraam* ﷺ *ke akhlaaq mein se hain. Iftaar mein jaldi karna, sehri mein taakheer karna aur daae'n hatheli ko baae'n hatheli par rakh kar zer-e-naaf rakhna*". (Musnad Zaid bin Ali: P183 [Darul Kutub al Ilmiya]))

Musnad e Zaid Manghadat Kitab Hai:

Ye riwayat baatil aur jhoot hai, kyounke ye aisi kitab se naql ki gai hai, jo khud-saakhta aur manghadat hai. Chunache "*Musnad-e-Zaid bin Ali*" ke naam se ye kitab "*Zaid bin Ali bin al-Hussain bin Ali bin Abi Taalib al-Qurashi al-Hashmi*" (d 122h) ki taraf mansoob hai. Jis mein *Zaid bin Ali* ko apne aabaa-o-ajdaad (an Abeeh an Jaddh an Ameer-ul-Momineen Ali) ki sanad se ahadees bayan karte hue zaahir kiya gaya hai. Lekin ye jhooti nisbat hai. Kyounke kisi bhi zariye se ye saabit nahi hai ke Zaid bin Ali ﷺ ne aisi koi kitab likhi ho.

Is Kitab Ke Manghadat Hone Ke Dalaail:

Musnad Zaid bin Ali ka jo maujooda nuskha hai, usme do (2) jagah is kitab ki sanad darj hai. Jo is tarah hai:

حدثني عبد العزيز بن إسحاق بن جعفر بن الهيثم القاضي البغدادي قال: حدثنا أبو القاسم علي بن محمد النخعي الكوفي قال: حدثنا سليمان بن إبراهيم بن عبيد المحاربي قال: حديثني نصر بن مزاحم المنقري العطار قال: حدثني إبراهيم بن الزبرقال التيمي قال: حدثني أبو خالد الواسطي قال: حدثني ريد بن علي....

[1] (Musnad Zaid bin Ali: P48; P387)

---

[1] T: Mujh se Abdul Aziz bin Ishaq bin Jaafar bin Haitham al-Qaazi al-Baghdadi ne bayan kiya, unho'n ne Abu al-Qaasim Ali bin Muhammad an-Nakhai al-Kufi se, unho'n ne Sulaiman bin Ibrahim bin Obaid al-Muhaarbi se, unho'n ne Nasr bin Muzaaham al-Munqari al-Attaar se, unho'n ne Ibrahim bin az-Zirqaan at-Taimi se, unho'n ne Abu al-Khalid al-Waasiti se, unho'n ne Zaid bin Ali se riwayat ki … [RSB]

Is sanad ka har raawi *mutakallim-feeh*[1] hai, balke baaz matrook aur khabees mazhab waale hain. Lekin sabki tafseel pesh karne ke bajae Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti hi ki haqiqat bayan kar dena kaafi hai. Kyounke yehi wo shakhs hai, jis ne is majmue ko apni taraf se ghadha hai aur ise Zaid bin Ali رحمه الله ki taraf mansoob kar diya hai.

Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti al-Kufi Kazzaab Aur Bahut Bada Jhoota Hai:

Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti ne Zaid bin Ali رحمه الله ki kitab riwayat nahi ki, balke khud hi ye kitab murattab ki hai. Yaad rahe ke Zaid bin Ali رحمه الله ka apni musnad murattab karna saabit hai, na mohaddiseen ne unhe’n kisi musnad ka musannif kaha hai. Ye is baat ki daleel hai ke is majmua ko murattab karne waala yehi *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* hai, aur usne apni taraf se jhoot aur kizb bayaani se kaam lete hue is majmua ko murattab karke Zaid bin Ali رحمه الله ki taraf mansoob kar diya hai.

۞ Imam Ahmad bin Hambal رحمه الله (d 241h) ne kaha:

كذاب، يروي عن زيد بن علي، عن آبائه، أحاديث موضوعة، يكذب.

“Ye bahut bada jhoota hai, ye Zaid bin Ali se unke aabaa-o-ajdaad ‘عن أبيه عن جده عن أمير المؤمنين علي’ *ke tareeq se manghadat ahadees bayan karta hai, aur jhoot bolta hai”*. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V21 P605; Kitab al Athram; Az Zoafa-ul-Kabeer li Uqaili: V3 P268 [Sanad Sahih])

Imam Ahmad رحمه الله ke is qaul se maaloom hua ke *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ka murattab kiya hua *Musnad Zaid bin Ali* ke naam se ye poora majmua mauzu aur khud-saakhta hai. Jise *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ne ghada hai.

۞ Yehi baat Imam Ibne Maeen رحمه الله (d 233h) ne bhi kahi hai, chunache aapne kaha:

شيخ كوفي كذاب، يروي عن زيد بن علي عن آبائه عن علي.

“Ye kufi shaikh aur bahut bada jhoota hai. Ye Zaid bin Ali se inke abaa-

---

[1] T: (مُتَكَلَّم فيه) jis par baat-cheet ki gai ho, jiske baare mein guftagu ki gai ho [RKT]

o-ajdaad ‘عن زيد بن علي عن آبائه عن أمير المؤمنين علي’ *ke tareeq se Ali* ؓ *se riwayat bayan karta hai”*. (Taareekh Ibne Maeen: P160 [riwaaya Ad Darmi])

Maaloom hua ke Ibne Maeen ؒ ne bhi Zaid bin Ali se unke aabaa-o-ajdaad ke tareeq se *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ki riwayaat ko jhooti aur manghadat qaraar diya hai. Yaad rahe ke *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ne ye poora majmua *Zaid bin Ali* se inke abaa-o-ajdaad ‘عن زيد بن علي عن آبائه عن أمير المؤمنين علي’ ke tareeq se bayan kiya aur isi tareeq se Zaid bin Ali se *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ki riwayaat ko Imam Ahmad ؒ aur Imam Ibne Maeen ؒ ne khusoosi taur par mauzu aur manghadat qaraar diya hai.

Isse maaloom hua ke Musnad Zaid Bin Ali ke naam se *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ka murattab kiya hua ye poora majmua hi mauzu aur manghadat hai. Jise *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ne ghadha hai. *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ke is majmua riwayaat par khusoosi jarh ke saath-saath aur bhi kai dalaail hain, jinse us majmua ka mauzu aur manghadat hona saabit hota hai. Masalan:

֍ Zaid bin Ali ؒ, jinke naam se ye majmua ghadha gaya hai, unki aulaad mein *Hussain bin Zaid* ya *Isa bin Zaid* ya roo-e-zameen ke kisi bhi fard ne is majmua ki koi ek bhi riwayat isi sanad se Zaid bin Ali se bayan nahi ki. Phir poori duniya mein tanha *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* hi ko ye majmua kahan se mil gaya?

֍ Isi tarah isse oopar ke tabqe mein dekhe’n ke Imam Muhammad Baaqir ؒ ye Zaid bin Ali hi ke bhai hain, yaane ye bhi Ali bin al-Hussain ke bete hain. Jinse Zaid bin Ali ne ye riwayaat bayan ki hain. Lekin Imam Baaqir ne is majmue ki koi ek bhi riwayat apne waalid se bayan nahi ki. Yaane unho’n ne kisi bhi riwayat mein Zaid bin Ali ki mutaba-aat nahi ki. Halaanke ye umr mein Zaid bin Ali se 25 saal bade hain.

Agar waaqiatan Zaid bin Ali aur unke aabaa-o-ajdaad se ye ahadees marwi hotee’n to unke bade bhai Imam Baaqir apne waalid Ali bin al-Hussain se in ahadees mein se kuch na kuch zaroor bayan karte. Magar unho’n ne apne waalid Ali bin al-Hussain se is majmua ki ek bhi riwayat bayan nahi ki. Jo is baat ki daleel hai ke ye riwayaat na to Imam

Baaqir ke bhai Ali bin Zaid ke paas thee'n, aur na unke waalid Ali bin al-Hussain ke paas. Balke ye sab *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* hi ki khud-saakhta hain.

Yehi haal sanad ke oopar ke tabqe mein bhi hai. Oopar ke tabqe mein bhi na to *ahle baet* ke deegar afraad ki mutaba-aat milti hai aur na roo-e-zameen ke kisi fard ki mutaba-aat milti hai. Ye bhi kya ajeeb tamaasha hai ke kitab ki tamaam ahadees jinki taadaad 600 hai, ye sab ek hi sanad se marwi hain. Jo ye hai:

حدثني زيد بن علي عن أبيه عن جده عن أمير المؤمنين علي (موقوفا أو مرفوعا).[1]

Ghaur kare'n! Ek hi kitab ki saari ki saari ahadees ek hi sanad se marwi hain, jiske tamaam tabaqaat yaksaa'n hain! Kya ye sakht taajjub-angez baat nahi hai? Aur taajjub baalaa-e-taajjub ye ke is poori kitab ki kisi ek bhi hadees mein is turq ki mutaba-aat poori duniya ke kisi fard se nahi milti!

Kya poori duniya se hadees ki koi ek bhi kitab aisi dikhaai ja sakti hai, jo ek hi sanad se tamaam tabaqaat mein yaksaaniyat ke saath marwi ho aur jiski kisi ek bhi hadees ki riwayat mein uske tareeq ki mutaba-aat poori duniya mein kisi bhi fard se na mile?

Ilm-e-rijaal ka maamooli taalib-e-ilm bhi kisi kitab ki sanado'n ki ye kaefiyat dekhte hi pukaar uthega, ke iska musannif kazzaab aur bahut bada jhoota hai. Yehi wajah hai ke bahut saare mohaddiseen ne is kitab ke musannif *Abu Khalid Amr bin Khalid al-Waasiti* ko muttafiq-ul-lisaan hokar hadees ghadne waala aur kazzab, yaane bahut bada jhoota qaraar diya hai.

Imam Ahmad ؒ aur Imam Ibne Maeen ؒ ka hawaala guzar chuka hai. Mazeed hawaale mulaahaza ho'n:

۞ Imam Wakee ؒ (d 196h) ne kaha: 'كان كذابا' "*Ye bahut bada jhoota tha*". (Al Maarifa wat Taareekh: V1 P700 [Sanad Sahih])

---

[1] T: Mujh se Zaid bin Ali ne bayan kiya, unho'n ne apne waalid (Ali bin al-Hussain) se, unho'n ne apne dada (Imam Hussain ؓ) se, aur unho'n ne Ameer al-Momineen Ali ؓ se riwayat ki (mauqoofan ya marfooan). [RSB]

۞ Imam Ishaq bin Raahweh ﷫ (d 237h) ne kaha:

'يضع الحديث' *"Ye hadees ghadta hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P230 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Zurah ar-Raazi ﷫ (d 264h) ne kaha:

'كان يضع الحديث' *"Ye hadees ghadta hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V6 P230 [Sanad Sahih])

۞ Imam Abu Dawood ﷫ (d 275h) ne kaha:

'هذا كذاب' *"Ye bahut bada jhoota hai"*. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V21 P606 [naqalah min Al Aajeri]))

۞ Imam Daraqutni ﷫ (d 385h) ne kaha: 'عمرو بن خالد، أبو خالد، الواسطي، كَذَّاب' *"Amr bin Khalid, Abu Khalid al-Waasiti ye bahut bada jhoota hai"*. (Kitab uz Zoafa wal Matrukeen lid Daraqutni: P159 [Al Azhari]))

۞ Imam Bayhaqi ﷫ (d 458h) ne kaha: 'عمرو بن خالد ابواسطي معروف بوضع الحديث' *"Amr bin Khalid al-Waasiti, ye hadees ghadne mein maaroof hai"*. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V1 P349)

۞ Muhammad bin Tahir bin al Qisraani ﷫ (d 507h) ne kaha:

'عمرو بن خالد كذاب' *"Amr bin Khalid, ye bahut bada jhoota hai"*. (Zaeera tul Huffaz li Ibnul Qisaraani: V2 P892)

۞ Imam Zahbi ﷫ (d 748h) ne kaha:

'كذبوه' *"Mohaddiseen ne ise jhoota qaraar diya hai"*. (Al Kaashif liz Zahbi: V2 P75)

۞ Haafiz Ibne Hajar ﷫ (d 852h) ne kaha:

'عمرو بن خالد ابواسطي وهو كذاب' *"Amr bin Khalid al-Waasiti, ye bahut bada jhoota hai"*. (Talkhees-ul-Habeer li Ibne Hajar: V1 P259)

Mazeed tafseel aur deegar aqwaal ke liye aam kutub-e-rijaal dekhe'n. (Dekhiye Kutub Tahat al Mahjar: P11; Mazeed dekhiye Maqalaat Shaikh Irshad-ul-Haq Athari: V2 P73-77) Maaloom hua ke ye riwayat jhooti aur manghadat hai. Jise *Amr bin Khalid al-Waasiti* ne ghada hai.

Tambeeh:

Imam Suyuti رحمه الله (d 911h) ne kaha:

عن علي قال: ثلاثة من أخلاق الأنبياء: تعجيل الإفطار، وتأخير السحور، ووضع الأكف على الأكف تحت السرة في الصلاة (ابن شاهين، و أبو محمد الإبراهيمي في كتاب الصلاة، وأبو القاسم بن منده في الخشوع.

"Sahabi-e-Rasool Ali رضي الله عنه se manqool hai ke unho'n ne kaha: 3 cheeze'n Ambiya Ikram ke akhlaaq mein se hain: Iftaar mein jaldi karna, Sehri mein taakheer karna aur Namaz mein hatheli ko hatheli par rakh kar naaf ke neeche rakhna". (Al Jaame-ul-Kabeer lis Suyuti: V17 P603 H782; Musnad-e-Ali [Dar us Saadah])

Kanz al-Ummaal aur Jama al-Jawaame Mein Ye Riwayat Be-sanad Manqool Hai:

Imam Suyuti رحمه الله ki isi kitab se ye riwayat naql karke Allama Alauddin Muttaqi al-Hindi (d 975h) ne ise *Kanz al-Ummaal* mein darj kiya hai. (Dekhiye: Kanz al-Ummaal: V16 P230 H44271; Kanz al-Ummaal Mutarjim: V16 P499)

Arz hai ke Imam Suyuti ne iski sanad zikr nahi ki hai aur be-sanad baate'n hujjat nahi hotee'n. Imam Suyuti ne Ibne Shaheen, Abu Muhammad Abdullah bin Ataa al-Ibrahimi aur Abul Qasim Ibne Mandah ki kitabo'n ke hawaale diye hain, lekin ye kitabe'n dastiyaab nahi.

Bahut mumkin hai ke un kitabo'n mein bhi ye riwayat Amr bin Khalid al-Waasiti al-Kufi *kazzaab* aur *jhoote* hi ki sanad se marwi ho, jaisa ke isne apni manghadat kitab Musnad-e-Zaid mein ise Zaid bin Ali aur unke abaa ki sanad se zikr kiya hai. Jiski haqiqat guzisha sutoor mein bataai ja chuki hai.

Yaad rahe ke Ahle Sunnat ki kitabo'n mein bhi Zaid bin Ali aur unke aabaa-o-ajdaad ki sanad se Amr bin Khalid al-Waasiti al-Kufi *kazzab* ki riwayat maujood hai. Chunache Imam Ibne Majah رحمه الله (d 273h) ne kaha:

حدثنا محمد بن أبان الباخي قال: حدثنا عبد الرزاق قال: أنبأنا إسرائيل، عن عمرو بن خالد، عن زيد بن علي، عن أبيه، عن جده، عن علي بن أبي طالب، قال: انكسرت إحدى زندي، فسألت النبي صلى الله عليه وسلم،

فأمرني أن أمسح على الجبائر.[1] (Sunan Ibne Majah: V1 P215 H657)

Maaloom hua ke ahle sunnat ne bhi isi sanad se Amr bin Khalid al-Waasiti al-Kufi *kazzab* ki riwayat naql ki hai. Is liye baeed nahi Imam Suyuti ki zikr-karda kitabo'n mein bhi ye riwayat usi sanad se ho, ya ye bhi mumkin hai ke ye riwayat usi Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi bil-ittifaaq zaeef aur matrook ki sanad se ho. Jisne Ali ﷺ ke hawaale se zer-e-naaf haath baandhne ko sunnat kaha hai. Jaisa ke tafseel guzar chuki hai.

Chunache Zaidi Shiyyo'n hi ki ek doosri kitab 'Ra'b as-Sada'' 'رأب الصدع' mein ye riwayat Abdur Rahman bin Ishaq al-Waasiti al-Kufi hi ki sanad se maujood hai. Chunache Abu Jaafar Muhammad bin Mansoor bin Yazeed al-Maraadi al-Kufi ne kaha:

حدثنا علي بن منذر، عن ابن فضيل، قال: حدثنا عبد الرحمن بن إسحاق، عن النعمان بن سعد، عن علي قال: ثلاث من أخلاق الأنبياء: تعجيل الإفطار و تأخير السحور، ووضع الأكف على الأكف تحت السرة.

"*Sahabi-e-Rasool Ali ﷺ se manqool hai ke unho'n ne kaha: 3 cheeze'n ambiya kiraam ke akhlaaq mein se hain, iftaar mein jaldi karna, sehri mein taakheer karna aur namaz mein hatheli ko hatheli par rakh kar naaf se neeche rakhna*". (Ra'b as-Sada': V1 P319)

Isi sanad se Ahle Sunnat ki kitabo'n mein bhi riwayaat maujood hain. Masalan Imam Ibne Khuzaima ﷬ (d 311h) ne kaha:

فإن ابن منذر، حدثنا قال: حدثنا ابن فضيل، حدثنا عبد الرحمن بن إسحاق، عن النعمان بن سعد، عن علي قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن في الجنة لغرفا، يرى ظهورها من بطونها... الخ.[2]

(Sahih Ibne Khuzaima: V3 P306 [Al Aazmi])

Yaad rahe ke Imam Ibne Khuzaima ﷬ ki umoomi tasheeh se ye hadees

---

[1] T: Hamen Muhammad bin Aabaan al-Bukhari ne hadees bayan ki, unho'n ne Abdur Razzaq se, unho'n ne Israil (bin Yunus) se, unho'n ne Amr bin Khalid se, unho'n ne Zaid bin Ali se, unho'n ne apne waalid (Ali bin al-Hussain) se, unho'n ne apne dada (Hazrat Ali ﷺ se riwayat ki, ke unho'n ne farmaya: Meri kalaaiyo'n mein se ek (1) toot gai to maine Nabi ﷺ se poocha, to Aap ﷺ ne mujhe patti (jabeerah) par masah karne ka hukm diya. [RSB]

[2] T: Hamen Ibne Munzir ne hadees bayan ki, unho'n ne Ibne Fuzail se, unho'n ne Abdur Rahman bin Ishaq se, unho'n ne Noman bin Saad se, aur unho'n ne Hazrat Ali ﷺ se riwayat ki ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "*Beshak jannat mein aise baala-khaane hain ke unki peethe'n baerooni hisse) unke androoni hisso'n se dikhaai deti hain… ilkh*". [RSB]

mustasna hai. Kyounke Imam Ibne Khuzaima ne is hadees ko darj karne se pehle hi Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi ki wajah se iski tasheeh se inkaar kar diya hai aur kaha:

إن صح الخبر فإن في القلب من عبد الرحمن بن إسحاق أبي شيبة الكوفي.

"*Agar ye hadees sahih ho to, kyounke Abdur Rahman bin Ishaq Abu Shaiba al-Kufi par dil mutmaeen nahi hai*". (Sahih Ibne Khuzaima: V3 P306 [Al Aazmi])

Neez, ek doosre muqaam par Imam Ibne Khuzaima ne iske raawi *Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi* ko poori saraahat ke saath zaeef qaraar diya hai. (Urdu pdf)P577)

Imam Ibu Ali ibn Mansoor at Toosi ﷫ (d 312h) ne kaha:

حدثنا علي بن منذر الكوفي، قال: حدثنا ابن فضيل، قال: حدثنا عبد الرحمان بن إسحاق عن النعمان بن سعد عن علي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن في الجنة لغرفا... الخ.[1]

(Mustaqhraf at Toosi A'alaa Jaame Tirmizi: V6 P352)

Maaloom hua ke ahle sunnat ne bhi is sanad se riwayat naql ki hai, is liye baeed nahi Imam Suyuti ki zikar-karda kitabo'n mein bhi ye riwayat isi sanad se ho. Behre haal maamla kuch bhi ho, behre-soorat ye riwayat mardood hai. Kyounke Imam Suyuti ki kitab mein iski sanad zikr nahi hai aur jin kitabo'n mein iski sanad milti hai, uski roo se ye riwayat sakht zaeef aur baatil hai.

Is riwayat ke baatil hone ki ek daleel ye bhi hai ke 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki ziyadati ke baghaer inhee'n alfaaz ke saath Ibne Abbas ﵄ aur deegar sahaba ne isi hadees ko marfooan riwayat kiya hai. Lekin unki riwayat mein 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ke alfaaz nahi hain aur unki sanad bhi sahih hai. (Dekhiye: Sahih Ibne Hibban: V5 P67 H1770 [sanad sahih alaa shart muslim])

Ghaur kare'n ke jab Allah ke Nabi ﷺ se yehi hadees 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki ziyadati ke baghaer sahih sanad se saabit hai, to Ali ﵁ usme 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki ziyadati kaise kar sakte hain? Ye bhi is baat ki daleel hai

[1] T: Hamen Ali bin Munzir al-Kufi ne hadees bayan ki, unho'n ne Ibne Fuzail se, unho'n ne Abdur Rahman bin Ishaq se, unho'n ne Noman bin Saad se, aur unho'n ne Hazrat Ali ﵁ se riwayat ki, ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "*Beshak jannat mein aise mahallaat hain ….ilkh*". [RSB]

ke is hadees mein 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ka izaafa bilkul ghalat hai. Balke baaz jagah Ali ﷺ hi se yehi riwayat 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki ziyaadati ke baghaer marwi hai. Chunache Abu Muhammad al-Hasan bin Muhammad bin al-Hasan bin Ali al-Baghdadi al-Khallal (d 439h) ne kaha:

ثنا أبو الحسين عبيد الله بن أحمد بن يعقوب المقرئ، ثنا يحيىٰ بن محمد بن صاعد، ثنا محمد بن عبد الرحمن المقرئ، ثنا مروان الفزاري، ثنا سعد بن طريف، عن الأصبغ بن نباتة، قال: أتينا علي بن أبي طالب عليه السلام وهو في قرى أبي موسى الأشعري، وقد تسحرنا بالكوفة، فسرنا إليه أربعة فراسخ، فوجدناه يغسل يده من السحور فقال: يا همدان، أقم الصلاة للصيام من هذخ الساعة إلى الليل، من أخلاق الأنبياء عليهم تعجيل الإفطار، وتأخير السحور، ووضع اليد على اليد في الصلاة فلما أمسى... الخ.

Is riwayat mein Ali ﷺ ne kaha: *"3 cheeze'n Ambiya Kiraam ke akhlaaq mein se hain: Iftaar mein jaldi karna, sehri mein taakheer karna aur namaz mein haath ko haath par rakhna"*. (Al Majaalis al-Ashrah al-Amaali lil Hasan al Khalaal: P44 H44)

Lekin iski sanad zaeef hai. Taa-ham mumkin hai ke Ali ﷺ ne bhi yehi riwayat Allah ke Nabi ﷺ ke hawaale ke baghaer inhee'n alfaaz ke saath bayan ki ho. Jin alfaaz ke saath deegar sahaba ne ise marfooan bayan kiya hai aur Ali ﷺ ne bhi deegar sahaba ki tarah 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki ziyaadati ke baghaer hi ise bayan kiya ho. Lekin matrook aur kazzab raawiyo'n ne isme 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ka izaafa kar diya ho.

Is izaafe ke baatil aur jhoot hone ki ek mazeed daleel ye bhi hai ke Ali ﷺ hi se ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein ye qaul sahih sanad se marwi hai ke isse (namaz mein) apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath ke baazu (kohni se hatheli tak ke hisse) ke darmiyan rakh kar phir unhe'n apne seene par rakhna muraad hai. Jaisa ke guzishta safhaat mein ye riwayat poori sanad ki tehqiq ke saath pesh ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P496)

④ Hadees-e-Ali ﷺ Tafseer ‘فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ’ Mein Tehreef Shuda Riwaayat

ذكر الأثرم قال: حدثنا ألو الوليد الطيالسي قال: حدثنا حماد ابن سلمة عن عاصم الجحدري عن عقبة بن صهبان سمع عليا يقول في قول الله عز وجل ﴿ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴾ قال: وضع اليمنى على اليسرى تحت السرة.

“Sahabi-e-Rasool Ali ﷺ ne Allah Azzwo Wajal ke qaul ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein farmaya ke isse (namaz mein) daae’n-haath ko baae’n-haath par rakh kar naaf ke neeche rakhna muraad hai”. (At Tahmeed limaa Fee al Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V20 P78)

Tamheed Ke Asal Nuskhe Mein ‘السرة’ Nahi Balke ‘الثندوة’ Ka Lafz Hai:

Arz hai ke *Tamheed* ke is nuskhe mein ‘السرة’ (naaf) ka lafz kitab ke mohaqqiq ne apni taraf se bana diya hai. Asal qalmi nuskha, jisse naql karke ye kitab chaapi gai hai, us mein is riwayat ke akheer mein ‘السرة’ (naaf) ka lafz hargiz nahi hai. Balke ‘الثندوة’ (chaati) ka lafz hai. ‘الثندوة’ ke maane *chaati* ke hote hain.

‘الثندوة’ Ka Mafhoom:

Lisaan-ul-Arab mein hai: ‘والثندوة للرجل: بمنزلة الثدي للمرأة’ *“‘الثندوة’ mard ki chaati ko kaha jaata hai, jis tarah aurat ki chaati ko ‘ثدي’ kaha jaata hai”*. (Lisaan-ul-Arab: V1 P41)

Deobandiyo’n ki dictionary Al Qamoos al Waheed mein hai: ‘الثندوة’ *“Mard ka pistaan”*. (Al Qamoos-ul-Waheed: P224)

‘تحت الثندوة’ ka matlab chaati ke neeche hota hai aur chaati ke neeche seena hi hota hai. Chunache ahnaaf, aurat ke liye namaz mein seene par haath baandhne ka hukm dete hain aur unki mashoor kitab *Ad-Dur al-Mukhtar* mein hai: ‘تضع المرأة والخنثى الكف على الكف تحت ثدييها’ *“Aurat aur mukhannas hatheli ko hatheli par rakh kar apni chati ke neeche rakhenge”*. (Sahih Ibne Khuzaima: V3 P306 [Al Aazmi])

Isi tarah ahnaaf ki ek aur kitab mein hai: 'وتضع يمينها على شمالها تحت ثدييها' "*Aurat apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par apni chaatiyo'n ke neeche rakhegi*". (Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P339)

Neez ahnaaf ki ek aur kitab mein hai: 'المرأة تضعهما تحت ثدييها.' "*Aurat dono haatho'n ko apni chatiyo'n ke neeche rakhegi*". (Meeniya al Musalla: P95)

Ahnaaf ki darj-e-baala kitabo'n mein aurat ke liye ye kaha gaya hai ke wo apni chaati ke neeche haath baandhe, jabke ahnaaf ki baaz kitabo'n mein you'n kaha gaya hai ke aurat apne seene par haath baandhe, chunache ahnaaf ki mashoor kitab *Al Bahr ar-Raaiq* mein hai: 'فإنها تضع على صدرها' "*Kyounke aurat apne seene par haath baandhegi*". (Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P320)

Isi tarah ahnaaf ki ek aur kitab mein hai:

وإذا كبر وضع يمينه على يساره تحت سرته والمرأة تضع على صدرها.

"*(mard) takbeer kehne ke baad apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakh kar apne naaf ke neeche rakhega aur aurat apne seene par rakhegi*". (Tohfatul Mulook: P69; Dekhiye Tibbiyeen al-Haqaaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P107; Al Binaaya Sharah al-Hidaaya: V2 P183)

Ahnaaf ki in kitabo'n mein ye kaha gaya hai ke aurat apne seene par haath baandhe, jabke isse qabl mazkura kitabo'n mein ye kaha gaya hai ke aurat apni chati ke neeche haath baandhe. Zaahir hai ke ahnaaf yehi kahenge ke in dono alfaaz me maanawi taur par ek hi baat hai. Yaane dono ka matlab yehi hai ke aurat apne seene par haath baandhe.

Ham bhi yahan yehi kehte hain ke is riwayat mein jo chaati ke neeche haath baandhne ke alfaaz hain, aur doosri riwayaat mein jo seene par haath baandhne ka zikr hai, un dono mein maanawi taur par ek hi baat hai. Yaane dono ka matlab seene par haath baandhna hi hai.

Ye Riwayat Seene Par Haath Baandhne Ki Daleel Hai:

Al-gharz, Ali ﷛ ki ye riwayat bhi naaf ke neeche haath baandhne ki daleel nahi, balke seene par haath baandhne ki daleel hai. Kyounke is riwayat ke akheer mein 'السرة' (naaf) ka lafz maujood hi nahi. Balke sahih lafz 'الثندوة' (chaati) hi hai. Zel mein is baat ke 10 dalaail mulaahaza ho'n:

Tamheed Ki Riwayat Mein Tehreef Karke Asal Lafz Badal Diya Gaya Hai:

Tehreef Ke Dalaail:

Pehli Daleel: Mohaqqiq Ka Khula Eteraaf:

'التمهيد' *At Tamheed* ke mohaqqiq ne haashiya mein khud is baat ka eteraaf kiya hai ke is riwayat ke akheer mein 'السرة' (naaf) ka lafz isi ne banaaya hai aur asal qalmi nuskhe mein yahan par 'السرة' (naaf) ka lafz nahi. Balke iski jagah 'الثندوة' ka lafz hai.

Chunache jis safhe par ye riwayat hai, usi safhe par us lafz ke aage (42) likh kar haashiya mein mohaqqiq likhta hai:

"(42) الثندوة. 1، ق و لعلل الصواب ما أثبته، كما في الرواية".

"At Thanduwah: Nuskha Istanbul mein aisa hai aur nuskha auqaaf mein naaqis hai. Shayad sahih wohi hai, jo maine banaaya hai. Jaisa ke is tarah ki riwayat hai". (Sahih Ibne Khuzaima: V3 P306 [Al Aazmi]) ❶

❶ • At Tahmeed: V20 P78 Haashiya number 42 ke tarjuma mein ham ne rumooz[1] ke mafhoom ka bhi tarjuma kar diya hai. Yaad rahe ke mohaqqiq ne jild 1 ke muqaddama mein apne rumooz ki wazaahat karte hue likha hai:

وإذا كانت الكلمة موجودة في النسخه الأولى ناقصة في الأخرى فإننا نكتب ذالك هكذا مثلا وسلم: أ_ ب_ معناه أن كلمة "وسلم" موجودة في نسخه (أ) ناقصة في نسخة (ب)

"Agar pehle nuskhe mein ek lafz maujood hoga aur doosre mein naaqis hoga, to ham use bataur-e-misaal you'n likhenge: 'وسلم: أ_ ب_' Iska matlab ye hoga ke lafz 'وسلم' nuskha (أ) mein maujood hai aur nuskha (ب) mein naaqis hai. (At Tamheed: Muqaddama: 1\ح)
Jis jild mein ye hadees hai, mohaqqiq ne us jild ki tahqiq sirf do (2) nuskho'n se ki hai. Ek (1) yaane '*Nuskha Istanbul*' aur doosra (ق) yaane '*Nuskha Auqaaf*' jaisa ke mohaqqiq ne Us jild ke shuru mein safha 3 par wazaahat ki hai aur kaha hai ke in nuskho'n ka taaruf guzishta jildo'n mein karaaya ja chuka hai. Chunache zer-e-bahes lafz, mohaqqiq ke rumooz ke mutabiq sirf '*Nuskha Istanbul*' mein hai aur us nuskhe ka taaruf mohaqqiq ne V4 P(د) mein karaaya hai aur mohaqqiq hi ke bayan ke mutabiq ع s nuskhe ke baaz huroof ke nishanaat mite hue hain aur baaz huroof padhne ke qaabil nahi •

"At Tamheed" ka wo safha jis mein mohaqqiq ne 'السرة' (naaf) apni taraf se banaaya aur haashiya mein uski wazaahat.

---

[1] T: (رُمُوز) Nishanaat, nukaat, points [RKT]

At-Tamheed Ke Matbooa Nuskhe Se Mutaaliqa Safha Ka Aks Aur Haashiya Mein Muhaqqiq Ka Eteraaf:

ورواه حماد بن سلمة عن عاصم الجحدري، عن عقبة بن صهبان، عن علي مثله بسواء.

ذكر الأثرم قال حدثنا أبو الوليد الطيالسي، قال حدثنا حماد بن سلمة، عن عاصم الجحدري، عن عقبة بن صهبان، سمع عليا يقول في قول الله عز وجل : ﴿فصل لربك وانحر﴾ قال : وضع اليمنى على اليسرى تحت السرة[42].

قال : وحدثنا العباس بن الوليد، قال حدثنا أبو رجاء الكلبي، قال حدثني عمرو بن مالك، عن أبي الجوزاء، عن عبد الله بن عباس : ﴿فصل لربك وانحر﴾ قال : وضع اليمنى على الشمال في الصلاة.

وروى طلحة بن عمرو عن عطاء، عن ابن عباس، أنه قال : إن من سنن المرسلين وضع اليمين على الشمال، وتعجيل الفطر، والاستيناء بالسحور.

وأكثر أحاديث هذا الباب في وضع اليد على اليد لينة لا تقوم بها حجة ـ أعني الأحاديث عن التابعين في ذلك، وقد قدمنا في أول هذا الباب آثارا صحاحا مرفوعة ـ والحمد لله.

أخبرنا عبد الله بن محمد، قال حدثنا محمد بن بكر، قال حدثنا أبو داود، قال حدثنا مسدد، قال حدثنا عبد الواحد، عن عبد الرحمان بن إسحاق الكوفي، عن سيار أبي الحكم،عن أبي وائل، عن أبي هريرة، قال : أخذ الأكف على الأكف في الصلاة تحت السرة[43].

قال أبو داود : سمعت أحمد بن حنبل يضعف عبد الرحمان بن إسحاق الكوفي وقال : هو يروي عن أبي هريرة، وعن علي ـ في أخذ اليسرى باليمنى في الصلاة تحت السرة[44].

(42) التندوة : أ ـ ق، ولعل الصواب ما أثبته كما هي الرواية.

(43) انظر سنن أبي داود 175/1.

(44) نفس المصدر.

- 78 -

Hamare khayal se mohaqqiq saahab asal makhtoot yaane qalmi nuskhe mein muajood us lafz ko sahih taur se padh nahi sake. Dar-asal ye lafz 'الثندوة' 'ثائے مثلثہ کے ساتھ' hai, jaisa ke Khateeb Baghdadi ki riwayat aage aarahi hai aur 'الثندوة'ke maane chati ke hote hain. كما مضى

Mohaqqiq Ke Pesh e Nazar Qalmi Nuskho'n Ka Taaruf:

Choonke makhtutaat aur qalmi nuskho'n mein bahut saare huroof par nuqte likhe hi nahi jaate the, ya likhe bhi jaate the to 3 nuqte aur 2 nuqte kabhi is tarah likhe jaate ke dekhne mein dono ek jaise maaloom hote hain. Ab asal qalmi nuskhe mein 'الثندوة' ke 'ثاء' par 3 nuqte waazeh nahi ho rahe honge, is liye mohaqqiq ne us hurf par sirf 2 hi nuqte samjhe aur us buniyad par usne us lafz ko 'التندوة' ke (تاء ke sath) padha.

Waazeh rahe ke us jild ki tehqiq mein mohaqqiq ke saamne sirf 2 hi nuskhe the, ek "*Maktaba Istanbul*" ka nuskha, jiske liye mohaqqiq ne (أ) ki alaamat istemaal ki hai aur doosra "*Wizaarath al-Auqaaf*" ka, jiske mohaqqiq ne (ق) ki alaamat istemaal ki hai.

In do (2) nuskho'n mein se sirf ek nuskhe mein ye lafz maujood hai. Jaisa ke haashiya mein unho'n ne ishaara kiya hai aur jis nuskhe mein ye lafz hai. Wo maktaba Istanbul Turkey ka nuskha hai. Jis mein baaz huroof ke nishanaat mite hue hain aur padhe jaane ke qaabil nahi hain. Jaisa ke khud mohqqiqh ne likha hai:

انحمت بعض معالم حروفه، وفي بعض الأجزاء لا يكاد يقرأ.

"*Us mein huroof ke baaz nishanaat mit gae hain aur baaz ajza mein ye poore taur se padhe jaane ke qaabil bhi nahi*". (At Tamheed: Muqaddama (4/د))

Mohaqqiq Ne Sahih Lafz Padhne Mein Ghalati Ki:

Mohaqqiq ki is wazaahat ke baad yehi lagta hai ke yahan bhi lafz bahut ziyada waazeh nahi tha, jiske sabab mohaqqiq saahab use poori tarah padh nahi paae aur 'الثندوة' (ثاء ke sath) ko 'التندوة' (تاء ke sath) padh liya aur choonke 'التندوة' (تاء ke sath) ka koi maane nahi hota, is liye mohaqqiq ne

us lafz ko baa-maane[1] banaane ke liye use badal kar 'السرة' *as Surrah* (naaf) bana diya.

Mohaqqiq ne Usool e Tehqiq Ki Mukhalifat Ki:

Arz hai ke agar mohaqqiq ko ye lafz 'التدوة' (تاء ke sath) hi nazar aaya tha, to uski durust tasheeh ye hai ke huroof mein koi tabdeeli kiye baghaer sirf harf-e-taa 'تا' par ek nukhta badha diya jaae aur use 'الثدوة' kar diya jaae. Iske alaawa isme kisi aur tabdeeli ki qatan koi gunjaaish nahi hai:

① 'التدوة' ke تاء par sirf ek nukhta badhaane se ye lafz baa-maane ban jaata hai, lihaaza asal lafz mein mazeed tasarruf ka koi jawaz nahi hai.

② Ek nuqte ke izaafe ke baad maane bhi us riwayat ke deegar tareeq mein waarid lafz ke muwaafiq ho jaata hai, jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai.

③ Balke Khateeb Baghdadi ki kitab 'مُوَضِّحُ أَوْهَامِ الجَمْعِ وَالتَّفْرِيقِ' mein ye riwayat theek isi sanad-o-matan ke saath hai aur usme waazeh taur par 'الثدوة' ka lafz maujood hai. Ye badi zabardast daleel hai ke is riwayat mein asalan yehi lafz hai. Ye riwayat aage aarahi hai.

④ Laghuwi etebaar se ﴿وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein 'الثدوة' ka lafz maanawi taur par munasib hai. Lekin lughawi etebaar se 'السرة' naaf ka ﴿وَانْحَرْ﴾ se door-door tak koi taalluq nahi hai. Balke ﴿وَانْحَرْ﴾ ki tafseer mein 'السرة' naaf ka ka lafz laana had-darja mazahka-qhez hai.

Mohaqqiq ne aage ye kaha hai ke "*jaisa ke riwayat hai*". Isse ghaaliban mohaqqiq ki muraad Abu Dawood waghaera ki Abdur Rahman bin Ishaq Kufi bil-ittifaaq zaeef shakhs ki riwayat hai. Naake tafseer waali koi aur riwayat. Kyounke Ali ﷺ ki tafseer waali aisi koi riwayat kisi bhi kitab mein sire se muajood hi nahi. Duniya ke tamaam ahnaaf mil ke bhi duniya ke kisi bhi kone mein Ali ﷺ ki aisi tafseeri riwayat hargiz-hargiz nahi dikhla sakte.

---

[1] T: (با معنی) Maane-daar, pur-matlab, pur-mafhoom, meaningful, significant [RSB]

Agar mohaqqiq ne tafseeri riwayat muraad li hai, to aisi tafseeri riwayat kahee’n maujood hi nahi hai aur na mohaqqiq ne koi hawaala diya hai. Agar mohaqqiq ki muraad Abu Dawood mein Abdur Rahman bin Ishaq al-Kufi bil-ittifaaq zaeef shakhs ki riwayat hai to arz hai ke ye riwayat bil-ittifaaq zaeef hone ke saath saath tafseeri riwayat bhi nahi hai. Neez iski sanad bhi bilkul alag hai aur uske ruwaat bhi doosre hain. (Urdu pdf)P558)

Lihaaza is alag siyaaq aur alag riwayat, wo bhi bil-ittifaaq zaeef riwayat ki buniyad par is tafseeri riwayat mein tabdeeli karna bahut bada ajooba hai. Kyounke kisi riwayat ke alfaaz waghaera ki tasheeh ke liye aen usi riwayat ko usi siyaaq mein usi sanad se deegar kutub mein talaash kiya jaata hai, phir koi tasheeh ki jaati hai. Is usool ke tahat mohaqqiq ko chaahiye tha ke us tafseeri riwayat ko usi siyaaq aur sanad ke saath doosri kitab mein talaash karte.

Aisa karne par unhe’n ba-khoobi maaloom ho jaata ke is riwayat ke deegar bahut saare turq mein sareeh taur par seene par haath baandhne ki saraahat hai. Is liye mohaqqiq ko agar lafz ki tasheeh hi karni thi to mausoof ka is lafz ke ‘تاء’ par sirf ek nukhta aur badhaa kar use ‘التدوة’ kar dete, kyounke aisa karne se maanawi taur par ye lafz us riwayat ke deegar turq mein waarid lafz ke muwaafiq ho jaata hai.

Tamheed Ke Ek Doosre Matbooa Nuskhe Mein Yahan ‘الثندوة’ Hi Hai:

Jis tarah koi accha shakhs, jab kisi acche tariqe ki shuruaat karta hai to doosre acche log bhi use dohraate hain. Theek usi tarah jab koi bura tariqa ejaad kar deta hai, to deegar logon ke liye wo uswa ban jaata hai. Chunache jab “*Idaaratul Quran*” waalo’n ne doosre ke matbooa nuskhe mein *tahat as-surrah* ‘تحت السرة’ (zer-e-naaf) ka izaafa kar diya to usi qumaash[1] ke deegar logon ne bhi yehi rawish apnaani shuru kardi.


Chunache Pakistan hi mein “*Tayyab Academy, Multan*” waalo’n ne “*Al Ustaaz Saeed al-Lahhaam*” ki tehqiq se “*Dar al-Fikr, Beirut*” se chapa hua Musannaf Ibne Abi Shaiba ka nuskha liya aur us nuskhe ke jis safhe par Waael bin Hujr ﷺ ki hadees thi, us mein tehreef karte hue uske akheer mein ‘وفي نسخة: تحت السرة’ likh diya aur use bracket mein kar diya. Halaanke Ustaz Saeed al-Lahhaam ka asal nuskha jo “*Dar al-Fikr*” se cahpa tha, us mein *tahat as-surrah* ‘تحت السرة’ (zer-e-naaf) ke alfaaz nahi the. Jaisa ke ham ne pichle safhaat mein uska aks diya hai. (Urdu pdf)P656-657)

Lekin, besharmi ki had ho gai ke doosre ki tehqiq se taba’-shuda nuskha liya gaya, phir uska aks lekar use yahan chaapa gaya aur uski ek hadees mein apni taraf se tehreef kardi gai. إنا لله و إنا إليه راجعون

Us moharraf nuskha ka aks aage mulaahaza farmae’n:

[1] T: (قُمَاشْ) qism, taur, type, kind, sort [RKT]

Muharraf Nuskhe Ka Cover Page:



المصنف

في الأحاديث والآثار

للحافظ

عبد الله بن محمد بن أبي شيبة الكوفي

العبسي

"المتوفى سنة ٢٣٥هـ"

سعيد محمد اللحام

مع رسائل مفيدة

طيب اكادمي

بيرون بوهر گيت ملتان

Muharraf Nuskhe Se Mutaalliqa Safhe Ka Aks:

(٤) حدثنا وكيع عن إسماعيل بن أبي خالد عن الأعمش عن مجاهد عن مورق العجلي عن أبي الدرداء قال: من أخلاق النبيين وضع اليمين على الشمال في الصلاة.

(٥) حدثنا وكيع عن يوسف بن ميمون عن الحسن قال: قال رسول الله ﷺ «كأني أنظر إلى أحبار بني إسرائيل واضعي أيمانهم على شمائلهم في الصلاة».

(٦) حدثنا وكيع عن موسى بن عمير عن علقمة بن وائل بن حجر عن أبيه قال: رأيت النبي ﷺ وضع يمينه على شماله في الصلاة. (وفى نسخة تحت السرة) (١)

(٧) حدثنا وكيع عن ربيع عن أبي معشر عن إبراهيم قال: يضع يمينه على شماله في الصلاة تحت السرة.

(٨) حدثنا وكيع قال: حدثنا عبد السلام بن شداد الجريري أبو طالوت قال: ثنا غزوان بن جرير الضبي عن أبيه قال: كان علي إذا قام في الصلاة وضع يمينه على رسغ يساره ولا يزال كذلك حتى يركع متى ما ركع إلا أن يصلح ثوبه أو يحك جسده.

(٩) حدثنا وكيع قال: حدثنا يزيد بن زياد عن أبي الجعد عن عاصم الجحدري عن عقبة بن ظهير عن علي في قوله ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ قال: وضع اليمين على الشمال في الصلاة.

(١٠) حدثنا يزيد بن هارون قال: أخبرنا حجاج بن حسان قال: سمعت أبا مجلز أو سألته قال: قلت كيف يصنع قال: يضع باطن كف يمينه على ظاهر كف شماله ويجعلها أسفل من السرة.

(١١) حدثنا يزيد قال: أخبرنا الحجاج بن أبي زينب قال: حدثني أبو عثمان أن النبي ﷺ مر برجل يصلي وقد وضع شماله على يمينه فأخذ النبي ﷺ يمينه ووضعها على شماله.

(١٢) حدثنا جرير عن مغيرة عن أبي معشر عن إبراهيم قال: لا بأس بأن يضع اليمنى على اليسرى في الصلاة.

(١٣) حدثنا أبو معاوية عن عبد الرحمن بن إسحاق عن زياد بن زيد السوائي عن أبي جحيفة عن علي قال: من سنة الصلاة وضع الأيدي على الأيدي تحت السرر.

(١٤) حدثنا يحيى بن سعيد عن ثور عن خالد بن معدان عن أبي زياد مولى آل دراج ما رأيت فنسيت فإني لم أنس أن أبا بكر كان إذا قام في الصلاة قال هكذا فوضع اليمنى على اليسرى.

Qaraeen-e-Ikram! Aapne dekha ke kis tarah “*Idaaratul Quran*” waalo’n ke naqsh-e-qadam par chalte hue “*Taiyyab Academy, Multan*” waalo’n ne bhi ek doosre matbooa nuskhe ke saath yehi khilwaad kiya. Is tarah “*Taiyyab Academy*” na sirf ye ke ‘*najis academy*’ saabit hue, balke “*Idaaratul Quran*” waalo’n ko bhi unka *haq-e-najaasat* isaal[1] kar diya.

Sahih Muslim ki hadees hai, Allah ke Nabi ﷺ ne farmaya:

من سن في الإسلام سنة جسنة فله أجرها, وأجر من عمل بها بعده من غير أن ينقس من أجورهم شيئ, ومن سن في الإسلام سنة سيئة كان عليه وزرها و وزر من عما بها من بعده من غير أن ينقص من أوزارهم شيئ.

“*Jisne islam mein koi accha tariqa raaej kiya, phir uske baad us par amal kiya gaya, to uske liye us amal karne waale ke baraabar sawab likha jaaega aur unke sawab mein se kuch kami na ki jaaegi aur jis aadmi ne islam mein koi bura tariqa raaej kiya, phir us par amal kiya gaya to us par us amal karne waale ke gunah ke baraabar gunah likha jaaega aur amal karne waalo’n ke gunah mein koi kami na ki jaaegi*”. (Sahih Muslim: PV2 P704 H1017)

Tehreef Ki Teesri Koshish:

Gunah-e-jaariya ka ye silsila yahee’n khatam nahi hua, balke Pakistan hi ke ek aur maktaba, “*Maktaba Imdaadiya, Multan*” waalo’n ne bhi is silsila mein bhar-poor *imdaad* ki. Chunache un logon ne bhi “*Ustaaz Saeed al-Lahhaam*” ke mohaqqaq nuskhe ka aks lekar chaapa aur unho’n ne bhi Waael bin Hujr ﷺ ki hadees mein bracket ke andar *tahat as-surrah* ‘تحت السرة’ (zer-e-naaf) ka izaafa kar diya. Dilchasp baat ye hai ke usi idaare ne pehli baar jab us kitab ko taba’ kiya tha, to us mein ye tehreef nahi thi. Lekin jab “*Idaaratul Quran*” waalo’n ki taraf se ye *sunnat-e-saiyyiah*[2] jaari ho gai to ye bhi us par aamaada-e-amal ho gae aur khud ko gunah-aalood karne ke saath-saath “*Idaaratul Quran*” waalo’n ko bhi unka hissa ba-ham pohonchaaya.

Mulaahaza farmae’n, aage is maktaba ke muharraf nuskhe ka aks:

---

[1] T: (إيصال) Irsaal, pohonchana [RKT]

[2] T: (سنتِ سيئه) Buri cheez/rawish/kaam, qaabil-e-mazammat [RSB]

Muharraf Nuskhe Ka Cover Page:

مُصَنَّف

ابن أبي شيبة

في الأحاديث والآثار

للحافظ عبد الله بن محمد بن أبي شيبة إبراهيم بن عثمان
ابن أبي بكر بن أبي شيبة الكوفي العبسي المتوفى سنة ٢٣٥ هـ

طبعة مستكملة النص ومصححة ومفكرة ومرقمة الأحاديث ومفهرسة

الجزء الأول

الطهارات، الأذان والإقامة، الصلاة

نسخة نقلت عن
الأستاذ سعيد اللحام .
الإشراف الفني والمراجعة والتصحيح: مكتب الدراسات والبحوث في دار الفكر

مكتبه امداديه ملتان پاکستان

Muharraf Nuskhe Se Mutaalliqa Safhe Ka Aks:

(٤) حدثنا وكيع عن إسماعيل بن أبي خالد عن الأعمش عن مجاهد عن مورق العجلي عن أبي الدرداء قال: من أخلاق النبيين وضع اليمين على الشمال في الصلاة.

(٥) حدثنا وكيع عن يوسف بن ميمون عن الحسن قال: قال رسول الله ﷺ: "كأني أنظر إلى أحبار بني إسرائيل واضعي أيمانهم على شمائلهم في الصلاة".

(٦) حدثنا وكيع عن موسى بن عمير عن علقمة بن وائل بن حجر عن أبيه قال: رأيت النبي ﷺ وضع يمينه على شماله في الصلاة تحت السرة.

(٧) حدثنا وكيع عن ربيع عن أبي معشر عن إبراهيم قال: يضع يمينه على شماله في الصلاة تحت السرة.

(٨) حدثنا وكيع قال حدثنا عبد السلام بن شداد الجريري أبو طالوت قال ثنا غزوان بن جرير الضبي عن أبيه قال: كان علي إذا قام في الصلاة وضع يمينه على رسغ يساره، ولا يزال كذلك حتى يركع متى ما ركع إلا أن يصلح ثوبه أو يحك جسده.

(٩) حدثنا وكيع قال حدثنا يزيد بن زياد بن أبي الجعد عن عاصم الجحدري عن عقبة بن ظهير عن علي في قوله "فصل لربك وانحر" قال: وضع اليمين على الشمال في الصلاة.

(١٠) حدثنا يزيد بن هارون قال أخبرنا حجاج بن حسان قال سمعت أبا مجلز أو سألته قال قلت: كيف يصنع؟ قال: يضع باطن كف يمينه على ظاهر كف شماله ويجعلها أسفل من السرة.

(١١) حدثنا يزيد قال أخبرنا الحجاج بن أبي زينب قال حدثني أبو عثمان أن النبي ﷺ مر برجل يصلي وقد وضع شماله على يمينه فأخذ النبي ﷺ يمينه فوضعها على شماله.

(١٢) حدثنا جرير عن مغيرة عن أبي معشر عن إبراهيم قال: لا بأس أن يضع اليمنى على اليسرى في الصلاة.

(١٣) حدثنا أبو معاوية عن عبد الرحمن بن إسحاق عن زياد بن زيد السوائي عن أبي جحيفة عن علي قال: من سنة الصلاة وضع الأيدي على الأيدي تحت السرر.

(١٤) حدثنا يحيى بن سعيد عن ثور عن خالد بن معدان عن أبي زياد مولى آل دراج قال: ما رأيت فنسيت فإني لم أنس أن أبا بكر كان إذا قام في الصلاة قال هكذا فوضع اليمنى على اليسرى.

(١٣٩٦٠): تحت السرة هذه [illegible] موجودة في بعض نسخ المصنف [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

Tehreef Ki Chauthi Koshish:

Ek taraf tehreef ka silsila chal pada, doosri taraf "*Idaaratul Quran*" waale, jo us tehreef ke baani the, unki shaamat aagai. Har chaar-jaanib[1] se unpar phitkaar barasne lagi, hatta ke unki khiyaanat aur tehreef ko arabi zabaan mein bhi pesh kiya gaya aur unki tehrifaana saazisho'n ko be-naqaab kiya gaya. Ab un be-chaaro'n ki badi fazeehat[2] hui aur kahee'n mu'n dikhaane ke qaabil na rahe.

Apne bhaiyyo'n ki ye durgat banti dekh kar "*kausari party*" ke teesri rukn *Muhammad Awwaamah* saahab ke *nafs-e-lawwaamah*[3] ne malaamat kiya aur aa'n-janab ne apne bhaiyyo'n ke tehreef-aalood daaman ki saaf-safaai ka beeda uthaaya aur ek baar phir se usi hadees mein tehreef ki chauthi koshish ki.

Choonke isse qabl unke biraadaraan doosro'n ke matbooa nuskhe le-le kar us mein tehreef kar rahe the, is liye unho'n ne doosra raasta ikhtiyaar kiya aur wo ye ke Musannaf Ibne Abi Shaiba ki apni tehqiq mein do ghair-mustanad nuskho'n ka sahaara lete hue is tehreefi-karwaai ko sar-anjaam diya.

Dar-asal Musannaf Ibne Abi Shaiba mein Imam Ibne Shaiba ﷫ ne unwaan qaayam kiya hai 'كتاب الرد على أبي حنيفة' (Abu Hanifa Par Rad Ka Bayan). Us mein Imam Ibne Abi Shaiba ﷫ ne bataaya ke Imam Abu Hanifa ﷫ ne kin-kin ahadees ki mukhalifat ki hai. Imam Ibne Shaiba ﷫ ka ye rad Muhammad Awwaamah se bardaasht nahi hua aur mausoof ne Musannaf Ibne Abi Shaiba ki tabaa-at ka bahaana banaaya, jiska asal maqsood Imam Abu Hanifa ﷫ ka difaa hi tha aur lage haatho'n unho'n ne *tahat as-surrah* 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ki tehreef mein bhi apni khidmaat pesh kar dee'n.

Choonke Hindustan mein baaz ahnaaf had-darja mughalta-baazi[4] se

---

[1] T: Chaaro'n taraf, har taraf, atraaf, saari duniya mein [RKT]
[2] T: (فَضِيحَت) Ruswaai, zillat, badnaami [RKT]
[3] T: (نَفسِ لَوّامَہ) Tauba par aamaada qalb, gunah hone par apne aap ko sakht malaamat karne waala nafs [RSB]
[4] T: (مُغالَطَہ بازی) Dhoka fareb dena [RKT]

kaam lete hue Awwaamah Saahab ke moharraf nuskhe ko pesh karke ye kehte hain ke dekho, Arab se chape hue nuskhe mein bhi ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) maujood hai. Is liye ham zaroori samajhte hain ke us nuskhe aur uski tehqiq karne waale Muhammad Awwaamah Saahab aur unki party ka mukhtasar taaruf hadiya-e-qaraeen kar de’n. Taake Saadah-looh awaam ko behkaane aur unhe’n mughalate mein daalne ki koi sabeel baaqi na bache.

Kausari Party Ka Taaruf:

Barre Sagheer Hind-o-Paak mein ek khaas giroh hadees aur mohaddiseen ke khilaaf mahaz khole hue hai aur khidmat-e-hadees ke naam par hadees aur mohaddiseen par taan[1] karna uska mashghala bana hua hai. Ye sab kuch Imam Abu Hanifa ﵀ se majnoonana mohabbat aur fiqa hanafi ke saath wafadaari mein ho raha hai. Chunache Bukhari ki Sharah ke bahaane *Anwaar-ul-Baari* naami kitab mein hadees aur mohaddiseen ke khilaaf jo ghilaazat phaelaai gai hai, wo isi giroh ka kaarastaani hai.

Allah Rabbul Alameen gareeq-e-rahmat kare, Allama-o-Mohaddis Muhammad Raees Nadwi ﵀ ko, jinho’n ne *“Al Lamhaat Ilaa Ma Fee Anwaar al-Baari Min az-Zulumaat”* ‘اللمحات إلى ما في أنوار الباري من الظلمات’ ke naam se us zehreeli kitab ka dandaan-e-shikan aur mu’n-todh jawab diya aur us giroh ke hausle past karke rakh diye.

Theek isi tarah ka ek giroh arab mein bhi sar-garm hai. Uska mission bhi khidmat-e-hadees ke naam par hadees aur mohaddiseen par taan-o-tashnee hai aur fiqa hanafi ke saath namak-halaali aur Imam Abu Hanifa ﵀ se majnoonaana mohabbat ka izhaar hai. Us giroh mein 3 naam bahut numaaya’n hain. Ek Zahid Kausari hai, jo us party ka baani hai, use baaz ulama ne “*Majnoon Abi Hanifa*” ka laqab diya hai aur Shaikh Ibne Baaz ﵀ ne ise ‘المجرم الآثم’ *“Al Mujrim al-Aatheem”*[2] aur ‘الأفاك الأثيم’ *“Al Affaak al Atheem”*[3] kaha hai. (Baraa-at Ahlus Sunnah Mein Waaqiah Fee Ulama al-

---

[1] T: (طَعْن) Aeb-geeri, nukta-cheeni, malaamat [RKT]
[2] T: Sakht gunahgaar aur nafarmaan [RSB]
[3] T: Jhoot bolne waala aur badkaar [RSB]

Aimmah: P3)

Usne Imam Abu Hanifa ﷫ ki mohabbat mein ek taraf Imam Zahbi ﷫ ki kitab Muqam-e-Abi Hanifa apne mughalata-aamez[1] hawaashi ke saath shaaya ki, doosri taraf azeem mohaddis Khateeb Baghdadi ﷫ ke khilaaf 'تأنيب الخطيب' "*Taneeb al Khateeb*" naami kitab likhi. Jis mein hadees aur mohaddiseen ke khilaaf jee bhar kar taan-o-tashni kiya.

Allah ke fazl-o-karam se us kitab ka jawab 'أمير المؤمنين في الجرح و التعديل' "*Ameer al-Momineen Fil Jarh wa Taadeel*" faqeeh-e-asma ur rijaal Allama-o-Mohaddis Abdur Rahman bin Yahya al-Yamaani al-Muallami ﷫ ne diya. Jo 'التنكيل بما في تانيب الكوثري من الأباطيل' ke naam se Shaikh Albani ﷫ ki tehqiq ke saath do (2) jildo'n mein matboo hai. Ye kitab na sirf ye ke Zahid Kausari ka jawab hai. Balke bahut saare ruwaat ke taraajim, asma ur rijaal ke maarif, Ilal ki bareekiyo'n, jarh-o-taadeel ke usoolo'n aur be-shumaar hadeesi fawaaid ka marja'[2] hai. Us kitab ne "*Kausari Party*" ki poori imaarat masmaar karke rakh di hai.

Yaad rahe ke Zahid Kausari shirkiya aqaaid ka haamil hai. Ye ghairullah se madad maangne aur qabro'n par qubbe-o-masaajid banaane ka qaayal hai. Aimma aur mohaddiseen ki shaan mein usne badi tauheen ki hai. Balke had ho gai Sahabi-e-Rasool Anas ﷜ ko bhi nahi baqsha. Is silsila mein tafsilaat aur us gumraah shakhs ke baare mein mazeed maalumaat ke liye Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﷾ ke mukhtalif mazameen "*Maqalaat-e-Irshad-ul-Haq Athari*" mein padhiye. (Dekhiye: Al Muqaabla Baen al-Huda waz Zalaal bi-qalm Al-Allama ash-Shaikh Abdur Razzaq Hamza)

Us party mein doosra naam "*Abd al-Fattaah Abu Ghudda*" hai. Ye saahab Zahid Kausari ke shaagird-e-khaas hain, balke baaz ahle ilm ne inhe'n 'الكوثري الصغير' "*Al Kausari as-Sagheer*" (Chota Kausari) kaha hai. (Dekhiye: Tambeeh al-Areeb Alaa Baaz Akhta Tehreer Taqreeb-ut-Tehzeeb: P158)

Ye hazrat Zahid Kausari ke is qadar diwaane hain, ke unho'n ne apne bete ka naam Zahid rakha. Allama Albani ﷫ ne Aqida Tahawiya ki tehqiq ke muqaddama mein mausoof ke baare mein jo kuch likha hai,

---

[1] T: (مُغالَطَه آميز) Dhoka, fareb mein daalna, gumrah-kun [RSB]
[2] T: (مَرْجَع) Thikaana, panaah [RKT]

wo padhne k qaabil hai. (Dekhiye: Muqaddama Sharah al-Aqida at Tahaawiya: P21-62 [Al Maktaba al Islami])

Zahid Kausari ka shaagird hone par fakhar karna, apne ham-mashrab[1] logon ko mubaalagha-aamez[2] madh-o-sana[3] karna aur nusoos mein tehreef karna inka pasandeeda mashghala raha hai. (Dekhiye: Tahreef an-Nusoos Min Ma-aakhaz Ahl al-Ahwaa Fil Istidlaal, Baraa-at Ahlus Sunnah Min al-Waaqia Fee Ulama al-Aimmah)

Isi party ke teesre (3) rukn aur *nanhe kausari* "*Muhammad Awwaamah Sahab*", hain. Ye saahab chote kausari ke shaagird-e-Rasheed to hain hi, iske saath-saath bade kausari ke bhi diwaane aur parastaar[4] hain. Chunache apni mutaaddid kitabo'n mein mausoof ne *kausari-e-aazam* ko bade bhaari bharkam aadaab-o-alqaab se nawaaza hai. Masalan ek muqaam par likhte hain: 'شَيْخُ شُيُوخِنَا، الْعَلَّامَةُ الْحُجَّةُ الشَّيْخُ مُحَمَّدٌ زَاهِدُ الْكَوْثَرِيُّ'. (Musnad Umar bin Abdul Aziz: P235 [Hashiya] [Awwaamah])[5]

Mausoof ki kitabe'n padhne se saaf maaloom hota hai ke bade aur chote kausari se unho'n ne bharpoor istifaada kiya hai aur *dajl-o-fareb, tadlees-o-talbees aur heel-o-makr* mein kausari mahaarat ko wirse mein haasil kiya hai. Salaf-o-Ahle Hadees ke dushmano ko bade-bade alqaab se nawaazna aur salafi ulama par taan-o-tashni karna, mausoof ki aadat rahi hai. Balke had ho gai, ke ek jagha Allama Albani ﷺ ko '*jaahil*' tak keh diya. Chunache apni badnaam zamaana kitab 'أثر الحديث' "*Athar-ul-Hadees*" mein likhte hain:

..... التي قال عنها هذا الجاهل في مقدمة " الآيات البينات...".

"*Jiske baare mein is jahil (Albani) ne* 'الآيات البينات' *ke muqaddama mein kaha hai....*". (Athar-ul-Hadees lil Awwaamah: P102) ❶

❶ • Us kitab ka jawab Allama Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله ne Urdu mein "Asbaab Ikhtilaaf

[1] T: (ہَم مَشْرَب) Ek (1) aqide ke pairukaar, ek (1) jaise aqide waale [RKT]
[2] T: (مُبالَغَہ آمیز) Badha-chadha ka bayaan karna, hadd se badh kar badaai ya buraai karna [RKT]
[3] T: (مَدْح و ثَنا) Taareef-o-tauseef (khusoosan Allah aur Rasool ﷺ ki), badaai, hamd-o-sana [RKT]
[4] T: (پَرَسْتار) Parastish karne waala, aashiq [RKT]
[5] T: Hamare suyookh ke shaikh, azeem aalim, hujjat, Shaikh Muhammad Zahid al-Kausari [RSB]

al-Fuqaha, Haqeeqi-o-Masnooi Awaamil" ke naam se likha tha, jo taareeb[1] ke baad ab arbi mein matboo hai •

Is kitab mein unho'n ne sirf Allama Albani ﷫ hi nahi, balke aur bhi kai ahle ilm. Hatta ke Imam Bukhari ﷫-o-Imam Muslim ﷫ ke khilaaf bhi zaher-ifshaani[2] ki hai. (Dekhiye: Athar al-Hadees lil Awwaamah: P136-137) Isi liye Shaikh Mashoor Hasan Salman ne unki us kitab ko 'كتب حذر منه العلماء' ki fehrist mein pesh kiya hai. (Kutub Hazzar Minha al-Ulama: V1 P168)

Sirf yehi nahi, balke Awwaamah aur unke ustaaz Abu Ghudda dono saahibaan ne Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiyya ﷫ aur Imam Ahmad ﷫ par bhi bohtan-taraashi ki hai, jiska dandaan-e-shikan jawab Daktoor Rabee bin Haadi al-Madkhali ne diya hai. (Taqseem-ul-Hadees Ilaa Sahih, Hasan-o-Zaeef Baen Waaqe al-Mohaddiseen-o-Mughallataat al-Mutassibeen, Rad Alaa Abi Ghudda-o-Muhammad Awwaamah az Daktoor Rabee bin Haadi al-Madkhali)

Ye hai Awwaamah Saahab ka ilmi nasb-naama jinho'n ne zer-e-bahes hadees mein tahat as-surrah 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ke izaafe mein chauthi baar koshish ki hai aur jinke hawaale se awaam ko dhoka diya jaata hai ke arab se chape hue nuskhe mein bhi 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ka lafz hai. Ab aage ham Awwaamah Saahab ki tehreef ki haqiqat waazeh karenge. Isse pehle unke nuskhe se mutaalliqa safhe ka aks mulaahaza ho:

---

[1] T: (تَعْرِيب) Allama Irshad-ul-Haq Athari ki asal kitab urdu mein thi, ab use Arbi mein translate karke shaaya kiya gaya hai [RSB]

[2] T: (زَہْر اَفْشانی) Ghalat-fehmi phaelaana, badnaam karna, mukhalifaana baate'n karna [RKT]

المصنف

لابن أبي شيبة

الإمام أبي بكر عبد الله بن محمد بن أبي شيبة العبسي الكوفي

المولود سنة ١٥٩هـ - والمتوفى سنة ٢٣٥هـ

رضي الله عنه

حققه وقوّم نصوصه وخرّج أحاديثه

محمد عوّامة

المجلد الثالث

من كتاب الصلاة

٢٩٩٩ - ٥٠٢٥

شركة دار القبلة

مؤسسة علوم القرآن

Note: Awwaamah Saahab ke nuskhe mein ye hadees teen (3) safhaat par thi, zel mein teeno safhaat ke ibtidaai hisse ka aks:

٣٢٠ ٣ـ كتاب الصلاة باب (١٦٧ ـ ١٦٧)

٣٩٥٩ ـ حدثنا وكيع، عن موسى بن عُمير، عن علقمة بن وائل بن

٣٩٥٩ ـ تقدم من وجه آخر عن وائل قبل حديثين، وهذا إسناد صحيح، والصواب سماع علقمة من أبيه، كما تراه في التعليق على ترجمة علقمة في «التقريب» (٤٦٨٤)، و«الكاشف» (٣٨٧٦).

باب (١٦٧ ـ ١٦٧) ٣ـ كتاب الصلاة ٣٢١

حُجْر، عن أبيه قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم وضع يمينه على

تجده في «زوايع في وجه السنة قديماً وحديثاً» ص٢٥١، وجريدة المدينة المنورة ١٠/ ٥/ ١٤١٠هـ العدد ٢٨٤٥، وغيرهما.

ومن نقل الحديث عن إحدى النسخ الأربع غ، ظ، ن، ش التي ليس فيها هذه الجملة: معذور في عدم إثبات هذه الزيادة، لكنه ليس معذوراً في نفي ورودها، ومن نقله عن إحدى النسختين اللتين فيهما هذه الزيادة: هو معذور في إثباتها، بل واجب عليه ذلك، ولا يجوز له حذفها، فعلى مَ التنابز والتنابذ؟!.

٣٢٢ ٣ـ كتاب الصلاة باب (١٦٧ ـ ١٦٧)

شماله في الصلاة تحت السرة.

٣٩٦٠ ـ حدثنا وكيع، عن ربيع، عن أبي معشر، عن إبراهيم قال: يضعُ يمينه على شماله في الصلاة تحت السرة.

٣٩٤٠ ٣٩٦١ ـ حدثنا وكيع قال: حدثنا عبد السلام بن شداد الجُرَيري أبو

فسدُّ الثغرة بطباعة القسم الأول من المجلد الرابع.

وأما أخطاؤه: فأخبرني من لسانه إلى أذنيّ، وأنا أماشيه في الحرم النبوي الشريف، أنه قد عهد إلى بعض أهل العلم عنده في كراتشي بتصحيحها، ففعلوا، وبلغت الأخطاء معهم نحو ثمانية آلاف غلطة مطبعية!! ففقدت الدار الثقة بهذه الطبعة تماماً.

Tehreef Ka Pehla Sahaara:

Awwaamah Saahab ne is hadees mein tehreef ke liye sabse pehle ye aks diya hai:

٨ صور النسخ الخطية المعتمدة في تحقيق المجلد الثالث



صورة الصفحة من نسخة (ع) التي فيها: «تحت السرة»

وهو الآتي برقم (٣٩٥٩)

Awwaamah Saahab ne pehle number par jis makhtoote ka sahaara liya hai, wo Shaikh Abid Sindhi Hanafi (d 1257h) ka makhtoota hai, jo intihaai ghair-mustanad hai.

Yaad rahe ke ye nuskha khud Shaikh Abid Sindhi ne apne haath se nahi likha. Balke doosre se likhwaaya hai, jisne be-parwaai mein ye ghalati ki hai aur us nuskhe ki takmeel ke baad asal nuskhe se uska muqabla hua ya nahi? uski bhi wazaahat nahi hai. Balke jis asal se us nuskhe ko naql kiya gaya hai, uska bhi koi suraagh nahi milta. Is par mustazaad[1] ye ke us nuskhe me naasikh ne bahut saari ghalatiyaa'n ki hain aur bahut saari asaneed-o-mutoon mein gad-bad ki hai. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P368 Muqaddama [Hamd al-Juma, Muhammad al-Luhaidaan])

In wujuhaat ki bina par ye baat saaf ho jaati hai ke ye nuskha qatan laayaq-e-etemaad nahi hai. Balke khud Awwaamah Saahab hi ne us makhtoot ka taaruf karate hue saaf lafzo'n mein keh diya hai:

وهي نسخة للا ستئناس لا للاعتماد عليها.

"*Ye nuskha istenaas[2] ke liye, is par etemaad nahi kiya ja sakta*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P28 Muqaddama [Awwaamah])

Ghaur farmae'n ke jab khud Awwaamah Saahab ka ye elaan hai ke ye nuskha na-qaabil-e-etemaad hai to phir aa'n-janaab ne 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ki ziyadati mein us par etemaad kaise kar liya?!

Sirf Awwaamah hi ne nahi, balke un se qabl bhi jitne mohaqqiqeen ne Musannaf Ibne Abi Shaiba ki tehqiq ki hai, kisi ne bhi us nuskhe par etemaad nahi kiya aur na kisi ne uske sahaare Waael bin Hujr ﷺ ki hadees mein *tahat as-surrah* 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ka izaafa kiya hai.

Awwaamah Saahab se qabl Shaikh Hamd bin Abdullah al-Juma aur Shaikh Muhammad bin Ibrahim al-Luhaidaan ne bhi Musannaf Ibne Abi Shaiba ki tehqiq ki hai aur un mohaqqiqeen ne bhi ye elaan kiya hai ke ye nuskha ghair-musanad hai. (Dekhiye: Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P368-369 Muqaddama [Hamd al-Juma. Muhammad al-Luhaidan])

---

[1] T: (مُستَزَاد) Badhaaya hua, ziyaada kiya hua, additiona, extra [RKT]
[2] T: (اِسْتِئْنَاس) Sirf jaanne ya samajhne ke liye [RSB]

Is nuskhe ke ghair-motabar hone ke saath-saath is baat par bhi ghaur keejiye, ke Waael bin Hujr ﷺ ki marfoo hadees ke fauran baad Ibrahim Nakhai ka asar hai. Marfu hadees aur asar dono ek saath mulaahaza farmae'n:

(مرفوع حديث) حدثنا وكيع، عن موسى بن عمير، عن علقمة بن وائل بن حجر، عن أبيه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم وضع **يمينه على شماله في الصلاة**.

(أثر إبراهيم نخعي) حدثنا وكيع، عن ربيع، عن أبي معشر، عن إبراهيم، قال: يضع **يمينه على شماله في الصلاة** تحت السرة. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P190) [1]

Marfu hadees aur asar, dono mein khat-kaseehda [2] aur alfaaz par dehaan de'n.

Marfu hadees ke akheer mein 'يمينه على شماله في الصلاة' hai aur Ibrahim Nakhai ke asar mein *tahat as-surrah* 'تحت السرة' (zer-e-naaf) se pehle hoo-ba-hoo yehi alfaaz hain.

Is liye koi baeed nahi ke marfoo hadees ke ye alfaaz likhte waqt kaatib ki nazar agle asar mein maujood inhee'n alfaaz par padi. Phir usne yahan se in alfaaz ko marfoo hadees ke alfaaz samajh kar naql kiya. Choonke yahan in alfaaz ke saath *tahat as-surrah* 'تحت السرة' (zer-e-naaf) tha, is liye wo bhi naql ho gaya.

❁ Musannaf Ibne Abi Shaiba ki tehqiq karne waale Shaikh Hamd bin Abdullah al-Juma aur Shaikh Muhammad bin Ibrahim ne bhi yehi baat kahi hai. Chunache un mohaqqiqeen ne apne mohaqqaq nuskhe mein jahan Waael bin Hujr ﷺ ki ye hadees hai, wahee'n haashiya mein Shaikh Abid ke nuskhe mein maujood 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ke izaafe ka hawaala dekar use rad kar diya hai aur use kaatib ki ghalati

---

[1] T: (Hadees-e-Marfoo) Wakee ne Musa bin Umair se, unho'n ne Alqama bin Waail bin Hujr se aur unho'n ne Waail bin Hujr ﷺ se riwayat kiya ke unho'n ne Nabi ﷺ ko dekha ke aap ne **namaz mein apna daaya'n-haath baae'n-haath par rakha hua tha**.
(Asar Ibrahim Nakhai) Wakeen ne Rabee se, unho'n ne Abu Ma'shar se, aur unho'n ne Ibrahim Nakhai se riwayat kiya ke unho'n ne farmaya: **Namaz mein daaya'n-haath baae'n-haath par naaf ke neeche rakhe**. [RSB]

[2] T: (خَطْ كَشِيدَه) Wo ibaarat waghaera jiske neeche dehaan dilaane ke liye lakeer kheenchi gai ho [RKt]

qaraar dete hue kaha:

في (م): شماله في الصلاة تحت السرة، ولعلة سبق نظره إلى الأثر الذي بعده فكتب منه: تحت السرة.

"*Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe mein* 'شماله في الصلاة تحت السرة' *hai. Shayad kaatib ki nazar iske baad maujood asar par padi aur usse tahat as-surrah* 'تحت السرة' *(zer-e-naaf) naql kar diya*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V2 P334 Muqaddama [Hamd al-Juma, Muhammad al-Luhaidan])

❁ Yehi baat Shaikh Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi ﷫ (d 1163h) ne bhi kahi hai. Chunache likhte hain:

في ثبوت زياده: تحت السرة نظر، بل هي غلط، منشأه السهو، فإني راجعت نسخة صحيحة للمصنف فرأيت فيها هذا الحديث بهذا السند، وبهذه الألفاظ، إلا أنه ليس فيها تحت السرة. وذكر فيها بعد هذا الحديث أثرُ النخعي، ولفذه قريب من لفظ هذا الحديث، وفي آخره: في الصلاة تحت السرة. فلعل بصر الكتاب زاغ من محل إلى آخر، فأدرج لفظ الموقوف في المرفوع.

"*Tahat as-surrah* 'تحت السرة' *(zer-e-naaf) ki ziyaadai ka suboot mahel-e-nazar hai. Balke ye ghalat aur sahv ka natija hai. Kyounke maine Musannaf Ibne Abi Shaiba ka sahih nuskha dekha hai aur us mein yehi hadees inhi alfaaz ke saath dekhi hai. Us mein tahat as-surrah* 'تحت السرة' *(zer-e-naaf) nahi hai. Neez us mein is hadees ke baad Ibrahim Nakhai ka asar hai aur uske alfaaz bhi taqriban isi hadees jaise hain aur uske aakhri mein hai* 'في الصلاة تحت السرة' *Ghaaliban kaatib ki nigah ek jagah se doosri jagah chali gai aur usne mauqoof*[1] *asar ke alfaaz ko marfoo hadees mein daakhil kar diya*". (Fath al-Ghafoor Fee Waza' al-Aidee Alaa Sudoor: P52 [Ziya ur Rahman al-Aazmi])

❁ Balke lutf to ye hai ke ek doosre muqaam par ek kaatib se isi tarah ki ghalati hui hai aur yahan par khud Awwaamah Saahab ne bhi isi tarah ki baat keh rakhi hai.

Chunache ek kaatib ne Musannaf Ibne Abi Shaiba hi ke nuskhe mein isi tarah ki ghalati ek doosri jagah ki hai aur waha'n Awwaamah Saahab ne bhi yehi kaha hai ke kaatib ne sabqt-e-nazar se aisa likh diya hai, jaisa ke aage ham Awwaamah Saahab ke alfaaz naql kar rahe hain. (Urdu pdf)P702)

[1] T: (الموقوف) Aisi hadees jis mein sanad ka silsila sirf sahaabi tak pohonchta ho [RSB]

Maaloom hua ke mohaqqiqeen-o-ahle ilm ne na to is nuskhe ko motabar maana hai, aur na us par etemaad kiya hai. Sirf mohaqqiqeen-o-ahle ilm hi nahi, balke maazi mein naasikheen ne bhi Shaikh Abid Sindhi ke us nuskhe par etemaad nahi kiya, chunache us nuskhe se naql karte hue bahut saare logon ne apne nuskhe banaae. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P369 Muqaddama [Hamd al-Juma, Muhammad al-Luhaidan])

Lekin un logon ne us nuskhe se naql karne ke bawujood bhi apne nuskhe mein Waael bin Hujr ﷺ ki marfoo hadees mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ke alfaaz naql nahi kiye.

Goya naasikheen[1] bhi use be-buniyad aur ghalat hi maante the. Ghaaliban sirf ek nuskha hai, jiske baare mein kaha ja sakta hai ke ye bhi Shaikh Abid Sindhi hi ke nuskhe se manqool hai aur us mein bhi ye izaafa maujood hai. Ye nuskha Allama Abdul Qaadir Mufti Makka Mukarrama ka hai.

Awwaamah Saahab ne us nuskhe ka bhi hawaala diya hai, lekin uska aks diya hai na us nuskhe ka taaruf karwaaya hai. Dar-asal ye nuskha Awwaamah Saahab ko mila hi nahi. Balke Awwaamah Saahab ne 'درهم الصرة' ke waaste se uska hawaala diya hai aur us kitab mein bhi us nuskhe ki koi tafseel nahi hai.

Shaikh Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله likhte hain: "*Raha Allama Mufti-e-Makka Mukarrama ka nuskhe to uske baare mein bila-shubha Shaikh Muhammad Hashim ne likha hai ke us mein marfoo aur asar-e-Nakhai dono hain aur dono mein* 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) *ke alfaaz hain. Magar unho'n ne ye qatan zakir nahi kiya ke ye nuskha kis nuskhe se manqool hai aur uska naasikh kaun hai? Ye asal se muqabla-shuda*[2] *aur qaabil-e-etemaad hai ya nahi? Jab tak ye umoor saabit na ho'n, us par etemaad ahle ilm ki shaan nahi. Aise nuskhe se istidlaal mahez 'doobte ko tinke ka sahaara, ka misdaaq hai*". (Hadees Aur Ahle Taqleed-az-Maulana Dawood Arshad: P433)

Arz hai ke bahut mumkin hai ke ye nuskha bhi Shaikh Abid hi ke nuskhe

---

[1] T: From ناسخین to English: Transcriber. From transcriber to Urdu: Mutarjim [RSB]

[2] T: (مقابله شده) Do (2) nuskho'n ka muwaazana (comparision) karke durust kiya gaya [RSB]

se manqool ho aur us naasikh ne be-parwaai se us izaafe ko joo'n ka too'n naql kar diya ho. Agar aisa hai to us nuskhe ki bhi koi alaahada haisiyat nahi aur agar aisa nahi to phir ye nuskha *majhool* hai. Uske naasikh ka pata hai na is baat ka pata hai ke us nuskhe ki asal kiya hai aur uska bhi ilm nahi ke asal se muqabla-shuda hai ya nahi? In wujuhaat ki bina par us nuskhe ki bhi wohi haisiyat hai jo Shaikh Abid ke nuskhe ki hai. Yaane dono nuskhe hi ghair-mustanad aur ghair-motabar hain.

Tehreef Ka Doosra Sahaara:

Awwaamah Saahab ne is hadees mein tehreef ke liye doosra aks ye diya hai:

132

وضع اليمين على الشمال

صورة الصفحة من نسخة (ت) التي فيها: «تحت السرة»

وهو الآتي برقم (٣٩٥٩)

Awwaamah Saahab ne jis doosre nuskhe se mutaalliqa safhe ka aks diya hai, wo Shaikh Muhammad Murtaza-az-Zubaidi Hanafi ka nuskha hai, uske liye Awwaamah Saahab ne 'ت' ki alaamat istemaal ki hai.

Arz hai ke ye nuskha bhi mustanad nahi, uske mustanad hone ki sharaaet mafqood[1] hain. Isi liye khud Awwaamah Saahab ne bhi us nuskhe ke baare mein kaha: 'ولا عتماد عليها مفيد' *"Is par etemaad mufeed hai"*. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P30 Muqaddama ([Awwaamah])

Yaane sirf mufeed hai, yaqeeni nahi. Wo bhi sirf is liye kyounke us par Allama Aeni ke hawaashi hain aur Shaikh Zubaidi ﷫ ki muraaja-at mein ye nuskha raha hai. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P30 Muqaddama [Awwaamah])

Arz hai ke kaunsa nuskha aisa hai, jo kisi aalim ki muraaja-at mein nahi rehta hai? Lekin mahez itni si baat se koi nuskha qaabil-e-etemaad saabit nahi hota. Isi liye khud Awwaamah Saahab ne bhi use poore taur se qaabil-e-etemaad nahi kaha, balke sirf etemaad ko mufeed batlaaya hai, lihaaza ye nuskha bhi mustanad nahi hai.

Alaawa-azee'n us nuskhe se jis safhe ka aks Awwaamah Saahab ne diya hai, usi safhe par dekha jaae to saaf nazar aata hai ke us hadees ke fauran baad Ibrahim Nakhai ka jo asar tha, jis mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah* (zer-e-naaf) ka lafz tha, ye asar us nuskhe se ghaayab hai!! (Urdu pdf)P695)

Ye is baat ki daleel hai ke yahan naasikh se sabqat-e-nazar ke sabab ghaflat hui hai. Marfu hadees naql karte waqt uski nazar aage Ibrahim Nakhai ke asar par padi, usne Ibrahim Nakhai ke asar ko marfoo hadees ka aakhri hissa samajh liya aur marfoo hadees mein us asar ko shaamil kar diya. Uske baad aage badh gaya aur Ibrahim Nakhai ka asar aur uski sanad likhi hi nahi. Kyounke us hisse ko jab usne marfoo hadees ke saath mila diya to use yehi laga ke ye alfaaz likhe ja chuke hain. Is liye Ibrahim Nakhai ka asar yahan se ghayab hi ho gaya.

Yehi wazaahat khud ahnaaf mein se bhi kai hazraat ne ki hai. Chunache

---

[1] T: (مَفقُود) Khoya hua, ghaayab, gum-shuda [RKT]

Shaikh Muhammad Hayaat Sindhi Hanafi ؒ (d 1163h) likhte hain:

روى هذا الحديث ابن أبي شيبة، وروى بعده أثر النخعي، ولفظهما قريب، وفي آخر الأثر لفظ: تحت السرة. واختلفت نسخه، ففي البعض ذكر الحديث مطلقا في غير تعيين المحل مع وجود الأثر المذكور، وفي البعض وقع الحديث المرفوع بزيادة تحت السرة بدون أثر النخعي، فيحمل أن هذه الزيادة منشأها ترك الكتاب سهوا نحو سطر في الوسط وإدراج لفظ الأثر في المرفوع.

"*Is hadees ko Ibne Abi Shaiba ne riwayat kiya hai aur iske baad Ibrahim Nakhai ka asar riwayat kiya hai. Un dono ke alfaaz taqriban ek hain aur Ibrahim Nakhai ke asar ke aakhir mein tahat as-surrah* 'تحت السرة' *(zer-e-naaf) ka lafz hai aur Ibne Abi Shaiba ke nuskho'n mein ikhtilaaf hai. Baaz mein marfoo hadees haath baandhne ki jagah ke baghaer mutlaq mazkoor hai aur uske saath Ibrahim Nakhai ka mazkura asar bhi hai aur baaz mein marfoo hadees tahat as-surrah* 'تحت السرة' *(zer-e-naaf) ki ziyaadati ke saath waarid hai, lekin uske baad Ibrahim Nakhai ka asar mazkoor nahi hai. Lihaaza isse is baat par mahmool kiya jaaega ke likhne mein darmiyan se ek satar choot gai hai aur Ibrahim Nakhai ke asar ke alfaaz mafu hadees mein daakhil ho gae hain*". (Durrah Fee Izhaar Ghash Naqd as-Surrah: P68 (al matbooa Ma' Dirham as Surrah))

Ye ek bahut bade hanafi alim ki wazaahat hai, jis mein taassub ka dakhal nahi ho sakta. Ye sirf ek hi hanafi alim ki wazaahat nahi, balke ahnaaf hi mein se kai hazraat yehi wazaahat karte hue nazar aate hain. Chunache Maulana Anwar Shah Kashmiri Hanafi ؒ (d 1353h) bhi Shaikh Muhammad Hayaat sindhi ؒ ki wazaahat ki taaeed karte hue likhte hain:

ولا عجب أن يكون كذالك، فإني راجعت ثلاث نسخ للمصنف، فما وجدت في واحدة منها.

"*Koi ajab nahi ke baat isi tarah ho, kyounke maine Musannaf Ibne Abi Shaiba ke teen (3) qalmi nuskhe dekhe aur in teeno (3) mein se kisi ek mein bhi ye ziyaadati main ne nahi paai*". (Faizul Baari: V2 P267)

Sirf yehi nahi, balke muaasireen mein ahnaaf hi ke ek naamwar Aalim Maulana Habib ur Rahman al-Aazmi guzre hain. Jinhe'n ahnaaf bahut bada mohaddis aur bahut bada mohaqqiq maante hain, unho'n ne bhi Musannaf Ibne Abi Shaiba ki tehqiq ki hai aur unke saamne bhi yehi nuskha tha. Lekin unho'n ne naasikh ki us ghalati ko sabqat-e-nazar ki

ghalati hi samjha aur apne nuskhe mein uski islaah karte hue marfoo hadees ko *tahat as-surrah* 'تحت السرة' (zer-e-naaf) ke baghaer darj kiya. Phir uske baad Ibrahim Nakhai ka jo asar us nuskhe se saaqit ho gaya tha, use bracket mein rakhte hue kitab mein shaamil kiya aur haashiya mein saaf taur se elaan kar diya ke asal nuskhe mein naasikh ki ghalati se Ibrahim Nakhai ka asar saaqit ho gaya tha aur us asar ka aakhri hissa marfoo hadees ke saath mil gaya tha, jiski islaah ki gai hai.

Chunache Maulana Habib ur Rahman Saahab apne mohaqqaq nuskhe mein us muqaam par haashiya mein likhte hain:

سقط من الأصل إلا آخره مدر جا فيما فوقه، واستدركته من ب والحديرآبادية.

"*Ye (Ibrahim Nakhai ka asar) asal makhoot se saaqit hai aur uska aakhri hissa (tahat as-surrah* 'تحت السرة'*) oopar ki marfoo hadees se mil gaya hai. Maine nuskha* 'ب' *aur Hyderabad waale nuskhe se us asar ka izaafa kiya hai*". (Habib ur Rahman al-Aazmi Sahab waale nuskhe se is safhe ka aks dekhne ke liye hamari is kitab ke safha: 653 mulaahaza kare'n)

Ghaur keejiye ke ye saare ke saare hanafi akabireen hain, jo yak-zuban hokar keh rahe hain ke yahan naasikh se ghalati hui hai. Lekin afsos ke Awwaamah Saahab ko sacchai hazam nahi hui aur wo is ghalati ko ghalati maanne ke liye taiyyaar nahi, balke unhee'n ke akabereen ne jo ye kaha hai ke yahan naasikh ki ghalati se Ibrahim Nakhai ke asar ka aakhri hissa marfoo hadees mein shaamil ho gaya hai, Awwaamah Saahab jazbaati andaaz mein iska jawab dete hue likhte hain:

والجواب أن هذا تظنن و تشكك، يفرح به أعداء الله والإسلام، لو فتح لما بقي لنا بشيئ من مصادر ديننا!.

"*Iska jawab ye hai ke ye gumaan aur tashkeek[1] hai, jo Allah aur uske Rasool ﷺ ke dushmano ke liye khus-kun hai. Agar ye darwaza khol diya jaae to hamare deen ke masaadir ki koi saqaahat baaqi nahi rahegi*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V3 P320 Muqaddama [Awwaamah])

Arz hai ke Awwaamah Saahab ki ye baat bilkul aise hi hai, jaise Quran ne baaz kuffaar ke baare mein naql kiya hai:

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

---

[1] T: Shak mein daalne ka fe'l ya amal, shak-o-shubha [FL]

Unho’n Ne Inkaar Kar Diya, Halaanke Unke Dil Yaqeen Kar Chucke The, Sirf Zulm Aur Takabbur Ki Bina Par. Pas Dekh Leejiye Ke Un Fitna-pardaaz[1] Logon Ka Anjaam Kaisa Kuch Hua. (Surah an-Naml 27: 14)

Ham ye baat is liye keh rahe hain ke yahan apne akabireen ki jis baat ka Awwaamah Saahab ne jazbaati andaaz mein inkaar kiya hai, aen usi baat ka eteraaf Awwaamah Saahab ne usi kitab mein doosre muqaam par khud kiya hai!!

Ek Naasikh ne bilkul isi tarah ki ghalati ek doosri jagah ki hai, usne waha’n pichli riwayat ke hisse ko agli riwayat ke saath mila diya hai aur agli riwayat ka matan ghayab kar diya hai. Chunache Awwaamah Saahab ki tehqiq se shaaya-shuda Musannaf Ibne Abi Shaiba ki paanchwee’n (5th) Jild mein number 7763 ke tahat ye asar hai:

حدثنا وكيع، عن حسن بن صالح، عن عمرو بن قيس، عن أبي الحسناء، أن عليا أمر رجلا يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P223 [Awwaamah])[2]

Phir uske faruan baad ye asar hai:

حدثنا وكيع، عن مالك بن أنس، عن يحيىٰ بن سعيد، أن عمر لن الخطاب أمر رجلا يصلي بهم عشرين ركعة.[3]

Awwaamah Saahab ke nuskhe se us safhe ka aks aage mulaahaza ho:

[1] T: Fitna uthaane waala, jhagda paeda karne waala, fasaadi [RKT]

[2] T: Wakee ne Hasan bin Saaleh se, unho’n ne Amr bin Qais se, aur unho’n ne Abu al-Hasanah se riwayat kiya ke Hazrat Ali ﵁ ne ek (1) shakhs ko hukm diya ke wo logo’n ko ramazn mein bees (20) rakat (taraweeh) padhaae. [RSB]

[3] T: Wakee ne Imam Maalik bin Anas se, unho’n ne Yahya bin Saeed se riwaya tkiya ke Hazrat Umar ﵁ ne ek (1) shakhs ko hukm diya ke wo logo’n ko bees (20) rakat (taraweeh) padhaae. [RSB]

٧٧٦٣ ـ وكيع، عن حسن بن صالح، عن عمرو بن قيس، عن أبي الحسناء: أن علياً أمر رجلاً يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة.

٧٧٦٤ ـ وكيع، عن مالك بن أنس، عن يحيى بن سعيد: أن عمر بن الخطاب أمر رجلاً يصلي بهم عشرين ركعة.

٧٧٦٥ ـ وكيع، عن نافع بن عمر قال: كان ابن أبي مليكة يصلي بنا

٧٧٦٣ ـ «عن أبي الحسناء»: جاء في النسخ: عن أبي الحسن، سوى م ففيها: عن أبي الحسين، ومثلها جاء في «الاستذكار» ٥: ١٥٨ نقلاً عن المصنِّف، والظاهر أن صوابه ما أثبتُّه، فقد رواه من طريق المصنف: أبو القاسم التيمي في «الترغيب والترهيب» ٢: ٣٦٨ (١٧٨٩)، وفيه: أبو الحسناء. ونقله عن المصنف: العلاء المارديني في «الجوهر النقي» ٢: ٤٩٦، وجاء كذلك في «مختصر اختلاف العلماء» للطحاوي بشرح الجصاص عليه ١: ٣١٢، والبيهقي ٢: ٤٩٧، و«عمدة القاري» ٩: ٢٠١ نقل فيه السند والمتن ولم يعزه، فمن أجل هذه المصادر أثبتُّه فوق هكذا، وهو جزماً غير المترجم في قسم الكنى من «تهذيب الكمال» وفروعه، والله أعلم بحال هذا المذكور هنا.

وما زال عندي احتمال أن يكون ما جاء في النسخ ـ سوى م ـ صحيحاً: أبو الحسن، ويكون المراد به أبا الحسن البراد، وذكروا له رواية عن عليّ رضي الله عنه، انظر «الكنى» للبخاري (١٧٠)، و«الجرح» ٩ (١٦١٠)، و«كنى» أبي أحمد الحاكم ٣ (١٥٧٠)، وغيرها.

٧٧٦٤ ـ سقط هذا الأثر من ع، وجاء في أ هكذا: وكيع، عن مالك بن أنس: أن علياً أمر رجلاً يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة. وهو سبق نظر إلى الأثر السابق.

٧٧٦٥ ـ «يقرأ بـ: حَمْد، الملائكة»: يريد سورة فاطر المفتتحة بقوله تعالى: ﴿الحمد لله فاطر السموات والأرض جاعل الملائكة رسلاً..﴾، وينظر رقم (٧٧٥٦).

Awwaamah Saahab ke pesh-e-nazar Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe se doosra asar ghayab hai, jaisa ke khud Awwaamah Saahab ne haashiya mein likha hai aur Awwaamah Saahab hi ke ba-qaul ek doosre nuskhe mein ye asar maujood to hai, magar uske matan ki jagah pichle asar hi ka matan maujood hai. Yahan Awwaamah Saahab ne ye wazaahat ki hai ke shayad naasikh ki nazar pichle asar par padi aur usne pichle asar ke matan ko dobaara yahee'n darj kar diya.

Chunache Awwaamah Saahab us safhe ke haashiya mein likhte hain:

سقط هذا الأثر من "ع" ، وجاء في "أ" هكذا: وكيع، عن مالك بن أنس، أن عليا أمر رجلا يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة. وهو سبق نظر إلى الأثر السابق.

"Ye asar 'ع' *yaane Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe mein nahi hai aur* 'أ' *yaane Maktaba Ahmad as-Saalis ke nuskhe mein is tarah hai* 'وكيع, عن مالك بن أنس, أن عليا أمر رجلا يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة' *Aisa (kaatib ki jaanib se) pehle asar ki taraf sabqat-e-nazar ki wajah se hua hai"*. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V5 P223)

Qaraeen! Mulaahaza farmaya aapne, Awwaamah Saahab kya likh rahe hain? Kye ye doghli policy nahi hai?

Ham poochte hain, kahan gai Awwaamah Saahab ki wo jazbaati taqreer ke is tarah ke gumaan se Allah ke dushman khush honge aur ye darwaza khol diya jaae to masaadir-e-deeniya se etemaad uth jaaega? Agar is tarah ke gumaan ki gunjaaish nahi thi aur uska sadde-baab[1] hona chaahiye to khud Awwaamah Saahab ne is muqaam par ye bad-gumaani kaise paal lee aur Allah ke dushmano ko khush karne ke liye ye darwaza kaise khol diya?

Saaf zaahir hai ke Awwaamah Saahab ko bhi tasleem hai ke sabqat-e-nazar ke sabab kaatib se is tarah ki ghalati ho jaati hai aur deegar nuskho'n ki madad se uski islaah karna tehqiq ka fariza hai. Lekin choonke zer-e-naaf waale masle mein unke maslak aur unke yaaro'n ka difaa' maqsood tha. Is liye waha'n apne nazdeek musallam sacchai se

---

[1] T: (سَدِّ باب) Kisi baat ki rok-thaam, darwaza band karna [RKT]

bhi inkaar kar diya gaya. إنا لله و إنا إليه راجعون

Shayad Awwaamah Saahab ko bhi andaaza tha ke is waazeh haqiqat ke khilaaf unki jazbaati taqreer mein koi kashish nahi hai. Isi liye mausoof ne tinke ka sahaara lene ki koshish ki aur kaha:

ومع ذلك فماذا نفعل بثبوت ذلك كله في نسخة الشيخ محمد عابد السندهي، التي فيها الحديث والأثر، وفي آخر كل منهما تحت السرةّ؟ ومع من زاد علم و إثباتو حجة، فماذا مع النافي؟!.

"*Alaawa-baree'n iske baare mein kya kahe'n ke Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe mein ye sab saabit hai. Jis mein marfoo hadees aur asar dono maujood hain aur dono ke aakhir mein* 'تحت السرة' *hai*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V3 P320 Muqaddama Tehqiq Awwaamah])

Arz hai ke guzishta sutoor mein bataaya ja chuka hai ke khud Awwaamah Saahab ne us nuskhe ko na-qaabil-e-etemaad qaraar diya hai, to phir yahan us na-qaabil-e-etemaad nuskhe se daleel pakadna siwaae '*doobte ko tinke ka sahaara*' waala maamla nahi to aur kya hai?!

Mazeed-baraa'n khud Awwaamah Saahab ne doosre muqaam par nuskhe mein is tarah ki ghalati par etemaad nahi kiya. Chunache sutoor-e-baala mein ham ne Awwaamah Saahab ke mohaqqaq nuskhe ke hawaale se isi tarah ki ghalati ki jo misaal pesh ki hai, use dobaara dekhe'n. Awwaamah Saahab haashiya mein likhte hain ke Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe mein Syedna Umar Farooq ﷺ ka asar ma sanad-o-matan ghaayab hai. Lekin Maktaba Ahmad as-Saalis ke nuskhe mein yehi asar ma sanad-o-matan maujood hai. Magar us mein Umar Farooq ﷺ ke bajaae Ali ﷺ ka naam likha gaya hai. Yaane Awwaamah Saahab iqraar karte hain ke us nuskhe mein Ali ﷺ ke pehle asar ke saath unhee'n se yehi asar dobaara doosri sanad se manqool hai.

Ab kya ham Awwaamah Saahab se pooch sakte hain ke yahan to Ali ﷺ ke pehle asar ke saath-saath hi doosra asar, doosri sanad se manqool hai. Phir us mein kaatib se ghalati kaise ho gai???

Zaahir hai ke har maaqool[1] aadmi yahan bhi sabqat-e-nazar hi ki baat

[1] T: (مَعْقُول آدْمی) Samajhdaar insaan, mohazzab aadmi, shaaista insaan [RKT]

kahega, ke sabqat-e-nazar ke sabab naasikh ne doosre asar mein bhi pehle asar ka matan shaamil kar diya aur Awwaamah Saahab ne bhi yahan yehi kaha hai.

Yehi baat ham bhi 'تحت السرة' ke masle mein kehte hain. Yaane Shaikh Murtaza-az-Zubaidi ke nuskhe mein sabqat-e-nazar ke sabab naasikh se Ibrahim Nakhai ka asr choot gaya aur uska aakhri hissa pehli riwayat se mil gaya. Shaikh Abid Sindhi ke nuskhe mein agarche dono maujood hain lekin pehli riwayat mein sabqat-e-nazar se naasikh ne agli riwayat ka aakhri hissa bhi shaamil kar diya.

Ittifaaq to dekhiye ke kaatibo'n ne haath baandhne waali riwayaat mein jis tarah ki ghalati ki hai, theek usi tarah ki ghalati taraweeh se mutaalliq riwayaat mein bhi ki hai.[1]

۞ Chunache ek nuskhe mein jis tarah kaatib ki ghalati se 'تحت السرة' *(tahat as-surrah)* se mutaalliq marfoo hadees ke baad Ibrahim Nakhai ka asar ghaayab hai, theek usi tarah ek nuskhe mein kaatib ki ghalati se taraweeh se mutaalliq Ali ﷛ ke asar ke baad Umar Farooq ﷛ ka asar ghayab hai.

۞ **Jis tarah ek nuskhe mein haath baandhne se mutaalliq hadees aur asar dono maujood hain, lekin kaatib ki ghalati se asar ka matan hadees waali riwayat ke matan mein shaamil ho gaya hai, theek usi tarah taraweeh se mutaalliq ek nuskhe mein Ali ﷛ aur Umar ﷛ dono ke aasaar maujood hain. Magar kaatib ki ghalati se doosre asar mein pehle asar ka matan shaamil ho gaya**.

Al-gharz, kaatibo'n aur naasikho'n se is tarah ki ghalatiyaa'n ho jaati hain aur iski bahut saari misaale'n pesh ki ja sakti hain. Ham ne sirf Awwaamah Saahab hi ke alfaaz mein ek misaal pesh ki hai. Is tarah ki mazeed misaalo'n ke liye Shaikh Irshad-ul-Haq Athari حفظه الله ka ek maqaala jo *Hadees Aur Ahle Taqleed* (V1 P428-431) mein shaamil hai, use mulaahaza farmale'n.

---

[1] T: Urdu pdf mein ye paragraph isi tarah bold fonts ke saath maujood hai, main use baaqi rakha hai. [RSB]

Mazeed arz hai ke ye nuskha Shaikh Murtaza-az-Zubaidi ka hai aur unho'n ne khud us par etemaad nahi kiya. Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﺣﻔﻈﻪ ﷲ likhte hain: "*Yehi nuskha Shaikh Muhammad Murtaza Zubaid Saahab at-Taaj ke paas tha, balke jab wo Ihya-ul-Uloom ki sharah likh rahe the, tab bhi ye nuskha unke pesh-e-nazar that aur us nuskhe ke naasikh aur taareekh-e-naskh ka zikr bhi karte hain. Jaisa ke muqaddama-e-kitab P29 mein unho'n ne iski tafseel zikr ki hai:*"

"❶ *Magar qaabil-e-ghaur, balke hal-talab*[1] *masla ye hai ke Allama Murtaza-az-Zubaidi usi "Ihya-ul-Uloom" ki sharah "Ithaaf as-Saadah al-Muttaqeen" ki usi teesri jild mein haath baandhne se mutaalliq bahes ke zimn mein hanafi maslak ki daleel Syedna Ali* ﷺ *ki maaroof riwayat Musnad Ahmad aur Daraqutni waghaera se to zikr karte hain. Magar 'Al Musannaf' ki ye sahih aur 'jaiyyad' sanad, se manqool 'riwayat' zikr kyoun nahi karte? Unke alfaaz hain:*"

دليل أبي حنيفة ما رواه أحمد والدارقطني والبيهقي عن علي. (Ithaaf as Saadah al Muttaqeen: V3 P37)

"*Yehi nahi, balke maslak-e-hanafi ki taaeed mein unho'n ne "Uqood al-Jawaahir al-Muneefa"* 'عقود الجواهر المنيفة' *ke naam se ek mustaqil kitab likhi hai. Usme bhi unho'n ne 'Al Musannaf', ki ye riwayat zikr nahi ki. Aakhir kyoun? Zaahir hai ke agar unke nazdeek ye riwayat isi tarah durust aur qaabil-e-etemaad hoti, to iska zikr zaroor karte. Ye is baat ka qareena-e-qawiyya*[2] *hai ke 'Al Musannaf' ke nuskhe mein is riwayat ke naql hone par wo mutmaeen na the. Allama Qasim ka isi nuskhe se riwayat naql karna to qaabil-e-etemaad there, magar Allama-az-Zubaidi ka use nazar andaaz kar dena uske na-qaabil-e-etemaad hone ki daleel kyoun nahi?*".

"❷ *Balke Allama Aeni, jinke baare mein kaha gaya hai ke is nuskhe mein kai muqamaat par unke hawaashi hain. Unho'n ne bhi Sahih Bukhari ki Sharah 'Umda-tul-Qaari, mein aur Hidaaya ki sharah 'Al Binaayah, mein is riwayat ko zikr nahi kiya. Wo Syedna Ali* ﷺ *ki zaeef riwayat se difaa ki koshish to karte hain, lekin kya wajah hain 'Al*

---

[1] T: Imam Abu Hanifa ka istidlaal Hazrat Ali ﷺ ki wo riwayat hai jo Imam Ahmad, Daraqutni aur Bayhaqi ne bayan ki. [RSB]

[2] T: (قرينه قوى) Waazeh aur qaabil-e-etemaad daleel ya alaamat [RSB]

Musannaf' ki 'Sanad-e-Jaiyyad' se is riwayat ko dar-khor-e-etinaa[1] *nahi samajhte? Kya ye qarina nahi ke Allama Aeni bhi is sanad aur matan par mutmaeen nahi the?*". (Hadees Aur Ahle Taqleed: V1 P436-437)

Waazeh rahe ke Shaikh Murtaza-az-Zubaidi ka yehi nuskha Shaikh Qasim bin Qatlubugha Hanafi ke daur mein tha aur unho'n ne usse apni kitab mein Ibne Abi Shaiba ki ye riwayat 'تحت السرة' ki ziyaadati ke saath naql ki hai. Zaahir hai ke jab ye asal nuskha hi ghair-motabar hai aur us mein kaatib ne ghalati ki hai to us nuskhe se Shaikh Qasim ke naql karne se koi farq padhne waala nahi, kyounke jahan se mausoof ne naql kiya hai, wahee'n ye ghalati hai.

Yaad rahe ke Shaikh Qasim bin Qatlubugha ko is nuskhe ke alaawa koi doosra nuskha naseeb hi nahi hua, warna wo nuskho'n ka ikhtilaaf zaroor batlaate aur us par bahes karte. Jaisa ke deegar logon ne kiya hai.

Hairat hai ke Awwaamah Saahab ne khud eteraaf kiya hai ke Shaikh Qasim bin Qatlubugha ke pesh-e-nazar yehi nuskha tha aur unho'n ne isi nuskhe se ye riwayat naql ki hai. Lekin phir bhi is riwayat par haashiya-araai farmate waqt mausoof ne Qasim bin Qatlubugha ke pesh-e-nazar nuskhe ko alaahada nuskha shumaar kiya hai. Iski mufassil tardeed ke liye Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﷾ ka maqaala 'Hadees Aur Ahle Taqleed: V1 P432' mulaahaza farmae'n.

Ek Khush-fehmi Ka Izaala:

Ek shakhs ne badi khush-fehmi mein kaha hai ke Shaikh Qasim bin Qatlubugha ne jab ye riwayat apni kitab mein naql ki to us waqt ke kisi bhi alim ne un par taaqqub nahi kiya aur phir us par ek lamba arsa guzra, us dauran mein bhi kisi ne unki tardeed nahi ki. Isse pata chala ke *Musannaf* ke nuskhe mein ye lafz saabit hai, warna Allama Qasim par taaqqub kiya jaata.

Arz hai:

Awwalan: Ye khush-fehmi hi mazahka-khez hai ke fiqa-e-hanafi ki us

---

[1] T: (دَرْخورِ اِعْتِنا) Munaasib, tawajjo ke laayaq, khayaal ke qaabil [RKT]

kitab ko bahut saare ahle ilm ne dekha hoga. Bhai ye looh-e-mehfooz se naazil-shuda Quran-e-Majeed hai ya ashah-ul-kitab baad kitabullah[1] hai ke wujood mein aate hi poori duniya mein aam ho jaae? Ek ye mutaassib hanafi ki fiqa-e-hanafi ki ek kitab ki takhreej hai, bhala duniya ke deegar ahle ilm ko usse kya sarokaar?!

Deegar ahle ilm to door ki baat, khud ulama-e-ahnaaf hi ke darmiyan us kitab ka aam hona saabit nahi. Asr-e-haazir mein jin saahab ne is kitab ki tehqiq ki hai, unhe'n bhi us kitab ke sirf do (2) hi nuskhe mil sake. Isse to andaaza hota hai ke khud ahnaaf ki nazro'n se bhi ye kitab makhfi rahi, deegar ulama ki us par nazar-e-inaayat to bahut door ki baat hai.

Deegar ulama ko jaane de'n, khud ahnaaf hi se saaabit kare'n ke Qasim bin Qatlubugha ki us ibaarat ko kitne ahnaaf ne padha aur use aam kiya? Qasim bin Qatlubugha ke baad bhi hanafi ulama ne us masle par kai naslo'n tak baat ki hai. Lekin kisi bhi hanafi ne Qasim bin Qatlubugha ki us gumnam kitab ki ibaarat naql ki?

Agar us kitab ki ibaarat doosre ahnaaf ke zariye bhi naql ki gai hoti aur use aam kiya gaya hota to be-shak ahle ilm uski tardeed karte. Chunache maazi-qareeb mein jab us kitab ki is ibaarat ko aam kiya jaane laga to uski tardeed bhi hone lagi, balke sab se pehle khud hanafi ulama hi ne unki tardeed ki, jaisa ke ba-hawaala guzar chuka hai.

Saniyan: Ye bhi to mumkin hai ke jinki nazar us ibaarat par padi ho, unho'n ne bhi use waazeh taur par ghalat hone aur aam na hone ke sabab nazar-andaaz kar diya ho. Jaisa ke khud Shaikh Murtaza-az-Zubaidi hi ka maamla hai, jinke nuskhe se ye ibaarat naql ki gai hai. Ye to khud us nuskhe ke maalik hain, lekin iske bawujood unho'n ne is masle par baat karte hue us riwayat se daleel nahi li. Isi tarah Allama Aeni ne us nuskhe se istifaada kiya, lekin unho'n ne bhi is masle par baat karte hue us riwayat se daleel nahi li aur saath mein un logon ne us nuskhe ki riwayat par rad bhi nahi kiya. Saaf zaahir hai ke un logon ne is riwayat ki ghalati ko waazeh al-butlaan hone ke sabab nazar andaaz kar diya tha. Yehi maamla Qasim bin Qatlubugha ki ibaarat ka bhi hai.

[1] T: Quran-e-Majeed ke baad sabse sacchi kitaab [RSB]

Saalisan: Ek aur latifa dekhe'n, ke fiqa hanafi hi ki ek kitab mein Ibne Abbas ﵄ se bhi naaf ke neeche haath baandhne ki marfoo hadees naql ki gai hai. (Urdu pdf)P555)

Is hadees ka poori duniya ki kisi bhi kitab mein koi wujood nahi hai. Phir bhi aaj tak kisi bhi ghair-hanafi ne us kitab mein manqool is hadees par tanqeed nahi ki! To kya ye samajh liya jaae ke ye hadees sahih sanad se hadees ki kitabo'n mein saabit thi, is liye us par rad karne ki jurat koi nahi kar saka?

Saaf zaahir hai ke is maadoom-us-sanad[1] riwayat ka butlaan is qadar waazeh tha ke kisi ne uska rad karne ki zaroorat hi mehsoos nahi ki aur ahnaaf bhi is masle par baat karte hue use nazar andaaz karte rahe, magar kisi ne bhi us par tanqeed nahi ki.

Albatta maazi-e-qareeb mein jab Shaikh Muhammad Hashim Thathwi ne is hadees ko dohraaya to khud ek hanafi aalim Allama Muhammad Hayaat Sindhi ne hi fauran keh diya ke ye riwayat *adeem-us-sanad* hai. (Dekhiye: Durrah: P66 [Matbooa'a ma Dirham as Surrah])

Raabian: Ba-taur-e-ilzam arz hai ke ahnaaf hi mein se Allama Abdul Haq Dehelwi ne apni kitab 'شرح سفر السعادة' mein Tirmizi ke hawaale se Halab at-Taai ﵁ ki hadees naql ki hai aur us mein seene par haath baandhne ke alfaaz bhi naql kiye hain. (Dekhiye: Sharah Safar as-Saadah: P44 (ba-hawaala Namaz Mein Haath Kahan Baandhe'n?: P41; Shaikh Rushdullah Shah Rashidi ﷫ ne Darj ad Durar mein bhi iska hawaala diya hai)

Halaanke Tirmizi ke kisi bhi dastiyab nuskhe mein is hadees ke andar seene par haath baandhne waale alfaaz nahi. Ye baat naql kiye hue ek arsa beet gaya aur aaj tak kisi ne uska rad nahi kiya. Halaanke Tirmizi ke hawaale se ye baat likhne waale Hindustan se taalluq rakhte the aur Hindustan mein Ahle Hadees aur Ahnaaf ke darmiyan jo maslaki munaafarat[2] hai, wo mohtaaj-e-bayan nahi. Lekin iske bawujood bhi aaj tak kisi bhi hanafi ne uski tardeed nahi ki. To kya ye samajh liya jaae ke Sunan Tirmizi mein ye hadees inhee'n alfaaz ke saath saabit hai? Al-

---

[1] T: (مَعْدُوم السند) Aisi riwayat jiski sanad fanaa, ghaayab ho [RSB]

[2] T: (مُنافَرَت) Doori, baaham nafrat karna [RKT]

garhz Shaikh Qasim bin Qatlubugha ka hawaala bhi be-sood hai.

Awwaamah Saahab aage likhte hain:

ومع من زاد علم و إثبات وحجة، فماذا مع النافعي؟!.

"Jisne ziyadati ki hai, uske saath ilm, isbaat aur hujjat hai, to nafi karne waale ke paas kya hai?!". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V3 P320 [Awwaamah])

Ziyaadat e Siqa Ke Usool Ki Wazaahat

Ham kehte hain ke ziyaadati karne waale ne isbaat to kiya hai. Yaane 'تحت السرة' ka izaafa kiya hai. Lekin uske paas ilm aur hujjat hone ki koi daleel hai, na Awwaamah Saahab hi ke paas koi daleel hai. Ghaaliban Awwaamah Saahab yahan us usool ko laagu karna chahte hain, ke siqa ki ziyaadati qubool hoti hai, jaisa ke unhi ke pesh-roo[1] logon ne bhi ye baat kahi hai. Is silsila mein mazeed arz hai:

Awwalan: Awwaamah Saahab hi ke hawaale se pehle naql kiya ja chuka hai ke unke pesh-e-nazar ek nuskhe mein taraweeh hi se mutaalliq Ali ﷺ ka asar doosri sanad se dobaara manqool hai. Yaane us nuskhe mein ye ziyaadati hai ke baqiyya nuskho'n mein uska zikr nahi. Lekin Awwaamah Saahab ne yahan ye usool laagu karke ye ziyaadati qubool nahi ki. Balke us doosri sanad waale asar ko ghalat qaraar diya aur kaha ke ye Umar Farooq ﷺ hi ka asar hai, naake Ali ﷺ ka aur us ghalati ki wajah kaatib ki sabqat-e-nazar hai.

Ham kehte hain ke 'تحت السرة' *tahat as-surrah* ke masle mein bhi kaabit se sabqat-e-nazar ki ghalati hui hai, is liye yahan bhi ye usool laagu nahi hoga.

Saniyan: Hadees ke aam talaba bhi jaante hain ke ziyaadati '*siqa raawi*' ki qubool hoti hai aur jin nuskho'n mein ye ziyaadati hai, unka naasikho'n ka siqa hona maaloom nahi hai. Balke khud Awwaamah Saahab ne bhi in nuskho'n ko ghair-mustanad qaraar diya hai. Aisi soorat mein is usool ki rat lagaana kya maan rakhta hai?!

[1] T: (پیشْ رَو) Qaaid jiski paerawi ki jaae [RKT]

Agar ghair-mustanad nuskho’n mein bhi aisa izaafa hota jiski taaeed matan ke baqiya hisse ya deegar turq se hoti, to use qubool kiya ja sakta tha, lekin yahan aisa koi maamla nahi.

Saalisan: Majhool raawi ki ziyadati to dar-kinaar, siqa raawi ki ziyadati bhi alal-itlaaq qubool nahi hoti. Balke qaraain dekh kar faisla kiya jaata hai aur yahan qaraain yehi batlaate hain ke kaatib ki ghalati se *tahat as-surrah* ‘تحت السرة’ ka izaafa hua hai. Lihaaza agar ye izaafa siqa kaatib se hua hota to bhi na-qaabil-e-qubool hota. Che-jaaeke[1] ye izaafa yahan majhool kaatibo’n ne kiya hai.

Raabian: Ye riwayat deegar mohaddiseen ne bhi apni-apni sanad se isi matan ke saath zikr ki hai aur kisi ne bhi si riwayat mein ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* ka izaafa naql nahi kiya. Jo is baat ki daleel hai ke Musannaf Ibne Abi Shaiba mein bhi ye riwayat isi tarah honi chaahiye.

Shaikh Irshad-ul-Haq Athari ﷾ likhte hain: “*Imam Wakee ki is sanad se ye riwayat Musnad Imam Ahmad: V4 P316, Sunan Daraqutni: V1 P286 aur Sharah as-Sunnah lil Baghwi: V3 P30 mein* ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah ke bahgair hai. Imam Wakee ke muaasir Imam Abdullah bin Mubaarak ne bhi ye riwayat Musa bin Umair se is ziyaadati ke baghaer bayan ki hai*”. (Mulaahza ho: Sunan Nasai: V1 P105; Sunan Kubra lahu aizan; At Tamheed: V20 P72) ❶

❶ • Imam Wakee ke teesre muaasir Imam Abu Naeem Fazl bin Dakeen bhi ise baghair ziyaadati ke riwayat karte hain. Mulaahaza ho: At-Tamheed: V20 P72; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P28; Al Mojam al-Kabeer lit Tabrani: V22 P9; Tehzeeb al-Kamaal lil Mizzi: V11 P499 [tarjuma Musa bin Umair].
Yehi wajhe hai ke hanafi maslak ke maroof wakeel Allama Nemwi ne *At-Taaleeq al-Hasan* mein is izaafe ko *ghair-mehfooz* qaraar diya hai. Chunache pehle unho’n ne iske bare mein Haafiz Qasim bin Qatlubugha, Allama Abu al-Taiyyab al-Madani aur Shaikh Abid Sindhi ke hawaale se likha hai. Unho’n ne ise sanad-e-jaiyyad, rijaal-e-siqa qaraar diya hai. Phir Allama Muhammad Hayat Sindhi ka mauqif bayan kiya hai ke ye ziyaadati kaatib ki ghalati ka karishma hai. Iske baad jawab mein Allama Qaayam Sindhi ko *Fauz al-Kiraam* se Allama Hayat Sindhi ki tardeed naql ki hai, ke ye ziyadati sahih hai. Ye saari tafseel bayan karne ke baad likhte hain:
الإنصاف أن هذا الزيادة وإن كانت صحيحة لوجودها في أكثر النسخ من المصنف لكنها مخالفة لروايات الثقات فكانت غير محفوظة.

[1] T: (چہ جائیکہ) let alone that, ke alaawa [RSB]

"*Insaaf ki baat ye hai ke ye ziyaadati agar-che 'Al Musannaf' ke aksar nuskho'n mein hone ki wajah se sahih hai, lekin ye ziyaadati siqaat ki riwayat ke mukhaalif hai. Is liye ghair-mehfooz hai*".

"*Aksar nuskho'n*" ki baat to in sha Allah ham baad mein karenge, yaha'n hamen sirf itna arz karna hai ke Allama Nemwi is ziyaadati ko ghair-mehfooz qaraar dete hain aur Allama Qasim waghaira ke ham-nawa nahi, ke ise ba-taur-e-istidlaal pesh kiya jaae.

Balke Maulana Badar Alam ne Faizul Baari ke haashiya mein Allama Nemwi ka yehi mauqif unki ek doosri kitab "*Ad Durrah An Nazrah Fee Waza' al-Yadain Tahat as-Surrah*" se naql kiya hai. Ke Allama Mausoof Shaikh Qasim, Shaikh Abid Sindhi aur Allam Abu al-Taiyyab al-Madani ke mauqif ke bar-aks is riwayat ki tauseeq par mutmaeen nahi. Unke alfaaz hain: 'لم يترض به العلامة ظهير أحسن و ذهب إلىٰ أن تلك الزيادة معلولة'

"*Allama Zaheer Ahsan Nemwi iski tauseeq par raazi nahi aur wo us taraf gae hain ke ye ziyaadati maalool hai*". (Haashiya Faiz-ul-Baari: V2 P267) •

"Zaahir hai ke Imam Wakee aur unke doosre muaasireen ki riwayaat zakhira-e-kutub-e-ahadees mein maujood hain aur un mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah ke alfaaz nahi. Al Musannaf ke kai nuskho'n mein bhi ye izaafa nahi hai. Ab ye ilm-o-dayaanat ki kaunsi meraaj hai ke "na-qaabil-e-etemaad" aur "ghalat nuskho'n" ki bina par use sahih qaraar diya jaae? Doosre nuskhe mein Ibrahim Nakhai ke asar ka saaqit hona bhi unho'n ne tasleem kiya hai*".

"*Rahi Allama Nemwi ki ye baat ke "Al Musannaf" ke "aksar" nuskho'n mein ye ziyaadati paai jaati hai hai, to ye baat dar-asal unho'n ne pehle Allama Qaaim Sindhi ke risaale "Fauz al-Kiraam" ke hawaale se naql ki hai aur usi tanaazur mein unho'n ne aksar nuskho'n mein uske wujood ka zikr kiya hai. Khud unho'n ne kisi nuskhe ka zikr nahi kiya. Albatta "Ad Durrah an Nazrah" mein Maktaba Mahmoodiya ka naam unho'n ne liya hai ke uske nuskhe mein ye ziyaadati maujood hai aur ye wohi nuskha hai jise Shaikh Awwaamah* 'لا للاعتماد عليها' *kehkar na-qaabil-e-etemaad qaraar dete hain*".

"*Fauz al-Kiraam ka ye nuskha Peer Jhanda ke maktabe mein raaqim ki nazar se guzra hai aur uski ek naql raaqim ke paas bi-hamdillah maujood hai. Uske hawaale se Allama Nemwi ne jo naql kiya, wo ibaarat is waqt bhi pesh-e-nazar hai. Jis mein Shaikh Qaayam ne Shaikh Abdul Qadir Mufti Makkah Mukarrama ke nuskhe aur Shaikh*

Qasim ka ‘التعريف والإخبار بتخريج أحاديث الاختيار’ *mein is riwayat ko naql karne ka zikr hai. Ab batlaaiye ke ye “do (2) nuskhe” kyounkar ban gae? In dono nuskho’n ke hawaale se ye baat bhi pehle guzar chuki hai aur jab Shaikh Qasim ka nuskha hi naaqis hai, us par etemaad che-maane daarid*[1]*?*”.

“*Iske bar-aks Allama Anwar Shah Kashmiri, marhoom Allama Hayaat Sindhi ka mauqif bayan karne ke baad farmate hain*”

ولا عجب أن يكون كذالك، فإني راجعت ثلاث نسخ للمصنف فما وجدته في واحدة منها.

“*Yaane koi taajjub nahi ke baat usi tarah ho jaise Allama Hayaat Sindhi ne kahi ho. Khud maine Al Musannaf ke 3 nuskhe dekha hain. Un mein se kisi ek mein bhi maine is* ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah ko nahi paaya*”. (Faiz al-Baari: V2 P267)

Allama Kashmiri ne un 3 nuskho’n ki wazaahat nahi ki, ke wo kin maktabaat mein the. Lekin do (2) ke muqaable mein ye behrehaal 3 hain aur Shaikh Awwaamah ne Musannaf: V3 P321 ke haashiya mein tasleem kiya hai ke 4 nuskho’n mein ye ziyaadati nahi hai. (Hadees Aur Ahle Taqleed: V1 P437-439)

Baaz log kehte hain ke Musnad Ahmad mein Halab at-Taai ﵁ ki hadees mein seene par haath baandhne ka jo izaafa hai, ye izaafa bhi deegar kutub mein manqool is hadees mein nahi hai.

Arz hai ke Musnad Ahmad par is pehlu se eteraaz durust nahi, kyounke Musnad Ahmad ke nuskho’n mein is izaafe ke taalluq se koi ikhtilaaf nahi hai. Balke Musnad Ahmad mein Imam Ahmad ﵀ hi ke turq se Ibn al-Jauzi waghaera ne bhi ye riwayat naql ki hai aur us mein bhi seene par haath baandhne ka zikr hai. Lihaaza Musnad Ahmad ki riwayat par isko qiyaas nahi kiya ja sakta.

Rahi ye baat ke Musnad Ahmad waali riwayat mein oopar ke tabaqaat mein baaz ruwaat ne ye hadees bayan ki hai aur unho’n ne bhi seene par haath baandhne ka zikr nahi kiya, to arz hai ke ye ruwaat ka ikhtilaaf hai, nuskho’n ka nahi, iska jawab tafseel se guzar chuka hai. (Urdu pdf)P234-

[1] T: (چه معنی دارد) Kya sabab hai, kya wajah hai, kya baat hai, kya matlab (kisi baat ki khoj lagaane ya wajah maaloom karne ke mauqa par bolte hain) [Urduban.com]

236)

Khaamisan: Sahih Ibne Khuzaima mein Waael bin Hujr ﷻ hi se seene par haath baandhne ki riwayat saabit hai. Lihaaza Musannaf Ibne Abi Shaiba mein unhee'n ki riwayat mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah* ka izaafa unki saabit-shuda riwayat ke khilaaf hai aur jab ziyaadati mein mukhalifat ho to wo mardood hoti hai. Khwaah siqa hi ki taraf se ho, maaloom hua ke ziyaadat-e-siqa ka usool yahan kisi bhi soorat mein laagu nahi ho sakta.

Aage chalkar Awwaamah Saahab ne mazeed darj-e-zel 3 nuskho'n ka hawaala diya hai:

① Nuskha Qasim bin Qatlubugha, ② Nuskha Mufti Abdul Qadir as Siddiqi, ③ Nuskha Muhammad Akram as-Sindi. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V3 P320 Muqaddama [Awwaamah])

Arz hai ke *Nuskha Qasim bin Qatlubugha* to wohi *Nuskha Zubaidi* hi hai, jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai. Baqiya muakhkhar-uz-zikr dono nuskhe majhool hain. Khud Awwaamah Saahab ne bhi unka koi taaruf nahi diya, is liye ye na-qaabil-e-etemaad hain. Mazeed ye ke un mein se *Nuskha Abdul Qadir Siddiqi* ye nauiyyat mein *Nuskha Abid as-Sindi* jaisa hai. Is liye mumkin hai ke ye *Nuskha-e-Abid* hi se manqool ho.

Isi tarah *Nuskha Muhammad Akram as-Sindi* ye nauiyat mein *Nuskha Zubaidi* jaisa hai. Kyounke usse bhi "*Asar-e-Nakhai*" sire se saaqit hai. (Tarsee ad-Durrah: P84-85) Is liye mumkin hai ke ye bhi *Nuskha Zubaidi* hi se manqool ho. Aisi soorat mein in muakhkhar-uz-zikr dono nuskho'n ki koi alaahada haisiyyat reh hi nahi jaati.

Khulasa-e-kalaam, ye ke Musannaf Ibne Abi Shaiba mein ahnaaf ne tehreef karke uski ek hadees mein 'تحت السرة' *tahat as-surrah* badha diya hai.

Jab unki ye chori pakdi gai to be-chaare idhar-udhar ke sahaare talaash karne lage. Agar waaqiatan un sahaaro'n mein koi dam hota to ye log usi waqt ye saari baate'n pesh karte. Jab unho'n ne us hadees mein tabdeeli ki thi. Lekin tabdeeli karte waqt ye khamosh rahe aur jab unki giraft ki gai to be-buniyad sahaare talaash karne lage.

Baab 3 Aqwaal Ahle Ilm

Taabaeen Ke Aqwaal

Ahnaaf ko apne maslak par jab ahadees nahi miltee'n to ye log awaam ke bhole-pan se faaeda uthaate hue taabaeen ka qaul pesh karke use ahadees ki fehrist mein shaamil kar dete hain. Halaanke taabai ka qaul-o-fe'l[1] bil-ittifaaq hujjat-e-sharai nahi hai. Balke khud Imam Abu Hanifa se manqool hai ke wo taabaeen ke aqwaal-o-aamaal ko hujjat nahi maante the. Chunache Imam Ibne Abdul Bar ﷫ (d 463h) ne kah:

حدثنا حكم بن منذر قال: نا أبو يعقوب يوسف بن أحمد قال: نا محمد بن موسى المروزي قال: نا محمد بن عيسى البياضي قال: نا محمود بن خداش قال: علي بن الحسن الن شقيق قال: سمعت أبا حمزة السكري يقول: سمعت أبا حنيفة يقول: إذا جاء الحديث الصحيح الإسناد عن النبي صلى الله عليه وسلم أخذنا به، ولم نعده، وإذا جاء الصحابة تخيرنا، وإن جاء عن التابعين زاحمناهم، ولم نخرج عن أقوالهم..

"Abu Hamza as-Sakri ﷫ khete hain ke maine Abu Hanifa ko kehte hue suna: Jab Allah ke Nabi ﷺ se sahih sanad se koi hadees mil jaae to ham usi ko lenge aur uski mukhalifat nahi karenge. Jab Sahaba se koi baat mile to ham intikhaab karenge aur jab taabaeen se koi baat mile to ham unki mazaahamat karenge, albatta unke aqwaal se bahar nahi niklenge". (Al Intiqaa li Ibne Abdul Bar: P144)[2]

(الانتقاء لابن عبد البر (ص: ١٤٤) رجاله ثقات سوى اثنين، وهما محمد بن موسى المروزي، لم أجد له ترجمة ، وحكم بن منذر ، وهو أبو العاص حكم بن منذر بن سعيد البلوطي، لم أقف فيه على جرح ولا تعديل. وله شاهد عن مجهول في تاريخ ابن

---

[1] T: (قَول و فِعْل) Guftaar-o-kirdaar, taur-tareeq, chaal-chalan, word and deed [RKT]

[2] T: Urdu pdf mein is reference ke neeche maujood arbi tafseel footnote section mein hai, yahan neeche us arbi matan ka aasaan urdu mein tarjuma shaamil kiya gaya hai: [Al Intiqaa li Ibne Abdul Bar: P144] Iski sanad ke raawi siqa hain siwaae do (2) ke. Muhammad bin Musa al-Mirwazi (maine inka koi taaruf [tarjama] nahi paaya) aur Hakam bin Munzir al-Balooti (main inke baare mein na to koi jarh aur na hi taadeel paai). Aur iski ek majhool shahaadat Taaeekh Ibne Maeen Riwayat ad-Doori (V4 P63) mein maujood hai. Lekin uski sanad mein kamzori hai. Neez uske aakhir mein Sufyan Sauri ki taraf mansoob alfaaz mein kuch na-qaabil-e-qubool aur baatil baate'n hain. Jo sirf Obaid bin Abi Qarah ne Ibne Zarees ke zariye se Sauri se riwayat ki hain. Jabke Sauri ke baaqi tamaam shaagird Abu Hanifa par Sauri ki tanqeen hi naql karte hain.
Obaid bin Qarah ke baare mein Ibne Hibban ne As-Siqaat: V8 P431 mein kaha: Wo kabhi-kabhi mukhalifat karta tha. Is liye uski ye ajeeb-o-ghareeb munfarid riwayat qaabil-e-qubool nahi, khaas kar jab Sauri se uske khilaaf mutawaatir riwayaat saabit ho'n.

معين ، رواية الدوري (٤/٦٣) وفي إسناده نظر، وفي آخر لفظه من قول سفيان كلمات منكرة، بل باطلة. تفرد بها عبيد بن أبي قرة من طريق ابن ضريس عن الثوري وسائر تلاميذ الثوري متفقون على نقل ذمه وطعنه على أبي حنيفة، و عبيد بن أبي قرة، قال عنه ابن حبان (الثقات: ٨/٤٣١ ربما خالف. فلا يقبل منه هذا التفرد العجيب الذي ثبت خلافه عن الثوري بالنقل المتواتر).

Is riwayat ke mutaabiq Imam Abu Hanifa sahih ahadees aur aqwaal-e-sahaba ki muzaahamat nahi karte the, yaane unhe'n hujjat nahi samajhte the. Lekin taabaeen ke aqwaal ki muzaahamat karte the, yaane inke muqaable mein khud ijtihaad karte the. Albatta koi naya qaul ejaad nahi karte the.

Iska matlab ye hua ke wo taabaeen ke aqwaal ko hujjat nahi samajhte the. Hamari nazar mein ye riwayat sahih nahi hai. Lekin ahnaaf is tarah ki sanado'n se Imam Abu Hanifa ﷺ se mutaalliq mansoob baat se hujjat pakadte hain. Is liye ba-taur-e-ilzaam ham ne ye baat pesh ki hai. Lutf ki baat to ye hai ke ye log Imam Abu Hanifa ﷺ ko taabai kehte hain (jo ghalat hai). Lekin is fehrist mein Imam Abu Hanifa ﷺ ka qaul ya amal ba-taur-e-daleel nahi pesh karte.

Behrehaal choonke taabaeen ke aqwaal hujjat nahi, is liye un par bahes karne ki zaroorat nahi, lekin phir bhi qaraeen ki tasalli ke liye ham un aqwaal ki bhi wazaahat kiye dete hain:

Taabai Abu Mijlaz ﷺ Ka Qaul:

حدثنا يزيد بن هارون، قال: أخبرنا الحجاج بن حسان، قال: سمعت أبا مجلز، أو سأليه، قال: قلت: كيف أصنع؟ قال: سمعت أبا مجلز، أو سألته، قال: قلت: كيف أصنع؟ قال: يضع باطن كف يمينه على ظاهر كف شماله، ويجعلهما أسفل من السرة.

"Hajjaj bin Hisaan kehte hain ke maine ne Abu Mijlaz[1] se suna ya unse poocha: main kaise karun? To unhon ne kaha: Admi apne daaee'n hatheli ke androoni hisse ko baaee'n hatheli ke oopar rakhe aur use naaf ke neeche rakhe". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P390 [salafiyya])

Arz hai ke ye ek taabai ka qaul hai jo bil-ittifaaq hujjat nahi. Neez deegar taabaeen se iske bar-aks naaf ke oopar haath baandhne ki saraahat manqool hai, jaisa ke aage riwayat aarahi hai. Balke khud Abu Mijlaz se

---

[1] T: Is naam ko kuch log Abu Mijlaz bhi pukaarte hain [RSB]

bhi naaf ke oopar haath baandhne ki baat manqool hai. Chunache Imam Bayhaqi ﷫ maaroof taabai Saeed bin Jubair ﷫ ne naaf ke oopar haath baandhne ka qaul naql karne ke baad usi sanad se Imam Ataa ka qaul naql karte hue kehte hain:

وكذالك قاله أبو مجلز لاحق بن حميد، وأصح أثر روي في هذا الباب أثر سعيد بن جبير و أبي مجلز.

"(Imam Ataa ne farmaya) Aur isi tarah Abu Mijlaz Laahiq bin Humaid ne kaha hai aur is baare mein sabse sahih Saeed bin Jubair aur Abu Mijlaz ka qaul hai". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P47)

Ye maqoola Imam A'ataa ka hai, jo maa-qabl ki sanad se judaa hai, lihaaza Ibn al-Turkmaani ka ise be-sanad kehna durust nahi.[1]

Taabai Ibrahim Nakhai ﷫ Ka Qaul:

حدثنا وكيع، عن ربيع، عن أبي معشر، عن إبراهيم، قال: يضع يمينه على شماله فى الصلاة تحت السرة.

"Ibrahim Nakhai ﷫ se manqool hai ke unho'n ne kaha: Aadmi namaz mein daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar naaf ke neeche rakhe". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P390; Al Aasaar li Muhammad bin Hasan ash-Shaibani: V1 P322 (Rabeea bin Sabeeh ke tareeq se))

Arz hai ke ye Ibrahim Nakhai se saabit hi nahi, kyounke iski sanad mein Rabeea bin Sabeeh hai. Baaz ne use siqa kaha hai, lekin baaz ne us par jarh bhi ki hai. Chunache Imam Ibne Saad ﷫ (d 230h) ne kaha: 'كان ضعيفا في الحديث' *"Ye hadees mein zaeef tha"*. (At Tabaqaat-ul-Kubra: V7 P277 [Daar Saadir])

Balke Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h) ne dayaanat ke etebaar se ise siqa kehne ke baad riwayat ke maamle mein kaha: 'ضعيف جدا' *"Ye sakht zaeef hai"*. (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V9 P93)

Ejaz Ashrafi Saahab ne is raawi ko siqa saabit karne ke liye Imam I'jli, Imam Ahmad, Imam Abu Zurah, Imam Ibne Maeen, Imam Ibne Shaheen ke aqwaal pesh kiye, jin par tabsara pesh-e-khidmat hai:

֍ Ashrafi Saahab likhte hain: *"Imam I'jli ﷫ ne kaha:* 'لا بأس به' *(Tehzeeeb-ul-*

---

[1] Ibnul Turkamani par rad ke liye dekhiye:

درج الدرر في وضع الأيدي الصدر: ص61 قلمى

Kamaal: 1835)". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai ke, awwal to Imam I'jli ka ye qaul be-sanad aur jamhoor mohaddiseen ke khilaaf hai aur doosre ye ke Imam I'jli ﷫ mahez dayaanat-daari bataane ke liye bhi is tarah ki tauseeq kar dete hain. Is liye ye qaul unke zaeef hone ke manaafi nahi hai.

۞ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Imam Ahmad bin Hambal ﷫ ne kaha:* 'لا بأس به' *(Rajul Saaleh al-I'lal: V1 P135)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai ke Imam Ahmad ﷫ ne bhi mahez dayaanat-daari ke lihaaz se unki tauseeq ki hai, jaisa ke aage unke alfaaz dalaalat kar rahe hain. Neez is baat ki zabardast daleel ye bhi hai ke deegar aqwaal mein khud Imam Ahmad ﷫ ne is raawi par jarh bhi ki hai:

وذكر الربيع بن صبيح، فتكلم فيه بكلام لين.

"*Imam Ahmad ne Rabeea bin Sabeeh ka zikr kiya aur un par jarh karte hue kalam kiya*". (Ilal Ahmad Riwaaya al Mirwazi Waghaira: P77)

Imam Ahmad ke doosre shaagird farmate hain: 'كأنه ضعف أمره' "*Goya Imam Ahmad ne ise zaeef qaraar diya hai*". (Ilal Ahmad Riwaaya al Mirwazi Waghaira: P235)

Is liye Imam Ahmad ﷫ ka ye qaul bhi unke zaeef hone ke manaafi nahi hai.

۞ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Abu Zurah ne kaha:* 'شيخ صالح صدوق' *(Tehzeeb-ul-Kamaal: 1835)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai ke deegar mohaddiseen ki jarh ko saamne rakhte hue in alfaaz ko bhi dayaanat-daari batlaane par mahmool kiya jaaega aur inhe'n un par ki gai jarh ke manaafi nahi samjha jaaega.

۞ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Yahya bin Maeen ﷫ ne kaha:* 'ليس به بأس' *(Taareekh Yahya bin Maeen: number 334)*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai ke Ibne Maeen ne bhi deegar mohaddiseen ki tarah is

seeghe se sirf inki dayaanat-daari hi ki taraf ishaara kiya hai. Iski zabardast daleel ye hai ke deegar mawaaqe par khud Ibne Maeen ﷫ ne is raawi par jarh karte hue kaha:

'الربيع بن صبيح ضعيف الحديث' *"Rabeea bin Sabeeh Zaeef-ul-Hadees hai"*. (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V4 P465 [Sanad Sahih])

۞ Ashrafi Saahab likhte hain: *"Ibne Shaheen ne kaha:* 'ثقة' *(Kitab as-Siqaat: P353)"*. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai, ke Ashrafi Saahab ne poori baat naql nahi ki. Muhawwala muqaam par Ibne Shaheen ne dar-asal Imam Ibne Maeen hi ka kalam naql kiya hai aur mukammal alfaaz ye hain:

قال يحيى: ثقة، وقال مرة أخرى: ضعيف. وقال فيه يحيى: لا بأس به رجل صالح.

"Yahya bin Maeen ne kaha: Ye siqa hai aur doosre mauqe par kaha: Ye zaeef hai. Aur Yahya bin Maeen ne iske baare mein ye kaha: Inme koi harj nahi, ye nek aadmi hain". (Taareekh Asma us-Siqaat li Ibne Shaheen: P128 (Al Azhari))

Yaane Ibne Shaheen ne Ibne Maeen se tauseeq naql karne ke baad fauran Ibne Maeen hi se tazeef bhi naql kardi hai aur iske baad Ibne Maeen se wo qaul naql kiya hai, jo dayanat-daari batlaane par dalaalat karta hai. Isse saaf ishaara milta hai ke Ibne Shaheen ne Ibne Maeen ki taraf siqa ko istilaahi maane mein siqa nahi, balke dayaanat-daari ke maane mein samjha hai.

Maaloom hua ke Mohaddiseen ne hifz-o-zabt mein ise zaeef hi kaha hai. Lekin choonke ye bahut ibaadat-guzaar aur nek admi the, is liye baaz mohaddiseen ne us pehlu se inki taadeel bhi kardi hai. Jiska mafaad sirf aur sirf ye hai ke ye deendaar aur nek admi the. Agarche haafize ke lihaaz se zaeef the.

Tehzeeb-ul-Kamaal ke haashiya mein Daktoor A'awaad Saahab likhte hain*:*

فخلاصة القول فيه أنه كان رجلا صالحا غزاء دينا ثقة في دينه و جهاده، و لكنه كان ضعيفا في الحديث، كما قال يعقوب بن شيبة، و ابن حبان و غيرهما.

"*Iske baare mein mohaddiseen ke aqwaal ka khulaasa ye hai ke ye nek, mujaahid aur deendaar aadmi tha. Apne deen aur jihad mein to ye siqa the, lekin hadees mein zaeef the, jaisa ke Yaqoob bin Shaiba aur Ibne Hibbaan waghaerahuma ne kaha hai*". (Hashiya Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V9 P94)

Ashrafi Saahab ki taraf se pesh kiye gae aqwaal-e-taadeel ke baad ab is raawi par mohaddiseen ki jurooh mulaahaza kare'n:

⎈ Affan bin Muslim al-Safaar رحمه الله (d 219h) ne kaha:

'حديث الربيع بن صبيح كلها مقلوبة' "*Rabeea bin Sabeeh ki tamaam ahadees ulat-palat hain*". (Al Jarh wa Taadeel li Ibne Abi Haatim: V3 P464 [Sanad Sahih] (Al Muallami])

⎈ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'كان ضعيفا في الحديث' "*Ye hadees mein zaeef tha*". (At Tabaqaat-ul-Kubra: V7 P277 [Daar Saadir])

⎈ Imam Nasai رحمه الله (d 303h) ne kaha: 'ضعيف' "*Ye zaeef hai*". (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li Ibne Adee: V4 P38 [Sanad Sahih])

⎈ Imam Zakariyya Yahya as Saaji رحمه الله (d 307h) ne kaha: 'ضعيف الحديث' "*tahat*". (Tehzeeb ut Tehzeeb li Ibne Hajar: V3 P248 [Al Hind])

⎈ Imam Ibne Hibbaan رحمه الله (d 354h) ne mufassir jarh karte hue kaha:

الحديث لم يكن من صناعته فكان يهم فيما يروي كثيراً..

"*Hadees inka maidan nahi tha, ye apni marwiyaat mein bahut ziyaada wahem ka shikaar hote the*". (Al Majruheen li Ibne Hibban: V1 P296)

⎈ Imam Jozjaani رحمه الله (d 259h) ne kaha:

والربيع بن صبيح: يضعف حديثهما، ليسيا من أهل التثبت.

"*(Mubaarak bin Fazaala) aur Rabeea bin Sabeeh ki hadees zaeef qaraar di jaaegi, ye dono ahle tathabbut[1] mein se nahi hain*". (Ahwaal ur Rijaal lil Jozjaani: P210 [Al Bastawee])

⎈ Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h) ne kaha: 'ضعيف جدا' "*Ye sakht zaeef*

---

[1] T: Aise raawi jo hadees ke chaan-been mein kamzor hain [RSB]

hai". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V9 P93)

Maaloom hua ke ye raawi zaeef hi hai aur baaz mohaddiseen ne is par mufassar jarh kar rakhi hai. Lihaaza jin aqwaal mein iski taadeel waarid hai, unse dayaanat-daari muraad hai ya wo marjooh hain.

۞ Ashrafi Saahab likhte hain: "*Imaali Abdul Razzaq mein is asar ka mutaabe maujood hai*". (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P55)

Arz hai, ke *Amaali* ki sanad you'n hai:

قال الثوري: عن سعيد عن فرقد عن إبراهيم قال: ما دون السرة، يعنى تحتها.

"*Is sanad mein 'Farqad' hai aur ye 'Farqad bin Yaqoob Sanji, hai. Jo sakht zaeef hai*". (Al Amaali Fee Asaar as Sahaaba li Abdur Razzaq as Sanaani: P52)

۞ Imam Ibne Saad رحمه الله (d 230h) ne kaha: 'وكان ضعيفا, منكر الحديث' "*Ye zaeef aur munkar-ul-hadees tha*". (At Tabaqaat-ul-Kubra: V7 P243 [Daar Saadir])

۞ Imam Bukhari رحمه الله (d 256h) ne kaha: 'منكر الحديث جدا' "*Ye sakht munkar-ul-hadees hai*". (Al Ilal-ul-Kabeer lit Tirmizi: P391)

۞ Haafiz Yaqoob bin Shaiba (d 262h) ne kaha: 'ضعيف الحديث جدا' "*Ye sakht zaeef-ul-hadees hai*". (Tehzeeb-ul-Kamaal lil Mizzi: V23 P167)

Inke alaawa aur bhi kai mohaddiseen ne is par jarh ki hai. Lihaaza ye sanad bhi sakht zaeef-o-mardood hai.

Neez Abu Maashar (ابو معشر) hi ke tareeq se mughaira ne is silsila mein Ibrahim Nakhai رحمه الله se sirf haath baandhne ki baat naql ki hai aur naaf ke neeche haath baandhne ka tazkirah nahi kiya. Chunache mulaahaza kare'n:

حدثنا جرير، عن مغيرة، عن أبي معشر، عن إبراهيم قال: لا بأس بأن ضع اليمنى على اليسرى في الصلاة.

"*Ibrahim Nakhai ne kaha: Isme koi harj nahi ke namaz mein daae'n-haath ko baae'n-haath par rakha jaae*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P343)

Iske rijaal siqa hain, albatta Mugheera mudallis hain aur riwayat an 'عن' se hai. Lekin Rabeea bin Sabeeh ne in alfaaz mein unki mutaba-aat ki hai. Jisse pataa chalta hai ke Ibrahim Nakhai ke in alfaaz ki asal hai.

Magar ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* ki ziyaadati mein Rabeea bin Sabeeh ka koi mutaabe nahi. Lihaaza unke zof ke pesh-e-nazar unki ye ziyadati na-qaabil-e-qubool hai.

In tafsilaat se maaloom hota hai ke Ibrahim Nakhai ﵀ se ‘تحت السرة’ *tahat as-surrah* ki baat saabit nahi, isi liye Imam Ibne Abdul Bar ﵀ ne kaha:

وروي ذلك عن علي و أبي هريرة والنخعي، ولا يثبت ذلك عنهم.

“*Naaf ke neeche haath baandhne ki baat Ali, Abu Huraira ﵄ aur Ibrahim Nakhai se manqool hai. Lekin ye baat un logon se saabit nahi hai*”. (At Tamheed Limaa Fee al Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V20 P75)

Yaad rahe, ke Ibrahim Nakhai se haath chodkar namaz padhne ki baat bhi manqool hai. Magar ye bhi saabit nahi:

حدثنا هشيم، عن يونس، عن الحسن، ومغيرة، عن إبراهيم، أنهما كانا يرسلان أيديهما في الصلاة.

“*Hasan Basri aur Ibrahim Nakhai se manqool hai ke ye dono hazraat namaz mein haath chode rakhte the*”. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P344 [Al Haut])

Is sanad mein Hasheem aur Mugheera ka ‘عنعنه’ ananah hai aur ye dono mudallis hain. Lihaaza ye riwayat bhi saabit nahi.

Taabai Saeed bin Jubair □ Ka Qaul:

Mazkura aasaar ke khilaaf taabai Saeed bin Jubair ﵀ se saabit hai ke unho’n ne naaf se oopar haath baandhne ki baat kahi hai, chunache Abdur Razzaq ﵀ (d 211h) ne kaha:

أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: وَأنا أَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ لِي عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ: سُئِلَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: أَيْنَ مَوضِعُ الْيَدَيْنِ فِيْ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: فَوْقَ السُّرَّةَ.

“*Saeed bin Jubair ﵀ se poocha gaya ke namaz mein haath kahan ho’n? To unho’n ne kaha: Naaf ke oopar*”. (Al Imaali Fee Asaar as Sahaaba li Abd ur Razzaq al Sana’aani: P52; Fawaaed Ibne Mandah: V2 P234 [Sanad Sahih])

Ejaz Ashrafi Saahab ne kaha: “*Saeed bin Zubair waali sanad mein Ibne Juraij ﵀ aur Abu-az-Zubair ﵀ do (2) mudallis raawi hain*”. (Namaz Mein Haath Baandhne Ka Masnoon Tariqa: P258)

Arz hai ke Imam Ibne Juriaj ne yahan samaa’ ki saraahat kardi hai. Lihaaza tadlees par eteraaz be-kaar hai aur Abu-az-Zubair ne kaha: ‘*Mujhe se Ataa ne kaha,* yaane Abu-az-Zubair ne bhi samaa’ ki saraahat kardi hai. Lihaaza un par bhi tadlees ka eteraaz fuzool hai.

Ashrafi Sahab! Kya aapko itna bhi nahi maaloom ke mudallis jab samaa’ ki saraahat karde to uske ananah par eteraaz nahi kiya jaata?

Khulaasa ye ke taabaeen ke aqwaal hujjat nahi, bil-khusoos jab wo ahadees aur aasaar-e-sahaba ﷺ ke khilaaf ho’n. Alaawa-azee’n is silsile mein taabaeen ke aqwaal mukhtalif hain. Taabai Saeed bin Jubair رحمه الله se naaf ke oopar haath baandhne ka qaul marwi hai aur Abu Mijlaz se naaf ke neeche haath baandhne ka qaul marwi hai. Magar unhee’n se iske khilaaf bhi marwi hai aur Ibrahim Nakhai se marwi kisi bhi qaul ki sanad sahih nahi hai.

Aimma-e-Arba Ke Aqwaal

Imam Abu Hanifa رحمه الله Ka Maslak:

Aimma Arba mein sirf aur sirf Imam Abu Hanifa رحمه الله hi se ek qaul marwi hai aur wo ye ke naaf ke neeche haath bandhe jaae’n, uske bar-khilaaf teeno aimma Imam Maalik, Imam Shafai, aur Imam Ahmad رحمهم الله se is baare mein mukhtalif aqwal marwi hain, jin mein se ek qaul seene par haath baandhna bhi manqool hai.

Imam Maalik رحمه الله Ka Maslak:

Imam Malik رحمه الله se irsaal[1] ka qaul marwi hai. Yaane haath chodkar namaz padhna, magar deegar maalikiyya ne Imam Maalik رحمه الله ki taraf uski nisbat ko ghalat qaraar diya hai aur Imam Maalik رحمه الله ka sahih qaul ye batlaaya hai ke wo bhi haath baandhne ke qaayal hain. (Dekhiye: Haiyya an Naasik Fee an Qabz Fee as Salah Huwa Mazhab al Imam Maalik)

Is silsila mein ek daleel ye di gai hai ke unho’n ne Muwatta mein Sahal bin Saad as-Saadi ki hadees naql ki hai, jis mein haath baandhne ka zikr hai. Ye hadees peeche guzar chuki hai. (Urdu pdf)P169)

Arz hai ke Sahal bin Saad as-Saadi رضي الله عنه ki is hadees se seene par haath baandhna saabit hota hai, jaisa ke wazaahat ki ja chuki hai. (Urdu pdf)P171-174)

Lihaaza agar Imam Maalik رحمه الله ne us hadees ko apnaaya hai, to us hadees ki roo se Imam Maalik رحمه الله ka qaul bhi seene par haath baandhne hi ka hai aur ahnaaf ka kehna hai ke Imam Maalik رحمه الله Muwatta mein jo hadees laate hain, wo unka mazhab hota hai aur is par amal karte hain. *Al Hidaaya* ke haashiya par hai:

وعادته أن لا يروي حديثا في الموطأ إلا وهو يذهب إليه و يعمل به..

“Imam Maalik ki ye aadat hai ke wo Muwatta mein jo hadees riwayat karte hain, wo inka mazhab hota hai aur wo is par amal karte hain”. (Hashiya al Hidaaya Awwaleen: P312)

---

[1] T: (إِرْسال) Yahan namaz mein qiyaam ke dauraan haath chodne/latkane ki taraf ishaara hai [RSB]

Neez, Imam Maalik ﷫ se tahat as-surrah ka qaul bhi marwi hai. (Fath al-Ghafoor Fee Waza’ al Aidee Alaa as Sudoor: P91 (Al Aazmi); Haiyya an Naasik: P138) ❶

❶ • Isse muraad seene ka oopar hissa hai, daree’n-soorat seene ka nichla hissa bhi seena hi hoga. Chuanche Imam Shafai ﷫ se bhi tahat as sadar ka qaul marwi hai aur inhee’n se ‘على الصدر’ yaane seene par haath baandhne ka qaul bhi marwi hai. كما سيأتي Is dosore yaane ‘على الصدر’ waale qaul se, pehle qaul yaane ‘تحت الصدر’ ki tashreeh ho jaati hai, ke isse muraad seene ke nichle hisse, yaane seene hi par haath baandhna hai. Yehi maamla Imam Maalik ﷫ ke qaul ka bhi hai. Neez isi kitab ka P370): (Urdu pdf)P734-735 dekhiye •

Imam Shafai ﷫ Ka Maslak:

Imam Shafai ﷫ se poori saraahat ke saath seene par haath baandhne ka qaul marwi hai:

قال: ووضع اليمين على اليسار على الصدر، لما روى ابن خزيمة في صحيحه عن وائل بن حجر قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يصلي، فوضع يده اليمنى على يده اليسرى على صدره.

“Imam Shafai ﷫ ka mazhab ye hai ke “daae’n-haath ko baae’n-haath par rakh kar seene par rakhe jaae’n”. Kyounke Ibne Khuzaima ne apni sahih mein Waael bin Hujr ﷺ se riwayat ki hai ke maine Allah ke Nabi ﷺ ko namaz padhte dekha to Aapne apne daaen-haath ko apne baae’n-haath par rakh kar seene par rakha”. (Sharah Mukhtasar at Tabrezi Alaa Mazhab al Imam Shafai: P92)

Neez ghaur kare’n ke Imam Shafai ﷫ ke qaul par ba-taur-e-daleel Waael bin Hujr ﷺ ki jo hadees naql ki gai hai. Us mein bhi poori tarah seene par haath baandhne ki saraahat hai. Alaawa-baree’n ahnaaf ki motabar kitabo’n mein bhi poori saraahat ke saath seene par haath baandhne ka qaul Imam Shafai ﷫ ki taraf mansoob kiya gaya hai. (Dekhiye: Al Hidaya Fee Sharah Bidaaya al Mubtada: V1 P49; Dars-e-Tirmizi: V2 P19)

⎈ Allama Aeni ﷫ (d 855h) likhte hain: ‘وعند الشافعي على الصدر’ *“Aur shafai ke nazdeek namaz mein seene par haath baandhe jaaenge”*. (Umda-tul-Qaari Sharah Sahih Bukhari: V5 P279)

⎈ Akmaluddin Muhammad bin Mahmood Baabarti ﷫ (d 786h) likhte hain:

وعند الشافعي الأفضل أن يضع يديه على الصدر لقوله تعالى ﴿ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴾ فإن أهل التفسير قالوا: المراد به وضع اليدين على الشمال على الصدر.

"*Shafai ke nazdeek afzal ye hai ke (namaz) dono haatho'n ko seene par rakhe, kyounke Allah Ta'ala ka farman hai* ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ *ahle tafseer ne kaha hai ke isse muraad daae'n-haath ko baae'n-haath par rakh kar seene par rakhna muraad hai*". (Al Inaaya Hashiya al Hidaaya: V1 P201; Sharah Fathul Qadeer: V1 P201)

۞ Abdul Shukoor Lukhnawi Hanafi Saahab likhte hain: "*Is masle mein bhi Imam Shafai* ﷫ *mukhaalif hain, unke nazdeek mardo'n ko bhi seene par haath baandhna chaahiye*". (Ilm-ul-Fiqh Ka Hashiya: P210)

Baaz logon ne Imam Shafai se 'تحت الصدر' *tahat as sadr*[1] ka qaul naql kiya hai. Arz hai ke Imam Shafai ﷫ se 'على الصدر' ki saraahat aajaane ke baad 'تحت الصدر' ka mafhoom yehi hoga ke isse seene ka oopari hissa muraad lekar kaha gaya hai ke uske neeche haath rakhe jaae'n. Is soorat mein nichla hissa bhi seena hi hoga, lihaaza dono aqwaal mein koi taaruz nahi.

۞ Shaikh Hashim Thathwee Hanafi ﷫ likhte hain:

وأجاب عنه بعض متأخري الشافعية كالمحلي في شرح المنهاج وابن حجر المكي في شرح العباب بأن المراد من الصدر في قول الشافعية: تحت الصدر: أعلاه، وفي حديث وائل الذي فيه لفظ: على صدره: أسفله.

"*Aur* 'تحت الصدر' *"tahat as-sadr" aur* 'على الصدر' *"alaa as-sadr" ke ikhtilaaf se mutaalliq baaz mutakhkhireen shawafe. Masalan Mahalli ne Sharah al-Minhaj aur Ibne Hajar Makki ne Sharah al-Ubaab mein ye jawab diya hai ke Shafaiyya ke qaul "tahat as-sadr" mein sadr se muraad seene ka oopari hissa hai aur Waael* ﵁ *ki jis hadees mein "alaa as-sadr" ka lafz hai, usse muraad seene ka nichla hissa hai*". (Dirham as Surrah Fee Waza' al-Yadain Tahat as-Surrah: P47)

Arz hai ke iski taaeed Sahal bin Saad ﵁ ki ziraa' waali (Urdu pdf)P169) aur Waael bin Hujr ﵁ ki hatheli, kalaai aur baazu waali (Urdu pdf)P175) hadees se bhi hoti hai. Kyounke in ahadees par amal se haath seene ke nichle

[1] T: Seene se neeche [RSB]

hisse hi par rehta hai.

Waazeh rahe ke ahnaaf ka maslak ye hai ke aurate'n namaz mein seene par haath baandhengi, lekin unho'n ne ye bataane ke liye kahee'n "*alaa as-sadr*" 'على الصدر' ke alfaaz istemaal kiye hain. Masalan: Ahnaaf ke mashoor kitab *Al Bahr ar-Raaiq* mein hai:

'فإنها تضع على صدرها' "*Kyounke aruat apne seene par haath baandhegi*". (Al Bahr ar-Raaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P320)

Isi tarah ahnaaf ki ek aur kitab mein hai:

وإذا كبر وضع يمينه على يساره تحت سرة، والمرأة تضع على صدرها.

"*Aur (mard) takbeer kehne ke baad apne daae'n-haath ko apne baae'n-haath par rakh kar apne naaf ke neeche rakhega aur aurat apne seene par rakhegi*". (Tohfah al-Mulook: P69; Dekhiye Tibbiyeen-ul-Haqaaiq Sharah Kanz ad-Daqaaiq: V1 P107; Al Binaaya Sharah al Hidaaya: V2 P183)

Aur kahee'n 'تحت الصدر' "*tahat as-sadr*" ke alfaaz istemaal kiye hain. Masalan: Fiqh hanafi ki kitab Majmua al Anhaar mein hai:

وعند الشافعي تحت الصدر كما في وضع المرأة عندنا.

"*Shafai ke nazdeek (namazi) seene ke neeche haath rakhega, jis tarah hamare nazdeek aurat rakhti hai*". (Majmua al Anhar Fee Sharah Multqa al Abhar: V1 P93)

Is kitab mein hanafi aurato'n ke liye namaz mein seene ke neeche haath baandhne ka amal batlaaya gaya hai, jabke oopar mazkoor kitabo'n mein hanafi aurato'n ke liye namaz mein seene par haath baandhne ka amal batlaaya gaya hai. Sawaal ye hai ke kya ye do (2) alag-alag baate'n hain? Agar nahi, balke maanawi taur par ye dono baate'n ek hi hain, to theek usi tarah Imam Shafai se manqool "*alaa as-sadr*" 'على الصدر' (seene par) aur 'تحت الصدر' "*tahat as-sadr*" (seene se neeche) ke alfaaz bhi maanawi taur par ek hi hain, jaisa ke maa-qabl mein wazaahat ki gai hai.

Imam Ahmad ﷫ Ka Maslak:

Imam Ahmad ﷫ se is silsila mein wusat ki baat manqool hai. Yaane kahee'n bhi haath rakhe jaae'n, sab jaaiz hai. Lekin unka apna amal naaf ke oopar haath baandhne hi ka hai, jaisa ke unke bete Imam Abdullah ﷫ ne naql kiya hai:

رأيت أبي إذا صلى وضع يديه إحداهما على الأخرى فوق السرة.

"*Maine apne waalid ko dekha, jab wo namaz padhte the to apne dono haatho'n mein se ek ko doosre par rakh kar naaf ke oopar rakhte the*". (Masaail Ahmad Riwaaya Abdullah: P72 [Zaheer])

Lekin Imam Ahmad ﷫ hi se baaz logon ne ye naql kiya hai ke aap namaz mein seene par haath baandhne ko makrooh samajhte the, kyounke hadees mein hai ke Allah ke Nabi ﷺ ne *takfeer* se mana kiya hai. Chunache Imam Ibn al-Qaiyyim ﷫ (d 751h) ne kaha:

قال في رواية المزني: أسفل السرة بقليل، ويكره أن يجعلهما على الصدر، وذلك لما روي عن النبي أنه نهى عن التكفير، وهو وضع ليد على الصدر.

"*Imam Ahmad ﷫ ne Muzani ki riwayat ke mutaabiq kaha ke naaf se thoda neeche haath jaae'n aur Imam Ahmad is baat ko naa-pasand karte the ke seene par haath rakhe jaae'n. Kyounke Allah ke Nabi-e-Akram ﷺ se marwi hai ke aapne takfeer se mana kiya hai aur takfeer seene par haath rakhna hai*". (Bidaae al-Fawaaid li Ibn al-Qaiyyim: V3 P601; Neez dekhiye Masaail Ahmad Riwaaya Abi Dawood as-Sajistaani: P48)

Yaane Imam Ahmad ﷫ ki taraf se karaahiyyat ki wajah ye batlaai gai hai ke hadees mein takfeer se mana kiya gaya hai aur takfeer ka matlab seene par haath baandhna hai. Arz hai:

Awwalan: Jis hadees ki buniyad par ye baat kahi gai hai, wo saabit nahi hai. Lihaaza asal hadees saabit na hone ke sabab isse mustadal masla bhi ghair-motabar hai.

Saniyan: Agar is hadees ko saabit maan le'n to bhi is mein ye saraahat nahi ke aisa namaz ki haalat mein aur Allah ke liye bhi mamnu hai. Chunache baaz cheeze'n namaz ke baahar ghairullah ke liye mamnu hoti hain. Lekin namaz ke andar Allah ke liye jaaiz hoti hain. Masalan: Namaz

se baahar kisi ke liye tazeemi-qiyaam karna jaaiz nahi, lekin namaz ke andar Allah ke liye tazeemi-qiyaam karna jaaez, balke namaz ke faraaiz mein se hai.

Saalisan: Takfeer ka maane sirf seene par haath baandhna nahi, balke seene par haath baandhkar kisi ke liye jhukne ko takfeer kehte hain. Chunache *Al Mojam-ul-Waseet* mein hai:

(كفر) لسَيِّده: انحى, وَوضع يَده على صَدره، وطأطأ رَأسه، كالر كوع تَعْظِيمًا لَهُ.

"*Usne apne aaqa ke liye kufr kiya, yaane uski tazeem mein apne haath ko seene par rakh kar apne sar ko ruku ki tarah jhukaaya*". (Al Mojam-ul-Waseet: V2 P791-792)

Namaz mein seene par haath baandhnte waqt namazi ki ye kaefiyat nahi hoti, neez namaz mein ye amal ghairullah ke liye bhi nahi hota. In tafsilaat se maaloom hua ke takfeer ki mumaaniat waali hadees awwalan saabit nahi, neez namaz se bhi iska koi taalluq nahi. Lihaaza iski buniyad par Imam Ahmad ؒ ka namaz mein seene par haath baandhne ko makrooh qaraar dena ghair-masmoo[1] hai. Balke mumkin hai ke Imam Ahmad ne bhi baad mein isse ruju kar liya ho aur seene par haath baandhne ke qaayal ho gae ho'n. Jaisa ke Shaikh Muhammad Hayaat Hanafi Sindhi ne Imam Ahmad ؒ se bhi seene par haath baandne ka mauqif ka naql kiya hai. (Fath al-Ghafoor: P14 [nuskha Maktaba Mishkat al Islamiya])

Isi tarah Allama Rushdullah ar Raashidhi ؒ ke ba-qaul Shaikh Abdul Haq Dehelwi ؒ ne bhi 'شرح سفر السعادة' *Sharah Safar as-Saadah* mein Imam Ahmad ؒ se seene par haath baandhne ka qaul naql kiya hai. (Dekhiye: Darj ad Durar Fee Waza' al Aidee Alaa as Sadar: P14)

Neez iski taaeed isse bhi hoti hai ke Imam Ahmad ؒ ne apni musnad mein Halab at-Taai ؓ ki hadees darj ki hai, jisne seene par haath baandhne ki saraahat hai. (Urdu pdf)P221)

Waazeh rahe ke Imam Ibn al-Qaiyyim ؒ ne Imam Ahmad ؒ se ye qaul naql karne ke baad Sahih Ibne Khuzaima waali hadees mein Momil ke tafarrud par kalam kiya hai.

[1] T: (غير مسموع) Jise sunne ya maanne ke laayaq na samjha jaae [RSB]

Arz hai ke ham is eteraaz ka mufassal jawab de chuke hain. (Urdu pdf)P384-390) Neez, khud Imam Ibn al-Qaiyyim ne apni doosri kitab mein Allah ke Nabi ﷺ ki namaz ki kaifiyyat bataate hue kaha:

ثم كان يمسك شماله ليمينه فيضعهما عليها فوق المفصل، ثم يضعهما على صدره.

"Phir Aap ﷺ apne daae'n-haath se baae'n ko pakadte aur unhe'n jod ke oopar rakhte, phir unhe'n apne seene par rakhte". (As Salaat wa Hukam Taarikaha: P160)

Isse maaloom hua ke Imam Ibn al-Qaiyyim رحمه الله ke nazdeek ye baat saabit hai ke Allah ke Nabi ﷺ namaz mein seene par haath baandhte the.

'Kya Seene Par Haath Baandhne Ka Qaul Kisi Aalim Se Marwi Nahi?' Eteraaz Ka Jawab:

Baaz log kehte hain ke seene par haath baandhne ka qaul kisi alim se saabit nahi, is liye aisi baat kehna nae qaul ki buniyad daalna hai. Arz hai:

<u>Awwalan</u>: Allah Ta'ala ne is baat ki koi zamaanat nahi li, ke wo fuqaha ke aqwaal aur fataawa ki bhi hifaazat karega, balke Allah Ta'ala ne sirf Kitab-o-Sunnat ki hifaazat ki zimmedaari li hai. Allama Albani رحمه الله ne kaha hai:

لأن الله تعلىٰ لم يتعهد لنا بحفظ أسماء كل من عمل بنص ما من كتاب أو سنة، وإنما تعهد بحفظهما فقط، كما قال: ﴿ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ ﴾ فوجب العمل بالنص سواءً علمنا من قال به أو لم نعلم..

"Allah Ta'ala ne is baat ki zamaanat nahi li ke Kitab-o-Sunnat par amal karne waale jumla hazraat ke asma ki hifaazat karega, balke usne sirf Kitab-o-Sunnat ki hifaazat ki zimmedaari li hai. Jaisa ke farmaya: ﴿ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ ﴾ 'Zikr Ko Hamne Hi Naazil Kiya Hai Aur Ham Hi Iski Hifaazat Karenge. Pas kisi bhi saabit-shuda nas par amal karna waajib hoga, khwaah uske qaaileen ya us par amal karne waalo'n ke naam maaloom ho'n ya na ho'n". (Adaab-az-Zufaaf Fis Sunnah al Mutahhera: P267)

Lihaaza ye daawa kiya hi nahi ja sakta ke poori duniya mein ye qaul kisi ka nahi hai.

<u>Saniyan</u>: Bil-farz tasleem kar le'n ke kisi ne is par amal nahi kiya to bhi

kisi ke amal na karne ki wajah se saabit-shuda sunnat-e-rasool ko nahi choda jaaega.

Imam Shafai رحمه الله (d 204h) farmate hain:

يُقبل الخبر في الوقت الذى يثبت فيه، وإن لم يمض عمل من الأئمة بمثل الخبر.

"*Hadees joo'n saabit ho jaae, fauran us par amal karna zaroori hai, agarche pehle ke aimma mein se kisi ne uske mutaabiq amal na kiya ho*". (Ar Risalah lis Shafai: P423)

Imam Nawavi رحمه الله (d 676h) farmate hain:

وإذا ثبتت السنة لا تترك لترك بعض الناس أو أكثرهم أو كلهم لها.

"*Jab sunnat saabit ho jaae to use baaz logon ya aksar ya sabke chodne ki wajah se nahi choda jaaega*". (Sharah an Nawavi Alaa Sahih Muslim: V8 P56)

Saalisan: Ye baat ghalat hai ke ahle ilm mein ye kisi ka qaul nahi hai, balke ye qaul to Sahaba رضي الله عنهم se bhi saabit hai. Chunache Abdullah bin Abbas aur Ali رضي الله عنهما ne ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ ki tafseer seene par haath baandhne se ki hai. Lihaaza zaahir hai ke seene par haath baandhne ka qaul in sahaba ka bhi hai. (Urdu pdf)P471-496) Maulana Ashraf Ali Saahab ne bhi Sahaba رضي الله عنهم se ise saabit maana hai. (Urdu pdf)P534)

Neez guzishta sutoor mein ham bata chuke hain ke Imam Shafai رحمه الله se bhi ye qaul manqool hai, balke baaz riwayaat ke mutaabiq Imam Ahmad رحمه الله se bhi ye qaul manqool hai aur maanawi taur par yehi qaul Imam Maalik رحمه الله se bhi manqool hai. Alaawa-baree'n Imam Bayhaqi رحمه الله ne apni sunan mein seene par haath baandhne ka baab qaayam kiya hai. Chunache kaha"

باب وضع اليدين على الصدر في الصلاة من السنة.

"*Is baat ka bayan ke namaz mein dono haatho'n ko seene par rakhna sunnat hai*". (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46)

Is liye ye kehna durust nahi ke Ahle ilm mein se kisi ka qaul nahi hai.

Raabian: 'إِحداث قولِ جديد' Ihdaas qaul-e-jadeed yaane nae qaul ki ejaad se manaa ki jo baat ulama ne kahi hai, isse muraad ghair-mansoos maamle

mein ijtihaad karte hue nae qaul ki buniyad daalna hai. Lekin seene par haath baandhna ijtihaadi maamla nahi, balke us baare mein nas-e-sareeh[1] maujood hai. Jiske saamne ijtihaad ki koi gunjaaish hi nahi hai. Lihaaza seene par haath baandhne ki baat kehna koi fatwa-baazi ya ijtihaadi maamla nahi, balke aen nas-e-sareeh ki ittiba hai aur nas-e-sareeh aajaane ke baad use qubool karne aur us par amal ke liye is baat ka intizaar nahi kiya jaaega ke ummat mein kisi ne us par amal kiya hai ya nahi, kyounke Nabi-e-Mukarram ﷺ ki ittiba ummat ke har fard par laazim hai.

[1] T: Waazeh Qurani aayat, waazeh daleel [RKT]

Baab 4 Aqli Dalaail

Ahnaaf apne mauqif par aqli daleel bhi dete hain, halaanke sareeh nusoos ki maujoodgi mein aql-o-mantiq ke istemaal ki koi gunjaaish nahi. Aisi soorat mein usoolan is baat ki zaroorat hi nahi ke aqli dalaail par bahes ki jaae. Lekin choonke ahnaaf ki taraf se pesh-karda aqli daleel intihaai ajeeb-o-ghareeb, balke had-darja mazahka-khez hai. Is liye qaraeen ki tafreeh ke liye ham uska tazkirah bhi kiye dete hain.

۞ Chuncahe Zer-e-Naaf Haath Baandhne Par Ahnaaf Ki Aqali Daleel Mulaahaza Ho:

إن الوضع تحت السرة أضرب الى ستر العورة وحفظ الأزار عن السقوط، فيكون جمعاً بين الوضع والستر، فيكون أولى..

"*Naaf ke neeche haath baandhna sharam-gaah ko chupane aur izaar (lungi waghaera) ki hifazat mein ziyaada kaar-aamad hai. Is tarah haath baandhne ke saath saath satr-poshi bhi ho jaati hai*". (Dirham as Surrah: P48 [ba-hawaala Sharah al Qudoori wa Sharah al Hidaaya waghaira])

Arz hai ke shayad hi koi maaqool admi ho, jo is maqooliyat[1] ke saamne apni aql par maatam na kare. Libaas ka buniyadi maqsad hi sharamgah ko chupaana hai. Aisa shayad hi koi ahmaq ho, jo sharam-gaah ko chupaane mein is qadar be-parwaai se kaam le ke namaz jaisi muqaddas ibaadat mein bhi use sharam-gaah khulne ka dar ho. Din bhar ki daud-bhaag aur doosre pur-mashaqqat kaamo'n ke dauran mein to logon ke izaar khulte hi nahi, phir namaz jaisi pur-sukoon ibaadat mein na-maaloom kis aql-o-mantiq se izaar khulne ka khadsha mehsoos kiya ja raha hai?!!

Lutf to ye hai ke ahnaaf ne khawateen ko satar-poshi ke is kaar-aamad zariye se mehroom kar rakha hai aur unke liye ye tajweez pesh ki gai ke wo seene par haath baandhe'n. يا للعجب

Sawaal ye hai ke kya khawateen ko satar-poshi aur izaar waghaera sambhaalne ki zaroorat nahi hai? Balke khawateen ko ba-darja-e-oola is

[1] T: (مَعْقُولِيَّت) Maaqool hona, munaasib hona [RKT] par yahan muraad hai itni waazeh aur aqli daleel ke muqaable mein [RSB]

nuskhe par amal-paera hona chaahiye.

Hanafi Khawateen Ka Seene Par Haath Baandhna:

Waazeh rahe ke ahnaaf ne jo ye tafreeq kar rakhi hai, ke mard naaf ke neeche haath baandhe’n aur kahwateen seene par, to is tafreeq par ahnaaf ke paas koi daleel nahi. Baaz log Majmua-az-Zawaaid: V2 P103 mein manqool Tabraani: V22 P19 number 28 ki ek hadees ka hawaala de kar mughaalata dete hain ke us mein khawateen ke liye seene par haath baandhne ki daleel hai. Arz hai ke Majmua-az-Zawaaid ke alfaaz ye hain:

و عن وائل بن حجر قال: قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: يا وائل ابن حجر إذا صليت فاجعل يديك حذاء أذنيك، والمرأة تجعل يديها حذاء ثدييها.

قلت: له في الصحيح وغيره في رفع اليدين غير هذا الحديث. رواه الطبراني في حديث طويل في مناقب وائل من طريق ميمونة بيت حجر، عن عمتها أم يحيىٰ بنت عبد الجبار، ولم أعرفها، وبقية رجاله ثقات.

“Waael bin Hujr ﷛ kehte hain ke Mujse Allah ke Rasool ﷺ ne farmaya: Aye Waael bin Hujr! Jab tum namaz shuru karo to apne haath kaano tak uthaao aur aurat apne haath chaatiyo’n tak uthaae”

“Maine (Imam Haithami kehta hoo’n): Sahih waghaera mein raful yadain se mutaalliq is hadees ke alaawa bhi unki hadees hai. Ise Tabrani ne Waael bin Hujr ke manaaqib mein ek lambi riwayat mein Maimoona bint Hujr an A’mtahu Umme Yahya bin Abdul Jabbar ke tareeq se riwayat kiya hai aur main Umme Yahya ke baare mein nahi jaan saka, baaqi ruwaat siqa hain”. (Majmua-az-Zawaaed wa Manbaa’ al-Fawaaid: Kitab-us-Salah: Baab Raful Yadain Fis Salah: V2 P103)

Is riwayat ko Imam Haithami ﷫ ne ‘رفع اليدين في الصلاة’ (Namaz Mein Raful Yadain Karna) ke baab mein pesh kiya hai aur aakhir mein kaha:

له في الصحيح وغيره في رفع اليدين غير هذا الحديث.

“Raful Yadain ke silsila mein is hadees ke alaawa bhi inki hadees hai”. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P46)

Maaloom hua ke is hadees ka taalluq raful yadain se hai, haath baandhne se nahi. Imam Haithami ke alaawa deegar aimma ne bhi ise

raful yadain waali hadees kaha hai. (Al Badar-ul-Muneer: V3 P463) Balke poori duniya ke kisi bhi aalim ne is hadees ko haath baandhne se mutaalliq nahi samjha.

Agar bil-farz is hadees ka taalluq namaz mein haath baandhne se hai to is hadees ke ibtidaai tukde par ghaur kiya jaae.

Jo ye hai: 'إذا صليت فاجعل يديك حذاء أذنيك' yaane "*Jab tum namaz shuru karo to apne haath kaano'n tak uthaao*". Ye jumla bhi jis siyaaq mein hai, usi siyaaq mein uske aage waala jumla bhi hai. Pas agar agle jumle ka taalluq haath baandhne se hai to pehle jumle ka taalluq bhi haath baandhne hi se hai, phir to ahnaaf mard hazraat ko chaahiye ke namaz mein haath baandhne ke muqaam mein ahle hadeeso'n ko bhi do (2) qadam peeche chod de'n, yaane namaz mein seene se bhi kaafi oopar apne kaano'n par haath latkaae rakhe'n!

